فرہنگِ فسانۂ آزاد

ڈاکٹر اکبر حسین قریشی

مقتدرہ قومی زبان ۔ اسلام آباد

سلسلہ مطبوعات : ۲۹۶
عالمی معیاری کتاب نمبر ISBN ۹۰ -۴۷۴-۱۳۸-۶

طبع اوّل ــــــــ ۱۹۹۴ء
تعداد ــــــــ ایک ہزار
قیمت ــــــــ ۱۰۵ روپے
فنی تدوین ــــــــ عبدالرحیم خان
مطبع ــــــــ ایس۔ ٹی۔ پرنٹرز راولپنڈی
ناشر ــــــــ ڈاکٹر جمیل جالبی
(صدر نشین)
مقتدرہ قومی زبان، ۳۔ایچ
ستارہ مارکیٹ، جی۔ ۷ مرکز، اسلام آباد

پیش لفظ

"فسانۂ آزاد" اردو زبان وادب میں کلاسیک کا درجہ رکھتا ہے۔ اس میں پوری تہذیب کی داستان اس طور پہ بیان ہوئی ہے جو انتہائی دلچسپ بھی ہے اور حددرجہ سبق آموز بھی۔ خوجی اس تہذیب کا نمایندہ کردار ہے۔ "فرہنگ فسانۂ آزاد" کی تالیف واشاعت کی ضرورت کا خیال اس لیے آیا کہ دوران ملاقات اکثر اساتذہ وطلبہ نے مجھے بتایا کہ "فسانۂ آزاد" کو پڑھتے وقت بہت سے الفاظ، محاورات، ضرب الامثال اور اصطلاحات کے معانی سمجھ میں نہیں آتے اور معانی کے لیے جب مختلف لغات کو ٹٹولا جاتا ہے تو وہاں بھی وہ الفاظ نہیں ملتے۔ بیرونی ممالک میں اپنی زبانوں کے کلاسیک کو اس طور پہ مرتب وشائع کیا جاتا ہے کہ وہ کتاب نئی نسل کے لیے آسان ہوجاتی ہے۔ اسی خیال کے پیش نظر میں نے ڈاکٹر اکبر حسین قریشی سے کہا کہ وہ "فسانۂ آزاد" کی ایک ایسی فرہنگ مرتب کر دیں جس میں وہ سارے الفاظ مل جائیں جن سے طلبہ واساتذہ اور عام قارئین کو دورانِ مطالعہ واسطہ پڑتا ہے۔ ڈاکٹر اکبر حسین قریشی نے، جو صاحبِ علم بھی ہیں اور لفظوں کے مزاج شناس بھی، اس ذمہ داری کو قبول کر لیا اور تین سال کی محنت وکاوش کے بعد "فسانۂ آزاد" کی یہ فرہنگ مرتب کر دی۔ یہ ایک بڑا اور اہم کام ہے۔ اس محنت کی انھیں جتنی داد دی جائے وہ کم ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اس فرہنگ کی اشاعت سے ایک طرف کلاسیکی کتابوں کی الگ سے فرہنگیں مرتب کرنے کی روایت قائم ہوگی اور ساتھ ہی اُردو زبان کی ایک اہم اور عظیم کتاب کا مطالعہ بھی آسان ہوجائے گا۔

اس فرہنگ کی تالیف پر میں ڈاکٹر اکبر حسین قریشی کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ میں نے

ان سے "طلسم ہوشربا" کی فرہنگ کی بھی فرمائش کی ہے جس پر وہ آج کل کام کر رہے ہیں۔ اُمید ہے وہ بھی جلد مکمل ہو جائے گی۔

یہ فرہنگ اساتذہ، طلبہ اور زبان ادب کے شائقین کے لیے ایک ایسا تحفہ ہے جسے عام طور پر پسند کیا جائے گا۔

ڈاکٹر جمیل جالبی

اسلام آباد: ۱۶۔ اکتوبر ۱۹۹۴ء

پیش گفتار

فسانۂ آزاد ایک معاشرتی ناول ہے۔ اس میں اپنے عہد کی جو تصویر کشی کی گئی ہے وہ کہیں اور مشکل سے ملے گی۔ اس تصویر میں رنگ آمیزی کچھ ایسے دلکش اور مؤثر انداز میں کی گئی ہے کہ رتن ناتھ سرشار کا یہ شاہکار خاصے کی چیز بن گیا ہے۔ موضوع کا تنوع اور رنگا رنگی اس ناول کا طرۂ امتیاز ہے۔ وہ تمام معمولات و مشاغل اس میں عکس ریز ہیں جو اس دور میں جاری و ساری تھے۔ سرشار نے اپنے دور کی تہذیب کو ایسا محفوظ کر دیا ہے کہ زمانے کی گردش اس کی آب و تاب کو ماند نہ کر سکے گی اور جب کبھی اس ناول کو پڑھا جائے گا، وہ تہذیب اپنے پورے خد و خال کے ساتھ ہمارے سامنے آ جائے گی۔

آج یہ خیال عام ہے اور اس میں بڑی صداقت ہے کہ اُردو کے قدیم سرمایے کو فرہنگ کے بغیر پڑھنا جوئے شیر لانے سے کم نہیں۔ اس لیے قدیم ادب کو پڑھنے کے لیے فرہنگ ناگزیر ہے۔ چنانچہ اس کے پیش نظر "فسانۂ آزاد" کا انتخاب ہوا اور فرہنگ کی تیاری شروع ہوئی۔ اولین فرصت میں "فسانۂ آزاد" کو پڑھنا شروع کیا لیکن چند اوراق کے بعد مطالعہ دفعتاً رک گیا۔ معلوم ہوا کہ متن اغلاط سے پُر ہے اور جب تک متن درست نہ ہو یہ کام آگے نہیں بڑھے گا۔ اب سوال تھا متن کی درستی کا اور وہ دوسرے نسخے کی موجودگی ہی میں ممکن تھا۔ چنانچہ دوسرا نسخہ حاصل کیا اور تقابلی مطالعہ کیا گیا۔ بڑی حد تک متن کی تصحیح ہو گئی اور الفاظ، محاورات اور ضرب الامثال نیز فسانۂ آزاد کی دوسری اصطلاحات کو جمع کرنا نسبتاً آسان ہو گیا۔ اب جو الفاظ کا انبار جمع ہوا تو ان کے معنی کا مرحلہ سامنے آیا۔

یہ بات دکھ کے ساتھ کہنی پڑتی ہے کہ اب تک اُردو میں کوئی ایسا لغت نہیں ہے جو "فسانۂ آزاد" کے لیے کافی ہو۔ چنانچہ مشکلات کو یک جا کر لیا اور دوبارہ متن کو پڑھ کر اور سیاق وسباق کو دیکھ کر معنی متعین کیے۔ البتہ قاری کی سہولت کے لیے توسین میں " ق " لکھ دیا کہ یہ معنی قیاسی ہیں لغوی نہیں۔ اہل علم ونظر کو اس طرف متوجہ کرنا ضروری ہے کہ اس قسم کے کام میں سہو وخطا کا امکان قدم قدم پر ہے اور صحیح معنی کے تعین کے لیے ان کی توجہ اور نظرِ کرم کس درجے ناگزیر ہے۔

" فرہنگِ فسانۂ آزاد " اُردو میں اپنی نوع کی پہلی کوشش ہے۔ آج تک اس باب میں صرفِ نظر سے کام لیا گیا ہے۔ یوں جستہ جستہ کسی نے کچھ الفاظ ومحاورات کے معنی لکھ دیے تو اسے فرہنگ نہیں کہا جا سکتا۔ جامعیت کا دعویٰ تو یہاں بھی نہیں کہ انسان کی انتہائی کوشش وکاوش کے باوجود اس کا کام تشنہ رہتا ہے لیکن یہ وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ فسانۂ آزاد کی ایسی مبسوط فرہنگ اس سے قبل شائع نہیں ہوئی۔ توقع کی جانی چاہیئے کہ اس فرہنگ سے فسانۂ آزاد کی تفہیم میں مدد ملے گی اور یہی مقصود تھا اس فرہنگ کی ترتیب و تدوین کا۔ اگر ایسا ہوا تو میں سمجھوں گا کہ میری محنت سپھل ہوئی۔

فسانۂ آزاد میں ایک لفظ کا املا کئی طرح آیا ہے، جسے مرجع پایا اسے متن میں درج کر دیا اور باقی کو توسین کی زینت بنا دیا۔ اس طرح ایک ہی لفظ کی مختلف املا کا مرحلہ طے ہو گیا۔ خیال رہے کہ یہ فسانۂ آزاد کی فرہنگ ہے اس لیے لفظ کے معنی بھی وہی درج ہیں جو وہاں مطلوب ہیں۔ البتہ ایک ہی لفظ اگر کئی بار مختلف معنی میں آیا ہے تو اس کی صراحت کر دی گئی ہے۔ فرہنگِ فسانۂ آزاد میں متن ہر جگہ وہی ملے گا جسے خود مصنف نے پسند کیا ہے۔ اس لیے اس میں قدامت کی جھلک جا بجا موجود ہے۔

—— ڈاکٹر اکبر حسین قریشی

راولپنڈی : ۱۶ر اکتوبر ۱۹۹۴ء

آ

آبِ اَسوَد ۔ سیاہ پانی ۔ کالا پانی مراد شراب ۔
آبِ بَقا ۔ آبِ حیات ۔ امرت ۔ وہ پانی جس کو پی کر کبھی موت نہیں آتی ۔
آبِ حَیوان ۔ (آبِ حیات) ۔ زندگی بخش پانی ۔ ایک چشمہ اور اس کا پانی جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے پینے سے موت نہیں آتی ۔
آبِ خَالِص ۔ مطلق پانی جو نمک ریت وغیرہ سے پاک ہو اور کشید کیا ہوا یا کسی پھل وغیرہ سے نکالا ہوا بھی نہ ہو ۔ آب مضاف کی ضد ۔
آب خَانہ ۔ ۱۔ استنجا کرنے کی جگہ ۔ ۲۔ وہ جگہ جہاں پینے اور دیگر مشروبات کا ذخیرہ ہو ۔
آبِ خِضر ۔ آب حیات
آب خُورَہ ۔ پانی پینے کا مٹی کا گلاس ۔ کوزہ ۔
آب دَار ۔ چمک دار ۔ صاف ۔ مجلا ۔ نفیس ۔ عمدہ ۔
آب دَار خَانہ ۔ پانی رکھنے کی جگہ ۔ وہ مقام جہاں پانی اور دیگر مشروبات ذخیرہ کی جائیں ۔ پنسال ۔ پنسالہ ۔ پیاؤ ۔ سبیل ۔
آب دِیدَہ ۔ روانسا ۔ وہ شخص جس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوں اور رونے پر آمادہ ہو ۔ وہ شخص جس کی آنکھیں ڈبڈبائی ہوں ، جس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوں ۔ رہانسا ۔ رونتا ۔
آبِ رَفتَہ ۔ وہ پانی جو بہہ گیا ہو ۔
آبِ رَواں ۔ ایک قسم کا باریک کپڑا ۔ عمدہ قسم کی باریک ململ ۔
آبِ زَر ۔ سونے کا پانی جو نقاشی اور ملمع میں کام آتا ہے ۔
آبِ زُلال ۔ میٹھا صاف پانی ۔ صاف شفاف میٹھا اور خوش گوار پانی ۔ نتھارا ہوا پانی ۔ بھگوئی یا مَتھی ہوئی چیز کا چھانا ہوا صاف پانی ۔
آبِ زُلالی ۔ (آبِ زلال) ۔ ۱۔ صاف اور شیریں پانی ۔ ۲۔ نتھرا ہوا پانی ۔ ۳۔ وہ پانی جس میں دوا بھگوئی گئی ہو اور نتھار لیا گیا ہو ۔
آبِ سِدرَہ ۔ بیری کے پتوں کا پانی جو غسلِ میت کے کام آتا ہے ۔ نیز ادویات میں بھی مستعمل ہے ۔ (ق)
آبِ شُورَہ ۔ کھٹا پانی جو اِملی ، امچور اور ہڑ کو ملا کر بناتے ہیں ، بہت ہاضم ہوتا ہے ، کچا آم بھون کر بھی بنایا جاتا ہے ۔
آب کَاری (آبکاری) ۔ شراب کا کاروبار ۔ منشیات کا محصول ۔
آبِ کافور ۔ کافور ملا ہوا پانی ۔ یہ پانی غسل

میت کے کام آتا ہے۔
آب گیر۔ جوہڑ۔ تالاب۔ پوکھر۔ حوض۔
آبرُو ریزی۔ بے حرمتی۔ بے عزتی۔ عصمت دری۔
آبنُوس۔ ایک درخت جس کی لکڑی سخت سیاہ اور وزنی ہوتی ہے۔
آبنُوس کا کُندہ۔ آبنوس کا ٹکڑا۔ (مزاحًا) بہت موٹا اور کالا آدمی۔ وہ آدمی جسے دیکھ کر کراہت آئے۔
آبی دُوپٹّا۔ ہلکے نیلے رنگ کا دوپٹا۔
آبی روٹی۔ سادی اور سفید رنگ خمیری روٹی۔
آبی ساریاں۔ ہلکے نیلے رنگ کی ساریاں۔
آبی لباس۔ ہلکے نیلے رنگ کا لباس۔
آپا دھاپی۔ خود غرضی۔ نفسی نفسی۔ اپنی فکر۔
آپ ایسے اور ایسے اور آپ چار دمڑی کے ڈبل پیسے۔ (کسی کی) مبالغہ آمیز مدح و ستائش یا خوشامد کے موقع پر۔
آپے میں نہ رہنا/ ہونا۔ (محاورہ) ہوش میں نہ رہنا۔ بے خود ہو جانا۔
آتش۔ ۱۔ آگ۔ نار۔ سوزش ۲۔ تجلی۔ ۳۔ اردو کے مشہور شاعر خواجہ حیدر علی کا تخلص۔
آتش زیرِ پا۔ بے قرار۔ بے چین۔ مضطرب۔
آتش فشاں۔ وہ پہاڑ جس میں آگ نکلتی ہے اور لاوا بہتا ہے۔ جوالا مکھی۔
آتشیں رُخ۔ سُرخ رنگ چہرہ۔

نور کا پتلا۔ (مرادًا) محبوب۔ معشوق۔
آتما۔ روح۔ نفس انسانی۔ دل۔ جی۔ معدہ۔ پیٹ۔ بھوک۔
آتو ماما۔ اُستانی۔ لڑکیوں کی اتالیق۔
آٹا۔ پسا ہوا غلہ۔ سفوف۔ بہت باریک۔ گلا ہوا۔ گھسا ہوا۔ بُرادہ۔
آٹھ آٹھ آنسو رونا۔ (محاورہ) زار زار رونا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔
آٹھوں کا میلہ۔ ہندوؤں کا ایک میلہ جو ہولی کے آٹھویں دن لگتا ہے۔
آٹھوں گانٹھ کُمَیت۔ وہ کمیت گھوڑا جس کے آٹھوں جوڑ (یعنی چاروں ٹخنوں اور چاروں گھٹنوں کے جوڑ) بہت مضبوط ہوں۔ (مجازًا) اس شخص کو کہتے ہیں جو ذہین اور شریر ہو۔
آٹے دال کا بھاؤ۔ فکر معاش۔ روزی کا خیال۔ دنیا کے کام کاج۔ دنیا کے نشیب و فراز کی حالت معلوم ہونا۔
آثم۔ گنہگار۔ پاپی۔
آجل۔ عقبیٰ۔ قیامت۔ دیر کرنے والا۔
آچھیں۔ چھینکنے کی آواز کی نقل۔ (مجازًا) چھینک۔
آخرش۔ آخرکار۔ آخر کو۔
آخشیج۔ ضد۔ مخالف۔ عنصر۔ آگ ہوا پانی مٹی میں سے ہر ایک۔
آخوند (آخند)۔ استاد۔ معلم۔

مدرس۔

آخر بینی ۔ دور اندیشی۔ انجام سوچنا۔

آدم زاد۔ آدم کی اولاد۔ انسان۔

آدم/آدمی نہ آدم زاد۔ (روزمرہ) جہاں دور دور تک کوئی آبادی نہ ہو اور انسان کا نشان نہ ملے۔ ویرانہ۔ بیابان۔

آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر/پتھر۔ (مثل) سب انسان ایک جیسے نہیں کوئی اچھا ہے تو کوئی برا۔ برے بھلے سبھی قسم کے انسان ہیں۔

آدھے اور تیہے۔ (مراداً) بہت کم۔ قلیل حصہ۔ ادھورا۔ ۲۔ چیز یا مال و دولت کی بربادی۔ آدھا تیہا۔ (لفظاً) آدھے کا تہائی۔ چھٹا حصہ۔

آدھا تیتر آدھا بٹیر۔ (کہاوت) وہ بات یا کام جو ایک اصول اور ایک انتظام کے تحت نہ ہو۔ بے جوڑ۔ دو رنگا۔ بے سر و پا۔ جس کا سر پیر نہ ہو۔ جس کی اصل نسل میں کھوٹ اور میل ہو۔

آدیش۔ فقیروں اور جوگیوں کا سلام و پیام۔

آدینہ۔ جمعہ کا روز۔

آرٹفشل۔ (انگریزی)۔ مصنوعی۔ بناوٹی۔ نقلی۔

آرٹیکلوں (جمع آرٹیکل) (انگریزی) ۱۔ مضمون ۲۔ قانون کی دفعہ ۳۔ معاہدہ کی شرط۔

آرڈر بک۔ (انگریزی) ۱۔ احکام کی کتاب، وہ رجسٹر جس پر حکم لکھ کر دفتر میں سب کے پاس بھیجا جاتا ہے ۲۔ وہ کتاب یا رجسٹر جس میں گاہکوں کی فرمائشیں درج کی جاتی ہیں۔

آرسی۔ ۱۔ آئینہ ۲۔ ایک زیور کا نام جو عورتیں انگوٹھے میں پہنتی ہیں اور اس میں آئینہ جڑا ہوتا ہے۔ یہ بڑی انگوٹھی کے مثل ہوتا ہے۔

آرسی مصحف۔ دولہا دولہن کو شادی کے بعد قرآن شریف اور آئینہ دکھانے کی رسم۔ (اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ جب برات دُلہن کے گھر پہنچتی ہے تو رخصتی سے پہلے دولہا دُلہن سر جوڑ کر اور سرخ دوپٹا یا دوشالہ ان کے سر پر ڈال کر آمنے سامنے بٹھاتے ہیں۔ بیچ میں تکیہ پر آئینہ اور قرآن پاک سورۂ اخلاص کے مقام پر کھول کر اس طرح رکھتے ہیں کہ دونوں کو ایک دوسرے کی شکل آئینہ میں نظر آسکے۔ اب دُلہن والیاں دولہا سے کہتی ہیں: میاں اپنی زبان سے کہو بیوی آنکھیں کھولو! میں تمہارا غلام۔ اس طرح دُلہن اصرار کے بعد آنکھیں کھولتی ہے اور دونوں آئینے میں ایک دوسرے کی صورت دیکھتے ہیں، ساتھ ہی قرآن پاک پر بھی نظر پڑتی ہے)۔

آرے بلے کرنا۔ (محاورہ) ہاں ہوں کر کے ٹالنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ حیلہ بہانہ

بنانا۔

آڑے آنا۔ (محاورہ) مصیبت اور پریشانی کے وقت مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ حمایت کرنا۔

آڑے ہاتھوں لینا (محاورہ)۔ خبر لینا۔ لتاڑنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ عاجز کرنا۔ قول یا فعل سے شرمندہ یا مغلوب کرنا۔ قائل معقول کرنا۔

آزاد مَنِش۔ تکلف اور بناوٹ سے دور رہنے والا۔ صاف گو۔

آزار۔ بیماری۔ دُکھ۔ تکلیف۔ رنج۔

آزُرم۔ شرم۔ حیا۔ صلح۔ نرمی۔ مہربانی۔

آذُوقہ۔ تھوڑی سی غذا۔ کم تنخواہ۔ قوت لایموت۔ دانہ پانی۔

آستائی۔ گانے کا ابتدائی ٹکڑا خواہ وہ ایک مصرع کے طور پر ہو یا دو مصرعوں کے طور پر۔ انترہ کی ضد۔ (متاخرین کے نزدیک) خیال۔ (مجازاً) ہر بات کا ابتدائی حصہ۔

آسامی (اسامی)۔ ۱۔ کسان۔ کاشت کار۔ گاہک۔ خریدار ۲۔ مقروض ۳۔ عہدہ۔ نوکری۔ ملازمت ۴۔ جواریوں کی اصلاح میں وہ شخص جو کھیل اچھی طرح نہ جانتا ہو اور اکثر ہارتا رہتا ہو۔ ۵۔ دولت مند۔ مال دار۔

آسمان سر پر اُٹھانا۔ (محاورہ) شور و غل کرنا۔ اودھم مچانا۔

آسمان پر تھگلی لگانا (آسمان میں تھگلی لگانا۔ آسمان پھاڑ کے تھگلی لگانا)۔ (محاورہ) دشوار یا ناممکن کام کر دکھانا۔ عجیب و غریب یا انہونے کام کرنا۔ جہاں کسی کی رسائی نہ ہو وہاں پہنچ جانا۔ کمال چالاکی یا عیاری کرنا۔ عیاری اور مکاری میں طاق ہونا۔

آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔ (کہاوت) ایک مشکل یا مصیبت سے نکلتے ہی دوسری مشکل یا مصیبت میں پھنس گیا۔ ایک رکاوٹ دور ہوئی تھی کہ دوسری رکاوٹ واقع ہوگئی۔

آسَن۔ بیٹھنے کی جگہ۔ گھوڑے پر بیٹھنے میں سوار کی دونوں رانوں کا اس کی پیٹھ یا زین وغیرہ پر جماؤ۔ ہاتھی پر مہاوت کے بیٹھنے کا انداز جس کے دباؤ اور قوت کو ہاتھی محسوس کرتا اور اس کا حکم مانتا ہے۔ جوگیوں کے رہنے اور جوگ رمانے کی جگہ۔ مٹھ۔ کٹی۔ جوگیوں کا عبادت و ریاضت میں بیٹھنے کا طریقہ۔ ہندو عبادت گزاروں کی بیٹھک۔ وہ چٹائی یا کپڑا وغیرہ جس پر بیٹھ کر فقرائے ہنود پوجا پاٹ کرتے ہیں۔ (ہندو) بچھانے کی ہر وہ شے جسے بچھا کر ہندو کھانا کھاتے ہیں۔

آسیا۔ چکی۔

آسیب۔ ۱۔ تکلیف۔ صدمہ۔ ۲۔ جن، بھوت یا پری کا سایہ ۳۔ خلل۔ خطرہ۔

آشام - پینے والا - ایک قسم کا لطیف حریرہ - رات کا کھانا - (قدیم) - پینا - مے نوشی -

آشُفتہ حالی - پریشان حالی -

آشکارا - ظاہر - عیاں - نمایاں - واضح -

آشنائی - دوستی - روشناسی - جان پہچان - واقفیت -

آشوب - شور و غوغا - ہنگامہ - فتنہ و فساد - آنکھ دکھنے کی کیفیت - دردِ چشم اذیت - تکلیف - آفت - بلا - مصیبت - تلاطم - اضطراب -

آشوبِ دَوراں - روزگار / زمانہ / عالم یا معشوق جس کے باعث ایک دنیا مصیبت میں مبتلا ہے ۲- آفت زمانہ فتنۂ روزگار -

آصف خانی - ایک قسم کا شلوکا نیم آستیں - آدھی آستینوں والا ایک لباس -

آغشتہ - آلودہ یا لتھڑا ہوا (کسی تر یا خشک چیز میں) - جس میں کسی چیز کی ملاوٹ ہو - آمیزش کیا ہوا -

آگندہ - بھرا ہوا - پُر - معمور - بھرا ہوا -

آفت کا پرکالہ - آفت کا ٹکڑا - شریر - مفسد - چالاک - آفت کا پتلا - محنتی اور مستعد -

آفتاب (گنجفہ کی اصطلاح) گنجفے کا ایک پتا -

آفتاب سوا نیزے پر ہونا / آنا - قیامت آنا - دھوپ کی حدت بہت بڑھ جانا -

آفتاب لبِ بام - (محاورہ) ۱- ڈوبنے کے قریب سورج - زوال کے قریب ۲- بہت بوڑھا -

آفتابہ - پانی کا لوٹا - ایک وضع کا لوٹا جس کے پیچھے گرفت کے واسطے ہتھی لگی ہوتی ہے اور منھ پر سرپوش ہوتا ہے (اسے عموماً منھ ہاتھ دھونے یا دُھلانے کے کام میں لاتے ہیں) - لوٹا -

آکا - بھائی - خصوصاً بڑا بھائی - کلمہ خطاب جس طرح میاں یا دوست - اس لفظ کا رواج اکثر سپاہیوں اور بانکوں ترچھوں میں ہے -

آکسفورڈ یونیورسٹی - برطانیہ کی مشہور دانش گاہ -

آکسیجن - (انگریزی) ایک بے رنگ بے بو اور بے ذائقہ گیس جو پانی اور ہوا کا جزو لازم ہے - یہ جلنے اور زندگی کے لیے نہایت ضروری ہے -

آکھر - چوپایوں کے رہنے کی جگہ -

آگ اور پھوس کا ساتھ کیا - آگ اور پھوس اکٹھے ہوں تو جلے بغیر نہیں رہ سکتے - اس طرح جوان مرد اور عورت یک جا رہ کر پاک نہیں رہ سکتے -

آگے آگے راجا پیچھے پیچھے پرجا - (کہاوت) رعایا حاکم کے طرز عمل کی

پیروی کرتی ہے۔

آگے ناتھ نہ پیچھے پگھا ، سب سے بھلا کمھار کا گدھا ۔ (کہاوت) لاولد۔ لاوارث۔ اکیلا دم۔ (ناتھ نکیل ، پگھا یا پگا وہ رسی ہے جو بیل کی گردن سے لے کر دُم تک باندھی جاتی ہے)۔

آلپین (آلپن) ۔ گھنڈی دار باریک سوئی، پن (جو عموماً کاغذوں کی نتھی میں استعمال کی جاتی ہے)۔

آلکس ۔ کاہلی، سُستی۔ غفلت۔

آم ۔ برصغیر پاک و ہند کا ایک بیضاوی شکل کا یا گول (بیشتر شیریں) پھل۔

آماج ۔ نشانہ۔ ہل۔

آم کھانے سے کام یا پیڑ گننے سے ۔ (مثل) مطلب سے مطلب رکھو بے فائدہ باتوں یا حجت سے کیا کام۔

آمد ۔ ۱۔ تشریف آوری ۲۔ کلام میں روانی اور بے ساختگی۔ بلا کوشش مضمون ذہن میں آنا۔ آورد کی ضد۔ یافت۔ آمدنی۔

آمن ۔ ایک قسم کا چپٹا، لمبوترا اور میٹھا آم۔

آمین اللہ ۔ یا اللہ ایسا ہی کر۔ ہماری یہ دعا قبول فرما۔

آنب ۔ آم۔

آنتیں قل ھو اللہ پڑھ رہی ہیں ۔ (آنتوں کا قل ھو اللہ پڑھنا)۔ بہت بھوک لگی۔ بھوک کی شدت میں اللہ یاد آنے لگا۔

آنٹی ۔ کشتی میں ٹانگ کا ایک داؤں جس میں حریف کو اُلجھا کر گرا دیتے ہیں۔

آنچل ۔ دوپٹے، چادر، اوڑھنی، دوشالے وغیرہ کا کنارہ، دامن کا کنارہ (عو) لکھنؤ کی مستورات سینہ، چھاتی کا لفظ شرم و حیا کے لحاظ سے زبان پر نہیں لاتی ہیں اس جگہ آنچل کا لفظ کہتی ہیں۔

آندھی ۔ ۱۔ تیز ہوا۔ گرد و غبار والی ہوا۔ صرصر۔ ۲۔ نہایت تیز۔ چُست، چالاک۔

آندھی رُوگ ۔ زیادہ چلنے کی وجہ سے تکان۔ مصیبت۔ آفت۔

آنڈو ۔ چاندی وغیرہ کا کڑا جو پہلوان کُشتی جیتنے کے بعد اُستادی کے نشان کے طور پر پاؤں میں پہنتے تھے۔ وزنی زنجیر اور بھاری بیڑی کا مجموعہ جس کا اگلے زمانے میں رواج تھا۔

آنرڈ سر ۔ (انگریزی)۔ جناب عالی۔ والا جاہ۔ محترم و معظم۔ قابلِ احترام شخصیت

آنریبل جنٹلمینوں ۔ معزز شہری۔ عزت مآب شرفاء۔

آنکس ۔ لوہے کا چابک جس سے ہاتھی ہانکا جاتا ہے۔

آنکو (آنکنا) ۔ قیمت کا تخمینہ کرنا۔ دعا یا منتر پڑھ کر گٹھی پر پھونکنا (تاکہ ورم تحلیل ہو جائے)۔ بیچنے کے لیے

کپڑے وغیرہ پر اس کی قیمت ڈالنا۔کسی مال پر کوئی نشان یا علامت ڈالنا۔

آنکھ لڑنا۔ (محاورہ) عاشق ہونا۔اشارہ کنایہ ہونا یا کرنا۔

آنکھ مُوچی دَھپ۔ لڑکوں کا ایک کھیل۔(جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ ایک لڑکے کی آنکھیں بند کر کے باری باری اس کے چپت لگاتے ہیں، پھر اس کی آنکھیں کھول کر اس سے پوچھتے ہیں کہ بتاؤ کس نے پہلے چپت لگائی، اگر اس نے نام ٹھیک بتا دیا تو وہ چپت لگانے والا چور ہو جاتا ہے اور اگر ٹھیک نہ بتائے تو یہی چور رہتا ہے اور پھر چپتیں کھاتا ہے)۔

آنکھ/آنکھوں پر پٹی باندھنا۔ (محاورہ) غافل ہونا۔احسان فراموش ہونا۔بے مروت ہونا۔

آنکھ سے نیل ڈھلنا۔ (لفظاً) نزع میں آنکھوں سے پانی کے قطرے ٹپکنا۔ (مراداً) مرنے کا وقت قریب ہونا۔

آنکھ کے آگے ناک سوجھے کیا خاک۔ (کہاوت) سامنے کی چیز بھی نہ دیکھ سکنے کے موقع پر طنزیہ مستعمل۔مترادف۔ اندھے ہو۔

آنکھوں دیکھے نہ کانوں سُنے۔ (کہاوت) اس امر کا نہ کبھی خود مشاہدہ کیا نہ کسی سے سُنا۔یہ نہایت عجیب و غریب بات ہے۔

آنکھوں کے اَندھے نام نَین سُکھ۔ (مثل) عیب اور نقص کے باوجود دانائی کا دعویٰ کرنے والا۔ناقص ہونے کے باوجود کمال کے مدعی ہیں۔

آنکھوں کی پُتلی۔ آنکھوں کا تارا۔ بہت پیارا۔

آنکھوں کے اندھے گانٹھ کے پُورے (پوڑھے) (کہاوت)۔ ناعاقبت اندیش۔بے وقوف۔

آنکھوں کے بَھل/بَل۔ شوق سے۔ادب سے (بیٹھنا، چلنا وغیرہ کے ساتھ)۔

آنکھوں میں خاک جھونکنا۔ (محاورہ)۔دھوکا دینا۔فریب دینا۔

آنکھوں میں سَرسُوں پھُولنا۔ زرد ہی زرد دکھائی دینا۔خوشی کا سامان نظروں میں پھرنا۔خوش ہونا۔

آنکھیں پتھرانا (محاورہ)۔ آنکھوں کا بے نور ہونا۔جاں بہ لب ہونا۔موت کی علامت۔

آنکھیں پَٹم ہونا۔ اندھا ہو جانا۔ بے نور ہونا۔

آنکھیں چار ہونا (محاورہ)۔ مقابل ہونا۔سنمکھ ہونا۔دو چار ہونا۔فراست و دانائی زیادہ ہونا۔

آنکھیں چُرانا (محاورہ)۔چشم پوشی کرنا۔تجاہل عارفانہ سے کام لینا۔ کترانا۔

آنکھیں چھَت سے لگنا۔ (محاورہ) اوپر کی طرف آنکھوں کا چڑھ جانا۔

کسی کے انتظار میں راہ دیکھنا۔ موت کی علامت ظاہر ہونا۔

آنکھیں دِکھانا ۔ (محاورہ)۔ چشم نمائی کرنا۔ دھمکانا۔ ڈرانا۔

آنکھیں نیلی پیلی کرنا ۔ (محاورہ)۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ غصّے کا اظہار کرنا۔

آنکھیں سینکنا ۔ (محاورہ)۔ حسینوں کی دید بازی کرنا۔ نظارہ بازی کرنا۔ حسینوں کو گھورنا۔

آنکھیں مانگنا ۔ (محاورہ)۔ بینائی کا خواستگار ہونا۔

آنکھیں مِلانا ۔ (محاورہ)۔ ہمسری کرنا۔ مدِ مقابل ہونا۔ آنکھیں دوچار کرنا۔ آمنا سامنا ہونا۔ متوجہ ہونا۔ ہمدردی کی نظر سے دیکھنا۔

آنکھیں مُوتی چُور ۔ بڑی اور نشیلی آنکھ میں ایک خاص کیفیت ہونا۔

آوازِ بازگشت ۔ ا۔ پلٹ کر آنے والی آواز۔ وہ آواز جو گنبد، دیوار، کنوئیں یا پہاڑ وغیرہ سے ٹکرا کر واپس آئے ۲۔ (مجازاً) گونج، اثر۔

آوَان ۔ شان۔ دولت مندی۔ چھب۔

آوَانِ حَمِید ۔ نیک ساعت۔ مبارک گھڑی۔

آوَاگَوَن ۔ بار بار جنم لینا۔ روح کا قالب بدلنا۔ تناسخ۔

آوُرد ۔ ا۔ محنت اور کوشش سے بات پیدا کرنا۔ ۲۔ تکلیف سے شعر کہنا۔

آمد کی ضد۔

آوُردہ ۔ ساتھ لایا یا بلایا ہوا آدمی۔ ایسا شخص جو کسی کے وسیلے سے ملازم ہوا ہو۔ متوسل۔ لائی ہوئی شے۔

آوازہ ۔ شہرت۔ چرچا۔ دھوم۔ نام آوری۔ غلغلہ۔

آوَیزہ دار پا زیب ۔ وہ پَیر کا زیور جس میں گھنگرو لگے ہوں۔

آہنگ ۔ ارادہ۔ آواز۔ راگ۔

آہنی کَسرت ۔ آہنی ورزش۔ فولادی کرتب (ق)۔

آہُو ۔ ہرن۔ ہرگ۔

آہُو چَشم ۔ ہرن کی سی آنکھ والا۔ خوب صورت آنکھ والا۔ بڑی بڑی آنکھوں والا۔

آہیختہ ۔ لٹکایا ہوا۔ کھینچا ہوا۔

آؤ بھگت ۔ خاطر مدارات۔ تواضع۔

آؤ پڑوسن لڑیں، وہ بولی میری جُوتی، اُس نے کہا جُوتیں لگیں تمہارے مُنہ پر ۔ (چلیئے لڑائی ہونے لگی)۔ بلاوجہ چھیڑ چھاڑ کرنے یا خواہ مخواہ لڑائی مول لینے کے وقت کہتے ہیں۔

آؤٹ پوسٹ ۔ (انگریزی) باہر کا۔

آؤ دیکھا نہ تاؤ ۔ (مثل) بے محل۔ بے موقع۔ جلدی سے۔ بے سوچے سمجھے۔ بے سمجھے بوجھے۔

آوَیزہ ۔ بُندا۔ اہرن۔ گوشوارہ۔ لولک۔ کان کی لو میں پہننے کا زیور

جو مختلف وضع کا معمولی اور اعلیٰ، سادہ اور جڑاؤ بنایا جاتا ہے۔ ان سب میں نیچے کے رُخ جھولنے والی ایک مشترک چیز ہوتی ہے جو آویزہ یا بُندہ کہلاتی ہے اور یہی چیز اس زیور کی وجہ تسمیہ ہے۔ آویزہ یا بُندہ موتی کا بھی ہوتا ہے اور نگ کا بھی جو عام طور سے لمبوترا یعنی صراحی نما پسند کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ مختلف وضع کے خوش نما سادے اور جڑاؤ آویزے بھی بنائے جاتے ہیں۔

آئی گئی بات ہونا۔ یاد نہ رہنا۔ رفع دفع ہونا۔

آئیں بائیں شائیں۔ بے سروپا۔ بے ٹھکانے۔ بے معنی۔ اول جلول۔ زٹل۔ مہمل بات۔

آئینہ بندی۔ شہر کی آرائش۔ چراغاں۔

آئینہ زانو۔ صاف زانو۔ آئینہ کی طرح زانو والا (مراداً) محبوب۔ معشوق۔

آیا۔ دودھ پلانے والی اَنّا۔ دایہ۔ کھلائی۔

آیند و روند۔ آنے جانے والا۔ مسافر۔

اَبابیل۔ ایک چھوٹی سی چڑیا جس کے پر سیاہ اور سینہ سفید ہوتا ہے۔ پرانے گنبدوں، کھنڈروں اور تاریک مقامات پر مٹی کا گھونسلا بنا کر رہتی ہے۔ ۲۔ عربی میں اس کے معنی گروہ اور جھنڈ کے ہیں اور یہ اسم جمع ہے۔ بعض کے نزدیک اس کا واحد ابلٰ ابالہ یا ابول ہے اور بعض کے نزدیک اس کا واحد کوئی لفظ نہیں۔

اَبخراتِ مُحتَبِسَہ۔ حبس پیدا کرنے والے بخارات۔

اَبَدُ الآباد۔ دوام۔ ہمیشگی۔ جاودانی زمانہ۔

اَبرار۔ (بَرّ کی جمع) ۱۔ نیک اور پرہیزگار لوگ ۲۔ اولیا اللہ۔

اَبرِ لُو لُو بار۔ موتی لٹانے یعنی برس کر خوش حالی، مالا مال کر دینے والی گھٹا۔

اَبرِ نَو بہار۔ ربیع کے آغاز کا بادل جو مارچ یا اپریل کے لگ بھگ آتا ہے اور خوب برستا ہے۔

اِبقا۔ پائندگی۔ باقی رکھنا۔ محفوظ رکھنا۔ رعایت کرنا۔

اَبلَہ۔ مورکھ۔ نادان۔ بے وقوف۔

اَب بہت ٹُن کی نہ لے۔ ٹُن (لکھنؤ)۔ خود پسندی۔ بدمزاجی۔ شیخی۔

اَب پھنسے۔ اب پکڑے گئے۔ اب دھرے گئے۔

اَب بھی سویرا ہے۔ ابھی موقع ہاتھ سے نہیں نکلا۔

اَب تو چاندی ہے۔ یعنی کام خوب چلتا ہے۔ بن آنا۔ فائدہ ہونا۔

کامیابی ہونا۔

اَب چِنیتے ۔ اب ہوشیار ہوئے، اب ہوش آیا۔ (عوام کی زبان، قلیل الاستعمال)

اَب رَنگ لائی گلہری ۔ اب گُن کھلے۔ اب شرارتیں ظاہر ہونے لگیں۔ اب اصل حقیقت سامنے آئی۔

اَب سے آئے گھر سے آئے ۔ (کہاوت)۔ جو ہوا سو ہوا۔ اب ایسا نہ ہوگا۔ آئندہ کے لیے توبہ۔

اَب سُنیئے ۔ کوئی دلچسپ واقعہ یا مزے دار لطیفہ سُناتے وقت جب اس مقام پر آتے ہیں جو اس واقعہ یا لطیفے کی جان ہوتا ہے تو خاص طور سے متوجہ کرنے کے لیے یہ فقرہ زبان پر لاتے ہیں۔

اَب کوئی دَم میں مُرلیا باجے گی ۔ اب معلوم ہوگا۔ تھوڑی سی دیر میں پتہ لگے گا۔ سزا یا بدلہ ملنے والا ہو تو کہتے ہیں۔

اَب کیا پوچھنا ہے ۔ بس اب کام بنا رکھا ہے۔

اَب گرہ میں کوڑی نہ پاس لتّا، گنّے کھائیں البتّہ (کہاوت)۔ مفلسی میں عیش۔

اَب گھونگھٹ کیسا ۔ (فقرہ)۔ جب بد نامی ہو چکی ہو۔ اب شرمانے کی کیا بات ہے۔ کہاں کی شرم و حیا یا لحاظ۔

اَبھی ہاتھ خالی نہیں ہے ۔ (مراداً) فراغت نہیں ہے یا مصروفیت ہے۔

اِبتہاج ۔ خوشی۔ مسرور ہونا۔ محظوظ ہونے کی کیفیت۔ لطف اندوزی۔

اَبجَد خواں ۔ حرف شناس۔ اب پڑھنے یا جاننے والا۔

اَبچھرا (اَپسَرا)۔ راجا اِندر کے دربار کی رقاصہ۔ پری (مجازاً) حسینہ۔ خوبصورت عورت۔

اَبخرُوں (جمع ابخرہ کی)۔ مرطوب زمین۔ پانی یا معدے وغیرہ سے (حدت پہنچنے کے بعد) اٹھی ہوئی بھاپ۔ بھپکا۔

اِبدَاع ۔ نئی چیز پیدا کرنا۔ ایجاد۔

اِبدَاعِ عَالَم ۔ تخلیق عالم۔ دنیا کی ایجاد۔

اَبرَن ۔ زیور۔ گہنا۔ سنگھار کا سامان۔ لباس۔

اَبرَہ ۔ لباس یا اوڑھنے کے کپڑے کا بالائی حصہ۔ استر کی ضد۔

اِبرِیق ۔ لمبی گردن کا دستہ دار لوٹا۔ آفتابہ۔ پیالہ۔ ساغر۔ شیشہ۔ قرابہ۔ صراحی وغیرہ۔

اَبعادِ ثَلاثہ ۔ تین فاصلے یعنی طول، عرض اور عمق۔ لمبائی۔ چوڑائی اور موٹائی۔

اِبقَا ۔ باقی رکھنا۔

اَبلَق ۔ دو رنگا۔ سیاہ اور سفید۔ وہ گھوڑا جس کی جلد پر بالوں کے سیاہ یا سفید یا سُرخ اور سفید بڑے دھبے ہوں۔

اُبّہت ۔ شان۔ شوکت۔ بڑائی۔ بزرگی۔

اَبِیر ۔ (ابرک کا برادہ) زعفران کی آمیزش سے تیار کردہ خوشبودار لال سفوف جو ابرک کے برادے اور سنگھاڑے کے آٹے وغیرہ میں لالی اور خوشبوئیں (صندل وغیرہ) ملا کر بنایا جاتا ہے، عموماً ہولی کے تہوار میں ہندو ایک دوسرے پر چھڑکتے اور چہرے پر ملتے ہیں۔ گلال۔

اَبیَر ۔ دیر کر کے؛ تامل: تاخیر۔

اُپاؤ ۔ علاج۔ چارۂ کار۔ تدبیر۔ جتن۔ حکمت۔ منصوبہ۔

اُپجنا ۔ ۱۔ اُگنا۔ پھوٹ نکلنا۔ نشو و نما پانا ۲۔ پیدا ہونا ۳۔ ظہور کرنا ۴۔ دل میں نیا خیال آنا۔ نئی بات یا اُمنگ پیدا ہونا ۵۔ ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا۔ ۶۔ جوش میں آنا ۷۔ نکھرنا۔ سنورنا۔ فروغ پانا۔ ۸۔ تان اُڑانا۔ گانا۔

اَپَرفُول (اپریل فول)۔ ۱۔ اپریل کی پہلی تاریخ کو خوش طبعی کے لیے کسی کو دھوکا دے کر بے وقوف بنانے کا دستور جو انگریزوں میں رائج ہے اور ان کی تقلید میں بعض دوسرے لوگ بھی ایسا کرتے ہیں ۲۔ جھوٹ۔ افواہ جو گورے نے بنائی ہے۔

اَپرنٹس (انگریزی)۔ ۱۔ امیدوار۔ کسی آسامی کا خواہاں ۲۔ کسی علم یا فن یا عہدہ کا کام سیکھنے کے لیے بلا اجرت یا کم اجرت پر کام کرنے والا ۳۔ نو آموز۔

اَپاہج ۔ ہاتھ پاؤں سے معذور۔ لنجا۔ لنگڑا۔ لولا۔

اُپلا ۔ گوبر کا پاتھا ہوا ایندھن۔ کنڈا۔ تھاپی۔ بغیر پاتھا ہوا گوبر کا سوکھا چھتہ (صفت) سوجا ہوا۔ پھولا ہوا۔

اُپلے پاتھنا ۔ ۱۔ گوبر کو ہاتھ سے تھپکی دے دے کر اُپلے گھڑنا۔ اُپلے بنانا ۲۔ حقارت یا افلاس میں زندگی بسر کرنا۔ ٹھوکریں کھاتے پھرنا ۳۔ پریشانی میں حواس کھو بیٹھنا۔ پاگل ہو جانا۔

اپنا سا مُنھ لے کر رہ جانا ۔ (محاورہ) ۱۔ نہایت خفیف اور نادم ہونا ۲۔ جواب بن نہ پڑنا۔ قائل ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔ ۳۔ حیران و ششدر ہو جانا۔

اَپنا کِیا آگے آنا (محاورہ)۔ اپنے اعمال کی جزا یا سزا پانا۔

اپنی اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ (مثل)۔ ۱۔ جس کی سنو کچھ اور ہی گاتا ہے۔ اتفاق رائے نہ ہونا ۲۔ ہر ایک کا طریقہ اور عمل جدا ہونا۔

اپنی راہ لگو یا د کرنا (محاورہ)۔ اپنی راہ لینا۔ اپنا کام کرو۔ ہم سے تمہارا کیا تعلق/واسطہ۔

اپنے بچھڑے کے دانت سب پہچانتے ہیں ۔ اپنے آدمی کے پھنوں یا گنوں سے سب لوگ باخبر ہوتے ہیں۔

اَپنے پاؤں میں آپ کلہاڑی مارنا ۔ (محاورہ) ۔ اپنے ہاتھوں اپنے کو ضرر پہنچانا ۔ اپنا نقصان آپ کرنا ۔

اَپنے مُنھ میاں مِٹھّو بننا ۔ (طوطا پڑھانے سے اپنے آپ کو میاں مٹھو کہنے لگتا ہے) (محاورہ) خودستائی کرنا ۔ ڈینگیں مارنا ۔

اَپنے وَقت کا اَفلاطُون ۔ اپنے زمانے کا سب سے بڑا عقل مند ۔

اَپنے وَقت کے کَنھَیّا تھے ۔ اپنے وقت کے اوتار تھے (مجازاً) عاشق مزاج ۔

اَپنے وَقت کا لال بُجھکّڑ ۔ بے وقوف کم عقل ۔

اِتّنا ۔ (اتنا) ۔ ۱۔ اس قدر ۔ اس مقدار میں ۲۔ خالص مقدار جس کی طرف اشارہ کیا جائے ۳۔ بہت زیادہ ۴۔ بہت کم ۔ تھوڑا سا ۵۔ ایسا ۔ اس قابل ۶۔ اس درجہ ۔ اس حد تک ۷۔ کی جگہ ۔ یہ بات ۸۔ برابر ۔ مساوی ۔

اَتالِیق ۔ ۱۔ معلم ۔ استاد ۔ اخوند ۲۔ (امیرزادوں کی) نقل و حرکت کا نگراں ۔ تربیت دینے والا ۔

اِتِبّاع ۔ پیروی ۔ تقلید ۔ تابع ہونا ۔

اُتّر ۔ ۱۔ شمال ۲۔ جواب ۔

اِتِّصال ۔ ۱۔ پیوستگی ۔ میل ۔ یکجائی ۲۔ قرب ۔ نزدیکی ۳۔ تسلسل ۔ پے درپے ۴۔ یکسانی ۔ مشابہت ۵۔ دو چیزوں کے ملنے کی جگہ ۔ سنگم ۔

اَتَم ۔ کامل ۔ تمام تر ۔ بھرپور ۔ مکمل ۔ جامع ۔

اِتْمام ۔ تکمیل ۔ خاتمہ ۔ انجام ۔

اُتّو ۔ وہ شکنیں یا نقوش جو کسی دھات کے ٹکڑے سے کپڑے پر آرائش کے لیے ڈالے جائیں ۔ وہ دھات کا ٹکڑا یا آلہ جو اس کے لیے استعمال کیا جائے ۔

اُتّو کرنا ۔ (محاورہ) ۔ ۱۔ اُدھیڑ دینا ۔ مار مار کے برا حال کر دینا ۲۔ چرکے داغ زخم لگانا ۳۔ ناک میں دم کر دینا ۔ بے طرح خبر لینا ۔

اَتواپ ۔ (جمع توپ کی) ۔ توپیں ۔

اَتاچی / اَتاشی ۔ ۱۔ ملا ہوا ۔ شامل ۔ ۲۔ سفارت خانہ کا وہ عہدہ دار جو سفیر سے وابستہ ہو اور اس کے گوناگوں فرائض میں سے خصوصی کام کی انجام دہی میں اس کا ہاتھ بٹائے ۔

اَٹاری ۔ ۱۔ کوٹھا ۔ بالا خانہ ۔ چھت پر بنا ہوا کمرہ ۲۔ مکان کا وہ بالائی حصہ جسے کھپریل ڈال کر پاٹ دیا گیا ہو ۔

اُٹکّر لَیس ۔ واہیات ۔ بے ہودہ ۔ بے سروپا ۔ اٹکل پچو ۔ بے قرینہ ۔

اَٹکل ۔ ۱۔ قیاس محض ۔ عقلی تیر تکا ۲۔ اندازہ ۔ تخمینہ ۔

اَٹکل پَچّو ۔ ۱۔ اوٹ پٹانگ ۔ اندھا دھند ۔ بے قرینہ ۔ بے ترتیب ۲۔ قیاس پر مبنی ۔ ظنی ۳۔ خیالی ۔ فرضی ۔ من گھڑت ۴۔ ان گھڑ ۔ بے ڈھنگا ۔

آٹو ڈی روز ۔ (فرانسیسی) ۔ عطر گلاب ۔

اُٹھا - ۱- تاش کا وہ پتہ جس میں آٹھ نشان بنے ہوں ۲- وہ پانسہ جس پر آٹھ نقطے ہوں۔

اُٹھا بیٹھی - ۱- بار بار اٹھنا بیٹھنا ۲- سزا کے طور پر کان پکڑوا کر اُٹھانا بٹھانا۔

اُٹھائی گیرا - گری پڑی چیز اُٹھا کر بغل میں مارنے والا - آنکھ بچا کر پرائی چیز اُٹھانے والا - اُچکّا۔

اُٹھتے جُوتا بیٹھتے لات، یہ بات وہ بات لا میرے ہاتھ - (مثل) ذلت وخواری کا برتاؤ - بات بات پر سزا یا مار دھاڑ کا برتاؤ۔

اُٹھوارے (اٹھوارہ) - ۱- ایک ہفتہ - آٹھ دن ۲- اصل قرض یا سود کی ہفتہ وار قسط، جو قرض دار ساہوکار کو دے۔

اُٹھاؤ چُولھا - (مجازاً) اس آدمی کو کہتے ہیں جو ایک جگہ نہ رہے - جو ایک جگہ نہ ٹکے - مارا مارا پھرے (صفت) - بے ٹھکانا - نکھرا - نگوڑا - ناٹھا۔

اُٹھکھیلی - ۱- شوخی - ناز و انداز - چھیڑ چھاڑ ۲- خرام ناز - اِٹھلائی ہوئی چال۔

اَٹھنی - آٹھ آنے کا سکہ جو اب رائج نہیں - نصف روپیہ - موجودہ پچاس پیسے۔

اَٹیرَن - لکڑی کی چرخی جس پر کاتا ہوا سوت لپیٹا جاتا ہے - (کنایتہً) مدہوش (مجازاً) خستہ - ماندہ - خمیدہ کمر - لاغر انسان جو گویا ہڈیوں کی مالا ہو۔

اَٹیرنا - سوت لپیٹنا۔

اِثنا عَشَری - بارہ سے منسوب ۱- امامیہ شیعہ مسلک کا پیرو جو بارہ اماموں کو مانتا ہو۔

اِجابَت - ۱- مقبولیت - قبول دعا ۲- (طب) قضائے حاجت - رفع حاجت - پاخانے کا اخراج ۳- پاخانہ براز۔

اَجاج - کڑوا - کھاری۔

اِجارَہ - (اجارا) - ۱- ذمہ یا قبضہ میں ۲- فرش کی سطح سے تین فٹ کے قریب اونچی تیار کی ہوئی دیوار کی حد - کھڑکی یا طاق وغیرہ کی حد تک چنائی ۳- دعویٰ - زور - زبردستی ۴- کرایہ۔

اِجبار - زبردستی - جبر کرنا۔

اِجتِناب - (کسی شخص یا شے سے) پرہیز - کنارہ کشی - احتراز - پہلو بچانا - دُور رہنا (مجازاً) محرمات شرعیہ سے دوری - تقویٰ و پارسائی۔

اِجتِہاد - کوشش کرنا - ٹھیک راہ ڈھونڈنا۔

اُجڈپن - گنوارپنا - ناشائستگی۔

اَجزائے رُسبہ - تہ میں بیٹھ جانے والے اجزا۔

اَجر - ۱- صلہ - بدلہ - پھل - جزا و سزا ۲- مزدوری، اجرت - ۳-

ثواب - جزائے خیر -
اُجڑی ہوئی - بدنصیب - کم بخت -
اَجْسَاد - (جسد کی جمع) - ۱- دو سے زیادہ جسم یا مادی وجود - اجسام - ابدان ۲- مادیات - روحانیات کی ضد -
اَجْسَام - (جسم کی جمع) - ۱- مادی یا عنصری ابدان ۲- دو سے زیادہ حیوانی جسم ۳- وہ صورتیں جن میں ابعادِ ثلاثہ یعنی طول، عرض اور عمق پائے جائیں -
اَجَل - قضا - مرگ - موت -
اُجلا خرچ - زیادہ خرچ - بڑا خرچ -
اِجْلاس - ۱- جلوس - تمکن - نشست ۲- بادشاہ یا امیر کا ایوان حکومت میں جلوس (بیٹھنا) ۳- عام نشست بیٹھک ۴- جلسہ - اجتماع ۵- کچہری عدالت -
اَجْلاف - (جمع جلف کی) - کمینے - سفلے - ظالم لوگ - رذیل - نیچ ذات کا شخص - رذالے - (شرفا کی ضد) -
اِجْلال - بزرگی - عظمت - شان و شوکت -
اَجْمُود - اجوائن کی ایک قسم - ایک پودا جس کے پھول سفید، پتیاں خوشبو دار ہوتی ہیں اور بیج کالے کلونجی جیسے (یہ بیج بطور دوا کام میں آتے ہیں انھیں اجمود ہندی بھی کہتے ہیں) -
اَجْنَبی - ۱- بیگانہ - غیر - بے تعلق ۲- ناشناسا - ناواقف - انجان ۳- نامانوس - غریب ۴- پردیسی - بدیسی - غیر ملکی ۵- (فقہ) غیر ذی رحم محرم - نامحرم - ایسا شخص جس سے از روئے شرع نکاح جائز ہو -
اَجْنَبِیَّت - ۱- بیگانگی - غیریت - بے تعلقی ۲- نامانوسیت ۳- ناشناسائی - ناواقفیت ۴- غریب الوطنی - غربت -
اَجْہَل - نہایت جاہل - بالکل اَن پڑھ - بڑا بے وقوف -
اَجْہَلُوں - جاہلوں -
اَجِیْرَن - ۱- بار خاطر - دوبھر - باعث تکلیف - مشکل - دشوار - وبال جان ۲- بدہضمی - تخمہ -
اَچار (آچار) - کسی ترکاری یا پھل بالخصوص آم کا مرکب جو تیل یا سرکہ یا پانی میں مرچ مسالا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے اور کھانے کے کام آتا ہے -
اُچاٹ - غائب ہونا - اڑ جانا - جاتا رہنا -
اچاریاں - (جمع اچاری کی) - شیشے، چینی یا مٹی کا وہ ظرف جس میں اچار، مربا یا سرکہ رکھتے ہیں - اچار وغیرہ رکھنے کا برتن - مرتبان -
اَچپلاہٹ - شوخی - چلبلاپن - چنچل پن -
اَچپلی - (اچپلا کی تانیث) - شوخی - چلبلاپن - چنچل پن -
اُچکا (ہچکا) - پتنگ کی ڈور لپیٹنے کی برجی نما بنی ہوئی چرخی جس پر سے ڈور اُچک کر نکلتی ہے -
اُچکا - ۱- شاطر چور جو دن دھاڑے

مال اڑالے اور کسی کو خبر نہ ہو۔ ۲۔ بدمعاش۔ اٹھائی گیرا۔ اوباش ۳۔ چھین جھپٹ کرکے بھاگنے والا۔

اَچکن ۔ چولی دامن کا گھٹنوں سے نیچے تک لمبا لباس جس میں دونوں طرف پردہ اور گریبان سے کمر تو ئی یا کمرپٹی تک کاج اور بٹن ہوتے ہیں۔ شیروانی سے ملتا جلتا لباس۔

اُچلا چال ۔ ایسی چال جس میں شوخی ہو، شرارت ہو۔ صحیح انچلا چال ہے۔

اِچھّا اِچھّا ہپ ہپ بُرا بُرا تھو تھو ۔ اچھی چیز لے لینا اور بری چیز سے نفرت کرنے کی جگہ بولتے ہیں۔

اَچھوتی ۔ (اچھوتا کی تانیث)۔ بغیر چھوئی ہوئی۔ بعض شاہان اودھ کے محلوں میں کنواری لڑکیاں نذر نیاز کے لیے رکھی جاتی تھیں۔ ان کو اچھوتی کہتے تھے۔

اَچھّی بچھّی ۔ اچھی خاصی۔ تندرست۔ توانا۔ اچھی بھلی۔

اِچھیا (اِچھّا) ۔ ۱۔ خواہش۔ آرزو۔ طلب ۲۔ ارشاد۔ فرمائش۔ حکم۔ ۳۔ ارادہ۔ نیت۔ مرضی۔

اَچھے گھر بَیَعیانہ دیا ۔ (طنزیہ) مناسب اور موزوں شخص سے معاملہ نہیں کیا۔

اَحِبّا ۔ (حبیب کی جمع)۔ احباب۔ دوست۔ عزیز۔ سب سے پیارے۔

اِحتِباس ۔ حیض بند ہونے کی بیماری۔ بند ہونا۔ رکنا۔

اِحتِراز ۔ بچنا۔ پرہیز کرنا۔ کنارہ کشی۔

اِحتِراق ۔ سوزش۔ جلا ہوا ہونا۔ بھڑک۔ جلن۔

اِحتِشام ۔ صاحب حشمت ہونا۔ ٹھاٹھ۔ کروفر۔ دبدبہ۔ شان وشکوہ۔

اِحتِضار ۔ شہری ہونا۔ موت کا سامنے آنا۔ حاضر ہونا۔

اِحتِفال ۔ جلسہ۔ محفل۔

اِحتِمال ۔ گمان۔ امکان۔ گنجائش۔ ممکن یا متوقع ہونے کی صورت۔

اِحتِیال ۔ حیلہ بازی۔ مکر کرنا۔

اَحَدی ۔ ۱۔ اکبر بادشاہ کے عہد میں تیراندازوں کی ایک فوج، جن سے خاص اور اہم موقع پر کام لیا جاتا تھا اور یہ براہِ راست بادشاہ کے ماتحت ہوتے تھے۔ ۲۔ مغل سلطنت کے عہدِ زوال میں وہ وظیفہ خوار و منصب دار جو ہر وقت بے کار پڑے رہتے تھے، اپنی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے بھی دوسروں کے محتاج تھے۔ ۳۔ کاہل۔ سست۔ نکما (ان تمام معنوں میں اس لفظ کا عربی سے کوئی تعلق نہیں)۔ ۴۔ یک و تنہا۔

اَحَدِیَّت ۔ یکتائی۔ ایک پن۔

اِحراق ۔ جلا دینے والی چیزیں۔ جلانا۔

اَحسَن ۔ ۱۔ بہت اچھا۔ سب سے اچھا۔ نہایت عمدہ ۲۔ بہت حسین۔

نہایت خوب صورت۔

اَحْسَنْت ۔ واہ واہ ۔ بہت خوب ۔ سبحان اللہ ۔ کیا کہنا ۔ آفریں ۔ شاباش ۔ مرحبا (مجازاً) حسن و خوبی (جو قابل داد ہو)۔

اَحْفَاد ۔ (حفد کی جمع)۔ نواسے ۔ پوتے۔ ذریات ۲۔ انصار ۔ مددگار۔

اَحْمَر ۔ سُرخ ۔ لال رنگ کا۔ زیادہ سُرخ۔ لال بھبوکا۔

اَحْیَاناً ۔ اتفاقاً ۔ شاید ۔ کبھی ۔ گاہے ۔ بھولے سے ۔ کبھی کبھی۔

اِخْتِتَام ۔ خاتمہ ۔ ختم ۔ اخیر ۔ انجام۔

اَخْتَری ۔ (قدیم) نیک بختی ۔ خوش قسمتی۔ (اچھی یا بُری) قسمت ہونا۔

اِخْتِرَاق ۔ پھٹنا ۔ پھاڑنا۔

اِخْتِصَار ۔ کمی ۔ کوتاہی ۔ گھٹاؤ ۔ حقارت۔ چھوٹاپن ۔ طوالت کی ضد۔

اِخْتِلَاجِ قَلْب ۔ ہول دل کا مرض ۔ ایک مرض کا نام جس میں دل کی حرکت بہت تیز ہو جاتی اور اس میں نظم نہیں رہتا بسا اوقات غش آجاتا ہے۔

اِخْتِلَاط ۔ میل جول ۔ ربط ضبط ۔ خلا ملا ۔ تعلقات ۔ چھیڑ چھاڑ ۔ بوس و کنار ۔ مجامعت ۔ ہم بستری ۔ جفتی۔

اَخْتو بَخْتو ۔ وہ کاٹھ کی پُتلیاں جنھیں تماشاگر (ٹھپر) چڑھا کر آپس میں لڑاتے اور ملاپ کراتے ہیں اور یہ چند فقرے کہتے جاتے ہیں ۔ " اختو نے پکائیں بڑیاں، بختو نے پکائی دال، اختو کی بڑیاں جل گئیں بختو کا برا حال " اور آخری فقرہ یہ ہوتا ہے " چنیاں لال ملوں گی "۔

اِخْفَا ۔ چھپانا ۔ مخفی رکھنا ۔ پوشیدگی۔ ۲۔ چھپ کر ۔ پوشیدہ طور پر۔

اَخْذ لینے یا حاصل کرنے کا عمل ۔ حصول۔ کسب ۔ اکتساب ۲۔ استنباط ۔ استفادہ۔ ۳۔ نقل، اقتباس۔

اَخْضَر ۔ سبز چیز ۔ سبز رنگ ۔ سبز ۔ ہرا۔ نیلا ۔ نیلگوں۔

اَخْگَر ۔ چنگاری ۔ شرارہ۔

اَخْلَاطِ اَربعہ ۔ صفرا ۔ خون ۔ بلغم ۔ سودا۔

اِخْوَانُ الشَّیَاطِین ۔ شیطان کے بھائی بند ۔ شیطان کی خصلت والے۔ مفسد ۔ شریر ۔ بد معاش لوگ۔

اُداسی ہی اُداسی چھائی ہے۔ بہت اداسی ہے۔

اَدَب ۔ ۱۔ عادات و مذاق میں اعلیٰ معیار یا اخلاقی اصول کی پابندی ۔ شائستگی ۔ تہذیب ۔ تمیز ۲۔ حفظ مراتب ۔ احترام ۳۔ نظم و نثر اور ان کے متعلقات ۴۔ زبان کا سرمایہ لٹریچر ۵۔ حیا ۔ شرم ۶۔ عجز و نیاز ۔ خاکساری ۔ فروتنی۔

اِدْبَار ۔ بد اقبالی ۔ نحوست ۔ تنزل ۔ پستی ۔ مفلسی ۔ فلاکت ۔ ناداری ۔ ہزیمت ۔ شکست ۔ پیٹھ دکھانا۔

اَدْخِنَہ (دخان کی جمع) ۱۔ دھواں۔

۲۔ بھاپ ۳۔ تمباکو کا دھواں۔

اُدراج ۔ کانوں کا ایک زیور۔ کانوں میں پہننے کا ایک طلائی زیور جس کا رُخ رخساروں کی طرف رہتا ہے۔ ایک درخت کا نام جس کے دانوں کی مالا بناتے ہیں اور اکثر سادھو یہ دانے کانوں میں بھی پہنتے ہیں۔

اِدراج ۔ آپس میں پٹنا۔ خلط مبحث۔

اَدَق ۔ (مراداً) جو بہت دقت نظر اور باریک بینی سے سمجھ میں آئے (لفظاً) بہت دقیق یا باریک۔

اَدَقچہ ۔ پلنگ کی پر تکلف سفید چادر جس کے حاشیے پر کارچوبی یا کلابتونی کام بنا ہوتا ہے۔ یہ چادر پلنگ پوش اور توشک کے نیچے بچھائی جاتی ہے جس کا حاشیے دار کنارہ قریب آدھ آدھ گز نیچے لٹکتا رہتا ہے۔

اُدماتی ۔ ولولۂ جوانی۔ شباب کی مستی۔ نشۂ جوانی سے چور۔ شہوت پرست۔ بدمست (عموماً عورت کے لیے مستعمل)۔

اَدوات ۔ آلات۔

اَدوِیہ ۔ (دوا کی جمع) ۔ دارو۔ علاج۔

اَدِھے (اَدّھا)۔ ۱۔ کسی مقدار معینہ کا نصف ۲۔ بوچے کی قطع کی بگھی۔ ۳۔ شراب کی بوتل۔ ہر ایک چھوٹی بوتل۔ ۴۔ لڑکوں کا ایک کھیل، آپس میں اقرار کرتے ہیں کہ جب ایک دوسرے کو کوئی چیز کھاتے دیکھے تو اَدّھی بانٹ لے اور جن میں اَدّھا بدا جاتا ہے وہ ایک دوسرے کو کوئی چیز کھاتے دیکھ کر پکار اُٹھتے ہیں اَدّھا۔ اور وہ چیز آدھی بانٹ لیتے ہیں۔

اُدھار (کھائے بیٹھے ہو) کھانا (محاورہ) ۱۔ قرض لینا ۲۔ کسی بات پر تُل جانا۔

اَدھورا ۔ ناقص۔ ناتمام۔ پورا کی ضد۔

اَدھوڑی ۔ گائے بھینس کا کمایا ہوا چمڑا۔ موٹا کچا چمڑا۔ نری کی ضد۔

اَدھوڑی اَستر کا چور۔ (جوتیاں چرانے والا)۔ گھٹیا چور۔ پست اور گھٹیا آدمی۔

اَدّھی ۔ پیسے کا آٹھواں حصہ۔ ایک قسم کا نہایت باریک سفید سوتی کپڑا۔

اَدھیڑ۔ جس کی جوانی ختم اور بڑھاپا آغاز ہو۔ میانہ سال۔ نہ بوڑھا نہ جوان۔

اُدھیڑ بُن ۔ سوچ بچار۔ فکر۔ منصوبہ۔ تردد۔ کسی کام کے کرنے کا ارادہ کرنا اور پھر موقوف رکھنا۔

اُدھیڑنا ۔ کھال اُتارنا۔ (مجازاً) بہت مارنا۔ سزا دینا۔

اَدھم ۔ سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ مشکی گھوڑا۔

اَڈّے ۔ (اَڈّا)۔ ۱۔ بیٹھک۔ کسی شخص کے اکثر بیٹھنے کی جگہ ۲۔ کنکوے کی ڈور جس چیز سے چرخی پر چڑھاتے

ہیں ۳۔ جوتے کی ایڑی ۴۔ فاحشہ اور بدکار عورتوں کی بدکاری کی مقررہ جگہ۔ چکلا ۵۔ بیٹھک جو پالتو پرندوں کے لیے بنائی جاتی ہے۔

اِڈنبرا۔ (ایڈنبرگ)۔ انگلستان کا مشہور شہر۔

اِڈیٹر۔ (ایڈیٹر)۔ مدیر۔ کسی کتاب فلم، رپورٹ، اخبار یا رسالے کو ترتیب دینے والا۔

اِذْخار۔ ذخیرہ کرنا۔ جمع کرنا۔

اَذْفر۔ بوئے تیز اچھی ہو یا بُری اور مشک تیز بو اور بمعنی خالص۔

اَذَلِّ خَلَائِق۔ مخلوق میں نہایت ذلیل۔ کمینہ شخص۔

اَرْبَابِ نِشَاط۔ وہ لوگ جو ناچتے گاتے ہیں۔ گانے بجانے والے۔ ڈوم۔ قوال۔ چونکہ یہ فرقہ تفریحِ طبع کے لیے مخصوص ہے اس واسطے اس لفظ کے ساتھ منسوب کیا گیا۔ طوائفیں۔ کنچنیے۔

اَرَابہ۔ وہ گاڑی جس میں بھینسا جوتا جاتا ہے۔ چھکڑا گاڑی۔ توپ کی گاڑی، جس پر توپ کا سامان گولہ بارود وغیرہ رکھتے ہیں۔

اَرْبَعہِ مُتَنَاسِب (متناسبہ)۔ حساب کا ایک قاعدہ جس میں چار ہم نسبت عدد ہوتے ہیں۔ (حساب)۔ تین عددوں یا رقموں کی مدد سے چوتھا غیر معلوم عدد دریافت کرنے کا قاعدہ۔

اِرْتِعَاش۔ کپکپاہٹ۔ لرزش۔

اَرْتھ۔ مطلب۔ نیت۔ ارادہ۔

اَرْتھمیٹک۔ (انگریزی)۔ ریاضی۔ حساب۔

اِرْث۔ میراث۔ ترکہ۔ ورثہ۔

اَرْجمند۔ قدر و قیمت والا۔ ذی رتبہ۔ ذی شان۔

اُرْدَابیگنی۔ مردانہ لباس کی ہتھیاربند عورت جو شاہی محلات میں پہرہ دیتی اور حکم احکام پہنچاتی ہے۔ شاہی محلوں میں اہتمام کرنے والی ترکنی۔ سپاہی عورت۔

اَرْژنگ۔ مشہور مصور مانی کی شاہکار تصاویر کا مرقع۔

اَرْشد۔ بہت ہدایت یافتہ۔

اَرْض۔ زمین۔ علاقہ۔ ملک۔ کھیت۔

رِضَائے بَارِی۔ رضائے الٰہی۔

اَرْگَن (اَرْغَن، اَرْغنُون)۔ ایک قسم کا ساز جس میں ایک سے زیادہ نلکیاں ہوتی ہیں اور ہوا تھیلیوں کے ذریعے سمائی جاتی ہے۔ (آواز کو اونچا نیچا کرنے کے لیے چابیاں ہوتی ہیں، سروں کے لیے وقفے یا مدارج مقرر ہیں، قدیم الایام میں یہ ساز خالی کدو سے بنتا اور زیادہ تر روم میں رائج تھا)۔

اَرْغَوَانی۔ سرخ یا نارنجی رنگ والا۔

اَرْگجا۔ ایک مرکب عطر کا نام۔ صندل۔ گلاب۔ کافور۔ مشک اور عنبر سے مرکب خوشبو۔

اَرْفع۔ (درجے، مرتبے یا حیثیت وغیرہ

میں) برتر۔ بالاتر۔ باوقعت (مجازاً) ستھرا۔ سلیقے کا۔ اچھی قسم کا۔

اَرْقَنْداز (بَرْقَنْداز) ۔ (یہ لفظ اہل ہند کی ایجاد ہے)۔ ا۔ عدالت یا پولیس کا سپاہی۔ پاسبان۔ اردلی۔ محافظ ۲۔ بندوقچی۔ توڑے دار بندوق رکھنے والا۔

اَرْل ۔ (انگریزی)۔ انگلستان میں تیسرے درجے کے امیر کا خطاب۔ نواب۔

اِرَم ۔ شدّاد کی بنائی ہوئی جنت۔ بہشت شدّاد۔

اَرْمَلَہ ۔ بے شوہر کی عورت۔

اَرْمَنِی ۔ ارمن سے منسوب۔ (ارمن ، کوہستان آذربائیجان (کوہ قاف) کا ایک علاقہ جس کا حسن وجمال ضرب المثل ہے۔ ارمینیا (کہا جاتا ہے کہ فرہاد کی محبوبہ شیریں یہیں پیدا ہوئی تھی) ۔ (اُردو ادبیات میں بطور تلمیح مستعمل)۔

اَرْنا ۔ جنگلی بھینسا۔ قوی، موٹا اور توانا بھینسا۔ گائے بھینس کا گوبر جو چراگاہ میں خشک ہو جاتا ہے اور جلانے کے کام میں آتا ہے۔

اَرَنْڈ ۔ بید انجیر۔ چوڑے چوڑے اور چروان پتوں کے ایک درخت کا نام جس کے بیج کی گری ارنڈی کا تیل (کاسٹر آئل) نکالا جاتا ہے۔ (اس کی لکڑی بہت بودی ہوتی ہے، مہندی لگا کر اس کے پتے عورتیں ہاتھوں پر

اور مرد سر اور داڑھی پر باندھ لیتے ہیں)۔

اَرِنِی ۔ مجھے (اپنا جمال) دکھا دے (حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کوہِ طور پر اللہ تعالیٰ سے درخواست کی تھی : رب ارنی انظر الیک (= اے خدا میں تجھے دیکھنا چاہتا ہوں، مجھے اپنا جمال دکھا دے) جواب میں ایک درخت سے آواز آئی، لن ترانی (= تم مجھے دیکھنے کی تاب نہیں لا سکتے) اس کے بعد موسیٰ علیہ السلام کے اصرار پر ایک بجلی چمکی، جس کی جلالت سے حضرت موسیٰؑ بے ہوش ہو گئے)۔

اَرْوِی ۔ ایک قسم کی ترکاری ۔ گھیاں ۔

اَرْہَر ۔ ایک قسم کا غلّہ، اس کے دانے چنے کے برابر ہوتے ہیں اور اس کی دال بناتے ہیں۔

اَرِی پَرِی (اَرِی نَرِی) ۔ کلمۂ خطاب مؤنث کی طرف، کبھی حقارت سے اور کبھی پیار سے۔

اَرِی پَرِی اُڑا دینا ۔ بہت کمزور کر دینا۔ حالت غیر ہو جانا۔

اَرِیب ۔ عقل مند۔ بڑا فاضل۔

اُڑَھنِیا (اُوڑھنی) ۔ اوڑھنا کی تصغیر ا۔ چھوٹا دوپٹا جسے لڑکیاں اوڑھتی ہیں۔ چنری ۲۔ سُرخ کارچوبی مسالہ ٹکا ہوا دوپٹا جو دُلہن کے جوڑے میں لگتا ہے۔

اُڑتی سی خبر۔ افواہ۔ سُنی سُنائی۔ بے تحقیق بات۔

اُڑتے نہیں۔ ۱۔ اترانا۔ غرور کرنا۔ ۲۔ غائب ہو جانا ۳۔ طرارے بھرنا ۴۔ نا معلوم ہو جانا۔ اُٹھ جانا ۵۔ چل دینا، بھاگ جانا ۶۔ فریب دینا۔ بہلانا۔ ٹالنا۔

اَڑانا۔ لکڑی جو روک یا ٹیک کے طور پر ستون کی طرح چھت میں یا دیوار کے برابر نصب کی جائے۔ ٹیک۔ اڑواڑ۔

اَڑی۔ ۱۔ مشکل وقت۔ مصیبت کا زمانہ ۲۔ چوسر اور پچیسی کھیلنے والوں کی اصطلاح میں گوٹ کا ایسی جگہ پھنسنا جہاں چوٹ کھاتی ہو ۳۔ کشتی کا ایک پیچ۔

اَڑھائی چاول / چاول کلانا۔ سب سے الگ رائے رکھنا۔ اکھل کھرا پن اختیار کرنا۔ اکھڑ مزاجی کے باعث کسی کے ساتھ متفق نہ ہونا۔

اَڑیل (اَریل)۔ مٹھا۔ جو چلائے نہ چلے۔ اڑ جانے والا (گھوڑا، ٹٹو یا بیل وغیرہ)۔ (وہ شخص) جو اپنی ضد پر اڑ جائے۔ ضدی۔ ہٹی۔

اُڑتی چڑیا / ں پکڑنا۔ (محاورہ) بڑا ذہین اور طباع ہونا۔ ذہانت سے کسی کے دل کی بات سمجھ لینا۔ دانائی اور فراست سے تیور پہچان جانا۔ کبھی فخریہ اپنی اور کبھی دوسرے کی تجربے کاری اور کمال ہوشیاری کی جگہ کہتے ہیں۔

اُڑن چھو۔ رفو چکر۔ نظروں سے اوجھل۔ ہوا ہو جانا۔ دفعتہً غائب ہو جانا۔ چل دینا۔

اُڑن کھٹولا۔ جادو کا پلنگ یا پیڑھا جو داستانوں کی روایت کے مطابق فضاؤں میں پرواز کیا کرتا تھا۔ دیوؤں اور پریوں کی سواری کا تخت۔

اَڑنگا۔ (پہلوانوں کی اصطلاح)۔ کشتی کا ایک پیچ جس سے حریف کی ٹانگ میں اپنی ٹانگ ڈال کر گرا دیتے ہیں۔ رخنہ۔ جھمیلا۔ مزاحمت۔ ٹیک۔

اَڑنگا لگانا۔ (محاورہ) چلتے ہوئے کام کو روک دینا۔ بھانجی مارنا۔

اُڑن گھائی۔ (جمع اڑن / اڑان گھائیاں) ۱۔ جواری کا دھوکا دینے کے لیے انگلیوں کی گھائی میں کوڑیوں کو دبا کر چھپو رنے کا عمل۔ (مجازاً) مکر و فریب۔ چھل بل۔ دھوکا دھڑی ۲۔ چال۔ گھات۔ حکمت عملی۔

اَڑی مار۔ دغا باز۔ جعل ساز۔ مکار، فریبی۔ پیچیت۔

از آدم تا ایں دَم۔ ابتدائے خلقت سے لے کر آج تک۔

از خود رفتہ۔ ۱۔ بے خود۔ بے ہوش ۲۔ آپے سے باہر ۳۔ بے بس ۴۔ باؤلا، دیوانہ۔ پاگل۔

از قاف تا قاف۔ مشرق سے مغرب تک۔ دنیا کے ایک گوشے سے لے کر دوسرے گوشے تک۔

اِزار بند۔ کمر بند۔ سوت یا ریشم کا

ناڑا جو پاجامہ یا شلوار کے نیفے میں ڈالا جاتا ہے۔

اَزْ اَنجانکہ ۔ اس لیے کہ۔ اس سبب سے۔

اَزْرَق ۔ نیلا۔ گربہ چشم۔ کرنجی آنکھ والا۔ نیلے رنگ کا۔ نیلگوں۔

اَزَل ۔ ۱۔ وہ زمانہ جس کی کوئی ابتدا یا حد نہ ہو ۲۔ آغاز خلقت۔

اَزْہار ۔ (جمع زَہرہ کی)۔ کلیاں۔ شگوفے (مجازاً) پھول۔

اَژْدَر ۔ دیو مار، ثعبان۔ بڑا سانپ۔ یہ سانپوں کی ایک عظیم الجثہ جنس ہے جس کی اصناف افریقہ، ایشیا اور امریکا میں پائی جاتی ہیں۔ ان کی لمبائی دس گز تک اور وزن کئی کئی من ہوتا ہے، یہ نہ تو دوڑ سکتے ہیں اور نہ زہریلے ہوتے ہیں۔

اَژْدَرْدَہاں توپ ۔ وہ توپ جس کا منھ اژدہا جیسا ہو۔ بھاری بھرکم توپ۔ مہلک۔

اِژْدِحام ۔ (ازدِحام)۔ ہجوم۔ بھیڑ جمگھٹا۔

اِس کان سے سُنا اُس کان سے اُڑا دیا (اس کان سن کے اُس کان اُڑا دیا)۔ (محاورہ) کسی بات کی پروا نہ کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔

اَساس ۔ بنیاد۔ نیو۔ جڑ۔

اَسْباب ۔ (سبب کی جمع)۔ بطور واحد سامان۔ اثاثہ۔

اِسْپاچ ۔ اسپیچ۔ خطاب۔ تقریر۔

اَسْپ پا رِیختہ (ریختہ پا)۔ تیز قدم گھوڑا۔ خوبصورت۔

اَسْپتال ۔ شفاخانہ۔ بیمارستان۔

اِسْپغول / اِسبغول ۔ ایک قسم کا لعاب دار تخم جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔

اَسْپک ۔ ۱۔ چھوٹا گھوڑا۔ ساز موسیقی کا گھوڑا ۲۔ بڑا خیمہ۔ ڈیرا۔ خرگاہ۔

اِسْپَنْد ۔ حرمل کا دانہ جس کی دھونی نظر بد دفع کرنے کے لیے دی جاتی ہے (جلتے وقت چٹاخ کی آواز دیتا ہے، عموماً کالے دانے کے نام سے مشہور ہے)۔

اُسْتادگی ۔ چالاکی۔ عیاری۔

اِسْتِبْداد ۔ ۱۔ (لفظاً) اپنے آپ کو سب پر ترجیح دینے کا عمل یا رجحان۔ غلبہ۔ ہٹ دھرمی (مراداً) شخصی حکومت۔ غیر جمہوری یا بالا دستی ۲۔ (مجازاً) ظلم۔ تعدی۔ ۳۔ اصرار۔ تاکید۔ دباؤ۔ زبردستی۔

اِسْتُت / اَسْتُت ۔ حمد و ثنا پر مشتمل گیت اور گانا۔ منتر جو پرستش کی غرض سے پڑھا یا گایا جائے۔ پرارتھنا۔ مناجات۔ بزرگانِ دین کی ثنا و ستائش (منظوم)۔

اِسْتِحْباب ۔ ۱۔ دوست رکھنا۔ اچھا جاننا ۲۔ شرعی اصطلاح میں کوئی ایسا کام جس کا کرنا ثواب کا باعث ہوا ور نہ

کرنا گناہ کا باعث نہ ہو۔ مستحب ہونا۔

اِستحقاق ۔ حق ۔ انصاف خواہی۔ حق مانگنا۔ صلاحیت اور استعداد یا شہری حقوق (وغیرہ) کی بنا پر کسی بات کا حق دار بننا۔

اِستخارہ ۔ خیر اور نیکی مانگنا خدا سے اور آگاہی چاہنا کسی بات میں غیب سے۔

اُستخوان ۔ ہڈی ۔ پنجر۔ جسم کا سخت، ٹھوس اور ضروری حصہ جس پر پٹھے اور گوشت منڈھا ہوتا ہے۔

اِستدراج ۔ وہ باتیں جو خلاف قیاس کسی سے ظاہر ہوں، اگر نبی سے ظاہر ہوں تو اس کا نام معجزہ ہے اور اگر ولی خدا پرست سے ظاہر ہوں تو اسے کرامت کہتے ہیں۔ (لفظاً) درجہ بدرجہ ہونے کی کیفیت یا عمل (مراداً) تدریجی ترقی۔ ارتقا۔

اِستدعا ۔ درخواست ۔ خواہش۔ التجا۔

اِستراحت ۔ آرام ۔ آسائش۔ لیٹنا۔

اَستر ۔ (آستر کی تخفیف) دوہرے یا روئی والے کپڑے کی نیچے کی تہ ۔ ابرے کی ضد۔

اِسترخا ۔ جسم کا ڈھیلا ہونا۔ کسی عضو کا چھوٹا پڑ جانا۔

اِستسقا ۔ ۱۔ پانی مانگنا ۲۔ ایک مرض جس میں پیاس بہت لگتی ہے، پیٹ بڑھ جاتا ہے اور تمام بدن ڈھیلا اور سست ہو کر پھول جاتا ہے۔ جلو دھر جلندھر بھی کہتے ہیں۔

اِستعداد ۔ لیاقت ۔ قابلیت۔ آمادگی۔

اِستقرا ۔ ۱۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔ ۲۔ (منطق) کسی چیز کے چند اجزا پر کوئی تجربہ کر کے اس کے کل اجزا پر کوئی قاعدہ مقرر کرنا۔

اَستر کاری ۔ دیواروں پر سفیدی، چونا وغیرہ پھیرنے کا عمل۔

اِستری / اِستری ۔ (ہندو) عورت۔ جورو۔

اِستعجاب ۔ تعجب ۔ حیرت ۔ اچنبھا۔

اِستعجال ۔ ۱۔ جلدی کرنا۔ ۲۔ عجلت جلدی ۔ شتابی۔

اِستعداد ۔ لیاقت۔ قابلیت۔

اِستعفا ۔ ۱۔ معافی چاہنا ۲۔ نوکری ترک کرنے کی درخواست۔

اِستعمالی ۔ برتا ہوا۔ پرانا۔

اِستفسار ۔ ۱۔ سوال کرنا۔ دریافت کرنا۔ پوچھنا۔ ۲۔ سوال۔

اِستفادہ ۔ ۱۔ فائدہ حاصل کرنا ۔ نفع اٹھانا ۲۔ مفاد۔ نفع۔

اِستقبال ۔ ۱۔ آگے جانا۔ آگے بڑھنا۔ پیشوائی، مہمان کو لینے کے لیے آگے بڑھنا۔ خیر مقدم ۲۔ چاند اور سورج کا ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ ۳۔

مقابل ہونا۔ رُخ پر ہونا ۴۔ مستقبل۔ زمانۂ آئندہ۔

اِستِغنا ۔ بے پروائی۔ بے نیازی۔ بے غرضی۔ بے رخی۔ بے التفاتی۔

اِستِفراغ ۔ فراغت چاہنا۔ قے۔ متلی۔ اُلٹی۔

اِستِقلال ۔ ۱۔ ثابت قدمی۔ ضبط و تحمل۔ قیام۔ استحکام ۲۔ خود مختار حکومت قائم ہونا۔ آزادی۔

اِستِماع ۔ سُننا۔ غور سے سُننا۔ کان لگا کر سُننا۔

اِستِنجا ۔ ۱۔ پاک کرنا۔ دھونا۔ ناپاکی دُور کرنا۔ ۲۔ پیشاب یا پاخانے کے بعد آبدست لینا۔ طہارت کرنا۔ ڈھیلا لینا۔

اَستھان ۔ ٹھکانہ۔ جگہ۔ مقام۔ مسکن۔ جائے قیام۔

اِسٹیشن ۔ مستقر۔ مقام۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ اڈا۔ ریل گاڑی کے ٹھہرنے کی جگہ۔

اِسٹیشن ماسٹر ۔ ریلوے اسٹیشن کا نگراں اور سب سے بڑا افسر۔

اِسٹاف ۔ (انگریزی)۔ عملہ۔ ایک محکمے کے ملازم۔

اِسٹامپ ۔ (انگریزی)۔ دستاویز لکھنے کا سرکاری کاغذ، جس کی پیشانی پر سرکاری مہر اور اس کی قیمت چھپی ہوئی ہوتی ہے۔

اِسٹیج ۔ (انگریزی)۔ ایک چبوترہ۔ نمایاں جگہ ۲۔ تماشا گاہ کا چبوترا جہاں تماشا کیا جاتا ہے ۳۔ مقرر کے تقریر کرنے کا چبوترہ۔

اِسٹڈی روم ۔ (انگریزی)۔ مطالعہ کتب کے واسطے کمرہ۔

اِسٹیمر ۔ (انگریزی)۔ دُخانی کشتی یا چھوٹا جہاز جو بھاپ سے چلنے والا ہو۔

اِسٹیٹس ۔ (اسٹیٹ کی جمع)۔ ریاست۔ نوابی۔ رجواڑا۔

اَسرار ۔ (سِر کی جمع) بھید۔ راز۔ چھپی ہوئی بات۔

اَسقام ۔ (سقم کی جمع) عیب۔ برائیاں۔ نقائص۔

اِسکاچ وِہسکی ۔ اسکاٹ لینڈ کی مقطر شراب جو بہت اعلیٰ قسم کی سمجھی جاتی ہے۔

اِسکُول ۔ مدرسہ۔ مکتب۔ درس گاہ۔

اِسکونڈرل ۔ (انگریزی) شہدا۔ بدمعاش۔ بدذات۔ پاجی۔ بے اصول (شخص)۔

اَسِسٹنٹ سَرجَن ۔ نائب سرجن۔ چھوٹا جراح (ق)۔

اَسِسٹنٹ کمشنر ۔ ضلعی انتظامیہ کا ایک اہم عہدہ دار (ق)۔

اِسقاطِ حَمل ۔ حمل گرانا۔

اَسلاف ۔ (جمع سلف کی) اگلے وقتوں کے لوگ۔ پچھلے بزرگ۔

اِسم ۔ نام و نمود۔ شہرہ۔

اِسْم بامُسمّیٰ ۔ جیسا نام ویسا کام ۔
اَسْوار ۔ (سوار کی جمع) ۔ سواری پر بیٹھا ہوا ۔ جو پیدل نہ ہو ۔
اَسْوَد ۔ ۱۔ سیاہ ۔ کالا ۲۔ حبشی ۳۔ ایک سمندر کا نام ۔
اِسہال ۔ پیٹ چلنا ۔ دست آنا ۔ پتلا پاخانہ ۔ دست آنے کی بیماری ۔
اَسِیر ۔ قیدی ۔ غلام ۔ محبوس ۔ گرفتار ۔
اَسِیسَر ۔ (انگریزی) مشیر ۔ مددگار ۔ وہ شخص جو مقدمات فوجداری میں سیشن جج کو رائے دینے کے لیے اعزازی طور پر منتخب کیا جاتا ہے ۔
اَسِیس ۔ دعائے خیر ۔
اِشارت ۔ رمز ۔ کنایہ ۔ اشارہ ۔
اِشْباہ ۔ مشابہ ہونا ۔ ملتا جلتا ۔
اِشْتات ۔ پراگندہ کرنا ۔ منتشر کرنا ۔
اِشْتِباہ ۔ ۱۔ شبہ ہونا ۔ شک کرنا ۔ گمان ۲۔ دھوکا لگنا ۔
اِشْتِعال ۔ روشن ہونا ۔ لپٹ مارنا ۔ بھڑکنا ۔ شعلہ اٹھنا ۔ جوش ۔ ہیجان (مجازاً) برہمی ۔ غصّہ ۔
اِشْتِعالک ۔ غصّہ دلانا ۔ بھڑکنا ۔ اشتعال پُر چک ۔ جلتے ہوئے چراغ کی بتی کو اُکسانے کا عمل ۔
اِشْتِہا ۔ ۱۔ کھانے کی خواہش ۔ بھوک ۔ گرسنگی ۲۔ خواہش ۔ چاہت ۔
اِشْتِہار ۔ ۱۔ شہرت دینا ۔ مشہور کرنا ۔ ۲۔ اطلاع ۔ نوٹس ۳۔ اعلان کی غرض سے چھپا ہوا کاغذ ۔ اطلاع نامہ ۔

اِشْتِیاق ۔ شوق ۔ آرزومندی ۔ تمنّا ۔ عشق ۔ محبت ۔
اَشْجار ۔ (شجر کی جمع) ۔ درخت ۔ پیڑ ۔ روکھ ۔
اَشْجَع ۔ بہت جری ۔ بڑا بہادر ۔ بڑا دلیر ۔
اَشْدَہ ۔ ناپاک ۔ گندہ ۔ غلیظ ۔
اَشْرار ۔ (شریر کی جمع) بُرا ۔ بد ۔ شرارتی ۔ فسادی ۔ فتنہ انگیز ۔
اَشْراف ۔ (جمع شریف کی) ۔ شریف لوگ ۔ عالی مرتبہ اشخاص ۔ حسب نسب یا کردار کے اچھے ۔
اِشْراق ۔ کشف ۔ الہام ۔
اِشْراقی ۔ ۱۔ حکماء کے اس گروہ سے تعلق رکھنے والا جو صفائی باطن اور روشن ضمیری کے باعث دوری سے اپنے شاگردوں کو تعلیم دیتے تھے ۲۔ حکما کا وہ گروہ جو بذریعہ کشف اشیا کے حقائق معلوم کرلیتے تھے ۔
اَشْرَفی ۔ کُشتی کا ایک داؤں پیچ ۔
اَشْرَفی بُوٹی ۔ زربفت اور کمخواب وغیرہ کی گول گول سنہری بوٹی جو اشرفی کے برابر ہوتی ہے ۔
اَشْرَفی جُوتا ۔ اشرفی بوٹی کا جوتا، وہ جوتا جس پر اشرفی بوٹی کا کام ہو ۔
اَشْرَفُ المخلوقات ۔ مخلوقات میں نہایت اعلیٰ ۔ تمام مخلوقات سے بہتر اور بزرگ تر ۔ انسان ۔ بنی آدم ۔

اَشرَفیاں کَلدار ۔ کھری خالص اشرفیاں (ق)۔

اَشرَفیاں لُٹیں اور کوئلوں پر مُہر ۔ (مثل)۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو فضول کاموں پر بہت خرچ کرتا ہو اور ضروریات کے معاملے میں کنجوسی کرتا ہو۔

اَشعَاروں ۔ (عوام) اشعار۔

اَشِعَّہ ۔ (شعاع کی جمع) کرن۔ کرنیں۔

اِشغَال ۔ (شغل کی جمع) ۱۔ کام۔ دھندا۔ ۲۔ مشغلہ۔ پیشہ ۳۔ تفریح طبع ۔ ۴۔ خدا کا دھیان۔ خدا کی یاد میں مشغولیت۔

اَشفَق ۔ زیادہ مہربان۔ اوروں سے یا سب سے زیادہ شفیق۔

اُشقُلا ۔ (اشکلا ، اشغلا) ۔ فتنہ ۔ فساد۔ طوفان۔ بہتان۔ دو آدمیوں کے لڑا دینے کے لیے جھوٹ باندھنا۔

اُشقُلا چھوڑنا ۔ کوئی سخن فساد انگیز کہہ کر دو آدمیوں کو آپس میں لڑوا دینا۔

اَشکِ بُلبُل ۔ افیون کی خفیف مقدار۔ تھوڑی سی افیون۔

اُشلُک لگانا ۔ تہمت لگانا۔

اَشلُوک ۔ ۱۔ شعر۔ فقرہ۔ نظم۔ بند۔ ۲۔ حمد۔ مدح۔

اَشنَان ۔ نہانا۔ غسل کرنا۔ غسل کرکے پاک ہونا، غسل۔

اَشہَب ۔ گھوڑا جس کے سفید بالوں کی کثرت سیاہ پر غالب ہو۔ سیاہی مائل سپید رنگ کا گھوڑا۔ سبزہ۔ (مطلقاً) گھوڑا۔

اَصَالَت ۔ اصلیت۔ اصل نسل۔ خلقی وصف (اچھا ہو یا بُرا) عادت۔ تلوار کا جوہردار اور خالص فولاد کا ہونا (جو کٹنے پر نہ ٹوٹے)۔

اَصَحّ ۔ زیادہ صحیح یا معتبر بات۔

اِصرَار ۔ ضد۔ ہٹ۔ تکرار۔ تاکید۔

اِصطَبَل ۔ طویلہ۔ گھوڑوں کے باندھنے کا مکان۔

اُصطُرلَاب ۔ پیتل کا وہ گولا جس پر آفتاب اور ستاروں کی بلندی اور بُعد معلوم کرنے کے لیے نقوش اور حروف بنے ہوتے ہیں۔

اَصغَاء ۔ سُننا۔ سننے کے لیے جُھکنا۔ کسی بات پر کان رکھنا۔

اَصفَر ۔ زرد۔ زعفرانی۔ پیلا۔

اَصلاً ۔ بمعنی ہرگز۔ مطلق۔ ذرا۔ نام کو۔

اَصلِیَّت ۔ اصلی بات۔ حقیقت۔ واقفیت۔

اَصِیل ۔ (مُرغ بازی) نرچیل یا گدھ کے ساتھ مرغی کا جوڑ لگنے سے پیدا شدہ نسل کا مُرغ۔ کلنگ ۲۔ ملازمہ ۔ خادمہ (جو زرخرید نہ ہو) ۳۔ خاندانی شریف۔ اچھے نسب والا۔ ۴۔ اچھی نسل کا جانور، خصوصاً گھوڑا ۵۔ عمدہ فولاد یا لوہے کی بنی ہوئی تلوار جس کی کاٹ اچھی ہو اور جو

حسبِ منشا کستی ہو۔

اِضافی ۔ جو اصلی نہ ہو۔ اعتباری۔ نسبتی۔ زائد ۲۔ مددگار۔ معاون۔

اُضحوکہ ۔ جس سے ہنسی آئے۔ ہنسی کی بات۔ مضحکہ خیز بات۔ مذاق کی بات۔ ٹھٹھا۔

اَضحیٰ ۔ قربانی۔ صبح کو کام کرنا۔ قربانیاں (عموماً ترکیب میں مستعمل)۔

اِضطرار ۔ بے اختیار ہونا۔ عاجز ہونا۔

اِضعاف ۔ دُونا کرنا۔ کمزور کرنا۔

اَضعف ۔ بہت ضعیف۔ بہت بوڑھا بہت ناتواں۔

اِضمحلال ۔ ۱۔ کمزوری۔ ناطاقتی۔ ماندگی ۲۔ سُستی۔ اُداسی۔ پژمردگی۔ تھکن ۳۔ گزند۔ صدمہ۔

اُطاق ۔ کمرہ۔

اَطبّا ۔ (طبیب کی جمع)۔ حکیم۔ ڈاکٹر۔ معالج۔ بیماریوں کا علاج کرنے والا۔

اِطراد ۔ ہانکنا۔ چلانا۔

اِطریفل ۔ ایک یونانی مرکب دوا۔

اِطفاء ۔ آگ بجھانا۔ چراغ گُل کرنا۔

اَطفال ۔ (طفل کی جمع)۔ لڑکا۔ بچّے۔

اَطلس ۔ ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا۔

اَطناب ۔ (جمع طنب کی) طول دینا باتوں کا۔ خیمے کی طنابیں۔ خیمے کی رسیاں۔

اَظلم ۔ نہایت ظالم۔

اِظہار ۔ بیان جو عدالت یا حاکم کے روبرو دیا جائے۔ کسی فریق مقدمہ یا گواہ وغیرہ کا بیان۔

اِعادہ ۔ دہرانا۔ کسی بات کو بار بار کہنا۔ کسی کام کو بار بار کرنا۔

اِعانت ۔ مدد کرنا۔ مدد۔ امداد۔ سہارا۔ وسیلہ۔

اِعتاق ۔ غلام آزاد کرنا۔

اِعتدال ۔ ۱۔ برابر۔ نہ کمی نہ زیادتی۔ تناسب۔ ٹھیک ۲۔ (طب) مزاج کا معتدل ہونا۔ صحت کی حالت میں چاروں خلط ترکیب سے ہوں۔

اِعتصام ۔ پرہیزگاری۔ سہارا۔ چنگل مارنا۔ پکڑنا۔

اِعجاز ۔ معجزہ۔ کرشمہ۔ کرامت۔ خرق عادت جو انبیاءِ کرام سے ظہور میں آئے۔

اُعجوبہ ۔ عجیب شے۔ انوکھی چیز۔ طُرفہ تماشا۔

اَعدا ۔ (جمع عدو کی)۔ دشمن۔ بیری۔ مخالفین۔ وہ لوگ جو حریف ہوں۔

اَعراب ۔ بادیہ نشین۔ بدو۔ عرب کے دیہاتی باشندے۔

اِعزاز ۔ ۱۔ آبرو۔ عزت کرنا ۲۔ عزت۔ توقیر۔ رتبہ۔

اَعزّہ ۔ (جمع عزیز کی)۔ کنبے کے لوگ۔ رشتے دار۔ اہلِ قرابت۔

اَعضا ۔ (جمع عضو کی)۔ ۱۔ جسم انسان یا حیوان کے حصّے ۲۔ کسی تنظیم کے موثر افراد۔

اَعضا شکنی ۔ بخار وغیرہ کی وجہ سے بدن ٹوٹنا یا جوڑوں میں درد۔

ہونا۔
اَعضا و جَوارِح ۔ جسم کے اعضا اور حصے۔
اَعقاب ۔ پس ماندگان ۔ مرنے والے کے بعد باقی رہنے والے اعزہ و اقربا۔
اَعمٰی ۔ اندھا۔ کورچشم۔ نابینا۔
اَعوَج ۔ ٹیڑھا۔ کج ۔
اَعوَر ۔ کانا۔ سوتیلا بھائی۔ حرماں نصیب ۔ بے خبر۔
اَعیان ۔ سربرآوردہ اشخاص ۔ عمائد۔ اکابر۔ کسی ادارے کے بالادست افراد۔ امرا۔
اَعیانِ دَولت ۔ کسی ادارے (حکومت) کے بالادست افراد۔
اَغذِیَہ ۔ (غذا کی جمع) بہت سی غذائیں۔ غذائیں۔
اِغراق ۔ ا۔ ڈبو دینا۔ غرق کر دینا ۲۔ مُبالغہ کی ایک قسم۔
اَغلَب ۔ ا۔ قریب قریب یقینی ۲۔ مقابلۃً غالب ۔ زیادہ تر۔
اَغَل بَغَل ۔ ادھر اُدھر۔ آس پاس ۔ اردگرد۔ دائیں بائیں۔
اِغماز ۔ ا۔ غمزہ کرنا۔ غرور کرنا ۔ اترانا ۲۔ آبرو گھٹانا۔ کم حرمت کرنا۔
اِغماض ۔ چشم پوشی۔ طرح دینا ۲۔ ناز و انداز۔ غرور۔ تمکنت۔
اِغوا ۔ ورغلانا ۔ بہکانا۔ بھگا لے جانا۔ لے بھاگنا۔ اُبھارنا۔ اُکسانا۔
اَغیَد (جمع اغاید)۔ نازک اندام معشوق۔

اِفاضَہ ۔ فیض ۔ فیض رسانی ۔ فائدہ۔
اَفاغِنَہ ۔ (افغان کی جمع)۔ افغانستان کے باشندے ۔ پٹھان۔
اِفاقہ ۔ بیماری یا تکلیف میں تخفیف (کمی) ہونا ۔ مرض میں کمی ہونا۔ صحت۔ آرام ۔ شفا وغیرہ۔
اُفتاد ۔ اچانک مصیبت ۔ دُکھ ۔ تکلیف حادثۂ اتفاقی ۔
اُفتادگی ۔ عاجزی، انکسار ۔ بے بسی ۔
اِفتخار ۔ ا۔ فخر کرنا۔ ناز کرنا ۲۔ فخر، عزت۔ شہرت ۔ ناموری۔ شان ۔
اِفتِراح ۔ بے سوچے بات کہنا ۔
اِفترا پَردازی ۔ ا۔ جھوٹا الزام لگانا۔ تہمت ۔ بہتان ۔
اَفحَشُ الفَواحِش ۔ فحش ترین ۔ نہایت بے ہودہ ۔ انتہا درجے مہمل ۔ لغو و لایعنی۔
اَفراس ۔ (جمع فرس کی)۔ گھوڑے اور گھوڑیاں ۔
اَفسَر کَمانیَر ۔ فوج کا سردار ۔ سپہ سالار ۔
اَفسُردَہ ۔ ا۔ ٹھٹھرا ہوا ۲۔ مرجھایا ہوا ۔ پژمُردہ ۳۔ اُداس۔ رنجیدہ۔
اِفشا ۔ ظاہر۔ فاش ۔ آشکارا۔
اَفشاں ۔ مقیش یا بادلے کے باریک کترے ہوئے ریزے جو بیشتر آرائش کے لیے عورتیں خاص کر دلہنوں کے

بالوں پر چھڑکتی اور ماتھے نیز چہرے پر جماتی ہیں۔

اَفشاندہ ۔ چھڑکا ہوا۔ جھاڑا ہوا۔

اَفشُردہ ۔ کسی چیز سے نچوڑا ہوا پانی۔ رس ۔ عرق ۔ شربت۔

اَفعالِ قَبیحہ ۔ برے اعمال۔

اَفعالِ ناشائستہ ۔ غیر مہذب حرکات۔

اَفعی ۔ ملک عرب اور شمالی افریقہ کا ایک نہایت زہریلا اور مہلک سانپ جس کا رنگ خاکستری ہوتا ہے۔ (صفت) موذی۔ شریر۔

اُفُق ۔ آسمان کا کنارہ۔ وہ جگہ جہاں زمین اور آسمان ملتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

اَفگار ۔ زخمی۔ زخم۔

اَفیم ۔ (افیون) ۔ چُنیا بیگم ۔ ایک سمّی اور نشیلی چیز ہے۔ خشخاش کے ڈوڈے کا جما ہوا رس جو سیاہ اور مزے میں تلخ ہوتا ہے۔ (کم کھائیں تو نشہ آور، زیادہ کھالیں تو مہلک زہر)۔

اَفیون ۔ ایک زہریلی نشیلی چیز جو پوست کے ڈوڈے کے دودھ کو جما کر بنائی جاتی ہے۔ گہری نیند لانے والی شے۔

اِقبال ۔ ۱۔ خوش قسمتی۔ نیک بختی۔ سعادت۔ ۲۔ برکت۔ طفیل۔

اَقبح ۔ بڑا خراب۔ بہت برا۔ بدصورت۔

اِقتِباس ۔ ۱۔ روشنی لینا ۲۔ کسی سے علم سیکھنا۔ فائدہ حاصل کرنا۔ کسی کے کلام کو اپنے کلام میں بدوں ذکر اس کے درج کرلینا ۳۔ اخذ۔ استفادہ۔ تحصیل۔

اِقتِراح ۔ فرمائش۔ سوال کرنا۔

اِقتِران ۔ نکاح۔ نزدیکی۔ نزدیک ہونا۔ قریب ہونا۔

اَقصٰی ۔ بہت دُور۔ بعید۔

اِقتضا ۔ تقاضا۔ خواہش۔

اَقدَس ۔ بہت پاک ۔ نہایت مقدس۔

اَقران ۔ (قرین کی جمع)۔ مصاحب۔ ہم نشین۔ مثل۔ نظیر۔

اَقربا ۔ (قریب کی جمع)۔ رشتے دار۔ عزیز و قریب۔ اعزہ۔

اِقلاع ۔ اکھیڑنا۔

اِقلیم ۔ کرۂ زمین کا ایک حصّہ۔ کل زمین کو قدیم عالموں نے سات حصّوں میں تقسیم کیا تھا۔ ان کو ہفت اقلیم کہا جاتا ہے۔

اَقمِشہ ۔ (قماش کی جمع) ۱۔ قیمتی پارچے۔ (ملبوسات ہوں کہ بن سلے) کپڑے کے تھان ۲۔ سازوسامان۔ گھریلو سامان کی چیزیں۔

اِکّا ۔ ۱۔ ایک بتی کا شمع دان۔ یک کنول کی بیٹھک ۲۔ بازو پر باندھنے کا کسی قسم اور قیمت کا ایک بڑا نگ جڑا ہوا زیور۔ ۳۔ ایک چھوٹی سی گاڑی جس میں ایک گھوڑا جُتا ہوتا ہے ۴۔ ایک بڑا بھاری مگدر جس کو

پہلوان آزمائش کے طور پر اُٹھاتے
ہیں ۵۔ تاش کے پتوں میں ایک پتا
جس پر ایک نشان بنا ہوا ہوتا ہے ۔
۶۔ گنجفے میں ایک لکیر والا پتا۔

اَکاسِرَہ ۔ (کسریٰ کی جمع)۔ ایران کے
مشہور خاندان کا لقب ۔

اَکّال ۔ بلا نوش ۔ بسیار خور مرد ۔
پیٹو۔

اُکال ۔ خشک سالی ۔ قحط ۔ کال ۔

اِکاؤنٹنٹ ۔ حساب کرنے والا ۔
محاسب ۔ منیب ۔

اِکتارا ۔ ایک قسم کا ساز ۔ کپڑے
کی ایک قسم ۔

اِکتِفا ۔ کافی ہونا ۔ کفایت کرنا ۔ بس
کرنا ۔

اِکتِساب ۔ محنت سے پیدا کرنا ۔ کوشش
سے حاصل کرنا ۔ کمانا ۔

اَکڑفوں ۔ بانکپن ۔ اتراہٹ ۔ خود پسندی ۔
گھمنڈ ۔

اُکڑُوں ۔ تلووں پر بوجھ ڈال کر بیٹھنے
کا انداز ۔ دوزانو ۔

اِکسِیر ۔ ۱۔ وہ مرکب جس کے متعلق
کہا جاتا ہے اس سے تانبے، سونے اور
رانگے کو چاندی بنایا جا سکتا ہے ۔ کیمیا
۲۔ تیر بہدف نسخہ، حکمی علاج ۔ ۳۔
بہت مفید ۔ نہایت موثر ۴۔ کھرا ۔
اعلیٰ درجے کا (اوصاف کے اعتبار
سے)۔

اِکشا ۔ ایک قسم کی ولایتی شراب ۔
برانڈی ۔

اَکل و شُرب ۔ کھانا پینا ۔

اِکلِیل ۔ تاج ۔ جڑاؤ ۔ عصا ۔

اَکناف ۔ (جمع کنف کی) جو بمعنی پناہ
اور کنارہ اور طرف کے ہے ۔ اطراف ۔
چاروں طرف ۔ آس پاس ۔

اَکل کھُری ۔ (اکل کھرا، اکھل کھرا کی
تانیث) ۔ روکھا ۔ دماغ دار، مونث
روکھی ۔

اَکمَل ۔ بہت کامل ۔ کامل ترین ۔ جو
کمال میں سب سے زیادہ ہو ۔

اَکھڑ ۔ غیر مہذب ۔ اجڈ ۔ گنوار ۔

اَکھڑپن ۔ جہالت ۔ بدتمیزی ۔ ناشائستگی ۔

اَکھل کھرے پن ۔ روکھا پن ۔ بد دماغی ۔

اَکبَد ۔ مضبوط ۔ استوار ۔ محکم ۔

اُگارنا ۔ کنویں کی تہہ میں سے مٹی یا کوڑا
نکالنا تاکہ سوتے کھل جائیں ۔ کنواں
اُلیچنا ۔ (مجازاً) نیچے سے اوپر کھینچنا ۔

اُگالدان (اگال دان) ۔ وہ برتن جس میں پان کی
پیک، اُگال، لعاب دہن ڈالتے /
تھوکتے ہیں ۔

اُگتی ۔ (اُگت) ۔ حالت ۔

اُگلنا ۔ عیب بکھاننا ۔ نہ کہنے کی بات
زبان پر لانا ۔ احسان جتانا ۔ طعنے
دینا ۔

اَگر مَگر ۔ پس و پیش ۔ تذبذب ۔
ہچکچاہٹ ۔

اَگَری ۔ وہ رنگ جو گہرے کشمشی کے
قریب ہوتا ہے ۔

اَگَن بُوٹ - دُخانی کشتی - اِسٹیمر۔

اَگَن ہُوتری - وہ برہمن جسے رگ وید یاد ہو - ہَوَن کی رسم ادا کرنے والا برہمن۔ آتش پرست۔

اَگوا ڑے نہ پچھوا ڑے - لینے میں نہ دینے میں - لاتعلقی کا اظہار۔

اَگھوری - گندہ - نجس - ناپاک۔

اَگیا بیتال - غول بیابانی - وہ شعلہ جو مرگھٹ یا قبرستان وغیرہ میں شب کے وقت دُور سے نظر آتا ہے اور جسے عوام بھوت پریت کہتے ہیں۔

اَلآن - ابھی - اس وقت۔

اَلابلا - خراب سے خراب اور بری سے بری چیز - درد - دکھ - مصیبت - بھوت - پریت۔

اِلائچی (الاچی) - ۱۔ ایک خوشبودار پھل جس کے اندر خوشبو دار دانے ہوتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ چھوٹی الائچی، بڑی الائچی - بڑی کشمش رنگ کی ہوتی ہے اور چھوٹی ہلکے سبز رنگ کی ۲۔ سکھی سہیلی - جب دو عورتیں ایک الائچی تو ڑکر اس کے دانے کھا لیتی ہیں تو ایک دوسرے کو الائچی کہتی ہیں۔

اُلار - گاڑی میں پچھلا بوجھ زیادہ ہونے کی وجہ سے اگلے حصّہ کا اُوپر کو اُٹھ جانا۔

اَلاس (انگریزی) - افسوس! - آہ! - وائے! - ۲۔ ارے! - حیف! -

اُلاغ - وہ گھوڑا جس سے ڈاک لانے اور لے جانے کا کام لیتے ہیں۔

اَلاَمان - پناہ بخدا۔

اُلاہنا - گلہ - شکایت۔

اَلبَم - (انگریزی) - تصویروں کی کتاب - مجموعہ تصاویر۔

اَلپَاکا - جنوبی امریکا میں مقام پیرو کے ایک جانور کا اُون اور اس اُون کا بنا ہوا کپڑا - ایک قسم کا کپڑا جو سوتی اور اُونی دونوں طرح کا ہوتا ہے۔

اِلتِفَات - ۱۔ توجہ - مہربانی ۲۔ محبت - اخلاص - مروت ۳۔ نگاہ - دھیان - رغبت کرنا۔

اِلتِمَاس - عرض - گزارش - منت سماجت۔

اِلتِہَاب - ۱۔ شعلگی - آگ کا شعلہ دینا۔ ۲۔ سوزش - حرارت ۳۔ طبیعت کا اشتعال - غصّہ۔

اِلتِیَام - ۱۔ پیوستگی - اتصال - جڑنا - ۲۔ اندمال ۳۔ اصلاح حال - درستی۔

اُلٹا تَوا - نہایت سیاہ فام - بے حد کالا - کالا کلوٹا۔

اُلٹا چُور کوتوال کو ڈانٹے - (مثل) مجرم یا ملازم کا بے گناہ یا مظلوم کو دبانا - قصور کرکے اکڑنا۔

اُلٹا ہاتھ - مراداً حقیر، کم تر۔

اُلٹا ہاتھ مارنا (محاورہ) - حسرت و افسوس ظاہر کرنا۔

اُلٹی آنتیں گلے پڑنا (محاورہ)۔ اُلٹے کسی بلا میں مبتلا ہونا۔ نیکی کا بدلہ بدی ملنا۔

اُلٹی چین۔ حقّے کے نیچے کی بندش کا ایک خاص طریقہ جس میں کپڑے کو اندر کی طرف مروڑتے ہیں اور مروڑی مکمّل ہونے پر تاگا اس طرح لپیٹتے ہیں کہ وہ مروڑی کے نیچے دبا رہتا ہے (اس بندش کا نیچا بہت مضبوط ہوتا ہے)۔

اُلٹی گنگا بہانا۔ (محاورہ) خلافِ دستور بات کرنا۔ رسم و رواج کے خلاف کوئی کام کرنا۔ حقیقت کے برعکس۔

اُلٹے اُسترے سے مُونڈنا۔ (محاورہ)۔ ذلیل کرنا۔ ذلت کے لیے سخت سزا دینا۔

اُلٹے پاؤں پھرنا۔ (محاورہ)۔ فوراً واپس ہونا۔ آنے کے بعد فوراً پلٹ پڑنا۔ واپس ہو جانا۔

اَلجُوع۔ ہائے بھوک۔ بھوک کی شدت۔ (شدید بھوک کے وقت کھانا طلب کرنے کے لیے صدا)۔

اِلحاح۔ گڑگڑانا۔ منت کرنا۔ عاجزی۔ منت سماجت۔

اِلحاق۔ شامل کرنا۔ بشمول۔ ایک چیز یا مُلک کو دوسرے سے مِلانا۔

اَلحَذَر۔ ا۔ خدا بچائے۔ خدا کی پناہ۔ بچے رہو ۲۔ امان طلبی۔ پناہ مانگنا۔ خوف یا بیزاری۔

اَلحَذَر اَلحَذَر۔ خدا کی پناہ خدا کی پناہ۔

اَلحَفِیظ۔ خدا بچائے۔ اللہ حفاظت میں رکھے۔

اَلسٹریٹڈ لنڈن نیوز۔ لندن کا ایک انگریزی جریدہ۔

اَلسِنہ۔ (لسان کی جمع) زبانیں۔ بولیاں۔ (مراداً) علوم۔

اَلسیٹھ (اَلسیٹ)۔ ا۔ دغا۔ فریب۔ بددیانتی یا بے ایمانی ۲۔ تدبیر۔ داؤں پیچ۔ چال۔

اَلشّہیر۔ المعروف۔ المشہور۔

اَلعَطَش۔ ہائے پیاس۔ ہائے پانی۔ پیاس سے دم لبوں پر ہے، جلد پانی دو (شدید تشنگی کے وقت پیاسے کی پکار)۔

اَلغیاث۔ فریاد ہے۔ دہائی ہے۔

اَلف۔ گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا۔

اَلف کے نام بے نہ جاننا۔ (محاورہ) بالکل اَن پڑھ ہونا۔ بے تمیز جاہل ہونا۔

اَلِفتے (الفتا)۔ آوارہ۔ لچا، شہدا، اوباش۔

اَلفَن۔ ا۔ ایک قسم کا خربزہ ۲۔ ایک قسم کی شکل۔ پتنگ۔

اَلقَط۔ کاٹ دینا۔ موقوف کرنا۔ تسلیم نہ کرنا۔ غلط۔ بے کار۔

اَلگَنی۔ وہ ڈوری جو کپڑے لٹکانے

پردہ ڈالنے کے لیے باندھتے ہیں۔
اَللہ اَللہ خیر صَلاح ۔ (اللہ اللہ خیر سلا)۔ (محاورہ) ۱۔ بس اس قدر۔ اس سے زیادہ کچھ نہیں۔ آگے کچھ نہیں۔ کچھ اور نہیں ۲۔ خیر و صلاح سے بگڑکر بنا ہے فراغت ہوئی۔ فرصت ملی۔
اَللہ دے اور بندہ لے ۔ (محاورہ)۔ کسی شے کی فراوانی یا شدت وکثرت ظاہر کرنے کے لیے۔ مترادف۔ بے حد و انتہا۔ بکثرت۔ بے تحاشا وغیرہ۔
اَللہ رے ۔ اف رے تانیث کے محل پر اللہ ری بولتے ہیں۔
اَللہ کی سَنْوار ۔ خدا کی مار۔ پھٹکار۔ اللہ کی طرف سے لعنت (کوسنا یا مہذب بددعا)۔
اَللہ سُوں ۔ اللہ کی قسم۔
اَللہ لگتی کہنا ۔ انصاف کی بات کہنا۔ سچی بات کہنا۔ حق بات کہنا۔
اَللہ میاں کی گائے ۔ بھولا بھالا اور سیدھا آدمی۔
اَللہ میاں کی سَلامتی گانا ۔ حمد و ثنا کا گیت جو رت جگے میں گایا جاتا ہے۔
اُلش ۔ بچا ہوا کھانا۔ جھوٹا کھانا۔
اَلَم ۔ رنج۔ غم۔ دکھ۔ سوگ۔
اَلماری ۔ لکڑی یا لوہے کا ایک کھڑا صندوق جس میں تختے لگاکر خانے بنائے ہوئے ہوتے ہیں۔
اَلْماس ۔ جواہرات میں سب سے اعلیٰ سفید یا کسی اور ہلکے رنگ کا ایک قیمتی پتھر جو کان سے نکلتا ہے اور جو خالص کاربن ہوتا ہے (شیشے اور دوسرے جواہرات کو کاٹ دیتا ہے)۔
اَلَم غَلَم ۔ متفرق سامان۔ ناکارہ اشیائے خوردنی۔
اَلْمَعی ۔ دانش ور۔ بڑا فاضل۔
اَلَم نَشْرَح ۔ کیا ہم نے نہیں کھولا۔ آشکارا۔ مشہور۔
اُلّو بنانا ۔ (محاورہ) چھانسا دینا۔ فریب دے کر کام نکالنا یا لوٹ لینا۔ بے وقوف بنانا۔
اُلّو کا پٹھا ۔ نہایت بے وقوف۔ احمق۔ گدھا۔
اُلّو کی دُم فاختہ ۔ احمق۔ سیدھا سادہ آدمی۔ گھامڑ۔
اَلواح ۔ (جمع لوح کی)۔ ۱۔ تختیاں۔ خوش خطی وغیرہ کے نمونوں کے کتبے۔ ۲۔ قبروں کے پتھر۔ پتھروں پر کھدی یا لکھی ہوئی تحریریں۔
اَلوان ۔ (لون کی جمع) ۱۔ بہت سے رنگ ۲۔ پشمینہ جس پر کام بنا کر اکثر دوشالے یا رومال تیار کرتے ہیں۔
اَلوپ ۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ غائب۔ اوجھل۔ نظر نہ آنے والا۔
اَلوپ اَنجن ۔ ایک سرمہ جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس کو لگا لینے سے آدمی لوگوں کی نظر سے غائب ہو جاتا ہے۔

اَلوَداع ۔ اب رخصت ہوتا ہوں۔ اب تمہیں رخصت کیا۔ اللہ حافظ۔ فی امان اللہ۔

اَلوَند ۔ ہمدان کے قریب مُلک فارس / ایران میں ایک بہت بڑا پہاڑ ہے۔

اُلوہیت ۔ خدائی۔ خداوندی۔

اَلھڑ ۔ کمسن۔ نادان۔ زیادہ تر کم سن لڑکیوں اور سادہ مزاج عورتوں کے لیے مستعمل۔

اَلھڑپَن ۔ نوعمری، کم سنی۔ نادانی۔

اِلہام ۔ وہ بات جو خدا کی طرف سے دل میں ڈالی جائے۔ القا۔ وحی۔

اُلہنا (اُلاہنا) ۔ الزام۔ چھدا۔ تہمت۔ بہتا۔

اَلہیا (اَلہیا) ۔ ایک راگنی کا نام۔ آلھا گانے والا۔

اَلیَق ۔ بہت لائق۔ نہایت / بے حد موزوں۔

اُمُّ الاَمراض ۔ امراض کی ماں۔ بیماریوں کی جڑ۔

اُمُّ الصِّبیان ۔ مسان۔ جھوگا۔ بچوں کی ایک بیماری جس میں عموماً تشنج کا دورہ پڑتا ہے۔

اِمارَت ۔ امیری۔ حکومت۔ سرداری۔

اَمّارہ ۔ ۱۔ کثرت سے حکم دینے والا۔ ۲۔ بدی کی طرف رغبت دلانے والا۔ سرکش۔

اِمام باڑہ ۔ وہ مکان جو خاص طور پر تعزیہ داری کے لیے بنایا جاتا ہے۔ اہلِ تشیع (شیعہ) یہاں واقعاتِ کربلا کے لیے مجلس منعقد کرتے ہیں۔

اِمام ضامن ۔ امام ضامن کے نام کا سکّہ یا کوئی قیمتی چیز جو کپڑے میں لپیٹ کر مسافر یا بیمار کے بازو پر باندھتے ہیں اور جسے منزل پر پہنچ یا صحت یاب ہونے کے بعد نذر نیاز یا کسی خیرات وغیرہ میں صرف کر دیتے ہیں۔

اِمام ضامن کی دُہائی ۔ (امام ضامن کو سونپا)۔ (عو) کسی کے کہیں سفر کرنے کے وقت حفظ و امان میں رہنے کی نظر سے کہتی ہیں کہ جاؤ تمہیں امام ضامن کو سونپا۔ امام ضامن، آٹھویں امام حضرت علی موسیٰ رضا۔

اَمانَت ۔ سُپرد کی ہوئی چیز۔ دیانت داری۔ ایمان داری۔

اَمثال ۔ (مثل کی جمع)۔ کہاوتیں۔ ہم شبیہ۔ ہم صورت۔

اَمرِ مُتنازَع فِیہ ۔ وہ بات جس میں اختلاف ہو۔ جھگڑے والی بات۔ جھگڑے والا کام۔

اَمر و نَہی ۔ بھلائی اور برائی۔

اَمرتی ۔ (جمع امرتیاں) ایک مشہور مٹھائی جو ماش کے آٹے کی بنائی جاتی ہے اور شکل میں جلیبی سے مشابہ ہوتی ہے۔

اَمْرَد ۔ بے داڑھی مونچھ کا نو عمر حسین لڑکا۔ بے ریش۔ کم سن۔

اَمْرَد پَرَستی ۔ لڑکوں سے معاشقہ۔

اَمْرُود ۔ ایک مشہور پھل۔

اَمْرُود حَلوائے بے دُود ۔ امرود بغیر مشقت کا حلوہ ہے۔

اَمْرَیُوں (اَمْرَیّاں) ۔ آم کے درختوں کا باغیچہ۔

اِمْسَاک ۔ ا۔ رکاوٹ۔ بندش۔ رکنا ۲۔ بخل۔ کنجوسی۔

اِمْسَاکِ بَاراں ۔ خشک سالی۔ بارش نہ ہونا۔

اَمْصَار ۔ (جمع مصر کی)۔ (متعدد) شہر۔ بستیاں۔ دیار۔ مُلک۔

اِمْعَان ۔ گہری نظر ڈالنے کا عمل۔ غور۔ تیز فہمی۔

اَمَل ۔ اُمید۔ آس۔ آرزو۔ خواہش۔

اَمْلاک ۔ (مِلک کی جمع)۔ مقبوضات۔ جائیداد۔ مال و متاع۔

اِمْلی ۔ ایک درخت اور اس کا پھل۔ تمرہندی۔

اُمُور ۔ (امر کی جمع)۔ حکم۔ کام۔ معاملہ۔ مسئلہ۔

اُمید و بیم ۔ اُمید اور خوف کے درمیان کی حالت۔ غیر اطمینانی، جس میں طبیعت کو یکسوئی نہ ہو ایسی حالت۔

اَمیرُ البَحر ۔ فوج کے سمندری بیڑے کا افسر اعلیٰ۔

اَن گَڑھ ۔ ناتراشیدہ۔ بدقطع۔ بے ڈول۔ بے ڈھنگا۔

اَن گِنا مَہینا ۔ حمل کا آٹھواں مہینہ۔ آٹھ کا عدد عورتوں کے اعتقاد میں نحس ہوتا ہے اور خیال ہے اٹھوانسا بچہ نہیں جیتا ہے۔

اَنمُول ۔ (اَن مول)۔ بے بہا۔ بہت قیمتی۔

اَن ہَونی ۔ نہ ہونے والی۔ محال۔ ناممکن۔ ناشدنی۔

اِن تِلوں میں تیل نہیں ۔ (محاورہ) بہت بے مروت ہیں۔ پسیجتے نہیں۔ رکھائی کرتے ہیں۔ اثر قبول نہیں کرتے۔

اِن نَینُوں کا یہی بِسیکھ وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ ۔ زمانہ بدلتا رہتا ہے، آنکھیں جو کچھ دکھائیں دیکھنا پڑتا ہے کبھی سُکھ ہے کبھی دکھ ہے۔ دُنیا کا یہی نیرنگ ہے اچھے دن دیکھے اب بُرے دن بھی دیکھ۔

اَنَابِیبُ الشَّعری / اَنَابِیبِ شَعری ۔ ا۔ ایک کشش جس کی وجہ سے پانی باریک نالیوں میں خود بخود چڑھ جاتا ہے ۲۔ بال جیسی باریک نالیاں، بال جیسے باریک سوراخ ۳۔ وہ خاصیت جس کے ذریعے مائعات اپنی سطح سے اونچے چڑھ

جاتے ہیں جیسے تیل بتی ہیں۔

اَتّا ۔ وہ عورت جو بچوں کو دودھ پلانے کے لیے نوکر رکھی جاتی ہے۔

اَناپ شَناپ ۔ اندھا دھند ۔ اوٹ پٹانگ۔

اِناث ۔ عورتیں ۔ ذکور کی ضد۔

اَنار ۔ انار کی قطع کی آتش بازی ۔ ایک مشہور میوہ ہے جنگلی، بُستانی، دیسی، ولایتی دانے دار اور بے دانہ ہوتا ہے۔

اَناڑی ۔ بے سلیقہ ۔ ناتجربہ کار۔ انجان ۔ ناسمجھ۔

اَنام ۔ مخلوقات ۔ موجودات۔

اَنانیت ۔ خود پسندی ۔ خود بینی۔ خودداری۔

اَنباز ۔ شریک ۔ ساجھی۔

اِنبساط ۔ ۱۔ شادمانی ۔ سرور ۲۔ کُشادگی ۔ پھیلاؤ۔

اَنبوہِ کثیر ۔ بڑا گروہ ۔ بڑا ہجوم۔ بڑی بھیڑ۔

اَنبہ ۔ آم کا درخت ۔ آم کا پھل۔

اِنتشار ۔ ۱۔ پھیلنا ۔ پراگندہ ہونا۔ ۲۔ پریشانی ۔ گھبراہٹ ۔ ۳۔ شہوت۔ خیزش ۔ خیزی۔

اِنتما ۔ بڑھنا ۔ پھولنا ۔ افزوں ہونا۔ منسوب ہونا۔

اِنتساب ۔ ۱۔ منسوب کرنا ۔ کسی سے نسبت دینا ۔ ۲۔ لگاؤ ۔ تعلق ۔ نسبت۔

اِنتقام ۔ ۱۔ بدلہ لینا ۔ عوض لینا ۲۔ بدلہ ۔ پاداش۔

اَنتی ۔ کان کا ایک زیور جو چھوٹی بالی کی وضع کا ہوتا ہے۔

اَنٹا چت ۔ ۱۔ بے ہوش، غافل، بے ہوش ۔ بے خبر ۲۔ کھیل میں کوڑی کا پیٹ کے بل گرنا ۔ ۳۔ سب کچھ ہارا ہوا ۔ بدقسمت۔

اَنٹا غفیل ہو گئے ۔ اصل میں شہدوں کی اصطلاح ہے ۔ ظرافت سے اور لوگ بھی بول جاتے ہیں، انٹا غفیل ہیں، نشے میں چور ہیں، بدمست ہیں۔

اَنٹ سَنٹ ۔ اوٹ پٹانگ ۔ مہمل ۔ لغو۔

اَنٹی ۔ (انٹیاں)۔ کان کی لَو میں پہننے کا سونے کا سادہ یا جڑاؤ بالی نما بنا ہوا سونے کا حلقہ۔

اَنٹی ۔ (گرہ)۔ سوت یا ریشم کی لچھی ۔ وہ لکڑی جس پر سوت چڑھاتے ہیں۔

اَنٹی دینا (محاورہ)۔ حریف کی گردن میں ہاتھ ڈال کر اُٹھا لینا ۔ گردن ناپنا۔

اِنجر پنجر ۔ آدمی کا عضو عضو اور ہر چیز کا جزو جزو (تھکنے کا مفہوم) اعضا ۔ ہڈی پسلی۔

اِنجر پنجر اَلگ کر دیئے ۔ (محاورہ) یعنی ہڈی پسلی توڑ دینا۔

اِنجر پنجر ڈھیلے کر دینا۔ (محاورہ)۔ مضمحل کر دیا۔ اعضا کو تھکا دینا۔

اِنجلا۔ روشن ہونا۔ وطن سے جانا۔

اِنجینئر۔ تعمیرات کی مشینوں کا ماہر۔

اَنچھی۔ وہ نلکی جس میں افیون بھر کر دم لگایا جاتا ہے۔ چانڈو بازوں کے حقے کا نیچا۔

اِندارا۔ بہت بڑا پختہ کنواں جس میں اکثر توا دیا جاتا ہے۔ بڑا اور پختہ کنواں جس کے گرد من بنی ہوئی ہو۔

اِندر کا اکھاڑا۔ راجا اندر کی سبھا جس میں حسین پریاں ناچتی تھیں۔ (کنایتہً) خوب صورت عورتوں کا مجمع، جہاں ارباب نشاط اور حسینوں کا جمگھٹا ہو۔

اِندر سبھا۔ (ہندو صنمیات)۔ راجا اندر کا روایتی دربار جہاں پریاں ناچتی تھیں۔ راجا اندر کے دربار کا تمثیلی پریوں کا ناچ جو ڈرامے کے طور پر اسٹیج کیا جاتا ہے۔

اَندر والا۔ مراد دل۔

اَندھا جب پتیائے جب آنکھیں پائے۔ (مثل)۔ کام ہو جائے تو جانیں۔ غرض مند کو جب اطمینان ہو کہ اس کی غرض پوری ہو جائے۔

اَندھا کنواں۔ ۱۔ خشک اور تاریک کنواں ۲۔ بچوں کا ایک کھیل جو شطرنج کی طرح چار کنکریوں سے کھیلا جاتا ہے۔

اَندھیرا پاکھ / پاک۔ مہینے کا آخری پندرھواڑا جس میں چاند گھٹتا چلا جاتا ہے۔ اجالا پاکھ کی ضد۔

اَندھیاری۔ (اندھیری)۔ ۱۔ تاریکی۔ سیاہی ۲۔ تاریک۔ سیاہ۔ ۳۔ چمڑے یا کپڑے کا وہ پردہ جو شریر گھوڑے کی آنکھوں پر باندھتے ہیں۔

اَندھیر نگری۔ وہ بستی جہاں کھوٹے کھرے اور برے بھلے میں تمیز نہ ہو۔ جاہلوں یا بے وقوفوں کا خطہ۔ ظالموں اور نا منصفوں کا راج۔

اَندھیر نگری چوپٹ راجا، ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا۔ (مثل) جہاں بادشاہ یا حاکم کی غفلت اور بے عنوانیوں سے اندھا دھند اور بدنظمی پھیلی ہو وہاں کی نسبت کہتے ہیں کہ ساگ اور کھاجا ایک بھاؤ بکتے ہیں، اعلیٰ و ادنیٰ، نیک و بد کی تمیز نہیں ہوتی۔

اَندھیرے اُجالے۔ وقت بے وقت۔ دیر سویر۔

اَنڈر سیکرٹری آف اسٹیٹ فار انڈیا۔ برطانوی دور کا ایک عہدہ جس میں ہندوستان کے جملہ انتظامی امور کی دیکھ بھال

ہوتی تھی۔

اَنڈُوا ۔ ۱۔ ایک قسم کا لباس جو بانس کے حلقے پر لچکا گوٹا لگا کر بناتے ہیں اور مرد اور عورتیں بازو اور سر پر باندھتی ہیں ۲۔ بان یا پُرانے کپڑے کا حلقہ جو بوجھ اُٹھانے کے لیے سر پر رکھتے ہیں۔

اِنسپکٹر ۔ معائنہ کرنے والا ۔ نگران ۔

اِنسپکٹر پولیس (انسپکٹر آف پولیس)۔ پولیس کا معائنہ کرنے والا افسر۔

اَندھے کے آگے رونا اپنی آنکھیں کھونا ۔ (مثل) نا اہل کی نصیحت کارگر نہیں ہوتی ۲۔ ایسے شخص کے پاس درخواست لے جانے کا کوئی فائدہ نہیں جو سُنے ہی نہیں۔

اِنزِجار ۔ ہٹ جانا ۔ پلٹ جانا ۔

اِنسانیت ۔ آدمیت ۔ عقل ۔ شعور ۔ تمیز ۔

اَنسَب ۔ زیادہ مناسب ۔ بہت ٹھیک ۔

اِنسی ۔ چانڈو کا گُل ۔

اِنشِراح ۔ ۱۔ کھلنا ۔ کشادہ ہونا ۔ ۲۔ فرحت ۔ مسرت ۔

اِنصِرام ۔ ۱۔ بندوبست ۔ اہتمام ۔ انتظام ۲۔ سرانجام ۔ تکمیل ۔

اِنضِمام ۔ ملنا ۔ پیوند ہونا ۔ وصل ہونا ۔ فراہم ہونا ۔

اِنعِقاد ۔ ۱۔ بندھنا ۔ منعقد ہونا ۔ برپا ہونا ۲۔ اجتماع ۔ عقد ۔ قیام ۔

اَنفاس ۔ (جمع نَفَس کی) سانس ۔ دم ۔

اِنفاق ۔ خرچ کرنا ۔

اِنفِراغ ۔ ۱۔ فراغت ۔ فارغ ہونا ۔ ۲۔ (مجازاً) فارغ البالی ۔ خوش حالی ۔ بے فکری ۔

اِنفِصال ۔ ۱۔ فیصلہ ہونا ۔ جُدا ہونا ۔ فیصلہ ۔ جُدائی ۔

اِنفِعال ۔ ۱۔ تاثر ۔ اثر پذیری ۲۔ منفعل ہونے کی کیفیت ۔ شرمندگی ۔ خجالت ۔

اِنقِباض ۔ ناشگفتگی ۔ تکدر ۔ کوفت ۔ انبساط کی ضد ۔

اِنقِیاد ۔ اطاعت ۔ فرماں برداری ۔

اِنکساری ۔ (انکسار) (عوام) خاکساری ۔ عاجزی ۔ انکسار ۔

اَنگ ۔ جوڑ ۔ عضو ۔ تمام جسم ۔ سارا بدن ۔

اَنگ لگنا (محاورہ)۔ ۱۔ غذا کا جزو بدن ہو جانا ۲۔ حاصل ہونا ۔ ہاتھ آنا ۔

اَنگرکھا ۔ اچکن کی وضع کا ایک برکا لباس جسے گھنڈی کے ذریعے گلے کے پاس جوڑ دیتے ہیں (گرمی میں پہننے کا اکہرا اور جاڑے میں دوہرا روئی دار)۔

اِنگریزیت ۔ فرنگیت ۔ صاحبیت ۔

اَنگڑ کھنگڑ ۔ (انگڑ کھنگڑ)۔ گھر کا ردی سامان ۔ غیر ضروری سامان ۔

کاٹھ کباڑ۔
اُنگُشت نُما ۔ وہ شخص جس پر انگلیاں اٹھیں۔ بدنام۔ رسوا۔
اِنگلش مین ۔ انگریز۔ فرنگی۔
اُنگلیاں اُٹھنا ۔ (محاورہ)۔ اشارہ ہونا۔ رسوا شخص کی طرف اشارہ۔ نمائشی چیز کی طرف اشارہ ہونا۔
اُنگلیوں پر نَچانا ۔ اُلو بنا کر جو چاہنا کرانا۔ مذاق اُڑانا۔ ہنسی اُڑانا۔ بے وقوف بنانا۔ ذلیل کرنا۔
اَنگُور ۔ ۱۔ نام میوہ ۲۔ (مجازاً) صحت یاب ہوتے ہوئے زخم یا داغ کا سرخ تنا ہوا دانہ دار گوشت جو سوکھ کر کھرنڈ کہلاتا ہے۔ زخم کا پیوند۔ اندمال۔ بھراؤ۔
اَنگُور کھٹّے ہیں ۔ (مثل) کسی چیز کے حصول میں ناکامی ہو تو کھسیانا پن مٹانے کے لیے اس چیز میں عیب نکالنا۔
اَنگُوزہ ۔ ہینگ۔ حلتیت۔
اَنَنّاس ۔ ایک مشہور پھل جو خربوزے سے چھوٹا ہوتا۔ شکل میں لمبوترا ذائقہ میں ترش و شیریں اور خوشبودار ہوتا ہے۔
اَنَنْت ۔ (الف) صفت۔ بے حد۔ بے انتہا۔ ابدی۔ لازوال (ب) ۱۔ ہندو روایات کے مطابق وہ ناگ جو زمین کو سر پر اُٹھائے ہوئے ہے۔ ۲۔ وہ چودہ گرہ کا ڈورا جو ہندو بھادوں کی چودہ تاریخ کو بازوؤں پر باندھتے ہیں۔
اَنوٹ ۔ چھلّے کی قسم سے پیر کے انگوٹھے میں پہننے کا گنوار و زیور جو عموماً معمولی چاندی یا پیتل اور کانسی کا بنایا جاتا ہے اس میں اوپر کی طرف انگوٹھے کی لمبان چوڑان کے برابر بیضوی شکل کا منقش کھپرا سا جڑا ہوتا ہے جو انگوٹھے کو اُوپر سے ڈھک لیتا ہے۔
اَنُوکھی ۔ انوکھی۔ عجیب۔
اَنہار ۔ (نہر کی جمع)۔ دریائی شاخ۔ آب جو۔ پانی کی بڑی نالی جو آب پاشی کے لیے کھودتے ہیں۔
اَنی ۔ نیزے کی نوک۔ سنان۔ بھال (مجازاً) چھونک۔ چوٹ۔
اَنی کی چُوٹ ۔ سامنے کی سیدھی چوٹ۔
اِنّی و لِمّی ۔ اِنّی۔ دلیل کی وہ قسم جس میں معلول سے علّت کی طرف استدلال کرتے ہیں۔ دلیل پیش کر کے نتیجہ نکالنا۔ لِمّی۔ دلیل کی وہ قسم جس میں علّت سے معلول کی طرف استدلال کیا جاتا ہے۔ نتیجے سے دلیل تک پہنچنا۔ یہ منطق کی اصطلاحیں ہیں۔
اِنہیں گنوں تو ران ڈھاڑوں کی پہنچے ۔ اسی وجہ سے تو یہ حالت ہے۔ اسی سبب سے یہ دن دیکھنا پڑا۔
اَنِیس ۔ انس رکھنے والا۔ دوست۔

ہم دم۔

اَنیق ۔ نہایت خوب۔ عجیب وغریب۔ خوش نما۔

اَنیقہ ۔ نادر۔ خوش آئند۔ عمدہ۔

اَنیلاَ ۔ (مؤنث کے لیے انیلی)۔ نا آزمودہ کار۔ ناواقف۔ ناتجربہ کار۔ نادان۔

اَوباش ۔ (بوش کی جمع)۔ آوارہ۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ (فارسی اور اُردو میں بطور واحد بھی مستعمل)۔

اَوباشی ۔ آوارگی۔ بدمعاشی۔ بدچلنی۔

اُوپچی (اُپچی) ۔ بانکا سپاہی۔ ہتھیار بند۔ مسلح۔

اُوپیم ۔ (انگریزی)۔ افیون۔ افیم۔

اَوتار ۔ رشی۔ مُنی۔ مہاتما۔ (طنزیہ) بدخصلت۔ شریر۔ شیطان (مجازاً) عمدہ۔ نفیس۔ بے مثل۔ اعلیٰ درجے کا۔

اُوٹ ۔ آڑ۔ پردہ۔

اُوٹ پٹانگ ۔ مہمل۔ واہیات۔ لغو۔ بے معنی۔

اَوج ۔ بلندی۔ اونچائی۔ رُتبہ۔ عروج۔ ترقی۔

اُوجھا ۔ ۱۔ قلم ۲۔ نجومی۔ رمال۔ جادوگر ۳۔ جھاڑ پھونک کرنے والا۔ ۴۔ مداری۔ شعبدہ باز ۵۔ برہمنوں کی ایک قسم یا گوت۔

اُوچھا ۔ ۱۔ کم ظرف۔ کمینہ ۲۔ ادھورا۔ ہلکا۔ اچٹتا ہوا۔

اُوچھاپن ۔ کم ظرفی۔ کمینگی۔

اُوچھے کے گھر تیتر باہر رکھوں کہ بھیتر ۔ (مثل) اوچھے کے ہاتھ کوئی چیز لگے تو بہت اتراتا ہے اور سب کو دکھاتا پھرتا ہے۔

اُودا ۔ سیاہی مائل بسرخی رنگ کا نام۔ بینگنی۔

اُودی اُودی گھٹا ۔ سُرخی مائل سیاہ رنگ کی گھٹا۔

اُودے ۔ نمودار۔ ظاہر۔ طلوع (ق)۔

اُوریب ۔ ۱۔ آڑا۔ ترچھا۔ محرف۔ ۲۔ آڑی تراش کا (کرتہ، پاجامہ وغیرہ) ۳۔ مکر۔ فریب۔ دھوکا۔

اُوآئی سی ۔ (انگریزی)۔ اچھا میں سمجھا۔ اب میرے خیال میں آیا۔

اُورچھور ۔ ابتدا و انتہا۔ آغاز و انجام۔

اُورنہ چھور ۔ نہ شروع نہ اخیر۔ شیطان کی آنت۔

اُورینٹل ۔ مشرق سے متعلق۔ مشرقی۔

اُوس ۔ شبنم۔ پانی کی وہ بوندیں جو رات کو گرتی ہیں۔

اُوس پڑنا ۔ (محاورہ)۔ اوس گرنا۔ ۲۔ مُرجھانا۔ اُداسی چھانا۔ بے رونقی ہونا۔ جوش ختم ہونا ۳۔ شرمندہ ہونا۔ ۴۔ افسردہ ہونا۔ ٹھٹھرنا۔

اَوسان خطا ہونا ۔ حواس بجانہ

رہنا۔ جوش جاتا رہنا۔
اَدْ ٹْنا ۔ اونٹ ۔ شتر۔
اَدْقِیَا نُوس ۔ بحر ظلمات ۔ اطلانتک۔
اُدْکھ (اوک)۔ گنا۔ پونڈا۔ نیشکر۔
اُدْکھ لگا کر بیٹھ گیا ۔ سہارا لے کر بیٹھ گیا۔ ٹیک لگا کر بیٹھ جانا۔ (ق)۔
اَدْکھی ۔ بے جا بے موقع بُری بات یا چبھتی ہوئی بات ۔
اُدْکھلی ۔ ہاون ۔ لکڑی یا پتھر کی بڑی کونڈی جس میں غلّہ وغیرہ موسل سے کوٹتے ہیں ۔
اُدْکھلی میں سر دِیا تو مُوسلوں (دَھمکوں) سے ڈرنا کیسا ۔ (مثل)۔ جب خود کو خطرے میں ڈال دیا پھر نتائج کی کیا فکر۔ جب دانستہ خطرہ مول لیا تو پیش آنے والے مصائب کی کیا پروا۔
اَدْگی ۔ چوبی جوتی کا پتا۔
اُول جلُول ۔ بر ے بھلے، بے ترتیب۔ اناپ شناپ ۔ بے قرینہ ۔ بدسلیقہ۔ بے ڈھنگا۔
اَول فَول ۔ لغو۔ سخت سست۔ بےہودہ۔ فحش۔
اُولِی الْاَبْصَار ۔ صاحبانِ نظر۔ بصیرت رکھنے والے۔ دانا۔ آنکھوں والے۔
اُولُوالْاَلْبَاب ۔ صاحبانِ عقل۔ عقل رکھنے والے۔ دانا۔

اُولُوالْعَزْمِی ۔ ہمّت ۔ جرأت ۔ استقلال۔
اُونٹا ۔ گرم۔ جوش دیا ہوا۔
اُونٹنا ۔ (اوٹنا) ۔ جوش کھانا۔ کھولنا۔ جوش میں آنا۔
اُونٹ کس کروٹ بیٹھے ۔ (مثل) ۔ ایسے معاملے کی نسبت مستعمل جس کا انجام معلوم نہ ہو دیکھیے کیا ظہور میں آئے ۔ کیا نتیجہ برآمد ہو۔
اُونٹ کی چوری نِہوڑے نِہوڑے (مثل)۔ اس جگہ کہتے ہیں جہاں کوئی شخص ایسی بُرائی کرکے چھپانا چاہے جو چھپ نہ سکتی ہو۔
اُونچی دُکان پھیکا پکوان ۔ (مثل) ۔ نام اور شہرت زیادہ کام اور حقیقت کم ۔ نام بڑا درشن تھوڑے ۔
اَونے پَونے ۔ کم قیمت پر۔ سستے داموں ۔
اَونے پَونے کرنا ۔ (محاورہ)۔ سستے داموں بیچنا ۔ کم قیمت پر فروخت کرنا۔
اَوہَام (وہم کی جمع) ۔ وسواس ۔ اندیشہ ۔ خیال ۔ ڈر۔
اَہَالِی مَوَالِی ۔ (اہل اور مولیٰ کی جمع) ۔ یار دوست ۔ مصاحب ۔ کارکن ۔ نوکر چاکر ۔ امیر و غریب ۔

امرا و وزرا۔

اِہتزاز ۔ فرحت ۔ شگفتگی ۔ وجد کی کیفیت ۔

اِہراق ۔ ٹھنڈا کرنا ۔ فرو کرنا ۔ بجھانا ۔

اَہلِ تسنّن ۔ اہل سنّت و الجماعت لوگ ۔

اَہلکار ۔ کارکن ۔ کارندہ ، سرکاری ملازم ۔ عدالتوں اور دفتروں کے منشی ۔ کلرک ۔

اَہلی گہلی ۔ (اہلے گہلے پھرنا) ۔ اترانے پھرنا ۔ خوشی اور بے فکری میں ناز کرتے پھرنا ۔ خوش فعلیاں کرتے پھرنا ۔

اَہنکار ۔ غرور ۔ گھمنڈ ۔

اَہیرن ۔ (اہیرنی ۔ اہیر کی تانیث) گوالا ۔ گوجر ۔ گھوسی ۔ ہندوؤں میں ایک نیچ قوم کے لوگ جو گائے بھینس پالتے اور دودھ بیچتے ہیں ۔

اَیاغ ۔ (ایاق) ۔ پیمانہ ۔ شراب کا پیالہ ۔

اِیجاب و قبول ۔ شادی کے موقع پر مرد اور عورت کا آپس میں ایک دوسرے کو قبول کرنا ۔

اِیجاد ۔ اختراع ۔ نئی چیز بنانا ۔ کوئی چیز پیدا کرنا ۔

اَیجنٹ ۔ گماشتہ ۔ آڑھتی ۔ قائم مقام ۔

اَیڈریس ۔ سپاس نامہ ۔ خطاب ۔

اَیڈوکیٹ جنرل ۔ عدالت عالیہ کے وکیل سرکاری کا عہدہ ۔

اَیڈوکیشنل ۔ (ایجوکیشنل) ۔ تعلیمی ۔

اِیراد ۔ اعتراض ۔ الزام ۔

اَیرے غیرے ۔ اجنبی ۔ بے واسطہ ۔ بے گانے لوگ ۔

اَیرا غیرا نتھو خیرا ۔ اجنبی لوگ ۔ کم حقیقت ۔ معمولی حیثیت کے لوگ ۔

اَیرے غیرے پچ کلیان ۔ (علم الفقہ) ۔ اغیار ۔ مفت خورے ۔

اَیڑ لگانا ۔ گھوڑے کو تیز کرنے کے لیے پاؤں سے اشارہ کرنا ۔ مہمیز لگانا ۔

اَیڑی چوٹی پر قربان کرنا ۔ (محاورہ) کبھی غصّے اور کبھی نفرت یا حقارت سے اپنے مقابل یا اپنے محبوب کے سامنے کچھ حیثیت نہ سمجھنا ، اس قابل سمجھنا کہ اسے قربان کر دیا جائے ۔

اَیڑیاں رگڑنا ۔ (محاورہ) ۔ نہایت مصیبت اور تکلیف میں زندگی کاٹنا ۔

ایزدِ متعال ۔ خدائے بزرگ و برتر ۔ اللہ بلند و بالا ۔

اَیسا ویسا ۔ ناکارہ ۔ ناچیز ۔ برا بھلا ۔ گھٹیا ۔ بے حقیقت ۔

اَیسی تیسی میں ۔ ہمیں کیا غرض ۔ جو ہو سو ہو ۔ بھاڑ میں جائے ۔

اِیشیا ۔ ایک براعظم جو دنیا کا سب

سے بڑا بر اعظم ہے۔ اس کے مشرق میں بحر الکاہل، شمال میں بحرِ منجمد شمالی، جنوب میں بحرِ ہند، مغرب بحیرۂ روم۔ ہندو پاکستان اس براعظم میں واقع ہیں۔

اِیفا - ۱۔ پورا کرنا۔ سرانجام دینا ۲۔ تباہ۔ انجام دہی۔

ایک آنکھ سے دیکھنا (محاورہ)۔ سب کو یکساں دیکھنا۔ اپنے برائے کا فرق نہ کرنا۔ انصاف پسند ہونا۔

ایک آنکھ بھوانی کے بھینٹ کرے - ایک آنکھ پھوٹ جانا۔ کانا ہوجانا۔

ایک اَنگور صد زَنبور - (مثل)۔ چیز ایک اور طالب بہت۔ چیز تھوڑی اور حاجت مند بہت۔ ایک انار سو بیمار تقریباً اسی مفہوم و معنی میں مستعمل ہے۔

ایک تو کڑوا کریلا دُوسرا نیم چڑھا - (کہاوت) ایک تو برے تھے ہی دوسرے اور بھی برائی کے اسباب پیدا ہو گئے۔

ایک جان دُو قالب - آپس میں بہت خلوص رکھنے والے۔ دیکھنے میں دو مگر اتحاد کے اعتبار سے ایک۔

ایک دَنتا - (اک دنتا)۔ ہاتھی کی ایک قسم۔

ایک دو تین لا بوجھ کر چھین - (گنجفہ کی اصطلاح) گنجفے کے کھیل میں جب بوجھ کا وقت آتا ہے تو ایک کھلاڑی پتوں کو اچھی طرح پھینٹ کے حریف کے گرد اپنے ہاتھ کو جس میں پتے ہوتے ہیں گردش دیتا ہے اور یہ فقرہ کہتا جاتا ہے۔

ایک لکڑ یا بانسے کی کانی آنکھ تماشے کی - (بول، تُک)۔ آوارہ گرد لڑکے جب اپنے کسی ہم سِن کو جو کانا یا لے پالک ہو چھیڑتے ہیں اس وقت یہ بول طنزیہ استعمال کرتے ہیں۔

ایک مچھلی سارے تالاب کو گندہ کرتی ہے - (مثل) ایک نالائق سارے خاندان کو بدنام کر دیتا ہے۔ ایک بُرا آدمی ساری قوم کو بدنام کر دیتا ہے۔ جماعت میں ایک شخص خراب ہو تو پوری جماعت بدنام ہوتی ہے۔

ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی - (مثل) محبت یا عداوت ایک طرف سے نہیں ہوتی۔

ایک ہی تھیلی کے چٹّے بٹّے - (محاورہ) ایک آوے کے برتن ہیں۔ سب ایک ہی ہونا۔ ایک ہی گھرانے کے ہونا۔

ایک ہی چھٹی ہونا - چالاک چرباک ہونا۔

اِیکا - میل۔ اتفاق۔ اتحاد۔ یک جہتی۔

اَیکٹ - (انگریزی)۔ قانون۔ ضابطہ۔
اَیمن - ایک راگ یا راگنی کا نام ، جدید تقسیم کے مطابق کلیان ٹھاٹھ کا سمپورن راگ جو سرشام گایا جاتا ہے۔ عام روایت کے مطابق امیر خسرو کی ایجاد ہے۔
اِینٹ کی عَینک لگانا (محاورہ) جب کسی کو کوئی چیز اچھی طرح نظر نہ آئے تو مذاقاً کہتے ہیں۔
اَینٹھ - ۱۔ بل۔ پیچ۔ مروڑ۔ اکڑ۔ ۲۔ شیخی۔ نخوت۔ تکبر۔ غرور۔ ناراضگی۔
اَینٹھا سنگھ - اس روایتی بندر کا نام جو بندریا سے بات بات پر روٹھتا اور لڑتا ہو (مجازاً) ہر وہ شخص جس میں یہ وصف پایا جاتا ہو۔
اَینٹھنا - ۱۔ اکڑنا۔ روٹھنا۔ غصہ ہونا۔ ۲۔ چھین لینا۔ دبا بیٹھنا ۳۔ دم دے کر لے لینا۔ دھوکے سے ہتھیا لینا۔
اِینٹی چِینٹی - کسی مقام کے جملہ چھوٹے بڑے اشخاص۔
اَینڈا بَینڈا - اُلٹا سیدھا۔ بے ہودہ۔ ناشائستہ۔
اَیوان - ۱۔ محل۔ مکان۔ قصر ۲۔ وہ مجلس جو قوانین بنائے (اسمبلی)۔
اَیوبؑ - (حضرت)۔ بنی اسرائیل کے ایک پیغمبر کا نام جو طرح طرح کے سخت مصائب اور امراض کے امتحانات میں مبتلا ہوئے اور ہر مرحلے میں صبر کیا۔ (قرآن پاک) میں ان کے صبر کی تعریف کی گئی ہے۔

ب

باہمہ و بے ہمہ - ۱۔ سب کے ساتھ اور سب سے الگ ، ایسا شخص جو علائق دنیوی سے دل نہ لگائے ، دنیا کی مکروہات سے دُور ، آزاد۔ ۲۔ خدا تعالیٰ کی صفت جو قریب ہونے کے باوجود سب سے بے نیاز ہے۔ ایسے شخص کے لیے کہتے ہیں ، جو سب سے مَیل جول رکھے اور لڑائی جھگڑے سے الگ رہے۔
بابا راج - باپ کی حکومت۔ باپ کی حکمرانی کا زمانہ۔
بابا کا مول - بے حد گراں۔ بہت ہی مہنگا۔
بَابُل (بَابِل) - عراق قدیم کا ایک شہر جو دریائے فرات کے کنارے کوفہ کے قریب نمرود کا آباد کردہ تھا جس کے کھنڈرات اب موجودہ بغداد سے ۶۰ میل جانب جنوب پائے جاتے ہیں۔ سکندر اعظم یونان ہندوستان سے واپس جاتے ہوئے اس شہر میں فوت ہوا تھا۔
بَابَن - باریک فیتا۔ بہت باریک۔

بنی ہوئی ڈوری جو کپڑوں میں لگائی جاتی ہے۔ سلائی کی مشین کی گھرنی جس پر دھاگا لپیٹا جاتا ہے۔

باپ نہ مارے پدڑی بیٹا تیر انداز ۔ (مثل)۔ اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو اپنے خاندان سے زیادہ فخریہ دعویٰ کرے، جب کسی سے ایسا کام بن پڑے جو اس کے مرتبے درجے اور حیثیت سے بالا ہو، یا کوئی شخص ایسے کام کی جرأت کرے جو اس کے خاندان میں کسی نے نہ کیا ہو، یا ایسا ہنر سیکھے جو اس کے باپ دادا نے نہ سیکھا ہو تو بھی یہ مثل طنزاً بولتے ہیں۔

بات کا بتنگڑ بنانا ۔ (محاورہ) کسی سے سیدھی بات میں جھگڑا پیدا کرنا۔ چھوٹی سی بات کو بڑھانا۔ معاملے کو طول دینا۔ بہت بڑھا کر مشہور کرنا۔

بات کی بات میں ۔ فوراً۔ آناً فاناً۔

باتیں بنانا ۔ (محاورہ)۔ ۱۔ جھوٹ بولنا۔ حیلہ بہانہ کرنا۔ ۲۔ خوشامد کرنا ۳۔ معذرت کرنا ۴۔ الزام رکھنا۔

باتھ رُوم ۔ (انگریزی)۔ غسل خانہ۔ نہانے کا کمرہ۔

باٹ ۔ راستہ۔ راہ۔ سڑک۔

باٹری ۔ (انگریزی) ۱۔ پیادوں کا دستہ جس کے ساتھ توپ خانہ ہو۔ توپ خانہ ۲۔ توپوں کے نصب کرنے کی جگہ۔

باج ۔ زمین کا محصول۔ لگان۔ خراج۔

باجپئی ۔ برہمنوں کی ایک گوت۔ اس گوت کا فرد۔

باجی ۔ بڑی بہن۔ آپا۔

باچھیں کھِلنا ۔ (محاورہ)۔ بے حد خوش ہونا۔ خوشی میں بہت زیادہ ہنسنا۔

بادِ بہاری ۔ وہ سُبک رفتار ہوا جو بہار کے موسم میں چلتی اور اس کے اثر سے اُمنگیں اور نشو ونما کی طاقتیں از سرِ نو زندہ ہو جاتی ہیں۔

بادپا ۔ تیز قدم۔ ہوا کی طرح تیز چلنے والا گھوڑا۔

بادِ شُرط ۔ جہاز رانوں کی اصطلاح میں وہ ہوا جو جہاز کے موافق ہو۔ موافق ہوا۔

بادْلہ (بادلا) ۔ ۱۔ سونے چاندی کے چپٹے تار جو گوٹا بننے اور کلا بتوں بٹنے کے کام آتے ہیں ۲۔ زری کا کپڑا جو ریشم اور چاندی کے تاروں سے بنا جاتا ہے۔ زربفت۔ تمامی۔ زری۔

بادی چُور ۔ نہایت شریر اور بد ذات چور۔ مشّاق چور۔ دزدِ کامل۔

بادِیہ ۔ تانبے پیتل وغیرہ کا ایک بڑا پیالہ۔

بادہ گُسار ۔ شرابی۔ مے خوار۔

بادہ گُساری ۔ شراب نوشی۔ شراب خواری۔

بادیہ پیمائی - جنگل میں پھرنا - جنگل ناپنا -

باذِل - خرچ کرنے والا - سخی -

بار بَرداری - ۱- سامان لے جانے کے ذرائع، چوپائے، گاڑی، چھکڑے، ٹرک، ریل گاڑی ۲- مزدور - جانور ۳- چھکڑوں اور جانوروں وغیرہ کا کرایہ ۴- لے جانے والا اسباب - سامان -

بارِد - سرد - ٹھنڈا -

بار گیر - بوجھ اٹھانے والا جانور - سائیس - وہ سوار جس کا ذاتی گھوڑا نہ ہو -

بارِ منّت - احسان کا بوجھ - احسان مند ہونا (ق) -

بَاران کوٹ (بارانی کوٹ) - وہ کوٹ جو بارش سے بچنے کے لیے کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے (عموماً مومی کپڑے کا) - بارانی -

بارانی - ۱- باراں (بارش) پر منحصر ۲- وہ زمین جو صرف بارش سے سیراب ہوتی ہو ۳- برسنے والا -

بارْتَنگ - ۱- اکیلا ۲- ایک دوا کا نام جس کے پتے بکری کی زبان سے مشابہ ہوتے ہیں - خوب کلاں -

بارِقہ - بجلی - تلوار - چمکنے والا - چمکتا ہوا -

بارَن - دفاع - ڈاک - مخالفت - خادمہ - اسلحہ - ہاتھی -

بارْنِش (عوام) (صحیح وارنش) - لُک - روغن - مرکب جو لکڑی وغیرہ پر کیا جاتا ہے -

بارہ باٹ کرنا - (محاورہ) - بکھیرنا - تتر بتر کرنا - برباد کرنا - ضائع کرنا -

بارہ برس دِلّی میں رہے اور مگر بھاڑ جھونکا (رہے) - (مثل) مدت تک لائق لوگوں کی صحبت میں رہ کر بھی نالائق رہے -

بارھوں ماس - (بارہ ماس) (صفت) اس درخت کی نسبت کہتے جو سال بھر پھلے یا سرسبز رہے - اس قلی کی نسبت کہتے ہیں جو مستقل طور پہ ملازم رہے -

بارہ دَری - ۱- بارہ دروازوں کا ہوادار مکان جو باغ میں یا دریا کے کنارے پر بنایا جاتا ہے ۲- ہوادار مکان -

باری اور کہار - دو نیچ ذات والے -

بارِی - ۱- وہ قوم جو پتل بناتی ہے - ۲- خدمت گار - مشعلچی - کان اور ناک میں پہننے کا زیور - پہرا - چوکی -

باڑھا (باڑا) - احاطہ - چار دیواری - کٹہرا - دنگل - میدان گورستان -

باڑھ - درازی - قد - نمو - بالیدگی - بڑھوتری - گولی - بوچھاڑ - کئی بندوقوں یا توپوں کا ایک ساتھ فیر -

باز - ایک شکاری پرندہ (اصل میں یہ مادہ ہے نر کو شاہین یا جرہ کہتے ہیں) -

باسن ۔ برتن ۔ بھانڈا۔
باسی ۔ تازہ کی ضد
باسی کڑھی میں اُبال ۔ (محاورہ)۔ بعد از وقت غصہ یا جوش و خروش۔ بے وقت کسی کام کا ہونا۔ بڑھاپے میں جوانی کی وضع ہونا۔
باشی بزوق ۔ (باشی بوزوق) ۔ ایک بے قاعدہ ترکی فوج جو اہل البانیہ، اہل سرکیشیا اور کردوں کے والنٹیروں سے دوران جنگ میں بھرتی کی جاتی ہے۔
باصرہ ۔ بینائی دیکھنے کی قوت۔
باغ باغ ہونا ۔ (محاورہ)۔ خوش ہونا۔ شاداں و فرحاں ہونا۔ بہت خوش۔ مسرور۔
باغِ نعیم ۔ نعمتوں کا باغ ۔ جنت ۔ بہشت ۔
باغ و بہار ۔ ایک قسم کا کپڑا۔
بافتہ ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
باقرخانی ۔ ایک قسم کی کرکری پرت دار پتلی اور روغنی ٹکیا (میدے گھی دودھ سے تیار کی جاتی ہے)۔ یہ عہد شاہجہان میں الہ آباد کے حاکم باقر خان نے ایجاد کی تھی۔
باکرہ ۔ دوشیزہ ۔ کنواری۔
باگ ۔ راس ۔ عنان ۔ لگام۔
باگھ ۔ (باگ)۔ شیر ۔ چیتا۔
بال بیکا ہونا ۔ (محاورہ)۔ نقصان ہونا ۔ صدمہ پہنچنا (عموماً نفی میں استعمال ہوتا ہے)۔
بال بیکا نہ ہونا ۔ (محاورہ) ۔ مطلق نقصان نہ ہونا ۔ کوئی گزند نہ پہنچنا۔
بالے (بالا) ۔ ایک قسم کان کا زیور ۔ ناسمجھ ۔ نادان۔
بالا بتانا ۔ (محاورہ)۔ دھوکا دینا ۔ حیلہ کرنا ۔ ٹال دینا۔
بالاپوش ۔ پلنگ پوش ۔ سب سے اوپر پہننے کا جبہ ۔ اوورکوٹ۔
بالائی (ملائی)۔ دودھ کی ملائی۔ سرشیر۔
بالائی کے زخم ۔ (عو) رت جگے میں گلگلوں کے ساتھ چاول پیس کر شکر ملا کر پیڑے بناتی ہیں، اس کو رحم کہتے ہیں ۔ یہاں بالائی کی آمیزش مزید لطافت کے لیے ہے۔
بالائے طاق ۔ طاق پر ۔ الگ ۔ علیحدہ۔ کنارے۔
بالش ۔ تکیہ ۔ سرہانا۔
بالشتیے (بالشتیا)۔ بالشت کے برابر آدمی ۔ بونا ۔ پست قد۔
بالک ہٹ ۔ بچے کی ضد (بڑی سخت ہوتی ہے)۔
بالیں ۔ سرھانا ۔ تکیہ۔
بام ۔ ایک قسم کی مچھلی جو لمبی اور سانپ کی ہم شکل ہوتی ہے۔
بایں ہمہ ۔ اس سب کے ساتھ۔
بان بردار ۔ (فیل بانی)۔ سواری میں ہاتھی کے ساتھ رہنے والا ملازم

جو اپنے ساتھ آتشی خدنگ رکھتا ہے اور جب راستے میں ہاتھی مست ہوتا ہے تو اسے ڈرانے کے لیے خدنگ چھوڑا جاتا ہے۔

باندھنو۔ ۱۔ وہ بندش جو رنگ ریز چیرا رنگنے کے لیے لگاتے ہیں۔ ۲۔ الزام۔ سازش۔ افترا ۳۔ پیش بندی۔ تدبیر ۴۔ ایک ریشمی کپڑا ۵۔ ایک قسم کا ٹونا

بانا۔ ایک قسم کا مہین تاگا جس سے پتنگ اُڑاتے ہیں۔

بانات۔ ایک قسم کا اونی کپڑا جو دبیز اور گرم ہوتا ہے اور دوہرے عرض کا ہوتا ہے۔

بانڈی۔ بانس کی چھوٹی لکڑی جو ہاتھ میں رکھتے ہیں۔ چھوٹی لاٹھی۔ سونٹا۔ ڈنڈا۔

بانک۔ ۱۔ سپہ گری کا ایک فن جس میں بیٹھ کر یا لیٹ کر خم دار چھڑیوں سے وار کرتے ہیں ۲۔ بانک کھیلنے کا ہتھیار۔ خنجر۔ کٹار ۳۔ ایک قسم کا زیور جس کو ہندو عورتیں پاؤں میں پہنتی ہیں ۴۔ ایک قسم کی چوڑی جو عورتیں کلائی میں پہنتی ہیں۔

بانکا۔ ۱۔ رنگیلا۔ رسیلا۔ چھبیلا۔ البیلا ۲۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ بداطوار۔ ۳۔ طرح دار۔ خوش وضع۔ خوش لباس۔ ۴۔ بہادر۔ دلیر ۵۔ لچا۔ شہدا ۶۔ (کنایتہً) معشوق۔

بانکڑی۔ ایک قسم کا فیتہ جو گوٹا کناری کی طرح کپڑوں پر لگایا جاتا ہے۔ بیک۔

بانگڑو۔ کم عقل۔ بے وقوف۔ بے سلیقہ۔

بانی۔ وہ آواز جو سودے والے لگاتے ہیں۔

بانیٔ کار۔ ۱۔ کسی کام کی بنیاد ڈالنے والا ۲۔ ماہر۔ استاد کامل ۳۔ چالاک، دغا باز۔ اشتعال دینے والا۔

بانیٔ مبانی۔ اصل باعث۔ اصل ذمّہ دار۔

باوا آدم ہی نرالا ہے۔ (بابا آدم نرالا ہے)۔ دنیا بھر سے جدا روش ہونا۔ طور، طریقہ، دستور وغیرہ سب سے مختلف ہونا۔

باؤلا۔ پاگل۔ دیوانہ۔

باؤلی۔ چوڑے منھ کا کنواں جس میں پانی تک پہنچنے کے لیے سیڑھیاں ہوں۔

باہرہ۔ (فن حرب وضرب)۔ ایک داؤں جس میں بائیں طرف سے حریف کے داہنے کلّے اور گردن پر ضرب لگائی جاتی ہے۔ بائیں طرف کا طمانچہ۔

باہمن۔ (برہمن)۔ ہندوؤں کی سب سے اونچی ذات کا نام۔ ویدوں کا عالم۔ پنڈت (مجازاً) مطلق ہندو۔

بائیں۔ (موسیقی)۔ جوڑی کا وہ طبلہ جو بائیں ہاتھ پر رہتا ہے اور جس سے گمک پیدا کی جاتی ہے۔

بائیں آنکھ پھڑکنا۔ (محاورہ) بائیں آنکھ کے پپوٹے کا خود بخود حرکت کرنا

جو مستورات کے لیے خوش خبری یا نیک بختی کی علامت ہے۔
بائیں ہاتھ کا کرتب ۔ (مثل) سہل کام ۔ آسان کام۔
بایان ۔ (موسیقی) اس طبلے کو کہتے ہیں جو بائیں ہاتھ سے بجایا جاتا ہے۔ اُلٹا۔ چپ ۔ میسرہ۔
بایاں قدم لینا ۔ (محاورہ) تعظیم کرنا۔ عظمت ماننا۔ چالاکی۔
باید زد ۔ (باید) چاہیئے۔
باید وشاید ۔ جیسا چاہیے ۔ درست۔ نہایت مناسب۔
ببوا ۔ بچہ ۔ لڑکا۔ کھلونا۔ مٹی کا پتلا۔ چھوٹا سا بابو (پیار میں گود کے بچے کے لیے مستعمل)۔
ببیانہ کمرہ ۔ زنانہ ، وہ چیزیں جو بیبیوں مستورات سے مخصوص ہوں۔
ببیانی کرسیاں ۔ وہ چیزیں جو خاص عورتوں کے استعمال کی ہوتی ہیں ۔ زنانہ۔
بتا بتانا ۔ (محاورہ) دھوکا دینا۔ فقرہ دینا۔ فریب دینا۔
بتاشں پھینی ۔ (بتاس پھینی)۔ بتاشے کی طرح پھولی ہوئی میدے کی بنی ہوئی ایک قسم کی خستہ مٹھائی۔ ایک قسم کا پکوان جس کو دودھ اور قند کے ساتھ کھاتے ہیں۔
بتاشے (جمع بتاشا کی)۔ بتاسا۔ایک قسم کی مٹھائی۔ آتش بازی کا چھوٹا سا انار جو بتاسے کی شکل کا ہوتا ہے اور جس میں سے عموماً سفید پھول نکلتے ہیں۔
بتِ بے پیر ۔ سنگ دل محبوب۔
بتِ پندار ۔ غرور اور گھمنڈ جو بت کی ح حق اور حقیقت سے روگرداں کر دیتا ہے
بتیس دھار ۔ ماں کا دودھ جو روز پیا جاتا ہے چوں کہ پستان کی بُنی میں دودھ نکلنے کے بتیس منفذ ہیں اس لیے اسے بتیس دھار کہتے ہیں۔
بتورا ۔ خشک اُپلوں کا ڈھیر۔ بٹورا۔
بٹن ۔ بوتام۔ گھنڈی۔ تکمہ۔
بٹے ۔ (بٹا)۔ باٹ کی تصغیر چھوٹا باٹ تولنے کا وزن ۔ وہ کمی جو نوٹ روپیہ پیسہ بھنانے میں پڑے ۔ کمی۔ گھاٹا۔ ۲۔ کٹوتی۔ چھوٹ۔
بٹنا ۔ (اُبٹن)۔ غازہ۔ پاؤڈر۔
بٹوا ۔ خاص وضع کی کئی تہوں کی دوہری چھوٹی تھیلی جس میں روپیہ پیسہ ، الائچی ، ڈلی ، تمباکو اور محرم کا مسالا رکھتے ہیں ۔ چمڑے یا کینوس وغیرہ کا جیبی بیگ جس میں روپیہ پیسہ وغیرہ رکھتے ہیں۔
بٹوا ۔ (بیٹا کی تصغیر) پیارے بیٹے کے لیے مستعمل۔
بٹورنا ۔ ۱۔ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ ڈھیر کرنا ۲۔ ترپنا۔ سینا۔ ۳۔ سمیٹنا۔

بُٹّی ۔ ۱۔ چھوٹا پھل ۲۔ ناریل کا گولہ ۔ ۳۔ شمع ۴۔ عرق کھینچنے کا بھبکا ۵۔ گُڑ کے گول اور چپٹے لڈو (تقریباً چھٹانک بھر سے لے کر آدھ پاؤ تک)۔

بَٹِیا ۔ پگڈنڈی ۔ وہ پتلا راستہ جو کھیتوں یا میدانوں میں لوگوں کی آمد رفت کے سبب بن جاتا ہے ۔ تنگ راستہ ۔

بِٹیا ۔ (بیٹی کی تصغیر) پیار سے دختر کے لیے مستعمل ۔

بُٹھا ۔ کہار ۔

بَجَر ۔ سخت، مضبوط ۔ کڑا ۔

بَجر / بَجَّر ۔ بھاری ۔ بوجھل ۔ سُست ۔ کاہل ۔ مٹھا ۔ ڈھیلا ۔ اجیرن ۔ دشوار ۔

بَجرا (بجرہ)۔ ۱۔ انگریزی لفظ بارج کا اردو تلفظ مراد ہلکی پھلکی سیر و تفریح کی سبک رفتار چھوٹی کشتی جس کو ایک آدمی آسانی سے کھے لے ۔ مقامی بولیوں میں پتوار، ڈونگا، مورپنکھی اور نوارہ وغیرہ ناموں سے موسوم کی جاتی ہے ۔ انگریزی زبان کے لفظ کا مفہوم مال لے جانے کی بڑی کشتی ہوتی ہے ۔ ۲۔ ایک قسم کی آتش بازی جس کی شکل چھوٹے جہاز سے مشابہ ہوتی ہے ۔

بجلی لَونکی ۔ (عو) بجلی چمکی ۔ بجلی کوندی ۔

بجلی ۔ کان کی لو میں پہننے کا ہلال کی شکل کا مختلف وضع کا سادہ یا جڑاؤ زیور آویزے کی طرح کان کی لو میں لٹکتا اور حرکت میں چمکتا ہے اس لیے بجلی کے نام سے موسوم ہے ۔

بَجوگ ۔ ۱۔ نحوست، منحوس ستاروں کا برا اثر ۔ بدنصیبی ۲۔ حادثہ ۔ ہجر ۔ [illegible] ۳۔ نقصان ۔ محرومی ۔ الگ ۔ جدا ۔

بیچ بچاؤ ۔ بیچ میں پڑ کر دو جھگڑے والوں میں مصالحت کرانے یا انہیں ہٹا دینے کا عمل ۔

بَچپنے ۔ (بچپنا) ۔ ۱۔ طفولیت ۔ کم سنی ۔ لڑکپن ۲۔ ناسمجھی ۔ کم عقلی ۔

بَچھڑا (بچھڑا) ۔ گوسالہ ۔ (پیار سے) انسان کا بچہ ۔

بچھوا (بچھوے) ۔ بچھو کی شکل کا بنا ہوا گنوارو زیور جو ہندو عورتیں ہاتھ یا پیروں کی اُنگلیوں میں پہنتی ہیں ۔

بَچھیا کے تاؤ ۔ (بچھیا کے باوا، بچھیا کا ماما) (مجازاً) کم عقل، بے وقوف ۔ نادان ۔

بَحر ۔ (تقطیع) ۔ شعر کا وزن ۔ چند کلمات موزوں کا نام جن پر اشعار کا وزن ٹھیک کرتے ہیں ۔

بَحرِ ظُلمات ۔ وہ سمندر جو افریقہ اور یورپ کو شمالی اور جنوبی امریکا سے الگ کرتا ہے ۔ بحر اطلانتک ۔ بحرِ اوقیانوس ۔

بُحران ۔ ۱۔ اصطلاح طب میں بیماری کے زور کا دن ۔ طبیعت اور

مرض کے مقابلے کا دن ۲۔ نازک حالت۔ تعطل۔
بَخْتِ خُفْتَہ ۔ بُری قسمت۔ بُرا نصیب۔
بُخْل ۔ کنجوسی۔ تنگ دلی ۲۔ حرص۔ لالچ۔
بُخُورات ۔ وہ چیزیں جو خوشبو کے لیے جلائی جاتی ہیں جیسے اگربتی، لوبان، عود وغیرہ۔
بَخِیل ۔ کنجوس۔ ممسک۔ شوم۔ تنگ دل۔
بَدَا ۔ قسمت کا لکھا۔ مقسوم۔
بِدَا ۔ رخصتی۔ دُلہن کا اپنے گھر سے رخصت ہونا۔ وداع کا بگاڑ۔
بَدبَدا ۔ حتمی طور پر۔ یقیناً۔ لازماً (ق) حتمی اور یقینی طور پر (ق)۔
بَدَر ۔ باہر۔
بَدْرَقَہ ۔ ۱۔ نگہبان۔ رہبر ۲۔ (طب کی اصطلاح)۔ دوا کی مدد کی چیز۔
بَدْرَد ۔ جس کی چال اچھی نہ ہو۔ بدرفتار گھوڑے کی نسبت کہتے ہیں۔ گندا پانی نکلنے کی نالی۔ موری۔ بَدْرَرَو۔
بِدْرِی ۔ بھرت یا جست اور تانبے کے برتنوں پر چاندی کا منقش کام۔ وہ برتن جس پر یہ کام کیا گیا ہو، چونکہ دکن کے ایک مقام بدر (بیدر) سے اس کی ابتدا ہوئی لہٰذا اسی نام سے مشہور ہوگیا۔
بِدعَت ۔ دین میں نئی بات۔
بَدرُعبی ۔ رعب اٹھ جانا۔ بے خوفی۔
بَدشُگُونی ۔ نحوست۔ بدفالی۔
بَدقَطع ۔ جس کی وضع قطع بُری ہو۔ بھونڈا۔ بدصورت۔ بدنما۔
بَدکیش ۔ بُری عادت کا۔ جس کا طور طریقہ یا دین و مذہب برا ہو۔ برے اصول کا۔
بَدگہر / بَدگوہَر ۔ بد اصل۔ بدسرشت۔ شریر گھوڑا۔
بَدمَعَاش ۔ بدچلن۔ حرام خور۔ اُٹھائی گیرا۔ وہ شخص جس کا گزارہ برے کاموں کی آمدنی پر ہو۔
بَدلوَّل ۔ ادل بدل۔ مبادلہ۔
بَدْنا ۔ شرط لگانا۔
بَدلِی ۔ بادل کا چھوٹا ٹکڑا۔
بَدْء ۔ ابتدا۔ آغاز (عموماً ترکیب میں مستعمل)
بَدَوَّل ۔ تبدیلی۔ بدل۔ (ق)
بُدھو ۔ (لفظی معنی عقل مند) (مجازاً) بے وقوف۔ نادان۔ ناسمجھ۔
بَدِی ۔ برائی۔ بدخواہی۔ غیبت۔
بَدِی ۔ (بدا کی تانیث) مقسوم۔ لکھا ہوا تھا۔
بِدّیا ۔ علم و ہنر۔ دانش۔
بَدِیع ۔ ۱۔ انوکھا۔ نادر۔ نئی بات۔ نو ایجاد۔ عجیب و غریب ۲۔ ایک علم جس میں کلام کی لفظی اور معنوی خوبیاں بیان کی جاتی ہیں۔
بَدِیعُ الخَیال ۔ منفرد خیال۔ انوکھا خیال۔
بَدھنا ۔ ٹونٹی والا لوٹا۔

بُدّھی ۔ پھولوں کا ہار۔
بَدیہی ۔ ۱۔ صاف۔ واضح۔ روشن۔ ۲۔ اصطلاح (منطق)۔ بلا غور و فکر میں آنے والی بات جو دلیل کی محتاج نہ ہو۔ مثلاً کل جزو سے بڑا ہے۔ یہ ایک بدیہی امر ہے۔
بڈرُوم ۔ (انگریزی)۔ سونے کا کمرہ۔ آرام کرنے کا کمرہ۔
بَذْل ۔ ۱۔ بخشش۔ سخاوت ۲۔ عطیہ۔ انعام۔
بَذلہ سنج ۔ لطیفہ گو۔ چٹکلے باز۔ ظریف۔ خوش طبع۔
بَر اَفروختہ ۔ غصہ میں بھرا ہوا۔ جلتا ہوا۔ ناراض۔
بَر اَفگندہ نقاب ۔ نقاب اُلٹے ہوئے۔ چہرہ کھولے ہوئے۔
بَر اَنگیختہ ۔ غصہ اور طیش میں بھرا ہوا۔ مشتعل۔ بھڑکا ہوا۔
بَرات ۔ دولہا کی سواری کا جلوس۔ نوشاہ / نوشہ کے ہمراہی۔ شادی۔
بَرّانا ۔ بڑانا۔ چیخنا۔ چلانا (بیشتر مُنھ زوری یا غصّے کے موقع پر)۔
بَرانڈی ۔ ایک خاص قسم کی تیز اور خوشبودار ولایتی شراب۔
بَراہین ۔ روشن اور واضح دلیل۔ کھلی نشانی (جمع برہان کی)۔
بَرَت ۔ ہندوؤں کا روزہ۔
برٹش سبجکٹ ۔ (انگریزی)۔ انگریز کا محکوم۔ انگریز کی رعایا۔ برطانوی حکومت کی رعایا۔
برٹش گورنمنٹ ۔ برطانوی۔ حکومت۔ انگریزی راج۔
بَرجا ۔ ٹھیک۔ جگہ پر۔
بَرجَستہ ۔ موزوں۔ برمحل۔ بے ساختہ۔
بَرجِیس ۔ ایک ستارے کا نام جو قدیم ہیئت کی رو سے چھٹے آسمان پر ہے۔ مشتری قاضی فلک۔
بِرچِھک ۔ (بِرچھک)۔ آسمان کا آٹھواں بُرج (برج عقرب) جو بچھو کی شکل کا ہے۔
بَرزَخ ۔ درمیانی چیز۔ موت سے قیامت تک کا زمانہ۔
بُردبار ۔ سہنے والا۔ برداشت کرنے والا۔
بُردِ یمانی ۔ خطۂ یمن (عرب) کی بنی ہوئی منقش چادر یا کملی۔
بَردہ فروش ۔ غلاموں کی خرید و فروخت کرنے والا۔
بَردہ فروشی ۔ لونڈی غلام بیچنے کا پیشہ / کاروبار۔
بَرَرنا ۔ غرور کرنا۔ اترانا۔
بَردان ۔ کسی دیوتا یا بزرگ کی طرف سے خوش ہوکر دیا ہوا انعام یا برکت۔ کسی دیوتا یا بزرگ سے مانگی ہوئی مراد کا جواب۔
بَرزَن ۔ ۱۔ گلی۔ کوچہ۔ محلہ ۲۔ صحرا۔ ریگستان ۳۔ حویلی۔ رہنے کا مکان۔

برس پڑنا ۔ (محاورہ) ۔ ناراض ہونا۔ برہم ہونا۔

برشورام چھڑاکے / دھڑاکے / کڑاکے سے، بڑھیا مر گئی فاقے سے ۔ بارش کے موسم میں مینھ نہ برسنے پر، بچے منھ نیلا پیلا کر کے گلی گلی ٹین بجاتے پھرتے اور یہ فقرہ بآواز بلند کہتے ہیں۔

برسوں میں انسان کھرا بننا سیکھتا ہے ۔ فن میں مہارت بہت دیر میں جا کر پیدا ہوتی ہے۔

بُرِش ۔ تیزی۔ کاٹ۔

برشتہ ۔ بھونا ہوا۔ بریاں۔

بغلی ڈوبنا ۔ کشتی کا ایک داؤں۔

برفاب ۔ سرد پانی۔ برف کا پانی۔

برفی ۔ ایک قسم کی مٹھائی جو دودھ کے کھوئے اور شکر سے بنتی ہے۔

برق وش ۔ بجلی کی طرح۔ چمکیلا اور بھڑکیلا۔

برق ہونا ۔ ماہر ہونا۔ مشاق ہونا۔

برقدم (برق دم) ۔ بجلی کی طرح تیزی سے کاٹ کرنے والی تلوار۔ بہت تیز۔ بہت چالاک۔

برق دماں ۔ کوندتی بجلی۔ چمکنے والی بجلی۔

برقنداز ۔ (یہ لفظ اہل ہند کی ایجاد ہے) ۱۔ عدالت یا پولیس کا سپاہی، اردلی۔ محافظ ۲۔ بجلی گرانے یا پھینکنے والا۔ بندوقچی۔

برکھا ۔ برسات، مینھ (جو عموماً وسط جون سے شروع ہو کر تین ماہ رہتا ہے)۔ مسلسل بوچھار۔

برکھ ۔ بیل۔ ثور۔ آسمان کا دوسرا برج (برج ثور) جس کو بیل کی شکل کا بتایا گیا ہے۔

برگد ۔ بڑ کا درخت جس میں لمبے لمبے بالوں کے گچھے سے لٹکے رہتے ہیں۔ (ہندوؤں کے ہاں اسے مذہبی تقدس حاصل ہے اور وہ اس کے بڑے بڑے پتوں کے دونے بنا کر انھیں رکابی کی جگہ استعمال کرتے ہیں)۔

بریگیڈ / برگیڈ ۔ پیدل فوج یا رسالہ کا ایک دستہ جس میں تقریباً آٹھ دس ہزار جوان ہوتے ہیں۔

برہم راکشس ۔ (برم راکس، برمھ راکس) ۔ خبیث روح۔

برن ۔ ذات۔ قوم۔ ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے کوئی ایک۔

برنا و پیر ۔ بالے بوڑھے؛ مرد عورت سب۔ عوام۔ عام لوگ۔

برنائی ۔ جوانی۔ شباب۔

برنجی ۔ چھوٹی کیل۔ پیتل کا بنا ہوا۔

برنجی حقے ۔ پیتل کے حقے۔

برنخواست ۔ کچھ نہ اٹھا۔ کچھ نہ ہوا۔

بروچ ۔ جڑاؤ پھول یا ہلال وغیرہ میں جڑا ہوا کانٹا جو عورتیں ساری یا سر کے جوڑے میں لگاتی ہیں۔

برودت ۔ سردی۔ خنکی۔ ٹھنڈک۔

بِرہا ۔ فراق کا گیت ۔ فراق کا صدمہ (مجازاً) گیت ۔

بُرہان ۔ دلیل قطعی ۔ دلیل، جس میں شک وشبہ نہ ہو ۔

بَرد بَری ۔ (عوام) ۔ برابری ۔ ہم چشمی ۔

بِرُوگ ۔ جُدائی ۔ تفرقہ ۔ عاشق کی عدم حاضری ۔

بِرُوگَن ۔ ہجر کی سختیاں برداشت کرنے والی ۔ فراق زدہ عورت ۔

بِرُوگی ۔ مہجور مرد ۔ فراق زدہ ۔ عاشق مرد ۔

بِریَہ بِریَہ ۔ مار گراؤ ۔ مار گراؤ کی پکار ۔ فریاد ۔ شکوہ وشکایت ۔

بِرِیاں ۔ بھنا ہوا ۔ تلا ہوا ۔

بَرِی ۔ شادی سے پہلے دولھا کی طرف سے زیور، کپڑے، مٹھائی، میوہ وغیرہ جو دُلہن کے گھر بھیجے جاتے ہیں اس رسم کو بری کہتے ہیں ۔

بُرّیت ۔ چھٹکارا ۔ نجات ۔

بَریلی کا رَتھ ۔ ایک قسم کی سواری ۔ ایک قسم کی گاڑی ۔

بڑا گھر ۔ جیل ۔ قید خانہ ۔

بڑ بڑانا ۔ بڑ بڑ کرنا ۔ شور مچانا ۔

بُڑبُڑانا ۔ منمنانا ۔ زیر لب کسی کو بُرا کہنا ۔

بُڑ بھس ۔ شہوت ۔ بڑھاپے میں جوانی کی اُمنگ ۔ بڑھاپے کی وجہ سے عقل جاتی رہنا ۔

بُڑھوا ۔ بوڑھا ۔ زیادہ عمر کا ۔

بُڑھوا منگل ۔ (بوڑھوا منگل) ۔ ایک میلے کا نام جو بنارس میں منگل کو ہوتا ہے ۔

بُڑھئو (بڑھو) ۔ بوڑھا ۔ بوڑھا کی تحقیر ۔

بَڑھوتی ۔ بڑھنت ۔ ترقی ۔ نشو ونما ۔

بڑی روٹی اُٹھانا ۔ (عو) حلف اُٹھانا ۔ قرآن مجید کی قسم کھانا ۔

بَڑی بی تو بَڑی بی چھوٹی بی سُبحان اللہ ۔ (بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سُبحان اللہ) (مثل) ۔ بڑے میاں تو کہیں رہے، چھوٹے بھی شرارتی ہیں ۔ سارا کنبہ ایک ہی جیسا ہے ۔ ایک سے ایک بڑھ کر ہے ۔

بَڑے بول کا سر نیچا ۔ (مثل) ۔ غرور کا سر نیچا ۔ غرور کا انجام ذلت ۔

بَڑے ۔ (بڑا کی جمع) ۔ ۱۔ اعلےٰ ۔ نمایاں ۔ ۲۔ جلیل القدر ۔ عالی خاندان ۔ ۳۔ مونگ یا ماش کی تلی ہوئی ٹکیا ۔

بُزاخفش ۔ وہ لایعقل جس کو خواہ کتنا ہی سمجھاؤ مگر وہ سمجھنے سے عاری ہو ۔ نافہم ۔ (کہا جاتا ہے کہ اخفش نے (جو عربی علم نحو کا کامل گزرا ہے) طالب علمی کے زمانے میں ایک بکرا پال رکھا تھا اور ہر

روز اپنا سبق اسے سنایا کرتا تھا، جب تک بکرا گردن نہ ہلا دیتا یا گھبرا کر بول نہ اٹھتا اخفش سنانا بند نہ کرتا)۔

بزّازا ۔ کپڑے کا بازار۔

بُزدِل ۔ کم ہمت ۔ ڈرپوک ۔

بُزقصّاب ۔ بھیڑ بکری ذبح کرنے یا اس کا گوشت بیچنے والا۔

بزمِ فریدوں ۔ عیش و عشرت کی مجلس ۔ فریدوں جیسی محفل (ق)۔

بزن بزن ۔ ۱۔ مار ۲۔ قتلِ عام کا حکم۔

بِس کی گانٹھ ۔ زہر کی پوٹلی ۔ (مجازاً) فساد کی جڑ۔ خرابی اور نقصان کا سرچشمہ۔

بِساط ۔ وہ کپڑا جس پر شطرنج یا چوسر کھیلی جاتی ہے اور خانے بنے ہوتے ہیں۔

بَساطت ۔ (لفظاً) پھیلاؤ ۔ وسعت (فلسفہ) بسیط یا غیر مرکب ہونے کی کیفیت۔

بِساطی ۔ بساط خانے کا سوداگر۔ پھیری لگانے والا دکان دار۔

بَسالت ۔ شجاعت ۔ بہادری۔

بَسانا ۔ معطر کرنا ۔ مہکانا۔

بَسادو ۔ ٹھہرا دو ۔ قیام کا بندوبست کردو۔

بِسادو ۔ (بسانا / بساہنا) ۔ خریدنا۔ مول لینا۔

بِسکُٹ ۔ میٹھی یا نمکین کراری اور خستہ تیار کی ہوئی مختلف وضع کی ٹکیاں۔

بِس کھوپڑے (بس کھوپڑا، بس کھپرا) ۔ ایک دوا کے درخت کا نام۔ ایک زہریلے کیڑے کا نام جو گرگٹ کے ہم شکل ہوتا ہے۔

بِسمِ اللہ کا گُنبد ۔ محفوظ مقام جہاں کسی قسم کا اندیشہ نہ ہو۔

بسمِ اللہ کے گُنبد میں / رہنا / بیٹھنا / سونا ۔ گوشہ نشین ہونا دُنیا و مافیہا سے ۔ زمانے کے نشیب و فراز سے ناواقف ہونا۔

بِسمِ اللہ غلط ہونا ۔ پہلا ہی کام خراب ہونا۔ شروع ہی میں غلطی ہونا۔

بسنت کی خبر ہونا ۔ (محاورہ)۔ محض ناتجربے کار ہونا ۔ بے خبر ہونا (بیشتر نفی میں اور بطورِ استفہام مستعمل)۔

بِسیار ۔ بہت ۔ جو تعداد، مقدار، کیفیت یا تاثیر وغیرہ میں معمول سے زیادہ ہو۔

بہ سر و چشم ۔ سر آنکھوں پر۔ خوشی سے۔

بَشارت ۔ مژدہ ۔ خوش خبری۔

بَشاشت ۔ کشادہ روئی۔ خوش طبعی۔

بُشرے (بُشرہ) ۔ چہرہ مہرہ۔

شکل ۔ حلیہ۔
بَصَارَت ۔ نظر۔ بینائی ۔
بَصَر ۔ آنکھ ۔ چشم ۔ (مجازاً) بینائی۔ نظر۔
بِضَاعَت ۔ سرمایہ ۔ پونجی ۔
بَطَخ ۔ ایک مشہور پرند/ جانور جس کو گھروں میں پالتے ہیں۔
بِطرِیق ۔ نصاریٰ اور آتش پرستوں کا ایک مذہبی پیشوا۔
بُطُون ۔ (بطن کی جمع) ۔ اُردو میں بطور واحد مستعمل ہے ۔ راز۔ بھید۔ دل کا حال۔
بَعْث ۔ اُٹھنا ۔ زندہ کرنا ۔ نیند سے جگانا۔
بُعْدُ المَشرِقَین ۔ بہت فاصلہ ۔ مشرق سے مغرب تک کا فاصلہ ۔
بَعِیر ۔ اونٹ ۔ لدو جانور۔
بُغَارَا ۔ گہرا اور چوڑا زخم (کپڑے یا دیوار کا) ۔ بڑا اور گہرا چھید۔
بُغْض ۔ دشمنی، کینہ ۔ بَیر۔
بَغَل گرم ہونا ۔ (محاورہ) پہلو میں لیٹنا۔ ساتھ ہونا۔
بَغْلی ۔ کشتی کا ایک داؤ۔
بَغْلی گھونسا ۔ وہ شخص جو پاس رہ کر دشمنی کرے ۔ دوست نما۔ دشمن ۔ پڑوسی دشمن ۔
بَغْلیں بَجانا ۔ (محاورہ) خوشی منانا۔ اترانا۔ مضحکہ اڑانا۔
بَغْلیں جھانکنا ۔ جواب نہ بن پڑنا۔

منھ تکتے رہ جانا ۔ حیران ہونا۔
بَغیا ۔ (باغ کی تصغیر) چھوٹا باغ ۔ باغیچہ ۔
بُقّے اُڑانا ۔ (بکے اڑانا) ۔ (محاورہ) خوشبو پھیلانا ۔ غبار پھیلانا ۔
بُقچہ ۔ (بغچہ) ۔ گٹھری ۔ جامہ بند ۔ وہ کپڑا جس کے اندر کپڑے باندھتے ہیں ۔
بُکا اور بَین ۔ گریہ وزاری ۔ فریاد۔
بُکارنا ۔ جواب یا جواب الجواب دینا۔
بَکاوَل ۔ باورچی خانہ کا داروغہ ۔ خانساماں ۔ باورچی ۔
بَکاوَلی ۔ کھانا پکانے کا سامان ۔ تشتری ۔
بِکِٹ ۔ (ریکٹ کا بگاڑ) ۔ طلایہ۔ پہرہ ۔ گارد ۔
بَکَرے ۔ (بکرا کی جمع) ۱۔ بکری کا مذکر ایک مشہور چوپایہ جس کا گوشت کھایا جاتا ہے ۲۔ بے حیا آدمی۔
بَکَرکُٹی ۔ پناہ گاہ ۔ چھپنے کی جگہ (ق)۔
بکری کی جان گئی، کھانے والے کو مزہ نہ آیا ۔ (کہاوت) اس شخص کے لیے مستعمل جو کسی کی خدمت میں جان کی بازی لگا دے پھر بھی اس کی قدر نہ ہو۔
بکری کی ماں کب تک خیر منائے گی ۔ (مثل) جو آفت یا مصیبت مقدر میں ہے ضرور آئے گی۔

جو چیز ضائع ہونے والی ہے وہ حفاظت سے نہیں رُک سکتی ہے۔ بدآدمی ضرور اپنی برائی کا نتیجہ برداشت کرے گا۔

بِکْرِی ۔ فروخت ۔ وہ روپیہ یا قیمت جو کسی چیز کو بیچنے سے حاصل ہو۔

بَکس ۔ صندوق ۔ ڈبّا ۔ پیٹی۔

بُکّل مارْنا ۔ (محاورہ) خاص طریقے پر چادر یا دوپٹا جسم پر لپیٹنا جس سے سارا جسم چھپ جائے۔

بَکھانْنا ۔ بیان کرنا ۔ برا بھلا کہنا۔

بَکَیْت ۔ بانک کا فن جاننے والا۔

بَگ ٹُٹ / ٹُٹ ۔ بہت تیز ۔ بے تحاشا دوڑتا ہوا ۔ سرپٹ۔

بِگڑے باز ۔ نڈر ۔ بے باک۔

بِگڑے دِل ۔ نڈر ۔ بے باک۔

بِگُل ۔ قرنا ۔ تُری ۔ نرسنگھا ۔ مُنھ سے بجانے کا ایک باجا جسے فوج اور پولیس وغیرہ میں مختلف پیغامات و اشارات دینے کے لیے بجایا جاتا ہے۔

بَگُولا ۔ چکر کھاتی ہوئی ہوا ۔ باد۔ بونڈلا۔

بَگھّی (بگّی) ۔ چار پہیوں کی گھوڑا گاڑی جس میں کوچوان کی نشست ذرا اونچی ہوتی ہے۔

بَل ۔ ۱۔ زور ۔ قوت ۔ توانائی۔ ۲۔ فرق ۔ رنجش۔

بَلوں ۔ (جمع بل کی) ۔ طاقت ۔ قدرت۔

بَل سینگڑا ۔ فن بانک کا ایک داؤں جس میں حریف کی پُشت پر سوار ہو کر اس کے ہاتھ گانٹھ لیتے ہیں۔

بِالْفِعل ۔ سردست ۔ حال میں ۔ فی الحال۔

بَل کی لینا ۔ (محاورہ) اترانا ۔ غرور کرنا۔

بَل گر ۔ بلوان ۔ طاقت ور ۔ مضبوط۔

بَلا ۔ چُست ۔ چالاک ۔ مشاق۔

بِلاتامّل ۔ بغیر دیر کے ۔ فوراً ، جلد۔

بَلادَت ۔ کند ذہنی ، بے وقوفی۔

بَلاغَت ۔ ۱۔ خوش گفتاری ۔ شیریں کلامی ۲۔ کم از کم الفاظ میں موقع محل کے مطابق زیادہ سے زیادہ مطلب بیان کرنا۔

بَلاکَوش ۔ آفت جھیلنے والا ، مصیبت برداشت کرنے والا۔

بَلانوش ۔ بہت کچھ کھانے والا ۔ مصیبت برداشت کرنے والا۔

بَلْٹ ۔ بیلٹ ۔ پیٹی۔

بِلَٹْنا ۔ ضائع ہونا (عو) الٹ دینا ۔ بگڑنا ۔ تباہ ہونا۔

بِلَچ پڑنا ۔ بپھرنا ۔ برس پڑنا ۔ آپے سے باہر ہو جانا۔

بَلْدَہ ۔ بستی ۔ قصبہ ۔ شہر۔

بِلَٹّر ۔ احمق ۔ نادان ۔ ان گھڑ۔

بِلَطائفُ الحِیَل ۔ حیلے بہانے سے۔

بُلغا ۔ (بلیغ کی جمع) ۔ خوش بیان ۔ موقع محل کے مطابق گفتگو کرنے والا ۔ صاحبِ بلاغت ۔

بلکنا ۔ بے تاب ہونا ۔ بے چین ہونا ۔

بلاؤ ۔ بلاّ ۔ گربۂ نر ۔

بلکہ ۔ بلکہ ۔ اس کے علاوہ بجائے برخلاف ۔ اس سے بھی بڑھ کر یہ ۔

بلکہ ۔ پھر بھی ۔ سوا ۔

بلگرام ۔ اتر پردیش ضلع ہردوئی میں واقع مشہور قصبہ جہاں متعدد ممتاز عالم، شاعر اور فن کار پیدا ہوئے تھے ۔

بلّلی ۔ احمق ۔ گاؤدی ۔ نامستقل مزاج ۔ ہَولو ۔

بلّم ۔ برچھا ۔ بھالا ۔ نیزہ ۔ عصا ۔ اس کی لکڑی پر چاندی سونے کا خول چڑھا کر امیروں کی سواری کے آگے آگے لے کر چلتے ہیں ۔

بلوّا ۔ طلبی ۔ بلاوا ۔

بلوبک (انگریزی) ۔ پارلیمنٹ کی رپورٹیں ۔ ہندوستان وانگلستان کی سرکاری اطلاع کی کتاب ۔ وہ کتاب جس میں خاص خاص راز کی باتیں لکھی جاتی ہیں ۔

بلوری کا اِکّا ۔ ایک زیور کا نام جو بازو پر باندھا جاتا ہے، اس میں ایک بڑا نگینہ ہوتا ہے ۔

بلوکا ۔ (بلوکھا) ۔ سوراخ ۔ چاک ۔ شگاف ۔

بلیغ ۔ فصیح البیان ۔ فی مثل ۔ اعلیٰ درجے کا کلام ۔

بلہاری ۔ صدقے ۔ تصدق ۔ نثار ہونے والا ۔

بلی ۔ طاقتور ۔ قوی ۔ بلوان ۔

بلّی نانگھ / اُلانگ کر آنا ۔ (محاورہ) (لفظاً) جس طرف سے بلی گزری ہو اس راستے کو کاٹ کر آنا (جسے لوگ لڑائی فساد وغیرہ کی علامت خیال کرتے ہیں ۔

بلّی بخشے چوہا لنڈورا ہی جی جائے گا ۔ (مثل) ۔ ایسے فائدے سے جس میں نقصان کا خطرہ ہو دست بردار ہونا ہی بہتر ہے ۔

بلّی کا راستہ کاٹنا ۔ (مرادا) منحوس شگون ہونا ۔

بلّی شیر کی خالہ ۔ (مرادا) چالاکی اور عیاری میں ماہر ہونا (ق) ۔

بلّی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا ۔ (مثل) غیر متوقع چیز مل گئی ۔ دولت مل گئی جس کے اہل نہ تھے ۔ اتفاقیہ کام ہو گیا ۔

بلّی کے خواب میں چھیچھڑے ہی چھیچھڑے ۔ (مثل) جس مذاق کا آدمی ہوتا ہے اس کو ویسا ہی خیال رہتا ہے اور وہ اسی دھن میں رہتا ہے، جیسا ہوتا ہے ویسے ہی خیالات ہوتے ہیں، جس شخص کو

جس چیز کی خواہش ہو اور وہ جا و بے جا اس کا ذکر کرے اس شخص کی نسبت بولتے ہیں۔
بلی لوٹن ۔ ایک خوشبودار گھاس جس پر بلی عاشق ہے اور اکثر وہاں خوشی میں لوٹتی ہے۔ سنبل الطیب ۔ بالچھڑ۔
بلیندڑی ۔ چھپر کے بیچ کا بڑا بانس یا بڑی لکڑی ۔ (مجازاً) بہت لمبی عورت ۔
بم ۔ گاڑی کے آگے لگانے والی لکڑی جس میں گھوڑا جوتتے ہیں ۔
بم پولس (بم پولیس) ۔ عوام کے لیے رفع حاجت کے مقامات ۔پیخانہ۔
بم چخ مچانا ۔ (محاورہ) شور و غل کرنا ۔ ہنگامہ برپا کرنا۔
بم چخ ۔ ہُلڑ ۔ ہنگامہ ۔
بم مچانا ۔ فریاد کرنا۔
بمبا ۔ خط ڈالنے کا ڈبہ ۔ نل ۔
بمبو ۔ چنڈو پینے کی نے جس پر چنڈو رکھ کر لو اٹھاتے ہیں ۔ چنڈو پینے کی بانس کی نلی۔
بمبوکارٹ ۔ ایک قسم کی ٹم ٹم عوام اس کو بمبو کاٹ کہتے ہیں ۔ دو پہیا گھوڑا گاڑی جو عام طور سے نئے گھوڑے کو سدھانے یا بار برداری کے کام میں لائی جاتی ہے۔
بمبئی ۔ ایک قسم کا قلمی آم ۔ سردلی ۔
بن بلاؤ ۔ جنگلی بلا ۔
بن مانس ۔ جنگلی آدمی ۔ ایک قسم کا بندر جو انسان سے بہت زیادہ مشابہ ہوتا ہے۔
بن و مو (بن مو) ۔ بال کی جڑ ۔ رونگٹا۔
بنا گوش ۔ کان کی لو ۔ کچھیا۔
بنا بنا ۔ دولھا بنا۔
بنانا ۔ خفیف کرنا ۔ احمق بنانا۔
بناؤ چناؤ ۔ سنگار ۔ آرائش ۔
بنت ۔ ایک قسم کی تونئ جس میں گوکھرو سلمہ ستارا وغیرہ لگا ہوتا ہے ۔لیس۔
بنت ۔ بیٹی ۔ لڑکی ۔ دختر۔
بنت الشیطان ۔ شیطان کی بیٹی ۔
بنت العرب ۔ (بنت العنب)۔ شراب ۔
بنجارا ۔ غلہ کی سوداگری کرنے والا۔ سوداگر ۔ بیوپاری ۔ ایک خانہ بدوش گروہ جو کہیں مستقل سکونت نہیں رکھتا۔
بند بند درد کرنا ۔ ہر جوڑ کا درد کرنا ۔
بند قبا ۔ قبا کا بند ۔ قبا کو باندھنے یا چست کرنے کی پٹی۔
بندر ۔ وہ ساحلی جگہ جہاں جہاز وغیرہ مال اور مسافر اُتارنے چڑھانے کے لیے ٹھہرتے ہیں ۔ ایک مشہور جانور جس کی شکل انسان سے ملتی ہے ۔

بَنْدگی بے چاْرگی ۔ (مثل) ملازمت میں فرماں برداری ہے اور آزادی بالکل نہیں۔

بَنْد و بَسْت ۔ ۱۔ انتظام۔ ترتیب۔ ۲۔ زمین کی حد بندی اور مال گزاری کا انتظام۔

بَنْدَۂ دَرْگاہ ۔ شاہی دربار کا غلام۔ نیاز مند۔ خاکسار۔

بَنْدَہ زادَہ ۔ انکسار کے طور پر اپنے لڑکے کو کہا جاتا ہے۔ (لفظاً) (آپ کے) غلام کا بیٹا (مراداً) بیٹا۔

بَنْدھوا ۔ اسیر۔ قیدی۔ فرماں بردار۔

بَنْدی ۔ لونڈی۔ غلام۔

بِینْدی ۔ (بِندی)۔ نقطہ (جو اکثر ہندو عورتیں ماتھے پر لگاتی ہیں)۔

بَنْدَیلا ۔ نرجنگلی سور۔ (مجازاً) بھیانک اور گندی شکل کا آدمی۔

بَنْسْواڑی ۔ (بَنْس واڑی)۔ بانسوں کا جنگل یا ذخیرہ۔

بَنَفْشَہ ۔ ایک مشہور بوٹی جو کئی دواؤں میں کام آتی ہے۔

بَنَفْشِی ۔ بنفشہ سے منسوب۔ بنفشہ کے رنگ کا یعنی ارغوانی رنگ کا۔

بَنْکارْنا / بُنْکارْنا ۔ شوروغل کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ چلّانا۔

بَنْکَیت ۔ بانک کے فن کا ماہر۔ مسلح۔

بَنْکَیتی ۔ بانک پن، بانک کے فن میں مہارت۔

بَنْگلہ (بنگلا) ۔ چھپر کا مکان جو انگریزی قطع کا بنا ہوتا ہے۔ کوٹھی۔ خوشنما کشادہ مکان۔

بَنَوٹ / بَنوٹ ۔ لڑائی کا ایک فن جس میں ایک رومال لے کر اس میں تانبے کا پیسہ باندھا جاتا ہے اور اس کو خاص طریقے پر لہرا کر دشمن پر وار کرتے ہیں اور دشمن کی تلوار یا دیگر ہتھیار گرا دیتے ہیں اور اس کو ایسی چوٹ لگتی ہے جو جان لیوا ہوتی ہے۔ قدیم زمانے میں اس کا بہت چلن تھا۔

بَنَوٹی ۔ بنوٹ کا ماہر۔

بَنَوٹیا ۔ (بنوٹیا)۔ بنوٹ جاننے والا۔ بنوٹ کا ماہر۔

بَنی ۔ (بنا کی تانیث)۔ دلہن۔ عروس۔ بنری۔

بُنْیان ۔ بُنیاد۔ نیو۔

بُوْباس ۔ بو کا سراغ۔ نشان۔

بُوْبَک ۔ بوڑھا۔ بے وقوف۔ مسخرا۔

بُوالْعَجَبی ۔ انوکھاپن۔ شعبدہ بازی۔ مکاری۔

بُوالْہَوَس ۔ خواہش نفسانی کا پابند ہوس رکھنے والا۔ لالچی۔

بُوا بُوا ۔ (والدہ)۔ بوڑھی عورت،

دایہ (ہندو) پھوپھی، باپ کی بہن۔
بُوٹ ۔ (انگریزی) کشتی۔ ناؤ۔
بُوٹ ۔ کچّے سبز چنے۔
بُوٹ ۔ (انگریزی) ۔جوتا۔
بُوٹا قد ۔ خوش نما۔ موزوں قد۔
بُوٹی ۔ سبزی ۔ بھنگ ۔
بُوٹی پلانا ۔ بھنگ کی پتی گھوٹ کر پلانا۔
بُوجھ ۔**پہیلی کا حل** ۔ (گنجفے کی کھیل میں) جس فریق کے پاس سَر نہیں رہتا اس کے پتے ابتر کر کے کہیں سے ایک پتّا مانگ لیتے ہیں اس کو بوجھ کہتے ہیں۔

بُوجھے لال بُجھکّڑ اور بُوجھے نہ کُوئے ۔ پاؤں میں چکّی باندھ کر ہرن نہ کُودا ہوئے ۔ (مثل) بوجھ بجھکّڑ ایک نادان شخص کا لقب تھا، ایک مقام پر ہاتھی کے پاؤں کا نشان تھا، اس سے کسی نے پوچھا یہ نشان کیا ہے، بُوجھ بجھکّڑ نے جواب دیا کہ ہرن چکّی کا پاٹ پاؤں میں باندھ کر ادھر سے گیا ہے، اُسی کا نشان ہے۔
بُوچا ۔ کن کٹا آدمی ۔ چھوٹے چھوٹے کانوں کا۔
بُوچے ۔ (بُوچا) ۔ ہوادار۔ تام جھام کی قسم کی ایک سواری۔
بُوچڑ ۔ (انگریزی) قسائی ۔ گوشت بیچنے والا۔
بُودا ۔ کم زور۔ کم طاقت ۔ ڈرپوک۔
بُور ۔ آم کا پھول۔ مور، مول۔
بُور کے لڈّو ۔ ۱۔گیہوں کی بھوسی کے بنے ہوئے لڈّو جو سستے ہونے کے باعث لوگ خرید لیتے ہیں ۲۔ دھوکے کی مٹھائی ۔ فریب اور چال بازی ۔
بَورا ۔ پاگل ۔ سِڑی، باؤلا۔
بَورانا ۔ ۱۔ پاگل ہونا۔ پاگل یا دیوانہ ہوجانا ۲۔آم کے پیڑ میں پھول کا نمودار ہونا۔
بوُرانی ۔ (بوران تلی)۔ ایک قسم کا کھانا جس کو بوران (زوجہ خلیفہ مامون عباسی) نے ایجاد کیا تھا ۔ دہی کا بنایا ہوا رائتہ جو دہی پیاز یا دہی اور کوئی اُبلی ہوئی ترکاری ڈال کر بنا لیا جاتا ہے اور بریانی کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے ۔
بُوردو ۔ جنوبی فرانس کی شراب۔
بُوڑھا طوطا ۔سن رسیدہ ۔ بوڑھے آدمی پر نصیحت کارگر نہیں ہوتی ۔
بُوڑھے مُنھ مُہاسے لوگ چلے تماشے ۔ (مثل) بڑھاپے میں جوانی کی خواہشوں یا عادتوں کے متعلق یا جب زیادہ عمر کا آدمی کوئی ایسا کام کرے جو جوان کرتے ہیں تو اس موقع پر کہتے ہیں ۔

بُوڑھی کھپَٹ ۔ بوڑھی پھونس ۔ نہایت بوڑھی۔
بُوڑی ۔ برچھی ۔ بلم ۔ سنان۔
بُوقرَٹ ۔ ایک قسم کی شراب۔
بُوق ۔ جنگی باجا ۔ قرنا ۔ نفیری ۔ بگل ۔
بُوقلمُوں ۔ طرح طرح ۔ رنگا رنگ ۔ گوناگوں ۔
بَوکھَل ۔ گھبرایا ہوا ۔ بدحواس ۔
بَوکھلانا ۔ گھبرانا بے تاب ہونا ۔ بے چین ہونا ۔
بَوکھلاہَٹ ۔ گھبراہٹ ۔ پریشانی ۔
بُول گئے ۔ عاجز آگئے ۔ گھبرا گئے ۔ تھک گئے ۔
بَونا ۔ پست قد ۔ چھوٹے قد کا ۔
بَونا ٹُھنّا ۔ پست قد ۔ پانچواں اوتار ۔
بُوند بُوند کو ترسنا ۔ (محاورہ) قطرہ قطرہ کو ترسنا (مراداً) نہایت کم مقدار میں ۔ اقل قلیل ۔
بَوندا ۔ اڑنے والے پرندوں کے سر کی بیماری (مراداً) بیمار ۔ (ق) ۔
بُونڈا ۔ افیون وغیرہ کا ڈوڈا ۔
بَہا ۔ مول، دام، قیمت ۔
بِہاگ ۔ (موسیقی) بلاول ٹھاٹھ کے ایک راگ کا نام جو رات کے دوسرے پہر میں گایا جاتا ہے ۔
بِہاگڑے ۔ (بہاگڑا) (موسیقی) ۔ بلاول ٹھاٹھ کا ایک راگ جو بہاگ کی ایک قسم ہے، بہاگ کی طرح یہ بھی رات کے دوسرے پہر میں گایا جاتا ہے ۔
بَہائِم ۔ (جمع بہیمہ کی) ۔ چوپائے ۔ چار پاؤں کے جانور ۔
بَہتا بُوڑتا ۔ گرتا پڑتا ۔ ڈوبتا اچھلتا ۔
بُہتان ۔ تہمت ۔ افترا ۔ طوفان ۔
بَہجَت ۔ خوشی ۔ تازگی ۔ فرحت ۔ شادمانی ۔
بَہدَف ۔ ٹھیک نشانے پر ۔
بَہرہ ۔ حصہ ۔ بخرہ ۔ نصیبہ ۔ فائدہ ۔ عبور، قدرت ۔ (ق) ۔
بَہرُوپیا ۔ ۱۔ نئی وضع بدلنے والا ۔ ۲۔ مکار، فریبی ۔
بِہشت ۔ جنت ۔ خلد ۔ باغ جناں ۔
بِہشتی ۔ سقہ ۔ پانی پلانے والا ۔ پانی بھرنے والا ۔
بِہَل ۔ (بلیدن کا صیغۂ امر) ۔ جانے دو ۔ چھوڑ دو ۔
بَہلی ۔ دو پہیے کی بیل گاڑی جو رتھ سے مشابہ ہوتی ہے ۔
بِہلیا ۔ پرندوں کا شکاری ۔ تیر و کمان سے مسلح رہنے والا ۔ بہیلی ۔
بَہنا پا ۔ منہ بولی بہن کا رشتہ، وہ رشتہ جو عورتیں آپس میں ایک دوسرے کو بہن بنا کر قائم کر لیتی ہیں ۔
بَہنگی ۔ ایک بانس یا ڈنڈا جس کے دونوں طرف بوجھ لٹکانے

کے لیے رسیاں بندھی ہوتی ہیں۔
بُھنی ۔ وہ قیمت جو رب سے پہلے دکان دار کو ملے ۔ بکری کی ابتدا۔
بَہو ۔ بیٹے کی بیوی ۔ زن پسر۔
بَہورِیں ۔ (بہورنا) ۔ پھرنا ۔ لوٹنا ۔ واپس آنا ۔
بَہورا ۔ (بَہوڑا / بَہوڑہ) ۔ وہ کھانا جو رخصت کے وقت دُلہن کے یہاں سے دولہا کے ساتھ بھیجا جائے ۔ ایک رسم جس میں دُلہن دولہا کے گھر سے واپس جاتی ہے جسے لینے کے لیے اس کے بھائی اور رشتے دار جایا کرتے ہیں۔ ولیمہ۔
بَہوار ۔ لین دین ۔ معاملت ۔
بَہیَا ۔ سیلاب ۔ طغیانی ۔ سیل ۔
بَہیَاں ۔ (بُھیّاں) ۔ بانہیں (بانہہ کی تصغیر) شانے سے کہنی تک کا حصہ ۔ بازو ۔
بَہی ۔ مہاجنوں اور دکان داروں کی لمبی حساب کی کتاب ۔
بَھاٹ ۔ ایک قوم کا نام جو اکثر نسب نامہ یاد رکھتی ہے ۔ خوشامدی ۔ ہر کس و ناکس کی تعریف کرنے والا ۔
بَھاجی ۔ پکا ہوا ساگ ۔ پکی ہوئی ترکاری ۔
بَھارُو ۔ وزنی ۔ بوجھل ۔
بَھاری جُوڑا ۔ (کپڑا) جس پر کڑھائی ٹنکائی وغیرہ کا کام ہو یا گوٹا ٹھپا وغیرہ لگا ہو ۔ قیمتی جوڑا ۔ بیش قیمت لباس ۔
بَھاڑ ۔ بھٹی ۔ تنور ۔
بَھاڑ جُھونکنا ۔ ۱۔ بھاڑ گرم کرنا ۔ بھڑبھونجے کا کام ۲۔ بری حالت میں زندگی گزارنا ۔ اوقات ضائع کرنا ۔
بَھاڑا ۔ مزدوری ۔ گاڑی کا کرایہ ۔
بَھاگتے بُھوت کی لنگوٹی ہی سہی (لنگوٹی ہی بھلی) ۔ (مثل) تھوڑی سی چیز ۔ جب کسی چیز کا کامل طور سے حاصل ہونا دشوار ہو تو جس قدر مل جائے اس کو غنیمت سمجھتے اور بھاگتے بھوت کی لنگوٹی کہتے ہیں ۔
بَھاگتے کے آگے مارتے کے پیچھے ۔ (مثل) (بھاگتوں کے آگے اور مارتوں کے پیچھے) ۔ کسی بزدل آدمی کی نسبت کہتے ہیں ۔ بزدل انسان موقع سے بھاگ جانے میں پہل کرتا ہے اور لڑنے میں سب سے پیچھے رہتا ہے ۔
بَھاگوان ۔ خوش قسمت ۔ اقبال مند ۔ سُکھی ۔
بَھالو ۔ ریچھ ۔ خرس ۔
بَھانپو ۔ تاڑنے والا ۔ چالاک ساتھی ۔

بھانڈ ۔ نقال ۔ وہ لوگ جو محفلوں میں ناچتے گاتے اور مسخرے پن سے نقلیں کرتے ہیں ۔

بھانجی خور ۔ چغلی کھانے والا ۔ رکاوٹ ڈالنے والا ۔

بھانجی خوری ۔ چغلی ، رکاوٹ ۔

بھانجی مارنا ۔ (محاورہ) بھلائی میں خلل ڈالنا ۔ رخنہ ڈالنا ۔

بھانڈا پھوڑنا ۔ (محاورہ) بھید کھولنا ۔ راز ظاہر کرنا ۔

بھان متی ۔ بازی گر ۔ شعبدہ باز ۔ بھانڈ مداری ۔

بھاوج ۔ بھائی کی بیوی ۔ بھابی ۔

بھاؤ بتانا ۔ (محاورہ) ۔ ناچ گانے میں ہاتھ یا آنکھ یا دیگر اعضا کے اشاروں سے گیت کے مضمون کا نقشہ کھینچنا ۔

بھاؤ تاؤ ۔ قیمت ۔ نرخ ۔ دام ۔ مول تول ۔

بھاونی ۔ خوب صورت یا خوش وضع عورت ۔ شریف عورت ۔ محبوبہ ۔ بدچلن عورت ۔

بھبّھڑ (بھبتڑ) ۔ مجمع کثیر ۔ شور و غل ۔ جمگھٹا ۔

بھپکا ۔ پتنگ کی ایک قسم ۔

بھپکا دینا ۔ جھٹکا ، کھینچ یا جھونکا لگانا ۔

بھبھوت ۔ (بھبوت) ۔ وہ راکھ جو جوگی سنیاسی اپنے بدن پر ملتے ہیں ۔

بھبوکا ۔ بہت سفید ۔ براق ۔ نہایت گورا ۔

بھبوکا ہونا ۔ (محاورہ) غصے میں لال پیلا ہونا ۔ برافروختہ ہونا ۔ آگ بگولا ہونا ۔

بھپارے دینا ۔ (محاورہ) ۔ دم جھانسا دینا ۔ دم دلاسا دینا ۔ فریب دینا ۔

بھپاروں میں نہ آنا (محاورہ) فریب میں نہ آنا ۔ دھوکا نہ کھانا ۔ مکر سے بچنا ۔

بھتنا ۔ (بھوت کی تصغیر) ۔ ناپاک روح (مجازاً) بدصورت ، کالے بھجنگ اور مٹی میں لتھڑے ہوئے آدمی کی نسبت بولتے ہیں ۔

بھتّی ۔ وہ کھانا جو ماتم کے موقع پر قریبی رشتے دار مرگ والے گھر میں تین دن تک بھیجتے ہیں ۔

بھتّی کھانا ۔ (محاورہ) (عو) بددعا کرنا ۔ ماتم کرنا ۔

بھٹا سا سر اڑا دینا (محاورہ) ۔ ایک ضرب میں صفائی کے ساتھ اڑا دینا ، سر اڑانا ۔ ایک ہی ہاتھ میں فیصلہ کرنا ۔

بھٹ کٹیا ۔ خاردار بوٹی جس کے پتوں اور شاخوں پر بھی کانٹے ہوتے ہیں اور جو کھانسی اور بعض دیگر امراض میں دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

بھٹیوں ۔ (بھٹی) شراب خانہ ۔ آب کاری ۔

بھٹیارا (مؤنث بھٹیاری) ۔ نان بائی ۔ وہ شخص جو سرائے میں مکان مسافروں کو کرائے پر دے اور ان کے کھانے وغیرہ کا انتظام کرے اور مسافروں کی خدمت کرے ۔

بھج ۔ بازو ۔ ہاتھ ۔

بھج بند ۔ ایک زیور کا نام جسے بازو بند کہتے ہیں ۔ کوئی چیز جو بازو کے اوپر کے حصے پر باندھی جائے ۔

بھجن ۔ وہ گیت جس میں خدا کی حمد ہو ۔ وہ گیت جو پوجا پاٹ کرتے وقت ہندو گاتے ہیں جو ان کی عبادت میں شامل ہیں ۔

بھجنگا ۔ ایک سیاہ رنگ کا پرند جو کویل سے مشابہ ہوتا ہے ۔ نہایت سیاہ ۔

بھد سے گر پڑنا ۔ ایک دم گر پڑنا ۔ دفعتہً گر جانا ۔

بھد بھد ۔ (مجازاً) بھاری بھرکم ۔ موٹا اور بھدا آدمی ۔ نافہم ۔

بھدرا ۔ چار ابرو کا صفایا ۔ سر ڈاڑھی مونچھ اور بھوؤں کے بالوں کا بیک وقت صفایا ۔

بھدرک ۔ استحکام ۔ استقلال ۔ مضبوطی ۔ پائداری ۔

بھدیاں ۔ بھادوں کی فصل کا آم ۔

بھدیل ۔ بھونڈا ۔ بے ڈول ۔ بھاری بھرکم ۔

بھڈری ۔ (بھدری) ۔ رمال ۔ نجومی ۔ جوتشی ۔

بھر پانا ۔ کیے کی سزا کو پہنچنا ۔ پھل پانا ۔

بھر ۔ جھانسا ۔ دھوکا ۔ فریب ۔

بھرّوں میں آنا ۔ (محاورہ) ۔ دھوکا کھانا ۔ فریب میں آنا ۔

بھر بھنڈ ۔ گڑ بڑ ۔ بدنظمی ۔ خلل ۔

بھر بھنڈی ۔ تباہی ۔ بربادی ۔ خرابی ۔

بھر بھراپن ۔ خستہ پن ۔

بھر بھرانا ۔ فریفتہ ہونا ۔ دل گدگدانا ۔ راغب ہونا ۔ مائل ہونا ۔

بھرتا ۔ کچلا ہوا ۔ خوب کچلا ہوا ۔

بھرکس ۔ کچومر ۔ چورا ۔ ریزہ ۔

بھرکس نکال دینا (محاورہ) ۔ کچومر نکال دینا ۔ چورا چورا کر دینا ۔

بھرم ۔ عزت ۔ آبرو ۔ اعتبار ۔ شہرت ۔

بھرنا ۔ دینا ۔ سلوک کرنا ۔ حسن اخلاق سے پیش آنا ۔

بھڑ پڑنا ۔ (محاورہ) لڑ پڑنا ۔ بحث کرنے لگنا ۔

بھڑ بھڑا کر ۔ تیزی سے ۔ بعجلت ۔

بھڑ کے چھتے کو چھیڑنا ۔ (محاورہ) ۔ فسادی کو چھیڑنا یا غصہ دلانا ۔

بھڑوا دینا ۔ لڑوا دینا۔
بھڑ بھونجا ۔ بھاڑ جھونکنے والا ۔ اناج بھوننے والا (صفت) بدشکل ۔ سیاہ فام ۔ میلا کچیلا ۔

بھس میں چنگی ڈال جمالو بھاگ کھڑی (الگ کھڑی)۔
(مثل) اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو لڑوا کر الگ ہو جائے یا لگا بجھا کر آپ الگ ہو جائے اور تماشا دیکھے ۔
بھساکو ۔ ہلکا تمباکو حقے میں پینے کا جو کڑوا یا تیز نہ ہو ۔
بھسم ۔ (مجازاً) جلا ہوا ۔ سوختہ۔ دل برداشتہ ۔
بھسیلا ۔ بھس رکھنے کی جگہ ۔ بھس کے ذخیرے کا برجی نمابنا ہوا انبار جو جاڑے کے موسم میں استعمال کرنے کو برسات سے محفوظ کیا جائے ۔
بھشتی ۔ سقا ۔
بھشتا ۔ پانی بھرنے والا یا پلانے والا ۔
بھکس (بھکش) ۔ جانوروں کی طرح کھانا کھانا ۔ ہضم کرنے والا ۔
بھکوا ۔ احمق ۔ مسخرہ ۔ بھڑوا ۔ (بطور دشنام استعمال ہوتا ہے)
بھکو ۔ بھگوڑا ۔ لڑائی سے بھاگ جانے والا ۔
بھل ۔ موٹا ۔ فربہ (موٹا کے ساتھ تاکید کے لیے استعمال ہوتا ہے مثلاً موٹا بھل) ۔
بھل منسی ۔ شرافت ۔ انسانیت ۔ شریفانہ برتاؤ ۔
بھلے مانس ۔ شریف آدمی ۔
بھلا چنگا ۔ تندرست ۔ موٹا تازہ۔ اچھا خاصا ۔
بھولکڑ ۔ (بھلکڑ) ۔ بھول جانے والا ۔ جو بار بار بھولتا ہو ۔
بھمباڑا ۔ سر کا بری طرح کھل جانا۔ سر کا بری طرح زخمی ہونا ۔ سر پھٹ جانا (ق)
بھنڈارے کا ہاتھ ۔ پھکیتی کی وہ ضرب جو حریف کی بائیں طرف لگاتے ہیں ۔
بھنگا ۔ ایک بہت چھوٹا پردار کیڑا جو اکثر غلاظت یا برسات میں پیدا ہوتا ہے ۔ پتنگا ۔ پروانہ ۔
بھنگڑ ۔ بھنگ پینے والا ۔
بھنگڑیے ۔ بھنگ بیچنے یا پلانے کے لیے تیار کرنے والا ۔ بھنگریے۔
بھنانا ۔ دماغ میں چکر آنا ۔ سر میں چکر آنا ۔ گھبرانا ۔ حواس باختہ ہونا ۔
بھنبھنانا ۔ ناک میں بولنا ۔
بھنبھیری ۔ ایک قسم کی ٹڈی جس کے اڑنے میں بھن کی آواز

نکلتی ہے (صفت)۔ تیز بھاگنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

بھنبھوڑنا ۔ بلّی، کتے یا درندے کا کاٹنا۔ نوچنا۔ نوچ نوچ کر کھانا۔

بھنڈارا ۔ ہندو فقیروں کی دعوت۔ خیرات خانہ۔ لنگر۔

بھنڈی ۔ ایک ترکاری کا نام جس کی شکل انسان کی انگلی سے ملتی جلتی ہے۔ توری کی ایک قسم۔

بھنڈی خانہ ۔ وہ کمرہ جس میں حقّے کا سازوسامان رکھا جائے۔

بھنک ۔ دھیمی آواز۔ ہلکی آواز، اُڑتی بات۔

بھنگ ۔ ایک قسم کی نشہ پیدا کرنے والی بوٹی۔ سبزی۔

بھنگڑ خانہ ۔ بھنگ پینے کا اڈا۔

بھنگی ۔ حلال خور، خاکروب۔

بھنگیانا ۔ بھنگ پی جانا۔ بھنگ پی کر بہکی بہکی باتیں کرنا۔

بھنور ۔ گرداب۔ پانی کا چکر۔

بھنوری ۔ پالک۔

بھوانی ۔ (ہندو) درگا دیوی۔ پاروتی۔ شیوجی کی استری۔ ہندو اس کی پرستش کرتے ہیں۔

بھوت ۔ ناپاک روح۔ خبیث روح۔ شیطان۔ پریت۔

بھوت سر پر سوار ہونا ۔ (محاورہ) دیوانہ ہونا۔ دھن سوار ہونا۔ کسی طرح نہ ماننا۔ جن چڑھنا۔

بھوٹر ۔ ایک نیچ ذات۔

بھور ۔ خاتمہ۔ انجام۔

بھول بھلیاں ۔ ۱۔ پیچ در پیچ راستے کا مکان ۲۔ ایک قسم کی عمارت جس میں ایک وضع کے متعدد دروازے اور راستے ہوتے ہیں جو شخص اس میں داخل ہوتا ہے راستہ بھول جاتا ہے۔

بھونچال ۔ زلزلہ۔

بھونی مونگ ۔ کم قیمت چیز۔ حقیر۔

بھونری ۔ وہ بالوں کا چکر جو گھوڑے یا آدمی کے جسم خواہ سر پر ہوتا ہے۔ گھوڑوں کی ایک قسم کا عیب۔ روئی جو انگاروں پر سینک لی جائے۔ شادی کے پھیرے۔ ہندوؤں میں شادی کے وقت دولہا دلہن کا آگ کے گرد پھیرا۔

بھیّا ۔ (بھائی کی تصغیر)۔ پیار سے بولتے ہیں۔

بھیّاں ۔ (بہیاں) باہیں۔ بانہیں۔ (بانہہ کی تصغیر) بازو۔

بھیتر ۔ اندر۔ چار دیواری کے اندر۔ مکان میں۔

بھیدی ۔ ۱۔ رازدار۔ رازداں۔ ۲۔ مخبر۔ جاسوس۔

بھیروں ۔ ہندوؤں کے پر جلال دیوتا شنکر (مہادیو) کا نام۔ ایک راگ جو صبح کے وقت گایا جاتا اور

خوف کے جذبات کا محرک سمجھا جاتا ہے۔
بھیروِیں ۔ ایک راگنی کا نام جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔
بھیڑ ۔ ہجوم ۔ مجمع ۔ جمگھٹ ۔ انبوہ ۔
بھیڑ بھڑکا ۔ ہجوم ۔ دھوم دھام۔
بھیڑنا ۔ کواڑ کے دونوں پٹ ملا کے بند کرنا۔ دروازہ بند کرنا۔
بھیڑیا ۔ پتنگ کی ایک قسم جس میں اوپر سے نیچے تک تین افقی پٹیاں ہوتی ہیں۔
بھیڑیا دھسان ۔ کورانہ تقلید ۔ بے سوچے سمجھے پیروی کرنا ۔ کثرت سے لوگوں کے ایک طرف توجہ کرنے کا کنایہ ہے۔
بھیگی بلی ۔ گربۂ مسکیں ۔ (مجازاً) عاجز، ذلیل، بے وقعت، کمزور۔
بھینا ۔ بہن کی تصغیر، تحقیر سے کہتے ہیں۔
بھینچ کا ہاتھ ۔ (پتنگ بازی کی اصطلاح) پتنگ کو ایک خاص انداز پر اڑانا۔
بھینس کے آگے بین بجائے
بھینس کھڑی مگر ائے (پگرائے)
(کہاوت) بے وقوف کے آگے ہنر دکھانا فضول ہے۔ ناسمجھ کے سامنے دانائی کی باتیں۔
بھینس نہ کودی کودی گون،

یہ تماشا دیکھے کون ۔ جس کو شکایت کرنی چاہیے وہ چپ رہے اور جس کی شکایت کرنی چاہیے تھی وہ الٹی شکایت کرنے لگے۔
بھینیا جونک ۔ موٹی جونک (مجازاً) پیچھا نہ چھوڑنے والی ہستی۔
بی ٹپک ۔ دخل در معقولات ۔ بے موقع ۔ بے محل ۔ بن بلایا مہمان
(ق)
بی ہائیو ۔ ایک قسم کی شراب ۔
بے اعتنائی ۔ بے توجہی ۔ لاپرواہی۔
بے بھاؤ کی پڑنا ۔ (محاورہ) بہت زیادہ جوتیاں پڑنا ۔ بہت مار پڑنا ۔
بے پر کی اڑانا ۔ (محاورہ) بے اصل بات کہنا ۔ بے بنیاد خبر اڑانا۔
بے تکی اڑانا ۔ بے بنیاد ۔ بے اصل، جھوٹی بات وغیرہ کہنا۔ گپ اڑانا۔
بے حیا کی بلا دور ۔ (مثل) (بے حیا کی رد بلا) ۔ بے حیا ہر طرح سے کام نکال سکتا ہے۔
بے حیا کے بیسوں بسوے ۔ (مثل) بے حیا کسی حال میں نہیں شرماتا ۔ بے حیا کی رسی دراز ۔ بے شرم کو موت بھی نہیں آتی۔
بے زر عشق ٹیں ٹیں ۔ (مثل) بغیر روپے کے عشق و عاشقی نہیں ہو سکتی۔
بے غل وغش ۔ بے دریغ ۔ اندھا

دھند - بے پروائی سے - بے تکلف -

بے کم وکاست - ٹھیک ٹھیک - درست - بغیر کمی بیشی کے - تکمیل -

بے نُقط سُنانا - (محاورہ) مغلظات - گالیاں سُنانا - بے محابا گالیاں دینا -

بے نوا - بے سروسامان - بے کس -

بے نیل مرام - بغیر کامیابی - بغیر حصول مقصد - ناکام - نامراد -

بے وارثا - جس کا کوئی ولی وارث نہ ہو -

بے وقت کی شہنائی - بے موقع بات - بے وقت کام -

بے ہمتا - بے نظیر - جس کے برابر کوئی نہ ہو -

بیہمال - (بے ہمال) لاثانی - بے مثل -

بَیا - گوریا سے چھوٹی زرد رنگ کی ایک چڑیا جو تنکوں سے بہت خوب صورت گھونسلا بنتی ہے جو پیڑ میں جھولے کی طرح لٹکتا رہتا ہے اور جسے جھونجھ بھی کہتے ہیں -

بَیاپک - وہ جس کی ابتدا اور انتہا کسی مقام سے منسوب نہ ہو سب میں اور ہر مقام پر موجود ہو - محیط کل -

بَیاض - چیدہ اشعار اور مضامین لکھنے کی کتاب - یادداشت کی کاپی -

بَیاکل - مضطرب - بے چین - دکھی -

بے بھاؤ کی پڑنا - (محاورہ) بہت زیادہ جوتیاں پڑنا - مار پڑنا -

بیت - شعر -

بَیتُ الخلا - وہ محدود جگہ جہاں رفع حاجت کرتے ہیں - پاخانہ -

بَیتُ اللطف - عشرت کدہ - راحت منزل (ق)

بیتال - بھوت پریت وغیرہ -

بیٹ کھا جانا - کسی کی نقل کرنا - نقالی کرنا (ان کاموں یا توں کی جن کا خود اہل نہ ہو یا جو ناپسندیدہ ہوں -) -

بَیٹھک - چوپال - چوپار - بیٹھنے کی جگہ - (پہلوانوں کی اصطلاح) مقابل کے لنگوٹ کو ایک ہاتھ سے پکڑ کر دوسرے ہاتھ سے دونوں ٹانگوں کے بل اُٹھا لینا -

بَیٹھے مکھیاں مارنا - بے کار - بے مصرف - وقت ضائع کرنا -

بیچ کھیت - علی الاعلان - ڈنکے کی چوٹ - کھُلم کھُلا -

بَیچلر - کنوارا

بیچھو - (عو) بچھو - عقرب -

بیخ کنی - جڑ اُکھاڑنا - نسل ختم کرنا - تباہ و برباد کرنا -

بَید - ایک قسم کی لکڑی (چھڑی) جس میں لچک بہت ہوتی ہے -

بَید - وید - طبیب - معالج -

بَیْد رَاج ۔ طبیب ۔ حکیم ۔
بَیْدِ مَجْنُوں ۔ بید کی ایک قسم ہے جس کے پتے باریک اور شاخیں نازک ہوتی ہیں ۔
بِیْدَھا ۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جس پر جادو کا اثر ہو یا جو شخص کسی آفت میں مبتلا ہو ۔
بَیْڈ مِنْٹَن ۔ چڑی بلا ۔ مقررہ حدود کے بیچ میں معین حد تک جال لگا کر بیضوی جال دار اور کنول کے پھول سے مشابہ پروں سے بنی ہوئی گیند (چڑیا) سے مقررہ طریقے سے کھیلا جانے والا کھیل ۔
بِیْرَا ۔ (گنوار) ۔ بھائی ۔ برادر ۔ عزیز ۔
بَیْرَا ۔ (بیرر کا بگاڑ) ۔ پیش خدمت ۔ وہ نوکر جو اوپر کے کام کی دیکھ بھال پر متعین ہوتا ہے ۔
بِیْر ۔ (گنوار) دفعہ ۔ نوبت ۔ مرتبہ ۔
بَیْرَاگی ۔ تارک الدنیا ۔ جوگی ۔ فقیر ۔
بِیْر بَہُوٹی ۔ ایک سُرخ رنگ کا کیڑا جو برسات کے پہلے سے پیدا ہوتا ہے اور اس کو خشک کرکے دواؤں کے کام میں لاتے ہیں ۔
بَیْرِسْٹَر ۔ وہ وکیل جس نے وکالت کی ڈگری ولایت سے حاصل کی ہو ۔
بَیْر ۔ دشمنی ، عداوت ۔ بغض ۔
بَیْرَق ۔ علم ۔ جھنڈا ۔
بَیْرَن ۔ دشمن عورت ۔ وہ عورت جس کے دل میں دشمنی ہو ۔ بدخواہ عورت ۔
بَیْرَنگ ۔ بغیر ٹکٹ یا بے ٹکٹ کا (خط) (مراداً) فوراً ۔ بلا تاخیر ۔
بَیْرو مِیْٹَر ۔ باد پیما ۔ مقیاس الہوا ۔ ہوا کا رخ اور دباؤ معلوم کرنے کا آلہ ۔
بِیْرَہ ۔ جو کی شراب ۔ بُوزہ ۔ بئیر ۔
بَیْرِی ۔ دشمن ۔ بدخواہ ۔ مخالف ۔
بَیْڑَا ۔ ناؤ ۔ کشتی ۔ جتھا ۔ گروہ ۔ جرگہ ۔ منڈل ۔
بِیْڑَا ۔ بنا بنایا پان ۔ پان کی گلوری ۔
بِیْڑا اُٹھانا ۔ (محاورہ) کسی مشکل کام کو انجام دینے کا ذمہ لینا ۔ عہد کرنا ۔ شرط باندھنا ۔
بَیْڑا پار ہونا ۔ کشتی کنارے لگانا ۔ جہاز کو سلامتی کے ساتھ پار اُتارنا ۔
بَیْڑَن (بیڑھن) ۔ گانے بجانے کا پیشہ کرنے والی ہندو عورت ۔
بَیْسَن دَانی ۔ وہ تشتری وغیرہ جس میں ہاتھ دھونے کے لیے بیسن رکھا جائے ۔
بَیْسْوَا ۔ فاحشہ عورت ۔ کسبی ۔ رنڈی ۔
بَیْش بَہا ۔ قیمتی ۔ بڑھیا ۔
بَیْشَہ ۔ جنگل ۔ بیابان ۔
بَیْعَانَہ ۔ سائی ۔ وہ رقم جو فروخت کرنے والے کو پیشگی دی جائے تاکہ معاملہ پختہ ہو جائے ۔
بَیْعَت ۔ اطاعت کا عہد ۔ مُرید

بننا۔
بَیکُنٹھ ۔ بہشت ۔ سُرگ ۔
بَیگ ۔ چمڑے کا تھیلا ۔ تھیلا ۔
بَیگ ۔ سردار ۔ امیر ۔ ایک باعزت لقب ۔
بَیگَنی ۔ خاتون ۔ بیگ کی بیوی ۔
بَیل ۔ (مجازاً) بے وقوف ۔ احمق ۔
بیل پانا ۔ زرتصدق جو شادی میں دولہا دُلہن پر تصدق کرتے ہیں اور ارباب نشاط کو دیا جاتا ہے ۔
بیل لینا ۔ ڈومنیوں کا دولہا دُلہن کے اعزہ وغیرہ سے انعام یا صلہ حاصل کرنا ۔
بیل منڈھے چڑھنا ۔ کامیابی ہونا ۔ کام کا حسب مراد انجام کو پہنچنا ۔
بَین ۔ بیچ ۔ درمیان ۔ مردے پر نالہ وزاری عورتوں کی زبان سے
بِین ۔ باجا ۔
بِین کار ۔ بین (باجا) بجانے والا ۔
بَیِّن ۔ آشکارا ۔ ظاہر ۔ عیاں ۔
بینچ (بنچ) ۔ ۱۔ لمبا تختہ جس کے پائے لگے ہوتے ہیں ۔ ۲۔ حکام عدالت ۔
بیونت ۔ کاٹ ۔ تراشں ۔ قطع وبرید ۔
بیوپار ۔ تجارت ۔ لین دین ۔
بیوی گئی تھیں روزے بخشوانے نماز بھی گلے پڑی ۔ (مثل) ایک آفت سے بچنے کی کوشش کی تھی دوسری میں پھنس گئے ۔
بیہڑ ۔ ناہموار یا اونچی نیچی زمین ۔

پ

پابجولاں ۔ مقید ۔ پابند ۔ (مجازاً) چلنے سے معذور ومجبور ۔
پاپ ۔ گناہ ۔ قصور ۔ جرم ۔
پاپوش ۔ جُوتی ۔ کفش ۔ پیزار ۔
پاپڑ بیلنا ۔ (محاورہ) مصیبت برداشت کرنا ۔ عسرت میں زندگی بسر کرنا ۔ مشقت اُٹھانا ۔
پاپی ۔ گناہ گار ۔ خاطی ۔ مجرم ۔
پاتال ۔ زمین کا سب سے نچلا طبقہ ۔ تحت الثریٰ ۔ سات طبقات میں سے آخری ساتواں ۔ ناگوں اژدہوں اور شیطانوں کا مسکن ۔
پاتُر ۔ کسبی ۔ بیسوا ۔ چھنال ۔ قحبہ ۔
پاٹ شالہ ۔ مکتب ۔ مدرسہ ۔ اسکول ۔
پاٹھا ۔ ہاتھی کا بچہ نر ۔ (مجازاً) پہلوان ۔ فربہ ۔
پاٹھی ۔ گیانی ۔ پاٹھ کرنے والا ۔ وہ برہمن جس نے تعلیم پوری کی ہو ۔

پاٹ ۔ (پٹی) ۔ پلنگ کا بازو ۔ پٹی (چارپائی وغیرہ کی)۔

پاجیوں ۔ (پاجی)۔ اسفل ۔ قابلِ تحقیر۔ ذلیل۔

پادرہوا ۔ ہوا کے گھوڑے پر سوار۔ معلق۔

پادری ۔ عیسائی مذہب کا امام۔ پیشوا۔

پارچہ ۔ کپڑا۔ پوشاک ۔ لباس کے وہ حصے یا جزو جو خلعت میں شامل ہوتے تھے۔

پارچ منٹ (پارچمنٹ) ۔ (انگریزی)۔ چرمی کاغذ۔ جھلی (جو لکھنے کے کام آئے)۔ چرمیہ۔

پارس ۔ ایک پتھر جس کی نسبت مشہور ہے کہ لوہے سے چھو جائے تو اسے سونا بنا دیتا ہے۔ (مجازاً) عمدہ۔ کامل ۔ نہایت قیمتی ۔

پارسال ۔ گزشتہ سال۔

پارسی ۔ آتش پرست ۔ زرتشت کا پیروکار۔

پارلیمنٹ ۔ (پارلیمان)۔ کسی آزاد جمہوری مُلک کی سب سے بڑی مجلس قانون ساز۔ قومی مجلس ۔

پاڑ (پاڑھ)۔ مچان ۔ لکڑیوں کی بیٹھک جس پر معمار بیٹھ کر بلندی پر کام کرتے ہیں۔

پاڑھا (پاڑا) ۔ چیتل ۔ ہرن سے مشابہ ایک صحرائی جانور جو قد میں چھوٹا ہوتا ہے اور جس کے جسم پر سفید چتیاں ہوتی ہیں۔

پازیب ۔ پیروں میں ٹخنوں کے مقام پر پہننے کے مختلف وضع و قطع کے سادہ اور جڑاؤ بنے ہوئے زیور۔ پایل ۔ گوجری ۔

پاژند ۔ (پازند) ۔ زرتشت کی دینی کتاب۔ اوستا کی تفسیر (زند) کی تفسیر کا نام ۔

پاس ۔ طرف داری ۔ لحاظ ۔ مروت ۔ رو رعایت۔

پاستان ۔ پُرانا ۔ گزشتہ ۔ قدیم تواریخ۔

پاسی ۔ اس قوم کا نام جو تاڑی بیچنے کا پیشہ کرتی ہے ۔ پاسبان ۔ چوکیدار۔

پاکٹ ۔ جیب ۔ کیسہ ۔

پاکھر ۔ گھوڑوں ۔ ہاتھیوں وغیرہ کی زرہ۔ تاروں سے بنی ہوئی جالی جو جنگ کے وقت گھوڑے کو پہناتے ہیں ۔

پاکھنڈ ۔ بدذاتی ۔ شرارت ۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔

پالوں (پال کی جمع) ۔ چھوٹا خیمہ ۔ کپڑے یا سرکیوں کا چھوٹا سا تنبو۔

پالاگن (ہندو) (لفظاً) پاؤں سے لگنا ۔ قدم لینا ۔ پاؤں سر پر رکھنا (عقیدت مندانہ) ۔ آداب ، تسلیم ۔

پالان ۔ وہ گدی یا کپڑا جو لدو جانوروں کی پیٹھ کے بچاؤ کے لیے ڈالتے ہیں ۔ جھول ۔ کجاوہ ۔

پالا پڑوسا - جو پالے جانے کے بعد سیانا ہو گیا ہو۔

پالا جیتنا - (محاورہ) - کبڈی میں فریق مخالف کے تمام کھلاڑیوں کو پالے کے باہر کرکے بازی جیت لینا - کامیاب ہونا۔

پالا ہاتھ رہنا (محاورہ) - بازی جیتنا - فتح یاب ہونا۔

پالٹ - (حرب وضرب) - پٹے اور بنوٹ کی ایک ضرب جس میں حریف کی پنڈلی پر چوٹ دیتے ہیں۔

پالٹ کا ہاتھ - لاٹھی یا ڈنڈے سے لڑتے وقت مخالف کے پاؤں پر چوٹ لگانا۔

پالک - ایک قسم کا ساگ - اسفاناخ۔

پالکی - امرا کی ایک قسم کی لکڑی کی بنی ہوئی مستطیل شکل کی چاروں طرف سے بند دو دروازوں والی سواری جس میں آگے پیچھے موٹے ڈنڈے لگے ہوتے ہیں، جسے کہار اپنے کندھوں پر اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں۔ فنس - محافہ۔

پالو - گھر کا پالا ہوا جانور - سدھایا ہوا جانور۔

پالی - مرغوں کی لڑائی کا درمیانی وقفہ (ان کے تازہ دم ہونے کے لیے) (پتنگ بازی) وہ کنکوا جو تنا ڈپر نہ ہو اور پیٹا چھوڑ دے۔ پرندوں (مرغ بٹیر وغیرہ) کی لڑائی کی جگہ۔

پالے پڑنا - (محاورہ) - پلے بندھ جانا - سر پڑنا - ذمہ ہو جانا۔

پامردی - استقلال - ہمت - مضبوطی۔

پان - ۱- کلف - مانڈی - پانی میں آٹا گھول کر جو لاہے سوت کو لگاتے ہیں، پان کہلاتا ہے ۲- برگ تنبول ۳- انگیا کی کٹوریوں میں دو ٹکڑے ہوتے ہیں بڑا دیوار اور چھوٹا پان کہلاتا ہے۔

پانچ اندری - حواس خمسہ - چکھنا - سونگھنا - دیکھنا - سننا - چھونا۔

پانچوں انگلیاں برابر نہیں ہوتیں - (مثل) انسان مختلف طبائع کے ہوتے ہیں۔ سب آدمی یکساں نہیں ہوتے۔

پانچویں (پانچوں) سواروں میں (نام لکھوانا) - (محاورہ) خواہ مخواہ نامی لوگوں میں شامل ہونا - لہو لگا کے شہیدوں میں ملنا - اپنے آپ کو نام آوروں کے زمرے میں شامل کرنا۔

پانچوں گھی میں اور سر

کڑھائی میں۔ (مثل)۔ مختار کل ہے۔ ہر طرح مزے میں ہے۔ بہت اچھی حالت میں ہے۔

پاندھان/ پان دان۔ پٹاری۔ پان اور اُس کے لوازمات رکھنے کا ظرف۔

پانڈے (ی) (پانڈا)۔ پنڈت۔ برہمن۔ اُستاد۔ معلم۔

پانسہ (پانسا)۔ ۱۔ قرعہ، جس کو رمّال پھینکتے ہیں ۲۔ وہ شش پہلو ہڈی کا ٹکڑا جس پر اعداد کی جگہ نقطے بنے ہوتے ہیں۔ قمار باز باری باری اسے پھینکتے ہیں اور اس کے مطابق ہار جیت ہوتی ہے۔

پانی بھرنا۔ (محاورہ)۔ لوہا ماننا۔ غلام ہونا۔ خدمت کرنا۔ حکم پر کام کرنا۔

پانی پانی ہو جانا (محاورہ)۔ شرمندہ ہو جانا۔ خجل ہونا۔ نادم ہونا۔

پانی پی پی کر کوسنا۔ (محاورہ) سخت بد دعا دینا۔ اُٹھتے بیٹھتے ہر وقت کسی کے حق میں برا چاہنا۔

پانی مرنا۔ (محاورہ)۔ نقص ہونا۔ عیب ہونا۔ کچھ دال میں کالا ہونا۔

پانی نہ مانگنا۔ جھٹ پٹ مرجانا کہ پانی مانگنے کا بھی موقع نہ ملے۔ دفعتہً مرجانا۔

پانیر۔ لکھنؤ کا ایک انگریزی روزنامہ۔ (ق)

پانزدہ۔ پندرہ۔ دس اور پانچ۔ (ہندسوں میں) ۱۵۔ عموماً تراکیب میں مستعمل۔

پاؤلا۔ روپے کا چوتھائی حصّہ۔ چونّی۔ پچیس پیسے۔

پاؤلے بھرنا۔ (محاورہ) پینترا کرنا۔ بنوٹ میں چلت پھرت دکھانا۔

پاؤں بھاری ہونا۔ (محاورہ) حاملہ ہونا۔

پاؤں پہ (پر) سنیچر سوار ہونا۔ (محاورہ) پاؤں گردش میں ہونا۔ مارے مارے پھرنا۔

پاؤں تلے سے مٹّی (زمین) نکلنا۔ (محاورہ) ہوش اُڑ جانا۔ حیران ہونا۔ پریشان ہونا۔

پاؤں قبر میں لٹکانا۔ (محاورہ) (مراداً) طویل العمر ہونا۔ قریب الموت ہونا۔ (ق)

پائپ۔ انگریزی وضع کا تمباکو پینے کا حُقّہ۔

پائگاہ۔ قدر۔ مرتبہ۔ منزلت۔ بارگاہ۔

پائینتی۔ پلنگ یا چارپائی کا پاؤں کی طرف کا حصّہ۔

پائنٹ۔ شراب کی ایک خاص مقدار۔ (ق)

پایاب - گھاٹ - پیر ڈ باؤ اتھلا پانی۔
پپیڑی - حلوا سوہن کی ایک قسم۔
پپیہا - ایک پہاڑی پرند کا نام جو بہت خوش آواز ہوتا ہے۔
پت جھاڑ - (پت جھڑ) - پتے جھڑنے کا موسم۔ موسم خزاں۔
پتا - ورق - گنجفے یا تاش کا ورق۔
پتا توڑ - جلدی سے بھاگنا - فوراً چل دینا۔
پتا کھڑکا اور بندہ سرکا / سٹکا۔ (پتا کھڑکا اور اونٹ سرکا) - (مثل) ذرا سے اشارے میں مطلب تاڑ جانا - کمال ہوشیاری یا چالاکی ظاہر کرنے کے موقع پر، اور آہٹ پاتے ہی کسی جگہ سے ہٹ جانے کے محل پر بھی بولتے ہیں۔ چور ذرا سے خوف سے بھاگ جاتا ہے۔
پتانا - دنگ ہونا - ہوش باختہ ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
پتانا - بھروسا کرنا - یقین کرنا۔ اعتبار کرنا۔
پتیانا - متاثر ہونا - نرم پڑنا۔ موافقت کرنا۔ راضی ہونا۔
پتا ور - پھوس جس سے چھپر بناتے ہیں، نیز اس پھوس کا پودا یا جھنڈ۔
پتریا - (پتریا) - رنڈی - فاحشہ عورت - کسبی - قحبہ۔

پتلون - انگریزی وضع کا پاجامہ جس میں میانی نہیں ہوتی اور کمربند کی جگہ پیٹی کسی جاتی ہے، قمیص کا دامن اس کے اندر اڑس لیا جاتا ہے۔
پتوہو (پتوہ) - بہو - بیٹے کی بہو۔
پتھر کلا - (سپاہ گری) - چقماق بندوق۔ توڑے دار بندوق۔
پتی باقی نہ رکھنا - (مراداً) صفایا کر دیا۔ کچھ بھی نہ رہا۔
پتی داری - زمین پر مشترک کاشت کے لیے حصے دار بننے کا عمل۔
پٹ - کواڑ - دروازے کی جوڑی کا ایک تختہ۔
پٹا - حلقہ یا تسمہ جو جانوروں کے گلے میں ڈالتے ہیں - چپراس - تلاوہ۔ ماتھے کا ایک زیور۔ (ہندو) تختہ۔ پٹرا۔
پٹاری - پان دان۔
پٹخنی - کشتی کا ایک داؤں - زمین پر پٹخنے کا عمل۔
پٹڑا کر دینا - (محاورہ) - تباہ کر دینا۔ بربادکر دینا۔
پٹس - (میت یا کسی مصیبت پر) ماتم - کہرام - گریہ و زاری - رونے پیٹنے کا شور۔
پٹکا - ۱- وہ پٹی، کپڑا یا رومال وغیرہ جس سے کمر کسی جاتی ہے - کمر پیچ - کمربند ۲- (سپاہ گر) شانے

سے ناف تک تلوار کی ضرب سے ترچھی کاٹ۔ ۳- وہ کارچوبی کے کام کا عرض میں کم اور طول میں زیادہ سلا ہوا دوہرا کپڑا جو علم میں پنجے کے پاس باندھتے ہیں اور چھڑ میں لٹکا رہتا ہے۔ پھریرا۔ پرچم۔

پٹکہ دار - پیٹی والا (ق)

پٹکی پڑنا - غضب الٰہی نازل ہونا۔ بددعا۔ کوسنا۔

پٹم - چوپٹ ہو جانا۔ بالکل اندھا ہو جانا۔ خراب ہو جانا۔

پٹنّ - ماتم۔ کہرام۔ رونا پیٹنا۔

پٹوا - ریشم کا کام کرنے والا۔ وہ شخص جو مالا یا تسبیح یا زیور میں ڈورے ڈالتا ہے۔

پٹھا (پٹھوں) - پہلوانوں کی اصطلاح میں شاگرد۔

پٹھا - (مراداً) کلف۔ ایک پکا ہوا لیس دار مادہ جسے پانی میں ملا کر کپڑے کو اس میں ڈبوتے ہیں۔ عضلہ۔ عصب۔

پٹھہ - آمیزش۔ شائبہ۔ لو۔ چاشنی۔

پٹھان - ایک قوم جو ہندوستان/ پاکستان کے شمالی مغربی پہاڑوں میں آباد ہے، افغانی۔ (صفت) خون خوار۔ سفاک۔ جنگ جو۔

پٹی پڑھانا - (محاورہ) - بہکانا۔ ورغلانا۔

پٹے (پٹا) - وہ دستاویز جو کاشت کار زمیں دار کو کاشت کے متعلق لکھ دیتا ہے۔ ٹھیکے کا کاغذ۔ اجارہ نامہ۔ وہ اجازت نامہ جو مالک کاشت کار کو لکھ کر دیتا ہے۔ کرایہ وصول کرنے کا دستور العمل۔ کاکل۔ مانگ پٹی۔ سر کے خم کھائے ہوئے بال جن کو بعض مرد سر کے دونوں طرف کانوں تک لٹکاتے ہیں۔

پٹیا - پتنگ لڑانے کے دوران ڈور کا توڑ لینا پٹیا کہلاتا ہے۔

پٹیت - پٹے باز۔ پھری گدکے سے کھیلنے والا۔

پٹیل - گاؤں کا سرغنہ۔ مقدم۔ چودھری۔

پٹیل ڈالنا - (محاورہ) کم قیمت پر بیچ ڈالنا۔ اونے پونے بیچ ڈالنا۔

پٹیلا - ایک قسم کی چوڑے پیندے کی کشتی جس پر تختے بچھا دیئے جاتے ہیں تاکہ اس پر بہلی، پالکی وغیرہ آسانی سے لے جا سکیں۔ ہموار۔ ایک قسم کی گھاس۔

پٹیلنا - گرا دینا۔ ہرا دینا۔ مغلوب کرنا۔ بھگانا۔ مارنا۔ زدوکوب کرنا۔

پجوڑ - ذلیل۔ کمینہ۔ فرومایہ۔ رذیل۔

پجوڑا - (پاجی کی تصغیر) نہایت ذلیل۔

پَچَیت ۔ کشتی لڑنے والا ۔ داؤں پیچ کرنے والا ۔ کشتی اور پہلوانی کے فن میں ماہر ۔
پچ کرنا ۔ (محاورہ) طرف داری کرنا ۔ پاس کرنا ۔ حمایت کرنا ۔
پچ میل ۔ ملا ہوا ۔ مرکب ۔ جو خالص نہ ہو ۔ کئی طرح کا ۔
پَچَک ۔ (مراداً) نڈھال ۔ نحیف نزار ۔ کم زور ۔
پچکنا ۔ دبنا ۔ دھنسنا ۔ بیٹھنا ۔ پٹخ جانا ۔ پٹخنا ۔ پچکنا ۔
پچکے (پچکا) ۔ بڑی پچ کاری جس سے ہولی میں ہندو ایک دوسرے پر رنگ ڈالتے ہیں ۔
پَچھَتی ۔ بہت لمبی ۔ بڑے قد کی ۔
پچھل پائی ۔ چڑیل ۔ بھتنی ۔ جادو گرنی ۔
پچھم ۔ مغرب ۔ سورج چھپنے کی سمت ۔
پچھواڑے (پچھواڑا) ۔ مکان کے پیچھے کا حصّہ ۔ عقب کا ۔
پچیتی ۔ داؤں پیچ کا فن ۔ داؤں پیچ جاننا ۔
پچی کاری ۔ مرصع سازی ۔ جڑاؤ کام ۔ جواہرات اور رنگ دار پتھروں کا کام ۔ چونے اور اینٹ کا مضبوط کام ۔
پچیسی ۔ ایک کھیل جو کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے ، بساط میں چار ٹکڑے ہوتے ہیں اور ہر ایک میں پچیس

خانے ہوتے ہیں ۔
پخ ۔ روک ۔ پابندی ۔
پُختَت و پَز ۔ ٹھیک ٹھاک ۔ درستی ۔ پختگی ۔ کھانا پکائے جانے کا عمل ۔
پَدرُود ۔ وداع ۔ رخصت ۔
پَدم ۔ دس کھرب ۔ علم ہندسہ میں سو نیل کا ایک پدم ۔
پَدمون ۔ لاتعداد ۔ ان گنت ۔
پَدمَنی ۔ اعلیٰ درجے کی نازک خوبصورت عورت کی ایک قسم ۔
پَدیدار ۔ ظاہر ۔ نمودار ۔ آشکار ۔ ہویدا ۔ روشن ۔
پِدّی ۔ ایک چھوٹی خوش آواز چڑیا ۔ (صفت) حقیر ۔ ضعیف ۔ ناچیز آدمی ۔
پَرا جمانا ۔ (محاورہ) صف جما کر کھڑا ہونا ۔ صف باندھنا ۔ سلسلہ دار کھڑا ہونا ۔
پَراٹھے (پَراٹھا) ۔ توے پر گھی میں دلی ہوئی پرت دار روٹی ۔
پَرایَت ۔ تابع دار ۔ ماتحت ۔ محکوم ۔
پِران ۔ دم ۔ ہوا ۔ نفس ۔ روح ۔ جان ۔
پَرّان ۔ (صفت) اُڑنے والا ۔
پُرانے گڑے مُردے اُکھیڑنا / اُکھاڑنا ۔ (مثل) بھولی بسری باتیں درمیان میں لانا ۔ پرانے جھگڑے

کھڑے کرنا۔ پچھلی باتوں کو دُہرانا۔

پَرائی بَدشُگُونی کے لیے اَپنی ناکْ کٹْوانا۔ (محاورہ) دوسرے کے کم نقصان کے لیے اپنا زیادہ نقصان کرلینا۔

پَربَت۔ پہاڑ۔ کوہ۔ جبل۔

پِرتھوِی / پرتھی۔ زمین۔ جہان۔ دنیا۔ دنیا کے لوگ۔

پَرجَا۔ رعیت۔ رعایا۔

پَرَچ۔ ایک راگنی کا نام جو چار بجے رات کو گائی جاتی ہے۔

پِرِچ۔ تشتری۔ وہ تشتری جس پر پیالی رکھی جاتی ہے۔

پُرچک۔ حمایت۔ اجازت۔ طرفداری۔ چمکارنا۔ بہلاوا۔

پَرچہ۔ شاہی زمانے میں یہ دستور تھا کہ اخبار نویس ہرکارے سے خبر پاکر حال قلم بند کرتے اور سرکار میں داخل کرتے تھے اس تحریر کو پرچہ کہتے تھے۔ رقعہ۔ خط۔

پَرَخچے۔ (پرخچا کی جمع) پرزہ۔ ٹکڑا۔

پَرداخت۔ ۱۔ پرورش۔ پالن۔ ۲۔ نگرانی۔ دیکھ بھال۔

پَردَہ۔ نغمہ کی جگہ۔ راگ کا مقام۔

پُرسا دینا۔ (محاورہ)۔ ماتم پرسی کرنا۔ تعزیت کرنا۔ بیمار کی عیادت کو جانا۔

پَرسَنْد۔ خوش۔ مسرور۔

پَرسَشن۔ جو بات پوچھی جائے۔ سوال۔ استفسار۔

پَرقَینچ۔ وہ پرند جس کے پر کاٹ دیئے جائیں، خاص طور پر کبوتر کے لیے مستعمل ہے۔

پَرکار۔ دائرہ کھینچنے کا آلہ۔

پَرکاس (پَرکاش)۔ چمک، نور، روشنی (مجازاً) شان و شوکت۔ نمود۔

پَرکالۂ آتش۔ (مجازاً) شوخ و طرار۔ نہایت چالاک۔ عیار و فتنہ پرداز۔

پَرمَل۔ کھیلیں جو مکئی، جوار، باجرے وغیرہ کے بھگو کر بھوننے سے ہو جاتی ہیں۔ ایک قسم کے خوشبودار چاول۔

پَرمیشر / پَرمیشور۔ ایشور۔ اللہ تعالےٰ۔ وشنو کا ایک لقب۔

پَرنالا۔ کوٹھے یا بالا خانے کی موری جو پانی نکالنے کے لیے ہوتی ہے۔

پَرنْتو۔ لیکن۔ مگر۔ پھر بھی۔

پَرنْد۔ ایک قسم کا عمدہ اور پھول دار ریشمی کپڑا۔

پَرنْد چینی و ختائی۔ چین اور ختا کا ریشمی کپڑا۔

پَرنْد کے پَر جَلنا۔ (محاورہ) بے حد روک ٹوک۔ کسی کا گزر نہیں ہے۔ کوئی جانے نہیں پاتا۔

پَرنیاں۔ ایک قسم کا پھول والا ریشمی کپڑا۔ دیبا، جو بہت نرم اور ملائم

ہوتا ہے۔
پَرْوار ۔ قبیلہ ۔ خاندان ۔
پَرو بال ۔ قوت ۔ پَر اور بازو۔
پَرْوانَہ ۔ حکم ۔ فرمان ۔
پَرْوتی ۔ پوتے کی بیٹی ۔ بیٹے کی پوتی ۔
پَرے کے پَرے ۔ (مراداً) انبوہ کثیر ۔ بڑا مجمع ۔
پَری چِھَم ۔ جس میں پری جیسی چمک دمک اور آن بان ہو ۔ حسین اور شوخ ۔
پَرِیت ۔ بھوت ۔ ناپاک روح ۔ خبیث ۔
پَرِیت ۔ محبت پیار ۔ عشق ۔ اُلفت ۔ میل جول ۔ اتحاد ۔
پَرَیمَر ۔ (پرائمر) ابتدائی کتاب ۔
پَرِیسِیڈَنٹ ۔ میر مجلس ۔ صدر ۔ چیرمین ۔
پَرِیسِیڈَنسی ۔ (پریزیڈنسی) ۔ صدر کا عہدہ یا کام ۔
پَرِیوِیٹ سَیکرَٹَری (پرائیویٹ سیکرٹری) ۔ (عموماً کسی حاکم یا افسر کا) ذاتی معتمد ۔
پَڑاتے کی گوٹ ۔ مختلف رنگوں کی گوٹ ۔ رنگارنگ کی کناری ۔
پَڑاقا (پٹاخا) ۔ ایک قسم کی آتش بازی جس میں چھوٹتے وقت آواز ہوتی ہے ۔
پَڑتال / پَرتال ۔ دوبارہ جانچ ۔ جائزہ ۔ نظرثانی ۔ چھان بین ۔

پَڑوس ۔ ہمسائگی ۔ قرب وجوار ۔
پَڑھیں فارسی بیچیں تیل ، یہ دیکھو قسمت / قدرت کے کھیل ۔ (مثل) کسی علم وہنر کی قدر نہ ہو یا کسی کو قابلیت یا صلاحیت کے مطابق کام نہ ملے تو اس کے متعلق یہ کہاوت کہی جاتی ہے یا کسی صاحب عزت کو ذلیل کام کرتے دیکھ کر یا کسی شریف آدمی سے بے جا حرکت سرزد ہونے پر بولتے ہیں ۔ مُراد یہ ہے کہ نالائق ہوگیا یا بد قسمت ہے ۔
پَڑی کھڑی ۔ موجود ۔ حاضر (ق) ۔
پَزاوَہ ۔ بھٹا ۔ جس میں مٹی کے برتن ، اینٹیں وغیرہ پکاتے ہیں ۔ آدہ ۔
پَژمُردَہ ۔ مُرجھایا ہوا ۔ کملایا ہوا ۔
پَژُوہ ۔ لباس کا استر ۔ ڈھونڈنے والا ۔ طالب ۔ جستجو کرنے والا ۔
پَسارنا ۔ پھیلانا ۔ کھولنا ۔ لمبا کرنا ۔
پِستَہ ۔ سبز رنگ کا ایک گری دار میوہ ۔
پِستے کی ہَوائیاں ۔ پستے کے باریک باریک ٹکڑے (ق) ۔
پَسکونا ۔ کہار ۔ ایک نیچ ذات ۔
پَسندے ۔ (پَسندا) ۔ سیخ کے کباب کی ایک قسم ۔ گوشت کے کچلے ہوئے پارچے ۔ گوشت کے طولانی ٹکڑے جو سیخ کے کباب بنانے کو کاٹتے

ہیں۔

پَسنہارِی ۔ آٹا پیسنے والی۔ آٹا پیسنے کا پیشہ کرنے والی۔

پَسیجنا ۔ (مجازاً) مہربان ہونا۔ رحم یا ترس کھانا۔

پَسیج ۔ رطوبت۔ نمی۔

پَسیلچہ ۔ ایک پیسے کی قیمت کا (مراداً) حقیر۔ ناقص۔

پشَاچ (پشاج) ۔ (لفظاً) گوشت خوار (مجازاً) دیو۔ بھوت۔ پریت اور بدروحیں جو ویرانوں میں بسیرا کرتی ہیں اور کہا جاتا ہے کہ انسانوں کی کھوپڑی سے خون پی لیتی ہیں (مجازاً) بہت سخت دل اور کٹر انسان۔

پُشتک ۔ ۱۔ کتاب۔ پوتھی۔ گرنتھ۔ مسودہ۔ ۲۔ کھیل۔ ایک شخص ہاتھوں کو زانو پر رکھ کر جُھک جاتا ہے اور دوسرا شخص اس کے اوپر چھلانگ مارتا ہے۔

پُشتک مَارنَا ۔ (محاورہ) دولتّی مارنا۔ گدھے گھوڑے، اونٹ کا پچھلے دونوں پاؤں اُٹھا کر لات مارنا۔

پشوَاز/پیش وَاز ۔ رقاصی کا لباس۔ گانے ناچنے والی عورتوں کا پُرتکلف لباس۔

پِتّے (پشتہّ) ۔ مجھر۔ ڈانس۔

پِک مِی اَپ ۔ مجھے لیجیے۔ مجھے اُٹھائیے۔ مجھے سنبھالیے۔

پَکّا پہرا ۔ (مراداً) پوری حفاظت۔ مکمل پہرا۔ بھرپور نگرانی۔

پکَڑیا ۔ برگد سے مُشابہ ایک درخت جس کی چھاؤں بہت گھنی ہوتی ہے، اس کی کونپلوں سے مزیدار سالن تیار کیا جاتا ہے۔

پکھَاوَج (پکھاوج) ۔ ایک قسم کی ڈھولک۔ تال کا قدیم ساز، جسے مردنگ کی ترقی یافتہ شکل کہا جاتا ہے۔ مردنگ مٹی کی اور پکھاوج لکڑی کی ہوتی ہے۔ یہ اُنگلیوں سے کم ہتھیلیوں سے زیادہ بجائی جاتی ہے۔ پکھاوج بیچ میں سے کسی قدر اونچی اور سروں کی طرف گاؤدم ہوتی چلی جاتی ہے۔ وضع قطع میں ڈھول سے مشابہ۔

پکھَاوَنِی ۔ چمڑے کا مشکیزہ۔

پُکھرَاج ۔ زبرجد۔ یاقوت زرد۔ ایک قسم کا بیش قیمت جواہر جس کا رنگ بیشتر زرد ہوتا ہے۔

پُکھرَاج پَری ۔ امانت لکھنوی کے ڈرامے اندرسبھا میں شامل ایک کردار۔

پکّی پوڑھی ۔ مکمل طور پر طے شدہ (بات یا حالت)۔ نہایت پختہ (معاملہ وغیرہ)۔ بالکل تیار۔

پگ ۔ ۱۔ پاؤں۔ پَیر۔ قدم ۲۔ پگڑی، دستار۔

پِگ ۔ شراب کا ایک پیمانہ جو عام پینے والوں کی معمولی خوراک ہوتا ہے۔ ساغرِ شراب، جامِ شراب۔

پگرَانَا ۔ جگالی کرنا۔ مال ہضم کرنا۔

پگڑی اُچھالنا ۔ (محاورہ) رسوا کرنا۔ بے عزتی کرنا۔

پگلی ۔ (پگلا کی تانیث) ۔ دیوانہ ۔مجنون۔ سڑی۔

پگیاں (پگیا) ۔ پگ ۔ پگڑی ۔ دستار۔ (مجازاً) عزت ۔آبرو۔ (پگڑی کی تصغیر)۔

پُل باندھنا ۔ مبالغہ کرنا۔ بڑھانا۔ چڑھانا۔

پلاس ۔ موٹا کپڑا۔ ٹاٹ ۔

پلتھا (پالتی) ۔ چار زانو بیٹھنے کا ایک طریقہ۔ داہنی ران کو بائیں پر اور بائیں کو داہنی پر رکھ کر بیٹھنا۔

پلتھی ۔ سُرین کے بل بیٹھنے کا خاص انداز، طریقہ۔

پلٹن ۔ پیادہ فوج کا دستہ جس میں تقریباً ہزار سپاہی ہوتے ہیں۔

پلچ پڑنا ۔ (محاورہ) ۔ پلچنا ۔ لپٹنا۔ بے طرح چمٹنا۔ پورا زور لگانا۔

پلنگڑی ۔ (پلنگ کی تصغیر) چارپائی۔ مسہری۔

پلوٹھی ۔ ابتدا۔ شروع۔ پہلے پہل۔

پلوتا ۔ پالنے والا۔ مالک ۔آقا۔

پلیتھن ۔ خشکی ۔ وہ سوکھا آٹا جو روٹی پکاتے وقت سامنے رکھ لیتے ہیں اور پیڑوں میں لگاتے جاتے ہیں تاکہ گیلا آٹا ہاتھ میں نہ چپٹے۔

پلید ۔ ناپاک ۔نجس ۔گندہ۔

پلیٹ ۔ بڑی رکابی۔ قاب۔

پلیٹ فارم ۔ ۱۔ چبوترہ۔ ۲ ۔ چبوترہ جس کے آگے ریل گاڑی کھڑی ہوتی ہے اور مسافر اترتے اور سوار ہوتے ہیں۔

پلی ۔ وہ عمودی دستے کی کٹوری جس سے (پگھلا ہوا) گھی یا سرسوں وغیرہ کا تیل برتن میں سے نکالتے ہیں اس کے اُوپر کے سرے پر کٹوری کی مخالف سمت میں تھوڑا سا حصہ مڑا ہوتا ہے تاکہ اسے آسانی سے پکڑ سکیں (بیشتر آہنی)۔

پُن (پننا) ۔ اگٹنا ۔برا بھلا کہنا ۔ بکھاننا۔ باپ دادا کا نام لے کر گالیاں دینا۔

پن چکی ۔ پانی کے زور سے چلنے والی چکی۔

پنبہ درگوش ۔ ۱۔ کان روئی ٹھونسے ہوئے ۔ ۲۔ غافل۔بے خبر۔

پنتھ ۔ طریق۔ خرقہ ۔ دین۔ ملت۔ گروہ ۔ مذہب ۔ دور۔ عہد ۔ راستہ۔

پنج شاخہ ۔ لوہے کا پنجہ جو بانس کی لکڑی میں لگا کر فلیتے سے روشن کردیتے ہیں۔ پانچ بتیوں والا فانوس۔

پنج کوسی ۔ پانچ کوس کا فاصلہ۔ پانچ کوس دُور۔ پانچ کوس کی دور کے گاؤں وغیرہ۔

پنجا ۔ آدمی کے ہاتھ کی شکل کا چاندی کا نشان جو تعزیوں کے ساتھ بانس

میں لگا ہوتا ہے۔
پنجتن ۔ شیعہ کے نزدیک مسلمانوں کی پانچ متبرک شخصیتیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ حضرت علیؓ۔ حضرت فاطمہؓ۔ حضرت امام حسن۔ حضرت امام حسین۔
پنج عیب شرعی ۔ پانچ شرعی عیب یعنی چوری۔ زنا۔ قمار بازی۔ دروغ گوئی۔ شراب خوری۔ (مراداً) کل عیب۔ تمام برائیاں۔
پنجہ کش ۔ پنجہ کرنے والا۔ وہ لوہے کا پنجہ جس میں ہاتھ ڈال کر پنجہ لڑانے کی مشق کرتے ہیں۔
پنجرہ ۔ قفس۔ پرندوں کے رکھنے کا تیلیوں سے بنا ہوا گھر۔
پنجے جھاڑ کے پیچھے پڑنا ۔ (محاورہ) کسی کام میں ہمہ تن مصروف ہونا۔ نہایت مستعدی سے کام میں لگے رہنا۔
پنچ ۔ حاکم۔ ثالث۔ سردار۔
پنچوں کا سر مُقرر کرنا ۔ (مراداً) بڑا انعام مقرر کرنا۔
پنچ کلیے ۔ ایک سواری کا نام۔
پنچایت ۔ پنچوں کی مجلس۔ جھگڑا دور کرنے کی سبھا۔
پنچھی ۔ پرندہ۔ چڑیا۔ (مجازاً) سیلانی۔ مسافر۔
پند ۔ نصیحت۔ ہدایت۔ نیک صلاح۔
پنڈا ۔ ۱۔ حقہ پینے والے چلم کے اندر شیرا تمباکو ملا کر رکھتے ہیں۔ اس پر توا رکھتے ہیں اور اُوپر آگ رکھی جاتی ہے۔ اس تمباکو کی ٹکیہ کو پنڈا کہتے ہیں۔
۲۔ جسم۔ بدن۔ جسامت۔ مٹی کا تھوا۔
پنڈ پھیکا پڑنا ۔ (محاورہ) (عو)۔ جسم پر جب خفیف بخار محسوس ہوتا ہے پھیکا پنڈا بولتی ہیں۔ ہلکا بخار ہونا۔ بُخار کی آمد ہونا۔ رنگ اترنا۔
پنڈی ۔ (پنڈیاں)۔ گھی میں بریاں روے یا معدے کھانڈ اور خُشک میوے مِلا کر بنایا ہوا لڈو عموماً بڑا جو شادی بیاہ یا زچگی کی تقریبوں میں تقسیم ہوتا ہے۔ (بیش تر جمع میں مستعمل)۔
پنساری (پساری) ۔ خوردہ فروش۔ متفرق سامان بیچنے والا۔ کرانہ فروش۔
پنسل ۔ سُرمے یا سیسے کا قلم۔ لکڑی یا دھات کا قلم جس کے اندر سیسے کی سلاخ ہوتی ہے۔
پنشاخہ ۔ ایک قسم کی پانچ شاخوں والی شمع۔
پنشن خوار ۔ وظیفہ پانے والا۔ پنشن پانے والا۔
پنکنا ۔ اونگھنا۔ غفلت میں ہونا۔
پنکھیا ۔ (پنکھا کی تصغیر) چھوٹا پنکھا۔
پنتھر بگڑنا ۔ (محاورہ) (عو) حواس بگڑنا۔ زیر بار ہو جانا۔ پریشان

پُوزِیشَن ۔ (انگریزی) صورتِ حال۔ حالت (مجازاً) موقف ۔
پوسالے (پوسالا) ۔ بسیل ۔ پیادہ ۔ (پوشالے)۔
پُوشت کَندہ ۔ سخن صریح وآشکار (صفت) صاف صاف ۔ علانیہ ۔ بے لاگ۔ کھول کر۔
پُوسٹ کارڈ ۔ ڈاک کے محکمے سے جاری کیا ہوا کارڈ جس پر خط لکھ کر بھیجا جاتا ہے ۔ اس کے ایک گوشے پر اس ملک کا نام جہاں سے یہ جاری کیا گیا ہے اور اس کی قیمت وغیرہ درج ہوتی ہے۔
پوَ قدمے ۔ چال ۔ اس چال کو کہتے ہیں جس میں چھوٹے چھوٹے ڈگ رکھے جائیں ۔
پُولے (پُولا) ۔ نرم ۔ ملائم ۔ ہلکا۔ ڈھیلا ۔
پُولِی ۔ ایک قسم کی کہاروں کی رفتار جو سواری لے جانے میں چلتے ہیں ۔
پُولِی حَیران ۔ وہ الھڑ عورت جسے کنگھی چوٹی بناؤ سنگار کا ہوش نہ ہو۔
پوَلیٹِکَل ۔ سیاسی ۔ سلطنت کے نظم و نسق سے متعلق ۔
پُولٹِس (پُلٹِس) ۔ پکی ہوئی السی یا آٹے کی روٹی جس کو پھوڑے یا زخم پر باندھتے ہیں۔
پُولیس ۔ ایک سرکاری محکمہ جس کے ذمے شہری زندگی کی حفاظت ، انتظام اور جرائم کا انسداد ہے :
پُولیس گارڈ ۔ کوتوالی کے سپاہیوں کا پہرا ۔ پولس کا حفاظتی دستہ ۔
پوَن ۔ ایک خاص قسم کا جادو ۔ جادو کی موٹھ ۔
پُونچے (پوَنچا) ۔ ساڑھے پانچ کا پہاڑا ۔
پوَنڈرا ۔ ایک قسم کا موٹا گنا ۔ ڈنڈا ۔ چھڑی ۔
پوَنگا ۔ بانس ۔ لاٹھی ۔
پُونگی ۔ تونبے کا بنا ہوا ایک باجا جو پھونک سے بجایا جاتا ہے ، اسے عموماً سپیرے بجاتے ہیں ۔ بین ۔ ترئی ۔ نفیری کا ایک سنگتی ساز ۔
پُونی ۔ تومی ہوئی روئی جس کو چرخا چلاتے وقت تار نکالنے کے لیے ہاتھ میں لیتے ہیں ۔ تھوڑی مقدار ۔
پوَنی ۔ (انگریزی) ۔ چھوٹے قد کا گھوڑا ۔ یابو ۔ ٹٹو ۔
پوَئیٹری ۔ (انگریزی) شاعری ۔ غزل ۔
پُوئی ۔ گھوڑے کی بے محابا دوڑ ۔ دلکی چال ۔ سرپٹ ہلکی چال ۔
پَہاڑا ۔ (ریاضی) آسانی کے لیے گنتی کے بعد جمع و ضرب اور تقسیم کو مختصر کرنے کے لیے میزان ضرب جو زبانی یاد کرائی جائے ۔
پَہَر ۔ دن رات کا آٹھواں حصہ ۔ تین گھنٹے ۔

ہو جانا۔

پَنّی ۔ رانگ، چاندی یا پیتل کا ورق۔ جوتی کا وہ حصّہ جس پر کلابتوں کا کام کیا جاتا ہے۔

پَنیَر ۔ ایک قسم کا شکاری کتا جو شکار کی بو پہچانتا اور اسے بھاگنے سے روک دیتا ہے۔

پَنیر ۔ نچوڑا ہوا دہی۔ دودھ کو پھاڑ کر بنایا ہوا نمکین مادہ۔

پَنیری نِعمَت ۔ (پنیری) ۔ وہ مال و اسباب جو باپ دادا سے وراثت میں ملا ہو۔

پَو بَارَہ ۔ جیت کا ہاتھ۔ وہ ہاتھ جس میں پو گھر میں چلی جائے۔ بڑی جیت (مجازاً) نفع ہی نفع۔ قسمت کی یاوری۔ کامیابی۔

پَو پھٹنَا ۔ صبح صادق ہو جانا۔ تڑکا ہو جانا۔

پَوا اڑا (پَنوا اڑا) ۔ طویل قصّہ۔ طُولانی بات۔ داستان۔

پَو بَارَہ اَور تین کَانے ۔ (مراداً) کھیل میں ہار جیت۔

پُوپلا ۔ بے دانتوں کا۔ جس کے دانت گر گئے ہوں۔

پُوت ۔ بیٹا۔ فرزند۔

پُوتوں پھلو دُودھوں نہاؤ۔ بچوں سے گود یا گھر بھرا رہے اور شاد و آباد رہو۔ خدا آل اولاد اور مال و دولت سے نوازے۔

پُوتڑوں (پوتڑا) ۔ وہ کپڑا جو بچوں کے چوتڑوں کے نیچے بچھایا جاتا ہے تاکہ پاخانہ پیشاب اس پر گرے۔ وہ کپڑا جو بیمار کے نیچے بچھایا جاتا ہے۔

پُوتڑوں کَا رَئیس ۔ پیدائشی امیر خاندانی نواب۔

پُوتھی ۔ ہندوؤں کی مذہبی کتاب۔ علم نجوم کی کتاب۔

پُوٹ ۔ گٹھڑی۔ بنڈل۔ پشتارہ۔

پُوٹا تَر ہونا ۔ شکم سیر ہونا (کنایتہً) مالدار ہونا۔

پُوٹلی ۔ چھوٹی گٹھڑی۔ پوٹلیا۔

پُوجا ۔ پرستش۔ عبادت۔ بندگی۔

پُوچ ۔ دیکھ بھال۔ غور و فکر۔ تحقیقات۔

پُوچ ۔ لغو۔ بے ہودہ۔ مہمل۔

پُوچھنا گچھنا ۔ پرسش کرنا۔ دریافت کرنا۔ (گچھنا تابع مہمل ہے)۔

پُورَب ۔ مشرق۔ سورج نکلنے کی سمت۔

پُور پُور ۔ (مجازاً) جسم کی چھوٹی سے چھوٹی جگہ۔ جسم کا ایک ایک حصّہ۔

پُورِیاں ۔ (جمع پوری کی) پوری۔ گھی یا تیل میں تلی ہوئی چھوٹی روٹی جو دال پیٹھی وغیرہ ڈال کر بنائی جاتی ہے۔

پُوڑے / پُوڑا ۔ کھانڈ اور روئی کے قوام کا گلگلا یا پراٹھا۔

پہرا (پہرے) - حفاظت - چوکی - نگہبانی - ۲- سپاہیوں کی گشت -
پہلوی - ساسانی دور کی فارسی زبان - پرانی فارسی -
پہنچا دیتے ہی ہاتھ پکڑنا (محاورہ) کسی کے رعایتی برتاؤ سے غلط فائدہ اُٹھانا -
پہیلی - بجھارت - معمّا -
پھاٹک - بڑا دروازہ -
پھاگ کھیلنا - (محاورہ) ہولی کھیلنا - رنگ پاشی کرنا - عیش کرنا -
پھاندے (پھاندنا) - کودنا - جست کرنا - پھلانگنا - چھلانگنا -
پھاندی - نے شکر کا پشتارہ - گنّوں کا گٹھا یا بوجھ -
پھانس - لکڑی یا بان وغیرہ کا وہ ریشہ جو جسم میں چُبھ جاتا ہے -
پھاوڑے (پھاوڑا) - کسلا - کسّی - بیلچہ -
پھاہا / پھایا - کپڑا یا روئی جس پر مرہم رکھ کر زخم پر چپکاتے ہیں -
پھبتی - مزاحیہ یا طنزیہ لفظ یا فقرہ جو بطور تشبیہ کسی پر ٹھیک ٹھیک چ[illegible] ہو جائے - ایسی بات جو کسی پر پھب جائے اور عین مین وہی معلوم ہو -
پھبن - ۱- زیبائش - آرائش - سجاوٹ - ۲- موزونی - چھب - ادا -

پھپّا - (پھوپھا، پھوپا) - باپ کی بہن کا شوہر -
پھپّس - بادی جسم والا - پھولے ہوئے جسم والا - بھدا - موٹا -
پھپھولا - آبلہ - چھالا -
پھپھوندی / پھپوندی - وہ سفید تہ جو رطوبت کی وجہ سے کسی چیز پر جم جائے -
پھٹپھٹا - (پھٹ پھٹانا) - پھڑپھڑانا - وہ آواز نکالنا جو بکری یا کتّے کے کانوں کی حرکت سے ہوتی ہے -
پھٹاکا - ۱- فیصلہ ۲- بات کا ایک طرف ہونا -
پھٹکری - نمک سے مشابہ ایک معدنی مادہ جس کا رنگ سُرخ یا سفید ہوتا ہے اور دواؤں میں کام آتا ہے جس کا دوسرا نام زاک ہے -
پھٹے میں پاؤں ڈالنا / دینا - (محاورہ) ناحق کسی کی بلا اپنے ذمّے لینا - کسی کے معاملے میں دخل دینا -
پھٹّے سے مُنھ (پھٹے مُنھ) - (کلمۂ تنفّر) - لعنت ہے - تف ہے - تھو ہے -
پھٹیل - (جھنڈ یا ٹولے سے) - الگ تھلگ - تنہا - جس کا جوڑا نہ ہو -
پھُدک (پھُدکنا) - اُچھلنا - جست کرنا - اُچھل اُچھل کر چلنا - خوشی سے کودنا -

پھرکی - چھوٹا سا پھرنے والا لٹو۔ چرخی کی مدور لکڑی۔

پھریرا (پھریرا) - جھنڈے کے اوپر کا کپڑا۔ جھنڈا۔

پھری - سوت اور بانس کی بنی ہوئی ڈھال جو اکثر پٹا کھیلنے والے حفاظت کے واسطے ہاتھ میں رکھتے ہیں۔

پھریا - (ہندو) گنوار عورتوں کا دوپٹا۔ ہندو عورتوں کی پوشش اور لباس۔

پھڑ - قمار خانہ۔ جوا کھیلنے کا اڈا۔

پھڑوا - پھاوڑا۔ زمین کھودنے کا ایک اوزار۔ پھڑوال۔

پھسپھسانا (پھس پھسانا) - سرگوشی کرنا۔ کانا پھوسی کرنا۔ نہایت آہستہ آہستہ باتیں کرنا۔ کھسر پھسر کرنا۔

پھسڈی - ہارا ہوا۔ ناقص۔ دوڑ میں پیچھے رہ جانے والا۔ گرا ہوا۔ کم زور۔

پھسی (پھسی) - چھوٹے بچوں کا پیشاب۔

پھکڑ - گالی گلوچ۔ فحش اور ناشائستہ گفتگو۔

پھکیت - پٹے باز۔ لکڑی پھینکنے کے فن کا مشاق۔ پھنکیت۔

پھکیتی - پٹے بازی، پٹے کا فن۔ سیف بازی۔

پھلجھڑی - ۱۔ ایک قسم کی آتش بازی جس سے پھول جھڑتے ہیں۔ ۲۔ فتنہ انگیز بات۔ فساد کی بات۔

پھلجھڑی چھوٹنا - ۱۔ (محاورہ) پھلجھڑی کو آگ دکھانا ۲۔ فساد کی بات کرنا۔ فتنہ اُٹھانا۔

پھل پھلیری - رنگ رنگ کے میوے۔ ترمیوے۔

پھلیل - پھولوں سے تیار کی ہوئی خوشبودار چیز۔ عام طور سے خوشبودار تیل عطر وغیرہ مُراد لی جاتی ہے۔

پھلیندا - بڑی جامن۔

پھندنے (پھندنا) - دھاگے ریشم یا کلابتوں کا گچھا یا جھالر۔

پھننگی - سرشاخ۔ شاخ کا سرا۔

پھوٹ - ۱۔ خربوزے کی طرح کا ایک پھل جو پک کر پیلے ہلکے رنگ کا ہو جاتا ہے اور کھل جاتا ہے ۲۔ نااتفاقی۔ بگاڑ نفاق۔ لڑائی۔

پھوٹ پھوٹ کر رونا - (محاورہ) زار زار رونا۔ بہت آنسو بہانا۔ جی کھول کر رونا۔

پھول - ایک مرکب دھات۔ کانسی۔

پھول پھولنا - (محاورہ)۔ کلی کا شگفتہ ہونا۔

پھول جھڑنا - (محاورہ) شیریں کلام ہونا۔

پھونک پھونک کر قدم رکھنا - (محاورہ) احتیاط سے آہستہ آہستہ چلنا۔

احتیاط سے کام کرنا۔

پھوہار (پھوار) ۔ مہین مہین باریک باریک بوندیں۔ ہلکی بارش۔

پھوہڑ ۔ بے سلیقہ۔ بے تمیز۔ بے ہنر۔

پھوہڑپنا ۔ بدتمیزی۔ بدسلیقگی۔ ناشائستگی۔

پھیری ۔ فقیروں، گداگروں کا گشت۔ چکر۔ طواف۔

پھیری مُنھ پر لوئی، تو کیا کرے گا کوئی ۔ بے حیا کسی کی پروا نہیں کرتا۔ بے شرم کسی سے نہیں ڈرتا۔

پیا ۔ محبوب۔ شوہر۔ خاوند۔

پیال ۔ دھان یا کودوں کا بھُس جس کو بچھا کر اکثر غریب لوگ جاڑوں میں سوتے ہیں۔ ایک خاص قسم کی آبی گھاس جس کو مویشی نہیں کھاتے اور سوکھنے کے بعد کسی کام نہیں آتی۔

پیالہ ہونا (محاورہ) ۔ یہ ہے کہ ایک استاد فن بنوٹیے پر کئی شخص ایک ساتھ حملہ کرتے ہیں اور وہ سب کی چوٹیں بچا کر ان کو بیک وقت زیر کر لیتا ہے۔ اسے کہتے ہیں کہ پیالہ ہوا۔ بنوٹ کے اس پیچ کو علی بند کہتے ہیں۔

پیانو ۔ ہارمونیم کی طرز کا ایک مغربی باجا جو ہاتھوں اور پاؤں سے بجایا جاتا ہے اور جس میں سُر اور لے دونوں کا اہتمام ہوتا ہے۔

پیپ ہونا ۔ بہت تکلیف ہونا۔ روحانی اذیت ہونا۔

پیپا ۔ لکڑی یا دھات کا ڈھول کی شکل کا ظرف جس میں شراب ڈالتے ہیں۔

پینترا بدلنا ۔ (محاورہ) کشتی یا پٹے کے وقت قاعدے کے مطابق پاؤں آگے پیچھے رکھنا۔

پیپل ۔ ایک سایہ دار درخت جس کے پتے پان سے مشابہ اور چکنے ہوتے ہیں اور جسے ہندو مقدس سمجھتے ہیں۔

پیٹ سے پاؤں نکالنا ۔ (محاورہ) ناشائستہ فعل کرنا۔ بدوضعی اختیار کرنا۔ پر پُرزے نکالنا۔ خفیہ عیب یا ہُنر ظاہر کرنا۔

پیٹ میں بل پڑنا ۔ ہنستے ہنستے دہرا ہو جانا۔ بہت ہنسنا۔

پیٹ میں چوہے دوڑنا / چھوٹنا ۔ (محاورہ) گھبرا جانا۔ سٹپٹا جانا۔

پیٹ میں گُن بھرے ہونا ۔ باطن میں شرارت ہونا۔

پیٹ کی ہلکی / ہلکا ۔ جو راز کو چھپا نہ سکے۔ تنگ ظرف۔

پیٹو ۔ بہت کھانے والا۔ کھاؤ۔ بسیار خور۔

پیٹھ ٹھونکنا ۔ (محاورہ) پیار کرنا۔ شاباش دینا۔ حوصلہ بڑھانا۔

پیٹھے (پیٹھا) ۔ گول کدو سے مشابہ ایک پھل جس کی مٹھائی اور مربہ بناتے ہیں۔

پیچ پی ہزار نعمت پائی ۔ (مثل)

تھوڑی راحت کے لیے بہت رنج برداشت کیا۔ اب ضبط کی طاقت نہیں، جو کچھ کھانے کو مل گیا نعمت سمجھ کر خدا کا شکر بجا لائے۔

پیچش ۔ مروڑ ۔ درد ہو کر دست، پاخانہ یا آنو آنا۔

پیچنی ۔ اپنے زعم میں انسان خود گر پڑے۔

پیچوان ۔ ایک قسم کا فرشی حقہ جس کی نے ملائم اور کافی لمبی ہوتی ہے۔

پیپر مِل ۔ کاغذ سازی کا کارخانہ۔

پیر زال (پیرزن) ۔ بوڑھی عورت۔ بڑھیا۔

پیر فرتوت ۔ بہت بوڑھا۔ قدیم وضع کا۔

پیرِ مغاں ۔ آگ کا پجاری۔ آتش پرستوں کا پیشوا ۔ مے فروش۔ راہب۔ معشوق۔

پیر نہ شہید نکٹوں چھاپا
(مثل) ۔ جب کوئی کم حیثیت شخص اپنے کو مقدم سمجھے تو کہتے ہیں۔

پیڑا ۔ کھوئے اور کھانڈ سے بنائی ہوئی ایک مٹھائی جو گول اور چپٹی ہوتی ہے۔

پیڑھی ۔ نسل ۔ قدامت ۔ فرق ۔ خاندان ۔ پشت۔

پیزار ۔ پاپوش ۔ کفش یا جوتی ۔ نعلین۔

پیش پا اُفتادہ ۔ سامنے کی بات۔ بہت معمولی بات۔

پیش خیمہ ۔ وہ خیمہ جو اگلی منزل پر بھیج دیا جاتا ہے تاکہ پہنچنے پر انتظار نہ کرنا پڑے ۔ ہرکارہ ۔ پیادہ۔

پیش دستی ۔ سبقت ۔ پہل ۔ فوقیت ۔ ترجیح۔

پیش قبض ۔ (پہلوانی) حریف کے بدن میں ہاتھ یا ٹانگ کا داؤں اس طرح کہ وہ گٹھڑی کی شکل بن جائے۔ کیں۔

پیشکار ۔ نائب ۔ منیجر ۔ منیب ۔ مددگار۔

پیش نماز ۔ امام ۔ نماز پڑھانے والا۔

پیشوائی ۔ استقبال۔

پیکِ نظر ۔ تا حد نظر دیکھنے کی وسعت ۔ تارنگاہ۔

پیکار ۔ لڑائی ۔ جنگ۔

پیگو کا ٹانگھن ۔ پہاڑی ۔ ٹٹو ۔ پستہ قد ٹٹو۔

پیل ۔ ہاتھی ۔ شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔

پیلِ دَماں ۔ مست ہاتھی ۔ شہ زور اور جنگ جو ہاتھی۔

پیلو ۔ کافی ٹھاٹھ کی ایک راگنی۔

پینڈی ۔ ایک قسم کا لڈو۔

پینس ۔ پالکی۔

پینک ۔ افیون کی اونگھ ۔ غفلت۔

پینک دینا ۔ (محاورہ) جھولے میں جھونک دینا ۔ جھولے کا لمبا دینا

پینگ بڑھانا ۔ ۱۔ جھولے کا لمبا جھونک لینا۔ ۲۔ میل جول بڑھانا۔

پَیوَندی ۔ قلمی ۔ قلم لگایا ہوا۔ پیوند لگایا ہوا۔

پِیہر ۔ میکا ۔ نیہر۔ لڑکی کے باپ کا گھر۔

ت

تابڑ توڑ ۔ متواتر۔ لگاتار۔ پیہم۔

تابستان ۔ موسم گرما۔ گرمی۔

تابش ۔ حرارت ۔ گرمی۔

تابعداری ۔ فرماں برداری ۔ اطاعت ۔ نوکری ۔ ماتحتی ۔ (یہ معنوی لحاظ سے غلط استعمال ہے)۔

تابُوت ۔ مردے کا صندوق۔

تاتار ۔ چینی ترکستان کا ایک علاقہ جہاں چنگیز خان اور ہلاکو خان پیدا ہوئے تھے۔ تاتار کا مُشکی ہرن بھی مشہور ہے۔

تا تھیّا مچنا ۔ (محاورہ) ۔ شور۔ ہڑ بونگ ۔ دھوم ۔ شور و غل ہونا۔

تاج کی نادری ۔ (گنجفہ کی اصطلاح)۔ گنجفے کی پہلی بازی کا نام۔

تاخت ۔ لوٹ ۔ تباہی ۔

تارُخ ۔ سر۔ تالو۔

تار برقی ۔ وہ تار جو بجلی کی قوت سے ایک جگہ سے دوسری جگہ خبر پہنچائے۔ وہ خبر جو تار کے ذریعے آئے۔

تاراج ۔ غارت ۔ بربادی۔

تارپیڈو ۔ سگار کی شکل کا ایک آلۂ حرب جو پانی کے نیچے تیرتا اور دشمن کے جہاز کو غرق کرتا ہے۔

تارِکُ الدُّنیا ۔ دنیوی تعلقات ترک کرنے والا۔ پرہیزگار

تارکشی ۔ تار کی کھنچائی ۔ سونے چاندی کے تاروں کو کھینچ کر لمبا کرنا۔ کڑھائی کے لیے عمدہ قسم کا نکالا ہوا تار۔

تارِکُ اللَّحم ۔ گوشت نہ کھانے والا۔ سبزی خور۔

تاڑ ۔ ایک معروف درخت کا نام جو کھجور کے مانند ہوتا ہے اور جس سے تاڑی نکالتے ہیں (عم)۔ فراست (مراداً) لانبا قد۔

تاڑ جانا ۔ (محاورہ) بھانپ جانا۔ قیافے سے پہچان لینا۔

تاڑی ۔ ایک سفیدی مائل رس جو تاڑ کے درخت سے ٹپکتا ہے ، اس کی بو مکروہ سی اور مزہ شیریں ترشی مائل ہوتا ہے، نشہ آور ہونے کی وجہ سے عموماً شوقیہ استعمال کیا جاتا ہے اگر طلوع آفتاب سے قبل استعمال کرلیا جائے تو مقوی و مفرح ہوتا ہے۔

تازہ دَولت ۔ نو دولت۔ وہ

شخص جس کو مفلسی کے بعد دولت ملی ہو۔ جو خاندانی طور پر امیر نہ ہو۔
تازی - عربی گھوڑا۔
تازِیانہ - کوڑا۔ چابک۔ قمچی۔
تاسُّف - افسوس۔ حسرت۔ رنج۔ ملال۔
تاشہ / تاشا - ایک قسم کے ڈھول کا نام جسے گلے میں ڈال کر بجاتے ہیں۔
تال - ۱۔ تالاب ۲۔ علم موسیقی میں گانے کا ایک وزن ۳۔ پہلوانوں کا خم (ٹھونکنا)۔
تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی - (مثل) لڑائی جھگڑا یا عشق و محبت اس وقت تک نہیں ہوتے جب تک فریقین کی خواہش نہ ہو یا فریقین تیار نہ ہوں۔
تام دان - ہوادار۔ ایک قسم کی پالکی۔ تام جھام۔
تامُّل - تذبذب۔ شک وشبہ۔
تان اُڑانا - (محاورہ) ۱۔ گانے میں سروں کو خوب صورت انداز میں ادا کرنا ۲۔ مذاق کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔
تانت - بھیڑ بکری کی انتڑیاں جو بٹ کر دھاگا سا بناتے ہیں۔
تانی - تنے ہوئے دھاگے جو بننے کے لیے تیار کئے جاتے ہیں۔
تاؤ - گرمی۔ حرارت۔
تاہُّل - بیوی کرنا۔ گھر بسانا۔
تائب - توبہ کرنے والا۔ گناہ سے باز آنے والا۔
تَبار - خاندان۔ کنبہ۔ قوم۔ اولاد۔
تَبایُن - باہم فرق ہونا۔ دو چیزوں کے درمیان فرق۔
تَب خالَہ / تَبخال - وہ چھالا جو بخار کی گرمی سے ہونٹوں کے گرد نکل آتا ہے۔
تَبَختُر - اترا کر چلنا۔ ناز سے چلنا۔
تَبخیر - وہ بخارات جو کھانا کھانے کے بعد یا معدہ خالی ہونے کی وجہ سے دماغ کی طرف چڑھتے ہیں اور جسم کو گرم کر دیتے ہیں۔
تَبرِید - ٹھنڈ۔ سرد کرنے یا ہونے کا عمل۔ وہ ٹھنڈائی (سرد شربت یا دوا) جو موسم گرما کی حدّت دُور کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
تَبَرّی - (تبرا)۔ کسی گناہ سے برأت چاہنا۔ بیزاری۔ نفرت۔
تَبکیتی - بحث میں غلبہ حاصل کرنے کا عمل۔
تَپ - گرمی کا بخار۔ حرارت۔ گرمی۔
تَپ جانا (محاورہ) بے چینی دُور ہونا۔ بیماری ختم ہونا۔ اضطراب مٹنا۔
تَپِ دِق - تپ کہنہ۔ پرانا بخار۔ وہ بخار جس سے حرارت اعضائیہ

و اصلیہ میں سرایت کر کے بدن کی رطوبت خشک کر دے۔

تپِ مُزمن ۔ پرانا بخار۔ وہ بخار جو زیادہ عرصے تک رہے اور کسی وقت بھی نہ اُترے۔

تپاک ۔ گرم جوشی۔ شوق۔

تپائی ۔ تین پایوں کی چھوٹی میز یا چوکی۔

تپنچہ ۔ پستول۔ پسٹل۔ ریوالور۔

تتبّع ۔ پیروی۔ تقلید۔ نقل۔ اتباع۔

تتمبا ۔ (عو) بکھیڑا۔ جھگڑا۔ طول سخن۔

تتو تھمبو ۔ روک تھام۔ بیچ بچاؤ۔

تتیّا مرچ ۔ ایک قسم کی چھوٹی مرچ جو رنگ میں زرد اور نہایت تیز ہوتی ہے۔

تجّار ۔ (تاجر کی جمع)۔ بیوپاری۔ سوداگر۔

تجاہُلِ عارِفانہ ۔ اپنے آپ کو جان بوجھ کر ناواقف ظاہر کرنا۔ انجان بننا۔

تجرید ۔ علم بیان کی ایک صفت جس میں زوائد کو دور کر کے صرف ایک سے غرض رکھی جاتی ہے۔

تجلّی ۔ ۱۔ آشکارا ہونا۔ پردہ ہٹنا۔ روشن کرنا ۲۔ خدا کا نور۔ چمک۔ روشنی۔

تجمّل ۔ شان و شوکت۔ جمال و آرائش۔ زیب و زینت۔

تجویزا ۔ تجویز کیا ہوا۔

تجویزنا ۔ تجویز کرنا۔

تجویزی ۔ طے کیا ہوا۔ تعیّن کیا ہوا۔ ثابت کیا ہوا۔

تجہیز و تکفین ۔ مُردے کے کفن دفن کا سامان تیار کرنا۔ گور گڑھا کرنا۔ مُردے کی آخری رسومات ادا کرنا۔

تحتُ الثّریٰ ۔ زمین کا سب سے نیچے کا طبقہ۔ پاتال۔

تحریف ۔ ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف رکھنا۔ ردو بدل کرنا جس سے مضمون بدل جائے۔

تحصیلِ حاصِل ۔ بے فائدہ۔ بے سود۔ بے فائدہ تگ و دو۔

تحصیل داری ۔ تحصیل دار کا کام۔ تحصیل دار کا عہدہ۔

تحصیلی اِسکول ۔ (مراداً) ابتدائی مدرسہ (ق)۔

تحلیل ۔ حلال کرنا۔ گھلا ڈالنا۔

تحویل ۔ ۱۔ سپردگی۔ حوالے کرنا۔ ۲۔ کسی ستارے کا ایک برج سے دوسرے برج میں آنا۔

تختِ رَواں ۔ وہ سواری جو تخت کی طرح ہوتی ہے اور بادشاہ اور امیر اس پر بیٹھ کر سیر کرتے تھے۔

تختِ طاؤس ۔ وہ تخت جو ہندوستان کے مغل شہنشاہ شاہ جہان نے بنوایا تھا جس میں ہیرے جواہرات سے جڑاؤ مور

(طاؤس) بنا ہوا تھا۔ اس مور نے پر پھیلائے ہوئے تھے جن کا سایہ بادشاہ کے سر پر ہوا کرتا تھا۔ اسے نادر شاہ واپس ایران جاتے ہوئے ساتھ لے گیا تھا۔

تَخْرِجَہ ۔ حروف ابجد سے مادۂ تاریخ نکالتے وقت جب کچھ عدد پڑھ رہے ہوں تو اتنے ہی عدد والے کسی لفظ یا حرف کو اس میں سے نکال کر مطلوب عدد حاصل کرنا۔

تَخْرِیب ۔ تباہی ۔ خرابی ۔ نقصان رسانی ۔

تَخْفِیف ۔ کمی ۔ ہلکا کرنا ۔ موقوفی ۔ برطرفی ۔

تَخْلِیَہ ۔ خلوت گزینی ۔ تنہائی پسندی ۔ اختتام ملاقات ۔ رخصت ۔

تُخْمی ۔ جس میں پیوند نہ کیا گیا ہو ۔ ایسا پودا جو براہِ راست بیج سے پیدا شدہ ہو ۔

تَخْمِیر ۔ سرشت ۔ طینت ۔ خمیر ۔ اصلیت ۔ کسی خیال یا نظریئے کی پرورش ۔

تَخْمِینَہ ۔ اندازہ ۔ قیاس ۔ اٹکل ۔ سرسری حساب ۔

تَدَرو (تذرو) ۔ ایک قسم کا جنگلی پرندہ جو بہت خوش رنگ اور خوش رفتار ہوتا ہے یہ استرآباد کے جنگلوں میں بکثرت پایا جاتا ہے ۔

تَذْلِیل ۔ ۱۔ ذلیل کرنا ۔ رُسوا کرنا ۔ ۲۔ بے عزتی ۔ ذلت ۔

تَر بَتَر ۔ بہت بھیگا ہوا ۔ شرابور

تَر دِمَاغ ۔ ۱۔ عقل مند ۔ صاحب شعور ۲۔ مسرور ۔ مست ۔

تَر زُبانی ۔ فصاحت ۔ خوش بیانی ۔

تَراہا ۔ وہ مقام جہاں تین راستے ملتے ہوں ۔ تین سڑکوں کے ملنے کی جگہ ۔

تُربَت ۔ ۱۔ خاک ۲۔ مزار ۔ قبر ۔

تر بھر ہونا ۔ (محاورہ) (عو) خفا ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ بگڑنا ۔ منتشر ہونا

تِربَینی ۔ تین دریاؤں کے سنگم کی جگہ ۔ وہ جگہ جہاں تین دریا ملیں ۔ الہ آباد (ہند) شہر سے متصل اس جگہ کو کہا جاتا ہے جہاں دریا گنگا اور سرسوتی یکجا ہوتے ہیں ۔ سرسوتی زیر زمین مانا جاتا ہے جو نظر نہیں آتا جیسا کہ ہندوؤں کا مذہبی عقیدہ ہے ۔

تِرچھے ۔ بانکے ۔

تَرَحُّم ۔ ۱۔ رحم ۔ ترس ۲۔ مہربانی ۔ شفقت ۔

تَرَدُّد ۔ فکر ۔ اندیشہ ۔ پریشانی ۔

تَرَدُّد ۔ مآل ۔ فکر انجام ۔

تَرسَا ۔ آتش پرست ۔ نصرانی ۔ ڈرنے والا ۔ کافر ۔

تَرَشُّح ۔ ٹپکنا ۔ بوندا باندی ہونا ۔ پھوہار ۔ چھڑکاؤ ۔ اظہار ۔

تَرغِیب ۔ ۱۔ لالچ دلانا ۔ رغبت

دلانا ۔ شوق ۔ رغبت ۔ فریفتگی ۔
ٹُرکی بہ ٹُرکی جواب دینا ۔ (محاورہ) سخت جواب دینا ۔ جیسا کوئی کہے ویسا ہی جواب دینا ۔ کسی سے (بات میں) ذرا نہ دبنا ۔
تِرلوک ۔ (تلوک) ۔ تین عالم ۔ آسمان ، زمین ، پاتال (مجازاً) کُل دُنیا ۔ تمام جہان ۔
تُرَنج ۔ ایک قسم کا بڑا نیبو ۔ چکوترا ۔ کھٹا ۔
تَرَنگ ۔ لہر ۔ موج ۔ اُمنگ ۔ جوش ۔
تِروا ہا ۔ ترا ہٹ ۔ ندی کے کنارے کی زمین ۔
تُرہی ۔ نفیری کے ساتھ ایک ساز جو نفیری کے ساتھ ملانے کے لیے بجاتے ہیں ۔
تُرئی ۔ ایک ترکاری کا نام ۔ ایک قسم کا باجا جو مُنھ سے پھونک مارکر بجاتے ہیں ۔
تِریا چرِتّر ۔ عورتوں کا مکر و فریب ۔ عورتوں کی دغا بازی ۔
تِریا ہَٹ ۔ عورتوں کی ضد ۔ عورتوں کی ہَٹ ۔
تِریاق ۔ زہر مہرہ ۔ زہر کا اثر دُور کرنے والی دوا ۔
تَریڑے (تَریڑا) ۔ پانی کی دھار باندھ کر کسی قدر اونچائی سے کسی چیز پہ ڈالنے کا عمل ۔ پانی دھارنے کا عمل ۔ نطول ۔
تڑ ۔ تھپڑ کی آواز ۔ چٹاخ ۔ صدمہ یا ضرب کی آواز ۔
تڑ پڑ تڑ پڑ ۔ ۱۔ کسی کے جواب میں بغیر توقف کیے کچھ کہنا ۲۔ جلد جلد ۔ فی البدیہہ ۔
تڑاقے کی ۔ چمک دار ۔ بھڑکیلی ۔
تڑکا ۔ بہت سویرا ۔ صبح کا وقت ۔ نور کا تڑکا ۔
تُزُک ۔ شان و شوکت ۔ احتشام ۔ تجمل ۔ جلوس ۔
تَزویر ۔ جھوٹ ۔ دروغ ۔ کذب ۔ مکر و فریب کرنا ۔
تَساہُل ۔ سستی ۔ بے پروائی ۔ غفلت ۔ آلکسی ۔ سہل انگاری ۔
تسبیح ۔ ۱۔ خدا کو ہر عیب سے پاک اور بڑا سمجھنا ۔ سبحان اللہ کہنا ۲۔ وظیفہ ۳۔ سو دانوں کی مالا ۔
تِس پَر ۔ (تس پر) باوجود اس کے ۔ پھر بھی ۔ علاوہ ازیں ۔
تَسلا ۔ تانبے ، پیتل ، لوہے وغیرہ کا ایک چوڑا برتن ۔ طشت جو آٹا گوندھنے ، کھانا چُننے ، ہاتھ پاؤں یا کپڑے دھونے نیز مختلف مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔
تَسلیمات ۔ (تسلیم کی جمع) ۔ آداب (اُردو میں بطور واحد بھی مستعمل ہے) ۔
تَسمہ باقی نہ رہنا / تسمہ

باقی نہ رکھنا ۔ (محاورہ) دوٹوک کرنا۔ صاف دوٹکڑے کر دینا۔ ذرا کسر نہ رکھنا۔ صاف کٹ جانا۔

تسمے پر تسمہ لگانا ۔ (محاورہ) کوڑے پر کوڑے مارنا۔

تسنیم ۔ جنت کی ایک نہر یا چشمہ کا نام۔

تسویغ ۔ جاری کرنا۔ جاری دیکھنا۔

تشتری ۔ (تشت کی تصغیر) چھوٹی رکابی۔ تھالی۔

تشخیص ۔ ۱۔ مرض کا پہچاننا ۲۔ جانچ۔ تحقیق ۳۔ تخمینہ۔

تشفی ۔ تسلی۔ تسکین۔ ڈھارس۔

تشنج ۔ ۱۔ پٹھوں کا کھنچنا ۲۔ اینٹھن۔ جکڑن۔ اکڑاؤ۔

تشویش ۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ بے قراری، اضطراب، فکر، تردد۔

تشویق ۔ شوق دلانا۔ رغبت دلانا۔

تشئید / تشیید ۔ (عمارت) بلند کرنا۔ مضبوط کرنا۔ گچ اور چونے سے استحکام کے ساتھ عمارت بنانا۔

تشئید مبانی ۔ بنیادیں مضبوط کرنا۔

تصدیع ۔ تکلیف۔ دکھ۔ دردسر۔ زحمت۔

تصدیعہ ۔ ایک بار تکلیف دینا۔ تکلیف دہ۔ دکھ۔

تصفیہ ۔ صفائی۔ فیصلہ۔ رفع تکرار۔ صلاح۔

تصوف ۔ ۱۔ صوفیوں کا عقیدہ / طریقہ / مسلک ۲۔ دل سے خواہشوں کو دور کرکے خدا کی طرف دھیان لگالینا۔ ۳۔ صفائی قلب کا طریقہ۔

تضحیک ۔ ہنسی اڑانا۔ ذلت۔ رسوائی۔

تضییع ۔ ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔ گنوانا۔

تضییع اوقات ۔ وقت گنوانا۔ ضائع کرنا۔ وقت کی بربادی۔

تطاول ۔ درازدستی۔ ظلم۔ جور۔ ستم۔ غرور۔ بداخلاقی۔ گستاخی۔ تعدی۔

تعاقب ۔ پیچھا۔ بھاگتے ہوئے کا پیچھا کرنے کا عمل۔ (مجازاً) برابر جاری رکھنا۔ درپے ہونا۔

تعب ۔ تکلیف۔ رنج۔

تعبیر ۔ ۱۔ بیان کرنا۔ خواب کے معنی بتانا۔ ۲۔ تشریح و توضیح۔

تعجیل ۔ عجلت۔ جلدی۔ فوراً۔

تعجیل کارِ شیطاں ۔ عجلت شیطانی کام ہے۔ جلد بازی شیطانی عمل ہے۔

تعدّی ۔ ظلم حد سے بڑھ جانا۔ زیادتی۔ ناانصافی۔

تعزیر ۔ سزا دینا۔ گوشمالی کرنا۔ سرزنش کرنا۔ حد شرعی سے کم سزا دینا۔

تعزیہ ۔ ا۔ ماتم پرسی ۔ ماتم داری۔
۲۔ حضرت امام حسین کی تربت کی
نقل جو محرم میں بطور یادگار کاغذ
اور بانس وغیرہ سے بناتے ہیں۔

تعلّی ۔ شیخی ۔ برتری ۔ بڑائی ۔ ڈینگ۔

تعلیق ۔ نام رسم الخط ۔ لٹکانا ۔
حاشیہ لگانا۔

تالیقہ (تعلیقہ) ۔ بڑے آدمیوں
کی تحریر ۔ خط ۔ اسباب ۔ ضبطی
کی تحریر۔

تعمّق ۔ بات کی تہہ تک پہنچنا ۔ چھان بین۔
غور و خوض ۔

تعمیہ ۔ غیر واضح اور مشتبہ بنانا ۔
اخفا ۔ پوشیدگی ۔

تعویذ ۔ ا۔ پناہ میں لینا ۲۔ وہ اعداد
اور آیات جن کو نقش میں لکھ کر
گلے میں ڈالتے یا بازو وغیرہ پر
باندھتے ہیں ۳۔ وہ نشان جو قبروں
پر بنایا جاتا ہے ۔

تعویق ۔ ڈھیل ۔ لیت ولعل ۔
ٹال مٹول ۔

تغار ۔ مٹی کا کونڈا یا ناند ۔ وہ گڑھا
جس میں گارا بناتے ہیں ۔

تُف ۔ (کلمۂ نفرین) لعنت ۔ ملامت ۔

تفتہ ۔ ا۔ عاشق ۲۔ بے قرار، مضطرب ۔

تفتان / تافتان ۔ تنور میں پکی
ہوئی موٹے کناروں کی گول اور بہت
ملایم خمیری روٹی، جس میں میدے
کے ساتھ اور کھوڑا روغن بھی ملادیا
جاتا ہے۔

تفتیش ۔ چھان بین ۔ تلاش ۔
کوشش ۔

تفرّج ۔ تماشا ۔ خوش حالی ۔ سیر
تفریح ۔

تُفنگ ۔ بندوق ۔ قرابین ۔
زنبطانہ ۔

تفہیم ۔ سمجھانا ۔ فہمائش ۔

تقاطر ۔ بُوند بُوند ٹپکنا ۔ لگاتار
ٹپکنا ۔

تقبیل ۔ چومنا ۔ بوسہ لینا ۔

تقدّس ۔ پاک ہونا ۔ خالص ہونا ۔
پاکیزگی ۔

تقدّم بالزّمان ۔ وقت اور
زمانے میں آگے ہونا ۔

تقدّم بالشّرف ۔ بزرگی اور
عزت میں آگے ہونا ۔

تقریب ۔ ا۔ ذریعہ ۔ باعث ۲۔
شادی بیاہ وغیرہ میں رشتہ داروں
کے پہنچنے کا باعث ۳۔ موقع محل ۔

تقریریا ۔ جھگڑالو ۔ جھکی ۔ باتونی ۔
یاوہ گو ۔ بکواسی ۔

تقریظ ۔ ساتھی اور دوست کی
تعریف ۔ کسی کتاب پر توصیفی مضمون
یا تعارف لکھنا ۔

تقصیر ۔ خطا ۔ قصور ۔ غلطی ۔ گناہ ۔

تقطیع ۔ ا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۲۔
شعر کا وزن اور بحر معلوم کرنے کے
لیے اس کے مختلف حصے کرنا ۔

تَقْلِید - پیروی - نقل - کسی کے قدم بقدم چلنا - کسی کی متابعت کرنا -

تَقْلِیل - ۱- گھٹا دینا، کم کر دینا ۲- قلت - کمی - اختصار -

تَقْوِیم پَارِینَہ - پُرانی جنتری - (مجازاً) بے کار چیز - ردی - بھولے بسرے لوگ یا کہانی قصے -

تِکّے (تِکّا) - گوشت کا ٹکڑا - بوٹی - لمبی یا پتلی بُوٹی - لوتھڑا -

تَکْثِیر - زیادتی - افزونی - افراط - کثرت -

تَکْرِیم - تعظیم - آداب - آؤ بھگت -

تُکّل - ایک قسم کا دو کانپوں والا پتنگ جس کا سر تکّے اور پیٹا تیتری سے مشابہ ہوتا ہے -

تَکَلُّف - ۱- اپنے اوپر تکلیف گوارا کرنا ۲- نمائش - ظاہر داری ۳- وہ تکلیف جو حجاب یا پاس لحاظ کی وجہ سے ہو -

تَکَلُّم - بات چیت - بول چال - کلام -

تَکُوا (تِکلا) (مجازاً) دیکھنے میں سیدھا لیکن اذیت اور تکلیف پہنچانے والا -

تِکُونا - سنبوسہ - سموسہ -

تَکْیَہ - ۱- سرہانے رکھنے کی جگہ - آرام کی جگہ ۲- بھروسا - اعتماد - توکل ۳- فقیروں کے رہنے کی جگہ ۴- قبرستان - گورستان -

تَکْیَہ دَار - وہ فقیر جو تکیہ میں رہے - قبرستان کا سجادہ نشین -

تَگ وپو - دوڑ دھوپ - کوشش -

تِگڈَم - تین (افراد یا جماعتوں) کا گٹھ جوڑ -

تِگنی کا ناچ نچانا (محاورہ) حیران و پریشان کرنا - تنگ کرنا - ستانا - وہ تیز ناچ جو اصول رفتار سے تگنی رفتار پر کیا جائے -

تِل دَھرنے کی جگہ نہیں (محاورہ) بالکل جگہ نہیں - ایسا بھر گیا ہے کہ جگہ نہیں -

تِل شَکری - تل اور شکر سے بنی ہوئی مٹھائی (عو) شادی کے دن ایک رسم ہے کہ جب دولھا دُلہن کے پاس جاتا ہے تو ہتھیلی پر تل اور شکر رکھتے ہیں جسے دولھا سات مرتبہ چاٹتا ہے -

تِل کَڑی - زیور کی ایک قسم - چھوٹے چھوٹے پھل جو نگینہ کے درمیانی نقطے کے اِرد گرد بنائے جائیں -

تُلا - برج - میزان - ساتویں راس -

تُلایَہ (طلایہ) - ۱- وہ فوج جو رات کو شہر اور لشکر کی حفاظت کرے ۲- رات کی گشت - پولیس کی راؤنڈ -

تَلازُمَہ - کسی مضمون کی رعایت سے الفاظ لانا - رعایتِ لفظی -

تلاطُم ۔ باہم تھپڑ مارنا۔ تھپیڑے کھانا۔ طوفان۔

تلاَ مِیذُ الرَّحمٰن ۔ (لفظاً) خدا کا شاگرد (مجازاً) بہت مرتبے والا، عموماً شعرا کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

تِلاَ م ۔ خادم۔ ملازم۔ غلام۔

تَلاَ ؤ ۔ (ہندی)۔ تالاب۔ حوض۔ تال۔ پوکھر۔

تَلپَٹ ۔ ا۔ تباہ۔ خراب۔ آنکھوں سے گم ۲۔ غائب ۳۔ فراموش ہونا۔

تَلچَھٹ ۔ تہ نشین۔ گاد۔ وہ چیز جو نیچے بیٹھ جائے۔

تَلطِیف ۔ ا۔ صفائی۔ لطافت پیدا کرنا ۲۔ (طب) غذا نہ دینا۔ غذا بہت کم دینا۔

تَلقِین ۔ امامیہ مذہب کی رو سے مردے کے قبر میں اُتارنے کے وقت چند آیتیں پڑھتے ہیں۔

تِلَک ۔ قشقہ۔ ٹیکا۔

تَلَمُّذ ۔ شاگردی۔ شاگرد ہونا۔ شاگردی کرنا۔

تِلمِلاَ نا ۔ مضطرب ہونا۔ تڑپنا۔

تِلنگا ۔ فوج کا باوردی سپاہی ۔ انگریزوں نے جو پہلی باوردی فوج بھرتی کی تھی وہ مُلک تلنگانہ میں کی تھی اس لیے ان سپاہیوں کا یہ نام ہوا۔ عموماً سپاہی کے معنی میں مستعمل ہے۔

تِلوَا ۔ تل کے لڈو۔

تَلوَریا ۔ تلوار چلانے والا ۔ ہتھیار بند۔ بہادر۔ جری۔ تلوار کا دھنی۔

تَلَوُّن ۔ ایک حالت پر نہ رہنا۔ تنوع ۔ رنگا رنگی۔ غیر مستقل مزاجی۔

تَلَوُّن مزاج ۔ غیر مستقل مزاج۔ جس شخص کا مزاج ٹھکانے نہ ہو۔

تِلوک ۔ تین عالم۔ آسمان ۔ زمین ۔ پاتال (مجازاً) کُل دُنیا۔ تمام جہان۔

تلوے کُھجلانا ۔ (محاورہ) کف پا میں خارش ہونا۔ سفر در پیش ہونا۔

تلے تِیس اُوپر چھبیس ۔ جو عورت یا لڑکی بظاہر بھولی بھالی سیدھی سادھی ہو مگر دراصل بہت چالاک اور شریر ہو۔ ایک سے بڑھ کر ایک (عو) تہ و بالا یا درہم برہم ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔

تِلّی ۔ پیٹ کے اندر کا ایک عضو جس میں سودا پیدا ہوتا ہے اور معدے کی بائیں جانب واقع ہے۔ طحال۔

ٹیلیفون (ٹیلی فون) ۔ تار یا بے تار برقی یا تار برقی یا سٹلائٹ ریڈیائی رابطے کے ذریعے دُور سے بات کرنے کا آلہ۔ اس کے دو حصے ہوتے ہیں ایک آواز وصول

کرنے کا دوسرا ترسیل کا۔

تُم ڈال ڈال میں پات پات۔ (مثل) تمہاری چالوں سے ہم خوب واقف ہیں۔ ہم تمہیں خوب سمجھتے ہیں اور تم سے کچھ زیادہ ہی ہوشیار ہیں۔

تمازت ۔ گرمی کی شدت۔ دھوپ کی تیزی۔ تمتماہٹ۔ (مجازاً) گرمی۔ تیزی (نگاہ وغیرہ)۔

تماکو (تنباکو)۔ ایک پودا جس کے پتے سکھا کر سگرٹ یا بیڑی یا حُقے وغیرہ میں بھر کر پیتے اور پان میں ڈال کر کھاتے ہیں جس سے ہلکا نشہ ہوتا ہے۔

تمامی ۔ ریشمی کپڑے کی ایک قسم جس میں روپہلی سنہری تار ہوں۔ اساوری۔

تمثال ۔ صورت۔ شبیہ۔ مورت۔ پتلا۔

تمرِ ہندی ۔ املی کا درخت اور اس کا پھل۔

تمسّک ۔ وہ تحریر جو قرض دار اپنے قرض خواہ کو لکھ کر دیتا ہے اس میں ادائے قرض کا وقت اور طریق لکھا جاتا ہے۔

تمغا ۔ کارگزاری کا انعام وغیرہ سونے چاندی یا کسی اور دھات کا مہر شدہ ٹکڑا۔ میڈل۔

تمکنت ۔ شان و شوکت۔ وقار۔ دبدبہ۔ حکومت۔ اختیار۔

تمکین ۔ ۱۔ مرتبہ ۲۔ برداشت کی قوت۔ بل۔ ۴۔ جگہ دینا۔

تملق ۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔

تمہارے مُنھ میں گھی شکّر۔ (روزمرہ) (دعا) خدا تمہارا کہنا راس لائے۔

تن تنہا۔ اکیلا۔ تنہا۔ مجرد۔ واحد۔

تنزیب ۔ ایک قسم کا کپڑا جو نین سکھ سے زیادہ باریک ہوتا ہے۔

تناسخ ۔ روح کا قالب بدلنا۔ ایک قالب سے دوسرے قالب میں آنا۔ ایک صورت سے دوسری صورت میں بدل کر آنا جس کو ہندو مذہب میں آواگون کہتے ہیں۔ ان کا عقیدہ ہے کہ انسان مرنے کے بعد کسی دوسری شکل میں جنم لیتا ہے۔

تناور ۔ ۱۔ موٹا، فربہ ۲۔ مضبوط۔ قوی۔ طاقت ور ۳۔ کوئی عظیم الجثہ چیز۔

تناول ۔ ۱۔ کھانا کھانا ۲۔ کسی چیز کا لینا، پکڑنا۔

تنباکو کا پنڈا ۔ (مجازاً) کالا۔ سیاہ۔ بدہیئت (شخص)۔

تنبورہ ۔ ایک قسم کا باجا جس میں ستار کی طرح تار لگے ہوتے ہیں۔

تنبولی ۔ (تنبولن مونث) پنواڑی۔ پان لگا کر بیچنے والا۔

تندور ۔ روٹی پکانے کی بھٹی۔ تنور۔

تُندیل ۔ توندل۔ بڑے پیٹ والا۔

فربہ۔ تنومند۔

تَنقِیَہ ۔ پاک و صاف کرنا۔ کھرا کھوٹا جانچنا۔

تُنُک ۔ ۱۔ خفیف۔ کم زور۔ کم۔ ۲۔ لطیف۔ نازک۔

تُنُک مِزاج ۔ نازک مزاج۔ زود رنج۔ تند خو۔ چڑچڑا۔

تِنکے چُننا ۔ (محاورہ) بدحواس ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ وحشی ہو جانا۔ آوارہ پھرنا۔

تِنَکنا ۔ (عو) جھلانا۔ بگڑنا۔ ناراض ہونا۔

تُنُکی ۔ خستہ اور پتلی روٹی جو میدہ اور گھی مِلا کر تندور میں پکاتے ہیں۔

تَنگ ۔ زین کسنے کا تسمہ۔

تَنگ شَکَر ۔ آم کی ایک مشہور قسم۔

تِنگُنا ۔ تین گنا۔ سہ چند۔

تَنُور ۔ ۱۔ روٹی پکانے کی بھٹی ۲۔ وہ جگہ جہاں سے پانی نکلے۔

تَنوِیر ۔ ۱۔ روشنی کرنا، نور بخشنا ۲۔ روشنی۔ چمک۔

تَوارُد ۔ ۱۔ باہم ایک جگہ اترنا ۲۔ دو شاعروں کا ایک ہی مضمون باندھنا۔ ایک ہی بیت یا مصرع کا دو شخصوں کے ذہن میں آنا۔

تَواضُع ۔ خاطر مدارات۔ آؤ بھگت۔

تُوأم ۔ جڑواں۔ ایک ساتھ پیدا ہونے والے بچے۔

تَوأمان ۔ (توأم کا تثنیہ) وہ دونوں بچے جو ایک ساتھ پیدا ہوں۔ دونوں جڑواں بچے۔

تُوبڑا ۔ (توبرہ، توبرا)۔ وہ تھیلا جس میں گھوڑے کو دانہ کھلاتے ہیں۔ گھوڑے کو دانہ چڑھانے کا ٹاٹ یا چمڑے کا تھیلا۔

تَوبَہ ۔ ۱۔ گناہ سے باز رہنا۔ بُرے کاموں سے باز رہنا ۲۔ ندامت، پشیمانی ۳۔ کسی بُرے کام سے باز رہنے کا عہد۔

تَوبَہ تِلّا ۔ واویلا۔ فریاد۔ ہائے وائے۔ شور۔

تُوپ ۔ گولہ چلانے کا آلہ۔ (مجازاً) موٹا آدمی یا عورت۔

تُوپ دُو ۔ چھوڑ دو۔ ترک کر دو۔ بھر دو۔ بند کر دو۔

تُوتا پالنا ۔ (محاورہ)۔ کوئی ایسا کام ہاتھ میں لینا جس سے اور کاموں سے معطل ہو جائے۔ کسی پھوڑے پھنسی کا علاج نہ کرانا۔

تُو تُکار ۔ جھگڑا۔ بدزبانی۔ گالیاں دینا۔

تُو تُو مَیں مَیں ۔ گالی گلوچ۔ زبان درازی۔

تُنتیٔ سا مُنھ نِکل آیا (عو) بچہ بہت دُبلا ہو گیا۔ تونتھی سا مُنھ نکل آیا۔ بیماری سے بچے کا دُبلا

ہونا۔
تُو چل میں آتا ہوں (تو چل میں آیا) (فقرہ) ایک کے بعد دوسرے کے آنے کا تانتا بندھنے اور سلسلہ نہ ٹوٹنے کے موقع پر مستعمل۔
تَوحِید ۔ اللہ کو ایک ماننا۔ وحدانیت۔ یکتائی۔
تُورا (تورہ) کھانے کا خوان جو شادی کی تقریب کے موقع پر دُور پرے کے رشتے داروں اور ملاقاتیوں میں دعوت کے بدلے بھیجا جائے۔ (اسلاف کا یہ طریقہ اب متروک اور یہ نام غیر معروف ہوگیا ہے)۔
تُورہ بَندی ۔ شادی سے پیشتر گھر گھر تورہ تقسیم کرنے کی تقریب۔
تُورہ پُوش ۔ خوان پوش۔
تُوڑا ۔ سونے چاندی کی زنجیر۔ جو ہاتھ یا پاؤں میں پہنی جاتی ہے۔ ایک قسم کا زیور۔
تُوڑے کے تُوڑے ۔ مبالغے کے طور پر بے اندازہ دولت۔
تُوڑے دار بَندوق ۔ وہ بندوق جو فلیتے کے ذریعہ چلائی جائے۔
تُوسَن ۔ وہ گھوڑا جو تند و شوخ ہو۔
تُوشہ خانہ ۔ رئیسوں اور بادشاہوں کے مکان کا وہ کمرہ جس میں ان کے لباس اور ہر طرح کے کپڑے رکھے جاتے ہیں۔
تَوصِیف ۔ تعریف۔ وصف۔ خوبی بیان کرنا۔
تَوَغُّل ۔ انہماک۔ غور و خوض۔ لگن۔
تَوَقُّف ۔ دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل۔
تُوقِیر ۔ بڑائی۔ عزت۔ عظمت۔ رُتبہ۔
تَوقِیع ۔ خط پر مہر لگانا۔ نشان لگانا۔
تَوَلُّد ۔ پیدائش۔ ولادت۔
تُوم ۔ روئی کو عموماً دُھنے یا کاتنے سے پہلے ہاتھ سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا یا بکھیرنا۔ روئی صاف کرنا۔
تُوم ڈالنا (محاورہ) ۱۔ عاجز کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۲۔ قلعی کھولنا۔ عیب نکالنا۔
تُونبی ۔ چھوٹا تونبا۔ تونبڑا۔ سپیروں کی بین۔ سوکھے ہوئے تونبے کی چھال یا کشکول جس میں فقیر پانی اور کھانے پینے کا سامان رکھتے ہیں۔
تَوند ۔ بڑھا ہوا پیٹ۔ بھرا پیٹ۔
تَوہا ۔ (کھوا) ۔ پنڈی۔ پُشتہ۔ باڑھ۔
تَہلُکہ ۔ آفت۔ کہرام۔ کھلبلی۔ شور و غوغا۔
تَہلِیل ۔ لا الٰہ الا اللہ کہنا۔ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا۔
تُہمَت ۔ بُہتان۔ اتہام۔ الزام۔ جھوٹی بدنامی۔

تُہمت تراشنا ۔ بے وجہ کسی پر الزام لگانا۔ خواہ مخواہ الزام لگانا۔

تَہمتَن ۔ دلاور۔ بہادر۔ قوی الجثہ۔ لقب رستم۔

تہمد ۔ تہ بند۔

تَہنیت ۔ ۱۔ مبارک باد دینا یا لینا ۲۔ مبارک باد۔

تَہوّری ۔ (تہور) جواں مردی۔ بہادری۔ شجاعت۔

تھاپ ۔ طبلے کی آواز۔ ڈھولک کی آواز۔ تھپکی۔

تھال کے تھال ۔ بڑی مقدار میں شیرینی۔ مٹھائی کا خوان۔

تھالے (تھالا) ۔ ۱۔ تانبے، پیتل یا کسی اور دھات کا بنا ہوا بڑا طشت۔ ابھرواں کناروں کا خوان نما برتن۔

تھالی کا / کے بینگن ۔ رکابی مذہب۔ غیر مستقل مزاج۔ بے پیندی کا بدھنا (مجازاً) ایسا شخص جو لالچ کے باعث ہر ایک کی طرف داری کرنے پر آمادہ ہو جائے۔

تھان کا ٹرّا ۔ ۱۔ وہ گھوڑا جو تھان پر شرارت کرے ۲۔ (مجازاً) شخص جو گھر پر بہت شیخی بگھارے۔ گلی کا کتا۔

تھان سے تھان ۔ (محاورہ) (مراداً) جانور سے جانور۔ حیوان سے حیوان (لفظاً) جب گھوڑا سوتے ہوئے یکایک ڈر کر ہنہنائے تو سائیس کہتے ہیں۔

ٹھانگ ۔ چوروں کا اڈا۔ چوروں کی کمیں گاہ۔

ٹھاہ ۔ پتا۔ ٹھکانا۔

تھر تھر ۔ کانپنے والا۔ تھرتھراہٹ۔ کپکپاہٹ۔

تھرتھری ۔ لرزہ۔ کپکپی۔ جنبش۔

تھرکنا ۔ مٹکنا۔ ناچنا ۲۔ اعضا کا حرکت کرنا۔

تھرمامیٹر ۔ آلۂ مقیاس الحرارت۔ حرارت ناپنے کا آلہ۔

تھریا ۔ (تہریا) ۔ جڑے ہوئے تین پھل یا تنگا نہ۔

تھڑی تھڑی ۔ تھو تھو۔ بدنامی۔ رسوائی۔ بے عزتی۔

تھک ۔ کوئی جمی ہوئی یا گاڑھی شے۔ لوندا۔ تھتلا۔ جما ہوا دہی جو عموماً بازار میں کونڈے میں جمایا جاتا ہے۔ ڈھیر (اتھم)۔

تھکا ۔ ڈلا۔ ڈھیلا۔ چاندی۔ سونا کوئی اور دھات جو پگھل کر منجمد ہو چکی ہو۔ اٹالا۔ تودہ۔

تھکا فضیحتی ۔ لعن طعن۔ سخت و سست۔ گالی گلوچ۔ بے عزتی۔ جھگڑا فساد۔

تھگلی ۔ پیوند۔ جوڑ۔ ٹکلی۔ کپڑے کا ٹکڑا۔

تھگلی لگانا ۔ (محاورہ) کسی مقام

کی خبر لانا (بالعموم آسمان کے ساتھ)۔
تھل ۔ (زردوزی) ۔ کرن یا مقیش کے بنے ہوئے تارے کی شکل کے پھول جنھیں پوشاک میں ٹانک لیتے ہیں۔
تھل تھل ۔ ڈھیلا۔ نرم۔ پلپلا۔
تھل بیڑا نہ لگنا ۔ (کسی کا) ٹھکانا نہ لگنا۔ مُراد پوری نہ ہونا۔ ٹھہرنے کی جگہ نہ ملنا۔ کسی چیز کا سراغ نہ لگنا۔
تھوا ۔ مٹی کا بنا یا ہوا تودہ۔ (تحقیراً) نکما آدمی ۔ ایسا شخص جو حرکت نہ کرے۔
تھوتھنی ۔ گھوڑے یا اونٹ کا مُنھ۔ (تحقیراً) آدمی کا مُنھ۔
تھوئی (تھوی) ۔ معمار۔ راج۔
تھیاسوفی ۔ یہ عقیدہ یا اصول کہ ہر شخص بلا واسطہ خدا کی معرفت وجدان سے حاصل کرسکتا ہے۔
تھیاسوفسٹ ۔ تھیاسوفی کا جاننے والا شخص۔
تھیاسوفکل سوسائٹی ۔ تھیاسوفی سے متعلق انجمن یا ادارہ۔
تھیٹر ۔ تماشا گاہ۔ ناچ گھر۔ ناٹک۔
تیجا ۔ مسلمانوں میں مرنے کے بعد تیسرا دن۔ فاتحہ سوم۔
تیر ۔ بسر کیا ہوا۔ گزرا ہوا۔
تیر بہدف ۔ ٹھیک نشانے پر ۔ بے خطا۔ زود اثر۔ نہایت صحیح ۔ جچا تُلا۔
تیر نکا ۔ (مجازاً) باقاعدہ روزگار نہ ہونا۔ مشکل سے گزر ہونا۔ کسی کام کا اتفاق پر منحصر ہونا۔
تیر نہیں تکا ۔ (مثل) اعلیٰ نہیں تو ادنیٰ۔
تیرتھ ۔ درشن ۔ زیارت ۔ پاک جگہ ۔ مقدس مقامات جو دریا کے کنارے واقع ہوں ۔ اشنان کی جگہ۔
تیرہ بختی ۔ بدنصیبی ۔ بدقسمتی ۔
تیرہ و تار ۔ گھُپ اندھیرا۔ تیرہ و تاریک ۔ اندھیری رات۔
تیس مار خاں ۔ بہادر آدمی ۔ (طنزاً) بزدل، بودا۔
تیغ ریختہ دم ۔ کُنھل تلوار یا چھُری جس کی دھار گرگئی ہو۔
تیغ صفاہانی (اصفہانی) ۔ اصفہان کی بنی ہوئی تلوار۔
تیکھی ۔ (تیکھا کی تانیث) ۔ طرح دار۔ بانکا۔ معشوق ۔ سجیلا۔
تین پانچ جاننا ۔ (محاورہ) ۱۔ جھگڑا کرنا ۔ فیل مچانا ۲۔ مکاری کرنا۔ دغا بازی کرنا۔
تین تیرہ ۔ پریشان ۔ پراگندہ ۔ متفرق ۔ تتر بتر۔
تین حرف ۔ یعنی ل ع ن جس کا مجموعہ لعن ہوتا ہے، جہاں کسی پر صاف صاف لعنت بھیجنے سے بچتے

ہیں اس جگہ یہ الفاظ کہتے ہیں۔
تین حرف بھیجنا ۔ (محاورہ) لعن کرنا۔ نفریں۔ تبرا بھیجنا۔ بیزار ہونا، لعنت کرنا۔ دھتکارنا۔
تین دن قبر میں بھی بھاری ہوتے ہیں (مثل) ۔ مر کر بھی دُنیا کے بکھیڑوں سے نجات نہیں ہوتی، تین دن تک مُردے کا تعلق دنیا کے ساتھ رہتا ہے۔ مرنے کے بعد تین دن تک فرشتے حساب لیتے ہیں اس سے مُراد یہ ہے کہ دنیا کے بکھیڑے بہت ہیں انسان کو خدا کی یاد ہر وقت کرنی چاہیے۔
تین کمر تُوئی ۔ شیروانی سے مِلتا جُلتا ایک لباس جس میں تین کمر پٹیاں ہوتی ہیں۔

ٹ

ٹَاپا ۔ مخروطی شکل کا اونچا اور بڑا ٹوکرا جو عام طور سے مرغیاں بند کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
ٹاپُو ۔ جزیرہ ۔ وہ خشک زمین جو چاروں طرف پانی سے گھری ہو۔
ٹَاٹ ۔ سن کا بُنا ہوا موٹا کپڑا۔ بوریوں کا کپڑا۔
ٹَاٹ بَافی ۔ ٹاٹ بُننے کا کام۔ زر دوزی کا کام۔ زردوزی کے کام کا جُوتا۔
ٹَاٹ بَافی اُڑگی ۔ ایک قسم کی کامدار جُوتی۔
ٹَاٹ بَافی جُوتَا ۔ وہ جُوتا جس کے بالائی حصّے پر کلابتوں کا کام کیا ہوا ہو۔ کامدار جُوتا۔ زردوزی کام کا جُوتا۔
ٹَال ۔ لکڑی، بانس یا بھُس کی دُکان۔ تودہ۔ ذخیرہ۔
ٹَانٹھے (ٹَانٹھا) ۔ توانا۔ موٹا۔ مُسٹنڈا۔ جوان۔
ٹَانٹھی ۔ (ٹانٹھا کی تانیث)۔ مُسٹنڈی۔ مضبوط۔ صحت مند۔
ٹَانٹی (ٹَانٹھی) ۔ فربہ ۔ قوی ۔ طاقت ور۔
ٹَانْچ ۔ جھگڑا ۔ تکرار۔ بدمزاج۔ مُنھ پھٹ ۔ گُستاخ۔
ٹَانْچ دَینَا ۔ کسی ہتھیار سے ضرب یا چوٹ لگانا۔ زخمی کرنا۔
ٹَانْچ لَینَا ۔ (بہلا پھُسلا کر یا دھوکا دے کر) پھانسنا۔ اُڑا لینا۔ بسا اوقات عورت کو پھُسلا کر راضی کر لینے کا مفہوم نکلتا ہے۔
ٹَانْچنَا ۔ فریب دینا۔ پھانسنا۔
ٹَانک ۔ (جوہریوں کی اصطلاح)۔ چار ماشے کے برابر وزن۔
ٹَانگ تُوڑنَا ۔ (محاورہ) ۱۔ بے کار کرنا۔ خراب کرنا ۔

بگاڑنا۔

ٹانگ کی راہ نِکلنا / نِکل جانا۔ (محاورہ) ہار مان لینا۔ مغلوب ہونا۔

ٹانگ لینا۔ (محاورہ) پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔ کتے کی طرح کاٹنے کو دوڑنا۔

ٹانگَن۔ پہاڑی ٹٹو جو قد کا چھوٹا اور جسم کا گٹھا ہوا اور مضبوط ہوتا ہے۔ ٹانگھن۔

ٹاؤن ہال۔ میونسپل کمیٹی کے ممبروں کے جلسہ کرنے کی جگہ۔ پنچایتی مکان۔ ایوان عام۔

ٹائیں ٹائیں فِش (مثل) زبانی جمع خرچ بہت، نتیجہ کچھ نہ۔

ٹَپ۔ ٹانگے یا بگھی وغیرہ کا سائبان جو دھوپ یا بارش کے وقت ان سے بچاؤ کا کام دیتا ہے۔

ٹَپّا۔ عوامی قسم کا گیت کسی قدر کلاسیکی۔ فاصلہ۔ پڑاؤ۔ منزل۔ مرحلہ۔ مقام۔

ٹِپّس۔ تعلق۔ کسی قدر وسیلہ۔ علاقہ۔

ٹِپّوا۔ موٹا۔ بھاری بھرکم۔ بھورا۔ بے ڈول۔

ٹُٹ پُونجیا۔ تھوڑی پونجی والا۔ چھوٹا سوداگر۔ کم مایہ (مجازاً) ادنیٰ۔ معمولی۔

ٹُنخارنا۔ ایڑ لگانا۔ نکال دینا۔ ٹرخانا۔ منھ سے آواز نکال کر ہانکنا۔

ٹَٹّر۔ بڑی ٹٹی۔ ٹٹی کا پردہ۔ قنات۔ چھپنے کی جگہ۔

ٹُٹروں ٹوں۔ تن تنہا اکیلا۔

ٹَٹریاں (ٹٹری) کھوپڑی کا بالائی حصہ۔ چاند۔

ٹَٹّو۔ ایک قسم کا کم ذات یا بدنسلا گھوڑا جو گھوڑا جو عام طور سے چھوٹے ہاڑ، گٹھیلے جسم اور مضبوط ہاتھ پیر کا ہوتا ہے۔ پہاڑی علاقوں میں بہت کام دیتا ہے۔ یہ جانور اکثر کٹ کھنا ہوتا ہے اور بہت بری طرح سے کاٹتا ہے اس کا یہ عیب اس قدر تکلیف دہ ہوتا ہے کہ بعض اوقات اس کو مار ڈالنا مناسب سمجھا جاتا ہے۔ ہندی میں ایک چھند ہے جس میں ایسے ٹٹو اور چند دوسری ہستیوں کو کوسا گیا ہے۔

ٹَٹُوا۔ (ٹٹو کی تصغیر) حقیر ٹٹو۔

ٹَٹّی۔ پاخانہ۔ جائے ضرورت۔

ٹَٹّی / ٹَٹیوں کی آڑ میں شِکار کھیلنا۔ (محاورہ) درپردہ کوئی کام کرنا۔ چھپ کر عیب کرنا۔

ٹَٹوی۔ (ٹٹو کی تانیث)۔ چھوٹا گھوڑا۔

ٹچّے (ٹچّا)۔ اوچھا۔ چھچھورا۔ لچا۔ اوباش۔

ٹڈّا - ایک قسم کا پردار کیڑا جو عموماً آک کے پردے پر ہوتا ہے۔
۲- پتلا دُبلا آدمی۔
ٹرٹر - بک بک جھک جھک۔
ٹرّا - بدمزاج۔ شریر۔ سرکش۔ سخت کلام گھوڑے اور انسان کی بابت کہتے ہیں۔
ٹرّانا - بڑبڑانا۔ سخت کلامی کرنا۔ گستاخی کرنا۔
ٹرّخ ٹرّخ نُور برسنا - (مراداً) حُسن کا دو بالا ہونا۔ افزائشِ حُسن (ق)۔
ٹرک - (انگریزی) - ایک بڑی اور مضبوط موٹر گاڑی جو باربرداری کے کام آتی ہے۔
ٹرّی - بک بک کرنے والا۔ تند گفتار۔
ٹریجڈی - المیہ۔ ایسا ڈراما جس کا انجام دردناک ہو۔
ٹسوے بہانا - (محاورہ) جھوٹ مُوٹ کے آنسو۔ دکھاوے کا رونا۔
ٹفن (ٹِپن) - (انگریزی) بالعموم دوپہر کا کھانا، ان معنوں میں ہندوستانی الاصل ہے۔
ٹُک - ۱- ذرا۔ کچھ۔ تھوڑا سا۔
۲- ذراسی دیر کے لیے۔
ٹُک ٹُک دِیدم دَم نہ کَشیدم (مقولہ) (عو) جب کوئی واقعہ آنکھوں کے سامنے ہو رہا ہو اور دیکھنے والا کسی جبر یا دباؤ سے مُنھ نہ کھول سکتا ہو تو اس موقع پر یہ فقرہ بولا جاتا ہے۔
ٹکا - دو پیسے۔ دو پیسے کا سکّہ۔
ٹکا سا جَواب - صاف جواب قطعی انکار۔
ٹکٹ - ۱- کھیل تماشے یا نمائش وغیرہ میں داخل ہونے کا اجازت نامہ جو قیمت ادا کرنے پر ملتا ہے۔
ٹکٹی - ارتھی۔ بانسوں سے بنا ہوا ٹھٹا ٹھر جس پر ہندو اپنے مُردے لے جاتے ہیں۔
ٹکٹکی - ایک تپائی جس سے مجرموں کے ہاتھ پاؤں باندھ کر بید یا کوڑے مارے جاتے ہیں۔
ٹُکڑ - روٹی کا نوالہ۔ لُقمہ۔
ٹُکڑ گدا - وہ فقیر جو دروازے دروازے بھیک مانگتا پھرے۔
ٹِکس (ٹیکس کا مخفف) - محصول۔ لگان۔ مالگزاری۔
ٹکسال - سکّہ بنانے کی جگہ۔ دارالضرب۔
ٹُکڑی - کبوتروں کا پرا۔ پرندوں کا غول (عم) کپڑے کا تھان۔ طاقہ۔ گروہ۔ جتھا۔ جماعت۔
ٹُکڑے کھائے دل بہلائے پیٹ بھرا تو گھر کو آئے۔ (مثل) (عو) نکھٹو کی نسبت کہتی ہیں۔

ٹکے کا آدمی ۔ کم حیثیت آدمی ۔ بے وقعت آدمی ۔ حقیر آدمی ۔
ٹکلچیا ۔ ادنیٰ درجے کا آدمی ۔ کم حیثیت شخص ۔ مفلس ۔
ٹکلی ۔ (کاغذ یا دھات وغیرہ کا) چھوٹا گول ٹکڑا ۔ ماتھے کا زیور ۔ ٹیکا ۔
ٹلو ۔ چھوٹے قد کی عورت ۔
ٹلوا ۔ ۱۔ (بازی گروں کی اصطلاح میں) احمق ۔ بے وقوف ۔ ۲۔ ٹھگنا ۔ ۳۔ خوشامدی ۔ چاپلوس ۔
ٹمٹا ۔ چھوٹے قد کا آدمی ۔ بونا ۔ ٹھگنا ۔ دُبلا پتلا ۔
ٹمبلر (انگریزی) ۔ چپٹے پیندے کا گلاس (جو مختلف شکلوں کا شیشے اور دھات دونوں سے تیار کیا جاتا ہے) ۔
ٹمپرنس سوسائٹی (انگریزی) ۔ ایک جماعت جس کے افراد شراب نہ پینے کا حلف اُٹھاتے ہیں ۔
ٹمنخ ۔ بونا ۔ ٹھگنا ۔ پستہ قد ۔
ٹم ٹم ۔ ایک دو پہیئے کی گاڑی جو گھوڑے سے چلتی ہے ۔ اس پر ٹپ نہیں ہوتا ۔ دو سوار آگے اور چار پیچھے بیٹھتے ہیں ۔
ٹن ۔ (لکھنؤ) خود پسندی ۔ بدمزاجی شیخی ۔
ٹنکار ۔ کمان چلنے کی آواز ۔ شہرت ۔
ٹنگار ۔ تھوڑا تھوڑا کھانا ۔ ٹونگنا ۔
ٹنگڑی لینا ۔ (محاورہ) (ٹانگ کی تصغیر) پیچھے پڑنا ۔ سرہونا ۔
ٹوٹکا ۔ جادو ۔ ٹونا ۔ جنتر منتر ۔ وہ جتن جو عورتیں کسی مرض کے دفعیہ یا کسی مطلب کے حصول کے لیے کرتی ہیں ۔
ٹوٹل ۔ میزان ۔ اعداد کا حاصل جمع ۔
ٹوٹرا ۔ (بوری مونث) ۔ ۱۔ بٹیر سے چھوٹا پرند ۲۔ بدوضع ۔ ٹھگنا ۔ بونا ۔ بدمعاش ۔ کمینہ ۔ لفنگا ۔
ٹوڑی ۔ ایک سات سروں کی راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے ۔
ٹوسٹ ۔ ۱۔ ڈبل روٹی کا ٹکڑا توس ۔ ۲۔ جامِ صحت ۔
ٹوکرے (ٹوکرا) ۔ بانس ، جھاؤ یا توت کی پتلی شاخوں سے بنا ہوا کھانچا ۔ چھبڑا ۔
ٹول ۔ ایک قسم کا سُرخ کپڑا ۔ قند ۔
ٹونا ۔ ایک قسم کا گیت جو شادی اور بیاہ میں ڈومنیاں آرسی مصحف کے وقت گاتی ہیں جس میں دولہا سے دُلھن کے ساتھ اچھے برتاؤ رکھنے کا قول و قرار لیا جاتا ہے ۔

ٹونکل ٹونکل لِٹل اِسٹار۔ (انگریزی) اشارہ ہے چھوٹے ستارہ کی جگمگاہٹ کی طرف۔

ٹونگنا۔ (ٹونگ)۔ تھوڑا تھوڑا کھانا۔ ایک ایک دانہ اٹھا کر منہ میں ڈالنا۔

ٹونیا۔ ٹونا کرنے والا۔ جادو کرنے والا۔

ٹوہ۔ کھوج۔ تلاش۔ جستجو۔

ٹوہ لگنا / ٹوہ لینا۔ کسی کی کسی بات کا چھپ کے پتا لگانا۔

ٹوہی۔ مخبر۔ کھوجی۔ سراغ لگانے والا۔

ٹوہیئے (ٹوہیا)۔ تلاش کرنے والا۔ کھوج لگانے والا۔

ٹہل۔ خدمت گزاری۔ بندگی۔ غلامی۔

ٹہلا دِیا / دَینا (محاورہ)۔ غائب کر دینا۔

ٹہوکا۔ اشارہ جو انگلی یا بازو کی خفیف ضرب سے کیا جائے۔

ٹہوکا دَینا (محاورہ)۔ کسی کو اپنی طرف یا کسی دوسرے کی خاص بات کی طرف متوجہ کرنے کے لیے اپنا ہاتھ یا اپنی کہنی اس کے جسم پر آہستہ سے مار کے اشارہ کرنا۔

ٹھاکُر۔ ۱۔ زمیندار۔ راجپوت۔ مالک۔ سردار۔ ۲۔ نائی۔ حجام۔

ٹھائیں ٹھائیں۔ تکرار۔ حجت۔

ٹھپّا۔ سانچا۔ قالب۔

ٹھٹ کے ٹھٹ۔ گروہ کے گروہ۔ زبردست بھیڑ۔

ٹھٹھرنا۔ سردی کی شدت سے بے حس ہو جانا۔ یخ کرنا۔

ٹھٹھول۔ ظریف۔ خوش طبع۔ مسخرہ۔

ٹھٹھیرے (ٹھٹھیرا)۔ پیتل، تانبے اور کانسی کے برتن بنانے اور بیچنے والا۔ کسیرا۔

ٹھرّا۔ دیسی خراب شراب۔

ٹھسّے (ٹھسّا)۔ غرور۔ ٹھاٹھ۔ زیب و زینت۔ کر و فر۔ ناز و انداز۔

ٹھگ بِدّیا۔ علم قزاقی۔ مکاری۔ دغا بازی۔

ٹھگوں کی بُڑھیا۔ حرافہ۔ ٹھگنی۔

ٹھلیا۔ مٹی کا چھوٹا گھڑا۔

ٹھٹھے بازی۔ دل لگی۔ ہنسی و مذاق۔

ٹھمری۔ ایک قسم کا دو بول کا گیت جس میں عورت کی جانب سے اظہار عشق ہوتا ہے۔ ایک قسم کا چھوٹا سا گیت۔

ٹھمک ٹھمک۔ آہستہ آہستہ۔ مٹک کر۔ خرام ناز سے۔

ٹھنڈائی۔ تبرید۔ وہ دوا جو

گرمی کے اثر کو دُور کرنے کے لیے پی جائے۔
ٹھنڈی ۔ چیچک ۔
ٹھنڈی سانسیں بھرنا ۔ ٹھنڈا سانس ۔ آہ ۔ ایسا سانس جو غم یا رنج میں لیا جاتا ہے ۔
ٹھنڈی سڑک ۔ چوڑی اور ہوادار سڑک جس کے دو رویہ درخت ہوں اور آس پاس کچی عمارتیں نہ ہوں ۔ مال روڈ ۔
ٹھنگنا ۔ چھوٹے قد کا ۔ بونا ۔ ناٹا ۔ پست قد ۔
ٹھور نہ ٹھکانہ ۔ رہنے کو جگہ دستیاب نہ ہونا (مراداً) بے سہارا ۔
ٹھینٹھیاں (ٹھینٹ ، ٹھینٹی ، ٹھینٹھی) ۔ کان میں جما ہوا میل ۔
ٹھیٹھر (تھیٹر) ۔ تماشا گاہ ۔ ناچ گھر ۔ ناٹک ۔
ٹھیک کرنا ۔ (محاورہ) سزا دینا ۔ گوشمالی کرنا ۔ مارنا پیٹنا ۔ درست کرنا ۔
ٹھیکری ۔ (ٹھیکر کی تصغیر) مٹی کا تودہ ۔ ٹھیپ ۔
ٹھیکی ۔ ڈھیر ۔ تودہ ۔ انبار ۔
ٹھیکیں ۔ مردوں کے رخساروں کے وہ بال جو مونچھوں سے مل جاتے ہیں ۔
ٹھیکی لینا ۔ (محاورہ) ۔ وہ چیز جس کے سہارے دم لینے کے لیے بوجھ اُٹھانے والے بوجھ رکھ دیتے ہیں ۔ تھوڑا سا چل کے ٹھہر جانا ۔
ٹھینگا ۔ انگوٹھا ۔ لاٹھی ۔ سونٹا ۔
ٹیاں اُلارنا ۔ کوڑی اُچکنا یا اُچھالنا ۔
ٹیاں ۔ (ٹوئیاں ، ٹویاں) ۔ بہت چھوٹا ۔ ذرا سا ۔ ایک قسم کا چھوٹا توتا ۔ ایک قسم کی چھوٹی کوڑی ۔
ٹیبل ۔ میز (مجازاً) دسترخوان ۔
ٹیبل لیمپ ۔ ایسا لیمپ جو میز وغیرہ پر رکھا جاتا ہے ، عموماً اس پر ایک شیڈ ہوتا ہے تاکہ روشنی زیادہ نہ پھیلے ، ایسا لیمپ عام طور پر لکھنے پڑھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔
ٹیپ ۔ چپت ۔ دھول ۔
ٹیپ دار آواز ۔ اونچے سُر والی آواز ۔ پاٹ دار آواز ۔ سُریلی آواز ۔
ٹیٹل پیج (ٹائٹل پیج) ۔ سرورق ۔
ٹیٹوا (ٹینٹوا) ۔ گلا ۔ حلق ۔ حلقوم ۔
ٹیڑھا ۔ بدمزاج ۔ غصہ ور ۔ شریر ۔
ٹیڑھی کھیر ۔ بیڑھا کام ۔ مشکل کام ۔ دشوار کام ۔
ٹیسو ۔ ڈھاک کا پھول جس میں

سے زرد رنگ نکالا جاتا ہے۔

ٹیسو آئے دُھوم سے، ٹکا نکا لو سُوم سے ۔ دسہرے کے دنوں کے قریب لڑکے بالے مٹی کی ایک مورت ٹیسو جیسی بناتے تھے جو تین لکڑیوں پر ٹکی ہوتی تھی۔ اس میں چراغ رکھنے کی جگہ بھی ہوتی تھی، اس کو وہ گھر گھر لیے پھرتے تھے اور پانچ چھ دن میں جو نقدی وصول ہوتی تھی اس کی مٹھائی لے کر آپس میں تقسیم کر لیتے تھے۔

ٹیشن ۔ (اسٹیشن) ۔ مستقر۔ مقام ۔ ریل گاڑی کے ٹھہرنے کی جگہ ۔

ٹیکا ۔ ماتھے کا ایک زیور جس کی ڈوری یا زنجیر سر پہ باندھی جاتی ہے اور ٹیکا ماتھے پر رہتا ہے ۔

ٹیکرے (ٹیکرا) ۔ ٹیلا ۔ تودہ ۔ ڈھیر ۔ انبار ۔

ٹیلی گراف ۔ تار برقی ۔ تار پر خبر بھیجنے کا آلہ ۔

ٹیلی گرام ۔ (ٹیلیگرام) ۔ تار برقی کا پیغام ۔ وہ پیغام جو تار کے ذریعے بھیجا جائے ۔

ٹیم ٹام ۔ نمائش ۔ آرائش ۔ زینت ۔ ٹیپ ۔ ٹاپ ۔

ٹیمز ۔ انگلستان کا ایک دریا جو شہر لندن کے وسط میں بہتا ہے ۔

ٹیں ہو جانا ۔ (محاورہ) توتے کی طرح مر جانا ۔ مر کر رہ جانا ۔ مر جانا ۔

ٹینٹ ۔ کمر کے گرد دھوتی کی گرہ ۔ آنٹی ۔

ٹینی مُرغ ۔ بد اصل مُرغیوں کی نسل ۔ دوغلی مُرغی یا مُرغ ۔ چھوٹا ۔ (ٹینی) ۔

ث

ثابت ۔ مضبوط ۔ پائدار ۔

ثاقب ۔ روشن ۔ چمکتا ہوا ۔

ثالث ۔ پنچ ۔ حَکَم ۔

ثالث بالخیر ۔ منصف ۔ صلح کرانے والا ۔

ثانیہ ۔ پل ۔ سیکنڈ ۔ لحظہ ۔

ثبات ۔ قیام ۔ قرار ۔

ثبوت ۔ شہادت ۔ گواہی ۔

ثروت ۔ مال داری ۔ خوش حالی ۔ (مجازاً) بہتات ۔

ثرا (ثریٰ) ۔ زمین کا سب سے نچلا مفروضہ طبقہ ۔ پاتال ۔

ثریٰ سے ثریّا ۔ (مراداً) زمین سے آسمان تک ۔ کُل کائنات ۔ تمام جہان ۔

ثُریّا ۔ پروین ۔ وہ چھ ستارے

جو اکٹھے چڑھتے نظر آتے ہیں۔

ثُرَیّا جاہ ۔ عالی مرتبت ۔ اونچے رُتبے کا۔

ثُعبان ۔ اژدھا ۔ بڑا سانپ۔

ثِقات ۔ معتبر آدمی ۔ مقطع ۔ متین۔ سنجیدہ۔

ثِقل ۔ وزن ۔ گرانی ۔ بدہضمی ۔ سوء ہضم۔

ثِقلِ سَماعَت ۔ اونچا سُننا ۔ بہرہ پن۔

ثِقہ ۔ قابل اعتماد ۔ معتبر ۔ باوقار۔

ثَقِیل ۔ بوجھل ۔ بھاری ۔ وزنی۔ دیرہضم ۔ ٹھوس۔

ثُمَّ ۔ پھر ۔ تب ۔ پیچھے۔

ثَمرَہ ۔ بدلہ ۔ معاوضہ ۔ نتیجہ ۔ انجام۔

ثَمِین ۔ قیمتی ۔ انمول۔

ثَواب ۔ بدلہ ۔ معاوضہ ۔ اجرت ۔ جزا (نیک کاموں کی)۔

ثَوابت ۔ (ثابت کی جمع) وہ اجرامِ فلکی جو گردش نہیں کرتے۔ ایک جگہ قائم رہنے والے ستارے۔

ثَورِ فلک ۔ (نجوم) بارہ برجوں میں سے دوسرا برج جو بیل کی شکل کا ہے ۔ برکھ۔

ثَیِّبہ ۔ بیاہی عورت ۔ وہ عورت جو کنواری نہ ہو۔

ج

جاپ ۔ ہندوؤں کا وظیفہ ۔ مالا پھیرنا۔

جاتری ۔ تیرتھ یا زیارت کرنے والا۔

جاجَم (جاجِم) ۔ چھپی ہوئی موٹے کپڑے کی چادر جو دری وغیرہ پر بچھائی جاتی ہے ۔ فرش۔

جاچکی ۔ جھانجھ بجانے والا۔

جادُو وہ جو سَر پر چڑھ کر بولے ۔ (کہاوت) سچائی کا اعتراف مخالف کو بھی ہوتا ہے، بات وہ ہے جس کا اقرار خود حریف کو کرنا پڑے ۔ صحیح تدبیر وہ ہے جس سے مجرم خود اپنے جرم کا اقرار کرے۔

جادَہ ۔ راستہ ۔ پگڈنڈی ۔ باریک راستہ جو لوگوں کی آمد و رفت سے بن جاتا ہے۔

جارُوب ۔ جھاڑو۔

جارُوب کَشی ۔ جھاڑو دینا۔ جھاڑو دینے کا عمل / پیشہ۔

جاسُوس ۔ مخبر ۔ رازجو ۔ سراغ

رساں ۔ خفیہ پولیس۔
جاکٹ ۔ چھوٹا کوٹ جو نیم آستین یا بلا آستین ہو۔
جاگ ہونا ۔ بیداری ۔ چوکسی ۔ ہوشیاری ۔
جاگرن ۔ شب بیداری ۔ خدائی رات ۔
جالی لوٹ ۔ ایک قسم کا جالی دار کپڑا۔
جام جمشید ۔ (جام جم ، جام جہاں نما) ۔ ایران کے بادشاہ جمشید کا پیالہ جس پر ہندسی خطوط اور شکلیں بنی ہوئی تھیں ۔ (کہتے ہیں کہ ان خطوط سے آیندہ کا حال بتایا جاسکتا تھا اور اس میں احوال عالم کا مشاہدہ کیا جاسکتا تھا)۔
جامدانی (جامہ دانی)۔ بوغبند ۔ ایک قسم کا زری بافت بٹوا جو چار گوشے کا ہوتا ہے جس پر علاقہ بندی کرا کے محرم میں تقسیم کرتے ہیں ۔ کپڑے رکھنے کا چرمی صندوق ۔
جامہ زیب ۔ جس پر ہر قسم کا لباس بھلا معلوم ہو۔
جامہ زیبی ۔ ہر طرح کا لباس جسم پر اچھا لگنا۔
جامے سے باہر ہونا ۔ (محاورہ)۔ غصّے یا خوشی میں آپے سے باہر ہونا۔
جامے میں پھولے / پھولا نہ سماتا ۔ (محاورہ) نہایت خوش ہونا ۔ فرط خوشی سے آپے میں نہ رہنا۔
جامہ وار ۔ عمدہ پھول دار ریشمی کپڑا۔
جاں بری ۔ صحیح سلامت ۔ محفوظ۔
جاں سپاری ۔ جان سونپنا۔
جاں فزا ۔ جان کو بڑھانے والا ۔ فرحت انگیز۔
جاں کنی ۔ نزع کی حالت ۔ جان نکلنے کی حالت ۔
جان کے لالے پڑنا (محاورہ)۔ جینے کی امید نہ ہونا۔
جان ہتھیلی پر رکھنا ۔ (محاورہ) ۔ قربانی کے لیے تیار رہنا ۔ مرنے کے لیے آمادہ رہنا۔
جان نہ پہچان خالہ جی سلام ۔ (عو) وہاں بولتی ہیں جہاں کوئی ناواقف آدمی نہایت تپاک ظاہر کرے۔
جاہ و منال ۔ عزت و مال ۔
جانگ (جانگھ) ۔ ران ۔ زانو۔
جانگلو ۔ جنگلی ، وحشی ۔ گنوار۔

اُجڈ۔

جائس ۔ مشہور قصبہ جو رائے بریلی (اتر پردیش، ہند) میں واقع ہے اور ملک محمد مصنف پدماوت کا وطن ہے۔

جب سب طرف سے ہارے چلے نان ہارے ۔ بحث میں عاجز ہو کر کوئی بہانہ کر کے ٹل جانا۔

جبر و مقابلہ ۔ الجبرا۔ (ریاضی) ریاضی کی وہ شاخ جس میں مقداروں کی بجائے اعداد کے حروف سے اور ان کی باہمی نسبت اور تعلق کو علامات کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اس کے عرب موجد تھے۔

جبروت ۔ بزرگی۔ عظمت۔ جاہ و جلال۔

جبلّی ۔ جبلت

جبن ۔ نامردی۔ تھرڈلی۔

جبّہ ۔ کرتے کی صورت کا ایک خاص لباس۔ جامہ۔ چوغا۔

جبین ۔ ماتھا۔ پیشانی۔

جپ جی ۔ سکھوں کی مذہبی کتاب۔

جتن ۔ بندوبست۔ علاج۔ کوشش۔ مکر و فریب۔

جتنا اوپر ہے اتنا ہی نیچے ہے ۔ (مثل) پست قد۔ شرارتی آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔

جتنا گڑ ڈالو گے اتنا (ہی) میٹھا (ہوگا) (مثل) جتنا زیادہ خرچ کرو گے اتنا ہی بہتر ہوگا۔ جتنی محنت کرو گے اتنا ہی حاصل ہوگا۔

جتنی چادر اتنے ہی پاؤں پھیلائے ۔ (مثل) حیثیت کے مطابق کام کرنا چاہیے۔

جتنے منہ اتنی باتیں ۔ ہر شخص اپنی اپنی کہتا ہے۔

جتنی کی تتنی ۔ کمی بیشی نہ ہونا۔ جتنی پہلے تھی اتنی ہی۔ اسی قدر۔ پہلے جتنی۔

جٹا دھاری ۔ لمبے بالوں والا۔ گیسو دراز۔ جوگی۔

جُٹاؤ ۔ مجمع۔ جماؤ۔

جُٹاؤ ۔ گندھے ہوئے بال۔ جوڑا۔

جٹھانی ۔ جیٹھ کی بیوی۔ خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی۔

جج ۔ منصف۔ قاضی۔ حاکم عدالت۔

ججمان ۔ وہ شخص جو برہمن، نائی یا کسی اور کمیرے سے کوئی خدمت لے اور اس کا معاوضہ ادا کرے۔ جس پر نائی وغیرہ کا کوئی حق ثابت ہو۔

جچّا ۔ (زچہ کا بگاڑا ہوا ہے)۔ وہ عورت جس نے بچہ جنا ہو چالیس دن تک زچہ کہلاتی ہے۔

جحیم ۔ دوزخ کا چھٹا طبقہ۔ جہنم۔

جَدِّ اَمجَد ۔ بزرگ ۔ دادا ۔ پردادا ۔

جِدّ و کَد ۔ جد و جہد ۔ سرگرمی ۔ کوشش ۔

جَدوَل ۔ صفحے کے گرداگرد لکیر ۔ چھوٹی نہر ۔

جَدِی ۔ وہ برج آسمانی جس میں ستاروں کی شکل بکری کی مانند ہوتی ہے ۔

جَرِ ثقیل (جر اثقال) ۔ وہ علم جس کے ذریعے بھاری بوجھ بآسانی اٹھالیں ۔

جَراحَت ۔ زخم ۔ گھاؤ ۔ عمل جراحی ۔ سرجری ۔

جَرّار ۔ بہت بڑی فوج ۔

جَرح ۔ ۱۔ زخم ۔ گھاؤ ۲۔ وہ سوالات جو حقیقت جاننے کے لیے دوسرے فریق سے پوچھے جاتے ہیں ۔ گواہ سے سوال و جواب ۔

جَرَس ۔ گھڑیال ۔ گھنٹہ ۔

جُردہ ۔ ۱۔ سیاہ رنگ ۲۔ شہدے ۔

جُرعہ ۔ گھونٹ گھونٹ ۔ ایک دفعہ کا پینا ۔

جُرعہ نوش ۔ پینے والا ۔

جُرِمانہ ۔ (جرمانہ کی بگڑی ہوئی صورت) ۔ تاوان ۔ روپیہ جو کسی جرم کی سزا کے عوض مجرم سے لیا جائے ۔

جُروا ۔ (جورو کی تصغیر) (عم) بیوی ۔ عورت ۔ جوروا ۔

جَری ۔ بہادر، دلیر ۔

جَرِیب ۔ عصا ۔ چوب دستی ۔ لاٹھی ۔

جَرِیدہ ۔ تنہا ۔ اکیلا ۔ اخبار ۔ رسالہ ۔

جُزدان ۔ بستہ ۔ وہ کپڑا جس میں کتابیں باندھتے ہیں ۔

جُزرَس ۔ ۱۔ سمجھ دار ۔ ذکی ۔ ۲۔ کنجوس ۔ بخیل ۔ کفایت شعار ۔

جزر و مد ۔ اتار چڑھاؤ ۔ جوار بھاٹا ۔ مدوجزر ۔

جزالت ۔ مضبوطی ۔ خوبی ۔ بزرگی ۔

جَزر ۔ بھاٹا ۔ سمندر کے پانی کا اتار ۔

جَزل ۔ مضبوط ۔ بہت فصیح سخن ۔

جُزوِ لاینفک ۔ وہ حصہ جو الگ نہ ہو سکے ۔

جِزیہ ۔ وہ محصول جو مسلمان غیر مذہب کے لوگوں پر لگاتے تھے، اس کے عوض میں ان کی جان و مال کی حفاظت ان کے ذمے ہوتی تھی ۔

جَزِیرہ ۔ خشکی کا وہ قطعہ جس کے چاروں طرف پانی ہو ۔

جس پتیلی میں کھائیں اسی میں چھید کریں ۔ (مثل)

مُحسن کش۔ نمک حرام۔

جس طرح پیٹھ دِکھاتے ہو اس طرح مُنھ بھی دِکھاؤ۔ (مثل) جب کوئی شخص سفر پہ جاتا ہو اسے کہتے ہیں۔

جس کا کام اُسی کو سَاجے/ سَاجھے۔ (ع) (مثل) جس نے جو کام سیکھا ہے وہی اسے اچھی طرح کرسکتا ہے۔ دوسرے کے بس کا نہیں۔

جس کا کھائے اُسی کا گائے (جس کا کھانا اُس کا گانا)۔ (مثل) جس سے فائدہ ہو اس کی تعریف اور خوشامد کی جائے تو یہ فقرہ بولا جاتا ہے۔

جس کی نہ ہو وے بوائی۔ وہ کیا جانے پیر پَرائی۔ (مثل) جس کو کبھی دُکھ نہیں پہنچا اس کو درد مندوں کے درد کی کیا پروا۔

جس کی اِبتِدا اچھی ہوگی اُس کی اِنتِہا بھی اچھی ہوگی۔ جس کا آغاز اچھا اس کا انجام بھی اچھا۔

جَسِیم ۔ تنومند۔ جسم والا۔

جسے پی چاہے وُہی سُہاگَن۔ (مثل) (لفظاً) جسے خاوند پسند کرے اسے ہی سہاگن سمجھنا چاہیئے۔ (مجازاً) جسے حاکم پسند کرے اس کی

سبب خوشامد کرتے ہیں۔

جَشنِ جمشیدی ۔ وہ جشن جو پیش دادیوں کے چوتھے بادشاہ جمشید کی طرف منسوب ہے، ایران قدیم کی یہ اس وقت کی یادگار ہے جب آفتاب (اس بادشاہ کے زمانے میں) موسم بہار کے اول گھر میں آیا اور رات دن برابر ہو گئے، اس موقع پر جمشیدی جشن اسی عمارت میں منایا گیا اور اس دن کا نام نوروز رکھا گیا (اس طرح جشن جمشید اور نوروز ایک ہی تقریب کے دو نام ہیں)۔

جَعْد ۔ گھونگریالے بال۔

جَعْفَری ۔ ایک قسم کا زرد پھول۔ گیندے کا پھول۔

جُغَادَری ۔ (جُگادری)۔ پُرانا گھاگ۔ عالم۔ فاضل۔

جُغْرَافِیَہ ۔ وہ علم جس میں سطح زمین اور اس کی خشکی و تری اور طبعی تقسیم سے بحث کی جاتی ہے۔

جُفْت ۔ جوڑا۔ وہ عدد جو دو پر تقسیم ہو سکے۔

جُگ ۔ زمانہ۔ عہد۔ دور۔ وقت۔ قرن۔ ہنود کے مجوزہ چار زمانوں (ست جُگ، ترتیا جُگ، دواپر جُگ اور کلجُگ) میں سے ہر ایک زمانہ جُگ کہلاتا ہے۔

جُگَت بَازی ۔ بذلہ سنجی ۔

لطیفہ گوئی۔

جگت تنہائی۔ رسوائی۔ ذلت۔ بد نامی۔

جگ جگ کرنا۔ ۱۔ (مراداً) روشن ہونا۔ ۲۔ بارونق ہونا (ق)۔

جگت۔ کنویں کی مینڈھ۔

جگت اُستاد۔ ۱۔ بہت بڑا کاریگر۔ ۲۔ مانا ہوا کاریگر۔

جگرا۔ ہمت۔ حوصلہ۔ کلیجہ۔ جان۔

جگنو۔ گلے کا ایک زیور۔

جل۔ پانی۔

جل بانک۔ (تیراکوں کی اصطلاح)۔ تیرنے میں دشمن سے بچنے اور اس پر پلٹ کر وار کرنے یا قابو پانے کے داؤں اور ترکیبیں۔

جل تھل۔ وہ زمین جس پر بہت سا پانی ہو۔

جل تو جلال تو، آئی بلا کو ٹال تو۔ (عو) کسی آفت مصیبت کے وقت یہ فقرہ پڑھتی ہیں (عوام)۔ خطرہ رفع کرنے کا دُعائیہ کلمہ۔

جُل۔ فریب۔ دھوکا۔

جُل دینا۔ (محاورہ) دم دینا۔ جھانسا دینا۔

جُلّاب۔ مسہل۔ دست۔

جُلاجل۔ (جُل جُل کی جمع)۔ جھانجھ یا تال جو دونوں ہاتھوں میں ایک ایک لے کر بجاتے ہیں۔ دف۔

دائرہ۔

جلب۔ سودا۔ نفع۔ بیچ۔

جلباب۔ چادر۔ برقع۔ لمبی نقاب۔

جلتا بلتا۔ جلنا بلنا۔ جلنا۔

جل ترنگ۔ ایک باجے کا نام جو چھوٹے بڑے پیالوں میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجایا جاتا ہے۔

جُلدو۔ انعام۔ صلہ۔ نیک بدلہ۔ جزا۔

جلوت۔ خلوت کی ضد۔ مجمع۔ جہاں تنہائی نہ ہو۔

جلودار۔ مصاحب۔ ہم راہی۔ ساتھی۔

جلیس۔ ہم نشین۔ مصاحب۔ ساتھی۔ وہ شخص جو گھوڑے کی باگ پکڑ کر ہم راہ چلے۔

جلی۔ روشن۔ آشکار۔ ظاہر۔ موٹا لکھا ہوا۔

جلے تن۔ بدمزاج۔ جھلا۔

جمال گوٹہ۔ (جمال گوٹا)۔ ایک نہایت دست آور پھل جو جلاب کی دواؤں میں شامل کیا جاتا ہے۔

جمالی خربوزا۔ (مجازاً) ایسی عورت کو کہتے ہیں جو صورت شکل کی اچھی ہو مگر نازو کرشمے سے خالی ہو۔ دکھاوے کا۔ تماشی اور بیکار شے۔

جمالی خربوزے ڈالی کی رونق۔ ظاہر رونق رکھنے والی چیز کے لیے بولتے تھے۔
جُمَل ۔ حروف ابجد کے اعداد کا حساب جس سے تاریخ وغیرہ نکالتے ہیں۔
جم جاہ ۔ جمشید بادشاہ کے رتبے والا۔ عالی مرتبہ۔
جم جم جئیں ۔ (دُعائیہ) ہمیشہ زندہ رہو۔ سدا سلامت رہو ۔ طویل عمر پاؤ۔
جمِ غفیر۔ تعداد کثیر۔ انبوہ ۔ بھیڑ۔
جمع جتھا ۔ نقد و جنس ۔ اصل سرمایہ۔ مال و متاع ۔ پونجی۔
جمعہ جمعہ آٹھ دن (مثل) چند روز ۔ بہت کم مدت ۔ مختصر وقفہ۔
جمعیّت ۔ اطمینان ۔ سکونِ قلب۔
جمیکا رم ۔ ایک قسم کی شراب۔
جمیل ۔ خوبصورت ۔ حسین۔
جلی کٹی باتیں کرنا ۔ (جلی کہنا، جلی کٹی سنانا) ۔ (محاورہ) بُرا کہنا۔ طعن و طنز کی بات چیت کرنا۔ بدی کرنا۔
جِن ہالینڈ جِن ۔ ایک قسم کی شراب۔
جنازہ ۔ نعش جو دفن کرنے کے لیے لے جاتے ہیں۔
جِنان ۔ (جنّت کی جمع) بہشت۔ فردوس۔ جنّت۔
جَنبہ ۔ حمایت ۔ طرف داری۔ جانب داری۔
جنتر منتر۔ ٹونا ٹوٹکا ۔ افسوں۔ جادو۔
جنٹلمین ۔ شریف آدمی۔
جنٹلمینیت ۔ شرافت۔ انسانیت۔ بزرگی۔
جنجال ۔ مصیبت ۔ آفت ۔ مشکل۔
جنڈیل ۔ ا۔ بھاری بھرکم ۔ عظیم المرتبت ۔ ۲۔ (جنرل کی بگڑی ہوئی شکل) ایک اعلیٰ فوجی عہدہ۔
جنرل ۔ بڑے رتبے کا فوجی افسر۔ جرنیل ۔ سپہ سالار۔
جنگِ زرگری ۔ جھوٹ موٹ کی لڑائی۔ دکھاوے کی لڑائی۔
جنگ و جدال ۔ لڑائی۔ معرکہ۔ مارکٹائی۔
جنگل میں منگل ۔ ویرانے میں رونق، چہل پہل ۔ خوشی اور مسرت کا دور دورہ۔
جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا ۔ (کہاوت) باہر کچھ ہی کیا کرو جب اپنے وطن میں کچھ کرو تو ہم سمجھیں کہ ہاں کچھ کیا۔ پردیس میں کسی بڑے کام کے

کرنے کا لُطف خاندان یا وطن والے نہیں اُٹھا سکتے۔ جب کوئی شخص اپنی دولت کا صرف کسی ایسی جگہ کرے جہاں اپنائے وطن یا عزیز و اقارب اسے نہ دیکھ سکیں تو کہتے ہیں۔

جُنگلے (جُنگلا) ۔ کٹھرا۔ احاطہ۔ باڑ۔

جُنگی توَا ۔ بڑا توا۔

جَنَم پَتری ۔ (نجوم ۔ ہندو) ۔ وہ کاغذ جس میں بچے کی پیدائش کے وقت سے ستاروں کے حساب کے بموجب عمر بھر کے حالات درج کیے گئے ہوں۔

جَنَم جلی ۔ بدنصیب ۔ منحوس۔

جُنُود ۔ (جُند کی جمع) لشکر ۔ فوج ۔ سپاہ ۔

جُنُون ۔ دیوانگی۔ پاگل پن۔

جَنوَر ۔ جانور ۔

جُنھَری (جنھرا) ایک قسم کا اناج ۔

جَنِیبَت ۔ کوتل گھوڑا۔

جَنِیوَا ۔ ۱۔ ایک قسم کی گھاس ۔ گیاہ ۔ ۲۔ ایک قسم کی گھٹیا کھڑی ۔

جَبیر ۔ ہاتھ ۔ پٹے یا تلوار کا ترچھا ہاتھ جو حریف کی چھاتی پر پڑتا ہے۔

جُو کھائے گا اَچھا وُہ پکائے گا

بھی اَچھا ۔ (مراداً) خوش ذوقی کا اظہار (ق)

جُو گرَجتا ہے وُہ برَستا نہیں۔ (مثل) جو باتیں بنایا کرتا ہے وہ کام نہیں کرتا۔

جُو ۔ ندی ۔ نالا۔ سوتا۔ نہر۔

جَوّ ۔ وہ فاصلہ جو زمین و آسمان میں ہے ۔ فضا۔ خلا۔

جَوَاد ۔ سخی ۔ داتا۔ بہت بخشش کرنے والا۔ اللہ کا ایک صفاتی نام ۔

جَوَار ۔ پڑوس ۔ ہمسائیگی۔

جَوَاربھاٹا ۔ سمندر کے پانی کا اُتار چڑھاؤ۔

جَوَارِح ۔ ہاتھ پاؤں اور دیگر اعضا آدمی کے جن سے کسب معیشت کرتا ہے۔

جَوَارِش ۔ ہاضمہ کی ایک مرکب خوش گوار خوش ذائقہ دَوا ۔

جَوَاز ۔ جائز ہونا ۔ دُرست ہونا۔

جَوَان جہاں ۔ بھرپُور جوانی کا عالم ۔ پوری جوانی پر۔

جَوَانی دِیوانی ۔ جوان آدمی نشیب و فراز نہیں دیکھتا۔

جَوَاہِرُ الکَلام ۔ فصیح و بلیغ کلام ۔ صوری و معنوی خوبیوں سے آراستہ کلام۔

جَوَاہِر مُہرہ ۔ (طب) ایک

مرکب دوا جس میں جواہرات
شامل ہوتے ہیں جسے اطبا نہایت
کمزوری کی حالت میں دیتے ہیں۔

جُوبَن دَینا ۔ بہار دینا۔ بھلا
معلوم ہونا۔

جُوبَن لُوٹنا ۔ (محاورہ) کسی کے
حُسن سے لُطف اندوز ہونا۔

جُوبَنوا ۔ شباب۔ حسن و جمال۔
بانکپن۔

جُوت ۔ روشنی۔ چمک۔ رونق۔

**جُوتی پر جُوتی سَوار ہونا (جُوتی
پر جُوتی چڑھنا)** (محاورہ)
(عو) جوتی پر جوتی آجانے سے سفر
کا شگون لیتی اور بعض لڑائی کی
فال سمجھتی ہیں۔

جُوتیاں چٹخانا ۔ (محاورہ) خاک
چھاننا۔ پریشان حال پھرنا۔

جُوتیاں سیدھی کرنا ۔ (محاورہ)
کسی کامل یا بڑے آدمی کی خدمت
کرنا۔

جُود ۔ بخشش۔ فیاضی۔ سخاوت۔

جُودَت ۔ تیز فہمی۔ عقل کی تیزی۔
ذکاوت۔ فراست۔ ذہانت۔

جُوڈیشل کمشنر ۔ محکمہ انصاف
کا ایک اعلیٰ عہدہ دار ۔
عدالتی کمشنر۔

**جُورُو بھونچال لڑکے جنجال
(جورو جنجال لڑکے بھونچال)**
مجرد رہنا اچھا۔ تنہا زندگی بسر
کرنا اچھا۔

**جُورُو نہ جاتا اللہ میاں
سے ناتا** ۔ (مثل) آل، اولاد
نہ ہونا۔

جُورْوا ۔ (جورو کی تصغیر)
بیوی۔ زوجہ۔

جُورُو ۔ بیوی۔ زوجہ۔

جُوڑا ۔ سر کے بال جن کو عورتیں
یکجا کر کے پیچھے گرہ دے لیتی ہیں۔

جُوڑی برقرار ۔ (عم) شادی
پر مبارک باد۔

جُوڑی ۔ تپ۔ لرزہ۔ کپکپی۔

جُوڑی چڑھ آنا ۔ (کنایۃً)۔
خوف معلوم ہونا۔ تپ۔ لرزہ۔

جَوزی ۔ حلوہ جس میں جائفل اور
جاوتری وغیرہ بھی پڑتی ہے۔

جُوشش ۔ ۱۔ اُبال ۲۔ دیوانگی۔
جنون۔

جَوشَن ۔ ۱۔ بازو پر پہننے کا ایک
زیور جو عموماً سادہ اور گنڈیری
نما لاکھ بھر کر بنایا جاتا ہے ۔
گنڈیریاں عام طور سے ہفت
پہل ہوتی ہیں اور ایک ڈورے
میں منسلک کر لی جاتی ہیں۔ ۲۔
ایک قسم کا جنگی لباس جس میں
کڑیاں (حلقے) اور لوہے کی
لڑیاں ہوتی ہیں بخلاف زرہ
کے جس میں تمام کڑیاں ہوتی
ہیں۔

جُوف - ۱۔ خلا۔ کھوکھلا پن۔ ۲۔ شکم۔ پیٹ۔
جُوق - جماعت۔ گروہ۔ جھنڈ۔ بھیڑ۔
جُوق جُوق - گروہ در گروہ۔ کثرت سے۔
جُوکھم - خطرہ۔ اندیشہ۔ دغدغہ۔
جُوگ - ۱۔ میل۔ سنگت۔ اتحاد۔ وصل۔ ۲۔ ستاروں کا ملاپ۔ قران۔ نیک ساعت۔
جُوگا - افیون کا فضلہ جو گھولنے کے بعد نکلتا ہے۔
جُوگیا - بھیروں ٹھاٹھ کی ایک راگنی جو شام کے وقت گائی جاتی ہے۔ گیروا رنگ کا سرخی مائل۔
جُولانی - ولولہ۔ جوش۔ اُمنگ۔ تیز فہمی۔ طبیعت کی روانی۔
جُولاہا - جلاہا۔ کپڑا بُننے والا۔
جُوں - وہ کیڑے جو بالوں میں میل کے سبب پڑ جاتے ہیں۔
جُون پُور کا قاضی - (کنایتہً) بے وقوف۔ احمق۔
جُونک - پانی کا ایک کیڑا جو جانوروں کے بدن سے خون چُوستا ہے اور خون فاسد نکالنے کے لیے آدمی کے بدن پر لگاتے ہیں۔
جُونُو - ایک سیارچہ جو ۱۸۰۴ء میں دریافت ہوا۔
جوہی (جوئی) - ایک پودا اور اس کا پھول جو نازک اور خوشبودار اور چنبیلی کے پھول سے ملتا جلتا ہے۔ یاسمین دشتی۔
جُوئبار (جوئے بار) - بہت سی نہروں کی جگہ۔
جُوئے شیر لانا - (محاورہ) مشکل کام کرنا۔
جُوئِندہ یابندہ - جو ڈھونڈتا ہے وہ پاتا ہے۔
جہاں گُل وہاں خار - راحت کے ساتھ تکلیف اور خوشی کے ساتھ رنج ہے۔
جہاں نیاں جہاں گشت - ساری دُنیا میں گھومنے پھرنے والا۔
جہل - جہالت۔ بے علمی۔ بے وقوفی۔
جہلی - اُجڈ۔ احمق۔ سفیہہ۔
جہندہ - اُچھلنے والا۔ تڑپنے والا۔ کودنے والا۔
جہنمی - دوزخی۔ دوزخ میں جانے والا۔ بدکار۔
جہیز - وہ سامان جو ماں باپ اپنی بیٹی کی شادی میں دیتے ہیں۔
جھابا - لکڑی کی ڈکری۔ تنگ مُنھ کی ڈکری۔
جھابے جھاڑ - مکانوں میں آرائش اور روشنی کے لیے لٹکایا جانے والا ایک قسم کا جھاڑ

جس کا پھیلاؤ زیادہ ہوتا ہے۔
جھاڑ ۔ بلوریا آبگینے کا شاخ دار درخت کی مانند وہ فانوس جو مکانات میں روشنی اور زیبائش کے لیے لٹکایا جاتا ہے۔
جھاڑ پھونک ۔ منتر۔ دُعا جو دفعیہ مرض کے لیے۔
جھاڑنا ۔ ۱۔ سرزنش کرنا۔ ملامت کرنا۔ ۲۔ ذلیل کرنا۔ دھتکارنا۔
جھاڑو پھرنا ۔ (محاورہ) صفایا ہونا۔ بربادی ہونا۔ کچھ نہ رہنا۔
جھالے (جھالا) ۔ ۱۔ وہ بارش جو بہت زور سے ہو اور برس کر جلد ختم ہو جائے۔
جھانج (جھانجھ) ۔ ۱۔ ایک قسم کا بڑا مجیرا جو عموماً تاشے اور ڈھول کے ساتھ بجایا جاتا ہے۔ ۲۔ پیروں میں پہننے کا خول دار کڑے کی وضع کا زیور جس کے اندر لوہے یا سیسے کے دانے ڈال دیئے جاتے ہیں جو حرکت کرتے وقت جھنکار پیدا کرتے ہیں۔ کسی چیز کی بے حد خواہش۔
جھانسا ۔ دھوکا۔ جُل۔
جھب۔ جھابیے (جھب۔ جھابیا) ۔ جھوٹا۔ مکار۔ عیار۔ چال باز۔
جھبرا ریچھ ۔ بڑے بالوں والا ریچھ۔
جھٹ ۔ جلدی۔ فوراً۔ بلا توقف۔
جھپاک ۔ جلدی سے۔ تیزی سے۔ فوراً۔
جھپان ۔ ایک قسم کی پالکی (عو) کشتی جس میں مریض آنکھیں بند کیے پڑا رہتا ہے۔
جھپٹ ۔ جلدی کا حملہ۔ دوڑ۔ چھلانگ۔
جھپٹا جھپٹی ۔ چھین جھپٹ۔ ہاتھا پائی۔
جھپکا ۔ جھومر کی طرح کا آویزے دار ایک زیور۔
جُھٹپٹا ۔ دونوں وقت ملنے کا سماں۔ غروب آفتاب۔ شام کا وقت۔
جھٹک ۔ کم زوری۔ ضعف۔ نقاہت۔
جُھٹلانا ۔ جھوٹا ثابت کرنا۔ باطل کرنا۔
جھجریاں (جھجری کی جمع) ۔ چھوٹا جھجر۔ مٹی کا ایک صراحی نما ظرف۔ پانی رکھنے کا صراحی کی قسم کا برتن۔
جھرمٹ ۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ حلقہ۔
جھرّیاں (جھری) ۔ شکن۔ سلوٹ جو بڑھاپے کی وجہ سے جسم پر پڑ جاتی ہیں۔
جھروکے (جھروکا) ۔ کھڑکی۔ دریچہ۔ روشن دان۔ غرفہ۔ وہ کھڑکیاں جو ایوان شاہی میں تماشا دیکھنے کے واسطے باغ یا دریا کی طرف واقع

ہوتی ہیں۔
جھڑا جھڑ۔ لگاتار۔ مسلسل۔ پے درپے۔
جھڑی لگنا۔ (محاورہ)۔ لگاتار بارش ہونا۔ متواتر بارش ہونا۔
جھکجھوڑے (جھک جھوری)۔ (گیتوں میں) چھین جھپٹ۔ ہاتھا پائی۔ دھینگا مشتی۔ جھک جھورے۔ دھول دھپا۔ بوس و کنار، آپس میں ناز و نیاز۔
جھلنگا (جھیلنگا)۔ ڈھیلی ڈھالی چارپائی۔ وہ چارپائی جس کے بان ٹوٹ کر لٹک گئے ہوں اور ادوان بھی بوسیدہ ہوگئی ہو۔ (کنایۃً) لاغر۔ کم زور۔ ڈھیلا ڈھالا۔
جھلا۔ ۱۔ بڑا لوکرا ۲۔ ایسا شخص جس کا مزاج چڑچڑا ہو اور بات بات پر غصہ اور زبان درازی کرے۔ بدمزاج۔
جھلا پانی۔ آب دار خانہ بادشاہوں اور امیروں کے پانی کے انتظام کا نام ہے۔ اگلے دنوں میں برف نہ تھی اور بعض موسموں میں ٹھنڈا پانی ملنا بہت دشوار ہوتا تھا۔ اس کے لیے ان دنوں خاص قسم کے انتظام کیے جاتے تھے۔ ان میں سب سے بڑا انتظام یہ تھا کہ جست کی نازک صراحیاں موجود رہتیں اور وہ نا ندوں میں شورا اور پانی ڈال کے اس پر پھرائی جاتیں۔ اس تدبیر سے تھوڑی دیر میں پانی میں برف کی سی خنکی پیدا ہوجاتی اور اس کی ٹھنڈک نہایت لطیف و خوشگوار ہوتی۔ اس تدبیر کو صراحیوں کا جھلنا کہتے تھے اور اس طرح جو پانی ملتا اسے صراحی کا جھلا پانی کہتے۔
جھمکے (جھمکا)۔ کانوں کا ایک زیور۔ انتی۔
جھمکڑا۔ حسن۔ جھلک۔ آب و تاب۔ شان و شوکت۔ بناؤ سنگھار۔ ناز و انداز۔
جھنجھالیا۔ (جھن جھالیا)۔ بدمزاج۔ غصے والا۔ جھگڑالو۔ جھنجھٹ میں پڑنے والا۔
جھنجھٹ۔ جھگڑا۔ تکرار۔
جھنجھنی۔ ۱۔ بیڑی ۲۔ چھوٹے گھنگرو۔
جھنڈے گاڑنا (جھنڈا)۔ (محاورہ) جھنڈا زمین میں اُتارنا۔ فتح کرنا۔ قبضہ کرنا۔
جھنڈی تو نہیں گڑی۔ نام تو نہیں لکھا۔ مختص تو نہیں (ق)۔
جھنڈے پر چڑھانا۔ (محاورہ)۔ ۱۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ ۲۔ کسی خاص مقصد سے

مشہور کرنا۔

جھنڈے تلے کے شہدے۔ چھٹے ہوئے غنڈے، مشہور بدمعاش۔ پرلے درجے کا شریر۔

جھنجھوٹی (جھنجوٹی)۔ ایک مشہور راگنی کا نام جس کا رواج پہاڑی قوموں میں زیادہ ہے، سمپورن جاتی کی ایک راگنی جس میں سب شدہ سر لگتے ہیں۔

جھنجھی۔ پھوٹی کوڑی۔ وہ کوڑی جس میں آر پار سوراخ ہو۔

جھنڈ منڈ۔ اجاڑ۔ ویران (ق)

جھول۔ ہاتھی، بیل یا کتے پر ڈالنے والا کپڑا۔

جھول۔ لٹک جانا۔ (کسی عضو وغیرہ کا) ٹیڑھاپن۔ خمیدگی۔ کھچاؤ۔

جھوّے (جھوّا)۔ بڑا ٹوکرا۔

جھونٹم جھاٹا (جھونٹم جھانٹا)۔ عورتوں کا لڑائی میں ایک دوسرے کے بالوں کو پکڑ کر کھینچنا۔

جھونٹے۔ عورتوں کے سر کے بال۔

جھونک۔ وار۔ وار کرنے کی حالت۔

جھوڑں۔ ۱۔ ڈھیروں۔ ۲۔ تودہ۔ انبار۔

جھوڑ۔ لڑائی۔ جھگڑا۔ غصے کی باتیں۔

جھونج (جھونجھ)۔ گھونسلا (مجازاً)۔ جھونپڑا۔ جھونپڑی۔ معمولی مکان۔

جھپنا۔ آنکھ چرانا۔ کنیانا۔ شرمانا۔

جیالے (جیالا)۔ بہادر۔ دلیر۔

جیرا (جی یارا، جیارا)۔ جی۔ جان۔ روح۔ زندگی۔

جیالوجی (انگریزی) علم طبقات الارض۔ زمین کے متعلق علم۔

جیب میں پڑا ہونا۔ (محاورہ) کوئی وقعت نہ ہونا۔ حقیر۔ ہیچ۔

جیحون۔ ایران کا ایک مشہور دریا جو بلخ کے علاقے میں بہتا ہوا ایران میں آتا ہے۔ (مجازاً) دریا۔ نہر۔

جیّد۔ خوب۔ کھرا۔

جیسا گڑ ڈالو گے ویسا مزہ پاؤ گے۔ (جتنا گڑ ڈالو گے اتنا (ہی) میٹھا (ہوگا)۔ (مثل) جتنا زیادہ خرچ کرو گے اتنا ہی بہتر ہوگا۔ جتنی محنت کرو گے اتنا ہی حاصل ہوگا۔

جیغہ۔ پگڑی میں باندھنے کا مرصع زیور۔

جیسی روح ویسے فرشتے۔ (مثل) جیسا آدمی ہوتا ہے ویسے ہی اس کے ساتھی ہوتے ہیں۔ جیسا مزاج یا طبیعت ہو ویسا ہی سلوک نصیب ہوتا ہے۔

جی سی ایس آئی۔ مخفف ہے نائٹ گرینڈ کمانڈر آف

دی آرڈر آف دی اسٹار آف اِنڈیا - انگریزی دور، (عہدِ برطانیہ) کا ایک خطاب -

جَیش - لشکر - فوج - سپاہ -

جَیک آف آل ٹریڈ اینڈ ماسٹر آف نَن - ہرفن مولا -

جِیگَھڑ - پانی کا گھڑا - گھلیا -

جیلَر - داروغۂ زنداں - قید خانے کا افسر -

جِیوٹ - بہادر - دلیر -

جِیُوڑا - (جی کی تصغیر) ۱- دل - ۲- جان - محبوب - معشوق -

جِیُوڑا نِکلنا - (محاورہ) مرجانا - جان نکلنا - مردہ دل ہونا -

جِیُو کا بھیُوا - یہ کیا ہوا -

جِیون - جی - جان - زندگی -

جِیہَڑ - ایک زیور کا نام -

چ

چاءْ (چائے) - ایک پودا جس کے پتوں کو جوش دے کر پیتے ہیں -

چابُک - کوڑا - تازیانہ -

چابُک خِرام - تیز رفتار -

چابُک دَسْت - ہاتھ کے کام میں چالاک - ہُنر مند - دست کار -

چاپ - پاؤں کی آہٹ -

چاپْلُوس - خوشامدی - چرب زبان -

چار آنکھیں ہونا - (محاورہ) ۱- سامنے آنا - مقابل ہونا ۲- زیادہ تجربہ کار ہونا -

چارپائی - چھوٹا پلنگ - پلنگڑی -

چٹایا (چٹانا، کچھ چٹایا) - رشوت دینا -

چُٹکیوں پر اُڑانا (چٹکی پر اُڑا دینا) - (محاورہ) دھوکا دینا - جُل دینا -

چٹنی کرنا (محاورہ) جھٹ نِگل جانا - پیس ڈالنا -

چار آئینہ - ایک قسم کی زرہ جس میں فولاد کی چار تختیاں بانات یا مخمل میں منڈھ کر سینے اور پشت کی حفاظت کے لیے لگاتے ہیں -

چار اَبْرُو - ۱- سر، بھوں، ڈاڑھی مونچھ کے بال ۲- (مجازاً) اُسترے سے مونڈی ہوئی ڈاڑھی مونچھ سر اور بھویں (چاروں بیک وقت) -

چارج ۔ تحویل ۔ نگرانی ۔ ذمّہ داری (مجازاً) نظم ونسق کا اختیار۔

چار چال ۔ شطرنج کی ایک چال۔

چار چشم ۔ طوطا چشم ۔ بے مروت۔

چار حرف ۔ لعنت ۔ لعنت ملامت۔ برا بھلا۔

چار خانہ ۔ (مراداً) معمولی کپڑا ۔ وہ کپڑا جس میں چوکور خانے بنے ہوں۔

چار دانگ ۔ ا۔ چاروں طرف۔ ۲۔ تمام عالم۔

چار دن کی چاندنی پھر وہی اندھیرا پاکھ ۔ (کہاوت) چند روزہ عیش ہے پھر وہی تکلیف۔ چند روزہ عروج ہے اور پھر زوال۔

چار موجہ ۔ بھنور۔گرداب۔

چاروں خانے / شانے چت ۔ حریف کا پشت کے بل گرنا۔

چاق ۔ صحیح ۔ تندرست۔

چاق چوبند ۔ توانا ۔ زور آور۔

چاکر ۔ نوکر ۔ ملازم ۔ خادم۔

چاکی ۔ وہ [illegible] کے سر پر لکڑی کو گردش دے کر

جس حصۂ جسم پر موقع پائیں مار بیٹھیں (بیش تر ہاتھ کے ساتھ مستعمل)۔

چاکو ۔ (چاقو کا بگاڑ ہے)۔ چاقو ۔ کاٹنے یا تراشنے کا ایک اوزار۔

چاکی کا ہاتھ ۔ (پٹے بازوں کی اصطلاح)۔ وہ چوٹ جو مخالف کے سر پر گٹکا / گدکا گھما کر لگاتے ہیں۔

چالا ۔ شادی کے بعد چوتھی کی رسم جو دوسرے دن دلہن کے گھر پر ہوتی ہے اس کے بعد دلہن دولہا کے گھر چلی جاتی ہے پھر چار روز بعد اس کو میکے بلایا جاتا ہے۔ یہ عمل چار مرتبہ یعنی ایک ماہ تک جاری رہتا ہے، ہر بار جب دلہن میکے سے واپس سسرال جاتی ہے تو دولہا کے ساتھ اس کی بہنیں اور دوسرے رشتے دار دلہن کے گھر دعوت پر بلائے جاتے ہیں۔

چالان ۔ پولیس کا کسی شخص کے جرم کی دیکھ بھال / تحقیق، تفتیش کے بعد عدالت کے سپرد کرنا۔

چانٹا ۔ تھپڑ ۔ دھول ۔ دھپا۔

چاند ۔ کھوپڑی ۔ چندیا۔

چاندٹیکی ۔ ایک قسم کا پیشانی کا زیور جس میں چاند کے ساتھ

ستارہ بھی بنا ہوتا ہے۔
چاند سا مُکھڑا ۔ نہایت خوب صورت۔
چاند ماری ۔ نشانہ بازی کی مشق۔ سامنے گول نشان بناکر دیوار وغیرہ پر گولیاں لگاتے ہیں۔
چاندنی ۔ وہ سفید فرش جو دری پر بچھاتے ہیں۔
چاندنی کا کھیت کرنا ۔ چاند کی روشنی کا خوب پھیل جانا ۔ چاندنی چٹکنا۔
چاندی ہونا ۔ (محاورہ) کامیابی ہونا۔ بہت نفع ہونا۔
چانڈ (چانڑ) ۔ (جرائم پیشہ) پھانسی دینے یا قتل کرنے والا۔ ٹھگوں کا عہدے دار۔
چانڈو (چنڈو) ۔ ایک قسم کا نشہ جو افیون پانی میں پکاکر بنایا جاتا ہے اور حُقّے کی طرح پیا جاتا ہے۔
چاہِ بابل ۔ زمانہ قدیم میں عراق کا شہر بابل مشہور تھا جہاں ایک کنویں میں دو فرشتے لٹکے ہوئے ہیں جو آزمائش کے لیے انسانی شکل میں زمین پر آئے تھے ایک کا نام ہاروت دوسرے کا ماروت ہے۔
چاہِ ذقن ۔ ٹھوڑی کا گڑھا۔
چاہِ زنخداں ۔ وہ چھوٹا سا گڑھا جو ٹھوڑی کے وسط میں ہوتا ہے۔
چاہِ نخشب / مقنع ۔ ترکستان کے شہر نخشب کا ایک کنواں جس سے حکیم عطا ابن مقنع کے ایک مصنوعی چاند نکالا تھا جو چار فرسنگ تک روشنی کرتا تھا۔
چبینا ۔ بھنا ہوا اناج ۔ خشک خوراک۔
چپ ۔ دو رنگ کا کنکوا۔ دو رنگ کے کاغذ سے بنا ہوا پتنگ۔ دو پلکا۔
چُپ پیر کا روزہ رکھنا ۔ (محاورہ) خاموشی اختیار کر لینا۔ خاموش ہو جانا۔
چُپا چُپا ۔ چُپ رہنے والا۔ خاموش۔ پنبہ دہن۔
چپاتی مار ۔ روٹی کا مارا (مراد) پریشان حال۔
چپت ۔ تھپڑ جو سر پر مارا جائے۔ دھول۔ دھپ۔
چپت گاہ ۔ چپت کی جگہ۔ کاسۂ سر۔ گدی۔
چپتا ۔ زوردار چپت۔
چُپّی ۔ خاموش ۔ چُپ ہونا۔
چُپیتلا پڑ گیا ۔ ڈھیلا پڑ گیا۔ مار کھا گیا۔
چپڑ غٹو (چپر غٹو) ۔ لڑائی میں گتھ جانا۔ غٹ پٹ ہو جانا۔ گتھم گتھا۔ اسیر۔ گرفتار۔

چپڑقناتیا - کمینہ - خوشامدی -
چپڑاس - وہ پیٹی جو دربان، چوکیدار، سپاہی یا رضاکار وغیرہ کمر پر باندھتے ہیں یا گلے میں اس طرح ترچھی لٹکاتے ہیں کہ ایک حصہ دائیں یا بائیں کاندھے پر اور دوسرا حصہ اس کی اُلٹی طرف کرکے بائیں یا دائیں رُخ پر ہو - کمرپٹکا - کمر پیٹی -
چُپڑی اور دو دو - (مثل) عمدہ بھی اور زیادہ بھی - حسب منشا اور بکثرت، کامیابی اور بہت سے فائدوں کے ساتھ (ایسے مواقع پر مستعمل) -
چپڑاسی (چپراسی) - وہ شخص جو چپراس پہنے - اردلی - پیادہ - سپاہی -
چپقلش - جھپٹ - لڑائی جھگڑا - تکرار - انبوہ - بھیڑ -
چپکن - بے گریبان لٹکتی ہوئی آستین کی اچکن جو بائیں جانب پسلیوں پر ہلالی شکل میں کھلی ہوتی ہے اور بغلوں کے نیچے سلائی نہیں ہوتی بٹن کی جگہ ڈوری یا بند ہوتے ہیں - بیسویں صدی کے ابتدائی زمانے تک اس کا کافی رواج تھا -
چپوٹا - دھپ - چانٹا - تھپڑ -
چپیٹ - معمولی چوٹ - جھپیٹ - جھڑپ - خسارہ - گھاٹا -

چُپّی - (عو) خاموشی - سکوت - چُپ -
چپّی کرنا - اعضا کی مالش کرنا - ہاتھ پاؤں دبانا -
چِتا - (ہندو) لکڑیوں کا ڈھیر جس پر مُردے کو جلاتے ہیں -
چت پٹ - ایک قسم کی شرط / کھیل جس میں کسی چیز کے اُلٹا یا سیدھا کرنے پر بازی لگائی جاتی ہے -
چیت پت ہونا (محاورہ) - لت پت ہونا - آلودہ ہونا -
چِتّر - چھتری - بڑی چھتری، خصوصاً جو سلاطین و امرا کے سر پر لگائی جاتی ہے -
چِتون - نظر - نگاہ - تیوری -
چِنتھا - زخمی اور پِٹا ہوا بٹیر جسے دوسرے بٹیر نے مجروح کیا ہو -
چَٹ - پچر - چیپی - زخم - خراش - کاٹ -
چٹ میری منگنی پٹ میرا بیاہ - (مثل) فوراً - اسی وقت - کسی فوری تجویز کا نتیجہ بہت جلد ظاہر ہونا - کسی کام کا جلدی سے ہو جانا -
چٹانا - رشوت دینا -
چٹختی (کیوں ہو) - آزردہ ہونا - بگڑنا - ناراضی - دوستی جاتی رہنا -
چٹکارے - زبان کا مزہ -

مزے سے چٹ چٹ کرنا۔

چٹ ۔ ورزش کرنے والوں کا لنگوٹ۔

چٹکلا ۔ لطیفہ۔ دلچسپ فقرہ۔

چٹ لنگوٹ ۔ ورزش یا کشتی کا لنگوٹ جس کی لمبی پٹی بہت کم چوڑی ہوتی ہے۔

چٹھا ۔ نادر اور نفیس چیز۔

چٹھیاں ۔ چٹھی۔ خط۔ رقعہ۔ مکتوب۔

چٹے بٹے لڑانا ۔ لگائی بجھائی کرنا۔ لڑائی جھگڑا کرانا۔ شعبدہ بازی دکھانا۔

چٹیل ۔ بغیر سبزے کے میدان۔ صاف۔

چٹیل ۔ (چوٹیل) ۔ زخمی کرنا۔ چوٹ کھایا ہوا۔ زخم کھایا ہوا۔

چٹیلا پن ۔ چوٹ کرنے اور فریب دینے کی عادت کو چٹیلا پن کہتے ہیں۔

چچا بنانا ۔ (محاورہ)۔ ٹھیک کرنا۔ سزا دینا۔

چچا بنا کے چھوڑنا ۔ (محاورہ)۔ ایسی سزا دینا جو مدتوں یاد رہے۔ (عوام کی زبان)۔

چچینڈا ۔ ککڑی کی شکل کی لمبی ترکاری جس پر سفید چتی دار نشان ہوتے ہیں اور یہ بہت نرم اور ملائم ہوتی ہے۔

چخ ۔ زبانی جھگڑا۔ تکرار، قضیہ، فساد جس میں مارپیٹ نہ ہو۔

چخے ۔ کلمۂ نفرت۔ چل دور ہو۔

چد ۔ بے حیا۔ بے شرم۔ نالائق۔

چد ۔ احمق۔ گاؤدی۔ مسخرا۔

چد کھیرد ۔ نقل مجلس۔ مسخرا۔

چڈی ۔ پیٹھ کی سواری (انسان یا حیوان کی)۔

چراغ پا ہونا ۔ (محاورہ)۔ مشتعل ہونا۔ الف ہوجانا۔ سخت ناراض ہوجانا۔ بگڑ جانا۔

چراغ گل پگڑی غائب ۔ (مثل) آنکھ بچی اور مال اڑا لیا۔ موقع پاتے ہی مطلب حاصل کر لینا۔

چراغ میں بتی پڑنا ۔ (محاورہ)۔ چراغ جلنا۔ شام کا وقت ہوجانا۔

چراغاں ۔ (چراغ کی جمع)۔ روشنی بہت سے چراغوں کا اکٹھا جلنا۔

چراغی ۔ نذرانہ۔ بھینٹ۔

چربا (چربہ)۔ خاکہ۔ نقل۔

چربانک ۔ چالاک اور شوخ عورت۔

چربی ۔ وہ سفید اور چکنا مادہ جو رطوبت اور خون سے پیدا ہوتا ہے اور جسم میں گوشت کے اوپر جم جاتا ہے۔

چڑتر / چڑِتر ۔ عورتوں کا فریب یا مکر۔

چُرٹ ۔ تمباکو کے خشک پتے کو مقررہ طریقوں سے تہ بہ تہ لپیٹ کر بنائی ہوئی بتی جو سگرٹ کی طرح بن جاتی ہے۔ سگار۔

چرچ یارڈ۔ (انگریزی) ۔ گرجاسے ملا ہوا گورستان ۔ قبرستان ۔

چڑچڑا ۔ گاؤدی ۔ احمق ۔

چڑچڑا ۔ اکھل کھرا ۔ آدم بیزار ۔ تنک مزاج ۔

چڑچڑے ۔ بہت باتیں بنانے والا ۔ باتونی ۔ گپّی ۔

چڑچڑی (چڑچڑی) ۔ (چڑچڑا کی تانیث) ۔ بدخو ۔ بداخلاق ۔

چرخِ چنبری ۔ آسمان ۔ گول آسمان ۔ گھیرنے والا آسمان ۔

چرخا (چرخہ) ۔ (صفت) وہ مرد یا عورت جس کے بڑھاپے کی وجہ سے انجر پنجر ڈھیلے ہو گئے ہوں ۔

چرخا کاتنا ۔ (محاورہ) (مراداً) قصے یا داستان کو طول دینا ۔

چرخی ۔ ہچکا جس پر ڈور لپیٹتے ہیں ۔

چرس ۔ بھنگ کے پتوں پر لگی ہوئی لیس دار رطوبت جسے نشے کے لیے حقے یا سگریٹ وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

چرسے (چرسا) ۔ بھینس یا گائے بیل کا کمایا ہوا چمڑا ۔

چرسیے (چرسیا) ۔ چرس پینے والا ۔ نشہ باز آدمی ۔

چرک ۔ ہوشیار ۔ چالاک ۔ عیّار ۔ (ق) ۔

چرکا کھانا ۔ (محاورہ) خفیف سا زخم لگنا ۔ معمولی سی چوٹ کھانا ۔

چرکُوا ۔ لال کے برابر ایک چھوٹا پرندہ ۔ پدّی ۔

چرکٹا ۔ ہاتھی کا چارہ لانے والا ۔ ادنیٰ ۔ معمولی ۔

چُرکنا ۔ چہکنا ۔ چہچہانا ۔ پرندوں کا بولنا ۔

چرگے (چرگا) ۔ چرغا / چرغہ ۔ مسلّم مرغ بٹیر یا کسی اور پرند وغیرہ کا خاص طریقے سے بھونا ہوا گوشت ۔

چُرمُر ۔ سوکھی ہوئی چیز کا ٹوٹ پھوٹ کر چورا چورا ہو جانا ۔ مُرجھا کر چھوٹا سا ہو جانا ۔ ریزہ ریزہ ۔

چرندم پرندم ۔ کھاپی کے برابر ۔ پرندوں کی طرح جو کچھ پانا سب کھاپی کے برابر کر دینا اور آیندہ کے لیے نہ رکھنا کے محل پر بولتے ہیں ۔ اب چرندم خورندم مستعمل ہے ۔

چرِندے ۔ (چرندہ) ۔ چرنے

والا - چوپایہ - حیوان -

چڑی - جن دنوں ہوا خراب ہوتی ہے یا پانی نہیں برستا تو عورتیں چڑی کو نکلتی ہیں، کھیتوں میں دریا کے کنارے جا کے پوجا کرتی ہیں، مالن پوجا کراتی ہے - اس کے بعد بھونری سینک کے گڑ کے ساتھ کھاتی ہیں - ان کو یقین واثق ہے کہ اس تدبیر سے بارش ضرور ہوگی - جوار باجرے وغیرہ کے ہرے کھیت۔

چڑھ (چڑ) - کوئی فعل، بات یا چیز جس سے ناگواری، اُلجھن، بیزاری یا نفرت پیدا ہو - چھیڑ چھاڑ - مذاق کی بات -

چڑ - زیادہ - بڑھ چڑھ کر - فوراً -

چڑوے - کٹے ہوئے چاول - گیلے بھنے دھان کو کوٹ کر چپٹے بنائے ہوئے چاول جو عموماً دسہرے کے دنوں میں کھاتے ہیں -

چڑھاوا - ۱- نذر - نیاز - بھینٹ ۲- وہ زیور جو برات کے روز دولہا کی طرف سے دلہن کو دیا جاتا ہے، شادی سے پہلے دلہن کو بھیجے ہوئے کپڑے وغیرہ -

چڑھاؤ - ۱- طغیانی - جوش - ۲- دریا کا وہ رُخ جس طرف سے پانی آتا ہو۔

چڑھتی کلا - ترقی - عروج - بہتری۔

چڑی مار - پرندوں کو پکڑنے والا۔ صیاد -

چڑیا - انگیا کی دونوں کٹوریوں کے بیچ کی سیون - انگیا کی چڑیا۔

چڑیا کا دودھ - ناممکن بات۔

چڑیل - ڈائن - بھتنی - خبیث عورت۔ عورت - لڑاکا عورت -

چُن پر چُسکی - گھلی ہوئی افیون کا گھونٹ پر گھونٹ -

چشمِ بد دُور - ۱- بُری نظر دُور رہے - نظر نہ لگے ۲- طنزاً کسی کی مذمت میں بھی بولتے ہیں -

چشم زخم - آزار جو نظر بد کی وجہ سے پہنچے - آنکھ کا دُکھنا -

چُغتائی - مُغلوں کا ایک خاندان جو چغتا خان بن چنگیز خان کی اولاد سے تھا -

چشم زدن - پلک جھپکنا - لمحہ بھر - بہت جلد -

چشمہ سار - وہ جگہ جہاں بہت سے چشمے ہوں - چشموں کی کثرت -

چشمِ فتّان - لبھانے والی آنکھ - چشمِ فتنہ انگیز -

چشمِ فسوں ساز - دل رُبا آنکھ فتنہ برپا کرنے والی آنکھ - چشمِ مسحور جادو کرنے والی آنکھ -

چشمک - شکر رنجی - رنجش - رکاوٹ - انقباض -

چشمک زنی کرنا - (محاورہ) - آنکھ سے طنزیہ اشارہ کرنا - طعنے

دینا۔ مذاق اُڑانا۔
چُغَہ ۔ (چغا)۔ لمبا جُبّہ۔
چُغْد ۔ اُلّو کی ایک چھوٹی قسم۔ یہ پرند منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ کہتے ہیں کہ جہاں یہ پرند بولتا ہے وہ جگہ ویران ہو جاتی ہے۔ بُوم۔
چُغَل خُوَر ۔ غیبت کرنے والا۔ چُغلی کھانے والا۔ غمّاز۔
چِق ۔ چلمن۔ چک۔ بانس یا سرکنڈے وغیرہ کی تیلیوں کا پردہ۔
چَقْمَاق ۔ ایک آہن ربا فلز جس کو پتھر پر رگڑنے سے آگ نکلتی ہے۔
چُقَنْدَر ۔ ایک ترکاری جو گول شلجم / شلغم کی شکل کی ہوتی ہے اور اُبالنے سے نہایت سرخ رنگ نکلتا ہے۔ یورپ میں اس سے کھانڈ بناتے ہیں۔
چَکْ پھیریاں (چک پھیری)۔ گول دائرہ بنا کر اس میں پھرنا پھرانا۔ چکر باندھ کر پھرنا۔ دائرے میں گردش کرنا۔
چَکاچَک ۔ تلواروں کے متواتر پڑنے کی آواز۔
چَکاچَوند (چوندھ)۔ روشنی کے باعث آنکھوں کا جھپکنا۔ خیرگیٔ چشم۔ چُندھیانے کی حالت۔
چَکار (چکارا)۔ ۱۔ چھوٹی سارنگی۔ ایک قسم کا دوتارا ۲۔ ایک قسم کا چھوٹا ہرن۔ ہرنوٹا۔ غزال۔

چَکَت دینا ۔ (محاورہ)۔ دانتوں سے کاٹ کھانا۔ منھ سے بکٹا بھر لینا۔ بوٹی اُتار لینا۔
چَکَّر گھِنّی ۔ گردش۔ بے فائدہ اور جا گردش۔ سرگرداں۔
چَکْرَوَرْتی ۔ ساری دُنیا کا حاکم۔ بادشاہوں کا بادشاہ۔
چَکْلا ۔ بازاری عورتوں کا اڈا۔ عصمت فروشی کا اڈا۔
چَکْلا دار ۔ چکلے کا حاکم۔ ناظم یا افسر مال۔ کسبیوں کے محلے کا داروغہ۔
چَکْما ۔ (گنجفہ بازی کی ایک اصطلاح) جب حکم پتے کو نہیں پھینکتے تو وہ پتا چور ہو جاتا ہے۔
چَکْما اُڑانا ۔ لہو و لعب میں وقت ضائع کرنا۔
چَکْما کھانا ۔ (محاورہ) دھوکا کھانا۔ فریب کھانا۔
چِکَن ۔ ۱۔ بیل بوٹے کا کام۔ کشیدہ کاری ۲۔ بیل بوٹوں والا کپڑا۔
چِکْنا گھڑا ۔ (مجازاً) بے حیا۔ بے شرم۔ بے غیرت۔
چِکْنی چُپڑی ۔ روغنی، تیل یا گھی یا کسی دوسری چکنائی کی آمیزش والی۔
چِکْنی چُپڑی باتیں ۔ خوشامد کی باتیں۔ خوش آئند گفتگو۔

چکنی ڈلی - ایک طرح کی چپٹی چکنی دودھ میں اُبالی ہوئی چھالیہ۔ سیاہ سپاری جو شاہان اودھ کے زمانے سے پان کے لوازمات میں شامل ہے، لکھنؤ کی بطور خاص مشہور تھی۔

چکوا / چکوی - سرخاب کا جوڑا۔ دو آبی پرندوں کا نام جو اکثر دریا کے کنارے رہتے ہیں، دن بھر جوڑا ساتھ پھرتا ہے مگر رات کو ہر ایک جدا جدا ہوجاتا ہے۔

چکوتا - فیصلہ۔ تصفیہ۔ بیباق۔

چکوترہ / چکوترا - ایک پھل کا نام جو ترنج اور نارنج سے پیوند دے کر بنایا گیا ہے۔

چکور - تیتر کی قسم کا ایک خوش نما پرند جس کی چونچ اور پنجے سرخ ہوتے اور گلے میں طوق ہوتا ہے۔ مشہور ہے کہ یہ پرند آگ کھاتا ہے اور چاند پر عاشق ہے۔

چکوتھیاں / چکوتھی - لذیذ اور مزے دار کھانا۔ چٹخارے کی چیز۔

چکوتھیاں کرنا - دوسرے کی دوست سے مزے اُڑانا۔ مُفت کی رقمیں کھانا۔

چکھی - پرند کا مُن بھاتا کھاجا۔ اس کے پکڑنے کو جال یا پھٹکی وغیرہ میں رکھا جاتا ہے۔ لڑائی سے بٹیر کا لڑائی سے پہلے تھوڑا سا دانہ کھانا۔

چکّی - گاڑھی تیز شراب وغیرہ کے لیے بولتے تھے۔

چکّی پیسنا - (محاورہ)۔ مشقت اُٹھانا۔ غم سہنا۔ مصیبت بُھگتنا۔

چگل - چلم میں رکھنے کی گٹکی۔

چگل - ترکستان کا ایک شہر جو حُسن خیزی کے لیے مشہور ہے۔

چُگّی ڈاڑھی - وہ ڈاڑھی جو صرف ٹھوڑی پر نکلے اور رخساروں پر برائے نام بال ہوں یا بالکل نہ ہوں۔

چُل - بے چینی۔ بے صبری۔ تحریک۔ خواہش۔

چل نکلنا - (محاورہ) رواں ہوجانا۔ جاری ہوجانا۔ بے تکلّف ہوجانا۔ گستاخ ہوجانا۔

چل چلاؤ - کوچ۔ سفر۔ موت کی گرم بازاری۔

چلتا پرزہ - بڑا چالاک۔ فتنہ پرور۔ چال باز۔ متفنی۔

چل پوں - شور و غل۔ ہلّڑ۔ ہنگامہ۔ بچوں کی چیخ و پکار۔

چل پچھے - چل دُور ہو۔ دُور ہٹ۔ الگ ہو۔ چلا جا۔

چلتر بازی - چالاکی۔ مکاری۔ فریب۔

چلتے پھرتے نظر آؤ - رخصت ہوجاؤ۔ رفو چکر ہوجاؤ۔

چِلغُوزَہ ۔ ایک قسم کا خشک میوہ جو درخت صنوبر کا پھل ہوتا ہے۔

چُلّو بھر پانی میں ڈُوب مَرنَا۔ (محاورہ) غیرت اور شرم محسوس کرنا۔ شرمندہ ہونا۔

چُلّو میں اُلّو (ہونا) ۔ (محاورہ) تھوڑی سی تند و تیز چیز پینے سے مدہوش ہوجانا (عام طور پر شراب یا کسی نشے کی تندی کے اظہار کے موقع پر کہتے ہیں)۔

چَلیپَا ۔ ٹیڑھا۔ خم دار۔

چَم خَم ۔ چمک دمک ۔ چلت پھرت۔

چَمار ۔ موچی ۔ چمڑا بیچنے یا جوتیاں سینے اور گانٹھنے والا (صفت)۔ کمینہ ۔ سفلہ ۔ نیچ ذات۔

چَمار کے کوسے سے کہیں ڈانگر مرتا ہے ۔ (مثل)۔ بد دعا دینے سے کسی کو نقصان نہیں ہوتا۔

چَماں چَماں ۔ خرام ناز سے/ ٹہلتے ہوئے چلنا۔

چَمبَر (چَنبَر) سرپوش ۔ حلقہ۔ محیط ۔ آسمان کا دور۔

چَمپَا کَلی ۔ گلے کے ایک زیور کا نام جس کے دانے چمپا کی کلیوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔

چَمپَئی ۔ چمپا کے رنگ کا۔ ہلکا زرد رنگ۔

چَمپَت ۔ غائب ۔ نظروں سے اوجھل ۔ پوشیدہ۔

چَمپَت ہونا ۔ (محاورہ)۔ بھاگ جانا ۔ فوراً چلے جانا ۔ غائب ہونا۔

چِمٹَہ ۔ آگ پکڑنے کا آلہ ۔ دست پناہ۔

چمڑی جائے دمڑی نہ جائے ۔ (مثل) اس بخیل کی نسبت بولتے ہیں جو پیسہ نہ دینے کی جگہ جسمانی سزا بھگتنے کو ترجیح دے۔

چَمرچِچَڑ ۔ وہ چیز یا شخص جو بمشکل جدا ہو۔ پیچھا نہ چھوڑنے والا۔

چَمرُوخ ۔ وہ گول چھلا جس کے اندر تکلا گھومتا ہے۔ دُبلا پتلا شخص۔

چَمَکّو ۔ چمکنے مٹکنے والی شوخ عورت۔ بدکار ۔ چنچل ۔ جھگڑالو عورت۔ تمسخر آمیز حرکات کرنے والی عورت۔

چَمکَنی ۔ ۱۔ مسخرے پن کی حرکتیں کرنا۔
۲۔ بناؤ سنگار کرنا۔

چَمَن طَبع ۔ کنایہ ہے اس شخص سے جو بہت رنگین مزاج ہو۔

چَمی گوئیاں (چہ می گوئیاں کا مخفف ہے)۔ گپ شپ ۔ باتیں۔ رائے زنی ۔ شوخیاں۔

چِنَار - ایک بہت بڑے درخت کا نام ہے جس کے پتے انسانی پنجے کے مشابہ اور سرخ ہوتے ہیں - شاعروں کا خیال ہے کہ جب یہ درخت پُرانا ہو جاتا ہے تو اس سے آگ نکلتی ہے -

چَنبَر - (چمبر) - حلقہ - گردہ - کنڈلی - گھیرا -

چَنبَری - دائرہ والا - گول - حلقہ نما -

چَنبیلی - ایک مشہور خوشبو دار پھول جو سفید اور زرد دو قسم کا ہوتا ہے -

چَنپیٹ (چپیٹ) - معمولی چوٹ - جھپیٹ -

چَنچَل نار - بدکار عورت - شوخ و شنگ محبوب -

چَندرَما (ں) - چاند - مہتاب -

چَندَن - صندل - صندل کی لکڑی -

چَندَن ہار - گلے میں پہننے کا ایک زیور -

چَندے آفتاب چَندے ماہتاب - (ع و) خوب صورتی کی تعریف میں کہتی ہیں یعنی چمک دمک میں چاند اور سورج سے بڑھ کر ہے -

چَنڈال - کمینہ - کنجوس - بدبخت - پلید -

چَنڈَول - ایک قسم کی پالکی جسے کہار کندھے پر اُٹھاتے ہیں -

چَنڈاوَل - سنتری - چوکیدار -

چُنری - (چندری) - رنگ برنگ دوپٹا -

چَنگ - ۱- ایک باجے کا نام - ۲- ایک قسم کا کنکوا جس میں دیا روشن کر کے اُڑاتے ہیں - ۳- گنجفے کی ایک بازی کا نام جس کے پتے کا رنگ سُرخ اور اس میں لکیر کی شکل سفید رنگ کا چھاپا ہوتا ہے - گنجفے کے آٹھ رنگوں میں سے ایک رنگ -

چَنگ پر چڑھانا - بہکانا - شہ دینا - بے وقوف بنانا - آسمان پر چڑھا دینا -

چَنگا - تندرست - توانا -

چَنگیر - پھول رکھنے کا برتن - گُل دان -

چَنگیر دان - روٹی، پھول اور مٹھائی وغیرہ رکھنے کا پھیلا ہوا گول ظرف جو تنکوں سے بنایا گیا ہو - چنگیری -

چُنگیل - ایک بوٹی جو پُرانی عمارتوں اور کھنڈروں میں اُگتی ہے، اس کے پتے گول سیاہی مائل، سُرخ پھول، بیج گول جنھیں طب میں خوبازی کہتے ہیں -

چنْوَر - وہ بالوں کا گُچھا جس سے مکھیاں اُڑاتے ہیں - مورچھل - کلغی - پھندنا - مکٹ -

چُنگھوٹیاں (چنگوٹیاں) - ٹیڑھے حروف لکھنا بچوں یا نو سکھیا کا -

چُنیا بیگم - افیم - افیون -

چُوب دار - عصابردار - نقیب - بادشاہوں اور امیروں کا وہ ملازم جو سونے یا چاندی کا خول چڑھا سونٹا لیے امیروں کے آگے آگے چلتا ہے -

چُوبا - میخ - کھونٹا - لوہے کی کیل - ایک قسم کے میٹھے چاول، جس میں میوہ وغیرہ ملاکر شادی میں بھیجتے ہیں - شکرانہ - تورہ - جس میں لگی ہوئی سات ترکاریاں اور مختلف طرح کے کھانے ہوتے ہیں، سات سُہاگنوں کے ساتھ، زچہ ذرا ذرا سا چکھ لیتی ہے جسے چُوبا چکھنا کہتے ہیں - چاروید کا عالم برہمن - متھرا کے برہمنوں کی ایک قسم -

چوبے جی چھبے ہونے گئے تھے وہاں سے دوبے ہو کے آئے - (کہاوت) - ایک چوبے نے کہا آؤ باہر چلیں شاید ترقی کرکے چھبے ہو جائیں، وہ پورب کو چلا جہاں ایک فرقہ برہمنوں کا دوبے کہلاتا ہے، اس کو برہمن سمجھ کر کسی نے کہا آؤ دوبے جی مہاراج، یہ سُن کر چوبے بہت ناراض ہوا کیونکہ چھبے کی اُمید پر آیا تھا) - ترقی کی خواہش میں تنزل ہونے کی جگہ) -

چوپال (چوپار) - بیٹھک - گاؤں کا وہ پنچایتی مکان جس میں پنچ مل کر بیٹھتے یا مسافر ٹھہرتے ہیں -

چوپٹ - ویران - خراب تباہ -

چوپٹیاں (چوپٹی) - چو طرفہ - چھوٹا سا قطعہ - کھُلا علاقہ -

چوپڑ - چوسر - چوسر کھیلنے کا وہ کپڑا جس پر گوٹیں رکھتے ہیں -

چوپہیا - ایک قسم کی گاڑی -

چوپہلا - تام جھام کی قسم کی سواری جس کو کہار کندھوں پر اُٹھا کر ایک مقام سے دوسرے مقام پر لے جاتے ہیں - محافہ - چنڈول - چوڈول -

چوتالا - (موسیقی) طبلہ بجانے کا ایک طریقہ جس میں چار تال (ضرب) لگتی ہے -

چوتھی - بیاہ کی ایک رسم جو ساچق کے چوتھے روز ہوتی تھی لیکن آج کل تیسرے روز ہوتی ہے -

چوٹے (چوٹا) - اُٹھائی گیرا - چور - رہزن - اُچکا -

چَودہ بتّی توپ - قدیم زمانے کی توپ جس میں چودہ بتیاں استعمال ہوتی تھیں (ق) مراداً بھاری بھرکم توپ۔

چَودھرائن - (چودھرائن) (چودھری کی تانیث) - کسی قوم یا فرقے کا سردار - نمبردار - سرغنہ - میر محلہ۔

چُور چکار - چور - گرہ کٹ۔

چُور چوری سے گیا، ایرا پھیری سے بھی گیا - (مثل) (چور چوری سے گیا تو کیا ہیرا پھیری سے بھی گیا۔) عادت چھوٹنے پر بھی کچھ نہ کچھ اثر رہ جاتا ہے۔

چُور سے کہو چوری کر اور شاہ (شاہ) سے کہو ہوشیار رہ۔ (کہاوت) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو خود ہی نقصان پہنچائے اور خود ہی ہمدرد بنے۔ اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جس میں لگانے بجھانے کی عادت ہو۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو دونوں حریفوں میں لگائی بجھائی کرکے فساد کرا دیتا ہے۔

چُور کے پاؤں کتنے (چور کے پیر کہاں) - (مثل) چور میں استقلال نہیں ہوتا۔ ذرا سے کھٹکے سے بھاگ جاتا ہے۔

چُور کے گھر میں بیٹھا مور۔ (محاورہ) چور کے گھر میں چوری ہونا۔ بدمعاش کے ساتھ بدمعاشی ہونا۔ چالاک کو بھی دغا دینا۔ چور کو بھی لوٹنے والے ہوتے ہیں۔

چُور گلی / گلی ذری نکل گئی ہے۔ پاجامے کی میانی، رومالی کا پھٹ جانا۔

چَور رنگ - تلوار کا وار۔ تلوار کا ہاتھ۔ کسی چیز کو تلوار کی ایک ضرب اوپر سے نیچے کو اور دوسری دائیں سے بائیں کو اس تیزی سے لگانا کہ چار ٹکڑے ہو کر گر پڑے یا چار اعضاء ایک ساتھ کٹ جائیں۔ گھوڑے کی چاروں ٹانگیں ایک وار میں کاٹنا۔

چَوری (چونری) - مورچھل۔

چُوری یا سینہ زوری - (چوری اور سینہ زوری)۔ (مثل) عیب کرکے آنکھیں چار کرنا۔ اپنے قصور پر نادم نہ ہونا۔

چُوڑے کا تھان - رذیلوں کے بیٹھنے کی جگہ۔ چوڑھا۔ رذیل۔ چمار۔

چَوسر - ایک قسم کی پچیسی۔ چوسر پانسوں سے اور پچیسی کوڑیوں سے کھیلی جاتی ہے۔

چَوک - (ہندو) رنگین آٹے اور

عبیر وغیرہ کی لکیروں سے بنائی ہوئی چوکور جگہ جس میں دولھا دُلھن کو بٹھاتے ہیں نیز ایسی مربع جگہ جس میں شادی اور دیگر خوشی کے مواقع پر مٹھائیاں وغیرہ رکھی جاتی ہیں جو پوجا کے بعد لوگوں میں بٹتے ہیں۔

چُوک ۔ خطا۔ سہو۔ قصور۔

چُوک بھرنا ۔ (محاورہ) ۔ ایک رسم جو زچہ کے تارے دیکھنے سے قبل ادا کی جاتی ہے۔

چَوکا ۔ ہندوؤں کے کھانا پکانے اور کھانے کی جگہ۔ رسوئی۔

چَوکی ۔ پہرا۔ پاسبان۔

چَوکی بھرنا ۔ نیاز دلوانا۔ اولیا اللہ یا شہیدوں کے مزار پر نوچندی جمعرات کو جاکر عقدہ کشائی چاہنا۔

چَوکڑی بھرنا ۔ (محاورہ)۔ ہرن یا گھوڑے کا چھلانگ لگانا۔ کلانچیں مارنا۔ تیزی اور طراری سے کام لینا۔

چَوکڑی بھولنا / بھول جانا ۔ (محاورہ) سٹ پٹا جانا۔ حواس باختہ ہوجانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔

چُوگا ۔ پرندوں کی غذا۔ دانہ۔ گوندا۔

چَوگدّم ۔ چار چیزوں یا آدمیوں کا ملاپ۔

چَوگھیڑے (چَوگھڑا) ۔ چار خانوں والا برتن۔ مسالے وغیرہ رکھنے کا چار خانوں والا برتن۔

چُول ۔ پلنگ ۔ دروازے کی کھڑکی کے ساز و سامان وغیرہ کی کھڑکی کا وہ سرا جو دوسری لکڑی میں چھید یا کاٹ کر کے بٹھایا جائے۔ جوڑ بٹھانے کے لیے بنایا ہوا منفذ۔

چُولی نکل جانا ۔ چول کا پھٹ جانا۔ چاک ہو جانا۔

چُولی ۔ انگیا۔ ایک قسم کی کرتی جو عورتیں پہنتی ہیں۔

چَولام ۔ غلاموں کا غلام (مجازاً) نہایت وفادار۔

چُولھے میں پڑنا ۔ خاک میں ملنا۔ اُجڑ جانے ہمیں کوئی سروکار نہیں۔

چَومغزا ۔ چار مغز والا ۔ بڑے سر کا ۔ احمق ۔ بے وقوف۔

چَومُکھ ۔ (چَومُک) ۔ وہ چراغ جس کے چار طرف بتی روشن کریں، آٹے کا ہو یا دھات کا، یہ چراغ اکثر نذر کا ہوتا ہے۔

چَومُکھا ۔ ا۔ پٹے کا وہ ہاتھ جو چاروں طرف اس طرح چلایا جائے کہ کسی طرف سے بھی حریف

قابو نہ پا سکے۔ ۲۔ وہ پھکڑ باز جو اکیلا چار کو جواب دے۔ ۳۔ وہ گویّا جو ہر طرز میں گا سکتا ہو۔ ۴۔ چار بتی کا چراغ۔

چوُمکھ لڑنا۔ (چَو مُکھا لَڑنَن)۔ (محاورہ) حریف سے چاروں طرف لڑنا۔

چوُں کا میاں (چوں کا حاکم بھی بُرا ہوتا ہے)۔ اقتیار سے ڈرنا چاہیے۔

چوُں نہ کرنا۔ (محاورہ)۔ ذرا عذر نہ کرنا۔

چوُنا کھائی کبوُتری۔ (کنایتہً) دُبلی پتلی عورت۔ (ق)

چوُنچ۔ (مراداً) بے وقوف۔ احمق۔

چوُنچ سنبھالو۔ بد زبانی بند کرو۔ بہت باتیں نہ بناؤ۔

چوُنچال۔ ہوشیار۔ چالاک۔ چنچل۔ دانا۔

چوُنچلے (چونچلا، چوچلا)۔ نخرہ۔ ناز۔ عشوہ گری۔ کرشمہ سازی۔

چوُندھیایا۔ ۱۔ آنکھوں کا چمک دار چیز دیکھ کر خیرہ ہو جانا۔ تیزی جاتی رہنا۔ ۲۔ حیرت زدہ ہو جانا۔ حیران ہونا۔

چوُنڈا۔ سر، عورتوں کے سر کے بال جن کو یکجا کر کے سر پر باندھ لیتی ہیں۔

چوُزری نِگل گیا ہے۔ مذاق سے اس شخص کو کہتے ہیں جس کی ڈاڑھی پتلی اور بہت لمبی ہو۔

چوُنگا (چونگلا، چونگلا)۔ (بیش تر کا غذات وغیرہ رکھنے کے لیے)۔ اندر سے خالی گول لمبی نلکی جو کاغذ یا ٹین وغیرہ سے بنائی جائے (صفت) بے وقوف۔ احمق۔

چوُنی بھوُسی کھا کر گزارہ کرنا۔ (محاورہ)۔ تنگی ترشی میں گزارہ کرنا۔

چوُنّی۔ چار آنے والا سکہ۔ پاولی۔ پاولا۔ پچیس پیسے۔

چوُہے دَنتی (چوہے دنتیاں)۔ کلائی میں پہننے کا پہنچی کی قسم کا زیور اس کے دانے پہنچی کے دانوں کے برخلاف بجائے گول کے چنبیلی کی کلی کی شکل کے ہوتے ہیں۔ ان دانوں کی چوہے کے دانتوں سے مشابہت کی وجہ سے اس زیور کا نام چوہے دنتیاں مشہور ہو گیا ہے اور ملکہ نُور جہاں کی ایجاد بتایا جاتا ہے۔

چوُہے کا پارہ پی لینا۔ (محاورہ)۔ چوہا جب پارہ پی لیتا ہے تو اپنی جگہ سے ہل نہیں سکتا، اسی رعایت سے ایسے آدمی کی نسبت کہتے ہیں جس سے کھانا زیادہ کھا لینے کے بعد اپنی جگہ سے ہلا نہ جائے،

یہ کیفیت کاہل اور بلغمی آدمی کی ہوتی ہے۔

چَوَّا ۔ ۱۔ چار کا مجموعہ ۔ چوکا ۲۔ گنجفے اور تاش وغیرہ کا وہ پتا جس پر چار نشان ہوں۔

چُوَرَاپا ۔ چُراؤ ۔ (کسی مائع کا)۔ ٹپکاؤ۔ رساؤ۔

چِہَا ۔ (چھیے) ۔ ایک قسم کا چھوٹا پرند۔

چِہار کا پَہار ۔ پہاڑ کا پہاڑ (مبالغے کے لیے) لمبا تڑنگا۔ دراز قد۔

چِہرہ پَرداز ۔ مصوّر، نقاش۔ تصویر کھینچنے والا۔

چِہرہ شاہی ۔ سرکاری سکہ جس پر بادشاہ وقت کا چہرہ بنا ہوا ہو۔ ٹکسالی ۔ معیاری (عموماً) روپیہ۔

چُہَل ۔ خوش مزاجی ۔ ہنسی مذاق۔ دل لگی۔

چھاپ بیٹھنا (محاورہ)۔ کسی کو نیچے لا کے دبا کے بیٹھ جانا۔ دبوچ لینا۔ قبضے میں لانا۔

چھاپے ۔ مُہر۔ ٹھپا۔

چھاگل ۔ چھوٹی سی مشک ۔ پاؤں میں پہننے کا ایک زیور۔

چھالٹین ۔ سفید یا دُھلا ہوا لٹھا (جو کورا نہ ہو)۔

چھاؤں آنا ۔ (محاورہ) بنانا۔ مذاق اُڑانا۔

چھَب ۔ آرائش ۔ زیبائش ۔ زیب و زینت ۔ ناز و انداز ۔ تناسب اعضا۔ گات۔

چُھپے رُستم (چھپا رُستم) ۔ ۱۔ اپنے فن میں استاد کامل مگر لوگوں میں ظاہر نہ ہو ۲۔ ایسا بدمعاش جس کی بدمعاشی لوگوں سے پوشیدہ ہو۔

چھپاک سے ۔ جلدی سے ۔ تیزی سے ۔ پھرتی سے۔

چَھپَّر ۔ پھوس کا سائبان ۔ پھوس کی چھت۔

چَھپَّر پر رکھنا ۔ (محاورہ) طاق میں رکھنا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔ پروا نہ کرنا ۔ الغلط کرنا۔

چَھپَّر پھاڑ کے دَولت مِلنا ظاہری سبب کے بغیر ۔ قدرت کی طرف سے ۔ اچانک ۔ خلاف توقع۔

چَھپَّر پھاڑ کے / کر دینا ۔ (محاورہ) بے وسیلہ رزق پہنچانا۔ اس جگہ سے دلانا جہاں سے اُمید نہ ہو۔

چَھپَّر کھَٹ ۔ وہ پلنگ جس پر چھت اور پوشش ہو ۔ دُلہن کا چھتری والا پلنگ ۔ امیروں کا چھتری والا پلنگ۔

چَھپکا ۔ (چھپکے) ۔ جڑاؤ بالے جو کان کی لو میں پہن کر بجائے لٹکانے

کے اوپر کو پلٹ لیے جاتے ہیں جس
کی وجہ سے ان کا جڑا اور رُخ پورے
کان کے حصے پر سامنے رہتا ہے۔
(بانک) حریف کے سینے یا پیٹ پر
چھری کی نوک کی ضرب جو پار ہو جائے۔

چھپکانا ۔ (پتنگ بازی کی اصطلاح)
بھڑانا۔ لڑانا۔ زد لگانا۔ خاص
انداز سے کنکوا اُڑانا۔ ٹھسکی
دینا۔

چھپکنا ۔ کنکوے کا بڑھنا۔ پتنگ
کا اوپر اُٹھنا۔

چھپکے کا رُومال ۔ ایک قسم کا
جالی دار رومال۔

چھپکلی ۔ ۱۔ وہ جانور جو دیواروں
پر رہتا ہے اور مکھیاں وغیرہ
کھاتا ہے ۲۔ (کنایتہً) دُبلی۔ پتلی۔
لاغر عورت۔

چھپّن ٹکے ۔ کثیر رقم سے مراد ہے۔
طنز سے کہتے ہیں۔

چھپّن کروڑ کی تہائی (چوتھائی)
کثیر رقم ۔ بے اندازہ دولت۔

چھت ۔ سقف۔ سائبان۔ ڈھکا
ہوا بالائی حصہ۔ آسمان۔

چھت گیری ۔ وہ کپڑا جو چھت
کے نیچے لگا دیتے ہیں۔

چھتّری ۔ ہندوؤں کی چار ذاتوں
میں سے دوسری ذات نیز اس
ذات کا شخص، کھتری۔ (اس ذات
کے لوگوں کا کام دشمنوں سے مُلک
کی حفاظت کرنا تھا)۔ بہادر۔
جنگ جو۔

چھتھر ۔ گندی ناپاک عورت۔

چھتیانا ۔ بندوق کو فائر
کرنے سے پہلے کاندھوں تک اُٹھانا۔
شست باندھنا۔

چھتّیسا پن ۔ مکاری۔ چالاکی۔
چھتیس عیب کا کام۔ بہت عیب
داری۔ چھل فریب۔

چھتّیسی ۔ آوارہ عورت ۔
چھنال ۔ زانیہ جو بظاہر پارسا
بنتی ہو۔

چھتیں پھٹی پڑنا ۔ کوٹھے کی
چھت (بالاخانہ) پر تماشائیوں
کا ہجوم ہونا۔

چُھٹائی ۔ خُردی۔ چھوٹاپن۔

چُھٹپن ۔ بچپن ۔ لڑکپن ۔
چھٹپنا۔

چھٹکا ۔ وہ لال کپڑا یا چادر فنس یا
سکھپال کے اوپر ڈالی جاتی ہے۔

چُھٹکی ۔ چھوٹی۔ بڑی کی ضد۔

چھٹی کا دُودھ نکلنا ۔
(محاورہ) گزشتہ عیش و آرام کی
کسر نکلنا۔

**چھٹی کا دُودھ یاد آنا/
کرنا** ۔ مصیبت میں آرام اور
عیش گزشتہ کا یاد آنا۔ نہایت مصیبت
میں گھر جانے کی جگہ۔

چھٹے ہوئے (چھٹنے ہوئے) ۔

بڑا بدمعاش۔

چھٹے سانڈ ۔ آزاد ۔ بے قید ۔ چھوڑا ہوا ۔ کھلا ہوا ۔

چھچھلنا ۔ کسی چیز کا کسی چیز پر گزر جانا بغیر توقف کیے ۔ چھوتے ہوئے گزر جانا ۔ سرسری طور پر گزر جانا ۔

چھچھوندر ۔ ایک قسم کی آتش بازی (کنایتہً) وہ عورت جو ادہر اُدہر لڑائی کراتی پھرے ۔

چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل ۔ (مثل) جب کوئی ادنےٰ درجے کا شخص اعلیٰ چیز استعمال کرے تو یہ مثل کہی جاتی ہے ۔ اچھی چیز بُرے کو نہیں چاہیے ۔

چھدّا رکھنا ۔ (محاورہ) الزام لگانا ۔ تہمت باندھنا ۔

چھدّا ۔ گلہ ۔ شکوہ ۔ الزام ۔ تہمت ۔ بُہتان ۔

چھری تلے دم لینا ۔ مصیبت سہنا ۔ صبر کرنا ۔

چھریرا ۔ دُبلا پتلا ۔ ہلکا پھلکا ۔ اکہرے بدن کا ۔

چھریرا بدن ۔ دُبلا پتلا مگر خوش نما جسم ۔

چھڑیاں (چھڑی) ۔ پتلی لکڑی ۔ قمچی ۔ گوکھرو اور چنکی وغیرہ کو سیدھا ٹانکنا ۔ وہ جھنڈی جو کسی بزرگ کے نام کی بنائی جائے جیسے مدار کی چھڑیاں ۔ [illegible] جو بہرائچ کی درگاہ سید [illegible] چڑھاتے ہیں ۔

چھڑے (چھڑا) ۔ پاؤں [illegible] پہننے کا سونے چاندی کا [illegible] کڑا ۔ کان میں پہننے کا بالے کی [illegible] کا موتیوں کا زیور ۔

چھک ۔ سیر ہونا ۔ بھرنا ۔

چھک کے کھانا ۔ شکم سیر ہو کے کھانا ۔ خوب پیٹ بھر کے کھانا ۔

چھکّا ۔ ۱۔ چھ سے نسبت رکھنے [illegible] ۲۔ تاش و گنجفہ کا وہ پتا جس پر چھ نشان ہوتے ہیں ۔

چھکڑوں (چھکڑا) ۔ اسباب لادنے کی بڑی گاڑی (صفت) وہ چیز جس کے انجر پنجر ڈھیلے ہوں ۔ وہ چیز جو کام دیتے دیتے چرخ ہو جائے ۔

چھکے چھڑانا / چھوٹنا ۔ (محاورہ) (اصل میں [illegible] بازوں کی اصطلاح تھی) ۔ (کنایتہً) حواس باختہ ہونا ۔ مدہوش ہونا ۔ پریشان ہو جانا ۔

چھلّا ۔ ہاتھ پیر کی انگلیوں میں پہننے کا دھات سے بنا ہوا گول حلقہ ۔ بے نگ کی انگوٹھی ۔

چھل بل ۔ فریب ۔ حیلہ ۔ دھوکہ ۔ مکر ۔

چھلاّ میری ۔ ایک قسم کا کھیل جس میں ایک چھلا مٹی میں چھپا دیا جاتا ہے اور دو جگہ مٹی کے ڈھیر لگاتے ہیں، پھر دوسرے سے پوچھتے ہیں کہ بتاؤ چھلا کس ڈھیر میں ہے۔

چھلاوا ۔ وہ روشنی جو قبرستان میں یا دلدلی مقامات پر دکھائی دیتی ہے۔ یہ ہڈیوں کے فاسفورس یا گیس کے ہوا میں آنے سے پیدا ہوتی ہے (جاہل لوگ اسے بھوت سمجھتے ہیں)۔

چھما چھم ۔ چھم چھم کی آواز کے ساتھ۔ ناز و انداز۔

چھنکار ۔ چھن چھن کی آواز۔

چھوٹ ۔ حریفوں کے اپنے مقابل پر بے کھاٹ وار پر وار کرنے اور ضرب پر ضرب لگانے فیصلہ کن اور آزادانہ طریقہ۔ داؤں پیچ جس میں کوئی شرط نہ ہو۔

چھوٹ لڑنا ۔ ایک لکڑی کا فن جاننے والے کا متعدد لکڑی لڑنے والوں سے مقابلہ کرنا۔ فن سپہ گری کی اصطلاح۔

چھوٹا منھ بڑی بات ۔ (کہاوت) اپنے حوصلے سے بڑھ کر بات کہنی۔ بڑے بوڑھوں کی عیب گیری کرنی۔ ادنیٰ کا اعلیٰ دعویٰ کرنا۔

چھوٹی بی تو چھوٹی بڑی بی سبحان اللہ (چھوٹے میاں سو چھوٹے میاں بڑے میاں سبحان اللہ) (مثل) سب ایک جیسے شرارتی ہیں۔

چھوٹے پنجے کا چڑھواں ۔ ایک قسم کا جوتا۔

چھوچھا ۔ جھاڑ پھونک۔ افسوں۔ منتر، دم۔ دعا۔

چھچھورا پن ۔ سفلہ پن۔ کم ظرفی۔ کمینہ پن۔

چھوچھکا ۔ منتر پڑھ کر پھونکنے کا عمل۔ جادو ٹونا۔ جھاڑ پھونک۔

چھوچھی (چھوچی) ۔ نے یا بانس کا کھوکھلا ٹکڑا۔ حقے کی نے، (مراداً) خالی۔

چھوکرا ۔ لڑکا۔ نوعمر، جس کی ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو۔ ہوٹل یا کارخانے وغیرہ میں کام کرنے والا لڑکا۔

چھوکریا (چھوکری کی تصغیر) ۔ اَلھڑ دوشیزہ۔ وہ لڑکی جو ابھی پروان نہ چڑھی ہو۔

چھولداری ۔ چھوٹا خیمہ۔ راوٹی۔ چھوٹا ڈیرا (اس میں عموماً ایک یا دو آدمیوں کی جگہ ہوتی ہے)۔

چھونکی ۔ ایک قسم کا باجا۔ ایک طرح کا ساز۔

چھوچھو ۔ دایہ۔ کھلائی۔ وہ لونڈی جو ہم عمر ہوتی ہے اور ساتھ کھیل کے

بڑی ہوتی ہے۔
چھو منتر - جادو ٹونا - جھاڑ پھونک - افسوں۔
چھوئی موئی - ایک قسم کی بوٹی جس کے پتوں میں یہ خاصیت ہے کہ آدمی کے ہاتھ لگنے سے بلکہ سایے تک سے مُرجھا جاتے ہیں، نہایت نازک مزاج - لاجونتی۔
چھیترلوٹن - گندی ناپاک عورت۔
چھیچھڑے (چھیچھڑا) گوشت کا نکما اور پتلا حصّہ (صفت) لجلجا - لِسلِسا - نرم۔
چھیڑ خانی - ٹھٹھا - مذاق۔
چھیل چکنیا - بانکا - ترچھا - رنگیلا - چھبیلا - البیلا - طرح دار۔
چھینٹ - رنگین چھپا ہوا کپڑا۔
چھینٹا - تمباکو یا مدک وغیرہ کا سلفہ۔
چھیِن - ۱- دُبلا پتلا ۲- بدنصیب، غریب - خراب - خستہ۔
چھینٹے اُڑانا (نشہ بازوں کی اصطلاح) - چانڈو کے دم لگانا۔
چھینکتے چھینکتے ناک نکچھکنی کی جھاڑی بن گئی - (کہاوت) بہت چھینکیں تاڑ توڑ آئیں۔
چیاں (چییں) - املی کا بیج جو اس کے پھل سے نکلتا ہے اور سُرخ رنگ چوکور نما ہوتا ہے - تخم تمرہندی۔
چیتے - (چیتنا) - (عو) ہوشیار ہونا - متنبہ ہونا - چونک اُٹھنا۔
چیتے یار بنانا - (محاورہ) دم دلاسا دے کر دوست بنا لیا۔
چیتیں - جاگیں - سنبھلیں - ہوشیار ہوں۔
چیتوے - جاگے ہوئے۔
چیتوری - ایک نشہ آور چیز (ق)
چیچک - ایک بیماری جس میں بدن پر دانے پڑ جاتے ہیں اور بے انتہا تکلیف بھی ہوتی ہے۔ سیتلا۔
چیستان - پہیلی - لغز، معما۔
چیرنا - پیرنا۔
چیف جسٹس - عدالت عالیہ کا بڑا جج۔
چیل کا انڈا چھوڑنا (چیل انڈا چھوڑتی ہے) - (مثل) ایسی گرمی ہے کہ اس کی تاب نہ لاکر چیل انڈوں سے اُٹھ جاتی ہے - سخت گرمی کے اظہار کے لیے کہتے ہیں۔
چیلا (چے لا) - مرید - شاگرد
چیلے چاپڑ (چیلے چاپڑ) - ۱- بندہ غلام ۲- کسی پیر، گرو یا فقیر کا مرید۔
چیں بہ جبیں - ماتھے پر بل۔

تیوری۔ ناراضگی۔

چیں چپڑ کرنا۔ (محاورہ) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔

چین و ماچین۔ چین اور اس کے ملحقہ علاقے۔

چینگی پوٹے۔ بال بچے۔ بہت سے بچے۔

چیئیں۔ املی کے بیج۔

ح

حاتم کی قبر پر لات مارنا۔ (محاورہ) حاتم سے بڑھ کر سخاوت کرنا۔ کسی بخیل سے اتفاقیہ معمولی درجے کی سخاوت ہو جانے پر طنزیہ بھی بولتے ہیں۔

حاذق۔ فن اور تجربے میں کامل۔

حار۔ گرمی کرنے والا۔ سخت تپتا ہوا۔ شدید تپش رکھنے والا۔

حاسد۔ دوسرے شخص کے فائدے سے جلنے والا۔

حاشا۔ ہرگز نہیں۔ خدا نہ کرے خدا نخواستہ۔

حاشیہ چڑھانا۔ (محاورہ)۔ ۱۔ اپنی طرف سے کسی بات پر اضافہ کرکے بتانا ۲۔ نمک مرچ لگانا۔

حاضر میں حجت نہیں۔ (مثل) جو موجود ہے اس کے دینے میں انکار نہیں۔

حاطمہ۔ جھلسا دینے والی۔

حاضرات۔ (عملیات) دعائیں یا منتر پڑھ کر جن، بھوت، پریت اور روحوں یا بدروحوں کو بلانے اور حاضر کرانے کا عمل یا جلسہ جو عموماً سیانے لوگ کرتے ہیں، کہا جاتا ہے کہ اس طرح وہ ان دیکھے حالات ان کے ذریعے جان لیتے ہیں اور غرض مندوں کی حاجتیں پوری کرتے ہیں۔

حالوں (جمع حال کی)۔ حیثیت۔ اسلوب۔ طور۔ طریق۔

حال و قال۔ حالات اور بیان۔

حامی۔ حمایتی۔ مددگار۔ نگہبان۔

حائل۔ بیچ میں آنے والا۔ روک۔ آڑ۔ پردہ۔

حَباب۔ ۱۔ پانی کا بلبلا۔ ۲۔ ایک زیور کا نام جو ہاتھ میں پہنا جاتا ہے۔ شیشے کے گولے جو کانوں کی آرائش کے لیے لگاتے ہیں۔ شراب کا شیشہ۔

حَبُّ الآس ۔ درخت آس کا پھل جو بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے۔

حَبسِ بے جا ۔ کسی کو غیر قانونی طور پر بند رکھنا۔

حَبش ۔ افریقہ کا ایک مُلک جہاں کے باشندے سیاہ رنگ ہوتے ہیں اور حبشی کہلاتے ہیں۔

حَبشَن ۔ شاہی محل کی چوکیدارنی۔ کالی کلوٹی عورت۔

حَبشی حَلوَا ۔ ایک قسم کا سیاہ حلوہ۔

حَبّہ ۔ ذرہ بھر۔ قلیل سے قلیل مقدار (بیشتر نقد یا جنس)۔

حُبُوب ۔ (حَب کی جمع) گولیاں۔ گول۔ چھوٹی ٹکیہ۔

حَبیب لَبیب ۔ عقلمند دوست۔ دانا ساتھی۔

حَتیَّ الوَسع ۔ جہاں تک ہو سکے۔ جہاں تک ممکن ہو۔

عَتَابَاتِ عَالِیَات ۔ اونچی دہلیزیں۔ بلند درگاہ۔ بلند چوکھٹ۔

حَجّام ۔ موتراش۔ نائی۔

حُجّت ۔ ۱۔ دلیل۔ برہان ۲۔ تکرار۔ جھگڑا۔

حُجّتی ۔ جھگڑالو۔ بحث پسند۔

حَجرِ اَسوَد ۔ وہ سیاہ رنگ کا پتھر جو خانۂ کعبہ کی دیوار میں نصب ہے اور حاجی اس کو بوسہ دیتے ہیں۔

حَجلہ ۔ دُلہن کا چھپر کھٹ۔ پردۂ عروس۔

حَدّاد ۔ لوہار۔ آہن گر۔

حِدَاد ۔ ماتمی کالے کپڑے۔

حُدُوث ۔ ۱۔ نیا تازہ یا جوان ہونا ۲۔ قدیم کی ضد ۳۔ پیدا ہونا۔ تخلیق ہونا۔

حدیث ۔ ۱۔ قول، فعل اور تقریر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم جسے خبر بھی کہتے ہیں ۲۔ بات۔ بیان۔ ذکر۔ نئی چیز۔

حَدِیقہ ۔ چار دیواری والا باغ۔ پھل دار درختوں کا باغ۔ چمن۔ گلستاں۔

حَذَر ۔ ۱۔ ڈر۔ خوف۔ خطرہ۔ ۲۔ احتیاط۔ پرہیز۔

حَرّ ۔ گرمی۔ حرارت۔ جوش۔

حَرَارا (حَرَارہ) ۔ وہ گرمی جو غلبۂ شوق یا غضب میں پیدا ہوتی ہے۔ تیزی۔ جوش۔ غضب۔

حَرب (فنون) ۔ لڑائی۔ کارزار۔ جنگ۔

حَرب کرنا ۔ (محاورہ)۔ چوٹ کرنا۔ حملہ کرنا۔

حَرِّ موسمی ۔ وقتی گرمی۔ موسمی گرمی۔

حِرز ۔ ۱۔ پناہ گاہ۔ مامن ۲۔ تعویذ۔ جنتر۔

حِرزِ جَاں ۔ بہت احتیاط سے ۔ بہت عزیز۔

حَرف آنَا ۔ (محاورہ) ۔ الزام آنا۔ عیب لگنا ۔

حَرف رَکھنَا ۔ (محاورہ) عیب رکھنا ۔ نقص نکالنا ۔ الزام لگانا۔ اعتراض کرنا ۔

حِرمَاں ۔ مایوسی ۔ ناامیدی ۔

حُرمَت ۔ ۱۔ عزت ۔ آبرو ۔ عظمت ۔ پاکیزگی ۲۔ حرام ہونا (حلت کی ضد) ناپاکی ۔

حَرِیف ۔ ۱۔ ہم پیشہ ۔ ہم سر ۲۔ بدخواہ ۔ دشمن ۔ ۳۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔

حَرِیفَانَہ ۔ مخالفانہ ۔ رقیبانہ ۔ عیارانہ ۔

حَزم ۔ دانائی کے ساتھ ۔ دُور اندیشی ۔ ہوشیاری ۔ انجام بینی ۔

حَزِیں ۔ رنجیدہ ۔ غمگیں ۔ ملول ۔

حُسَّاد ۔ ۱ (حاسد کی جمع) ۔ حسد کرنے والا ۲۔ بدخواہ ۔ دشمن ۳۔ دوسرے شخص کے فائدے سے جلنے والا۔

حُسَام ۔ تیز تلوار ۔ شمشیر براں ۔

حَسَد ۔ کسی کا زوال چاہنا ۔ ۲۔ عداوت ۔ بغض ۔ کینہ ۔

حُسنِ بِرِشتَہ ۔ سبزہ رنگ ۔ حُسن ملیح ۔

حُسن دَان ۔ حُسن و آرائش کی چیزیں رکھنے کا ڈبا ۔ بیوٹی بکس ۔ چھوٹا سا گھنٹی دار پان دان ۔ چھوٹی سی پٹاری ۔

حُسن گُلُو سُوز ۔ بہت دل کش حُسن ۔

حَسَنَات ۔ (حَسَنہ کی جمع) نیکی ۔ بھلائی ۔

حَشر ۔ ۱۔ قیامت ۔ روزِ حساب ۔ ۲۔ ہنگامہ ۔ فتنہ ۔ آفت ۔

حَشَرَاتُ الاَرض ۔ برساتی کیڑے ۔ کیڑے مکوڑے ۔

حَشرِی ۔ وہ گھوڑا جو دوسرے گھوڑوں کے ساتھ مل کر نہ رہے ۔ شرارتی گھوڑا ۔

حَشو ۔ ۱۔ زاید کلام جو ادائے مطلب میں واقع ۲۔ (عروض) مصرع کا درمیانی حصہ ۳۔ فضولیات ۔ الا بلا ۔ کوڑا کرکٹ ۔

حَشو و زَوَائِد ۔ بھرتی کی عبارت اور الفاظ ۔

حِصَار ۔ ۱۔ چار دیواری ۔ احاطہ ۔ ۲۔ شہر پناہ ، فصیل ۳۔ قلعہ ۔ ۴۔ وہ دائرہ جو عامل یا جادوگر اپنے گرد حفاظت کی غرض سے کھینچتا ہے ۔

حَصِیر ۔ چٹائی ۔ بوریا ۔

حُضَّار ۔ (حاضر کی جمع) ۔ کسی مقام یا موقع پر موجود لوگ ۔ حاضرین ۔

حُضارَت ۔ شہر میں رہنا۔ شہری زندگی ۔ مدنیت۔
حَضِیض ۔ پستی ۔ نشیب ۔گڑھا۔
حَظ ۔ لطف ۔ مزہ ۔ عیش ۔ نشاط۔
حِفظِ ما تَقَدُّم ۔ پہلے سے بچاؤ۔ پیش بندی ۔ حفاظت کرنا۔
حَقُّ الیَقین ۔ پورا پورا یقین ۔ یقین کامل۔
حِقارَت ۔ ذلت ۔ بے عزتی ۔ خفت۔ نفرت۔
حَقّانی ۔ حق سے نسبت رکھنے والا۔ عارفانہ کلام۔
حُقّہ ۔ ۱۔ عطر، زیور، جواہرات رکھنے کا ڈبا۔ ۲۔ تمباکو پینے کا آلہ ۔ گڑگڑا۔
حُقّہ باز ۔ ۱۔ بھان متی ۔ بازی گر۔ مداری ۲۔ حقہ پینے والا۔
حُقّہ بازی ۔ بازی گری۔
حَکَم ۔ پنچ ۔ ثالث ۔ فیصلہ کرنے والا۔
حِکمتی ۔ ۱۔ فلسوف فلسفی ۔ ۲۔ چالاک اور ہوشیار۔
حُکمی چال ۔ شطرنج کی ایک چال۔
حَکیم ۔ ۱۔ عقل مند ۔ دانا ۔ زیرک ۲۔ طبیب ۔ ڈاکٹر۔
حَلال خور ۔ ۱۔ مہتر، بھنگی ۔ خاکروب۔ ۲۔ جائز روزی کمانے والا۔
حَلال کرنا / ڈالنا ۔ ۱۔ جائز قرار دینا ۲۔ ذبح کرنا ۔ ۳۔ کاٹنا ۔ قتل کرنا۔
حَلّال ۔ مشکل کام آسان کرنے والا ۔عقدہ کشا۔
حَلف ۔ قسم کھانا۔ قسم ۔ عہد ۔ پیمان (اُردو میں حلف بفتح اوّل و دوم ہے)۔
حَلاوَت ۔ ۱۔ مٹھاس ۔ شیرینی۔ ۲۔ لذت ۔ مزا۔ ذائقہ۔
حَلاوَت آگیں ۔ مٹھاس سے بھرا ہوا۔
حَلف اُٹھانا (محاورہ)۔ قسم کھانا۔ مذہبی کتاب کی قسم کھانا۔
حُلقُوم کا نِٹھنا ۔ (کُشتی) کُشتی کا ایک پیچ ۔ جس کو زبردست مقابل نے دونوں ہاتھوں پر اُٹھا کر دے مارنے کا ارادہ کیا ہو اس کا معاً اپنی ٹانگ اس کے حلقوم پر مارنا۔
حِلم ۔ بردباری ۔ برداشت ۔ تحمل۔ نرمی۔ نرم دلی۔
حَلیف ۔ ہم معاہدہ ۔ دوست ۔ ساتھی۔
حُلّہ ۔ جبہ ۔ بہشتی لباس۔
حَلوا سوہَن ۔ ایک قسم کی مشہور مٹھائی جو بہت سخت ہوتی ہے۔
حَلوا مانڈا (حلوے مانڈے)۔ حلوہ اور چپاتی (مراد) لذیذ کھانا۔
حَلوان ۔ ملائم گوشت ۔ نرم

گوشت جو جلد گل جائے۔

حَلوَائے بے دُود ۔ شیریں میوہ۔ شیریں میوے اس لیے کہ وہ آفتاب کی حرارت سے پکتے ہیں، آگ کا دھواں ان کو نہیں پہنچتا (کنایتًہ) ملائم اور لذیذ چیز کو کہتے ہیں۔

حَلوائی کی دُکان پَر دَادَا جی کی فَاتحہ ۔ (کہاوت) غیر کے مال کو بے دریغ خرچ کرنے کے موقع پر بولتے ہیں، اپنی گرہ سے کچھ نہ نکلے مگر دوسرے کے مال کو بڑھ بڑھ کر صرف کرے۔

حَلِیم ۔ بُردبار۔ ایک کھانا جو جو گیہوں، چنے کی دال، گوشت، گرم مسالہ اور ادرک وغیرہ ڈال کر پکایا جاتا ہے۔ کھچڑا۔

حَلِیمُ المِزَاج ۔ وہ جس کی طبیعت میں تحمل اور بردباری ہو۔ نرم مزاج۔

حُلیَہ ۔ صورت۔ سراپا۔

حِمَار ۔ گدھا۔ خر۔ درازگوش۔

حَمَام ۔ کبوتر۔ ہر ایک پرندہ جس کے گلے میں گنٹھی ہو، فاختہ وغیرہ۔

حَمَّام ۔ غسل خانہ۔ گرم آبہ۔

حَمَّامی ۔ ہلانے والا۔ غسل کرانے والا۔

حُمق ۔ بے وقوفی۔ نادانی۔ حماقت۔

حُمَقَاء ۔ (احمق کی جمع)۔ بے وقوف۔ نادان۔ کم عقل لوگ۔ احمق لوگ۔

حُمُوض ۔ ترش چیزیں۔

حَمِیَّت ۔ غیرت۔ شرم۔

حَمِیم ۔ ۱۔ دوست رشتہ دار۔ ۲۔ وہ گرم پانی جو دوزخیوں کو پلایا جائے گا۔

حِنَا ۔ ایک پودا جس کے پتے پیس کر اور بھگو کر ہاتھ، پاؤں، سر اور ڈاڑھی پر لگاتے ہیں۔ مہندی۔

حِنَا بَند ۔ وہ کاغذ جس میں مہندی کی پڑیاں باندھتے ہیں۔

حَنَّان ۔ اللہ کا صفاتی نام۔ بخشنے والا۔ رحمت والا۔

حَنجَرہ ۔ گلا۔ حلق۔ نرخرہ۔

حَنظَل ۔ اندرائن کا پھل۔ ایک تیز ترش پھل جس کو توڑنے سے اس طرح آنسو نکلتے ہیں جیسے پیاز کاٹتے میں۔

حَنِیف ۔ پکا مسلمان۔ مومن۔ مذہبی عقائد کا مضبوط۔

حَوَاس بَاختَہ ۔ گھبرایا ہوا۔ ہکا بکا۔ بے اوسان۔

حَوَاس پَرَان ۔ ہوش اُڑے ہوئے۔

حَوَاس پَتیرے ہونا ۔ (محاورہ) حواس باختہ ہونا۔ اوسان خطا ہونا۔ ہوش جاتے

رہنا۔

حَوَاسِ خمسہ ۔ (ظاہری) ذائقہ۔ باصرہ۔ شامہ۔ لامسہ۔ سامعہ۔ (باطنی) حس مشترک۔ خیال۔ متفرقہ۔ واہمہ۔ حافظہ۔

حَوَالَات (حوالت کی جمع)۔ وہ مکان جس میں مجرم تا تحقیقات مقدمہ بند رکھے جاتے ہیں۔

حَوَالِی ۔ اطراف۔ نواح۔ ارد گرد۔ آس پاس۔

حَوَالِی مَوَالِی ۔ دوست یار۔ ساتھی۔

حُوْر ۔ (حوراکی جمع) (اُردو میں واحد) ۱۔ گوری چٹی عورت جس کی آنکھوں کی پُتلیاں اور بال سیاہ ہوں ۲۔ بہشت کی عورت ۳۔ (صفت) نہایت حسین۔

حُوْرزَادْ ۔ حور کا بچہ۔ نہایت خوبصورت۔ پری زاد۔

حَوضَہ ۔ ہودج۔ ہودہ۔ ہاتھی کے اوپر رکھنے کی عماری۔

حَیْص بَیْص ۔ کشمکش۔ شش و پنج۔ وہ حالت جس میں انسان کسی نتیجے پر نہ پہنچے۔

حِیْطَہ ۔ احاطہ۔ چاردیواری۔ حد۔

حَیْف ۔ افسوس۔ حسرت۔ تعجب۔ یا نفرت کے اظہار کے لیے۔

حِیَل ۔ (حیلہ کی جمع) ۱۔ بہانہ۔ مکر و فریب۔ دھوکا۔ ۲۔ نوکری۔ روزگار۔ کام۔ کسی مشکل سے بچنے کی تدبیر۔

حِیْن ۔ وقت۔ زمانہ۔ عرصہ۔

حِیْنِ حَیَات ۔ تمام زندگی۔ زندگی بھر۔ تمام عمر۔ زندگی میں۔

خ

خَاتَم ۔ انگوٹھی۔ انگشتری۔

خَاتُونِ جَنَّت ۔ حضرت فاطمۃ الزہرہؓ کا لقب جو حضرت مُحمّد صلعم کی صاحب زادی تھیں۔

خَاتُونِ جَنَّت کی قَسَم ۔ ملکۂ جنّت کی قسم۔ جنّت کی شہزادی کی قسم۔ حضرت فاطمہؓ کی قسم۔

خَارَا ۔ سخت پتھر۔ سنگ سخت۔

خَارَا شِگَاف ۔ پتھر میں شگاف ڈالنے والا۔ پتھر توڑنے والا۔ زور دار۔

خَارِسْتَان ۔ ۱۔ وہ جگہ

جہاں کثرت سے کانٹے ہوں ۔ ۲۔ (مجازاً) دنیا ۔ کارخانۂ عالم۔

خَاص بَرْدَار ۔ ایک قسم کے سپاہی جو بادشاہ یا امیروں کی سواری کے آگے کاندھوں پر بندوقیں رکھ کر چلتے ہیں۔ بندوقچی۔

خَاصْدَان (خَاص دَان)۔ گلوریاں رکھنے کا ظرف۔

خَاصَہ ۔ امیروں کا کھانا۔

خَاصَہ پُز ۔ وہ باورچی جو بادشاہ یا امیروں کے لیے خاص خاص کھانے تیار کرے۔

خَاطِی ۔ دانستہ خطاکار ۔ جان کر غلطی کرنے والا۔

خَاقَان ۔ ۱۔ قدیم زمانے میں چین اور ترکستان کے بادشاہوں کا لقب ۲۔ (مجازاً) سلطان ۔ بادشاہ۔

خَاکْدَان ۔ کوڑے دان ۔ ڈبا جس میں کوڑا کرکٹ ڈالا جائے (مجازاً) دنیا۔ قبر۔

خَاکْ رُوب ۔ جھاڑو دینے والا ۔ بھنگی۔

خَاکْسَارِی ۔ عاجزی ۔ عجز ۔ تواضع۔

خَال خَال ۔ کم کم ۔ تھوڑا تھوڑا ۔ کوئی کوئی ۔ اکا دکا ۔ شاذونادر۔

خَالِصَہ ۔ ۱۔ بے میل ۔ کھرا ۔ صاف ۲۔ سکھ ۔ سردار ۔ ۳۔ سرکاری زمین جس پر کسی اور کا حق نہ ہو۔

خَالِقْ بَارِی ۔ ایک قدیم درسی کتاب۔

خَالِی خُولِی ۔ ۱۔ (خولی تابع مہمل ہے) ۔ تہی ۔ کھوکھلا ۲۔ بے کار ۔ نکما۔

خَالَہ جی کا گھر نہیں ۔ آسان کام نہیں ۔ معمولی بات نہیں۔

خَام پَارَہ / پَارَا ۔ مکار عورت۔ (رکاکی ہے) ۔ بدمعاش ۔ آوارہ۔

خَان میں نہ خَان کے اُونٹوں میں ۔ کم حیثیت ۔ مفلوک الحال ۔ کسی شمار قطار میں نہیں۔

خَانَہ بَاغ ۔ وہ باغ جو مکان کی چار دیواری کے اندر ہو۔

خَانَہ بَرانْدَاز ۔ گھر اجاڑ دینے والا ۔ تباہ و برباد کرنے والا (کنایتہً) معشوق۔

خَانَہ دَامَاد ۔ وہ داماد جو سسر کے گھر میں ہی رہتا ہو ۔ گھر جنوائی۔

خَاوَر ۔ مشرق ۔ پورب۔

خَائِف ۔ ڈرنے والا ۔ خوف زدہ۔

خَائِن ۔ خیانت کرنے والا ۔ بد دیانت ۔ بے ایمان۔

خَبَاثَت ۔ ۱۔ ناپاکی ۔ گندگی ۔ گندہ پن ۲۔ بد باطنی ۔ شرارت۔

خُنجے (خنجا) ۔ بازو ۔ ڈنڈ ۔ بازوؤں کی تیاری دکھانے کو۔

خبر داری ۔ واقفیت ۔ آگاہی۔ ہوشیاری ۔

خبر لینا ۔ (محاورہ) ۔ حال دریافت کرنا ۔ انتقام لینا ۔ وار کرنا ۔ نگرانی کرنا۔

خبط ۔ سودا ۔ جنون ۔ دیوانگی۔

خبطہ ہولا ۔ بدحواس ۔ پاگل ۔ سڑی۔ احمق ۔

خبطی ۔ پاگل ۔ جنونی ۔ حواس باختہ۔ بے وقوف ۔

خُبہ ۔ خاکسی ۔ خوب کلاں۔

خبیث ۔ بدذات ۔ ناپاک ۔ پلید ۔

ختامہ ۔ کسی شے پر لاکھ یا موم کی مہر لگانا ۔ تزئین کرنے والا۔

ختلی خرام ۔ ختلی گھوڑے کی چال ۔

خجالت ۔ شرمندگی ۔ ندامت ۔ خفت ۔

خجستہ ۔ مبارک ۔ مسعود ۔ فرخندہ ۔

خجستہ خصال ۔ اچھی عادت والا۔ خوش اطوار۔

خجل ۔ شرمندہ ۔ نادم۔

خجلا (کھجلا) ۔ ایک قسم کا خستہ پکوان جس میں کئی پرت ہوتے ہیں ۔

خچّر ۔ دوغلہ جانور جو گدھے اور گھوڑے کے ملاپ سے پیدا ہوتا ہے ۔

خدا جانے ہاتھی چھوٹے گھوڑا چھوٹے ۔ (کسی بات کو نہ جاننے کے موقع پر بولتے ہیں ۔ اللہ ہی کو خبر ہے ۔ خدا معلوم کیا ہونے والا ہے ۔

خدا کی سنوار (اللہ کی سنوار) ۔ (عو) تہذیب کے ساتھ کوسنا یا بددعا دینا۔ اللہ کی مار ۔ لعنت ۔

خدا گنجے کو ننھے نہیں دیتا (خدا گنجے کو ناخن نہ دے) ۔ (مثل) خدا کمینے کو اختیار نہ دے ۔

خدا گنج پہنچے ۔ موت سے ہم کنار ہوئے ۔ موت کے منھ میں پہنچے ۔ خداگنج ۔ ملک عدم ۔

خُدّام ۔ (جمع خادم کی) ۔ نوکر چاکر ۔ غلام ۔

خدائی خوار ۔ آوارہ ۔ رسوا۔ ذلیل ۔

خدائی رات ۔ کوئی مشکل پیش آجائے تو عورتیں نذر مانتی ہیں اور جب یہ مشکل ٹل جاتی ہے تو رات بھر جاگتی ، اور نذر نیاز کے لیے پکوان سے مسجد کا طاق بھرتی ہیں۔ رت جگا ۔ شب بیداری ۔

خُدائی فوج دار ۔ وہ شخص جو خواہ مخواہ ہر ایک کا حمایتی بنے اور دوسروں کے کاموں میں دخل دے ۔ وہ شخص جو زبردستی لوگوں کی اصلاح کے درپے ہو۔

خُدع ۔ مکر و فریب ۔ دھوکا۔

خَدنگ ۔ ایک قسم کا چھوٹا تیر۔ ایک خاص قسم کی آتش بازی ۔

خُدیو ۔ قدیم مصر کے بادشاہوں کا خطاب ۔ بادشاہ ۔ حکمران ۔

خَر ۔ ۱۔ گدھا ۲۔ احمق ۔ بے وقوف۔

خَربُزہ ۔ گول بیضوی نیز چپٹی شکل ایک پھل جو خوشبودار اور میٹھا ہوتا ہے اور عام طور پر ریتلی یا نرم زمین میں اس کی فصل اچھی ہوتی ہے ۔ قبض کشا، پیشاب آور مفرح ہوتا ہے۔

خَرابات (خرابہ کی جمع) ۔شراب خانہ ۔ قمار خانہ ۔ فحاشی کا اڈا۔

خَراج ۔ ۱۔ زمین کا محصول ۔ مال گزاری ۲۔ وہ روپیہ جو چھوٹے بادشاہ شہنشاہ کو دیتے ہیں ۳۔ نعل بندی ۔

خَراد پر چڑھانا (خراد پر چڑھنا) (محاورہ) ۱۔ لکڑی یا لوہے کا خراد پر چڑھ کر صاف یا درست ہونا ۲۔ انسان کا تعلیم و تربیت پاکر شائستہ ہونا ۔منجھ جانا۔

خُرافات ۔ (خرافت کی جمع)۔ بے ہودہ بات ۔ واہی تباہی ۔ گالی گلوچ ۔

خَراماں خَراماں ۔ آہستہ آہستہ چلتے ہوئے ۔ ٹہلتے ہوئے چلنا ۔

خُرانٹ ۔ عمر رسیدہ ۔ تجربے کار۔ آٹھوں گانٹھ کمیت ۔ بوڑھا آدمی ۔

خَربُوزیا ۔ ایک قسم کا رنگین کنکوا جس پر خربوزے کی شکل بنی ہوتی ہے ۔

خُردہ گیری ۔ عیب جوئی ۔ نکتہ چینی ۔

خُرسند ۔ خوش خوش ۔ شادماں۔ مسرور ۔

خُرطُوم ۔ ۱۔ ہاتھی کی سونڈ ۔ ۲۔ سردار قوم ۳۔ افریقہ کے مُلک سوڈان کے ایک بڑے شہر کا نام ۔

خِرقہ ۔ پُرانا لباس ۔ پیوند لگا ہوا کپڑا ۔ گدڑی ۔ درویشوں کا لباس ۔

خَرَک ۔ چھوٹا گدھا (مجازاً) بے وقوف شخص ۔

خَرگاہ ۔ خیمۂ شاہی ۔ لپیٹ دار خیمہ جس میں کبھی ایک اور کبھی دو دروازے ہوتے ہیں ۔

خرچنے (خرچنا)۔ ۱۔ صرف کرنا۔ اُٹھانا۔ ۲۔ کام میں لانا۔ استعمال میں لانا۔
خرخشے۔ (خرخشہ)۔ ۱۔ جھگڑا۔ بکھیڑا ۲۔ پریشانی۔ جنجال ۳۔ فضول بحث۔
خُرد۔ چھوٹا۔ کم عمر۔
خِرد آگاہ۔ دانش مند۔ عاقل۔ دانا۔
خَرق۔ ۱۔ پھاڑنا ۲۔ جھوٹ بولنا۔
خُرّم۔ خوش۔ شادماں۔
خِرمن۔ کھلیان۔ اناج کا ڈھیر جس سے بھوسہ الگ نہ کیا گیا ہو (مجازاً) ذخیرہ۔ انبار۔
خَر مُہرہ۔ بڑی کوڑی۔ گھونگھا۔ ناقوس۔
خَرِ نا مُشخص۔ احمق۔ بے ہودہ۔
خُروج۔ شورش۔ بغاوت۔ فتنہ۔
خَریَت۔ گدھا پن۔ حماقت۔
خَرِیطہ۔ تھیلی۔ کیسہ۔ وہ تھیلی جس میں سرکاری حکم جاتا ہے۔
خزانۂ عامرہ۔ بھرا ہوا خزانہ۔ شاہی یا سرکاری خزانہ۔
خَس۔ ایک قسم کی خوشبو دار گھاس کی جڑ جو پانی کے کنارے ہوتی ہے اس سے ٹٹیاں بنائی جاتی ہیں۔
خَس خانہ۔ وہ مکان جو خس کی ٹٹیوں سے بنایا گیا ہو۔
خس نہ خاشاک (مراداً) صاف ستھرا۔ کوڑے کرکٹ سے پاک۔
خُسوف۔ چاند گہن۔ (فلکیات) جب زمین گردش کرتے ہوئے آفتاب کے سامنے آجاتی ہے تو زمین کے سائے کی وجہ سے چاند کا کچھ حصہ اور بعض وقت پورا چاند تاریکی میں آجاتا ہے۔
خَسِیس۔ بخیل۔ کنجوس۔ نالائق۔ فرومایہ۔
خُشکہ (خشکا)۔ ۱۔ اُبالے ہوئے چاول۔ بھات ۲۔ بے لطف۔ بے مزہ۔
خُشکے کا پیڑ / کھیت۔ نایاب چیز۔ عنقا۔ جس کا حاصل کرنا ناممکن ہو۔
خَشم۔ غصہ۔ خفگی۔
خُشوع۔ کسی کے سامنے خوف و ہیبت کے ساتھ ساکن اور پست ہونا۔ عاجزی۔ فروتنی۔ گڑگڑانا۔
خُشونت۔ درشتی۔ سختی۔ کھردرا پن۔ اکل کھرا پن۔
خِصال۔ (جمع خصلت کی)۔ عادتیں۔ خو۔ جبلت۔
خَصم۔ دشمن۔ عدو۔ خاوند۔

آقا۔

خُصُومَت ۔ دشمنی ۔ عداوت ۔ جھگڑا ۔ قضیہ ۔

خُضَارَت ۔ سرسبزی ۔ تازگی ۔

خُضُوع ۔ گڑگڑانا ۔ عاجزی ۔ فروتنی (عام طور پر خشوع کے ساتھ مستعمل) ۔

خَطِ گلزار ۔ وہ خط جلی جس کے حرفوں کے عرض میں پھول بنائیں ۔ اس کی صورت یہ ہے کہ بہت خفی قلم سے باریک لکیروں کے ذریعے حروف کی اس طرح حد بندی کی جاتی ہے کہ اس کا درمیانی حصّہ سادہ رہے اس میں پھول بیل اور برگ و بار بنا دیے جاتے ہیں ۔

خطا پوش ۔ گناہوں کو چھپانے والا مُراد خدا ۔

خَطا و خُتَن ۔ مُلک چین کا ایک شہر ہے جو قدیم زمانے میں اپنی خوب صورتی اور تجارت کے لیے مشہور تھا ۔ خُتَن شمالی مغربی چین کا وہ مشہور شہر جہاں کی مُشک دُنیا بھر میں مشہور ہے ۔

خَطِیر ۔ کثیر ۔ بہت (بیش تر رقم روپیہ پیسہ) ۔

خِفَّت ۔ سُبکی ۔ ہلکا پن ۔ شرمندگی ۔ ندامت ۔

خَفچاق ۔ نام ایک قوم صحرا نشین کا ترکستان میں ۔ دشت خفچاق وہ جنگل جس میں قوم خفچاق کی بود و باش ہے ۔

خَفَقان ۔ دل کی دھڑکن جو معمول سے زیادہ ہو ۔ جُنون ۔ سودا ۔ وحشت ۔

خَفِیف ۔ ہلکا ۔ سُبک ۔ اوچھا ۔ شرمندہ ۔ نادم ۔

خَفی ۔ ۱۔ پوشیدہ ۔ چھپا ہوا ۔ ۲۔ باریک ۔ مہین (جلی کی ضد) ۔

خُلج ۔ ایک قبیلے کا نام ۔

خَلجان ۔ خلش ۔ تردد ۔ بے چینی ۔ گھبراہٹ ۔

خَلخال ۔ پاؤں میں پہننے کا ایک زیور جس میں گھنگرو لگے ہوتے ہیں ۔ پازیب ۔ پایل ۔ گوجری ۔

خَلا مَلا ۔ میل جول ۔ ربط و ضبط ۔ دوستی ۔

خَلاصی ۔ ریل ۔ جہاز یا کسی اور محکمے میں کام کرنے والا مزدور ۔ قلی ۔

خَلِش ۔ ۱۔ کانٹے کا بدن میں چبھنا ۲۔ کھٹک ۔ چبھن ۳۔ رنجش ۔ جھگڑا ۔

خَلطْ مَلطْ ۔ درہم برہم ۔ گڈمڈ ۔

خَلَف ۔ سعادت مند بیٹا ۔ فرزند صالح ۔ بزرگوں کی

اولاد۔
خَلَفُ الرَّشِیْد ۔ فرماں بردار بیٹا۔ نیک بیٹا۔
خُلق ۔ خوش مزاجی۔ ملن ساری۔
خِلقَت ۔ پیدائش۔ آفرینش۔ فطرت۔سرشت۔
خِلقی ۔ پیدائشی۔ فطری۔
خَلوَت ۔ تنہائی۔ گوشہ نشینی۔ عزلت۔
خَلوَتی ۔ گوشہ نشین۔تنہائی پسند۔
خُلُوئے عُہدَہ ۔ خالی آسامی۔
خلیج ۔ پانی کا ایک قطعہ جس کے تین طرف خشکی ہو اور چوتھی طرف سمندر سے ملا ہوا ہو۔
خلیق ۔ خوش اخلاق۔ خوش خلق۔ صاحب اخلاق۔
خلیفہ ۔ نائی۔ حجام۔
خلیل ۔ سچا دوست۔یار صادق۔ حضرت ابراہیمؑ کا لقب۔
خلیل خاں فاختہ اُڑا چکے۔ (کہاوت) ذرا سا کام کرکے بہت اترانے والے کے لیے طنزاً بولتے ہیں۔
خُم (گنجفہ کی اصطلاح)۔ وہ پتے جن کو کھیلنے والے تقسیم کے وقت چھپا کے رکھ لیتے ہیں اور بعد تقسیم کے ایک ایک کرکے نکالتے ہیں۔ مٹکا۔ شراب کا مٹکا۔/ گھڑا۔

خَم وچَم ۔ نخرہ۔ خرام ناز۔ معشوق کی چال۔ نازمعشوقانہ۔
خَم و دَم ۔ (خم دم)۔ ہمت اور جوش۔
خُمار ۔ ا۔ نشہ۔ سرشاری۔ کیف ۲۔ نشہ اُترنے کے قریب جو سر درد ہوتا ہے اور ہاتھ پاؤں ٹوٹتے ہیں ۳۔ متوالی نظر۔
خَمر ۔ شراب۔ بادہ۔ مے۔
خُمول ۔ گمنامی۔ پوشیدگی۔
خَمیازہ ۔ ا۔ انگڑائی ۲۔ سزا۔ بدلہ۔ مکافات۔
خَمیر ۔ سرشت۔ بناوٹ۔ طبیعت۔ فطرت۔
خَمیرہ (خَمیرا)۔ ایک قسم کا خوشبودار پینے کا تمباکو۔
خَندَاں ۔ (صفت) ا۔ہنستا ہوا۔ ۲۔ شگفتہ۔ کھلا ہوا۔
خِنزیر ۔ سور۔ خوک۔
خُنکی ۔ سردی۔ ٹھنڈک۔ تر و تازگی۔
خِنگ ۔ یک رنگ سفید گھوڑا۔ سبزہ۔
خَنگے (خنگا)۔ موٹا تازہ۔ہٹا کٹا۔ مُسٹنڈا۔
خُنیاگر ۔ مطرب۔ گویا۔ ڈوم۔ گانے بجانے اور ناچنے کا کام کرنے والا۔
خُنیہ گری ۔ گانے بجانے کا

فن یا پیشہ ۔ نغمہ سرائی ۔
خوابِ خرگوش ۔ غفلت ۔ تغافل ۔ بے خبری ۔
خوابِ نوشیں ۔ میٹھی نیند ۔ پُر لطف نیند ۔
خواجہ تاش ۔ ایک آقا کے غلام اور نوکر چاکر ۔ ایک مالک کے دو یا زیادہ نوکروں یا غلاموں میں سے ہر ایک (ایک دوسرے کے لیے) ۔
خواجہ سرا ۔ زنانہ مکان میں خدمت کرنے والا ۔ مخنث ۔ ہیجڑا ۔ (شاہی کے زمانے میں بعض غلاموں اور نوکروں کو خصی کر دیا جاتا تھا جو شاہی بیگمات کے محل میں بے روک ٹوک آتے جاتے اور کام کاج کرتے تھے) ۔
خواستہ اور آراستہ ۔ بنی اور سنوری ہوئی (بیگمات) ۔ مہذب و نستعلیق خواتین ۔
خواصی ۔ ہودج / عماری کی پچھلی بیٹھک ۔ خدمت گاری ۔ ملازمت ۔
خواصی میں بیٹھنا (محاورہ) ۔ کسی بادشاہ یا امیر کے پیچھے ہودے میں بیٹھنا ۔
خواصیں ۔ وہ ملازمہ یا مصاحب عورتیں جو امیرزادیوں کے ساتھ رہتی ہیں ۔ سہیلیاں ۔ ہم جولیاں ۔

خوانچہ والا ۔ چھوٹا خوان / تھال / سینی میں چیز رکھ کر پھیری لگا کر بیچنے والا ۔
خواندہ ۔ پڑھا ہوا ۔ تعلیم یافتہ ۔ بُلایا ہوا ۔
خواہی نخواہی ۔ ناچار ۔ طوعاً کرہاً ۔ مجبوری سے ۔
خوبانی ۔ ایک نہایت شیریں میوہ ۔ زرد آلو ۔
خُود ۔ لوہے کی ٹوپی جو جنگ میں سر کی حفاظت کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔
خوردَاد ۔ تیسرے شمسی مہینے کا نام جو اساڑھ کے مقابل ہے ۔
خوش تمیز ۔ مہذب ۔ سلیقہ شعار (ق) شائستہ ۔
خُوردم بُردم ۔ خورد برد ۔ ضائع کرنا ۔ لوٹنا ۔ برباد کرنا ۔
خُورندے (خورندہ) ۔ کھانے والا ۔ پینے والا ۔
خوش روزہ ۔ جس دن خوشی منائی جائے ۔
خوش روزہ کرنا ۔ (محاورہ) کسی اچھے پُر فضا مقام پر وقت گزارنا ۔ سیر و تفریح کرنا ۔
خوش غلاف ۔ وہ تلوار جو خود بخود میان سے نکل پڑے ۔ وہ تلوار جو ذرا سے اشارے

میں غلاف سے نکل آئے۔
خَوض - سوچ بچار۔ کسی امر یا مسئلے کے تمام پہلوؤں کو زیرِ بحث لانے کا عمل۔
خُوک - سور، خنزیر، برہلا۔
خُون تھُوکنا - (محاورہ)۔ ۱۔ کسی صدمے سے خون کی قے کرنا ۲۔ بہت صدمہ برداشت کرنا۔ بہت زحمت گوارا کرنا۔
خُونچکاں - لہو ٹپکنا۔
خُونابہ - خونیں آنسو - خون آلود آنسو۔
خُون خچّر - خوں ریزی - کشت و خون۔ مار دھاڑ۔ بلوہ۔ خون خرابا۔
خُون خچّر کرنا - (محاورہ) خون ریزی کرنا۔ خون خرابا کرنا۔ مار دھاڑ کرنا۔
خُون خرابے (خرابا)۔ خوں ریزی - کشت و خون۔
خیابان - ۱۔ راستہ جو باغ کے بیچ میں سے گزرتا ہو ۲۔ کیاری۔ چمن۔
خیّاط - درزی۔ کپڑا سینے والا۔
خیّاطِ ازل - اللہ تعالیٰ مراد ہیں۔
خیال - ایک راگنی کا نام۔
خیالی پُلاؤ پکانا - ایسی باتیں سوچنا جن کا کوئی وجود نہ ہو۔

خیانت - بد دیانتی - بے ایمانی۔ چوری۔
خیزران - بید - چابک - چھڑی۔
خیسانیدہ (خساندہ)۔ وہ دوا جو بھگو کر اور نتھار کر پی جائے۔
خیطِ ابیض - صبح کا اُجالا۔ صبح کی سفیدی۔
خیل - ۱۔ گھوڑوں کا گلہ ۲۔ گروہ۔ جماعت۔
خیلا - احمق - پھوہڑ - بے وقوف۔
خیمہ - تنبو۔ ڈیرا۔
خیوا - چینی ترکستان کا ایک شہر۔

د

داب - عادت - شان - کر و فر۔ شان و شوکت - رعب - دبدبہ۔
داتا - سخی - فیاض۔
دار - پھانسی - سولی - صلیب۔
دارُالحرب - لڑائی کا گھر۔ وہ ملک جہاں مسلمانوں کو اپنے مذہبی

فرائض انجام دینے کی آزادی حاصل نہ ہو۔

دارُالضَرب ۔ ٹکسال ۔ وہ مقام جہاں حکومت کا سکہ تیار ہوتا ہے۔

دارُالغُرُور ۔ فریب اور دھوکے کی جگہ (مجازاً) دُنیا۔

دارُوگیر ۔ پکڑ دھکڑ ۔ گرفتاری۔ مواخذہ۔

دارُو ۔ شراب۔

دارُوغگی ۔ داروغہ کا عہدہ ۔ منصب یا منصبی فرض ۔

داد و سَتَد ۔ لین دین۔

دادا جی کی فاتحہ حلوائی کی دُکان ۔ (مثل) مُفت کے مال پر ہاتھ صاف کرنا۔ مُفت کی چیز مصرف میں لانا۔

دادرا ۔ ایک قسم کا گیت جو دادرا تال میں گایا جاتا ہے۔

داستانہ / دَستانہ ۔ ہاتھوں کو محفوظ رکھنے کے لیے ایک آہنی ہتھیار جو لڑائی میں ہاتھوں پر پہنا جاتا تھا۔

داعی ۔ بلانے والا۔ (کسی تقریب یا جلسے وغیرہ میں شرکت کی) دعوت دینے والا۔

داعیہ ۔ خواہش ۔ ارادہ ۔ طلب ۔ تقاضا۔

داغنا ۔ دفعتہً کوئی بات کہنا یا سوال کر دینا۔

داغی ۔ ۱۔ عیب دار۔ معیوب۔ ۲۔ سزایاب۔ مجرم۔

دال میں جُوتی بٹنا ۔ (محاورہ) (جوتی میں دال بٹنا زبانوں پر ہے)۔ نااتفاقی ہونا۔ خانگی جھگڑا ہونا۔ لڑائی ہونا۔ تکرار ہونا۔ دنگا فساد ہونا۔

دال دَلیا ۔ معمولی خوراک۔ غریبوں کا سا کھانا۔ روکھی سوکھی روٹی۔

دال میں کچھ کالا (ہے) ۔ کچھ نہ کچھ خرابی ہے۔ کچھ شبہ ہے۔ شک ہے۔

دال مُوٹھ / مُوٹھ ۔ مونگ اور موٹھ کی دال جو پانی میں بھگونے کے بعد تلتے اور اس میں نمک مسالے مِلا کر کھاتے ہیں۔

دال نہ گلنا ۔ (محاورہ) ۱۔ کامیابی نہ ہونا ۲۔ تباہ نہ ہونا۔

دام ۔ جال ۔ پھندا۔ دھوکا۔ فریب۔

داماد ۔ بیٹی کا شوہر ۔ جنوائی۔

دامنی ۔ اوڑھنی جو عورتیں سر پر اوڑھتی ہیں۔

دامنی دمکے ۔ اوڑھنی چمکے۔

دَامِنی دَمکی ۔ بجلی چمکی ۔ بجلی کوندی۔

دَان ۔ (ہندو) خیرات ۔ صدقہ۔ ایک قسم کی رسم جس میں برہمن کچھ پڑھ کر کسی کو کچھ دیتے ہیں ۔

دَانت پیسنا ۔ (محاورہ) ۔ زور کے ساتھ اوپر نیچے دانتوں کو دبا لینا۔ بہت زیادہ غصہ کرنا ۔ غصہ دکھانا۔

دَانت کاٹی رُوٹی ۔ بے حد دوستی۔ گہری دوستی ۔

دَانت کِٹکِٹانا (محاورہ) ۔ نہایت خفا ہونا۔

دَانت کھٹے ہونا ۔ عاجز کر دینا۔ ہمت توڑ دینا۔

دَانتا کِلکِل ۔ جھگڑے فساد کی باتیں۔ روز روز کے گھریلو جھگڑے۔ تُو تُو میں میں۔

دَانتوں میں / تلے اُنگلی دَبانا ۔ (محاورہ) ۔ تعجب میں ہونا ۔ حیران ہونا ۔ افسوس کرنا۔ کسی کو کچھ کہنے کے ارادے سے اشارہ کرکے باز رکھنا۔

دَاند ۔ سپاہیوں کا ظلم رعایا اور غریبوں پر۔ (عورتوں کی زبان پر مطلق ظلم کی جگہ ہے)۔

دَانِشت دَار ۔ عقل مند۔ سمجھ والا۔ واقف۔

دَانگ ۔ ا۔ سمت ۔ جانب ۔ طرف۔
۲۔ چھ رتی کا وزن ۔

دَانے ۔ (مراداً) چنے (ق)

دَانَہ بَدلَوَل ۔ پرندوں کی دانہ بدلی (مجازاً) باہمی اختلاط۔ آپس میں پیار محبت کی باتیں ۔

دَاوَر ۔ انصاف کرنے والا ۔ منصف ۔ مراد ذات خداوندی۔

دَائِر ۔ زیر تجویز ۔ درپیش۔

دَائِرہ / دَایِرَہ ۔ ڈفلی ۔ ایک باجے کا نام جو ایک رُخ سے کھلا ہوتا ہے ۔ چنگ ۔

دَائِمُ الخَمر ۔ ہر وقت اور ہمیشہ شراب پینے والا ۔ پکا شرابی ۔

دَائِن ۔ قرض دینے والا ۔ قرض خواہ ۔

دَانو ۔ پریت ۔ بھوت ۔ دیو۔ جن ۔

دَائی ۔ (دایہ سے بگڑا ہوا ہے)۔ جنانے کا پیشہ کرنے والی عورت۔ خادمہ ۔ ملازمہ ۔

دَبّاغ ۔ چمڑا کمانے والا ۔ چرم ساز ۔

دُبدَھا ۔ شش و پنج ۔ تذبذب۔ وہم ۔ وسوسہ ۔ دگدا ۔

دَبنگی ۔ مُسٹنڈی ۔ موٹی تازی ۔ دبنگ عورت ۔ زور آور عورت ۔

دَبنگے پَن (دبنگ پنا)۔

تیزی - بے باکی - بے خوفی - زور آوری - نڈر پن۔

دبی بلی چوہے سے کان کترواتی ہے - (مثل)۔ دبے پر زبردست اپنے زیردست کا حکم بجا لاتا ہے۔

دبیر - منشی - کاتب - انشا پرداز۔

دبیرِ فلک - (کنایتہً) عطارد ستارہ۔

دبیل - زیردست - مغلوب۔ دبکا - مرعوب۔

دت - (کلمۂ تحقیر) - دور ہو۔ [illegible]

دتکار - لعنت - ملامت - دھتکار۔

دنتیلا - بڑے دانتوں والا - ایک قسم - طرح کا ہاتھی۔

دتیہہ - پن چکی کا پاٹ (ق)۔

دَجل - فریب - جھوٹ۔

دَجلہ - اس دریا کا نام جو عراق میں بغداد کے قریب بہتا ہے (مجازاً) دریا - جھیل۔

دُخترِ تاک - شراب۔

دخترِ رز - (لفظاً) انگور کی بیٹی (مجازاً) انگوری شراب۔ سرخ شراب۔

دَخل - مداخلت - دست اندازی - قبضہ - آمدنی۔

دَخل در معقولات - کسی معاملے میں خواہ مخواہ مداخلت۔ بیچ میں بولنا۔

دَخیل - کار مختار - دست اندازی کرنے والا - بیچ میں پڑنے والا۔

دَدا - بوڑھی لونڈی جس نے بچپن میں خدمت کی ہو - بچوں کو پالنے اور رکھنے والی باندی۔ کھلائی - انّا - ملازمہ۔

دَر اَنداز - دو آدمیوں کو لڑانے والا - بدگو - چغل خور۔ دخل انداز۔

دَر اَندازی - دخل اندازی۔ چغل خوری۔

دَر بَر - ۱- اوپر ۲- پہن کر۔

دُر دُرانا - نکال دینا۔

دُر مُوئے دَر گور - (کلمۂ تنفر) ہٹ کم بخت - دفع ہو۔ چل ہٹ - منہ نہ دکھا۔

دُرِ خوش آب - ۱- نہایت آب دار موتی ۲- عمدہ شعر - عمدہ مضمون۔

دُرِّ عَدَن - عدن کے سمندر کا موتی جو بہت اچھا ہوتا ہے۔ عدن عرب کا ایک ساحلی شہر ہے۔

دُرِ مَکنُون - یکتا - بیش قیمت۔

دُرِّ یتیم - وہ موتی جو سیپ میں اکیلا پیدا ہو - بیش بہا

موتی۔

دَرپَن ۔ آئینہ۔ شیشہ۔ آرسی۔

دَرَاڑ ۔ شگاف۔ درز۔ رخنہ۔

دَنَدَناتے ہُوئے ۔ بے خوف و خطر۔ بے دھڑک۔ بلا اجازت۔

دُرج ۔ جواہرات رکھنے کی ڈبیا یا صندوقچی۔

دَرّہِ دَانیال ۔ جنوبی یورپ اور مغربی ایشیا کے درمیان سمندری راستہ جس کو تاریخی حیثیت حاصل ہے۔

دَرزیں ۔ (درز)۔ دراڑ۔ شگاف۔ جھری۔

دَرزِی کی سُوئی کبھی زَر بَفت مَیں، کبھی ٹَھٹھے میں (دَرزِی کی سُوئی کبھی ٹاٹ میں کبھی کمخواب میں) (مثل) انسان کو ہر ایک کام کرنا چاہیے، چاہے ادنیٰ ہو چاہے اعلیٰ۔ انسان کی حالت یکساں نہیں رہتی ہے۔

دَرجے دَرجے ۔ کمرے کمرے۔

دُرد ۔ تلچھٹ۔

دَرشَن ۔ زیارت۔ نظارہ۔ دیدار۔

دَرشَنی ہُنڈی ۔ ہنڈی جس کا روپیہ دیکھتے ہی مل جاتا ہے۔

دَرک ۔ عقل۔ تمیز۔ سمجھ۔

دُرگَت ۔ پتلا حال۔ بُری حالت۔ بُری گت۔

دِرَم نا خَرِیدہ غُلام ۔ جو زرخرید نہ ہو۔ خانہ زاد۔ بے پیسے کوڑی کا غلام۔

دَرمَاندَہ ۔ مجبور۔ عاجز۔ ناچار۔

دُرمُٹ ۔ کنکر کوٹنے کا آلہ۔

دَرَنگ ۔ ڈھیل۔ آہستہ۔ دیر۔

دَریا میں رَہ کر مَگَر مَچھ سے بَیر ۔ (کہاوت) جہاں رہنا وہاں کے زبردست آدمیوں سے مخالفت رکھنا نادانی ہے۔ جہاں انسان رہے اگر وہاں کے صاحبِ اقتدار یا بااثر لوگوں سے عداوت رکھے تو کہتے ہیں۔

دَریاؤ ۔ (دریا کا بگاڑ)۔ (صفت) وسیع، بہت۔

دَریائی ۔ ایک قسم کی جھالر۔

دَریچہ ۔ چھوٹا دروازہ۔ کھڑکی۔

دَرِیغ ۔ افسوس۔ حسرت۔ غم۔

دَرِیغَا ۔ افسوس ہے۔ غم ہے۔

دَریُوزہ گَر ۔ بھکاری۔ سائل۔

دَرِی و پہلوِی ۔ ساسانی عہد کی فارسی زبان ۔ فارسی کی سات زبانوں میں سے ایک زبان کا نام جو دَرہ کوہ سے منسوب بولی ہے ۔

دَڑیَنچی ۔ سینچائی، آب پاشی، صفائی ستھرائی (ق) ۔

دُزد ۔ چور ۔ سارق ۔

دُزدِ حِنا ۔ مہندی کا چور ۔ وہ سفیدی جو ہاتھ پاؤں میں بعد لگانے مہندی کے باقی رہ جاتی ہے ۔

دُزدِیدَہ نِگاہ ۔ ایسی نگاہ جو چوری چھپے ڈالی جائے ۔

دِسَاوَر ۔ پردیس ۔ غیر مُلک کی منڈی ۔

دِسَاوَرِی ۔ ایک قسم کا پان ۔

دَستبُرد ۔ غبن ۔ خیانت ۔ تصرف بیجا ۔

دَست بَستہ ۔ ہاتھ باندھ کر ۔ ہاتھ جوڑکر ۔ کمال اطاعت کے ساتھ

دَست بُقچہ ۔ ہر وقت ساتھ رہنے والی بُقچی یا تھیلا ۔

دَست پَاک ۔ رومال ۔ (طباخی) چھوٹا کپڑا جو کھانا کھاتے وقت ہاتھ پوچھنے کو دسترخوان پر تہ کرکے دیا جائے جیسے فرنگی طریقے میں نیپکن ہوتا ہے ۔

دَست پَناہ ۔ چمٹا ۔ دسپنا ۔

دَستِ حِنائی ۔ مہندی لگے ہاتھ ۔ (مجازاً) محبوب کے ہاتھ ۔

دَستگی ۔ چھوٹا دستہ ۔ وہ چیز جو گرفت کے واسطے کسی ظرف میں لگی ہوتی ہے ۔

دَستَار ۔ پگڑی ۔ عمامہ ۔

دَستَرخوَان ۔ رومال یا چادر جس پر کھانا چُنتے ہیں ۔

دَستک ۔ دروازہ کھٹکھٹانا ۔

دَستَنبُویَہ (دَستَنبُو) ۔ کچہری ۔ سیند جس کو ہاتھ میں لے کر سونگھتے ہیں ۔ یہ ایک ترنج طلائی بادشاہوں کے ہاتھ میں رکھنے کے واسطے بنایا جاتا ہے جس میں ہر طرح کی خوشبو بھری جاتی ہے ۔

دَستوُرُالعَمَل ۔ ہدایت نامہ ۔ کام کا طریقہ ۔

دَس سَیرا ۔ دس سیر وزن کا باٹ ۔ ایسا برتن جس میں دس سیر کھانا پک سکے ۔

دَستی ۔ کشتی کے ایک داؤں کا نام جو ہاتھ سے کیا جاتا ہے ۔ مشعل ۔ فلیتہ ۔

دَستی گُل دو مُصَاحِب غَائِب ۔ آنکھ بچی اور مال اُڑا لیا گیا ۔

دَشت نَوَردِی ۔ جنگل میں پھرنا ۔ بادیہ پیمائی ۔

دُشٹ (صفت) ۔ بُرا ۔ خراب ۔
دُشنام ۔ گالی گلوچ ۔ گالی ۔
دَشنَہ ۔ خنجر ۔ کارد ۔ کٹار ۔
دَغدَغَہ (دَغدَغا) ۔ کھٹکا ۔ ڈر ۔
دَف ۔ نام باجے کا جو مشہور ہے ۔ دائرہ ۔ ڈھپڑی ۔
دَفَان ہونا ۔ دُور ہونا ۔ دفع ہونا ۔ نکال دینا ۔
دَفتیاں (دَفتی) ۔ کاغذ رکھنے کا پٹھا ۔ موٹی قسم کا بنایا ہوا کاغذ جو بعض خاص قسم کی آتش بازی کا خول بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہو ۔
دِق ۔ تنگ ۔ ناراض ۔ آزردہ ۔
دَقّاق ۔ باریک بات کہنے والا ۔ زیرک ۔ چالاک ۔
دَقائِق ۔ (جمع دقیقہ کی) ۔ مشکل اور باریک اور لطیف چیزیں ۔ اسرار و رموز ۔ باریکیاں ۔ نکتے ۔
دَقیانُوسی ۔ قدیم ۔ قدیمی ۔ موجودہ زمانے کے رسم و رواج اور تجربات کے خلاف پُرانی باتیں ۔
دَقیقَہ ۔ باریکی ۔ نکتہ ۔ عمیق پہلو ۔
دَقیقَہ رَس ۔ زود فہم ۔ نکتہ سنج ۔ تیز طبع ۔ ہوشیار ۔
دُکانچَہ ۔ چھوٹی دکان ۔
دُکَرْی ۔ ایک قسم کی گاڑی ۔ دو گھوڑوں کی بگھی ۔
دُکھڑا ۔ گلہ ۔ شکوہ ۔
دَکّھن ۔ جنوب ۔ ہندوستان کا جنوبی حصّہ ۔ دکن ۔
دَکّھن کی کمائی کانڈھوکے نالے میں گنوائی ۔ ساری مشقت برباد گئی ۔ محنت کی کمائی کو بے جا صرف کرنے یا ضائع کرنے کے موقع پر کہتے ہیں ۔
دُکھیا ۔ مصیبت زدہ ۔ رنجیدہ ۔ بیمار ۔
دَگلا ۔ لبادہ ۔ روئی دار انگرکھا ۔
دَگلے والی پلٹن کا رسالدار ۔ شاہی میں روئی دار انگرکھا پلٹن کا لباس تھا ۔ اس پلٹن میں عام عہدے دار یہی لباس زیب تن کرتا تھا ۔
دِل بھر آنا ۔ (محاورہ) رونے کے قریب ہونا ۔ دل اُمنڈ آنا ۔
دِل پَر سانپ لوٹنا ۔ (محاورہ) افسوس آنا ۔ رنج آنا ۔ صدمہ ہونا ۔ رشک آنا ۔
دِل ہاتھ سے جانا (محاورہ) عاشق ہونا ۔ دل کا قابو میں نہ رہنا ۔

دِل رِیش - جس کا دل گھائل ہو۔ (کنایتہً) عاشق -

دِلاسا - تسلّی (صفت) دل کو تسکین دینے والا۔

دَلّال - ۱۔ سودا کرنے آڑھتیا ۲۔ کٹنا - بھڑوا -

دَلّالہ - (دلال کی تانیث) کُٹنی -

دُلائی - رزائی کی وضع کی دوہری چادر جس کے درمیان روئی کی باریک تہ بھی ہوتی ہے اور چاروں طرف اریب گوٹ لگائی جاتی ہے۔

دُلدُل - وہ گھوڑا جس پر سامان ماتم لاد کر عشرہ محرم میں عزا خانے میں سجاتے ہیں -

دَلق - گدڑی - خرقہ - پشمینہ کا لباس جو اکثر صوفی درویش پہنتے ہیں -

دَلک - رگڑ - تصادم - دھمک -

دُلکی - گھوڑے کی درمیانی تیز چال جس میں اگلا سیدھا قدم، بائیں پچھلے قدم کے ساتھ اُٹھتا ہے - دوگام - یرغا -

دُلکنا (دُلکھنا) - بات کاٹنا۔ اعتراض کرنا۔

دَلّو کا دَسہرا - دلو ایک بنیئے کا ۔ ۔ تھا جو پنسیری کی جگہ دس سیر کا بانٹ پیش کر دیا کرتا تھا - اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو بے جا دخل دے -

دِلّی میں بارہ برس رہے مگر بھاڑ ہی جھونکا ہے۔ (کہاوت) - نالائق ہی رہا - اچھی جگہ رہ کر بھی لیاقت پیدا نہیں کی - نااہل انسان کہیں ترقی نہیں کر سکتا - بڑے شہر میں رہے اور گھٹیا سے گھٹیا کام کیا۔

دَلِیل - حجّت - ثبوت - شہادت -

دَلَیل - فوجی سپاہیوں کی سزا جس میں ان کا اسباب اور ہتھیار کمر پر باندھ کر مقررہ وقت تک کھڑا رکھتے، ٹہلاتے یا قواعد کراتے ہیں۔

دَمُّ الاَخَوَین - یعنی دو بھائیوں کا خون مذاقاً۔

دَم بھرنا - (محاورہ) کسی کی تعریف کرنا - محبّت کا دعویٰ کرنا - ایمان لانا۔

دَم دَاعِیَہ - حوصلہ - ہمّت - دعویٰ۔

دَم دَھاگا - دھوکا - فریب، جھانسا - حیلہ -

دُم کٹا - جس کی دُم کٹی ہوئی ہو۔

دَم خُور - سانس روک لینے والا - گویا مرگیا - وہ حقّہ جو بولتا نہ ہو۔

دَم کا ظُہُور - کسی کے سبب

سے رونق اور چہل پہل ہونا۔
دَم کے دَم مَیں ۔ تھوڑی دیر میں ۔ فوراً۔ لمحہ بھر کے لیے ۔
دَم مَیں آنا ۔ (محاورہ) دھوکا کھانا۔
دُم مَیں رَسّا ۔ کسی کام کی نفی منظور ہو تو کہتے ہیں ۔
دُم مَیں رَسّا باندھنا ۔ مضحکہ اڑانا۔ مذاق اُڑانا ۔ پوری طرح جکڑنا۔
دُم مَیں نَمدا باندھنا ۔ (محاورہ) مضحکۂ اطفال بنانا ۔ کوئی واسطہ نہ رکھنا ۔ مٹی پلید کرنا۔ ذلیل وخوار کرنا۔
دَم نَقد ۔ جریدہ ۔ تنہا ۔ اکیلا ۔ فوراً ۔ نقد معاملہ جو اُدھار نہ ہو۔
دَم نِکلنا ۔ بہت ڈرنا۔
دُم دَبا کَر بھاگنا ۔ (محاورہ) ۔ ڈر کر بھاگ جانا۔
دَمادَم ۔ پے در پے ۔ متواتر۔ مسلسل۔
دِماغ عَرش پَر ہونا ۔ (محاورہ) مغرور ہونا ۔ خود پسند ہونا۔
دَمامَہ ۔ رونق ۔ چہل پہل ۔ نقارہ ۔ ڈنکا۔
دُمچی ۔ ساز کا وہ تسمہ جو گھوڑے کی دُم کے نیچے رہتا ہے ۔
دَمدَمَہ ۔ مورچہ ۔ قلعہ کی چاردیواری۔
دُمڑ ۔ دُم کی ایک شکل۔ (عوام)۔
دَمڑک ۔ چمڑے کا گول ٹکڑا جو تکلے میں ڈالتے ہیں۔
دَمڑی ۔ پیسے کا چوتھائی حصہ۔

دَمڑی کی بُلبُل ٹکا ہسکائی ۔ (بعدام) (مثل) کم قیمت چیز خرچ زیادہ۔ وہ چیز جس پر قیمت سے زیادہ خرچ بیٹھے۔
دَن سے ۔ تڑاق سے، دن کی آواز کے ساتھ۔
دِن بہ دِن (دِن بَدِن)۔ روز بروز ۔ پے در پے ۔ مسلسل۔ ہر روز۔
دِن پُورے ہونا ۔ مدت پوری ہونا۔ وقت گزرنا۔
دِن دُونی رات چوگنی ۔ روز بروز اور ساعت بہ ساعت زیادہ۔
دِن عید رات شَب بَرات (کہاوت) ۔ ہر وقت خوشی اور عیش و آرام کے موقع پر مستعمل ۔
دِن کو اُونٹ سُوجھتا ہی نہیں (دن کو اونٹ نظر نہ آنا) ۔ بہت کم زور نظر ہونا۔ بالکل اندھا ہے ۔ ایسا اندھا کہ بڑی سے بڑی چیز نہیں

دکھائی دیتی۔

دِن کو شیر رات کو بھیڑ۔ (کنایتہً) وقت پر ناکارہ اور بے وقت دلیر۔ ڈینگیا۔ شیخی باز (ق)۔

دِن دہاڑوں کو پہنچنا۔ بُری حالت میں ہونا۔ زار و زبوں ہونا۔ خستہ و خراب صورت احوال (ق)۔

دُنبال۔ عقب۔ پچھلا حصّہ۔ دُم پچھلا۔ کسی چیز کا سرا۔

دُنبالہ (دُنبالا)۔ پیچھا۔ دُم۔

دُنبالہ دار ستارہ۔ گچھے دار دُم دار ستارہ۔

دُنبے (دُنبا)۔ ایک قسم کا مینڈھا جس کی دُم بڑی چوڑی اور موٹی ہوتی ہے (صفت) موٹا۔ فربہ۔

دُنتیلا۔ (دَنتیلا)۔ بڑے دانتوں کا ہاتھی۔

دُند مچانا۔ (محاورہ) شور و غل کرنا۔ اودھم مچانا۔ ظلم و ستم کرنا۔

دَنداں شکن جواب۔ منھ توڑ جواب۔ ایسا سخت جواب جس کا جواب نہ بن پڑے۔

دَندنانا۔ عیش کرنا۔ مزے اُڑانا۔

دَنگا۔ جھگڑا۔ فساد۔ فتنہ۔ بغاوت۔ شرارت۔

دِنوندی۔ دن میں کم دکھائی دینے کا مرض۔ روزکوری (رتوندھی کی ضد)۔

دُنیا بھر کے نیاز بیٹے۔ بڑے جعل ساز۔ جھلیا۔ کائیاں۔

دُنیا بھر کے مُردے نانا منو گھاٹ (مثل)۔ غصّے اور بیزاری سے جب دھتکاتے ہیں یہ مثل زبان پر لاتے ہیں۔ قلیل الاستعمال۔

دُنیا سازی۔ بناوٹ۔ نمائش۔ ظاہرداری۔ مصنوعی اخلاق۔ دکھاوے کی باتیں۔

دُنیا سے نرالا۔ ہر ایک سے الگ۔ عجیب۔

دُنیا کا یہی کارخانہ ہے۔ ایسے محل پر کہتے ہیں جہاں یہ کہنا ہوتا ہے کہ دُنیا کو ایک حالت پر قرار نہیں۔

دُنیا کے۔ اس سرے۔ بہت دُور۔

دُنیا کے پردے پر نہ ہونا۔ دُنیا کے کسی گوشے میں نہ ہونا۔

دُنیا و مافیہا کا ہوش نہیں۔

کسی چیز کا ہوش نہیں ۔ بالکل
بے خبر ۔ مطلقاً لاتعلق ۔

دُنیا و مَا فِیہا ۔ یہ عالم اور
جو کچھ اس میں ہے ۔ دُنیا اور
دُنیا کے سارے متعلقات ۔

دَنیہ ۔ کمینہ ۔ رذیل ۔ (ت)

دُوآبہ ۔ دو دریاؤں کے درمیان
کی زمین ۔

دُو باگا ۔ دہری راس کا گھوڑا ،
(کنایتہً) مُنہ زور گھوڑا ، جس
کو قابو میں رکھنے کے لیے دو
باگیں لگاتے ہیں ۔

دُوت ۔ قاصد ۔ ایلچی ۔

دُوتا ۔ خمیدہ ۔ ٹیڑھا ۔

دُوتیا ۔ کہار کی ایک ذات ۔

دُوپَتا ۔ کنکوے کی ایک قسم جس
کی کانپ کے دونوں سروں پر
پان بنے ہوتے ہیں جن کا رنگ
کنکوے کے رنگ سے مختلف
ہوتا ہے ۔

**دُو پاؤں پر چڑھ جائے
ہوئے** ۔ (دو پائے پر
چڑھانا) ۔ بندوق کے
گھوڑوں کو ان کی انتہائی حد
تک پیچھے ہٹانا ۔

دُو پٹّی ۔ بہت تھوڑی ۔ مختصر
بات ۔

دُو پٹّی جَواب ۔ صاف جواب ۔
دو ٹوک جواب ۔

دُو پلّی ٹوپی ۔ ایک خاص قسم
کی بنی ہوئی ٹوپی جو باریک کپڑے
کی ہوتی ہے ۔

دُو پہر یا مَنانا ۔ دوپہر کے
وقت دھوپ سے آئے سایہ
میں بیٹھنا ۔

دُو پیازا ۔ (طباخی) کتری
ہوئی پیاز بطور ترکاری ڈال
کر پکایا ہوا گوشت ۔ کچی پیاز
ڈال کر پکایا ہوا گوشت چونکہ
اس کے ساتھ گھی میں بھنی ہوئی
پیاز بھی ڈالی جاتی ہے اس لیے
دوپیازا موسوم کیا جاتا ہے ۔

دُو چار ہونا ۔ (محاورہ) ۔
ملاقات ہونا ۔ آمنا سامنا ہونا ۔
آنکھیں ملنا ۔

**دُو دِل رَاضِی تو کیا کرے گا
قَاضِی** ۔ (کہاوت) فریقین
کی رضامندی میں حاکم دخل
نہیں دے سکتا ۔ دو شخص متفق
ہوں تو تیسرا شخص نقصان نہیں
پہنچا سکتا ۔

دُو دُو چونچیں ہونا ۔ دو
بٹیروں یا دوسرے لڑنے
والے پرندوں میں ہلکی سی
جھڑپ ہونا ۔

دُو دُو ہَاتھ ہونا ۔ ۱۔ لڑائی
ہونا ۲۔ آزمائش کے لیے تھوڑی
سی لڑائی ہو جانا ۔

دُو دَستہ ۔ دونوں طرف ۔ دُو رویہ ۔

دُو سیرا ۔ روپیہ کا دو سیر والا تمباکو کے لیے مستعمل ۔

دُو ڈبل ۔ دو پیسے ۔ علاقہ آگرہ و اودھ میں تین پائی والے انگریزی پیسے کا اصطلاحی نام ڈبل پیسہ ۔

دُو رُخے ۔ ایک قسم کا حقّہ (ق)

دُو رُخی ۔ ایک قسم کی سواری ۔ ایک طرح کی ڈولی ۔

دُو رُخی ڈلی ۔ ایک قسم کی کٹی ہوئی ڈلی ۔

دُو رِکابیے (دُو رِکابہ) ۔ بہت اونچا ۔ نسبتاً اونچا گھوڑا جس پر بیٹھنے کے لیے دو رکابیں ہوتی ہیں تاکہ اس پر آسانی سے سوار ہوا جاسکے ۔

دُو سار ۔ آرپار ۔

دُو لتیاں جھاڑنا ۔ دولتی ۔ لات مارنا ۔ دولتی چلانا ۔

دُو مُلّا (ملاؤں) میں مُرغی حرام ۔ (مثل) دو ہم دعویٰ اور ہم پیشہ آدمیوں میں کام بگڑ جاتا ہے ۔ دو آدمیوں کی بحث وتکرار کرنے سے اصل مطلب فوت ہوجاتا ہے ۔

دُوال ۔ چمڑے کا تسمہ ۔

دِوَالا نِکالنا ۔ (یا نکال دینا) ۔ (محاورہ) کسی کو زیر بار کرنا ۔ خسارہ ہونا ۔

دِوَالا نِکلنا ۔ (محاورہ) مال و دولت کا تلف ہو جانا ۔ حیثیت بگڑ جانا ۔ زیر بار ہو جانا ۔

دِوَالی ۔ ہندوؤں کا ایک مشہور تیوہار کاتک کی پندرہ تاریخ کو ہوتا ہے جس میں لچھمی کی پوجا کرتے اور علی الاعلان قمار بازی کرتے ہیں اور یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ اس روز کی جیت سے برس روز تک جیت رہتی ہے ۔

دَوَانہ (دیوانہ) ۔ (دیوانہ کا مخفف اور قدیم صورت) ۔ پاگل ۔ سودائی ۔ مجنوں ۔

دَوَاوِین (دیوان کی جمع) ۔ کسی شاعر کا مجموعہ کلام ۔

دُوب ۔ چھوٹی قسم کی عمدہ گھاس جو زمین پر جال کی شکل میں پھیلتی ہے ، گھوڑے خصوصاً اور دیگر مویشی عموماً اسے رغبت سے کھاتے ہیں ۔

دُو بَدُو ۔ آمنے سامنے ۔ مد مقابل ۔ روبرو ۔

دُو بھر ۔ (صفت) مشکل ۔ دشوار ۔ ناگوار ۔ بوجھ ۔

دُو دُو بک بتائی ۔ (دُوت دَبک بتانا) ۔ ڈانٹنا ۔ سرزنش ۔

کرنا ۔ لتاڑنا ۔
دُوْج ۔ قمری مہینے کے ہر پاکھ کی
دوسری تاریخ ۔
دُوْد اَفگن ۔ چمنی ۔ دھواں پھینکنے
والی نلکی ۔
دُوْدمَان ۔ خاندان ۔ قبیلہ ۔
کنبہ ۔ خانوادہ ۔
دُوْدھ پیتی ہو (دودھ پیتا کی
تانیث) ۔ شیر خوار ۔ ننھا ۔ بھولا ۔
ناتجربہ کار ۔ ناآزمودہ ۔
دُوْدھ کا دُودھ پانی کا پانی ۔
(مثل) پورا پورا انصاف ۔
کھرا اور کھوٹا الگ الگ ۔
**دُودھ کا جلا چھاج کو پھُونک
پھُونک کر پیتا ہے** (کہاوت)
جب ایک چیز سے کچھ ضرر پہنچ جاتا
ہے تو آدمی میں احتیاط پیدا ہو جاتی
ہے اور وہ پہلی چیز سے کم ضرر والی
شے سے بھی ڈرنے لگتا ہے ۔
دُودھ سے مکھی نِکالنا ۔ کسی قریبی
کو اپنے یہاں سے نِکال دینا ۔
بے دخل کر دینا ۔ بے تعلق
کر دینا ۔
**دُوْدھ کے دَانت نہیں ٹوٹے
ہیں** ۔ (مثل) ابھی تک کم عمر اور
کم سن ہیں ۔ نادان بچہ ہے ۔ نوعمر
ہے ۔ ناتجربے کار ہے ۔
**دُوْدھوں نہائیں پُوتوں
پھلیں** (دودھوں نہاو
پوتوں پھلو) ۔ (دعائیہ کلمہ) ۔
دولت اور اولاد بکثرت ملے
نصیب اچھا ہو ۔
دُوْدھ دُھوئے (دودھ
سے دھویا پڑا ہے) (محاورہ)
بہت صاف ہے ۔
دُوْدھِیا ۔ دودھ کا ۔ پراز شیر ۔
دودھ سے بھرا ہوا ۔ رسیلا ۔
دودھ دار ۲ ۔ دودھ میں ملی
ہوئی بھنگ ۔
دُوْدھیا لَٹُورَا ۔ سفید رنگ
کا ایک پرند (مجازاً) دودھ پر
نیت خراب کرنے والا ۔
دُوْر ۔ (کنایتہً) دانش مند ۔
دُور اندیش ۔ چالاک ۔
**دُور سے شَیطَان نے اُنگلی
دِکھائی** ۔ جب کوئی قاعدے
سے بات کرتے کرتے بے قاعدہ بات
کرنے لگتا ہے تو کہتے ہیں ۔
دُوْر کی سُوجھنَا ۔ (محاورہ) ۔
خیال میں کوئی باریک بات آنا ۔
نکتہ سوجھنا ۔
دُوْر کی کَوڑی لَانَا ۔ باریک
بینی کرنا ۔ دُور کی بات سوچنا ۔
عاقبت اندیشی کے ساتھ قدم
اٹھانا ۔
دُور کے ڈھول سُہانے ۔
(مثل) ڈھول کی آواز قریب
کی بہ نسبت دُور سے بھلی معلوم

ہوتی ہے، یہ کہاوت ایسے موقع پر بولی جاتی ہے جہاں کسی غائب شخص یا چیز کی ایسی تعریف کی جائے جو حقیقت میں اس کے لائق نہ ہو۔

دُوربِیں - دور اندیش - عقل مند۔

دَوڑ آئی ہے - (پولیس آئی ہے) - وہ لوگ جو مجرم کے گرفتار کرنے کے لیے بھیجے جاتے ہیں، دشمن یا مجرموں کی گرفتاری کے واسطے۔

دَوڑ دُھوپ - سعی و کوشش۔ تلاش و تجو۔ محنت و مشقت۔ دار و دہش۔

دَوڑنا دَھوپنا - کوشش اور سعی کرنا۔ تگ و دو کرنا۔ محنت و مشقت کرنا۔

دُوسُرمے (دوسرمہ) - ایک قسم کا سُرمہ (ق)۔

دُو شَاخے (دوشاخہ) - شمع دان جس میں دو شمعیں روشن کی جاتی ہیں۔

دُو شَالہ - پشمینہ کی دوہری چادر۔

دُوشیزہ - کنواری عورت۔ کنواری لڑکی - باکرہ۔

دُوغ - چھاچھ - مٹھا - وہ دودھ جس میں سے مکھن نکال لیا گیا ہو۔

دُو گال ہنسنا بولنا - تھوڑا سا ہنسی مذاق کرنا۔

دُوگانہ (دوگانہ) - اوباش عورتوں کی اصطلاح میں اس عورت کو کہتے ہیں جو چپٹی لڑاتی ہو۔

دُولاب - رہٹ - چرخ۔

دُولڑا (دولڑا) - دو لڑکا ہار۔

دُولھا نہیں بنے تو براتیں تو دیکھی ہیں - کام کیا نہیں تو کیا ہوا، کام کا تجربہ تو رکھتے ہیں۔

دَوا و دَرمَن - علاج معالجہ۔ تیمارداری - چارہ گری۔

دَوا دَوِش - دوڑ دھوپ - کوشش، محنت۔

دَوائی - دَوا - علاج۔

دَوّار - بہت گھومنے والا - بہت گردش کرنے والا - دورہ کرنے والا (بیشتر آسمان کی صفت کے طور پر مستعمل)۔

دُوْن - پہاڑ کی تلیٹی - گھاٹی - درہ کوہ۔

دُوْن پَرَوَر - کمینوں کی سرپرستی کرنے والا - سفلوں کا قدردان۔

دُوْن کی لینا - (محاورہ) - ڈینگ مارنا - خودستائی کرنا۔ شیخی بگھارنا۔

دُوں مَنش - کمینہ - رذیل - ذلیل - گھٹیا۔

دونا - پتوں کا پیالہ - پتل جس میں دکان دار پھول، مٹھائی، دہی وغیرہ رکھ کر دیتے ہیں۔

دونگڑا - برسات کی پہلی بارش جو خوب زور سے ہو۔

دونوں وقت ملنا - شام ہونا۔ جھٹ پٹا ہونا۔

دُوَا - تاش کا پتا جس پر دو نشان ہوں۔ دُکی۔

دُوہَتّڑ - دونوں ہاتھ کے ساتھ تھپڑ مارنا۔ دونوں ہاتھوں کی ضرب۔

دُوہَر - دوہری چادر - دولائی۔

دُہرا - پتنگ بازی کا ایک پیچ۔

دِہاتَن - (دیہاتی کی تانیث) دہائی۔ گنوار - جاہل۔

دُہائی دینا - مظلوم کا فریاد کرنا۔ کسی کا نام لے کر فریاد کرنا۔

دَہریا - ملحد - خدا کو نہ ماننے والا۔ لامذہب۔

دَہشت - ڈر - خوف - خطرہ۔

دُہل - ڈھول۔ نقارہ۔

دَہلیز - چوکھٹ - ڈیوڑھی۔ دروازہ۔

دُہنیت - چکنائی - چکناہٹ۔ چکنا پن۔

دَہی بڑے - کھانے کی ایک قسم جو عام طور پر ماش کی دال بھگو کر پیس لیتے ہیں پھر اس میں مسالے وغیرہ ملا کر چھوٹی پوریوں کی شکل میں تیل یا گھی میں تل کر دہی میں ڈالتے ہیں نیز بیسن سے بھی بنائے جاتے ہیں۔

دَھاڑے کا دَھاڑا - بڑی بھیڑ - کثیر مجمع - (کثرت اور انبوہ کے لیے مستعمل ہے)۔

دَھاک - رعب داب - دبدبہ۔

دَھان پان - دبلا پتلا - لاغر۔ نازک اندام۔

دَھانی - ہلکا سبز۔

دَھاوا بولنا - (محاورہ) حملہ کرنا - چڑھائی کرنا۔

دَھاندلی - بے ایمانی - مکر - فریب۔

دَھاوَت - شہدوں کا سرگروہ۔ شہدپن - جام پر جام چڑھانے والے کثرت سے پینے والے مگر بدمست نہ ہونے والے کو کہتے ہیں۔

دُھرانا - (پرانے کا تابع مہمل)۔ پرانا دھرانا۔

دُھپ - دھول - تھپڑ۔

دُھپیانا - دھپ لگانا - دھول جمانا - تھپڑ مارنا۔

دَھت - ایک کلمہ جو فیل بان

ہاتھی کو چلانے کے لیے کہتے ہیں۔
دَھت میل ۔ ہاتھی ہانکنے
کی آواز ۔ ہاتھی کو چلانے کی
آواز ۔
دَھتا بتانا ۔ (محاورہ) ٹالنا۔
رفو چکر کرنا ۔ نکال دینا۔ ترک
کرنا ۔
دَھتُورا (دھتورہ) ۔
ایک خاردار زہریلا پودا جس
کا بیج نشہ آور ہوتا ہے۔ یہ دواؤں
میں استعمال ہوتا ہے۔
دُھتیا پرشاد ۔ بنیے بقال
کو کہتے ہیں ۔ دھوتی پہننے والے
کو مزاح سے کہتے ہیں (مزاحاً)
ہندو ۔
دَھجیاں اُڑانا ۔ ٹکڑے
ٹکڑے کرنا۔ سخت سزا دینا ۔
ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔
دُھرپت ۔ (دُھرپد) ۔
ایک قسم کا ہندی راگ ۔
دَھرتی دَھمک ۔ ۱۔ زمین
کو دہلانے والی بھاری وزنی
توپ ۲۔ گرانڈیل ہاتھی ۔
دَھرے نہ جائیں ۔ مصیبت
میں نہ پڑیں۔ پکڑے نہ جائیں ۔
دَھر دَھر کے پوچھنا ۔
زور دے کر پوچھنا۔ بار بار
دریافت کرنا۔
دَھڑ پکڑ (دھر پکڑ) ۔
گرفتاری ۔ مار پیٹ ۔
گدم گدا ۔
دُھر ۔ سیدھا راستہ جو منزل
تک پہنچ جائے۔
دُھرّے اُڑانا ۔ (محاورہ)
زد و کوب کرنا ۔ درے لگانا۔
چابک مارنا، بخیہ ادھیڑنا ۔
دھجیاں بکھیرنا ۔ ذلیل و
خوار کرنا ۔
دُھرَم ۔ ایمان ۔ عقیدہ ۔
انصاف ۔ مذہب ۔ ملت۔
دَھرم شاستر ۔ مذہبی قوانین
کا مجموعہ ۔ منو کی کتاب قوانین۔
دَھڑکا ۔ خوف ۔ ڈر ۔
اندیشہ ۔
دَھڑلّے (دھڑلا) ۔ شان
و شوکت ۔ رعب داب ۔
دَھک دَھکانا ۔ زیادہ
سرخ چیز کا دمکنا ۔
دَھک دَھک کرنا ۔ (محاورہ)
دھڑکنا ۔ بے قرار ہونا ۔
مضطرب ہونا ۔
دُھکدُھکی ۔ (دگدگی ،
دھگدگی ، دھکدگی) ۔
گلے کے ایک زیور کا نام جو
سینے پر لٹکتا رہتا ہے ۔
دُھس بندی ۔ مورچہ بندی۔
قلعہ بندی ۔
دَھما چوکڑی ۔ بچوں کا کودنا

اُچھلنا۔ دھینگا مشتی کرنا۔ دنگا
فساد۔ اودھم۔

دَھما دَھمی۔ ناچ کی ایک قسم (ق)۔

دَھمَدَھمانا۔ (دَھم دھمانا)۔
دروازے پر ہاتھ مارنا۔

دَھمڑ دَھمڑ۔ (عور) جلدی
جلدی غصّے میں کسی کو مارنا۔

دُھن۔ برج۔ قوس۔

دُھن کا پکّا۔ ارادے کا مضبوط۔
اپنی ہٹ پر قایم رہنا۔

دَھنّا دینا۔ جم کر بیٹھنا۔
دُھنی دینا۔

دَھنّا سری۔ سری راگ کی
راگنی جو چھ سروں سے مرکب
ہے اور عموماً بعد دوپہر
گائی جاتی ہے۔

دَھنّا سیٹھ۔ بڑا دولت مند۔
بہت مال دار۔ امیر کبیر۔

دُھنیا۔ روئی دھنکنے والا۔ (مجاز)
معمولی حیثیت کا۔

دَھنیاں گننا۔ چپ چاپ۔
بے کار پڑا رہنا۔

دَھندا۔ کاروبار۔ پیشہ۔
ہنر۔

دِھنک دِھنّا۔ طبلے پر
ناچ کی تال کا ٹھیکا۔ تال کے
ساتھ یا تال پر۔

دَھنی۔ دولت مند۔ مال دار۔

دَھنی۔ شہتیر۔ کڑی۔ دھنی اس
لٹھے کو کہتے ہیں جو زیادہ تر چوکور
اور شہتیر سے چھوٹا ہوتا ہے۔

دُھوبی۔ کپڑے دھونے والا۔

دُھوپ چھاں (چھاؤں)۔
ریشمی کپڑے کی ایک قسم جس
کا تانا ایک رنگ کا اور بانا
دوسرے رنگ کا ہوتا ہے (مجاز)
تنوع، ادلا بدلی، ایک وضع پر
قائم نہ رہنا۔

دُھوپا۔ دھوکا۔ جس بات
کی کچھ اصلیت نہ ہو (عوام کی
زبان)۔

دُھوپ کی تمازت۔ دھوپ
کی حرارت اور تیزی۔

دُھوتر۔ ایک قسم کا موٹا چھدرا
کپڑا۔

دَھوتی کی لانگ۔ دھوتی
کا وہ حصّہ جو آگے سے لے جاکے
پیچھے گھرس لیتے ہیں۔

دُھوکے کی ٹٹی۔ فریب میں
لانے والی یا مغالطہ دینے
والی شے۔

دَھول۔ دھپ۔ تھپڑ۔
چانٹا۔

دَھول دَھپّا۔ ایک
دوسرے کو تھپڑ مارنا۔
چھیڑ چھاڑ۔

دُھوم دَھڑکّے۔ شان و

شوکت۔

ڈھوڑی ۔ سادھوؤں کا الاؤ کرنا۔

ڈھوڑی رَمَانَا ۔ (محاورہ)۔ دھونی جگانا۔ کسی جگہ بیٹھ رہنا۔

ڈِھیلا ۔ آدھا پیسہ۔ دلالوں کی اصطلاح میں پچاس روپے۔

ڈِھیلے ڈِھیلے کو۔ کوڑی کوڑی کو ۔ تھوڑی رقم۔

دَھونسا ۔ بڑا نقارہ۔ بڑا ڈھول جو شادی بیاہ، فوج کے پہرے نیز رمضان المبارک میں سحر اور افطار کے وقت بجایا جاتا ہے۔

دَھونسا کا دَھونسا ۔ (مراداً)۔ بھاری بھرکم۔ تنومند۔

دِھیرَج ۔ (ہندو)۔ صبر، استقلال۔ تحمل۔ ثابت قدمی۔

دِھیلی ۔ آدھا روپیہ۔ اٹھنی۔ دو دو دو آنے یا پچیس پیسے۔

دِھینگا مُشتی ۔ گھونسے مُکے کی لڑائی۔ ہاتھا پائی۔ دست درازی۔

دِید بَانی ۔ مشاہدہ۔ محافظت۔ نگاہ داشت۔

دِید نہ شُنِید ۔ عجیب۔ دیکھا نہ سُنا۔

دِیدَہ دَلیل ۔ (دیدہ دلیر) (عو) بے حیا۔ بے شرم۔ بے مروت۔ بد لحاظ۔

دِیدَہ رِیزی ۔ ۱۔ باریک کام جس کے کرنے سے آنکھوں پر زور پڑتا ہے۔ ۲۔ کسی کام میں بہت زیادہ غور کرنا۔

دِیدے پھاڑ کر دیکھنا ۔ (محاورہ)، آنکھیں ٹٹول کر دیکھنا۔ گھورنا۔

دِیدَہ دِلیری ۔ جرآت، بے باکی۔ شوخ چشمی۔

دِیدے کا پانی ڈھلنا ۔ (محاورہ)۔ غیرت جاتی رہنا۔ بے حیا ہو جانا۔ پاس و لحاظ نہ ہونا۔

دِیدَہ ڈھوئی ۔ بے شرم۔ بے غیرت۔ ڈھیٹ۔ شوخ۔ گستاخ۔

دَیا ۔ بخشش۔ عنایت۔ نوازش۔ مہربانی۔

دَیا بھئی رَکھنا تھ کی، تو لجئی دو نوں جُون ۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی دونوں جہان کی سرخ روئی ہے (ق)۔

دِیا سَلائی ۔ چھوٹی سی لمبی لکڑی کی تیلی جس کے ایک سرے پر آتش گیر مادہ لگا ہوتا ہے جو گھسنے سے جل اُٹھتا ہے۔

دِیَار (دَار کی جمع) ۔ ۱۔ گھر

۲- ملک - شہر -
دِیبَا - ایک قسم کا ریشمی کپڑا - اطلس -
دِیَا وَنت - صاحب رحم وکرم - دیالو - کرم فرما - رحم دل -
دِیبِی - (دیوتا کی تانیث) - ۱- دیوی ۲- کنیا - کنواری - معصوم لڑکی -
دَیجُور - اندھیرا - تاریکی -
دِیدَارُو - شکیل - خوش شکل - نظروں کو بھانے والا -
دِیدَہ - آنکھ - شوخ آنکھ -
دِیکھی تیری کاپی اور ہاون پُورے اُجاڑ (مثل) - کوئی اپنے خاندان اور جائداد کے متعلق شیخی مارے تو کہتے ہیں، تمہاری اصلیت اور حقیقت معلوم ہے، محض دکھاوے کی باتیں اور ٹیم ٹام ہے -
دِین کا رکھا نہ دُنیا کا - (دین کا نہ دُنیا کا) - کسی کام کا نہیں - نکما -
دِین و دُنیا کو رو بیٹھنا - کہیں کا نہ رکھنا -
دِینے میں نہ لینے میں - لاتعلقی کا اظہار - غیر متعلق - کسی قسم کا کوئی تعلق نہیں (ق) -
دِیو اَستھَان - دیوتاؤں کے رہنے کی جگہ - مندر -

دِیزَہ - گھوڑا - خچر یا گدھا جس کی پیٹھ پر کالی دھاری ہو -
دَیُّوث - بے حیا - بے غیرت - بھڑوا -
دِیُوتَا - اوتار - بزرگ - مقدس - (طنزاً) مکار - شریر -
دِیوَر - خاوند کا چھوٹا بھائی -
دَیہِیم - تاج -

ڈ

ڈاب - پرتلا، پیٹی یا چوڑا تسمہ جس کو تلوار وغیرہ لٹکانے کی غرض سے کمر پر باندھتے ہیں -
ڈَابَر - جھیل - تالاب -
ڈَار - جانوروں کا جھنڈ یا قطار - پرندوں کی قطار -
ڈَارلِنگ (انگریزی) - پیارا - پیاری - بہت زیادہ عزیز -
ڈاڑھ تک گرم نہ ہونا - بہت تھوڑی سی چیز کھانے کے محل پر بولتے ہیں -
ڈاڑھ گرم ہونا (محاورہ) ۱- کچھ کھانا ۲- رشوت لینا -

ڈاڑھی جار - ایک قسم کا کوسنا۔ (دیہاتیوں کی زبان)۔

ڈاڑھی چڑھانا - (محاورہ) ڈاڑھی کے دونوں طرف کے بالوں کو کنگھی سے اونچا کرکے کپڑے کی ٹی سے باندھنا۔

ڈاڑھی کا خیال نہ ہونا - اپنی عزت کا خیال نہ ہونا۔ بے غیرت آدمی سے یہ کہتے ہیں۔

ڈاڑھی کتروانا - ڈاڑھی کے بال قینچی سے کتروانا۔

ڈاڑھی کھانا - شرط باندھ کے آم کھانے کا ایک طریقہ۔

ڈاڑھی منڈوانا - اپنی صداقت کا ثبوت دینے کے لیے مشروط طریقے سے بولتے ہیں۔ ڈاڑھی کو استرے سے صاف کروانا۔

ڈاڑھی مونچھ لگا کے - مرد ہو کے۔ جب کوئی مرد عورتوں کی سی باتیں کرتا ہے تو عورتیں طنز یا مزاح یا غصے سے کہتی ہیں۔

ڈاڑھی مونچھ کا خیال رکھنا۔ اپنی عزت اپنی مردانہ شرافت کا خیال رکھنا۔

ڈاڑھی مونچھ والا ہو کے - مرد ہو کے (عورتوں کی زبان)۔

ڈاڑھی میں تنکا - ملزم ہمیشہ اپنے افعال و حرکات سے پہچانا جاتا ہے۔ جب کوئی شخص کسی کے عام طعنے اور کنایہ کو اپنی طرف گمان کرے تو یہ مثل بولتے ہیں۔

ڈاڑھیں مار کر رونا - (محاورہ) بلند آواز سے رونا۔

ڈاک - گاڑی جس میں چٹھیاں جائیں۔

ڈاک بٹھانا - (محاورہ) - قاصد پر قاصد روانہ کرنا، چوکی بٹھانا - تقاضے پر تقاضا بھیجنا۔

ڈاک بیٹھنا - (محاورہ) - گھوڑے یا آدمیوں کی چوکی کسی کو بہ عجلت لے جانے کے لیے مقرر کرنا - مسلسل جماہیاں آنا۔ کثرت سے جماہیاں آنا۔

ڈاک خانہ - ڈاک گھر۔

ڈاک کا ہرکارہ - چٹھی رساں۔ وہ شخص جس کا کام پیہم خبر لانا اور پہنچانا ہو۔

ڈاک کارٹ (بریلی کارٹ)۔ ایک قسم کی سواری۔

ڈاک لگنا - (محاورہ) - متواتر قے ہونا۔ بار بار پیاس معلوم ہونا (عورتوں کی زبان) آدمی پر آدمی آنا۔

ڈاکا ڈالنا / مارنا ۔ ڈاکا زنی کرنا ۔ لوٹنا ۔ غارت گری کرنا ۔

ڈاکا زنی ۔ لوٹ مار ۔ غارت گری ۔ ڈاکا مارنے کا کام ۔

ڈاکِٹ ۔ (انگریزی) ۔ سرکاری یادداشت ۔ عدالت میں دائر شدہ مقدمات کی فہرست ۔

ڈاکٹر (ڈاکٹر) ۔ انگریزی علم طب کا ماہر ۔ حکیم ۔ طبیب ۔ (انگریزی اصول سے علاج کرنے والا ۔

ڈاکٹر خانہ ۔ اسپتال ۔ انگریزی شفاخانہ ۔

ڈال ڈال ۔ ایک ایک شاخ پر ۔ ڈالی ڈالی ۔

ڈالی ۔ ٹوکری جس میں میوہ رکھ کر حکام کو پیش کرتے ہیں ۔ وہ ترکاری یا پھل جو سرکاری باغوں سے ملازموں اور افسروں کو بھیجی جائے ۔

ڈال کے ٹوٹے ۔ جس جگہ صاف صاف بے وقوف اور احمق کا لفظ کہنے سے بچتے ہیں وہاں کسی اسم یا ضمیر کے ساتھ مخاطب کی حماقت اور نادانی کا اظہار کرتے ہیں ۔

ڈانٹ ڈپٹ ۔ گھڑکی ۔ دھمکی ۔ ڈراوا ۔

ڈانٹنا (ڈاٹنا) ۔ پہننا ۔ زیب بدن کرنا (عورتوں کی زبان) ۔

ڈانڈا ۔ ملک کی سرحد ۔ سرحد ۔ حد بندی کرنے والی لکیر ۔

ڈانڈی ۔ ایک قسم کی ڈولی جس پر آدمی بیٹھ کر سفر کرتے تھے ۔

ڈانک ۔ سنہرہ یا روپہلا کاغذ جو نگینے کے پیچھے چمک بڑھانے کے رکھ دیا جاتا ہے ۔

ڈانگ ۔ ۱۔ پچھلا سک ۔ اونچی پہاڑی ۔ ۲۔ لاٹھی ۔ ڈنڈا ۔

ڈانواں ڈول ۔ ڈگمگاتا ہوا ۔ مذبذب ۔ پریشان حال ۔

ڈانواں ڈول ہونا ۔ ڈگمگ ڈگمگ ہونا ۔

ڈاہ ۔ ۱۔ جلن ۔ ۲۔ رشک ۔ حسد ۔ ۳۔ دشمنی ۔ خصومت ۔

ڈائن ۔ جادوگرنی ، جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ آنکھوں ہی آنکھوں میں کلیجا کھا جاتی ہے ۔

ڈاین بھی سات گھر بچا کر کھاتی ہے ۔ ظالم کو بھی پڑوسیوں کا لحاظ ہوتا ہے ۔ ہر جگہ طمع کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں ۔

ڈب ۔ طاقت ۔ قوت ۔ زور ۔ حکومت ۔

ڈِبّا ۔ چمڑے کا صندوق ۔

بڑی ڈبیا۔
ڈبیا میں بند کرنے یا رکھنے کے قابل ۔ بڑی حفاظت اور احتیاط سے رکھنے کے قابل (بطریق استہزا)۔
ڈبرا ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ ۔ چھوٹا گڑھا جس میں پانی بھر جاتا ہے ۔
ڈبل ۔ دُگنا ۔ دو چند ۔ فربہ ۔ موٹا (ا ر ر ر) پیسا ۔ اس معنی میں عوام بہ تشدید حرف دوم بولتے ہیں ۔
ڈبل پیسہ ۔ تانبے کا موٹا بڑا پیسہ ۔ انگریزی پیسہ ۔
ڈبل کوچ ۔ دوگنا سفر ۔ دوگنی منزل ۔
ڈبلیو ۔ فربہ ۔ موٹا ۔
ڈپارٹمنٹ ۔ محکمہ ۔ سرشتہ ۔ شعبہ ۔
ڈپٹ ۔ دھمکی ۔ ڈانٹ ۔
ڈپٹا ہوا جانا ۔ (تانیث کے لیے ڈپٹی ہوئی جانا) ۔ جلدی جلدی جانا ۔ تیزی کے ساتھ جانا ۔
ڈپٹی کلکٹری ۔ نائب کلکٹر کا عہدہ ۔
ڈپلوما ۔ سند ۔ سرٹیفکٹ ۔
ڈٹاڑ ۔ جماؤ ۔ مجمع ۔ بھیڑ ۔
ڈربا / ڈربہ ۔ ڈڑبا ۔ دربا ۔ کابک ۔
ڈرائنگ رُوم ۔ دیوان خانہ ۔ ملاقات کا کمرہ ۔
ڈرائیور ۔ گاڑی چلانے والا ۔ ہانکنے والا ۔
ڈرپوکنا ۔ (تانیث ڈرپوکنی) ۔ بزدل ۔ بودا ۔ کمزور ۔
ڈرتا ڈرتا ۔ ہچکچاتا ہوا ۔ جھجکتا ہوا ۔
ڈرتے ڈرتے ۔ دہشت زدہ ہوکر ۔ بچتے بچتے ۔ محتاط ہوکر ۔ دبی زبان سے ۔
ڈڑھ خمہ (ڈیڑھ خمہ) ۔ ایک وضع کا حقہ ۔ ایک قسم کا حقہ ۔
ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس ضلع کا اعلیٰ پولیس افسر ۔
ڈسمس ۔ (انگریزی) ۔ خارج ۔ نامنظور (دعویٰ مقدمہ ، درخواست وغیرہ) ۔
ڈسموَلی (ڈِس مَولی) ۔ ایک قسم کی شراب ۔ شراب کا نام ۔
ڈفالی ۔ ڈف بجانے والا ۔
ڈفلی ۔ دائرہ ۔ چھوٹا دف ۔ ڈفلا ۔
ڈکار تک نہ لینا ۔ (محاورہ) ۔ کسی کی اچھی خاصی رقم اس طرح ہضم کر لینا کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو ۔

ڈکاریں آنا۔ (ڈکار لینا)۔ (محاورہ) معدے کی ہوا بار بار منھ سے خارج ہونا۔

ڈکیٹ۔ قزاق۔ ڈاکو۔ لٹیرا۔

ڈگ۔ قدم۔

ڈگ۔ گھونسا (بازاریوں کی زبان)۔

ڈگڈگی۔ ایک قسم کا چمڑے سے مڑھا ہوا باجا جو عموماً بندر/ریچھ والے یا مداری بجایا کرتے ہیں۔

ڈگری۔ حکم۔ فیصلہ۔ فرمان عدالت۔ جائداد کے فیصلے میں حکم حاصل کرنا۔

ڈگی۔ لاغراندام گھوڑی کے لیے کہتے ہیں۔

ڈلوکا دسہرا۔ قدیم زمانے میں برات کے آگے آرائش کے ذیل میں عجیب الہیئت انسان ہوتا تھا جس کے ساتھ اور بھی ہنسانے والی چیزیں ہوتی تھیں (عورتوں کی زبان)۔

ڈلی۔ سپاری۔ چھالیہ۔

ڈمرو۔ ایک قسم کا باجا۔ ڈگڈگی۔

ڈمشک میگزین۔ ایک انگریزی جریدہ کا نام۔

ڈنٹھل۔ کسی سبزی، ترکاری یا پتے کا وہ حصہ جو شاخ سے جڑا ہوتا ہے۔

ڈنڈ۔ بازو۔

ڈنڈ بل (پہلوانوں کی اصطلاح) زور بازو۔

ڈنڈپیل۔ ورزشی۔ کسرتی۔ توانا۔ ڈنڈ پیلنے والا۔

ڈنڈ مارنا۔ (محاورۂ قدیم)۔ اطمینان سے بیٹھنا۔ فکر و تردد سے نجات پانا۔

ڈنڈ ملنا۔ (پہلوانی)۔ تعریف کرنا۔ شاباش دینا۔

ڈنڈا لگانا۔ (محاورہ) لاٹھی سے مارنا۔ (چرم سازی) چرم پر برش سے چربی لگانے کا عمل جس سے اس کی سطح چکنی ہوجاتی ہے۔ کشتی کا ایک داؤں۔

ڈنڈا سنبھالنا۔ جاتے کے لیے تیار ہوجانا۔

ڈنڈوت۔ (ہندو) آداب۔ سلام۔ پرنام۔

ڈنڈی۔ ترازو۔ ترازو کی لکڑی۔

ڈنر۔ عشائیہ۔ رات کا کھانا۔

ڈنٹر پیلنا۔ ورزش کرنا۔ ڈنٹر پیلتی ورزش کرنا۔

ڈنٹر مگدر کرنا۔ ورزش سے مراد ہے۔

ڈنکا۔ دھونسے کی قسم کا

باجا لیکن اس کی نسبت بہت چھوٹا اور ہلکا ہوتا ہے جیسے آدمی آسانی سے گلے میں لٹکا کر بجا سکے۔ نقارہ جو اُمرا و سلاطین کی سواری کے آگے رہتا تھا۔

ڈِنگو نیوَر (انگریزی)۔ گردن توڑ بخار۔ ایک وبائی بخار جس سے جسم میں سخت درد ہوتا ہے۔ یہ ایک خاص قسم کے مچھر کے کاٹنے سے پیدا ہوتا ہے۔

ڈُب پَر ڈُب۔ لگاتار بدن سے پسینہ آنا۔

ڈورے ڈالنا (محاورہ)۔ (کنایتہً) محبت آمیز باتیں یا اشارے کر کے اپنی طرف مائل کرنا۔ دامِ محبت میں پھنسانا۔

ڈورِیے۔ شکاری کتوں کا محافظ یا سدھانے والا۔

ڈول۔ کنویں سے پانی نکالنے کا برتن جو چمڑے یا لوہے کا ہوتا ہے۔

ڈولی۔ ایک قسم کی زنانی سواری جس کو دو کہار اُٹھاتے ہیں۔

ڈوم۔ ۱۔ میراثی۔ ڈھاڑی۔ گویا۔ ۲۔ ایک نیچ قوم جو ٹوکریاں اور چٹائیاں بناتی ہے اور مرگھٹوں پر کام کرتی ہے۔

ڈومنی۔ (ڈوم کی تانیث)۔ ایک قوم جس کا پیشہ گانا بجانا ہے۔ میراثن۔

ڈَون اَ پان ہِم۔ (انگریزی)۔ اس کو قابو کر لو۔ قابو کرنا۔ دبوچنا (ق)۔

ڈونگی پر ڈونگی۔ چھوٹی کشتی پر چھوٹی کشتی (مراداً) کشتیوں کی کثرت۔

ڈُوئیل۔ (انگریزی) دو بدو جنگ۔ جھگڑا نمٹانے کے لیے دو شخصوں کی لڑائی۔

ڈوہ کا ڈوہ (ڈھو کا ڈھو) بہت تنومند۔ لحیم شحیم۔ قد میں بڑا اور وزنی۔

ڈہکانا۔ ترسانا۔ گمراہ کرنا۔ دھوکا دینا۔

ڈُہوری۔ (ڈیوڑھی)۔ دہلیز۔ درگاہ۔ آستانہ (ق)۔

ڈھاٹا۔ کپڑے کی پٹی جسے مُنھ کے گرداگرد باندھ کر ڈاڑھی چڑھاتے ہیں۔ وہ کپڑا جس سے مردہ کا مُنھ باندھ دیتے ہیں تاکہ کھلا نہ رہے۔

ڈھارس۔ سہارا۔ تسلی۔ حوصلہ۔

ڈھاڑوں۔ ابتر حالت۔ ناگفتہ صورتِ حال۔ بری گت (ق)۔

ڈھاڑی۔ ڈوم۔ میراثی۔

ڈھاڑی بچّہ۔ ڈھاڑی کی اولاد۔

ڈھاک کے تین پات ۔ (مثل) اپنی بات پر اڑا رہنے اور کسی دلیل کے قائل نہ ہونے کے موقع پر بولتے ہیں ۔ • مفلس، نادار کی نسبت بولتے ہیں۔ بے حقیقت ۔

ڈھال ۔ تیز تلوار یا نیزے وغیرہ کا وار روکنے والا آلہ جو اکثر گینڈے کے چمڑے کا توے کی شکل کا گول ہوتا ہے ۔

ڈھانڈے (ڈھانڈا) ۔ پرانا کبوتر ۔ بوڑھا (بیل)

ڈھائی تلے کا چمر ودھا ۔ ایک نوع کا چمر ودھا جوتا جس کا تلا بہت مضبوط اور موٹا ہوتا ہے ۔

ڈھائی چانول / چاول گلانا / پکانا ۔ (محاورہ) سب سے الگ رائے رکھنا ۔ دوسروں سے الگ تھلگ کام کرنا ۔ اکل کھرا پن اختیار کرنا ۔

ڈھب ۔ ڈھنگ ۔ روش ۔ طریقہ ۔ وضع ۔ انداز ۔

ڈھپیا ۔ (پتنگ بازوں کی اصطلاح) پتنگ اڑانے کا ایک انداز ۔ (ق) ۔

ڈھٹھ بندی (ڈھٹ بندی) ۔ جادو یا شعبدے کے اثر سے کچھ کا کچھ نظر آنا ۔ نظر بندی ۔ شعبدہ بازی ۔

ڈھٹائی ۔ بے شرمی ۔ بے حیائی ۔ شوخی ۔

ڈھڈر ۔ بڑھیا عورت ۔ بے شرم عورت ۔ جھکی عورت ۔

ڈھرے پر آنا ۔ (محاورہ) راہ پر آنا ۔

ڈھرے پر نہ آنا ۔ راہ پر نہ آنا ۔ قابو میں نہ آنا ۔

ڈھکوسلا ۔ بے قرینہ بات ۔ مہمل بات ۔ لغو کلام ۔ خرافات ۔

ڈھکیانا ۔ زبردستی سے لے جانا ۔ قوت اور زور کے بل پر لے جانا ۔ ناراضی سے لے جانا (ق) ۔

ڈھلک جانا ۔ وفات پا جانا ۔ مر جانا ۔ فوت ہو جانا ۔

ڈھلمل ۔ مذبذب ۔ متلون مزاج ۔ ڈگمگ ۔ لڑکھڑانا ۔

ڈھنڈس ۔ تلاش ۔ جستجو ۔ کھوج ۔

ڈھنڈوریا ۔ ڈھنڈورچی ۔ منادی کرنے والا ۔

ڈھو کا ڈھو (ڈھٹو کے ڈھٹو) ۔ ڈھو (صفت) تنومند ۔ قوی، لڑکوں کا ایک کھیل جس کو کبڈی کہتے ہیں ۔ مبالغے کے لیے ڈھٹو کا ڈھٹو ۔ قد میں بڑا اور وزنی ۔ ہٹا کٹا ۔ لحیم شحیم ۔

ڈھول کے اندر پول (ڈھول کا / کے پول - (مثل) ظاہری نمائش بہت اور اصلیت کچھ نہیں - جھوٹا بھرم -

ڈھولا - (عو) بے وقوف - احمق - عاشق مزاج آدمی - ایک قسم کا گیت -

ڈھولک - (ڈھول کی تصغیر) چھوٹا ڈھول -

ڈھولکی - چھوٹا سا ڈھول -

ڈھولنا - گول اور لمبا سونے چاندی کا زیور جس کی صورت ڈھول سے مشابہ ہوتی ہے، عورتیں ریشم کے تاروں سے گندھوا کر گلے میں پہنتی ہیں -

ڈھولی - زیادہ سے ہزار، کم سے کم دو سو یا ایک سو پانوں کا مٹھا -

ڈھونچے (ڈھونچا) - (ریاضی) ساڑھے چار کا پہاڑا -

ڈھیٹ - بے باک - بے شرم - بے حیا - گستاخ -

ڈھیر کرنا - (محاورہ) مار ڈالنا - قتل کرنا - (عوام کی زبان) -

ڈھینکلی (ڈھینکلی) - پانی نکالنے کی لمبی لکڑی جس کے ایک طرف بھاری پتھر اور دوسری طرف ڈور کی رسی باندھی جاتی ہے - قلا بازی -

ڈھیلا ڈھالا - سست - کمزور - مضمحل -

ڈھیلے کیجیے - ادا کیجیے - خرچ کیجیے -

ڈھیلم (ڈھلم) - (پتنگ بازی) پتنگ کو ڈور پلانا - ڈھیل دینا -

ڈھئی دینا - (عو) جم کر بیٹھنا - ایک جگہ جم جانا - کسی جگہ بیٹھ کر پھر وہاں سے نہ اٹھنا -

ڈیپوٹیشن (ڈپوٹیشن) (انگریزی) وہ نمائندہ جماعت جو کسی خاص کام کے لیے بھیجی جائے - وفد -

ڈیڈیکٹو پولیس - سراغ رسانی کا فریضہ انجام دینے والی پولیس - خفیہ کام کرنے والی پولیس (ق)

ڈیر (انگریزی) محبوب - عزیز -

ڈیریا - کہار - ایک نیچ ذات -

ڈیمٹ ڈیمٹ - لعنت بھیجیے بھول جاؤ - دل سے نکال دو (ق) - ڈیم اِٹ کا بگاڑ -

ڈینگ اڑانا - (محاورہ) - غرور کرنا - اترانا - شیخی بگھارنا -

ڈینگ کی لینا - (محاورہ) - ڈینگ اڑانا - تکبر کرنا - گھمنڈ کرنا -

ڈینگ ہانکنا - شیخی بگھارنا -

ڈینگیا - شیخی مارنے والا -

لاف زن۔ بڑبولا۔

ڈیمنڈ ۔ (انگریزی) رد کیا ہوا۔ راندہ ہوا۔ متردد۔ مسترد۔

ڈینیوب ۔ ایک مشہور دریا۔

ڈیوٹ ۔ چراغ دان۔ شمع دان۔ (صفت) بے وقوف۔ احمق۔

ڈیوٹی ۔ فرض۔ فرض منصبی۔

ڈیوڑھا ۔ ایک اور آدھا۔ ایک قسم کا سود جو پچاس فی صدی لیا جاتا ہے۔

ڈیوڑھی ۔ دہلیز۔ درگاہ۔ آستانہ۔

ڈیوک ۔ (انگریزی) انگلستان میں سب سے بڑے درجے کے امیر کا خطاب۔

ذ

ذَاتُ الذَّنب (ذَاتُ الجَنب) ۔ (طب) درد جو پسلیوں کی اندرونی سطح پر منڈھی جھلی کے متورم ہونے سے ہوتا ہے۔

ذَات شریف ۔ چالاک۔ شریر۔ فتنہ انگیز (طنزاً) بد ذات کو کہتے ہیں۔

ذَبح ۔ شرعی طور پر حلال کرنا۔ گلا کاٹنا۔

ذُرِّیات ۔ (ذریت کی جمع)۔ اولاد، نسل۔ تخم۔

ذَقَن ۔ ٹھوڑی۔ زنخداں۔

ذَقَن بھرنا ۔ ذقند بھرنا۔ جست کرنا۔ اُچھل کر ایک جگہ سے دوسری جگہ ہو رہنا۔ ڈگ بھرنا۔ چھلانگ لگانا۔ کود پھاند کرنا۔

ذَقَند ۔ چھلانگ۔ جست۔ اُچھل کود۔ چوکڑی۔

ذَکاوت ۔ ذہن کی تیزی۔ زیرکی۔ طباعی۔ ذہانت۔ فراست۔ دانائی۔

ذُکور (جمع ذکر کی)۔ نر۔ مرد۔

ذَکی ۔ تیز فہم۔ ذہین۔ ہوشیار۔ زود فہم۔

ذَکیُ الطبع ۔ طبیعت کا ذہین۔ عقل مند۔ سمجھ دار۔ زیرک۔

ذِلّت ۔ رُسوائی۔ توہین۔ ہتک۔ حقارت۔

ذلیل کرنا (محاورہ) رُسوا کرنا۔ شرمندہ کرنا۔

ذِمّی ۔ اسلامی حکومت کا غیر مسلم باشندہ۔

ذَمیم ۔ بُری چیز۔ خرابی۔ قابل بُرائی۔

ذَمیمہ ۔ بُرائی۔ بدی۔ بُرا۔ خراب۔

ذَنب ۔ گناہ۔ پاپ۔ قصور۔

بُرا کام۔

ذُوالاِقتِدَار ۔ اختیار و طاقت رکھنے والا۔ اعلیٰ مرتبت۔

ذُوی الاِحتِرَام ۔ صاحب احترام۔ صاحب عزت۔ مرتبے والا۔

ذُوالفِقَار ۔ حضرت علیؓ کی تلوار کا نام۔

ذُوالمَجدِ وَالاِحتِرَام ۔ شرف اور احترام والے۔ لائق احترام بزرگی والا۔

ذُوالمِنَن ۔ بخشش اور احسان کرنے والا۔ خدا کی صفت۔

ذِہَانَت ۔ ذہن کی تیزی۔ ہوشیاری۔ ذکاوت۔

ذِی جَودَت ۔ تیز فہم۔ ذہین۔

ذِی خُلق ۔ ملنسار۔ خوش مزاج۔

ذِی رُوح ۔ جان دار۔ انسان۔ حیوان۔

ذِی شُعُور ۔ دانا۔ ہوشیار۔

ذِی عَقل ۔ عقل مند۔ سمجھ دار۔

ذِی مُرَوَّت ۔ مروت والا۔

ذِی مَقدَرَت ۔ صاحب حیثیت۔ صاحب مقدور۔

ذِی ہُوش ۔ سمجھ والا۔ ہوشیار۔

ذِیابیطس ۔ ایک بیماری جس میں پیشاب بکثرت آتا ہے اور شدت کی پیاس لگتی ہے۔

ذَیل ۔ ۱۔ جو نیچے درج ہو۔ ۲۔ گروہ۔ زمرہ۔

ر

رَات آنکھوں میں کاٹنا۔ (آنکھوں میں رَات کاٹنا) (محاورہ) رات بھر جاگ کر گزارنا۔ تمام رات بالکل نہ سونا۔

رَات بھیگنَا ۔ (محاورہ)۔ رات کو خنکی ہو جانا۔ رات کا سرد ہو جانا۔ آدھی رات کے بعد کا حصہ۔

رَات تیر کَرنا ۔ (محاورہ) تکلیف دہ رات بسر کرنا (عورتوں کی زبان)۔

رَات جَانَا ۔ (محاورہ) رات گزرنا۔

رَات ڈَھلنَا ۔ (محاورہ) نصف شب گزر جانا۔ آدھی رات کے بعد رات ڈھلنا شروع ہو جاتی ہے۔

رَاتِب ۔ روزانہ اور مقررہ خوراک۔

رَاتوں رَات ۔ رات بھر میں۔ تمام شب میں۔ رات کے وقت۔

بہت جلد۔

راج ہنس ۔ شاہی خاندان۔ راجوں کا خاندان۔

راج ہٹ ۔ راجہ کسی کی نہیں مانتا۔ اپنی ضد پر اڑا رہنا۔

راجن ۔ ایک نہایت مضبوط قسم کا لوہا جس کے چاقو بنائے جاتے ہیں۔

راح ۔ خوشی۔ راحت۔ شاد ہونا۔ مزے اڑانا۔ مطلب حاصل ہونے کے قریب ہونا۔

رازیانج ۔ سونف۔ بادیان۔

راس لیلا ۔ کرشن جی اور ان کی گوپیوں کا کھیل۔

راست باز ۔ سچا۔ ایمان دار۔ دیانت دار۔

راستہ بتانا ۔ چکما دینا۔ حیلے حوالے کرنا۔

راستہ ناپنا ۔ جب کوئی تھوڑی دیر کے لیے آئے اور آکر چلا جائے اس کی نسبت کہتے ہیں کہ راستہ ناپنے آیا تھا۔ چلتے ہو۔

راسخ ۔ مضبوط۔ پائدار۔ پکا۔ اٹل۔

راسی ۔ دارو۔ شراب (ق)۔

راشی ۔ (اردو کا تصرف) ناجائز نذرانہ یا پیسہ لے کر کام کرنے والا۔ رشوت خور۔ گھونس لیوا۔ مرتشی۔

راغ ۔ جنگل۔ مرغزار۔ پہاڑ کا دامن۔ تلہٹی۔

راکب ۔ اونٹ۔ گھوڑے یا کسی بھی سواری کا سوار۔ سواری لینے والا۔

راکش (راکس)۔ بھوت۔ عفریت۔ جن۔ خبیث روح۔

رام رام ست ہے ۔ خدا سچا ہے۔ (ہندو ارتھی کے ساتھ یہ جملہ کہتے ہوئے چلتے ہیں)۔

رامش گری ۔ گانے اور ناچنے کا کام یا پیشہ۔ راگ الاپنا۔ راگ رنگ۔

ران پڑی ۔ شہسواری میں پڑی جمانے کا انداز۔

ران پڑی جمانا ۔ (محاورہ) گھوڑے سواری کے کرتب دکھانا۔

رانْدے (راندہ)۔ مردود۔ نکالا ہوا۔ ملعون۔

راندے ہی جاؤ گے ۔ ذلت کے ساتھ نکالے جاؤ گے۔

رانڈ ۔ بیوہ۔ کلمہ طنز و تحقیر، گالی کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔ وہ عورت جس کا شوہر مرگیا ہو۔

رانڈ کا چرخہ / چرخا ۔ (مجازاً) سلسلہ جو ختم نہ ہو یا بہت طویل ہو۔

رانڈ کا سانڈ ۔ (مجازاً) رانڈ کی اولاد۔ بے پروا۔ نڈر۔ فکر و

غم سے آزاد۔

رَنڈوا ۔ وہ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو۔ (طنزاً) کام چور۔ کاہل۔ پست ہمت۔

راذِل ۔ سردار۔ جوگی۔

رائٹ ہینڈ ۔ (انگریزی) دائیں جانب۔

رائِحَہ (رَائِحَہ) ۔ بو۔ باس۔ خوشبو۔ مہک۔

رائِحَہ رُوح اَفزا ۔ رُوح کو فرحت بخشنے والی خوشبو۔

راؤٹی ۔ دوچوبہ۔ تنبو۔ ایک قسم کا چھوٹا خیمہ۔ چھولداری۔

رائی ۔ ایک قسم کا سرسوں سے مشابہ اناج۔ بہت تھوڑی مقدار۔

رُباب ۔ سارنگی کی طرح کا ایک تاردار چوبی باجا۔ تنبور جس کے نچلے حصّے پر کھال منڈھی ہوتی ہے، لکڑی کی مضراب سے بجایا جاتا ہے، یہ صوبۂ سرحد کا باجا ہے۔

رُبع مَسکُون ۔ زمین۔ کرۂ ارض۔ ہفت اقلیم۔ دُنیا۔

رِپ رِپ ۔ چلنے میں پاؤں کی آواز ۲۔ قینچی سے بار بار کاٹنے کی آواز (عورتوں کی زبان)۔

رَپَاٹا ۔ تیز راستہ چلنا۔ تیز مسافت طے کرنا (بازاری زبان)۔

رَپَٹ ۔ (انگریزی لفظ رپورٹ کا بگاڑ) ۔ خبر۔ اطلاع۔ کسی جرم یا وقوعہ کی اطلاع۔

رَپَٹ لکھانا ۔ کسی واقعہ یا جرم کی اطلاع پولیس کو دینا۔ تھانے کے رجسٹر میں جرم کی خبر درج کرانا۔

رِپُورٹ ۔ ۱۔ اطلاع۔ خبر۔ ۲۔ وہ تحریر جس میں کارروائی درج ہو۔

رِپُورٹَر (انگریزی) ۔ اطلاع دینے والا۔ نامہ نگار۔

رَتجگا ۔ (رَت جگا) ۔ (عو) خدائی رات۔ ایک قسم کی خوشی کے موقع پر رات بھر گلگلے وغیرہ پکا کر دن کو حضرت فاطمہؓ کی نیاز دلواتی اور مسجد کا طاق بھرتی ہیں۔ شب بیداری۔

رَتوندھی (رَتوندی) ۔ شب کوری۔ آنکھ کی ایک بیماری کا نام جس سے رات کو نہیں دکھائی دیتا۔

رَتھ ۔ چوپہیا سبک اور خوبصورت بیل گاڑی جس پر سائے کے لیے برجی کی شکل کی چھت ہوتی ہے جسے بنگلہ کہتے ہیں۔

رَتّی ۔ قسمت۔ تقدیر۔

رَتّی رَتّی ۔ ذرا ذرا۔ ایک ایک

حبہ - بالکل - تمام - سراسر -
رَٹ - ایک سواری کا نام -
رَجَبی - حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج شریف کا جشن - تقریب یا عرس جو ۲۷ رجب کو منایا جاتا ہے -
رَجِسٹر - یادداشت کی کتاب - حاضری کی کتاب -
رِجِسٹری - داخلہ - اندراج - اندراج فہرست -
رَجعَتِ قَہقَری - اُلٹے قدم پھرنا - سابقہ حالت کی طرف لوٹنا -
رِجمنٹ (رِجمٹ) - پلٹن - فوج - آٹھ سو یا ہزار سپاہیوں کا دستہ -
رُجُوع - واپس ہونا - لوٹنا - راغب ہونا -
رِجھانا - خوش کرنا - مائل کرنا - فریفتہ کرنا - لبھانا - مسرور کرنا -
رَجِیم - مردود - ہنکایا ہوا - پتھر مارا ہوا - (مراداً) شیطان -
رُخ - شطرنج کا ایک مہرہ -
رُخ پھرنا (محاورہ) - عاجز ہونا - تنگ ہونا - زچ ہونا -
رُخ چھوٹ چھوٹ جانا - ہمّت ہار دینا -
رُخسارِ تابان - بہت گورا گال -
رَخنَہ اَنداز - خلل ڈالنے والا - مزاحمت کرنے والا - مانع -

رَخنَہ اَندازی - مزاحمت - خلل -
رِدائیں - (ردا کی جمع) - چادر - اوڑھنی -
رَدّے چڑھانا (رَدّہ / رَدّا) (محاورہ) - دیوار کی اینٹوں کی ایک قطار - اینٹ پر اینٹ یا مٹی کی تہہ پر تہہ رکھنا - چنائی پر چنائی کرنا -
رَدِیف - جو گھوڑ سوار کے پیچھے ہو - غزل میں قافیہ کے بعد جو لفظ بار بار آئے -
رَذالَت - سفلہ پن - کمینگی - پاجی پن -
رَذِیلوں (رَذِیل) - کمینہ - پاجی - بے شرم - بے حیا - بد معاش -
رَزانَت - مضبوطی - سنجیدگی - وقار - بُردباری - پختگی -
رَزائی (رضائی) - رنگے ہوئے کپڑے کی روئی دار دلائی یا پتلا لحاف جو جاڑے کے موسم میں ہند و پاکستان میں سوتے وقت اوڑھتے ہیں -
رِزَرو (انگریزی) - مخصوص - محفوظ - خاص -
رَس بھری - رس دار - شیریں - خوش ذائقہ - مکو کی قسم کا ایک کھٹ مٹھا پھل جس میں بکثرت

بیج ہوتے ہیں۔

رِسَالَت مَآب ۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں۔

رِسَالدار ۔ ایک رسالہ کا افسر۔ سو سواروں کا افسر۔

رَسَان رَسَان ۔ دھیرے دھیرے۔ آہستہ آہستہ۔ چپکے چپکے۔ دھیمی رفتار کے ساتھ۔

رَستخیز ۔ قیامت۔ روز حساب۔ محشر۔ حشر۔

رَسَد ۔ ذخیرہ۔ فوج کے لیے اناج، کھانے کا سامان۔

رَسم ۔ دستور۔ ریت۔ رواج۔

رَسا مَسا ۔ گیلا۔ بھیگا ہوا۔ تر۔ نم۔

رَسنا (اصطلاح)۔ چوٹ پڑے مگر خون نہیں آیا، ایسی چوٹ کو استاد لوگ اصطلاح میں رَسنا کہتے ہیں۔

رَسنا بَسنا ۔ رہنا سہنا۔ پھولنا پھلنا۔ طبیعت اور مزاج پر چھا جانا۔ فارغ البالی سے بسر ہونا۔

رِسنا ۔ رمائع کا برتن کے باریک سوراخوں یا زخم وغیرہ سے) بہنا۔ چونا۔ ٹپکنا۔ ریزش کرنا۔

رَسوت ۔ ایک کڑوی دوا جو ایک پودے کا رس ہے جس کا لیپ آنکھوں پر یا بچوں کا دودھ چھڑاتے وقت ماں کے پستانوں پر کرتے ہیں۔

رُسوخِیَت ۔ ربط ضبط۔ اعتبار۔ اعتماد۔ مضبوط پن۔

رَسوئی ۔ (ہندو) کھانا۔ بھوجن۔ کھانا کھانے اور پکانے کی جگہ۔

رَسّی تُڑا کر بھاگنا (رسیاں توڑ / تڑا کر بھاگنا) ۔ بے تحاشا بھاگنا۔ جان چھڑا کے بھاگنا۔ پیچھا چھڑانے کے لیے بھاگنا۔

رَسّی جَلی مَگر رَسّی کا بَل نہ گیا ۔ (مثل) دولت، عزت یا وقعت جاتی رہی مگر غرور نہ گیا یا آن میں فرق نہ آیا۔

رَسیا ۔ (آب کاری)۔ شراب کا عادی اور ہروقت نشہ میں رہنے والا شخص۔ ہروقت پیے رہنے والا۔ رنگین مزاج۔ شوقین۔ رنگیلا۔ طرح دار۔

رَسُیّا (رسوئیا) ۔ خانساماں۔ باورچی۔ بکاول۔

رَسیلے نَینا ۔ نشیلی آنکھیں۔ مدبھری آنکھیں۔ لگاوٹ باز آنکھیں۔

رِشتہ ۔ ۱۔ قرابت۔ عزیزداری۔ ۲۔ دھاگا۔ تاگا۔

رِشتہ ناتا - قرابت خواہ نسبی ہو خواہ شادی ہو جانے کی وجہ سے ہو۔ رشتہ داری۔ قرابت داری۔

رَشک - کسی کی خوبی یا خوش بختی دیکھ کر یہ خیال کرنا کہ ہمیں بھی یہ خوبی یا خوش بختی حاصل ہو جائے (لیکن اس کے پاس بھی رہے)۔

رِشوَت - ناجائز نذرانہ۔ نذرانے کے طور پر حاصل کی ہوئی ناجائز رقم۔

رَشیقہ - پاکیزہ و نفیس تحریر یا خط۔

رِشی - سَنت، مُنی۔ خدا پرست۔ زاہد۔ تپسیا یا ریاضت کرنے والا برہمن۔ گیان دھیان کرنے والا۔

رَضا - خوشنودی۔ خوشی۔ رغبت۔

رِضوَان - بہشت کے داروغہ کا نام۔

رَطبُ اللِسان - زبان سے میٹھے بول نکالنے والا۔ شیریں زبان۔ تر زبان مراد شکر گزار سے ہے۔

رَطل - شراب کا پیالہ۔

رَطلِ گِراں - بڑا پیمانہ یا پیالہ (شراب کا)۔

رَطُوبات - رطوبتیں جو جسمِ انسانی میں پائی جاتی ہیں۔

رَطُوبَت - تری۔ نمی۔ سیل۔ تازگی۔ نرمی۔

رَعد - آواز جو ابر سے پیدا ہوتی ہے۔ جو دو بجلیوں سے پیدا ہوتی ہے۔

رَعشَہ - ۱۔ کپکپی۔ تھرتھراہٹ ۲۔ ایک بیماری کا نام جس میں بدن کانپتا ہے۔

رَعنا - ۱۔ خوش خرام ۲۔ خوش رنگ۔ نازک۔ خوبصورت ۳۔ ایک پھول جس کی بیچ کی پنکھڑیاں زرد اور اردگرد کی سُرخ ہوتی ہیں۔

رَعُونَت - غرور۔ سرکشی۔ نخوت۔ ناز۔ تکبّر۔

رَغید - عیّار۔ چالاک۔ پُرفن۔

رِفارمَر - (انگریزی) مصلح۔ اصلاح کرنے والا۔

رَفاقَت - ۱۔ ہم راہی۔ ساتھ۔ سنگ ۲۔ میل جول۔ صحبت ۳۔ وفاداری۔ خیرخواہی۔

رِفاہ پہنچانا - فائدہ کرانا۔ نفع پہنچانا۔

رِفق - نرمی۔ ملائمت۔

رَفوچکر ہونا - (محاورہ)۔ چل دینا۔ بھاگ جانا۔

رَفِیع ۔ سربلند ۔ اونچا ۔ اعلیٰ۔

رَقَابَت ۔ ہمسرانہ چشمک ۔ حریفوں کا باہم رشک یا حسد یا مقابلہ ۔ ہم چشمی ۔ ہم سری۔

رَقّاص ۔ ناچنے والا۔

رِقّت ۔ نرمی ۔ رونا ۔ نالہ و فریاد ۔ گریہ و بکا۔

رِقّت انگیز ۔ جس پر رونا / رحم آئے۔

رَقِیب ۔ ۱۔ ہم چشم ۔ حریف ۲۔ ایک معشوق کے عاشقوں (میں) سے کوئی ایک ۳۔ محافظ نگہبان۔

رَقیبِ رُوسیاہ ۔ ایک عاشق اپنے معشوق کے دوسرے عاشق کو جل کے کہتا ہے۔

رَقم کھانا ۔ ناجائز طریقے سے کسی کا روپیہ پیسہ ہتھیا لینا۔

رَقِیق ۔ پتلا ۔ نرم ۔ ملائم۔

رَقِیقُ القَلب ۔ نرم دل ۔ رحم دل ۔ مہربان ۔ وہ شخص جو کسی کی تکلیف سے جلد متاثر ہو جائے۔

رِکاب دار ۔ دسترخوان لگانے اور کھانا پیش کرنے والا شخص ۔ کھانے کے آب و نمک اور ذائقے کی جانچ کرنے والا پیشہ ور جو کہ ایسا ماہر امرا کے ہاں ہوتا ہے اور متوسط الحال گھرانوں میں باورچی ہی اس خدمت کو انجام دیتا ہے اس لیے باورچی کو رکاب دار بھی کہہ دیتے ہیں ۔ وہ نوکر جو امیروں کے گھوڑے کے ساتھ دوڑتا ہے ۔

رِکابی ۔ طشتری ۔ مٹی ، چینی یا کسی دھات کا چھوٹا بڑا پھیلا ہوا برتن ۔ پلیٹ۔ تشتری۔

رُکان (رکانے) ۔ ڈھب۔ ڈھنگ ۔ طریقہ (کسی کام میں استادانہ مہارت کا)۔

رُکُوع ۔ جھکاؤ ۔ جھکنا ۔ نماز میں سجدہ سے قبل گھٹنے پر ہاتھ رکھ کر جھکنا۔

رُکھائی ۔ بے رخی ۔ روکھاپن۔ بے مروتی۔

رَکھ پَت رَکھا پَت ۔ جو دوسروں کی عزت کرتا ہے لوگ اس کی عزت کرتے ہیں ؛ عزت کرو، عزت پاؤ۔

رُکھیشر ۔ رشی اور منیوں کا سردار ۔ عابد۔

رَگِ جاں میں نشتر لگانا ۔ بہت زیادہ بے تاب کرنا ۔ بہت زیادہ بے چین کرنا۔

رگِ حمیّت جوش زن ہونا۔ ناگوار خاطر بات کو سن کے برداشت نہ کر سکنا۔

رگ رگ میں شوخی بھری ہونا۔ بہت شوخ طرار ہونا۔

رگ رگ میں شوخی ہونا۔ بہت شوخ اور نہایت طرار ہونا۔

رگ رگ میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہونا۔ کوئی وصف کسی کی ذات میں نمایاں طور پر ہونا۔

رگ رگ میں شوخی کوٹ کوٹ کر بھری ہونا۔ کسی شخص میں بے انتہا شوخی پائی جانا۔

رگِ ہاشمی جوش زن ہونا۔ بنی ہاشم کو شجاعت کا جوش ہونا۔

رگڑا۔ گھسنا۔

رگید کے مارنا۔ بھاگتے ہوئے تعاقب کر کے اسے پکڑنا اور مارنا۔

رگید رگید کے مارنا۔ گھیر گھیر کے دوڑا دوڑا کے مارنا۔

رگیدنا۔ پیچھا کرنا۔ پامال کرتے ہوئے چلنا۔ نڈھال کر دینا۔

رم۔ بھاگنا۔ وحشت۔ جدائی۔

رم۔ ایک شراب کا نام۔

رمّال۔ علمِ رمل کے ذریعے غیب کی باتیں بتانے والا۔ جوتشی۔ نجومی۔

رمانا۔ (جسم پر دھول یا راکھ) ملنا۔ جسم کو آلودہ کرنا۔

رمنا۔ پھرنا۔ سیر کرنا۔ بسنا۔ سمانا۔ چراگاہ۔ شکارگاہ۔

رمنا جوگی۔ وہ ہندو فقیر جو مارا مارا پھرتا ہے اور کہیں ٹھہرتا نہیں۔

رم جھم۔ پانی برسنے کی آواز۔

رمز۔ اشارہ۔ بھید۔

رمز و کنایہ۔ باریکیاں۔ پوشیدہ نکتے۔

رمز و کنایہ کی گھاتیں ہونا۔ اشاروں اشاروں میں باتیں ہونا۔

رمضان شریف دروازے پر کھڑے ہیں۔ گھر میں کھانے کو نہیں ہے۔

رمق۔ تھوڑی سی جان۔ رہی سہی جان۔ دم واپسیں۔ خفیف اثر۔ شائبہ۔

رمل۔ ایک فن کا نام ہے جس میں ہندسوں کے ذریعے غیب کی باتیں دریافت کرتے ہیں۔ یہ فن حضرت دانیال نے

ایجاد کیا تھا۔ عربی میں رَمل ریت کو کہتے ہیں۔ ابتداء میں ہندسے ریت پر لکھے اور مٹائے جاتے تھے اس لیے یہ نام پڑ گیا اس علم کا جاننے والا رمال کہلاتا ہے۔

رُمُوزِ سَربَستہ ۔ راز جو پوشیدہ ہوں۔ وہ باتیں جو صیغۂ راز میں ہوں۔

رَن ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ رزم گاہ۔ میدان جنگ۔

رَن مَہتَاب ۔ میدان جنگ میں جلائی جانے والی مشعل ۔ روشنی کا گولا جو میدان جنگ میں روشنی کے لیے رات کو چھوڑتے ہیں۔

رَنج وغَم دُور ہو جَانَا ۔ صدمہ دل سے محو ہو جانا۔

رَنجِش ۔ رنج ۔ آزردگی ۔ اَن بَن۔ بگاڑ۔

رَنجَک ۔ بارود جو بندوق یا توپ کے پیالے میں آگ دینے کے واسطے رکھی جاتی ہے ۔ چورن ۔ سفوف ۔

رَنجَک چَاٹ جَانَا ۔ بارود جب آگ پکڑتی ہے اور بندوق یا توپ نہیں چلتی تو کہتے ہیں رنجک چاٹ گئی ۔

رِند ۔ شرعی باتوں کا مذاق اُڑانے والا ۔ آزاد (مجازاً) شرابی ۔

رَندوں (رَند) ۔ وہ سوراخ جو قلعہ کی دیوار میں اس غرض سے رکھتے ہیں کہ غنیم پہ اندر سے فیر کریں ۔

رِندِ خَرَابَات ۔ وہ رند جس کا زیادہ وقت شراب نوشی اور شراب خانوں میں گزرے۔

رَنڈاپا ۔ بیوگی ۔ بیوہ ہونے کی حالت ۔

رَنڈاپا دیکھنَا ۔ (محاورہ) ۔ بیوگی کا زمانہ دیکھنا۔

رَنڈاپے میں بَسَر کَرنَا ۔ (محاورہ) بیوگی کی حالت یا عمر کے دن کاٹنا ۔

رَنگ آمیزی ۔ نقاشی ۔ مصوری۔ عبارت آرائی۔

رَنگ اُچھلنَا ۔ (محاورہ) ہولی یا نوروز میں ایک دوسرے پر رنگ ڈالا جانا۔

رَنگ اُچھالنَا ۔ (محاورہ) رنگ پھینکنا ۔ رنگ ڈالنا ۔

رَنگ بَاز ۔ ۱۔ جھوٹا تقدس ظاہر کر کے لوگوں پر اپنی دھاک جمانے والا ۔ وہ شخص جو بڑا جعلیا مگر ظاہر میں شریف ہو۔ ۲۔ جواری۔

رَنگ بَرَنگ ۔ طرح طرح کا۔ مختلف رنگوں کا۔ گونا گوں۔
رَنگ پھیکا ہونا ۔ (محاورہ) بے اثر ہو جانا۔ کم وقعت ہو جانا۔ اہمیت کھو دینا۔
رَنگ جمانا ۔ (محاورہ)۔ ۱۔ اثر ڈالنا۔ رسوخ پیدا کرنا ۲۔ بُنیاد ڈالنا۔ ۳۔ رونق دینا۔
رَنگ ڈالنا ۔ پانی میں گھولا ہوا رنگ کسی پر ڈالنا۔ کسی کپڑے پر رنگ کرنا۔
رَنگ ڈھنگ ۔ ۱۔ حال چال۔ چال چلن۔ برتاؤ ۲۔ سلوک۔ عادت ۳۔ خصلت حالت۔ کیفیت۔
رَنگ ڈھنگ دیکھنا ۔ (محاورہ) حالت دیکھنا۔ کیفیت دیکھنا۔
رَنگ رلیاں منانا ۔ (محاورہ) گلچھرے اُڑانا۔ عیش و عشرت کی باتیں کرنا۔
رَنگ ریز ۔ کپڑے رنگنے کا پیشہ کرنے والا۔
رَنگ ریزی ۔ کپڑا رنگنے کا عمل۔ کپڑوں کی رنگائی۔ رنگ ریز کا پیشہ۔
رَنگے سیار ۔ ایسا شخص جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔ مکار۔ عیار۔
رَنگ فق ہونا ۔ (محاورہ) کسی صدمے، خوف یا حیرت کی وجہ سے چہرے کا رنگ اُتر جانا۔
رَنگ لائی گلہری ۔ نئے نئے پر پرزے نکالنے والے یا شیخی شان دکھانے والے (بطور پھبتی استعمال کرتے ہیں)۔
رَنگ ہی اور ہے ۔ شان ہی دوسری ہے۔ بہت جاذب نظر انداز ہے۔
رَنگت ۔ تاثر کی کیفیت جو چہرے سے نمایاں ہو۔
رَنگترے (رَنگ ترا)۔ ایک قسم کی بڑی اور میٹھی نارنگی یہ نام محمد شاہ رنگیلے کا رکھا ہوا ہے۔
رَنگیلا ۔ بانکا۔ چھیل چھبیلا۔
رَنگیلا جوان ۔ عاشق مزاج۔ رنگین طبع۔
رَنگین ادائی ۔ طرح داری۔ خوش ادائی۔
رَنگین طبع ۔ زندہ دل۔ خوش مزاج۔
رَو ۔ ۱۔ دُھن۔ خیال ۲۔ رٹ۔ ضد۔
رَو میں ۔ دُھن میں۔ خیال میں۔

رُوبَراہ ۔ درست ۔ ٹھیک ۔ مقابل ۔ صحیح ۔
رُوبَرُو ۔ آمنے سامنے ۔ مقابل ۔
رُوبَکار ۔ سامنا کرنا ۔ پیش ہونا ۔ وہ قبالہ جو حاکم کے سامنے لکھا جائے ۔
رُوبُکاری ۔ کارروائی ۔ مقدمے کی پیشی ۔ حاضری ۔ سرکاری چٹھی ۔
رُوباہ ۔ لومڑی ۔ ثعلب ۔ (کنایتہً) بزدل آدمی ۔ مکار آدمی ۔
رُوپ اَور رِسن کی رَسم ۔ شادی کی ایک رسم جو دولھا سے مخصوص ہے ۔
رُوپُوش ۔ مُنہ چھپائے ہوئے ۔ پوشیدہ ۔ بھاگا ہوا ۔ وہ جو کسی مقدمے کی تفتیش پر غیر حاضر ہو جائے ۔
رُوپُوشی کَرنا ۔ مُنہ چھپانا ۔ نظروں سے اوجھل ہونا ۔
رُو بَیٹھنا ۔ (محاورہ) ۔ گم کر دینا ۔ ضائع و برباد کر دینا ۔
رُوپ بھَرنا ۔ (محاورہ) ۔ بھیس بدلنا ۔ اپنی صورت بدلنا ۔ حسین بنانا ۔
رُو پیٹ کر (کے) بیٹھ رہنا ۔ (محاورہ) صبر کر لینا (عورتوں کی زبان) ۔
رُوپیہ اَینٹھنا ۔ چالاکی کے ساتھ کسی سے روپیہ حاصل کرنا ۔ غلط طریقے سے کسی سے روپیہ لینا ۔
رَو رَو کے ڈھیر کَرنا ۔ بہت رونا ۔ زار و قطار رونا ۔
رُوتے کو ہنسانا ۔ ایسی بات کہنا کہ غمگین سے غمگین آدمی ہنس دے ۔
رُوٹھنا ۔ چھوٹے کا بڑے سے آزردہ ہونا ۔
رَوادار ۔ ۱۔ کسی فعل کو مباح اور جائز رکھنے والا ۲۔ گوارا کرنے والا ۳۔ غیر متعصب ۔
رَوادار ہونا ۔ جائز سمجھنا ۔ گوارا کرنا ۔
رَوادار نہ ہونا ۔ (محاورہ) جائز نہ سمجھنا ۔ گوارا نہ کرنا ۔
رُوانسا (روہانسا ۔ روانسا) ۔ رونے پر آمادہ ۔ رنجیدہ ۔ ناراض ۔ رونی صورت بنانے والا ۔
رَوانی ۔ اصول موسیقی کی ایک قسم ۔ نئے نئے مضامین کا جلد جلد ذہن میں آنا ۔ بے تکلفی ۔
رِوایَت ۔ ماجرا ۔ سرگزشت ۔ فسانہ ۔ نقل ۔
رِوایَت کہنا ۔ قصّہ کہنا ۔ حکایت

نقل کرنا۔
رُوٹ ۔ بڑی اور موٹی روٹی ۔ (روٹی کا اسم مکبر)۔
رُوٹی ۔ ا۔ نان ۔ چپاتی ۔ پھلکا ۔ ۲۔ مردے کے چہلم کا کھانا۔
رُوٹی پانا ۔ روزی پانا ۔ آذوقہ پانا۔
رُوٹی کپڑا ۔ نان نفقہ ۔ کھانے اور کپڑے کا خرچ۔
رُوٹی کھائے دس بارہ، دُودھ پیے مٹکا سا، کام کرنے کو ننھا بچا لاا ۔ (مثل) اس کی نسبت کہتے ہیں جو کام چور ہو اور سہولتوں کا طالب ۔ بڑا کاہل۔
روٹی نہ کپڑا سینت میت کا بھڑا ۔ (روٹی کا نہ کپڑے کا سینت میت کا بھڑا) ۔ (کہاوت) مفت میں قبضہ یا اختیار جتاتا ہے ۔ ایسے ناکارہ شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو مُفت خوری کے باوجود رعب جمائے یا اکڑفوں دکھائے۔ ایسے شوہر کی نسبت غصّے سے کہتی ہیں جو بیوی کی خبرگیری نہ کرے۔
روٹی لینا (محاورہ) کسی کو بے روزگار کر دینا ۔ کسی کی روزی چھین لینا ۔
رُوٹی چلنا ۔ (محاورہ) ۔ پیٹ پالنے کی صورت نکلنا ۔ کھانے کو ملنا۔

گزر بسر کرنا ۔
رُوٹیاں کھانا (محاورہ) کمائی کھانا ۔ کسی کام یا پیشے کو اختیار کرکے اس کی آمدنی سے اپنا پیٹ پالنا ۔
رُوح القُدُس ۔ حضرت جبرائیل۔
رُوح اللہ ۔ حضرت عیسیٰ کا لقب، عیسائیوں کے نزدیک روح القدس
رُوح پر صدمہ ہونا ۔ صدمۂ عظیم ہونا ۔
رُوح پھڑکنا ۔ کمال تفریح ہونا ۔ بہت لُطف آنا ۔ طبیعت خوش ہونا ۔
رُوح پرور ۔ روح کو پالنے والا ۔ دل کو فرحت بخشنے والا۔
رُوح پیاسی نظر آنا ۔ (محاورہ) روح کا کسی چیز کی طلب میں بے تاب ہونا ۔
رُوح تحلیل ہونا ۔ (محاورہ) قوت سلب ہونا ۔
رُوح ٹھٹھری جانا (محاورہ)۔ بے انتہا سردی معلوم ہونا ۔
رُوحِ رواں ۔ جانے والی روح ۔ (کنایۃً) وہ شخص جس کی ذات پر دار و مدار کسی کام کا ہو ۔ اصل چیز۔
رُوح شاد ہونا (محاورہ)۔ بے انتہا لُطف آنا ۔ بہت

خوش ہونا۔
رُوح شرمانا ۔ (محاورہ)۔ کسی مرے ہوئے کو شرمندگی ہونا۔
رُوح فرسا ۔ تکلیف دہ ۔ بے حد اذیت ناک ۔ انتہائی رنج پہنچانے والا۔
رُوح فرحناک ہونا (محاورہ)۔ بے حد مسرور ہونا۔
رُوح فنا ہونا (محاورہ)۔ بہت ڈر معلوم ہونا۔
رُوح قبض کرنا ۔ موت کے فرشتے کا انسان کے جسم سے روح نکالنا۔
رُوح ہوا ہونا ۔ (کنایتہً) خوف زدہ ہونا۔
رُوحِی فِدَاک ۔ (کلمۂ تحسین)۔ میری روح تجھ پر فدا ہو ۔ میری جان تجھ پر قربان ہو۔
رُود بار ۔ جہاں بہت سے ندی نالے ہوں۔ ندیوں کا مرکز۔
رُودِ نیل ۔ مُلک مصر کا مشہور دریا۔
رُودے خدوے پتے ۔ بے کار اور ناقص پتے (ق)۔
رُودھر (رُدِھر) ۔ لہو۔ خون۔ سرخ رنگ۔
رُوزِ ازل ۔ وہ دن جس دن خدا نے تمام روحوں کو خلق کیا اور ان سے میثاق لیا ۔ روز الست ۔
رُوز رُوز ۔ ہر روز۔
رُوزَن ۔ سوراخ ، چھید۔ جھروکہ۔
رَوزن ۔ روزے ۔ صوم (عوام)
رَوزنامچہ ۔ ۱۔ وہ کتاب جس پر روز کا حال لکھا جائے ۲۔ پولیس کا رجسٹر جس میں جرائم، مقدمات اور پولیس کی دیگر تمام کارروائیاں وقت وار تحریر کی جاتی ہیں۔
رُوزہ چٹ کرنا ۔ (محاورہ) روزہ نہ رکھنا۔
رُوسی نژاد ۔ روسی۔ روس کا باشندہ۔
رُوسنا ۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔
رَوِش ۔ باغ کی پٹڑی۔ طور ۔ طریقہ ۔ رسم ورواج۔
رَوشن چوکی ۔ چار آدمیوں کا گروہ جو دولھا یا شادی کی سواری کے ساتھ نفیری اور طبلہ وغیرہ بجاتا ہوا چلتا ہے اور وہ چوکی جس پر تاشہ بجانے والے بیٹھتے ہیں۔ نوبت نوازوں کی چوکی جو شاہی جلوس یا محرم اور شادی کے جلوس میں کہار کندھوں پر اُٹھائے چلتے ہیں۔ روشنیوں سے سجایا ہوا تخت۔
رُوشن ضمیری ۔ عرفان ۔ معرفت۔ جسے آئندہ کا حال معلوم ہو جائے۔

رُوشنی آنا ۔ (محاورہ) آنکھوں میں نور آنا۔

رَوضَہ ۔ ۱۔ باغ، سبزہ زار ۲۔ وہ مقبرہ جس پر گنبد بنا ہوا ہو۔

رُوکَش ۔ شرمندہ کرنے والا۔ حریف۔ مدمقابل۔

رُوکھاپَن ۔ بے مروتی۔ کج ادائی۔

رُوکھا پھیکا ۔ (تانیث روکھی پھیکی) خشک آدمی۔

رُوگ ۔ دُکھ۔ درد۔ بیماری۔

رُول ۔ لکڑی کا چھوٹا ڈنڈا جو اکثر سپاہیوں یا استادوں کے پاس مارنے یا ڈرانے کے واسطے ہوتا ہے۔

رَوْلا ۔ جھگڑا ۔ شور و غل۔ اودھم۔

رَوْلا مچانا ۔ شور و غل کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

رُولنا ۔ کمانا ۔ فائدہ حاصل کرنا۔ دولت سمیٹنا۔

رُوم ۔ ایک طرح کا داؤں۔ کمرہ۔ کوٹھڑی۔

رُومال ۔ منھ پوچھنے کا کپڑا۔

رَوَنّا ۔ وہ ملازم جو عورتوں کا کام کاج کرنے کو دروازے پر رہتا ہے۔

رونا پیٹنا مچ جانا ۔ (محاورہ)۔ کہرام برپا ہو جانا۔

رَوْناکیا ۔ کسی بات کا بار بار ذکر کرنا کیا۔ کسی نقصان کا بار بار ذکر کرنا کیا۔

رَوْند ۔ طلایہ ۔ رات کا گشت۔ وہ لوگ جو حاکم کی طرف سے اہل شہر کی نگہبانی کے لیے چار ان گشت کرتے ہیں۔

رَوند ڈالنا ۔ (محاورہ)۔ پامال کر دینا ۔ تلووں کے نیچے مَل ڈالنا۔

رَونَق افروز ہونا ۔ (مجاز) تشریف رکھنا ۔ بڑے آدمی کا کسی جگہ بیٹھنا یا قیام کرنا۔

رُونمائی ۔ وہ نقدی وغیرہ جو دولھا کے رشتے دار دُلھن کا پہلی بار منھ دیکھ کر اسے دیتے ہیں، اس رسم کو منھ دکھائی بھی کہتے ہیں۔

رونگٹا رونگٹا دُعا دیتا ہے (دے رہا ہے) ۔ شکریہ ادا کرنے کے لیے کہتے تھے۔

رَونگٹے کھڑے ہونا ۔ (محاورہ) ڈرنا ۔ خوف کھانا ۔ ڈر سے بدن کے روئیں کھڑے ہونا۔

رَونی صُورت ۔ (شکل) ۔ جس کے چہرے پر ہر وقت رونے کے آثار پائے جائیں۔

رُوہُو ۔ ایک قسم کی مچھلی۔

رُوئیدَہ ۔ اُگا ہوا ۔ بڑھا ہوا۔ نمو یافتہ۔

رُوئی کا تعزیہ - ایک قسم کا تعزیہ جو روئی سے بنتا ہے۔

رُوئی کی طرح توم دینا یا توم کے دھر دینا (محاورہ)۔ ایک ایک عیب ظاہر کرنا - دھجیاں اُڑا دینا۔

رُوئیں - پیتل والی چیز - کانسا یا پیتل - دھات۔

رُوئیں تن - طاقت ور - فولادی جسم والا۔ وہ جس کے بدن پر ہتھیار کا اثر نہ ہو (اسفند یار پسر گشتاسب کا لقب ہے)۔

رُونیو (انگریزی) (ریونیو)۔ مالیہ - لگان - محکمۂ مال۔

رَونیو ایجنٹی - (ریونیو ایجنٹ) - مالیہ کی وصولی - چنگی کی افسری۔

رَہ جانا - (محاورہ) ۱- باقی رہنا - بچ رہنا ۲- خاموش ہو جانا - کچھ نہ کہنا۔

رہا - مگر۔

رہس منڈل - واجد علی شاہ کی ایجاد کردہ ایک ناچ رنگ کی محفل جس میں راجا اندر کا اکھاڑا جمتا تھا - کرشن جی اور گوپیوں کا ایک سم کا ناچ۔

رَہ گرا - جانے والا - راہی۔

رَہ گرائے عالم بقا ہوا - سفر آخرت پر روانہ ہوا۔

رَہ نوَرد - راستہ چلنے والا - مسافر۔

رَہن - گرو - مال یا زمین کا گرو رکھنا۔

رِہن رَکھنا - گرو رکھنا۔

رِہنا دَریا میں اور مگرمچھ سے بَیر (دَریا میں رہنا مگرمچھ سے بَیر) - جہاں رہنا وہاں کے زبردست آدمیوں سے بَیر رکھنا نادانی ہے۔

رَہنا سَہنا (محاورہ) - گزر بسر کرنا۔

رَہے نام اللہ کا - خدا کے سوا سب فانی ہیں، کسی کے مرنے یا رتبے کے زوال پر کہتے ہیں۔

رَہی سَہی (رہا سہا کی تانیث)۔ بچا کھچا - جو کچھ تھا - تھوڑا سا باقی بچا ہوا۔

رَہیں / رَہے جھونپڑوں میں (اور) خواب دیکھیں محلوں کا (مثل) - ادنیٰ ہو کر اعلیٰ چیزوں کا خیال - بے مقدور ہو کر مقدور والوں کی ریس - غریب ہوتے ہوئے امیروں کا خیال۔

رَہوار (راہوار) - گھوڑا - اسپ - توسن - رخش - قدم - چال۔

رَئیس زَادَہ ۔ رئیس کا بیٹا۔

رَئیس کی دُم بَنے ہیں ۔ بڑے رئیس بنے ہیں۔ غصّے کے محل پر۔

رِیَاسَت ۔ شرافت ۔ نجابت ۔ سرداری۔ افسری ۔

رِیَاسَت دِیکھنَا ۔ علاقے کی دیکھ بھال کرنا۔

رِیَاض ۔ محنت ۔ مشقت ۔

رِیَاضِی ۔ ایک علم جس میں مقدار یا حجم یا ان کے ناپ کے متعلق بحث علامات کے ذریعے ہوتی ہے جو ان اعدادی سلسلہ وار اور وسعتی تعلقات کی تحقیق کرتا ہے جو اشیا کے درمیان ہوتے ہیں۔

رِیت ۔ رسم ۔ رواج ۔ دستور (ہندو) مذہبی فرائض یا رسوم کی ادائیگی کا معینہ عمل اور اس کے ساتھ پڑھے جانے والے بول ۔

رِیت ڈَالنَا ۔ کند چھری سے کاٹ ڈالنا ۔ بے حد ظلم کرنا۔

رِیت رَسْم ۔ وہ مخصوص رسمیں جو عقد کے بعد دُلہن کی رخصتی کے وقت دُلہن اور دولہا کے ساتھ عمل میں لائی جاتی ہیں ۔

رِیتنَا ۔ رندے یا ریگ مال سے صاف کرکے ہموار کرنا۔ کند چھری سے کاٹنا ۔

رِیتِی ۔ ساحل ۔ دریا کا ریتیلا کنارہ۔ ندی ۔ نالہ۔

رِیجھ ۔ طبیعت کی پسندیدگی ۔ خواہش ۔ چاہت ۔

رِیجھنَا ۔ مائل ہونا ۔ راغب ہونا ۔ لٹو ہونا ۔ فریفتہ ہونا۔ گرویدہ ہونا۔

رَیحَان ۔ نازبو ۔ خوشبودار گھاس ۔

رَیحَانِی زُمُرُّد ۔ برگ ریحان کے مانند سیاہی مائل سبز رنگ زمرد ۔

رِیختَہ پَا ۔ (اسپ) ۔ تیز قدم گھوڑا ۔ خوب صورت ۔ وہ گھوڑا جس کے ہاتھ پاؤں درست ہوں ۔

رِیختَہ دَم ۔ وہ چھری یا تلوار جس کی دھار چیز پر رگڑنے سے گرگئی ہو (کنایتہً) اس بوڑھے کو بھی کہتے ہیں جس کی کمر خمیدہ ہوگئی ہو۔

رِیڈنگ بِسکُٹ ۔ ایک قسم کا لذیذ بسکٹ ۔ (ق) ۔

رِیزَرو فَوج ۔ ہنگامی حالات میں کام کرنے کے لیے مخصوص فوج۔

رِیزَہ ۔ ٹکڑا ۔ کرچ ۔ کترن ۔ پرزہ۔ نو عمر ۔ نوچی ۔

رِیزِیڈَنٹ ۔ ایک افسر جو حکومت برطانیہ کی طرف سے غیر منقسم ہند کی ریاستوں میں رہتا تھا تاکہ ریاستوں کی نگرانی

نگرانی کرسکے۔ رہنے والا۔ باشندہ۔ مقیم۔

رِیڑھ ۔ کمر کی درمیانی ہڈی۔

رِیش و فِش ۔ (نازم با یں ریش و فش)۔ گھنی بے ترتیب بغیر تراشی ہوئی ڈاڑھی۔

رِیشائیل ۔ لمبی ڈاڑھی والا۔ ڈڑھیالہ۔ دڑھیل۔

رِیش خَند ۔ ہنسی۔ ٹھٹھا۔ مسخرہ پن۔

رِیش مُخَضّب ۔ رنگین ڈاڑھی۔ خضاب لگی ڈاڑھی۔

رَیشہ خطمی ہونا ۔ (محاورہ) بہت زیادہ ریجھنا۔ لٹو ہو جانا۔ مارے خوشی کے آپ میں نہ رہنا۔ چاپلوسی کرنا۔

رَیشہ دَوانی ۔ شرارتیں اور فساد ڈالنے کی ترکیبیں۔

رَیفل ۔ (رائفل)۔ بندوق کا وضع کا آتشیں اسلحہ جس میں ایک نالی اور کئی گولیاں بیک وقت بھرنے کی جگہ ہوتی ہے، اس کی مار بندوق سے زیادہ سخت اور دور رس ہوتی ہے۔

رِیلا آنا (محاورہ)۔ مجمع کے لوگوں کا ریلتے ہوئے کسی طرف کو آنا۔

رِیلنا ۔ دور تک ڈھکیلنا۔ (کشتی) کشتی میں حریف کو گھیرا دے کر داتے ہوئے پیچھے ہٹنا یعنی وار کی زد میں آنے سے بچنے کے لیے موقع کی تلاش میں آہستہ آہستہ پیچھے ہٹے۔

رَین ۔ رات۔ شب۔

رینگتے ہوئے چلنا ۔ بہت آہستہ آہستہ چلنا۔

رَینگلر ۔ (انگریزی) وہ شخص جو کیمبرج یونیورسٹی میں ریاضی ٹرائی پاس (TRIPOS) میں درجۂ اوّل میں پاس ہو۔

رینگنا ۔ آہستہ آہستہ چلنا۔ جوں کی چال چلنا۔

رِیوڑیاں (ریوڑی)۔ ایک قسم کی مٹھائی جو کھانڈ گڑ کے گٹوں پر تل چڑھا کر بناتے ہیں۔

ز

زابلی ۔ زابل کی زبان، فارسی زبان کی ایک شاخ جو زابلستان میں بولی جاتی تھی۔

زادبوم ۔ جائے پیدائش۔ وطن۔

زادِ راہ ۔ راستہ کا خرچ۔ راہ کا توشہ۔

زار ۔ ضعیف۔ کمزور۔

زَارنالی - بے قراری سے رونا۔ عاجزی سے فریاد کرنا۔
زَاغ و زَغن - چیل کوے۔
زَال - بڑھیا - بوڑھا - رستم کے باپ کا نام۔
زَائچہ - جنم پتری۔
زَائیدَہ - جنا ہوا - پیدا ہوا۔
زُبَان پَر اُف تک نہ لَانا۔ (محاورہ) انتہائی ضبط سے کام لینا۔
زُبَان پَر جَاری ہونا - (محاورہ) مُنھ سے بات نکلنا۔
زُبَان چھوٹی کرنا - (محاورہ)۔ خاموش رہنا۔
زُبَانِ حَال سے - بغیر منھ سے کہے ہوئے۔ آثار و قرائن سے۔
زُبَان دَرَاز - بدزبان - گستاخ۔ مُنھ پھٹ۔
زُبَان دَرَازی - گستاخی - بد زبانی - بدکلامی۔
زُبَان دَستِ پَناہ سے نِکال دینا - غصّے میں کہتے ہیں۔
زُبَان سے قبُلوانا - کہلوا لینا۔
زُبَان سے لے جَانا - (محاورہ)۔ مُنھ کی بات چھین لینا - کسی کے دل کی بات کہہ دینا۔
زُبَان سے کہنا نہیں ہے - (عو) کسی کی بھلائی کو کچھ کہو مگر اسے ناگوار ہو۔
زُبَان سے نِکالنا - (محاورہ)۔ کہنا - بیان کرنا - مُنھ سے کہنا۔
زُبَان کا گُویا ہونا - (محاورہ) زبان کا بات کرنے لگنا - بولنے لگنا۔
زُبَان کو لگام دُو - (محاورہ) گستاخانہ گفتگو کرنے والے سے غصے میں کہتے ہیں - چُپ رہو - سمجھ کر بولو۔
زُبَان چلانا - (محاورہ) گستاخی سے بات چیت کرنا۔
زُبَان کیا کترنی ہے - (فقرہ)۔ زبان کا نہ رُکنا - فرفر باتیں کرنا - دوسرے کو بولنے کا موقع نہ دینا۔
زُبَان گھِس جَانا (محاورہ)۔ کہتے کہتے زبان کا تھک جانا۔
زُبَان لَال ہونا / کرنا - (محاورہ) زبان کا گُنگ ہونا۔ بیان کرنے سے قاصر ہونا۔ بول نہ سکنا۔
زُبَان ہارنا (محاورہ) - پختہ وعدہ کرنا۔

زُبان ہلانا ۔ (محاورہ) ۔ کچھ کہنا ۔ کچھ منہ سے بولنا ۔ کچھ بات کرنا ۔

زُبانہ ۔ شعلہ ۔ آگ کی لپٹ ۔ لو ۔

زُبدہ ۔ چیدہ ۔ برگزیدہ ۔ منتخب ۔

زَبرا ۔ گورخر ۔ "زیبرا" ایک جانور کا نام ۔ پٹی دار گدھا ۔

زَبَرجَد ۔ سبز رنگ کا قیمتی پتھر ۔

زَبَردَست مارے اور رونے نہ دے ۔ (مثل) ایسے موقع پر مستعمل جب کوئی شخص ظلم یا زیادتی کرے اور حرف شکایت بھی ادا نہ کرنے دے ۔

زَبَردَستی ۔ جبر ۔ ظلم ۔ زیادتی ۔

زَبُوں ۔ عاجز ۔ ضعیف ۔ خراب ۔ تباہ ۔

زَبیب ۔ خشک انگور ۔ خشک انجیر ۔

زِبِل ۔ ایک قسم کی سواری ۔

زَٹَل ۔ بے تکی بات ۔ لغویات ۔ بڑ ۔ جھک ۔

زَٹَل قافِیہ اُڑنا (محاورہ) ۔ مہمل باتیں ہونا ۔

زَٹَل قافِیہ اُڑانا (محاورہ) ۔ مہمل گفتگو کرنا ۔ بے تکی باتیں کرنا ۔ ایسی باتیں کرنا جن کی کچھ اصلیت نہ ہو ۔

زَٹَل قافیے مِلانا (محاورہ) ۔ مہمل گفتگو کرنا ۔ بے تکی باتیں کرنا ۔

زُجاج ۔ شیشہ ۔ قندیل ۔ شیشے کا پیالہ یا گلاس ۔

زِچ ۔ ۱۔ عاجز ۔ تنگ ۔ بے بس ۲۔ شطرنج میں جب شہ دینے کے بعد مہرے کی چال کا کوئی گھر نہ رہے ۔

زَچّہ خانہ ۔ ولادت گاہ ۔ وہ مقام جہاں بچہ پیدا ہوتا ہے ۔

زِچ ہوجانا ۔ (محاورہ) ۔ عاجز و پریشان ہوجانا ۔

زُحَل ۔ ایک سیارہ جو نحس خیال کیا جاتا ہے ۔

زَخّار ۔ لبالب ۔ بہت بھرا ہوا ۔ نہایت وسیع و عریض (دریا یا سمندر) ۔

زَخم پر زَخم کھانا ۔ (محاورہ) بہت گھائل ہونا ۔

زَخم پر نمک چھڑکنا (محاورہ) ۔ ستائے ہوئے کو ستانا ۔ ایذا دینا ۔ تکلیف پر تکلیف دینا ۔

زَخم پر نمک کا کام کرنا ۔ (محاورہ) تکلیف میں اضافہ کردینا ۔

زَخم کارِی لگنا ۔ (محاورہ) ۔

گہرا زخم لگنا۔
زَخم کھانا ۔ مجروح ہونا۔
زَر، زَن، زَمین ۔ (مثل)۔
مشہور ہے کہ یہ تینوں "ز" سے شروع ہونے والے لفظ فتنہ انگیز و شر انگیز ہیں۔
زَربَفت ۔ ایک کپڑا جو سونے اور ریشم کے تاروں سے بُنتے ہیں۔
زَردِی ۔ اشرفی ۔ (عورتوں کی زبان)۔
زَر دِیجیے ضَامن نہ ہُوجیے ۔
رقم دے دیں مگر ضامن نہ بنیں کہ ضامن بن کر ہزار جھگڑے نمٹانے پڑتے ہیں۔ ضامن بن کر ہر طرح کی ذمہ داری قبول کرنا پڑتی ہے۔ (ق)
زَرِ خَطِیر ۔ کثیر دولت ۔ بہت بڑی رقم ۔ مال و دولت کی فراوانی ۔ دولت کا انبار۔
زَرد آلو ۔ خشک خوبانی ۔ پیلی خوبانی ۔ خوبانی تازہ ۔
زَرد گُلاب ۔ گلاب کا ایسا پھول جس کا رنگ زرد ہوتا ہے۔
زَرد گ ۔ زعفرانی گاجر ۔ گاجر۔
زَر دُوز ۔ کارچوب ۔ وہ شخص جو زری کا کام کرے یعنی کپڑے پر سلمہ ستارے کا کام کرنے والا۔
زَر دُوزِی ۔ کارچوبی ۔ وہ چیز جس پر سلمی ستارے کا کام ہو۔
زَرق بَرق سے ۔ آرائش و زیبائش کے ساتھ۔
زَرق بَرق کپڑے ۔ چمکیلے اور جھل جھل کرتے ہوئے کپڑے۔
زَر زَری بَولی ۔ ایک قسم کی بول چال ۔
زَرگَری ۔ سُنار کا کام ۔ سُنار کا پیشہ ۔ عیاری ۔ چالاکی ۔ وہ ساختہ زبان جس میں ایک حرف یا دو حرفوں کے زے لاکر بولتے ہیں۔
زِرِشک ۔ ایک دوا کا نام ۔ (اطبا کی اصطلاح) ۔ جھاڑی پر اُگنے والا ایک کشمش کی طرح کا مگر کشمش سے چھوٹا کھٹ مٹھا پھل جو دافع صفرا ہے۔
زِشتیٔ اَعمال ۔ اعمال کی خرابی۔ بُرے اعمال ۔
زَعفَران زار ۔ وہ مقام جہاں زعفران یا زعفرانی رنگ کثرت سے ہو (مجازاً) زعفران کا کھیت ۔
زَعفَران کا کھیت ۔ (کنایۃً) ایسا مقام جہاں خود بخود جوش مسرت سے ہنسی آئے ۔ یہ بات مشہور ہے کہ زعفران کا کھیت دیکھ کر بے اختیار ہنسی آجاتی ہے ۔ ایسی جگہ جہاں وفور

مسرت سے خود بخود ہنسی آجائے۔
زَعفَرانی ۔ ایک قسم کا آم۔
زُعم ۔ ۱۔ گمان۔ ظن ۲۔ غرور تکبر۔
زُعم میں آنا ۔ (محاورہ) جوش میں گر پڑنا۔
زَغَن ۔ چیل۔
زَغَن بھرنا ۔ قلانچیں بھرنا۔
زَغَند ۔ چوکڑی۔ کود پھاند۔ چھلانگ۔
زَغَند بھرنا (محاورہ)۔ جست کرنا۔ پھاند کے ادھر سے ادھر جانا۔
زَنبیل ۔ سیٹی جیسی تیز آواز۔ وہ آواز جو کبوتر باز منھ میں انگلی رکھ کر نکالتے ہیں۔
زَفیل بجنا ۔ سیٹی بجنا۔
زَقَند بھرنا ۔ قلانچ بھرنا۔
زَک دینا ۔ (محاورہ) ۔ شرمندہ کرنا۔ پریشان کرنا۔ نقصان دینا۔ شکست دینا۔
زُلف ۔ کاکل۔ گیسو۔ گندھے ہوئے بال۔
زُلفِ دُوتا ۔ خمیدہ زلف۔ مڑی ہوئی لٹ۔ دوہری لٹ۔
زُلفِ عنبریں ۔ خوشبو دار بال۔ وہ بال جن میں عنبر کی خوشبو بسائی گئی ہو۔
زَلّہ رُبا ۔ (مجازاً) کسی کے فیوض وافادات سے مستفید ہونے والا۔
زَمانہ بَرسرِ جنگ ہونا ۔ ہر بات مخالف ہونا۔ نصیب خراب ہونا۔
زُمرے سے خارِج ۔ کسی گروہ سے الگ۔
زُمرے میں شامِل ۔ کسی گروہ میں شریک۔
زَمزَمہ ۔ ترنم۔ نغمہ۔ گیت۔
زَمزَمہ پَرداز ۔ وہ جو گا رہا ہو۔ گانے میں مشغول۔
زَمزَمہ سَنج ۔ راگ گانے والا۔
زَمین و آسمان کے قلابے مِلانا / مارنا ۔ (زمین آسمان کے قلابے ملانا)۔ (محاورہ) دور کی ہانکنا۔ حد سے زیادہ مبالغہ آرائی کرنا یا جھوٹ کہنا۔
زِمِستان ۔ جاڑا۔ موسم سرما۔ سردی۔ سرما۔
زَمَن ۔ وقت۔ زمانہ۔ عہد۔ راج۔ حکومت۔
زَمہَریر ۔ ۱۔ سخت جاڑا۔ نہایت سردی ۲۔ کرۂ ہوا کا

وہ طبقہ جو نہایت سرد ہے۔

زمین کا گز بننا ۔ (محاورہ)۔ بہت گھومنا پھرنا۔ بہت زیادہ پیدل چلنا۔

زمین کا گز ہونا ۔ (محاورہ)۔ راہ نوردی اختیار کرنا۔ چلتے پھرتے رہنا۔ ٹک کر نہ بیٹھنا۔

زمین پر قدم نہ رکھنا ۔ (محاورہ)۔ زمین پر پاؤں نہ رکھنا۔ غرور کرنا۔ بہت اترانا۔

زمین دوز ۔ زمین میں دھنسا ہوا۔ زمین میں چھپا ہوا۔ زیر زمین۔ مضبوط۔

زمین دوز ہو کے سلام کرنا ۔ بہت جھک کے سلام کرنا۔

زن مرید ۔ مطیع۔ جورو کا غلام۔ بیوی کے اشاروں پر چلنے والا۔

زنّاٹے (زنّاٹا) ۔ سائیں سائیں۔ سنسناہٹ۔

زنّاٹے سے ۔ بہت تیز۔ تیزی کے ساتھ۔

زنّاٹے کی چپت ۔ ہاتھ کی چاروں انگلیاں جوڑ کے زور سے کس کے سر پر مارنا۔

زنان (زن کی جمع) عورت۔ ناری۔ تریا۔ استری۔ زوجہ۔ لُگائی۔

زنان منتری ۔ وہ مرد جو عورتوں کی باتیں اور ویسی ادائیں دکھائے۔

زن بروتی ۔ مونچھوں والی عورت۔ (جو منحوس خیال کی جاتی ہے)۔

زنانی ڈیوڑھی ۔ وہ ڈیوڑھی جس سے ہو کے زنان خانے میں داخل ہوتے ہیں۔

زنبور ۔ بھڑ۔ شہد کی مکھی۔ لوہے کا ایک اوزار جس سے کسی چیز کو پکڑ کر اُٹھاتے ہیں۔ شہد کی مکھی۔

زنبیل ۔ چھوٹی تھیلی۔

زنجبیل ۔ سونٹھ۔ بہشت کی ایک نہر کا نام۔

زنجیر کھڑکھڑانا ۔ (محاورہ)۔ اندر خبر کرنے کے لیے دروازے کی زنجیر کھٹکھٹانا۔

زنخ ۔ ۱۔ ٹھوڑی۔ ذقن ۲۔ طعنہ۔ بے ہودہ بات۔

زنخدان ۔ ٹھوڑی۔ ذقن۔

زندان ۔ قید خانہ۔ بندی خانہ۔ جیل خانہ۔

زندیق ۔ بے دین۔ ملحد۔ کافر۔ پارسی۔ مجوسی۔ آتش پرست۔

زِندِیقِیَت ۔ بے دینی ۔ الحاد ۔ کفر ۔
زَنگ ۔ چھوٹا گھنٹہ ۔ گھنٹی ۔
زَنگار ۔ زنگ ۔ کسی فلز کی کثافت ۔ لوہے وغیرہ کا میل ۔
زَنگارِی ۔ سبز ۔ زنگار کے رنگ کا ۔
زَنگی ۔ حبشی ۔ سیاہ فام ۔
زَوجَہ ۔ بیوی ۔ جوڑا ۔ جُفت ۔
زَوجِیَت ۔ بیوی بننے کا عمل ۔ عقد ۔ نکاح ۔
زُور ۔ مکر ۔ فریب ۔
زُور آزمائی ۔ طاقت آزمانا ۔ قوت دکھانا ۔
زُور لگانا ۔ (محاورہ) کسی چیز کو اُٹھانے یا ڈھکیلنے کے لیے طاقت صرف کرنا ۔ ٹھیلنا ۔
زُوف ۔ (حرفِ نفرین) تف ۔ لعنت ۔
زُہّاد ۔ (زاہد کی جمع) ۔ عابد ۔ خدا پرست ۔ متقی ۔ جوگی ۔ پرہیزگار ۔
زَہرخَند ۔ وہ ہنسی جو غصّے، ناگواری یا شرمندگی کے سبب ہو ۔ طنزیہ مُسکراہٹ یا ہنسی ۔
زَہرخُورانی ۔ زہر دینا ۔ زہر کھلانا ۔ زہر کھانا ۔ زہر خوری ۔
زَہر کھانا ۔ (محاورہ) ۔ سنکھیا کھانا ۔ بس کھانا ۔ (کنایتہً) رشک کرنا ۔ حسد سے جلنا ۔
زَہرہ ۔ پتا ۔ حوصلہ ۔ (کنایتہً) ۔ دلیری ۔ شجاعت ۔
زُہرَہ ۔ ایک ستارہ جو سورج کے گرد پھرتا ہے، یہ فاصلے میں دوسرا ہے اور سب ستاروں سے زیادہ روشن ہے، اس کا مسکن تیسرا آسمان بتایا جاتا ہے اس کو رقاصِ فلک اور لوئیِ فلک بھی کہتے ہیں ۔
زُہرَہ شَمائِل ۔ محبوب ۔ خوب رو ۔
زَہرِ ہَلاہِل ۔ مہلک زہر ۔ سمِ قاتل ۔
زَہرَہ آب ہُونا ۔ (محاورہ) پتا پھٹ کر صفراوی مادے کا بہ نکلنا ۔ نہایت دہشت زدہ ہوجانا ۔ پتا پانی ہونا ۔ حوصلہ پست ہونا ۔
زِیب و زِین ۔ سجاوٹ ۔ آراستگی ۔ زیب و زینت ۔
زِیبا اَندام ۔ خوب صورت جسم والا ۔ متناسب الاعضا ۔
زِیر اَنداز ۔ وہ کپڑا یا چمڑا جو سیلابچی، طشت، آفتابے

یا حقے کے نیچے بچھایا جائے تاکہ فرش خراب نہ ہو۔

زِیرِ بِریانی ۔ (زیر بریاں)۔ ایک سالن جو بینگن کے قتلوں کو گھی میں تل کر اور دہی میں ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔

زیرپائی ۔ ایک قسم کی زنانی پھنڈی جوتی، سلیپر سے مشابہ ہوتی ہے۔

زِیر دست ۔ کم زور۔ عاجز۔ مظلوم۔ مغلوب۔

زِیر و بَم ۔ نشیب و فراز (آواز کا)۔

زِیرَک ۔ دانا۔ ہوشیار۔ تیز فہم۔ عاقل۔

زِیرَکی ۔ دانائی۔ ہوشیاری۔ دانش مندی۔

زِین پوش ۔ زین کے اوپر ڈالنے کا کپڑا۔

زیور سے گوندی کی طرح لدا ہونا ۔ (محاورہ) بہت زیادہ زیور پہنے ہونا۔

زیورِ کیاست ۔ دانائی کے زیور سے آراستہ۔

ژ

ژاژخا ۔ بے ہودہ گو۔ بکواس کرنے والا۔ لغوگو۔

ژرف ۔ گہرا۔ عمیق۔

ژند ۔ زرتشت کی کتاب جس کو پارسی الہامی خیال کرتے ہیں۔

ژندہ ۔ گدڑی۔ گودڑ۔ پیوند لگا ہوا پرانا کپڑا۔

ژنگ ۔ مشہور مصور و نقاش مانی کی لکھی ہوئی کتاب کا نام۔

ژولیدہ ۔ پریشان۔ درہم برہم۔ پیچیدہ۔ اُلجھا ہوا۔ بکھرا ہوا۔ تتر بتر۔

ژِیاں ۔ غصے میں بھرا ہوا۔ غضب ناک۔ بپھرا ہوا۔ تُند خو۔

س

سات پانچ کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ - (مثل) بہت سے آدمی مل کر کام کریں تو ہلکا اور آسان معلوم ہوتا ہے - کئی آدمیوں کی تھوڑی تھوڑی مدد سے ایک کا کام بن جاتا ہے -

سات تار - پتنگ اُڑانے کی ایک قسم کی ڈور -

ساتا روہن - سات بھیڑوں کا جتھا - سات آدمیوں کا گروہ - جماعت - غول - فوج - ایک راگنی کا نام -

ساتویں / ساتواں دُشمن - سخت دشمن - جان کا خواہاں -

ساجھا - کسی کام میں شراکت - شرکت - حصہ داری -

ساحل - سمندر یا دریا کا کنارہ -

ساختہ پرداختہ - سنوارا ہوا - بنایا ہوا - تربیت کیا ہوا - سکھا یا پڑھایا ہوا -

سادات - (سائد بمعنی سردار کی جمع الجمع) - (کنایتہً) حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؓ کی اولاد -

سادہ لوح - بھولا بھالا - سیدھا - بے وقوف -

سادھو - ہندو درویش - گھومتا پھرتا ہندو فقیر - جوگی -

ساربان - شتربان یا اونٹ کا رکھوالا (جو اونٹ کی مہار پکڑ کے چلتا ہے) -

سارٹیفکٹ - سند - تصدیق - خوشنودی کا پروانہ -

سارس - ایک سفید رنگ کا لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ - کلنگ -

سارنگ - ۱- سری راگ کا دوسرا نام جو دوپہر کے راگوں میں گنا جاتا ہے ۲- مور - بادل - گھٹا - پپیہا -

سارنگی - ایک قسم کا ساز جس میں تانت کے تار لگے ہوتے ہیں اور اسے گھوڑے کے بالوں کے گز سے بجایا جاتا ہے -

ساریاں - ساری - ساڑی - ساڑھی -

ساڑھو - سالی کا شوہر - ہم زلف -

سازندے - (سازندہ) -

سازبجانے والا۔
سَاس ۔ شوہر یا بیوی کی ماں۔
خوش دامن۔
سَاسَالیَٹ ۔ (ساسرلیٹ۔
سَاسَن لیَٹ) ۔ ایک قسم
کا عمدہ، نرم اور باریک ریشمی
کپڑا جو عموماً استرا اور گوٹ کے
طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔
سَاطِع ۔ بلند ۔ روشن ۔ نمایاں۔
واضح ۔ درخشاں۔
سَاعَت ۔ گھڑی ۔ پَل ۔ وقت
مقررہ۔
سَاعِد ۔ بازو ۔ کلائی۔
سَاعِی ۔ کوشش کرنے والا۔ مددگار۔
معاون۔
سَاق ۔ پنڈلی ۔ ٹخنے سے گھٹنے تک
کا حصّہ۔
سَاقِط ۔ گرنے والا۔ کھویا ہوا۔
بے عزت ۔ قابلِ نفرت۔
سَاقِن ۔ نشہ آور چیزیں پلانے
والی (مجازاً) شراب پلانے
والی۔
سَاکھ ۔ بھرم ۔ اعتبار ۔
نیک نامی ۔ آن بان ۔ عزت۔
آبرو۔
سَاگ ۔ سبزی ترکاری۔
سَاگر ۔ سمندر ۔ بحر۔
سَال جہَال ۔ چرس کی ایک
اعلیٰ قسم جو بیش قیمت اور کمیاب
ہوتی ہے۔
سَالخُوردَہ ۔ تجربہ کار۔
پُرانا۔
سَالِک ۔ مُسافر۔ مسلمانوں
میں وہ شخص جو زاہد بھی ہو اور
دُنیا دار بھی۔
سَالُو ۔ (پارچہ بافی) باریک
جھننا گہرا عنابی رنگ کا کپڑا۔
سوہا ۔ لال ۔ زعفرانی۔
سَالُوتری ۔ (سلوتری) ۔
چوپایوں کا علاج معالجہ کرنے
والا۔ سابوتر۔
سَالُوس ۔ فریبی ۔ فریب ۔
چرب زبان۔
سَالی ۔ بیوی کی بہن۔
سَامِع کُوب ۔ سُننے میں ناگوار۔
بارِ خاطر۔
سَامِعَہ ۔ سُننے کی قوت ۔
سماعت۔
سَان گمُان ۔ خیال ۔ وہم ۔
گمان ۔ فکر و اندیشہ۔
سَانپ سُونگھ جَانا ۔
(محاورہ) چُپ سادھ لینا ۔
خاموش ہو جانا۔
سَانپ کاکَاٹا رَسّی سے ڈَرتا ہے ۔ (مثل) جسے کوئی تکلیف
پہنچتی ہے وہ بہت محتاط ہو جاتا
ہے ۔ مصیبت زدہ ادنیٰ تکلیف
سے بھی ڈرنے لگتا ہے۔

سَانپ مَرے نہ لَاٹھی ٹُوٹے۔ دفعِ شر بھی ہو جائے نقصان بھی نہ ہو، کام بھی ہو جائے اور نقصان بھی نہ ہو۔

سَانٹھ گَانٹھ ۔ گٹھ جوڑ ۔ ساز باز ۔ میل مِلاپ۔

سَانٹھ گَانٹھ کرنا ۔ (محاورہ)۔ سازش کرنا ۔ ساز باز کرنا۔

سَانٹا ۔ چابک ۔ چمڑے کی تسمہ بندھی ہوئی لکڑی جس سے مویشی ہانکتے ہیں۔

سَانٹے پر سَانٹا لگانا ۔ چابک پر چابک مارنا ۔ خوب مارنا۔

سَانچ میں آنچ (سَانچ کو آنچ کیا) ۔ (مثل)۔ سچ کو کوئی ضرر نہیں پہنچ سکتا۔

سَانچق (ساچق) ۔ بری ۔ رسمِ حنابندی ۔ وہ رسم جو دولہا کی جانب سے شادی کے قبل ادا کی جاتی ہے جس میں آرائش وغیرہ کا سامان دُلہن کے گھر لے جاتے ہیں۔

سَانحہ ۔ صدمہ پہنچانے والا واقعہ ۔ غم انگیز واقعہ ۔ حادثہ۔

سَانحہ جگر دوز ۔ (مراداً) نہایت تکلیف دہ واقعہ / حادثہ۔

سَانڈنی ۔ سوار کی اونٹنی ۔ تیز رفتار اونٹنی۔

سَانس ڈکار نہ لینا ۔ (محاورہ) جب کوئی شخص کسی کی کوئی شے عاریتہً لے کر ایک عرصے تک واپس نہ کرے تو کہتے ہیں ۔ مال ہضم کر جانا ۔ پتہ نہ لگنے دینا۔

سَانسی ۔ ایک جرائم پیشہ خانہ بدوش قوم۔

سَانوَر ۔ سانولا ۔ گندم گوں ۔ ملیح شخص۔

سَانی ۔ کھلی مِلا ہوا بُھس ۔ کھلی اور پانی مِلا ہوا چارہ جو گائے بھینس کو زیادہ دودھ کی خاطر کھلاتے ہیں۔

سَاوَن ہرے نہ بھادوں سُوکھے (مثل) دُبلے آدمی یا ہمیشہ ایک حالت پر نظر آنے والے شخص کی بابت کہتے ہیں۔

سَاہ ۔ تاجر ۔ ساہوکار، دولت مند ۔ مال دار آدمی جس کا مال چوری کیا گیا ہو۔

سَاہ چُورسے اَور سَانپ مُورسے ڈرے (مثل)۔ ہر ایک اپنے دشمن سے خائف رہتا ہے۔

سَاہُوکار ۔ لین دین کرنے والا ۔ مہاجن ۔ سوداگر۔

سَائیس ۔ ملازم جو گھوڑے کی خدمت کے لیے رکھا جائے۔ گھوڑا گاڑی چلانے والا۔

سَائیسی علم دَرْیَا ڈُبہے ۔ جب کسی فن یا کام کی اہمیت ظاہر کرنا ہوتی ہے تو کہتے ہیں۔ (عوام کی زبان)۔ ہر فن کے خاص راز ہوتے ہیں۔ سائیسی ایک وسیع علم ہے۔

سَائِل ۔ سوال کرنے والا ۔ پوچھنے والا ۔ مانگنے والا ۔ فقیر۔

سَائینس (سَائِنس) ۔ تجرباتی حکمت ۔ علوم مادی کے مجموعے کا نام۔

سَائیں ۔ ۱۔ درویش ۔ فقیر۔ ۲۔ خدا ۔ مالک ۔

سَائیں کے سَو کھیل ۔ (مقولہ) خدا کی قدرت محدود نہیں۔ خدا بڑی حکمت والا ہے جو چاہے سو کرے۔

سَایَا ۔ گون ۔ پیٹی کوٹ ۔ میموں یا آیا لوگوں کی گھیردار پوشاک ۔ لہنگا ۔ گھاگرا۔

سَب گُن / گُنُوں پُورے اُنہیں کَون کہے لَنڈُورے ۔ (مثل) شیخی خور کے متعلق کہتے ہیں کہ اس میں خوبیاں ہیں خامی کوئی نہیں۔

سُبحَہ ۔ تسبیح ۔ تسبیح کے دانے۔

سَبز بَاغ دِکھَانَا (محاورہ) فریب دینا ۔ دھوکا دینا ۔ جھوٹی امیدیں دلانا۔

سَبز بَخت ۔ خوش قسمت ۔ خوش اقبال۔

سَبز پُوش ۔ ۱۔ عابد ۔ زاہد ۲۔ سبز لباس پہننے والا۔

سَبز قَدَم ۔ منحوس ۔ نامبارک ۔ بدبخت۔

سَبز مَندِیل ۔ سبز پگڑی ۔ سبز دستار ۔

سَبزَہ ۔ ایک قسم کی سواری ۔ گھوڑے کا ایک رنگ ۔

سَبزَہ آغاز ۔ نوخیز ۔ نوجوان ۔

سَبزَہ رَنگ ۔ سانولا سلونا ۔ گندم گوں (کنایۃً) معشوق ۔

سَبزِی ۔ بھنگ ۔

سَبزِی اُڑانَا ۔ (محاورہ) بھنگ پینا ۔

سَبزِی پِلانَا ۔ (محاورہ) ۔ بھنگ پلانا ۔ نشہ پلانا ۔

سَبز یَنَہ ۔ ملیح معشوق ۔ گندم گوں محبوب ۔

سَبعَہ سَیَّارَہ ۔ وہ سات سیارے جن سے منسوب کرکے دن مقرر کیے گئے ہیں ۔ یعنی شمس، قمر، مریخ، عطارد، مُشتری ۔ زہرہ ۔ زحل ۔

سَبْقَت ۔ ۱۔ پیش قدمی۔ افزونی۔ بڑھوتری ۲۔ فوقیت ۔ اولیت۔ غلبہ۔

سُبُک ۔ ہلکا ۔ خفیف ۔

سُبُک پُویہ ۔ ہلکی چال ۔

سَبُوچہ ۔ ٹھلیا ۔ چھوٹی صراحی۔ چھوٹا پیالہ۔

سَبُوکَش ۔ شراب کا جام پینے والا۔ شرابی۔

سَبھَا ۔ محفل ۔ مجلس ۔ بزم ۔ پنچایت ۔

شُبھ ۔ (ہندو) مبارک ۔ مسعود ۔ خجستہ۔

سُبھاؤ ۔ اچھی خصلت ۔ خوش اخلاقی ۔ حُسن سلوک ۔

سُبھیتا (سُبیتا) ۔ اطمینان۔ آسانی ۔ آرام و آسائش ۔

سَبِیل ۔ ۱۔ طریق ۔ راستہ ۔ تدبیر۔ پیاؤ۔

سَپاٹ ہونا ۔ ہموار ہونا۔ صاف ہونا۔ کودنا۔ پھاندنا ۔

سُپاری ۔ چھالیا۔ ڈلی۔

سپاہی ۔ پولیس کا آدمی ۔ کانسٹبل ۔ سنتری ۔ پہرہ دینے والا ۔

سِپَس ۔ بعد ۔ پیچھے۔

سپنا ۔ خواب۔ رُویا۔

سپوت ۔ نیک بیٹا ۔ لائق اور سعادت مند فرزند۔

سِپَہرِ تَواَمان ۔ آسمان سے باتیں کرنے والا۔ بلند و بالا۔

سپیرا ۔ سانپ پکڑنے اور سانپ کا تماشا دکھانے والا ۔

سَت ۔ (ہندو) ایمان ۔ دھرم ۔ سچ ۔ لب لباب ۔ طاقت ۔ دوا کا جوہر۔

سِتار ۔ اصلاً سِہ تار تھا کیونکہ شروع میں اس میں تین تار ہوتے تھے مگر اب تین کی قید نہیں۔ ایک تار کا ساز جسے مضراب سے بجایا جاتا ہے، یہ مشہور روایت کے مطابق امیر خسرو کی ایجاد ہے۔

سِتار باز ۔ ستار نواز۔ ستار بجانے والا ۔

سِتارۂ دُنبالہ ۔ (ہیئت) وہ سیارہ جس کے پیچھے روشن لکیر نظر آتی ہے اور جو اپنے دائرہ نما مدار میں گردش کرتا ہے ۔ جھاڑو تارا۔

سَتّر چُوہے کھا کے بِلّی حج کو چلی ۔ (مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جس نے عمر بھر گناہ کیے ہوں مگر خود کو نیک چلن ثابت کرے ۔ اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو تمام عمر گناہوں اور بداعمالیوں میں بسر کر دے

اور آخر میں تائب ہو جاتے۔

سَترک (سترگ) ۔ عظیم ۔ بزرگ ۔ اہم کام ۔

سَتکھنڈا ۔ سات منزل کا مکان ۔

ستم کوش ۔ ظلم کرنے والا ۔ ستم کرنے کا عادی ۔

سَتو ۔ بھنے ہوئے جو یا چنے کا آٹا جو عام طور پر موسم گرما میں پانی میں گھول کر اور کہیں نمک یا میٹھا ملاکر بھی پیا جاتا ہے (مجازاً) معمولی غذا ۔

سُتھنا ۔ (ہندو) پاجامہ ۔

ستیا ۔ قسمت ۔ نصیب ۔ بخت ۔

ستیا ناس ۔ تباہی ۔ بربادی ۔ ناس ۔

ستھیا ۔ ایک نشان جو ہندو لوگ برکت کے لیے چیزوں اور آدمیوں پر لگاتے ہیں عموماً سرخی سے ۔

سَٹ سَٹ ۔ جلدی جلدی ۔ تیزی سے ۔

سَٹک ۔ روپوشی ۔ چھپنا ۔ حُقّہ ۔ چھوٹا پیچوان ۔

سَٹّے (سٹّا) ۔ ایک قسم کا جوا ۔

سَٹّے بَٹّے ۔ مکر و فریب کی باتیں ۔ دھوکے دھڑی کی باتیں (عورتوں کی زبان) ۔

سٹپٹانا ۔ گھبرا جانا ۔ حیران ہونا ۔ اوسان خطا ہونا ۔ بے چین ہونا ۔ جواب نہ بن پڑنا ۔

سَٹر پَٹر ۔ متفرق کام ۔ چھوٹا موٹا کام ۔ معمولی باتیں ۔ پشتم پشتم ۔ جوں توں ۔

سَٹک ۔ پتلی سَٹک ۔ چھڑی جو ایک طرف موٹی دوسری طرف پتلی ہوتی ہے ۔

سَٹک جانا (محاورہ) ۔ کھسک جانا ۔ بھاگ جانا ۔ لاپتہ ہوجانا ۔ چپکے سے چلا جانا ۔

سَٹھیانا ۔ بڑھاپے کی وجہ سے حواس باختہ ہوجانا ۔ عقل جاتی رہنا ۔ کہن سالی کے باعث خلاف عقل باتیں کرنا ۔

سِٹی مجسٹریٹ ۔ شہر کے شعبۂ عدل و انصاف اور انتظام کا نگراں ۔

سِٹّی پٹّی بھول جانا (محاورہ) اوسان خطا ہونا ۔ حواس باختہ ہونا ۔ گھبرا جانا ۔

سَجایَہ مَرضِیّہ ۔ پسندیدہ عادات ۔

سَجع ۔ تُک ۔ نثر مقفیٰ ۔ خوش الحان پرندوں کی چہچہاہٹ ۔

سجل ۔ آراستہ ۔ عمدہ ۔ نفیس ۔ صاف ۔

سَجیلا ۔ آراستہ پیراستہ ۔ سجا سجایا ۔ بنا ٹھنا ۔ بانکا ۔ چھبیلا ۔

سچی مُحبّت ۔ پاک محبت ۔ بے لوث محبت ۔
سَحَاب ۔ بادل ۔ ابر ۔ گھٹا ۔
سَحَاب نَوَال ۔ ابر کی طرح بخشش کرنے والا ۔ بہت سخی ۔
سِحرِ بَابُل ۔ مشہور شہر بابل کا جادو (بابل اپنے سحر و طلسم کے باعث مشہور تھا) ۔
سِحرِ حَلَال ۔ کلام فصیح و موزوں ۔ دل کش اور عمدہ کلام ۔
سِحرِ سَامِری ۔ سامری کا جادو (بنی اسرائیل کا ایک فرد جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں تھا) اس نے حضرت جبریل کے قدم کی مٹی حاصل کر کے اپنے سونے چاندی کے گوسالے میں جان ڈال دی جس سے وہ بولنے لگا تھا ۔ (مجازاً) گمراہ کرنے والا ۔ گمراہ کن ۔
سَحرِ کَاذِب ۔ صبح کی روشنی جس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے ۔
سَخَاوَت ۔ فیاضی ۔ بخشش ۔ خیرات ۔
سَخْت ۔ بہت ۔ نہایت ۔ از حد ۔ مضبوط ۔ مشکل ۔
سُخَنْدَان ۔ ا۔ فصیح ۔ بلیغ ۔ ۲۔ عالم ۳۔ شاعر ۔
سُخَن وَر ۔ خوش بیان ۔ شاعر ۔
سَخی سے سُوم بھلا جو تُرنت دے جَوَاب ۔ (مثل) ۔ انتظار میں رکھنے سے انکار بہتر ہے ۔
سَدَا سُہَاگَن ۔ ا۔ ایک قسم کا پرندہ ۔ ۲۔ ایک قسم کا پھول ۳۔ کسبی ۔ قحبہ ۔ ۴۔ بھیرویں ۔
سَدَاد ۔ کردار اور گفتار میں راستی و درستی ۔ سلامت روی ۔
سِدّہ ۔ تیار ۔ لیس ۔ آراستہ ۔
سُدھ ۔ (ہندو) یاد داشت ۔ آگاہی ۔ خبر ۔ ہوش ۔
سِدھَارنَا ۔ (کنایتہً) دُنیا سے رخصت ہونا ۔ مر جانا ۔
سِدّھیَاں (سِدّھی کی جمع) ۔ عزم ۔ ارادہ ۔ تیاری ۔
سِدّھیَاں بھَرنَا ۔ مختلف مقامات کی سیر کرنا اور تجربہ حاصل کرنا ۔
سِدّھیَاں سُنَانَا ۔ گالیاں دینا ۔
سِڈَول ۔ خوش وضع ۔ متناسب موزوں ۔ خوبصورت ۔
سَر ۔ تاج برطانیہ کی طرف سے

نائٹ یا بیرون کا خطاب پانے والا شخص۔ (بانک، بنوٹ، تیغ زنی) وہ وار جو سر پر لگایا جائے۔

سَربالیں ۔ سرہانے۔

سَرباز ۔ جان پر کھیلنے والا۔ بہادر۔

سَربزانو ۔ ۱۔ سر زانو پر رکھے ہوئے۔ سوچ میں۔ متفکر۔ ۲۔ نادم۔ شرمندہ۔

سَربجیب ۔ ۱۔ سوچ بچار کی حالت میں۔ ۲۔ نادم۔ شرمندہ۔

سَرپیچ ۔ ۱۔ پگڑی۔ ۲۔ ایک قسم کا زیور جو پگڑی پر باندھتے ہیں۔

سَرآنکھوں پر ۔ دل و جان سے۔ بڑی خوشی سے۔

سَرپرچڑھ کر / کے بولنا ۔ (محاورہ) خود بخود ظاہر ہو جانا۔ چھپائے نہ چھپنا۔

سَربڑا سَردار کا اور پاؤں بڑا گنوار کا ۔ (مثل) بڑے یا عقل مند آدمی کا سر بڑا ہوتا ہے اور جاہل کے پاؤں بڑے ہوتے ہیں۔ یہاں مزاحاً یوں کہا ہے سر بڑا گنوار کا پاؤں بڑا سردار کا۔

سَربوجھیا ۔ سر پر بوجھ اُٹھانے والا۔ مزدور۔ حمال۔

سَربوجھ ۔ ایک مزدور کے اُٹھانے کا بوجھ۔

سَرا ۔ مسافر خانہ ۔ مہمان خانہ۔

سَراب ۔ ایک طرح کا چمکیلا ریت جو وسیع ریگستان میں لب تشنہ مسافروں کو دور سے بالکل پانی کی جھیل نظر آتا ہے۔

سَراپ ۔ بد دعا۔ کوسنا۔ لعنت۔ دیوی، دیوتا یا کسی اہل کمال یا اوتار کی بد دعا۔

سَراپَردہ ۔ اونچی قنات ۔ خاص قسم کا اونچا اور قیمتی پردہ جو بادشاہوں اور وزیروں کے محلوں میں استعمال ہوتا ہے۔

سِراج ۔ چراغ۔ دیا۔

سَراچہ ۔ چھوٹا خیمہ۔

سَراسیمہ ۔ حیران ۔ متفکر۔ مذبذب۔

سَراسیمگی ۔ پریشانی۔ حیرانی۔

سَراکا ۔ دوڑنے میں تیزی کرنے کی جگہ مستعمل ہے۔

سُر ۔ (گنجفہ بازوں کی اصطلاح) بازی کے آغاز کو سُر کہتے ہیں۔

سَربھنّانا ۔ تیز چکّر آنا ۔ آنکھوں کے نیچے اندھیرا سا ہو جانا۔

سَرپَٹ ۔ ایک قسم کی گھاس ۔ پتادر ۔

سَرپَٹ ۔ (سواری) ۔ گھوڑے کی ایک تیز رفتار چال جس میں وہ سر اوپر اُٹھاکر پیر ایک ساتھ اُٹھاکر دوڑتا ہے ۔ (مجازاً) تیز رفتاری ۔

سَرپیٹنا (سَرپیٹ لینا) ۔ (محاورہ) ۔ (غصّے کے محل پر) ایک یا دونوں ہاتھ سر پر مارنا ۔ انتہائی غم ۔ افسوس اور شرمندگی کے محل پر بھی کہتے ہیں ۔

سَرپیچ ۔ پگڑی میں باندھنے کا ایک زیور ۔ جیغہ ۔

سَرپوش ۔ وہ کپڑا جو کھانے پر ڈالتے ہیں ۔

سَرپیر کا ہوش نہ ہونا ۔ (محاورہ) بہت پریشان ہونا ۔ تن بدن کا ہوش نہ رہنا ۔

سَرجَن ۔ (انگریزی) ماہر جراحی ۔ جراح ۔

سُرخا ۔ ۱۔ سُرخ کبوتر ۔ ۲۔ سرخ رنگ ۳۔ (کنایتہً) اشتراکی ۴۔ خون ۔ ۵۔ آنکھ کی پھُنسی ۔

سَرخوش ۔ ۱۔ جس کو نشے کا سرور ہو ۲۔ خوش حال ۔ مسرور ۔ مگن ۔

سُرخ رُو ۔ ۱۔ کامیاب ۔ عزت و آبرو حاصل کرنے والا ۔ ۲۔ سُرخ چہرے والا ۔

سَرِشتہ دَار ۔ پیش کار ۔ میر منشی ۔

سَردَے (سَردَہ) ۔ ایک قسم کا بڑا خربوزہ جو سردی کے موسم میں ہوتا ہے ۔

سَرزَنِش ۔ ملامت ۔ بُرا بھلا کہنا ۔

سُر ۔ آواز کی پستی، بلندی کا نام ہندی میں سُر ہے ۔

سُرعَت ۔ جلدی ۔ تیزی ۔

سِرکا ۔ گڑ، گنے یا انگور کا شیرہ جسے سڑاکر خمیر اُٹھاتے ہیں ۔

سَرغَنہ ۔ سرگروہ ۔ بے مانند ۔

سَرکوب ۔ افسر ۔ انتظام کرنے والا ۔

سَرکوبی ۔ سرکچلنا ۔ سزا دینا ۔

سِرکہ جَبیں ۔ بد دماغ ۔ ترش رو ۔ تیوری چڑھائے ہوئے ۔

سِرکی ۔ ایک سرکنڈے کا ڈنٹھل جس کی چق، پال یا سوپ بناتے ہیں ۔

سَرمَد ۔ ہمیشہ قائم رہنے والا ۔ مستحکم ۔

سَرقہ ۔ چوری ۔

سَرکھپی ۔ ۱۔ سر توڑ کوشش ۔ سخت محنت ۲۔ مشکل کام ۔ کارِ عظیم ۔

سَر کے بھَل (بَل) - نہایت ادب کے ساتھ - بہت تعظیم سے -
سَر کے بَل جانا - ذوق و شوق سے - ادب و تعظیم کے ساتھ -
سُرگ - جنت - بیکنٹھ - دیوتاؤں کے رہنے کی جگہ -
سُرگ لوک - بہشتی - جنتی -
سَرگشتگی - حیرانی - پریشانی - دیوانگی -
سَرگوشی - کانا پھوسی -
سَرمَغزَن - بکواس کرنا - فکر اور تردد کرنا -
سُرمہ سُلیمانی - وہ جادو یا کرامت کا سرمہ جس کے لگانے سے بعض بیان کے مطابق جن، بھوت اور دفینے نظر آنے لگتے ہیں -
سَرِمُو - بال کا سرا - قلیل ترین - ذرا -
سُرنگ - وہ سُرخ رنگ کا گھوڑا جس کی ایال اور دُم کے بال بھی سُرخ ہوں -
سَرنَہ پَیر - بے ترتیب - بے تُکا -
سَرنوِشت - تحریر - مرقوم - نصیب - قسمت کا لکھا -
سَرو چراغاں - لکڑی کے ٹکڑوں سے سرو کے درخت کی شکل بناتے ہیں اور اس کی شاخوں پر چراغ روشن کرتے ہیں، اس کو سرو چراغاں کہتے ہیں -
سَرو سَمَن اَندام - (مراداً) - محبوب، حسین - معشوق -
سُرُور گھُٹنا - سرور پیدا ہونا - نشہ ہونا -
سَرُوہی - ایک قسم کی دو دھاری تلوار - اصیل تلوار -
سَرہانے (سَرہانہ) - بالیں - تکیہ - سر رکھنے کی جگہ -
سَرہنگ - فوج کا سردار - (اردو) دل چلا کپتان -
سَریعُ التّاثیر - زود اثر - تیز اثر دکھانے والا -
سِری ٹیک - کُشتی کے ایک پیچ کا نام جس میں زمین پر سر رکھ کر اُلٹے کھڑے ہو جاتے ہیں - (تعظیماً) سر جھکانے یا زمین پر ہاتھ رکھ دینے کا عمل - عاجزی -
سِری گنگا کی جے - ہندوؤں میں دریا کی عظمت کو خراج پیش کرنے کا ایک انداز یا طریق (ق) -
سَرمُنڈاتے ہی اُولے پڑے (مثل) - آغاز ہوتے ہی نقصان پہنچا - شروع ہی میں کام بگڑ گیا -
سُڑک - نگلنا - ہڑپ - پی جانا -

فوراً۔ شتاب۔ جلد۔
سَڑَن ۔ دیوانی۔ پاگل عورت۔
سِڑی سَودَائی ۔ پاگل۔ خبطی۔ دیوانہ۔ احمق۔
سَزَاوَار ۔ لائق۔ مناسب۔ مستحق۔
سَرسَام ۔ (طب) ورم دماغ کا مرض جس میں شدت کا بخار ہوتا ہے اور مریض واہی تباہی بکنے لگتا ہے، اس مرض میں دماغ کے ایک یا دونوں یا صرف جوہر دماغ میں ورم ہوجاتا ہے۔
سُسَرا ۔ بیوی یا شوہر کا باپ۔
سُسَرال ۔ ساس، سُسرے کا گھر۔ خاوند یا بیوی کی طرف کا کُنبہ۔
سِشَن ۔ (انگریزی)۔ عدالت فوج داری۔
سِشَن جَج ۔ دیوانی و فوج داری کے سنگین مقدمات کا فیصلہ کرنے والا۔ ضلع کی عدالتوں کی اپیل سُننے والا۔
سَطر ۔ لکیر۔ لائن۔ تحریر۔ سلسلہ۔ لکھنا۔ قطار۔
سَطوَت ۔ قہر۔ دبدبہ۔ رعب۔ غلبہ۔ برتری۔ تسلط۔ حکومت کا وقار۔
سَعَادَت ۔ نیک بختی۔ خوش طالعی۔ مبارکی۔ خوش قسمتی۔ اقبال مندی۔
سَعَادَت کَونَین (سعادت دارین) ۔ دونوں جہان کی نیکی بھلائی۔ دنیا و آخرت کی نیک بختی۔
سَعدِ اَکبَر ۔ ستارہ مشتری۔ "اصطلاح نجوم"۔
سَعیِٔ بَلِیغ ۔ انتہائی کوشش۔ کسی کام میں بہت زیادہ سرگرمی۔
سَعِید ۔ نیک بخت۔ خوش نصیب۔ مبارک۔
سِفَارِش ۔ کسی کے حق میں کلمۂ خیر۔ وسیلہ۔ سہارا۔ امداد۔
سَفَّاک ۔ خونی۔ قاتل۔ بے رحم۔ ظالم (کنایۃً) محبوب، معشوق۔ دل رُبا۔
سَفَّاکی ۔ خوں ریزی۔ بے رحمی۔ ظلم۔
سَفِید ۔ ایک قسم کا کنکوا۔
سَفِید آدمی ۔ (مراداً) سن رسیدہ۔ ضعیف العمر، تجربے کار، عقل سے عاری، جاہل، اَن پڑھ۔ (ق)
سَفِید پوش ۔ اُجلا رہنے والا۔ بھلا مانس۔ شریف طبع۔
سَفِیدَا (سَفِیدَہ) ۔ ایک قسم کا آم۔
سَفِینَہ ۔ کشتی۔ ناؤ۔
سَقَر ۔ دوزخ۔ جہنم۔

سَقّہ (سقا) ۔ بہشتی ۔ پانی پلانے یا لانے والا۔
سَقیم ۔ بیمار ۔ خراب ۔ ناقص ۔ ابتر ۔ ردّی ۔
سَکَت ۔ طاقت ۔ قوت ۔ بل ۔ توانائی ۔
سَکتَہ ۔ ایک بیماری جس میں انسان مردہ کی طرح بے ہوش ہو جاتا ہے ۔ شعر کی روانی میں وزن کی وجہ سے نقص پڑ جانا۔
سِکمان ۔ ضعیف ۔ کم زور ۔ روگی ۔ بیمار۔
سِکنجبین (سِکنج بین) ۔ سرکہ یا نیبو کے عرق کا پکا ہوا شربت ۔
سِکنڈ کِلَرکی ۔ لوئر ڈویژن کلرک ۔ چھوٹا محرر۔
سَکورَا ۔ مٹی کا پیالہ۔
سِکھائی پڑھائی ۔ (سکھایا پڑھایا کی تانیث) بہکائی ہوئی۔ گم راہ کی ہوئی ۔
سُکھپال ۔ ایک قسم کی پالکی جس میں امیروں کی عورتیں سوار ہوتی تھیں ۔ آرام دہ گدے دار کھلی پالکی جس میں پاؤں پھیلا کر لیٹ سکتے تھے ۔
سَگ ۔ کتا ۔
سَگِ پا سوختہ ۔ کتا جس کے پاؤں جلے ہوتے ہیں اور ایک جگہ قرار نہ پکڑے ، ایسے ہی آدمی ہرزہ گرد در بدر پھرنے والے کو سگ پا سوختہ کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔
سِگار ۔ چرٹ ۔ تمباکو کے خشک پتوں کی لمبی اور موٹی وضع کی بتی جسے سلگا کر کش لگاتے ہیں۔
سَگُن ۔ شگون ۔ نیک فال ۔ مبارک و مسعود ساعت ۔
سِل ۔ مسالہ پیسنے کا پتھر۔
سَلاجیت ۔ سیاہ یا سیاہی مائل کتھئی رنگ کا بودار گاڑھا مادہ جو پتھر سے خود بخود رستا ہے اور دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔ سلاجیت بدن کے جوڑوں اور تقویت باہ کے لیے مفید ہوتا ہے ۔
سِلَت ۔ آم کی ایک قسم ۔
سَلخ ۔ قمری مہینے کا آخری دن۔
سَلسَبیل ۔ ایک جنتی چشمہ ۔ بہشت کی نہر۔
سُلطانُ الحُکَما ۔ حکما کا سرتاج ۔
سَلَف ۔ اگلے زمانے کے بزرگ اور قابلِ احترام شخصیتیں ۔ بزرگ آبا و اجداد۔
سَلَف سے خَلَف تک ۔ ابتدا سے تا حال ۔
سُلفَہ ۔ (سلفا) ۔ ایک دفعہ چلم بھرنے کے قابل تمباکو

یا چرس۔

سِلفَچی ۔ (چلپچی) ۔ ہاتھ منھ دھونے کا برتن جس کے سرپوش میں چھید ہوتے ہیں۔

سِفلَدان ۔ (سِلف دان)۔ وہ ظرف جو امیروں کے دسترخوان پر اس غرض سے رکھا جاتا ہے کہ کھاتے وقت ہڈیاں یا کسی چیز کا بھوک اس میں ڈالتے ہیں۔

سِلک ۔ لڑی ۔ ایک چیز کو دوسرے کے ساتھ پرونا۔

سِلکِ گُوہَر ۔ موتیوں کی لڑی۔ محبوب کے دانت۔

سَلیٹ ۔ پتھر کی تختی جس پر چونے یا پتھر کے قلم سے لکھتے ہیں۔

سَلیمُ الطّبع ۔ باذوق ۔ شائستہ۔ سنجیدہ ۔ نیک طبیعت۔

سَمِّ قاتِل ۔ مہلک زہر۔

سَمَا ۔ آسمان ۔ فلک ۔ چرخ ۔ نظارہ ۔ منظر ۔ تماشا۔

سَمَان ۔ وقت ۔ زمانہ ۔ دور۔

سِمَات ۔ ظاہری ۔ صورت ۔ علامات۔ آثار ۔ نشانات۔

سَمَاجَت ۔ منت ۔ گڑگڑانا۔ خوشامد۔

سَمَاعی ۔ سُنا ہوا ۔ روایتی ۔ سینہ بہ سینہ ۔ کانوں کان۔

سَمبَت ۔ (ہندی سال) سنہ۔ برس ۔ سال ۔ بکرمی سنہ جو بیساکھ سے شروع ہو کر چیت پر ختم ہو جاتا ہے۔

سَمجھ پر پتھر پڑنا ۔ (محاورہ) عقل خبط ہونا ۔ مت ماری جانا۔

سَمدِھیانہ ۔ دُلہن یا دولھا کا گھرانا ۔ سمدھی کا گھر۔

سُمِرَن ۔ (کنایتہً) ورد ۔ وظیفہ ۔ مالا ۔ وہ بلور کانچ وغیرہ کے دانے جو بطور تسبیح ہندو استعمال کرتے ہیں جس میں ۳۳ دانے ہوتے ہیں۔

سَمَک ۔ مچھلی ۔ ماہی (مجازاً) زمین کا سب سے نچلا طبقہ ۔ تحت الثریٰ ۔ پاتال۔

سَمَک سے سَمَا ۔ (سما سے تا بہ سمک)۔ زیر زمین مچھلی سے آسمان تک ۔ مراد ۔ زمین سے آسمان تک ۔ کلیتہً ۔ سراپا۔

سَمَّن ۔ حاضر عدالت ہونے کا تحریری حکم ۔ پروانہ طلبی۔

سَمَند ۔ وہ گھوڑا جس کے جسم کا رنگ بادامی اور ایال اور دم و زانو سیاہ ہوں یا زانو اور اگلے پچھلے پاؤں کے بال سیاہ ہوں (یہ مبارک خیال کیا جاتا ہے)۔

سَمنک - گیہوں کا اندرونی حصّہ جو اُبال کر نکالا جاتا ہے اور حلوہ سوہن بنانے میں کام آتا ہے۔

سَمُوچا - پورا - سالم - تمام - کُل۔

سَمُوُالمکان - اونچے مرتبے والا۔ بلند مقام والا۔

سَمُور (سَمّور) - ایک نہایت باریک پشم والے جانور کا نام جس کی کھال سُرخی مائل بہ سیاہی ہوتی ہے، اس کی کھال کو جوڑ کر پوستین بنانے اور کھال کو بھی سمور کہتے ہیں

سَمَندِ آہُو شکار - وہ گھوڑا جو تیز رفتاری کے باعث ہرن کا شکار کرنے والے کو کامیاب کرتا ہے۔

سَمَندِ وغا پَسند - جنگ جو گھوڑا - جنگ سے نہ بھاگنے والا گھوڑا۔

سَن - ایک پودا جس کی چھال سے رسیاں بنتی ہیں۔

سَن آف اَے بِچ (انگریزی)۔ حرامی پلا - کُتیا - فاحشہ عورت۔

سُنائی - پردیس میں موت کی خبر آنا۔

سُنبُل - ایک خوشبودار گھاس کا نام - بالچھڑ۔

سَنت - جوگی - دھرماتما - خدا پرست۔

سُنّت جَماعت - اہل سنت والجماعت کے عقیدہ کے پیرو۔

سَنتری - پہرے دار - چوکیدار - پاسبان - سپاہی۔

سَنجاب - بلی کے برابر ایک جنگلی گوشت خور چوپایہ جس کی خاکی رنگت کی پشم نہایت نرم و نازک اور نفیس ہوتی ہے۔

سَنجَر صَولت - سلطان سنجر جیسے دبدبہ والا - بہادر۔

سَنجیدَہ - متین - باوقار - فہمیدہ - مہذب - بھاری بھرکم۔

سِندان - اہرن - جس پر لوہا اور چاندی وغیرہ کوٹ کر بڑھاتے ہیں۔

سُندَربَن - خوب صورت جنگل - بنگلہ دیش کے جنوبی جنگلات۔

سِندھ - (موسیقی) اساوری ٹھاٹھ کی ایک راگنی جو اخیر دن میں گائی جاتی ہے۔

سَنڈے (سَنڈا) - قوی ہیکل - فربہ اندام - ہٹا کٹا - مضبوط۔

سَنسَر (انگریزی) - احتساب - محتسب - کسی بات سے روکنے

والا۔
سَنسار - عالم۔جہان۔
سَنسَنانا - ضعف محسوس کرنا۔
کانپنا۔ تھرانا۔ غشی معلوم
کرنا۔ سَن سَن کرنا۔ خوف زدہ
ہونا۔
سَنک - خبط۔ جنون۔
سَنکا - متوجہ ہونا۔ سنک جانا۔
ملتفت ہونا۔
سَنکَر - میوہ فروش۔
سَنکھ - سو پدم۔ سو لاکھ۔
کروڑ۔
سَنکھیا - سم الفار (کنایۃً)۔
ہر وہ چیز جو قاتل ہو۔ زہر۔
سَنگ دِل - بے رحم۔سخت
دل۔ظالم۔
سِنگر - چھوٹا نیزہ۔ چھوٹا برچھا۔
سَنگرام - لڑائی۔ جنگ۔
سَنگسار - (سَنگ سَار)۔
وہ شرعی سزا جس میں انسان
کو آدھا زمین میں گاڑ کر پتھر مار
کر مار ڈالتے ہیں۔
سَنگت - ہم راہی۔صحبت۔
جماعت۔ منڈلی۔
سَنگم - ہم دم۔ ہم راہ۔ رفیق۔
دو چیزوں یا دو آدمیوں کا میل۔
وہ جگہ جہاں دو مختلف درخت
یا دریا ملیں۔
سِنگھ - شیر۔ آسمان کا پانچواں
برج۔
سِنگھاڑا - تالاب کا ایک
خاردار پھل جو کھانے کے کام
آتا ہے۔
سَنوار - لعنت۔پھٹکار۔
سَنیچر پاؤں پر سَوار ہونا۔
(محاورہ) پاؤں میں گردش
ہونا۔ مارے مارے پھرنا۔
سَو بَرَس / دِن کے بَعد
گھورے کے بھی دِن بَہورتے
ہَیں - (مثل) کوئی شے سدا
ایک حال پر نہیں رہتی۔بُرے
دنوں کے بعد بھلے دن بھی
آتے ہیں۔
سَو سُنار کی ایک لوہار کی۔
(مثل) کم زور کی سو ضربیں
اور ایک طاقت ور کی ایک
ضرب کے برابر ہے۔
سَوادِ اَعظَم - کثیر تعداد۔
اکثریت۔ غالب حصہ۔
سُوانگ (سَانگ)۔
بھیس بدلنا۔کسی کی نقل بنانا۔
کھیل تماشا۔ بہروپ۔
شعبدہ۔
سَو آہا سَو آہا - راکھ یا
بھسم ہوگیا۔ایک لفظ ہے جو
ہوم یا جگ کرتے وقت کہے
جاتے ہیں اور جہاں یہ منتر

تمام ہوا تو خاتے پر سو آہا کہہ دیا۔

سُوبَرٗ ۔ چاندی یا سونا جس میں میل ہو خالص نہ ہو۔

سُوپ بُولے تو بُولے چھلنی بھی بُولی جس میں بہتّر چھید ۔ (مثل) (عو) کسی مُبتذل آدمی کے دخل در معقولات دینے پر بولتی ہیں ۔ سوپ کیا کہے چھلنی کو جس میں نوسو چھید ۔

سَوت ۔ ایک خاوند کی دو یا زیادہ بیویاں ہوں تو وہ آپس میں ایک دوسرے کی سوت یا سوکن کہلاتی ہیں ۔

سُوت نہ کَپاس کوری / کولی سے لَٹّھم لَٹّھا ۔ (مثل) جس امر کا سان گمان نہ ہو اس میں خواہ مخواہ کج بحثی اور جھگڑا کرنا۔

سُوت (سُونت) ۔ تلوار سونتنا۔ لڑائی کے لیے تیار ہونا۔

سُورَج بیدِی ۔ جس مکان کا صحن شرقاً غرباً طول میں زیادہ ہو اور اس میں خوب دھوپ پھرتی ہو، ایسا مکان منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

سَوتیا ڈاہ ۔ وہ رشک د حسد جو ایک سوت کو دوسری سوت کے ساتھ ہوتا ہے۔

سُوخت ۔ گنجفے میں جب کوئی پتّا سَر ہو اور کھیلنے والا وقت پر نہ کھیلے تو وہ سوخت یعنی بے کار ہو جاتا ہے ۔

سُوختنی ۔ جلنے یا جلانے کے لائق ۔

سُوختہ ۔ جلا ہوا۔ جھلسا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ افسردہ۔

سَودا ۔ دیوانگی۔ جنون۔

سَودا سُلف ۔ بازار سے خریدی ہوئی چیز ۔ بازاری چیز۔

سَودائی ۔ پاگل ۔ دیوانہ ۔ جنونی ۔ خبطی ۔ احمق ۔

سُودَر (شُودَر) ۔ ہندوؤں کی چوتھی ذات جس کو سب سے نیچ اور گھٹیا خیال کیا جاتا ہے ۔

سُوڈا ۔ کل کے ذریعہ ایک گیس کی آمیزش اور سوڈے کی لاگ سے مقررہ طریقے پر بنایا ہوا مشروب جو بوتلوں میں بند کیا جاتا ہے۔ بوتل کھولتے ہیں تو کارک اڑتا ہے اور اس میں جوش آتا ہے ۔

سُوْر ۔ بہادر۔ آدمی ۔ دلیر۔ جری ۔
سُورِی ۔ گُل سرخ ۔ لال رنگ کا پھول ۔ گلاب و لالہ وغیرہ۔
سُؤر ۔ (صفت) شریر ۔ بد ذات ۔ حرامزادہ ۔
سُؤرِیاں ۔ (سؤر کی تانیث)۔ خوک ۔ خنزیر ۔ ایک چوپایہ جو مسلمانوں کے نزدیک بہت نجس ہوتا ہے ۔
سُورَج مُکھی ۔ ایک قسم کا زرد رنگ کا پھول جو سورج کے ساتھ اپنا رُخ بدلتا رہتا ہے ۔
سُوَرگ ۔ جنّت ۔ بہشت ۔
سُوْرَما ۔ بہادر ۔ دلیر۔
سُورَۂ قدر ۔ قرآن شریف کی ایک سورہ کا نام جس میں رمضان المبارک کی ایک بہت برکت والی رات کا ذکر ہے جس کو شب قدر کہتے ہیں ۔
سُوز خوَانی ۔ سوز نظم کی ایک قسم ہے جو شہداُ کربلا کے غم میں خاص مقررہ انداز میں پڑھی جاتی ہے ۔
سُوزنی ۔ ایک خاص قسم کا دہرا کپڑا جس پر سوئی کا باریک کام کیا ہوا ہو ایسے کپڑے کا لباس ہو یا فرش دونوں کو سوزنی کہتے ہیں۔
سَوسائٹی ۔ سماج ۔ معاشرہ۔ اجتماعی زندگی ۔
سَوسَن ۔ ایک نیلا پھول جس کی پنکھڑی مثل زبان کے ہوتی ہے ۔
سُوکھے ۔ ایک مرض کا نام جس میں بچّے بہت دُبلے ہوجاتے ہیں ۔
سُوکھے دَھانوں پانی پڑا مگر جاؤ پُوت دَکھن ۔ (مثل) مایوسی کی حالت میں مراد حاصل ہونا۔ مراد بر آنا۔
سُوگھڑ (سُگھڑ) ۔ خوش سلیقہ ۔ ہنرمند ۔ پھوہڑ کی ضد۔
سَوگِی (سوگھی) ۔ وہ جلوس جسے جین مت کے پیرو بڑی دھوم سے نکالتے ہیں اس میں دیگر سازوسامان کے علاوہ آرائش کے تخت بھی ہوتے ہیں جن میں مختلف مناظر کی نقل بنی ہوتی ہے۔
سُوشَل ۔ ۱۔ سوسائٹی یا معاشرے سے متعلق ۔ ۲۔ میل جول رکھنے والا ۔

ملنسار

سُوفَار - تیر - تیر کا دہن - سوئی کا ناکہ -

سُوگ - غم - ماتم -

سَوگَنْد - قسم - سوں - اقرار - عہد -

سِوِل - غیر فوجی - شہری - مہذب - ملنسار - بھلا مانس -

سِوِل سَرجَن - شہریوں کا اعلیٰ معالج - ضلع کے سرکاری ہسپتال کا نگراں ڈاکٹر -

سِوِل قَیْد خَانَہ - شہری قید خانہ -

سُولہ سِنگَار - وہ سولہ طرح کی آرائش اور زینت جو ہندوستان کی عورتوں سے مخصوص اور انتہا کے بناؤ میں داخل ہے - عورتوں کا پورا سنگار - تفصیل یہ ہے - ۱- غسل کرنا ۲- تیل ملنا ۳- سر گوندھنا ۴- سر کو زیور سے آراستہ کرنا ۵- چندن بھرنا - ۶- لباس پہننا ۷- قشقہ کھینچنا ۸- کاجل لگانا ۹- گوشوارہ لٹکانا ۱۰- ناک کا زیور موتی سے آراستہ کرنا ۱۱- گلے میں زیور پہننا ۱۲- پھولوں یا موتیوں کا ہار گلے میں ڈالنا ۱۳- مہندی لگانا ۱۴- کمربند کا جس میں گھنگرو ہوتے ہیں، کمر میں لپیٹنا - ۱۵- پاؤں کو زیور سے آراستہ کرنا - ۱۶- پان کھانا -

سَولُو - تنہا - اکیلا -

سِولِزیشَن - تہذیب - شائستگی - تمدن -

سُولی دَینَا - پھانسی دینا -

سُوم (شوم) - کنجوس - بخیل - تنگ دل -

سُوں - قسم - جیسے خدا سوں - خدا کی قسم -

سُوں کھینچنا - (محاورہ) - خاموشی اختیار کرنا - چپ ہو جانا - خبر نہ ہونا - ٹال دینا -

سَونَا جَانیے کَسے آدمی جَانیے بَسے - جب تک سونے کو کسوٹی پر نہ لگائیں اور آدمی کے ساتھ صحبت نہ رکھیں دونوں کی صحیح حالت معلوم نہیں ہوتی -

سَونْٹَا - لٹھ - لاٹھی - بلم -

سَونْٹھ - خشک ادرک - (مجازاً) کوئی قیمتی چیز -

سُونڈ - خرطوم - ہاتھی کی لمبی ناک جو پیروں تک لٹکتی ہے جس سے وہ ہاتھ کا کام بھی لیتا ہے -

سُونس (سُوس) - خوک آبی - ایک آبی جانور کا نام جو

پانی پر اکثر مشک کی طرح تیرتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔
سَونفی ۔ سونف کی شراب ۔
سَونے پَر سُہاگَہ (محاورہ) ۔ کسی خوبی میں بڑھ کر ہونا۔ زینت اور جلا کا باعث۔
سُونے مَیں سُہاگا، مَوتِیوں میں دَھاگا (اور بنے کا جی بَنِی سے لاگا) ۔ (مثل) سونا سہاگے سے جلا پاتا ہے۔ موتی پر دوئے جانے سے خوبی کے بڑھانے کا باعث ہوتے ہیں۔
سَونے کی چِڑیا ۔ (کنایتہً) مال دار ۔ دولت مند آدمی۔
سُوہا ۔ وہ چیز جو جلا کر خاک کر دی گئی ہو۔ باریک قسم کا ریشمی یا سوتی سرخ رنگ کا کپڑا۔
سَوہنی ۔ ایک راگنی کا نام۔
سَوہانِ رُوح ۔ روح کو دُکھ دینے والا۔ آزاد رساں۔ ناگوار۔
سَوہَن حَلوَا ۔ ایک قسم کی مٹھائی یا حلوا جو نہایت سخت ہوتا ہے۔
سُوئی ۔ کپڑے سینے کا اوزار۔ سوزن۔
سُوئی کو بَہرام گھَاٹ کا لَٹھّا اور تِنکے کو پَالے مِیاں کا جھَنڈا بنا دیتے ہیں۔ مبالغے سے ادنیٰ کو اعلیٰ بنا دینا۔ کسی غیر اہم کام کو نہایت اہم گردانا۔
سُوءِ اَدَب ۔ بے ادبی۔
سُوءِ ہَضم ۔ بدہضمی۔ پیٹ کی خرابی۔
سُوَیدَا ۔ وہ سیاہ نقطہ جو دل پر ہوتا ہے۔
سَہ بَرگہ ۔ ایک قسم کا پھول۔
سُہَاگ ۔ خوش قسمتی۔ خوش حالی۔ ایک قسم کے خاص گیت جو عورتیں شادیوں میں گایا کرتی ہیں۔
سُہَاگ پُوڑہ (سہاگ پڑا) کاغذ کا وہ خوش نما پڑا جس میں خوشبو کی چیزیں رکھ کر دُلہن کے گھر بھیجتے ہیں، ساچق کے سامان میں سہاگ پڑا بھی ہے۔
سُہَاگا ۔ ایک قسم کا پہاڑی کھار جس سے سونا چاندی گلایا جاتا ہے اور دواؤں میں بھی کام آتا ہے۔
سُہَاگَن ۔ وہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو۔
سُہَالَگ ۔ ہندوؤں کے بیاہ کا سنجوگ یا مبارک زمانہ۔ اہلِ حرفہ کی شادیوں میں گرم بازاری۔
سَہلِ مُمتنع ۔ کسی شعر / کلام وغیرہ

کا اتنا آسان ہونا کہ اس سے آسان کہنا ممکن ہی نہ ہو۔
سَہْم ۔ خوف ۔ بیم ۔ ترس ۔ باک ۔
سُہولِیَت ۔ (عوام) (سُہولت)۔ آسانی ۔ اطمینان ۔
سَہی قَد ۔ لمبے قد والا ۔ (کنایۃً) محبوب ۔ معشوق ۔ حسین ۔
سُہَیل ۔ ایک ستارہ ۔
سَہِیم ۔ شریک ۔ حصے دار ۔
سَیّاح ۔ سیاحت کرنے والا ۔ مسافر ۔ سفر کرنے والا ۔
سِیار ۔ گیدڑ ۔ شغال ۔
سَیّار ۔ پھرنے والا ۔ گھومنے والا ۔ گردش کرنے والا ۔
سِیاق ۔ مضمون کا ربط ضبط ۔ حساب کتاب ۔
سَیاق و سَباق ۔ مضمون کا اپنے ماقبل سے ربط ضبط ۔ تسلسل ۔
سَیّال ۔ رقیق ۔ پتلا ۔ رواں ۔ بہت بہنے والا ۔
سِیانا ۔ (سِیانی تانیث)۔ بالغ ، سن تمیز کو پہنچا ہوا ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ عقل مند ۔
سِیاہی چَٹ ۔ سیاہی چوس ۔ جاذب ۔ رطوبت کو جذب کرنے والا خاص قسم کی بناوٹ کا کچا کاغذ جو تازہ تحریر پر لگانے سے روشنائی کی نمی کو چوس لیتا ہے ۔
سَیّاں ۔ پیارا ۔ عاشق ۔ خاوند ۔ شوہر ۔ مالک ۔ آقا ۔
سِیاہ سَفید کَرنا ۔ (محاورہ) مختار کل ہونا ۔ جو چاہنا سو کرنا ۔
سیب ۔ ایک مشہور سرخ و سفید شیریں پھل ۔
سَبْت مَیْت کا بَھڑُا ۔ ایسا شخص جو کام کاج نہ کرے ۔ مفت کے نوالے توڑے ، اوپر سے رُعب جمائے ۔
سیٹی ۔ مُنھ کی باریک آواز جو بعض دفعہ مُنھ میں دو اُنگلیاں رکھ کر بھی نکالی جاتی ہے ۔
سیج ۔ بستر ۔ بچھونا ۔ پلنگ ۔ چارپائی ۔
سیخ کَباب ۔ وہ کباب جو قیمے کو پیس کر سیخ پر بناتے ہیں ۔
سیدھ ۔ ٹھیک سامنے کی طرف نشانہ ۔
سِیدھا ۔ کچی خوراک ۔
سِیرپ لیمن ۔ لیموں کا شربت ۔

سیزدہ سالہ - تیرہ سالہ۔
سیس پھول - چوٹی کی جڑ کے اوپر لگانے کا کٹوری یا کسی پھول کی شکل کا زیور۔
سیف - تلوار۔ شمشیر
سیکریٹری - معتمد - سکتر۔ سرکاری یا کسی جماعت کا عہدہ دار جو اس کی طرف سے کاروبار انجام دے۔
سیل - پانی کی رَو۔ سیلاب۔
سیل سیوف - تلواروں کا سیلاب۔ معرکۂ کارزار۔
سیلانی - سیر کا شوقین - جہاں گرد۔ سیاح۔ آوارہ گرد۔
سیلن - نمی۔ تری۔ رطوبت۔
سیلیاں - (سیلی کی جمع)۔ گردن میں پہننے کا ایک زیور۔ وہ بالوں کی ڈوری یا سیاہ ریشم خواہ تاگوں کی لڑی جو اکثر ہندو فقیر گلے میں ڈالے رہتے ہیں اور حسین بھی آرائش کے واسطے ہاتھوں میں پہنتے اور گلے میں ڈالتے ہیں۔
سیم - چاندی۔
سیماب - پارا - ایک دھات (کنایتہً) بے قرار - بے چین - مضطرب۔
سیمتن - جس کا بدن بہت گورا چٹا ہو مراد حسین و خوبرو۔
سیم ساق - گوری پنڈلی - حسین - خوبصورت - گورا چٹا (کنایتہً) معشوق۔
سیم غبغب - چاندی جیسی ٹھوڑی - خوب صورت گوری ٹھوڑی۔
سیمرغ - ایک روایتی بہت بڑا پرند جس کا ذکر کہانیوں اور پرانے قصوں میں ملتا ہے مگر اس کے وجود کا پتہ نہیں۔
سیانی ہونا - بالغ ہونا - بلوغت کی عمر کو پہنچنا۔
سین - (انگریزی)۔ نظارہ۔ منظر - وہ پردہ جو تماشا گاہوں اور تھیٹروں میں ڈالا جاتا ہے۔
سینا - فوج۔ لشکر۔
سین ٹفک - (سینٹفک) سائنس کے متعلق - سائنسی۔
سیند (سیندھ) - نقب۔ وہ سوراخ جو دیوار یا چھت میں چوری کے واسطے کیا جائے۔
سیندور - سرخ رنگ کا ایک سفوف جو پارے کا مرکب ہوتا ہے جسے ہندو عورتیں مانگ میں بھرتی ہیں۔

اس کے کھانے سے آدمی کی آواز بیٹھ جاتی ہے۔

سینگ کھڑی رہے ۔ گاڑھی بھنگ کی تعریف میں کہتے ہیں۔

سینگ سمانا (محاورہ)۔ ۱۔ آسرا ملنا۔ پناہ ملنا۔ سہارا ملنا ۲۔ گزر ہونا۔ موقعہ ملنا۔

سینگڑا ۔ بارود رکھنے کا سینگ۔ بارود دان۔ سینگ کا بنا ہوا باجا جو منھ سے بگل کی طرح بجتا ہے۔

سینگی والی ۔ ۱۔ وہ کنجڑ عورت جو سینگیاں لگائے ۲۔ (کنایتہً) بدصورت عورت۔

سینہ فگار ۔ غمگین۔ رنجیدہ۔ دُکھی (مجازاً) عاشق۔

سینہ کوبی ۔ سینہ پیٹنا۔ ماتم کرنا۔

سیوتی ۔ ایک قسم کا سفید گلاب۔ نسترن۔

سیو ۔ بیسن کی موٹی سیویاں جو تیل یا گھی میں تلی جاتی ہیں ۲۔ بیسن یا میدے کے میٹھے سیو جن پر شکر چڑھی ہوتی ہے۔

سُیوف (سَیف کی جمع) تلواریں۔

ش

شَاب ۔ جوان آدمی (خاص طور پر چوبیس اور چالیس سال کے درمیان)۔

شَاخسَار ۔ وہ جگہ جہاں شاخوں والے درخت بکثرت ہوں۔ اُردو میں شاخسار بمعنی شاخ بطور واحد زیادہ مستعمل ہے، مجازی معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

شَاخِ نَبات ۔ ۱۔ مصری کے کوزے کی وہ لکڑی جو کوزہ بنانے کے واسطے اس کے آب خورہ میں لگا دیتے ہیں ۲۔ گنّا۔ نیشکر۔

شَادَاں وفرحاں ۔ خوش و مسرور۔ بہت زیادہ خوش۔ مگن۔

شَادِی مَرگ ۔ وہ شخص جو افراط خوشی سے مرجائے۔ ایسی موت جو حد سے زیادہ خوشی سے واقع ہو۔ خوشی سے

مرجانے والا۔
شَادیَانہ بجَانا۔ خوشی کی نوبت بجانا۔ فتح کا نقارہ بجانا۔
شَاذ۔ کبھی کبھی۔ گاہے گاہے۔ اتفاقاً۔
شَاستر۔ (ہندو) ہندوؤں کی مذہبی کتاب یا قانون۔ ضابطہ۔ قاعدہ۔
شَاش / شَاشہ۔ پیشاب۔ موت۔
شَاطِر۔ شوخ۔ عیار۔ چالاک۔
شَاعرِ غرّا۔ بڑا شاعر۔ مستند شاعر۔ نمایاں شاعر۔
شَاعِر کی دُم۔ بڑا شاعر بننا۔ شاعری پر قادر نہ ہونے کے باوجود دعویٰ شاعری (ق)۔
شَاعِری عِلمِ دَریَا ہے۔ ایسے محل پر بولتے ہیں جہاں یہ ظاہر کرنا مقصود ہوتا ہے کہ یہ علم یا فن غیر محدود ہے۔
شَافی۔ شفا دینے والا۔ تسکین دینے والا۔
شَاکِر۔ شکر گزار۔ صابر۔ شکر کرنے والا۔
شَاگِردپیشہ۔ ا۔ ہندوستان کے اہل دفتر کی اصطلاح میں عملے کو کہتے ہیں۔
شَال۔ اونی ریشمی چادر۔
شَال باف۔ شال بُننے والا۔
شَالی چِکن۔ سُرخ کپڑے کی چپکن۔ ایک قسم کا انگرکھا جو پُرانے زمانے میں پہنتے تھے اس کی آستینیں آگے کو لٹکتی رہتی تھیں، نہ گریبان ہوتا تھا نہ بغلوں کے نیچے سِلائی۔
شَالَا۔ کلمۂ تحسین۔ واہ کیا کہنے۔
شَامِ اَوَدھ۔ لکھنؤ کی شام جو اپنی رنگا رنگ دلچسپیوں کے باعث مشہور تھی۔ نوابین اور شاہان اودھ کے زمانے میں شام کو بازاروں کی سجاوٹ اور تفریحات کی رنگا رنگی نہایت دلکش تھی جو آج تک مشہور ہے۔
شَامَت۔ بُرائی۔ نحوست۔ آفت۔ بدنصیبی۔
شَامَت آنا۔ بُرے دن آنا۔ مصیبت آنا۔
شَامَتِ اَعمَال۔ بدنصیبی۔ کم بختی۔
شَام پین آرش۔ ایک قسم کی سفید شراب جو بیش

قیمت ہوتی ہے ۔ عمدہ انگوری شراب ۔
شامِل ہونا ۔ ۱ ۔ مِلنا ۔ شریک ہونا ۔ ملحق ہونا ۔ ۲ ۔ داخل ہونا ۔
شامّہ ۔ سونگھنے کی قوت یا حِس ۔
شامی کبَاب ۔ گوشت کے قیمے کی تلی ہوئی ٹکیاں ۔
شانہ ۔ مونڈھا ۔ کاندھا ۔ کاندھے کی ہڈی ۔
شانہ اُکھاڑنا ۔ (محاورہ) ۔ کاندھے یا مونڈھے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا ۔
شانے سے شانہ چھلنا ۔ (محاورہ) بہت ہجوم ہونا ۔ مجمع ہونا ۔ کھوے سے کھوا چھلنا ۔ ہجوم خلق کے باعث کاندھے سے کاندھا رگڑنا ۔
شاہ پسند ۔ ایک لذیذ میٹھا آم ۔
شاہ چُور سے اور سانپ مور سے ڈرے ۔ (مثل) ہر ایک اپنے دشمن سے خائف رہتا ہے ۔
شاہ چھڑے (شاہ چھڑا) ۔ ایک مشہور فقیر کا نام ۔
شاہانہ ۔ بادشاہوں کے مانند ۔ سُلطانی ۔
شاہدانِ چگل ۔ ترکستان کے ایک شہر کا نام جہاں کے باشندے نہایت خوب صورت ہوتے ہیں ۔
شاہنامہ ۔ ایران کے بلند پایہ شاعر فردوسی کی تصنیف جو قدیم ایران کی منظوم تاریخ ہے ، فردوسی نے یہ تاریخ سُلطان محمُود غزنوی کی فرمائش پر منظوم کی تھی ۔ اس میں ساٹھ ہزار شعر ہیں ۔
شاہوار ۔ بادشاہوں کے لائق ۔
شاہی ۔ سے مراد امجد علی شاہ ، واجد علی شاہ ، شاہی میں دُگنے والی ایک بڑی جری اور دلاور پلٹن تھی ۔
شاہین چور ۔ چوری کے فن میں طاق ۔ شاطر چور ۔
شائق ۔ مشتاق ۔ آرزو مند ۔ طلب گار ۔ چاہنے والا ۔
شائقین (جمع شائق کی) ۔ شوق رکھنے والے ۔
شب باش ۔ رات کی رات رہنے والا ۔
شب خون ۔ رات کا فوجی چھاپہ ۔ شب تازی ۔

شب رنگ - کالا گھوڑا۔ مُشکی گھوڑا۔ سیاہ پُشت کا کالا گھوڑا۔
شب ماہ - چاندنی رات۔
شبا شب - راتوں رات - تمام رات - رات بھر۔
شباہت - مشابہت - صورت یا سیرت کی مطابقت۔
شبدھ - لفظ - آواز۔
شب دیز - مُشکی گھوڑا - خسرو پرویز کے سیاہ رنگ گھوڑے کا نام۔
شبّو - رات کو مہکنے والی ایک پھلواری۔
شُبھ گھڑی - نیک ساعت۔ مبارک گھڑی۔
شبین - ۱۹، ۲۰ اور ۲۱ رمضان کی راتیں ہیں۔ ۱۹ کو ابن ملجم نے حضرت علیؓ کو دوران نماز میں زخمی کیا، ۲۱ کو آپ نے رحلت کی شیعوں کی شب قدر ۲۳ رمضان ہے۔
شبیہ - ۱۔ ہم شکل - مانند۔ ۲۔ صورت۔ شکل۔ تصویر۔
شپّہ (شپّا) - تیر اندازوں کا نشانہ - ٹپس - ہدف
شپا شپ - تلوار کی آواز۔
شتاب - جلد - تیز۔ جھٹ پٹ۔ بلا توقف۔
شتابی - جلدی - تیزی۔ گھبراہٹ۔ اضطراب۔
شُتربان - اونٹ ہانکنے والا۔ ساربان۔
شُتر بے مُہار - (صفت) بے نکیل کا اونٹ آزاد اور قابو سے باہر ہوتا ہے (کنایۃً) آزاد۔ نڈر۔ بے باک۔
شُترخانہ - وہ مکان جہاں اونٹ رہتے ہیں۔
شُترغمزہ - فضول غمزہ (کنایۃً) نازبے جا۔ نخرا۔
شُترغمزے دِکھانا - (محاورہ) نازبے جا دکھانا۔
شُترغمزے کرنا - (محاورہ) بے جا ناز کرنا۔
شتل - وہ رقم جو جواریوں میں تقسیم کی جائے۔
شُجاع - بہادر - دلیر۔ جری۔
شجرِ طوبیٰ - بہشت کے ایک درخت کا نام۔
شجرہ - نسب نامہ - وہ کاغذ جس میں کسی خاندان کے مورث اعلیٰ اور اس کی اولاد کا ترتیب وار ذکر ہوتا ہے۔
شحنہ - کوتوال - پاسبان۔
شحیم - چربی والا - موٹا۔

فربہ۔

شُد بُد ۔ پڑھنے لکھنے کا تھوڑا سا ملکہ۔

شُد بُد جاننا ۔ قدرے قلیل واقفیت رکھنا۔

شُدھ ۔ پاک ۔ خالص ۔ پوتر۔ طاہر۔

شَرابِ شِیراز ۔ ایک قسم کی انگوری شراب جو شیراز میں بنتی اور ایران کی اعلیٰ شرابوں میں ہوتی ہے۔

شَرابِ ناب ۔ خالص شراب۔ (مراداً) اعلیٰ قسم کی شراب۔

شَرّاٹے (شَرّاٹا) ۔ خون یا پانی کی دھار زور سے نکلنا۔

شَرافَت ۔ بزرگی ۔ بھل منسی۔ نجابت۔

شَربَتِ اَنارَین ۔ انار ترش اور شیریں کا شربت۔

شَربَتِ بِزُوری بارِد ۔ ایک مشروب جو گرم مزاج والوں کے لیے مختص ہے۔

شَربَتِ نیلوفَر ۔ ایک مشروب جو گرم مزاج والوں کے لیے مسکن اور مفرح ہے۔

شَربَت پلائی ۔ وہ نقدی جو ساچق یا برات کے روز دولہا اور دولہا کے رشتے دار شربت پینے کے بعد شربت کی تھالی میں ڈالتے ہیں۔

شَرابُور ۔ تربتر۔ بہت بھیگا ہوا۔

شَربَتی ۔ ایک قسم کا نہایت باریک اور نفیس کپڑا۔

شَربَتی آنکھیں ۔ رسیلی آنکھیں۔ مدبھری آنکھیں۔

شَرٹ ۔ قمیص ، کرتا ، پیرہن۔

شَرَر بار ۔ ۱۔ چنگاریاں برسانے والا۔ ۲۔ چنگاریاں اُڑانے والا ۳۔ وہ آگ جس سے آگ کی چنگاریاں نکلتی ہیں۔

شَرع ۔ ۱۔ سیدھا راستہ۔ ۲۔ قانون محمدی جو قرآن کے مطابق ہے۔

شَرعی پائجامہ ۔ ٹخنوں سے اونچا پاجامہ۔

شَرغا ٹانگھن ۔ وہ گھوڑا جو پورا بادامی رنگ کا ہو۔

شَرغہ (شَرغا) ۔ وہ گھوڑا جو سرتاپا بادامی رنگ کا ہو۔ اگر سمند کی ایال اور دم مائل بہ زردی ہوں تو اسے بھی شرغا کہتے ہیں۔

شُرَفا ۔ (شریف کی جمع)۔ بھلا مانس۔ بزرگ۔ معزز۔

شَریف زادہ ۔ اشراف

کا بیٹا۔ خاندانی۔ اچھے خاندان کا۔

شَرِیفَہ ۔ ایک میٹھا پھل۔

شِسْت ۔ بنسی۔ مچھلی کے شکار کا کانٹا یا چھڑ۔

شُسْتَہ ۔ پاک وصاف۔ سلیس۔ (طنزاً) بے ہودہ گفتگو کے لیے بھی کہتے ہیں۔

شُسْتَہ تَقرِیر ۔ رواں تقریر۔ صاف ستھری تقریر۔

شُسْتَہ و رُفْتَہ ۔ پاک۔ صاف۔ صاف ستھرا۔ عمدہ۔ زبان صاف وسلیس۔

شَش (چوسر کھیلنے والوں کی اصطلاح) چوسر کا ایک داؤں۔

شَش و پَنج ۔ فکر۔ اندیشہ۔ سوچ بچار۔

شَشْدَر ۔ (کنایۃً) حیران۔ پریشان۔

شَصْت و شَش ۔ ساٹھ اور چھ یعنی چھیاسٹھ۔

شَطْرَنْج ۔ ایک کھیل جو بتیس مہروں اور چونسٹھ خانوں کی بساط پر کھیلا جاتا ہے۔

شَعَابِد ۔ شعبدہ بازیاں۔ دھوکے۔ گورکھ دھندے۔

شُعْبَدَہ ۔ بازی جو کسی فن اور سحر یعنی جادو سے کریں۔

شُعْبَدَہ بازِی ۔ مکاری۔ دغابازی۔ جادوگری۔ ساحری۔

شِعَار و دِثَار ۔ انگرکھے کے نیچے جو کپڑا پہنتے ہیں یعنی وہ کپڑا جو بدن سے لگا ہوا ہو شعار کہلاتا ہے اور اوپر کے کپڑے کو مثل چادر اور رضائی کے دثار کہتے ہیں۔ (مراداً) باطن اور ظاہر (ق)۔

شَغَال ۔ گیدڑ۔

شَفْتَالُو ۔ ایک قسم کا بڑا آڑو۔

شَفْتَل ۔ (عو) بے ہودہ۔ نالائق۔ بدکار عورت۔

شَنِیف ۔ آفتاب کی سخت گرمی، سردی کی شدت۔ ٹھنڈی ہوا۔

شَفَق ۔ سرخی جو شام کو یا صبح کو بوقت طلوع و غروب آسمان پر ہوتی ہے۔

شَق ۔ پھٹا ہوا۔ شگاف دار۔

شَقُّ الْقَمَر ۔ چاند کا دو ٹکڑے ہونا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معجزہ جس میں چاند کو دو ٹکڑے کر دیا گیا تھا۔

شَقَائِق ۔ (جمع شقیقہ کی)۔ ۱۔ شگاف۔ کنپٹی۔ ۲۔ گل لالہ۔ ۳۔ اخیافی بہنیں۔

شُقَّہ ۔ رقعہ۔ بادشاہی فرمان والی تحریر۔

شَقِی ۔ بدبخت۔ بے رحم۔

شقیُ القلب ۔ سنگ دل ۔ سفاک ۔ ظالم ۔

شکر پارے (شکر پارہ) لمبوترنی شکل کی تلی ہوئی مٹھائی جس پر شکر چڑھی ہوئی ہوتی ہے ۔

شکر خورے کو شکر، موذی کو ٹکر ۔ (مثل) جو جس کی خواہش ہو وہ اس کو مل جاتا ہے ۔ جیسی خواہش ہو ویسے ہی سامان پیدا ہو جاتے ہیں ۔

شکر قند ۔ ایک قسم کی میٹھی جڑ جو آلو کی طرح زمین کے اندر پیدا ہوتی ہے جسے اُبال کر یا بھون کر کھاتے ہیں ۔

شکل چڑیلوں کی نازپریوں کا ۔ (مثل) بدصورتی پر غرور کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں ۔

شکرم ۔ ایک قسم کی چار پہیوں کی گاڑی ۔ اونٹ گاڑی ۔

شکر رنجی ۔ دوستوں میں عارضی رنجش ۔

شکنجہ ۔ ایک آلہ جس میں کسی چیز کو دباتے ہیں ۔ اگلے زمانے میں مجرموں کے ہاتھ پاؤں دبا دیا کرتے تھے ۔ عذاب ۔ ایذا ۔ دکھ ۔

شکیب ۔ صبر ۔ تحمّل ۔ بُردباری ۔

شکنجبین (سکنج بین) ۔ سرکہ یا نیبو کے عرق کا پکا ہوا شربت ۔

شکیل ۔ خوبصورت ۔ اچھی شکل والا ۔ حسین ۔

شکوہ سنجی ۔ شکایت کرنے والا ۔

شکی ۔ شک کرنے والا ۔ وہمی ۔

شگرف ۔ عمدہ ۔ اچھا ۔ زیبا ۔

شگفتہ ۔ خوش ۔ شاد ۔ مسرور ۔

شگن ۔ شگون ۔ فال ۔

شل ۔ بے حس ۔ وہ جس میں حس نہ ہو ۔

شلک ۔ بندوق اور توپ داغنے کی آواز ۔

شلنگے ۔ کسی جگہ سے کودنا ۔ جست ۔ زقند ۔

شلنگے بھرنا (محاورہ) ۔ پھلانگ لگانا ۔ اُچھلنا ۔

شلوکا ۔ ایک قسم کا لباس جو کمر تک ہوتا ہے اور اس کی آستین کہنی تک ۔

شماتت ۔ دوسروں کی شکایت

پر خوش ہونا۔

شَمامہ ۔ بھینی خوشبو۔

شَمائِل ۔ (شمیلہ کی جمع)۔صورت۔ وضع۔شکل۔

شَمس ۔ سورج۔آفتاب۔ایک قسم کا گلے کا ہار۔

شَمسِ بازغہ ۔ روشن سورج۔ علم ہیئت اور فلسفے کی ایک عربی کتاب جو بہت مشہور ہے۔ قدیم نصاب تعلیم میں شامل ہے۔

شَمع رُو ۔ نُورانی چہرے والا (کنایتہً) معشوق۔

شَمع کافوری ۔ موم بتی جو خوشبو کے لیے کافور کی روشنی سے تیار کی جائے۔

شَمع گُل پگڑی غائب ۔ ذرا چوکے اور وار ہوا۔ ذرا سی غفلت سے نقصان ہونا۔

شَملہ ۔ عمامے کا سرا جو پیچھے لٹکتا رہے۔

شَمّہ ۔ تھوڑی مقدار۔ قلیل چیز۔

شناوری۔ تیراکی۔

شنجرفی چہرہ (شنگرفی چہرہ) ۔ شنگرف کے رنگ کا۔ شنگرف بہت سُرخ ہوتا ہے۔ (مراداً) خوبرو۔پُرکشش ۔ لبھانے والا۔

شَنگ ۔ شوخ۔ظریف۔

شَنگُول ۔ مقبول۔ شوخ۔ زیبا۔

شَنیع ۔ زشت۔برا۔بد۔

شِوالہ (شِوالا) ۔ مہادیو کا استھان۔ شوجی کا مندر۔

شوخ طبع ۔ شوخ طبیعت (کنایتہً) تیز طبع۔

شوخی رگ رگ میں کُوٹ کُوٹ کے بھری ہو۔ بہت شوخ تیز اور چالاک ہو۔

شوخی کے ساتھ ۔ شرارت کے ساتھ، چنچل پن کی ادا دکھاتے ہوئے۔

شوخ نظری (شوخ نگاہی) ڈھٹائی ۔ دیدہ دلیری۔ چالاکی۔

شور بخت ۔ بدبخت۔بدقسمت۔ بدنصیب۔

شورہ پشت ۔ شوخ۔ فسادی۔

شورہ پشتی ۔ سرکشی۔ نافرمانی۔

شوشل ۔ (سوشل)۔ (انگریزی) ۱۔ سوسائٹی یا معاشرے سے متعلق ۲۔ میل جول رکھنے والا۔ ملنسار۔

شوق چرّانا ۔ (محاورہ)۔

شوق بڑھنا۔ شوق پیدا ہونا۔ دل میں خواہش پیدا ہونا۔
شَوقِین ۔ ۱۔ شوق یا خواہش رکھنے والا۔ مشتاق ۲۔ عیاش ۔ تماش بین ۳۔ رنگیلا۔ بانکا۔
شُومیٔ طَالع ۔ بدبختی ۔ نحوست ۔ مقدر کی خرابی ۔
شَہ پانا ۔ (محاورہ) ۔ اشارہ پانا۔ ترغیب پانا۔
شَہ کارَہ ۔ بدکار عورت ۔ بد زبان عورت۔ فاحشہ۔
شَہ گام ۔ گھوڑے کی ایک قسم کی مخصوص چال۔ تیز قدم۔
شَہنائی ۔ نفیری۔
شَہ نشِین ۔ اندر کا اونچا دالان جس کے چھوٹے چھوٹے در ہوتے ہیں۔
شِہاب ۔ ٹوٹتا ہوا تارہ۔
شَہباز ۔ ۱۔ باز کی ایک بڑی قسم ۲۔ سبزی پینے والوں کا پیر ۳۔ بہادر آدمی۔
شہتُوت ۔ ایک درخت جس میں پتلا، لمبا اور میٹھا پھل لگتا ہے، اس کے پتے ریشم کے کیڑے پالنے کے کام آتے ہیں۔
شُہَدا ۔ (جمع شہید کی) ۔ راہِ حق میں جان دینے والا۔
شُہدا ۔ بدچلن ۔ بدمعاش۔ بازاری آدمی۔ ایک فرقہ ہے جو اکثر ننگے سر، ننگے پاؤں رہتا ہے اور شادیوں میں عروس کا پلنگ اُٹھاتا ہے یہ فرقہ گالی گلوچ میں مشہور ہے اور ان کو شہدے کہتے ہیں۔
شُہدی (شہدا کی تانیث) لچا۔ بدمعاش ۔ بدچلن ۔
شَہر خبرا ۔ وہ شخص جو تمام شہر کی خبر رکھے۔ گھر گھر کی خبر رکھنے والا۔
شَہر خموشاں ۔ گورستان۔ قبرستان۔
شَہر شملہ ۔ وہ جگہ جہاں انصاف نہ ہو۔ اندھیر نگری۔
شَہر کے مُنئ ۔ شہر کے آدمی۔
شَہر مارنا ۔ شہر فتح کرنا۔
شُہرہ آفاق ۔ بہت مشہور ۔ تمام عالم/ دُنیا میں مشہور۔
شَہلا ۔ سُرخ اور سیاہ آنکھ والا۔ نرگس کی ایک قسم۔
شہیدِ کربلا ۔ حضرت امام حسینؓ سے مراد ہوتی ہے۔
شہید کرنا ۔ (محاورہ) قتل کرنا۔ مار ڈالنا۔
شہید مرد ۔ وہ شخص جو راہ

خدا میں جہاد کرتا ہوا مارا جائے۔

شَیب - بڑھاپا۔ بالوں کی سفیدی۔

شَیخ و شَاب - بوڑھے اور جوان۔ سب کے سب۔

شَیخُوخِیَت - بڑھاپا۔ سرداری۔

شِیدِی - حبشی - زنگی - افریقی۔ نسل کا سیاہ فام آدمی۔

شَیدِی فولاد - ایک مشہور حبشی کا نام۔

شَیدِی لَندھُور - ایک مشہور حبشی کا نام ہے۔

شِیر بِرِنج - دودھ اور چاول۔ کھیر۔

شِیر خوار - دودھ پیتا بچہ۔

شِیرِ مَادَر - ماں کا دودھ۔ حلال - مباح - جائز۔

شِیر مَال - ایک روغنی روٹی جو دودھ سے بنتی ہے۔

شِیر مَاہی - بحری شیر جو سیل کی ایک قسم ہے، یہ ماہی نہیں بلکہ دودھ پینے والا ایک آبی جانور ہے۔

شِیرِیں مَقَال - خوش گفتار۔ فصیح۔

شِیر بَچّہ - بچۂ شیر۔ ایک قسم کی چھوٹی بندوق۔

شیرِ خشم گیں - وہ شیر جو غصّے میں بھرا ہوا ہو۔

شیر دَہاں - وہ صورت جو شیر کے کلے سے مشابہ اکثر حوضوں، پرنالوں وغیرہ کے دہانوں پر بنا دیتے ہیں - ایک قسم کی بندوق۔

شیرِ ژِیاں - ۱۔ درندہ شیر۔ ۲۔ بہادر آدمی۔

شیر کہ بھیڑ - رات کیسی گزری۔ کامیاب ہوئے یا ناکام رہے (ق)۔

شیری - ایک قسم کی ولایتی شراب جو جنوبی ہسپانیہ میں تیار ہوتی ہے یا زیرے کی سفید شراب۔

شیشے میں اُتارنا - (محاورہ) (کنایتہً) کسی کو مسخر کرنا۔ مطیع کرنا۔

شَیطان کا دُور سے اُنگلی دکھانا (شیطان کا اُنگلی دکھانا)- دحشت ہونا۔ ہذیان بکنا - شیطان نے بہکا دیا۔

شَیطان کی آنت - بڑی لمبی چیز۔ جس کا سلسلہ بہت دُور تھا۔ طویل بات یا قصّہ۔

شُیُوع - خبر لگنا - خبر آشکارا ہونا۔

شِیَم - (شیمہ کی جمع) عادتیں، خصلتیں - اطوار۔

شَین ۔ عیب ۔ بُرائی ۔
شَین قاف درست ہونا ۔ (محاورہ) زبان کا تلفظ درست ہونا ۔ بول چال کا روزمرہ کے مطابق ہونا ۔ حروف کا صحیح مخرج کے ساتھ ادا کرنا ۔
شَیو ۔ ہندوؤں کے تین سب سے بڑے دیوتاؤں میں سے ایک کا نام ، جس کا کام مخلوق کو فنا کرنا ہے ۔
شَیوَن ۔ رنج و افسوس ۔
شَیوَن و شَین ۔ گریہ و زاری ۔ آہ و بکا ۔ نالہ و فریاد ۔

ص

صَاد کَرنَا ۔ (محاورہ) ۔ ۱ ۔ کسی کے کام کی خوبی تسلیم کرنا ۔ ۲ ۔ پسند کرنا ۔
صَادِر ۔ جاری ہونے والا ۔ جاری ۔ نافذ ۔
صَادِع ۔ چیرنا ۔
صَادِق ۔ سچا ۔ قول کا پکا ۔
صَارِم ۔ تیز کاٹنے والی تلوار ۔
صَاعِقَہ ۔ کڑک ۔ بجلی چمکنے کی تیز آواز ۔
صَافی ۔ چھاننے کا کپڑا ۔ وہ کپڑا جس سے دیگ / دیگچی / ہنڈیا وغیرہ چولھے سے اُتارتے ہیں ۔
صَافی مَذاق ۔ صاف ستھرا ذوق رکھنے والا ۔ باذوق ۔
صَانِع ۔ پیدا کرنے والا ۔ بنانے والا ۔
صَائِب ۔ ٹھیک ۔ درست ۔
صَبَاحَت ۔ حُسن ۔ خوب صورتی ۔ سفید رنگت بدن کی ۔ گورا پن ۔
صَبّاغ ۔ رنگریز ۔ کپڑا رنگنے والا ۔
صُبحِ اَزرَق ۔ روشن صبح ۔ چمک دار صبح ۔
صُبحِ بَنَارَس ۔ بنارس میں حسین صبح سویرے گھاٹ پر جاتے ہیں ۔
صُبحِ صَادِق ۔ پو پھٹنا ۔ وہ روشنی جو سورج نکلنے سے پہلے مشرق میں پیدا کرتی ہے ۔
صُبحِ نَفَس ۔ خوش گفتار ۔ شیریں مقال ۔
صَبرِ جَمِیلَہ (صَبرِ جَمِیل) ۔

اچھا صبر۔ وہ صبر جس پر ثواب ملے، صبر جمیل ہی درست ہے۔
صَبُوحی ۔ صبح کی شراب۔
صَبِیح ۔ خوب صورت ۔ گورا چٹا ۔
صَبیّہ ۔ لڑکی ۔ دختر ۔ چھوکری ۔ نابالغ لڑکی ۔
صَحنک ۔ رکابی ۔ طباق ۔ کسی برتن میں کھانے کی چیزیں رکھ کر حضرت بی بی فاطمہؓ کی نذر دلاتے ہیں اور پاک دامن عورتیں وہ کھانا کھاتی ہیں ۔ بعض جگہ یہ رسم اب بھی جاری ہے۔
صَخرہ ۔ چٹان ۔ بڑا پتھر۔
صَدائے بَرخَاسْت (صدائے برخاست) ۔ کوئی آواز نہیں (جب کوئی جواب نہ ملے تو کہتے ہیں)۔
صَدر ۔ ۱۔ جس کو امتیاز حاصل ہو۔ ۲۔ اعلیٰ مقام ۔ اعلیٰ جگہ ۳۔ چھاؤنی ۔
صَدرِی ۔ واسکٹ ۔ ایک قسم کی مرزئی ۔
صَدَف ۔ سیپی ۔ سیپ ۔
صُدُور ۔ صادر ہونا ۔ جاری ہونا ۔ نفاذ۔
صَدقے کے مَاش ۔ جب کوئی عزیز کسی ناگہانی صدمے سے بچ جاتا ہے یا سفر سے مع الخیر واپس آتا ہے ۔ عورتیں صدقے کے ماش اور تیل بھیجتی ہیں وہ عزیز چند دانے ماش کے تیل میں ڈال دیتا ہے اور ماش خیرات کر دیئے جاتے ہیں ۔ اس میں ذم کا پہلو ہے' اس اُلجھن سے بچنے کو لکھنؤ میں کہتے ہیں کہ فلاں عزیز کے یہاں سے تیل ماش آتے ہیں یا پھر کہتے ہیں کہ فلاں عزیز کے یہاں سے تصدق کے لیے ماش آئے ہیں ۔
صِدِّیقُون (صدیق) ۔ بہت سچا ۔ بے حد سچا ۔
صُرَاحی ۔ پانی یا شراب رکھنے کا لمبی گردن کا برتن ۔
صَرّاف ۔ جانچنے والا ۔ پرکھنے والا ۔
صَرّافی ۔ صرّاف کا پیشہ ۔ جانچنے پرکھنے کا عمل ۔
صَرصَر ۔ ٹھنڈا، سریرا ۔ بادِ سرد ۔
صَرصَرتَگ ۔ ہوا کی طرح دوڑنے والا (گھوڑے کی تعریف)
صَرع ۔ مرگی ۔ ایک بیماری کا نام ۔
صَرف ۔ خرچ ۔
صَرف و نحو ۔ زبان کے

قاعدوں کا علم۔
صَرفہ ۔ فائدہ ۔ نفع ۔ خرچ ۔
صَرِیح ۔ واضح ۔ آشکارا ۔ صاف ۔ نمایاں ۔
صَرِیر ۔ قلم کی آواز لکھتے وقت ۔
صَعْب ۔ سخت ۔ دُشوار ۔ سنگین ۔ سرکش ۔
صَعُوبَت ۔ دشواری ۔
صُعُود ۔ اوپر چڑھنا ۔ اُبھارنا ۔ بلندی پر چڑھائی ۔
صَعْوَہ ۔ ممولا جو ایک خوبصورت چڑیا ہے ۔
صَغِیر سِن ۔ چھوٹی عمر کا ۔
صَغِیر و کَبِیر ۔ کم سن اور بزرگ ۔ ادنیٰ و اعلیٰ ۔ عام لوگ ۔
صَفَاچَٹ کَرنَا ۔ (محاورہ) ۔ بالکل مونڈ ڈالنا ۔ صاف کر دینا ۔ صفایا کرنا ۔
صَفْدَر ۔ صف شکن ۔ بہادر ۔ جری ۔
صَفْرَا ۔ پت ۔ اخلاط اربع میں سے ایک خِلط ۔
صَفْرَاوِی ۔ منسوب بہ صفرا ۔ پت ۔
صِفْوَت ۔ خلاصہ ۔ صاف ۔ برگزیدہ ۔
صَلّ و جَلّ ۔ (ع م) ۔ کیا خوب ۔ مرحبا ۔ سُبحان اللہ ۔ واہ واہ ۔ شاباش ۔
صَلَابَت ۔ سختی ۔ مضبوطی ۔ استحکام ۔
صُلْبی ۔ پشتینی ۔ حقیقی نسل کا ہونا ۔
صُلْبِیَہ ۔ آنکھ کا ساتواں پردہ ۔
صُلَحَا (صالح کی جمع) ۔ نیک بخت ۔ نیکوکار ۔ متقی ۔ پرہیزگار ۔
صُلْصُل ۔ فاختہ ۔
صَلَوَاتیں ۔ گالی ۔ دشنام ۔
صَلَوَاتیں سُنَانَا ۔ (محاورہ) ۔ گالیاں دینا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ ملامت کرنا ۔
صُمّ ۔ (اَصَم کی جمع) بہرا ۔ جسے سُنائی نہ دے ۔
صُمٌّ بُکْمٌ ۔ ۱ ۔ بہرے گونگے ۔ ۲ ۔ وہ شخص جو بات کا جواب نہ دے ۔
صَمْصَام ۔ تیغ براں ۔ جس کا منھ نہ پھرے ۔ تیز تلوار ۔
صَمِیم ۔ خالص ۔ تہ دل ۔ مغز ۔ یک رنگ ۔
صَنْدَل ۔ ایک قسم کی خوشبودار لکڑی ۔ چندن ، جو دواؤں میں کام آتی ہے ۔
صَنْدَلی ۔ کرسی ۔ چوکی ۔

صَندَلی ڈوپٹا ۔ خوبصورت دوپٹا ۔
صَندَلی لباس ۔ دیدہ زیب لباس ۔ نفیس اور عمدہ لباس ۔
صَنّاع ۔ بڑا کاریگر ۔ ہُنرمند ۔ پیشہ ور ۔
صَنّاعی ۔ ہُنر ۔ کاری گر ۔ دست کاری ۔
صُنع ۔ کام کرنا ۔ پیدا کرنا ۔ نیکی کرنا ۔
صَنعَت ۔ کاری گری ۔ پیشہ ۔ ہُنر ۔ کام ۔
صَواب ۔ درست ۔ راست ۔ خوب ۔
صَوت ۔ آواز ۔ صدا ۔ ندا ۔
صُورِ اِسرافیل ۔ وہ قرنا جو حضرت اسرافیل حشر کے روز ایک دفعہ مار ڈالنے کے لیے دوسری مرتبہ زندہ کرنے کے لیے پھونکیں گے ۔
صُورَت دار ۔ خوبصورت ۔ شکیل ۔
صُوری ۔ ظاہری ۔ معنوی کی ضد ۔
صُوف ۔ اون ۔ نمدہ ۔ پشم ۔
صَولَت ۔ رعب ۔ دبدبہ ۔ طنطنہ ۔
صَوم ۔ روزہ ۔ رمضان ۔

صَوم وصَلوٰة ۔ نماز اور روزہ ۔
صَہبا ۔ ایک قسم کی لال شراب ۔ سفید انگوروں کی شراب ۔
صِیت ۔ شہرت ۔ آوازہ ۔ چرچا ۔ ذکرخیر ۔
صِیانَت ۔ حفاظت ۔ دیکھ بھال ۔
صَید ۔ ۱۔ شکار ۲۔ پتنگ بازی ۔ کبوتر بازی ۔ بٹیر بازی کی جنگ ۔
صَید اَفگَنی ۔ شکار مارنا ۔
صَید گاہ ۔ شکار کھیلنے کی جگہ ۔
صَیرَفی ۔ کھوٹے کھرے کو پرکھنے والا ۔ کاموں میں دخل و تصرف کرنے والا ۔
صِیغَہ ۔ شعبہ ۔ محکمہ ۔
صَیف ۔ موسم گرما ۔ گرمی کا موسم ۔
صَیقَل ۔ جلا ۔ چمک ۔ پالش ۔
صَیہُونِیَت ۔ یہودیوں کی عالم گیر تحریک جس کا مقصد شام اور حجاز وغیرہ پر یہودی تسلط قائم کرنا ہے ۔ یہودیت ۔

ض

ضاحِک ۔ ۱۔ ہنسنے والا ۔ خنداں ۲۔ مسخرا۔ ظریف ۔
ضامِن ۔ کفیل ۔ ذمہ دار۔ کسی کی ضمانت دینے والا۔
ضامنی۔ ذمہ داری۔ کفالت ۔ ضمانت ۔
ضائع ۔ تلف ۔ اکارت ۔ کھویا ہوا۔
ضَبط ۔ برداشت۔ تحمل ۔
ضَبطی ۔ قرقی ۔ قبضہ ۔ انتظام۔
ضحیٰ ۔ چاشت کا وقت ۔ ایک پہر دن چڑھے ۔
ضَرب ۔ چوٹ ۔ مار ۔ صدمہ ۔ نقصان۔
ضَربُ المَثَل ۔ کہاوت ۔ مثل ۔
ضَربَت ۔ مارنے کی چوٹ ۔ ضرر۔ نقصان ۔
ضَرَر ۔ دُکھ ۔ تکلیف ۔ نقصان۔
ضَراعَت ۔ زاری ۔ عجز۔
ضِرغام ۔ شیر درندہ ۔ شیر ببر۔ اسد ۔
ضَریح ۔ قبر۔ تربت ۔ گور ۔ لحد ۔
ضُعف ۔ کمزوری۔
ضُعفِ مِعدَہ ۔ معدہ کی وہ حالت جس میں کھانا اچھی طرح ہضم نہ ہو سکے۔
ضَعِیفُ الاِعتقاد ۔ کم زور عقیدے والا۔
ضَعِیفُ البُنیان ۔ جس کی بنیاد کمزور ہو۔ عموماً انسان کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔
ضَعِیفَہ ۔ بوڑھی عورت۔
ضُغطَہ ۔ سختی ۔ تنگی ۔ رنج ۔ (اُردو میں بالفتح زبانوں پر ہے) ۔
ضَلالَت ۔ گمراہی ۔ راہِ راست سے بھٹکنا ۔ غلطی ۔
ضِلعی نَفرت ۔ علاقائی تعصب اور نفرت۔
ضِلَع ۔ رعایتِ لفظی ۔ تلازم کلام ۔
ضِلَع جُگَت ۔ پہلو دار بات جس میں رعایتِ لفظی ہو۔
ضِماد ۔ لیپ ۔ دوا کو پانی یا کسی اور چیز میں ملا کر بدن پر لگانا۔
ضَمانَت ۔ ذمہ داری ۔ کفالت ۔

ضَو ۔ روشنی۔ چمک۔ پرتو۔
ضِیَافَت ۔ مہمانی۔ دعوت۔
ضَیْغَم ۔ ملک عرب اور افریقہ کا ایال دار شیر ببر۔
ضَیْف ۔ مہمان ۔ بہت سے مہمان۔
ضِیْق ۔ تنگی۔
ضِیْقُ النَّفَس ۔ دمہ کی بیماری۔ سانس کا روگ۔
ضَیمَران ۔ سپرغم۔ ریحان۔ نازبو۔

ط

طَابَ ثَرَاہُ ۔ اس کی قبر خوشبودار ہو، یعنی اس کی روح کو تسکین ہو۔
طَارَم ۔ لکڑی کا مکان ۔ بالا خانہ۔
طَاس ۔ طشت ۔ لگن ۔ بڑا تھال۔
طَافِح ۔ شراب کے نشے میں چور۔ مست۔
طَاغُوت ۔ شیطان ۔ گمراہیوں کا سردار۔
طَاق ۔ (صفت) ۔ فرد۔ لاثانی۔
طَاقِ کِسریٰ ۔ نوشیروان بادشاہ کا محل۔
طَاقے کے طَاقے ۔ سینکڑوں تھان۔ بہت سارے تھان۔
طَالِع ۔ نصیب، قسمت۔
طَالِع شَنَاس ۔ نجومی۔ قسمت کا حال بتانے والا۔
طَامِع ۔ لالچی۔ حریص۔
طَائفہ ۔ گروہ۔ جماعت۔ اردو میں رنڈی/کنچنی اور اس کے ہمراہی ناچنے والوں کا گروہ۔
طَاؤس ۔ مور جو ایک مشہور صحرائی پرندہ ہے اور برصغیر میں ہر جگہ پایا جاتا ہے۔
طَاؤس کا جھومنا ۔ مور کا مستی کے عالم میں ہونا۔
طَاؤس مَسْت ۔ وہ مور جس پر مستی چھائی ہوئی ہو۔
طِبّ ۔ حکمت۔ علاج معالجے کا علم خصوصیت سے یونانی طب۔
طِبِّ اَکبَر ۔ طب کی مشہور کتاب جس کے مصنف حکیم محمد اکبر ارزانی تھے۔
طِبَابَت ۔ طب۔ حکمت۔ علاج۔ علاج کا علم۔
طَبَاشِیر ۔ بن سلوچن، ایک سفید رنگ کی دوا جو بانس کی

گانٹھوں میں سے نکلتی ہے۔
طبّاع ۔ بہت ذہین ۔ تیز طبیعت ۔
طبخ ۔ پکانا ۔ پکنا ۔ کھانا پکنے کا ہنر۔
طبل ۔ ڈھول ۔ بڑا نقارہ ۔
طبع ۔ طبیعت، مزاج ۔
طبلہ ۔ صندوقچہ ۔ ڈبّا ۔
طبلۂ عطار ۔ عطر فروش کا وہ ڈبا یا خاص ظرف جس میں عطر رکھتا ہے ۔
طبیب ۔ حکیم ۔ معالج ۔ بیماریوں کا علاج کرنے والا ۔
طبیعت حاضر ہونا ۔ (محاورہ) طبیعت کا کسی کام کی طرف پورے طور سے مائل ہونا۔
طبیعت داری ۔ طباعی ۔ ذہانت ۔ ہوش مندی ۔
طبیعت سے ۔ از خود آپ سے آپ ۔ کوشش کے بغیر ۔
طبیعت لہرانا ۔ دل چاہنا ۔ اُمنگ پیدا ہونا ۔
طبیعات ۔ علم الاجسام (بہ شمول نباتات اور جمادات)۔
طحال ۔ تلی ۔ تلّی کی ایک بیماری ۔
طرّار ۔ چالاک ۔ مکار ۔ شوخ ۔
طرّارہ ۔ چھلانگ ۔ چوکڑی ۔ جست ۔
طراوت ۔ ۱۔ نمی ۔ تری ۔ رطوبت ۔
۲۔ ٹھنڈک ۔ خنکی ۔
طرب ۔ خوشی ۔ شادمانی ۔
طربوش ۔ ترکی ٹوپی ۔ سرخ رنگ کی اونچی ٹوپی ۔
طرح دار ۔ خوب صورت ۔ بانکا ۔
طرح طرح کا ۔ مختلف طرح کا ۔ ہرطرح کا ۔
طرز بیاں ۔ بیان کا انداز ۔ تقریر کا انداز ۔
طرفین ۔ فریقین ۔ دونوں جانب ۔ مدعی مدعا علیہ ۔
طرفۃ العین ۔ پلک جھپکنے کا وقفہ ۔
طرفہ ۔ انوکھی بات ۔ انوکھی چیز ۔
طرفہ معجون ۔ عجیب آدمی ۔ بے وقوف ۔ احمق شخص ۔
طرّہ یہ کہ ۔ مزید برآں ۔ زاید ۔ مزید ۔
طریقت ۔ (اصطلاح تصوف) تزکیۂ باطن ۔ تزکیۂ نفس ۔ صوفیوں کا طریقہ جس سے کمال حاصل ہوتا ہے ۔
طشت ۔ تھال ۔ لگن ۔ تسلا ۔
طشت از بام ۔ افشائے راز ۔ بھید ظاہر ہونا ۔
طعام ۔ کھانا ۔ خورش ۔

طَعَامچی ۔ کھانا پکانے والا ۔ باورچی۔
طُعْم ۔ لذت ۔ ذائقہ ۔ مزہ ۔
طُعْمَہ ۔ خوراک ۔ لقمہ ۔ نوالہ ۔
طَعْنَہ دینا ۔ ملامت کرنا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ احسان یا نیکی کرکے اس کا ذکر کرنا ۔
طُغْرا ۔ ایک قسم کا خاص نشان بطور نام یا عبارت مختصر جگہ لکھنا ۔ زیادہ الفاظ کو کم سے کم حروف میں خوب صورتی سے لکھنا ، آرائش کے لیے ایسے طُغرے مکان کے اندر لگائے جاتے ہیں ۔ خط طغرا ۔ خوش نویسی کی ایک قسم ہے ۔
طُغْیَان ۔ سرکشی ۔ بغاوت ۔ ظلم ۔ زیادتی ۔
طِفْلِس ۔ ملک قفقاز کا قدیم دارالحکومت ۔
طُفَیْل ۔ وسیلہ ۔ سبب ۔ ذریعہ ۔
طَلَاطُم ۔ (تَلاطُم) ۔ موجوں کا زور ۔ پانی کے تھپیڑے ۔
طَلَاقَت ۔ تیز زبانی ۔
طِلَائی ۔ سنہری ۔ سونے کا ۔
طَلَایہ ۔ رات کی محافظ فوج ۔
طَلَبَہ ۔ علم کی تحصیل کرنے والے بہت سے طالب علم ۔ بہت سے شاگرد ۔
طَلْعَت ۔ چہرہ ۔ رُخ ، نظارہ ۔ دیدار ۔
طَلِیْعَہ ۔ وہ لشکر جو فوج کے آگے آگے دشمن کے اترنے کی جگہ وغیرہ امور دریافت کرنے کو جایا کرتا ہے ۔ شہر اور لشکر کی حفاظت کرنے والی سپاہ ۔
طَلِیْعَۃُ الْجَیْش ۔ وہ لشکر جو فوج کے آگے آگے دشمن کی نقل و حرکت کا پتہ لگاتا ہے ۔ ہراول ۔
طَلِیْق ۔ آزاد ۔ رہا شدہ ۔
طَلِیْقُ اللِّسَان ۔ تیز زبان ۔
طَمَانچَہ ۔ سیلی ۔ تھپڑ ۔ ایک داؤں ۔
طُمْطُراق ۔ ٹھاٹھ ۔ کروفر ۔ شان و شکوہ ۔
طَمَع ۔ لالچ ۔ حرص ۔
طَمَع میں آنا ۔ لالچ میں آنا ۔
طَنَّاز ۔ ناز و انداز سے چلنے والا ۔ اشارے کنایے میں بات کرنے والا ۔ شوخ ۔ بے باک ۔
طَنْبُورَہ ۔ چھ تاروں کا ستار ۔
طَنْطَنَہ ۔ کروفر ۔ شان و شکوہ ۔
طَوَائِف ۔ ناچنے والی عورت ۔ رقاصہ ۔ رنڈی ۔

طَوَائِفُ المُلُوکی ۔ سیاسی انتشار ۔ لاقانونی ۔

طُوبیٰ ۔ نام بہشتی میوہ دار درخت کا ۔

طُورِی ۔ بٹیر کی ایک قسم جو لڑائی جاتی ہے ۔

طُوطَا پَالنَا ۔ (محاورہ) کسی پھوڑے پھنسی کا علاج نہ کرکے بیماری کو طول دینا ۔ کوئی ایسا کام ہاتھ سے لینا جس سے وہ اور کاموں سے معطل ہو جائے ۔

طُوطَا چَشمی ۔ بے مروتی ۔ بے وفائی ۔

طُوطِی بُولنَا (محاورہ) ۔ شہرہ آفاق ہونا ۔ کسی ہنر یا کمال یا مرتبے یا حسن وجمال وغیرہ میں دھاک ہونا ۔ اقبال یاور ہونا ۔

طَوعًا وَکَرھًا ۔ کچھ خوش کچھ ناخوش ۔ خوشی ناخوشی سے ۔

طَوْق ۔ گلے کا ایک زیور ۔

طَوقِیہ ۔ ایک قسم کا پتنگ جس میں حلقہ بنا ہوتا ہے ۔

طُول ۔ درازی ۔ وسعت ۔ طوالت ۔

طُولِ اَمَل ۔ اُمید کی طوالت ۔ حرص کی زیادتی (کنایۃً) حرص دُنیا ۔

طُومَار ۔ کھرّا ۔ نامہ ۔ صحیفہ ۔

طَوِیلَہ ۔ گھوڑوں کا تھان ۔ اصطبل ۔

طے ہُونا ۔ فیصلہ ہونا ۔

طِیبُ النَّفس ۔ پاک دل ۔ پاک نفس ۔ بہ طیب خاطر ۔

طَیِّر ۔ ایک پرند ۔ بہت سے پرند ۔

طَیَرَان ۔ اُڑنا ۔ اُڑانا ۔

طَیش ۔ غصّہ ۔ جوش ۔ قہر ۔

طِین ۔ مٹی ۔ گیلی مٹی ۔

طِینَت ۔ سرشت ، طبیعت ۔ خو ۔ عادت ۔

ظ

ظَبی ۔ ہرن ۔

ظَرّاف ۔ خوش طبع ۔ بڑا دل لگی باز ۔ وہ شخص جو نہایت عقل مند ہو ۔

ظَرافَت ۔ دل لگی ۔ ٹھٹھا ۔ تمسخر ۔

ظَرائِف ۔ ظریفانہ باتیں ۔

دل خوش کرنے والی باتیں ۔
ظرافت کا پہلو لیے ہوئے
نکتے ۔
ظَرف ۔ ۱۔ سمائی ۔ گنجائش ۔ حوصلہ۔
۲۔ برتن ۔
ظُرفا ۔ (ظریف کی جمع) ۔ خوش
طبع ۔ مسخرا ۔ دل لگی باز ۔
لطیفہ گو ۔
ظَرِیف ۔ خوش طبع آدمی ۔ ہنسوڑ ۔
عقل مند ۔
ظَفَر ۔ فتح ۔ کامیابی ۔
ظَفَر پَیکَر ۔ فتح پانے والا ۔
ظِلِّ سُبحانی ۔ خدا کا سایہ ۔
بادشاہ ۔
ظِلُّ اللّٰہ ۔ اللہ کا سایہ ۔
ظُلُمَات ۔ تاریکی ۔ اندھیرا ۔
ایک سمندر کا نام جس کو بحر
اٹلانٹک کہتے ہیں ۔ اس مقام
کو بھی کہا جاتا ہے جہاں آب حیات
کا چشمہ ہے ۔
ظَلُوم ۔ بہت بڑا ظالم ۔ سخت
ظالم ۔
ظَمَا ۔ پیاس ۔ تشنگی ۔
ظَن ۔ گمان ۔ خیال ۔
ظَہری ۔ پشت کا ۔ پشت پر
لکھا ہوا ۔
ظَہِیرُ المَذہَب ۔ مذہبی انسان ۔
مذہب کا دوست ، مذہب
کا پشت پناہ ۔

ع

عَاج ۔ ہاتھی دانت ۔
عَاجِل ۔ جلد باز ۔ جلدی
کرنے والا ۔
عَار ۔ شرم ۔ ننگ ۔
عَارِی ۔ ننگا ۔ برہنہ ۔
عریاں ۔
عَارِض ۔ گال ۔ رخسار ۔
عَارِضَہ ۔ بیماری ۔ مرض ۔
رنج ۔
عَازِم ۔ قصد اور ارادہ
کرنے والا ۔
عَاشُورا ۔ ماہ محرم کی دسویں
تاریخ ۔ حضرت امام حسینؓ کی
شہادت کا دن ۔
عَاصِی ۔ خطاکار ۔ گنہگار ۔
نافرمان ۔
عَاطِفَت ۔ سرپرستی ۔ حمایت ۔
مہربانی ۔
عَافِیَت ۔ سلامتی ۔ آرام ۔
آسائش ۔ بچاؤ ۔
عَاق ۔ ماں باپ سے سرکش ۔
نافرمان ۔

عاق کرنا - (محاورہ) فرزندی سے الگ کرنا۔
عاقبت - انجام - نتیجہ - آخرت - عقبیٰ۔
عاقبت اندیش - دور اندیش۔ انجام بیں - ہوشیار۔
عاقبت کے بوریے بٹور نا / سمیٹنا - (محاورہ) بہت بوڑھا ہوکر مرنا۔
عالمگیر (عالم گیر) - دُنیا کو فتح کرنے والا - دُنیا میں پھیلا ہوا۔
عالم اَجل - جید عالم - بڑا فاضل۔
عالم لوذعی - ذہین عالم۔
عالم الغیب - غیب کا جاننے والا - ہمہ داں - مراد اللہ تعالیٰ۔
عالی گہر - معزز خاندان - اونچی ذات والا۔
عامل - سیانا - تعویذ منتر کرنے والا - بھوت پریت آسیب نکالنے والا۔
عامی - جاہل - ناخواندہ۔
عبّاسی تہمد - نیلاہٹ لیے ہوئے سُرخ رنگ کا تہمد۔
عبّاسی رُومال - نیلاہٹ لیے ہوئے سرخ رنگ کا رُومال۔

عبد - بندہ - غلام۔
عبرت - نصیحت - پند - خوف - تنبیہ۔
عبرت مآل - جس سے آگہی یا نصیحت حاصل ہو۔
عبور - مسائل پر حاوی ہونا - مہارت حاصل ہونا۔
عتاب - غصّہ - غضب - ناراضگی۔
عتبات عالیات - دربار عالی - اونچی دہلیز - بلند و بالا دہلیز۔
عتیق - پرانا - برگزیدہ - آزاد۔
عجائب خانہ - وہ مکان جہاں عجیب و غریب اور نادر چیزیں لوگوں کے لیے رکھی گئی ہوں۔
عُجب - نخوت - غرور - تکبّر۔
عجز - ناچاری - عاجزی - گڑگڑانا۔
عداوت - دشمنی - مخالفت۔
عدول - نافرمانی - حکم کے خلاف کرنا۔
عدن - عرب کا ایک مشہور شہر جو مُلک یمن میں شامل ہے اور ساحل سمندر پر واقع

ہے، یہاں کے موتی بہت مشہور ہیں۔

عَدِیم ۔ وہ جو نہ ہو یا معدوم۔ کسی چیز کا پاس نہ ہونا۔

عَدِیمُ التَّشبِیہ ۔ (کسی وصف میں) جس کا کوئی شریک نہ ہو۔ لاجواب۔ بے نظیر۔

عَدِیمُ الفُرصَتی ۔ بالکل فرصت نہ ہونا۔ کمال مصروفیت، بہت مشغولیت ہونا۔

عَذب ۔ میٹھا۔ خوش ذائقہ۔

عَذبُ البَیَان ۔ شیریں کلام۔ شیریں بیان۔

عِذَار ۔ عارض۔ رخسار۔ گال۔ نیز چہرہ۔

عَذرَا ۔ دوشیزہ اور کنواری لڑکی۔ وامق کی محبوبہ۔

عَذُوبَت ۔ مٹھاس۔ شیرینی۔

عَرَائس ۔ (جمع عروس کی) ۔ عورت ہو یا مرد جس کی ابھی شادی ہوئی ہو مگر اس کا اطلاق اکثر نئی دُلہن۔

عَرَائض ۔ (جمع عریضہ کی) ۔ بمعنی عرضی۔ خط۔

عَربَدَہ جُو ۔ لڑاک۔ جنگ جو۔ لڑائی جھگڑے کے لیے بہانہ ڈھونڈنے والا۔

عَربَدَہ جُوئی ۔ فریب۔ شرارت۔ لڑائی۔ جھگڑا۔

عَرَبی تُرکی بولنا ۔ ناقابل فہم گفتگو کرنا۔ لایعنی بات چیت۔

عَرض ۔ چوڑائی۔

عُرفی ۔ رسمی۔ مشہور۔ معمولی۔ ظاہری۔

عَرَق ۔ پسینہ۔ پھل وغیرہ کا نچوڑا ہوا پانی۔ کسی چیز میں کسی چیز کو بھگو کر عمل کشید کے ذریعے نکالا ہوا پانی۔

عَرَق آلُود ۔ پسینے پسینے ہونا۔ پسینے میں تر۔

عَرَقِ انفِعَال ۔ شرمندگی کا پانی۔ پسینہ جو ندامت کے باعث آئے۔

عَرَق عَرَق ہُونا ۔ (محاورہ) پسینے پسینے ہونا۔ محنت، شرمندگی، ناتوانی یا خوف سے۔

عَرَق گِیر ۔ وہ آلہ جس کے ذریعہ عرق کشید کریں۔ وہ چیز جو چلم کے نیچے اس غرض سے رکھتے ہیں کہ تمباکو کا عرق اس میں رہے اور نے کو خراب نہ کرے۔ چھوٹا سا رومال پسینہ پونچھنے کا۔ شرمندہ۔

عَرُوس ۔ دولھا۔ نوشاہ۔ دُلہن۔

عَرُوض ۔ وہ علم جس میں نظم کی درستی کے قواعد، وزن اور بحر کے ارکان اور زحافات کے

مذکور ہوتے ہیں۔ وزن شعر کا علم۔

عَرِیض - چوڑا۔ پھیلا ہوا۔ طول طویل۔ بڑا۔

عَزَا خَانہ - ماتم پُرسی کا مکان۔

عَزَادَار - ماتم پُرسی کرنے والا۔

عَزَادَارِی - ماتم پُرسی کرنا۔

عَزَازِیل - شیطان کا نام۔

عِزَّت دَار - صاحبِ عزت۔ ممتاز۔ معزز۔

عَزْل - موقوفی۔ برطرفی۔ معزولی۔

عُزْلَت - گوشہ نشینی۔ خلوت گزینی۔

عَزْم - ارادہ۔ قصد۔ نیت۔

عَسَاکِر - (عسکر کی جمع)۔ لشکر۔ فوج۔ سپاہ۔

عُسْرَت - تنگی۔ دشواری۔ مفلسی۔

عَسَل - شہد۔ انگبیں۔

عُشَّاق - (عاشق کی جمع)۔ چاہنے والا۔ فریفتہ۔ محبت الٰہی میں غرق۔

عَش عَش کَرنا (اش اش کرنا)۔ (محاورہ)۔ بہت پسند کرنا۔ وجد میں آنا۔ بے اختیار تعریف کرنا۔

عَشْرَہ - محرم کی دسویں تاریخ۔ یوم عاشورا۔

عُشْرِ عَشِیر (عشرِ عشیر)۔ دسویں کا دسواں حصّہ یعنی سوواں حصّہ (کنایتہً) بہت تھوڑا۔ ذرا سا۔ بہت قلیل۔ نہایت کم۔

عِشْرَت - عیش و نشاط۔ سیر تماشے۔ خوشی۔ مسرت۔

عِشْقِ پیچَاں - ایک بیل کا نام جو درخت کے تنے اور شاخوں میں لپٹ جاتی ہے اور جس کا پھول سُرخ پتیاں باریک باریک ہوتی ہیں۔ لبلاب۔

عِشْوَہ - پوشیدہ حرکت۔ غمزہ۔ کرشمہ۔ ناز و انداز۔

عَصَا - لاٹھی۔ چھڑی۔

عَصَائے پِیرِی - بوڑھے/ بڑھاپے کی لاٹھی یا سہارا (کنایتہً) بوڑھے کا بیٹا۔

عَصَافِیر - (جمع عصفور کی)۔ گنجشک۔ چڑیاں۔

عِصْمَت - پاک دامنی۔ بے گناہی۔ بالخصوص زنا سے محفوظ ہونا۔

عِصْمَت سِمَات - عصمت والیاں۔ صاحبِ عصمت۔

عِصْمَت مَآب - گناہ سے پاک۔ پاک دامن۔ عصمت کا مرجع۔

عِصیان ۔ خطا ۔ گناہ ۔ معصیت ۔

عُضو ۔ بدن کا کوئی حصّہ ۔

عَطا پاش ۔ بہت زیادہ بخشش کرنے والا ۔ سخی ۔ فیاض ۔

عَطّار ۔ گندھی ۔ عطر فروش ۔

عُطارِد ۔ ایک سیارہ جو سورج کے قریب ہے، جو علم و عقل کا منبع خیال کیا جاتا ہے ۔ منشیٔ فلک ۔ دبیر فلک ۔

عُطارِد قلم ۔ بہترین لکھنے والا ۔

عِطرِ سہاگ ۔ کئی عطر مِلا کر بنایا ہوا عطر جس کی خوشبو بہت تیز ہوتی ہے، یہ دُلہنوں کے استعمال کے لیے تیار کیا جاتا ہے ۔

عِطرِ عُروس ۔ ایک قسم کا عِطر جو جو کئی عطروں کا مجموعہ ہو ۔

عِطرِ فتنہ ۔ وہ عطر جو کئی عطروں کا مجموعہ ہو ۔

عِطر کی شیشی ۔ وہ خاص قسم کی چھوٹی شیشی جس میں عطر ہی رکھا جاتا ہے اور جس کا کاگ بھی شیشے کا ہوتا ہے ۔

عِطر کی مہک ۔ عطر کی خوشبو ۔

عِطر لنڈھانا ۔ بہت زیادہ عطر صرف کرنا ۔

عَطَش ۔ پیاس ۔ تشنگی ۔

عَطُوفَت ۔ مہربانی ۔ شفقت ۔

عُظّام ۔ بڑا ۔ کلاں ۔ بزرگ ۔

عَظِیمُ اللہ خانی حُقّہ ۔ ایک قسم کا حُقّہ جو عظیم اللہ خان کی طرف منسوب ہے ۔

عِفّت ۔ پرہیز گاری ۔ پارسائی ۔

عِفّت کوش ۔ پرہیزگار ۔ پارسا ۔ پاکی ۔ صاف ۔

عِفّت مآب ۔ پارسا ۔ عفیفہ ۔

عِفرِیت ۔ بھوت ۔ پریت ۔ دیو ۔

عَفو ۔ معافی ۔ درگزر ۔

عُفُونَت ۔ بدبو ۔ سڑاند ۔

عَفِیفہ ۔ پارسا عورت ۔

عِقاب ۔ دُکھ ۔ عذاب ۔ تکلیف ۔

عِقال ۔ وہ ڈوری یا رسی جو عرب کے لوگ سر کے اوپر رومال رکھ کر باندھتے ہیں ۔

عَقَب ۔ پچھلا حصّہ ۔ پیچھے ۔

عُقبیٰ ۔ اگلا جہاں ۔ دوسرا جہاں ۔

عَقد ۔ نکاح ۔ شادی ۔ بیاہ ۔

عُقدَہ ۔ گتھی ۔ پیچیدہ

معاملہ ، مسئلہ - مشکل بات۔
یا امر۔
عُقْدَہ سَرْبَسْتَہ - خفیہ راز۔
پوشیدہ بات۔
عَقْرَب - بچھو۔ کژدم۔
عَقْل بَڑی کہ بَھینس - (مثل) جب کسی کو بے وقوف بنانا ہوتا ہے یا کوئی کم عقلی کی بات کرتا ہے تو تمسخر کی حیثیت سے دوسرا شخص کہتا ہے۔
عَقْل سَرْد ہُو جَانَا - عقل کا صحیح طور سے کام نہ کرنا۔
عَقْل کا پُتْلا - مجسّم عقل - نہایت عقل مند۔
عَقْل کے گھوڑے دَوڑانَا - (محاورہ) - بہت غور کرنا۔ خیالی پلاؤ پکانا - گہری فکر کرنا۔
عَقْل کے نَاخُن لینَا - (محاورہ) - ہوش میں آنا - سمجھ سے کام لینا - سوچ کر بات کرنا۔
عَقْل کو رُو بَیٹھنَا - عقل نہ رہنا - عقل جاتی رہنا۔
عَقْل کی آنکھوں پر پَٹّی بَاندھنَا - دُور اندیشی سے کام نہ لینا - بغیر سوچے سمجھے کام کرنا۔
عُقُوبَت - سزا - عذاب۔

عَقِیق - جواہرات کی ایک سُرخ قسم، یمن کا عقیق قدیم زمانے سے مشہور ہے۔
عَقِیل - بڑا عقل مند۔
عَقِیم - بانجھ مرد۔
عِلَاجُ الْمَوَیشِی - جانوروں کے علاج کی ایک کتاب۔
عَلَائِم - نشان - علامتیں - اسباب۔
عَلّامِی - نہایت دانا اور صاحب علم۔
عِلَّت - الزام - تہمت - گناہ - قصور۔
عَلَف - قسم گھاس - چارا۔
عَلَم بَرْدَار کا عَلَم ٹُوٹے - یعنی حضرت عباس کی مار پڑے۔ بد دعا۔
عِلْم - جاننا - آگاہی - واقفیت ۔
عِلْم وحَدَث - یقین و گمان۔
عِلْمِ لَدُنّی - خداداد علم - وہ علم جو بغیر اُستاد کے روحانی فیض سے حاصل ہو۔
عِلْمِ ہَیئیات - (ہیئت) - وہ علم جس کے ذریعے سے اشکال فلکی اور مساحت کرۂ ارض معلوم کریں۔

عَلیَ الْاِتِّصَال ۔ متواتر ۔ لگاتار ۔
عَلیَ التَّوَاتُر ۔ مسلسل ۔ پے در پے ۔
عَلِیْل ۔ بیمار ۔ ناساز
عِلِّیِین ۔ بہشت کی کھڑکیاں ۔ جنّت کے اونچے اونچے مکان ۔ بہشت کا نام ۔
عَمّ ۔ چچا ۔
عَمّارِی ۔ ہودج ۔ محمل ۔ ہاتھی کا ہودہ ۔
عُمّال ۔ (جمع عامل کی) حاکم ۔ کارگزار جو سرکار کی طرف سے مقرر ہوں ۔
عِمَامَہ ۔ دستار ۔ پگڑی ۔
عَمَائِد (جمع عمید کی) ۔ پیشوائے قوم ۔ سردار قوم ۔
عِمْرانِیّات ۔ انسان کے رہن سہن اور معاشرت کا علم، آبادی کے متعلق ۔
عَمْرو عَیّار کی زَنْبِیل ۔ وہ شئے کہ جس میں بظاہر جگہ نہ ہو اور چیزیں سماتی چلی جائیں ۔ وہ تھیلا یا جھولا جس میں دُنیا جہان کی چیزیں سما جائیں ۔
عَمَل ۔ وقت ۔
عُمْق ۔ گہرائی ۔ تھاہ ۔
عَمُود ۔ ستون ۔ گرز ۔ اونچائی ۔
عَمِیْق ۔ گہرا ۔ جس کی تھاہ نہ ہو ۔
عِنَاد ۔ دشمنی، مخالفت، بیر ۔
عِنَبُ الثَّعْلَب ۔ مکو ۔
عَنْبَر ۔ ایک خوشبو جو سمندر میں بہتی ہوئی رہتی ہے، اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے، آگ پر پگھل جاتی ہے، ویل مچھلی کے بدن پر ایک قسم کا دنبل ہوتا ہے جس میں خون جمع ہو جاتا ہے جب یہ اچھا ہوتا ہے تو کھرنڈ جھڑ جاتا ہے، یہ عنبر ہے ۔
عَنْبَر بیز ۔ خوشبو دینے والا ۔
عَنْبَر سَارَا ۔ (صفت) خالص ۔ ایک مشہور خوشبو کا نام جو آگ پر موم کی طرح پگھل جاتی ہے، اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے ۔
عَنْبَرِیں مُو ۔ خوشبودار بال ۔
عَنْدَلِیب ۔ بُلبُل ۔
عُنْصُر ۔ اصل ۔ بُنیاد ۔ جڑ ۔
عُنْصُرِی ۔ عنصر سے منسوب ۔ عنصر کا ۔
عُنْفُوَان ۔ اُٹھتی جوانی ۔ آغاز جوانی ۔
عُنْفُوَانِ شَبَاب ۔ بھرپور جوانی ۔ عین جوانی کا زمانہ ۔

عُنقا - لمبی گردن کا ایک فرضی پرندہ (کنایتہً) نایاب - نادر الوجود چیز -

عنکبُوت - مکڑی -

عَوَارِض - (جمع عارضہ کی) - رنج - بیماری -

عَوَامُ النّاس - عام لوگ - تمام لوگ -

عَوْد - لوٹنا - پھرنا -

عُودِ قِمَارِی - ایک بڑھیا قسم کی عود جو قمار سے آتی ہے، یہ بہت عمدہ قسم کی ہوتی ہے - ایک سیاہ خوشبودار لکڑی کا نام -

عورت کو تین دِن گوُر کے بھی بھارِی ہُوتے ہَیں - کہا جاتا ہے کہ مرنے کے بعد تین دن تک عورت کا دل دُنیا کے بکھیڑوں میں پھنسا رہتا ہے -

عوَرَت مَرد رَاضِی تو کیا کرے گا قَاضِی - دو فریق راضی ہوں تو تیسرا ان کے معاملات میں دخل نہیں دے سکتا - کام فریقین کی رضامندی سے انجام کو پہنچتا ہے -

عِوَض - بدلہ - معاوضہ - انتقام -

عَیّار - چالاک - ہوشیار - مکار - فریبی - کام میں اُستاد - ماہر -

عَیّاش - اپنی زندگی بہت اچھی طرح بسر کرنے والا - عیش پسند - رنگین مزاج -

عَیّاشی - عیش پسندی - رنگین مزاجی -

عَیَال و اَطفَال - خاندان - بیوی بچے -

عَیبی - شریر - بدذات -

عِید بَعد ٹر (عِید پیچھے ٹر) - موقع و محل نکل جانے کے بعد کسی کام کرنے پر یا بے محل کسی کام کرنے پر بولتے ہیں -

عِیدِی - عید کا انعام -

عَینُ الکَمَال - نظر بد - وہ نگاہ جو اچھی چیز کو ضرر پہنچائے -

عَیُّوق - ایک سُرخ روشن تارہ -

عُیُون - (عین کی جمع) - آنکھیں -

غ

غازہ ۔ ایک قسم کا خوشبودار گلابی سفوف جو عورتیں خوبصورتی کے لیے رخساروں پر ملتی ہیں۔
غازی ۔ کافروں سے لڑنے والا مسلمان ۔ کفار کو قتل کرنے والا فتح مند مسلمان۔
غاشیہ بردار ۔ فرماں بردار۔ مطیع ۔
غالیہ بار ۔ خوشبو پھیلانے والا ۔ عطر افشاں ۔
غالیہ ریز ۔ خوشبو بکھیرنے والا، پھیلانے والا۔
غالیہ مو ۔ خوشبو دار بالوں والا ۔
غائب غلّہ ۔ بالکل غائب ۔
غبغب ۔ گوشت لٹکا ہوا نیچے ٹھوڑی کے، یہ پُر گوشت موٹے آدمی کے حسن اور خوب صورتی میں داخل ہے۔
غبی ۔ کند ذہن ۔ کم عقل ۔

نا فہم ۔
غپّا ۔ اُڑتے ہوئے پتنگ کے پھٹ جانے کے بعد ڈوری کو کھینچنے کا عمل ۔ دھوکا ۔
غپڑ غپڑ ۔ جلدی جلدی بد تمیزی کے ساتھ کھانا ۔
غت رَبُود ۔ ملا جُلا ۔ گڑبڑ ۔ گڈ مڈ ۔ خراب ۔
غٹ ۔ ایک سانس میں ۔ ایک گھونٹ میں ۔
غٹ غٹ پینا ۔ (محاورہ)۔ بغیر گھونٹ لیے جلدی جلدی پی جانا ۔
غٹر غٹر ۔ مزے لے لے کر ۔
غچہ (غچّا) ۔ دھوکا ۔ فریب ۔
غدر ۔ بلوہ ۔ بغاوت ۔ ہنگامہ ۔
غرّا ۔ (غرّہ) ۔ سانحہ ۔ تعطیل ۔
غُراب ۔ پہاڑی کالا کوا ۔
غُرّانا ۔ غصّے کی آواز نکالنا ۔
غِربال ۔ چھلنی ۔
غُربت ۔ مفلسی ۔ ناداری ۔ مسافرت ۔ بے وطنی ۔
غُرّش ۔ کتے، شیر، بلی کی غصّے بھری آوازیں (کنایتہً) انسان کی تکرار ۔ لایعنی گفتگو ۔
غُرفہ ۔ کھڑکی ۔ جھروکہ ۔

غرقاب - پانی میں ڈوبا ہوا۔
غرقہ - غریق۔ ڈوبا ہوا۔
غرل - بچے کا غیر مختون ہونا - بغیر ختنے کا۔
غبرّہ - فاقہ۔ ناغہ۔ تعطیل۔

غریب کی جورو سب کی سرہج (غریب کی جورو سب کی بھابی) (مثل) - غریب کی کوئی عزت نہیں کرتا۔ ہمدردی کے بدلے اس کے افلاس کی ہنسی اڑائی جاتی ہے۔
غریبنی - غریب عورت - مفلس۔
غریق - ڈوبا ہوا۔
غڑاپ - فوراً۔ ڈن سے۔
غزال - ہرن۔
غزالانِ مینا سُم - ایسے ہرن جن کے کھر آبگینہ کے مانند ہوں مراد ہے خوب صورت ہرنوں سے۔
غسّال - نہلانے والا۔ غسل کرانے والا۔
غش - بے ہوشی۔ غشی طاری ہونا۔ بے ہوش ہوجانا۔ بے ہوش۔
غشی - بے ہوشی۔ بے خبری۔
غصب - چھین لینا۔ دوسرے کی چیز جبراً لے لینا۔

غضِّ بصر۔ چشم پوشی۔
غضب - قہر۔ خشم۔ غصہ۔
غضنفر۔ شیر درندہ۔
غفیر۔ انبوہ۔ بھیڑ۔
غلام کے تِلام کے چولام کے - غلام کا غلام۔ نوکر کا نوکر۔ انتہائی وفادار۔ حد درجے خدمت گزار۔
غل - کینہ۔ کدورت۔ کھوٹ۔
غل غپاڑا - بے حد شور و غوغا۔ حد سے زیادہ چیخ پکار۔
غلبۂ صفرا - صفرا کی فراوانی۔ زیادتی کثرت۔
غلطاں و پیچاں - لوٹتا اور چکر کھاتا ہوا۔ متفکر۔ فکر میں پریشان۔
غلغلہ - شہرت - شہرہ - دھوم۔
غلو - بے حد انہماک۔ سخت مشغولیت۔
غلمان - (جمع غلام کی)۔ جنت کے پیش خدمت لڑکے۔
غلیظ - گندہ - میلا - پلید۔
غم غلط کرنا (محاورہ)۔ طبیعت بہلانا۔ غم کو بھلانا۔

غَمّاز ۔ چغل خور۔

غِنَاء ۔ راگ ۔ نغمہ ۔ گانا ۔ گیت ۔

غنائم ۔ (جمع غنیمت کی) لوٹ کا مال ۔

غُنَم ۔ لوٹ کا مال ۔ مال غنیمت ۔

غُنْغُنَا ۔ ناک میں بولنا۔

غَنِیم ۔ لٹیرا ۔ دشمن ۔ عدو۔

غَنِیمَت ۔ لوٹ ۔ لوٹ کا مال ۔ مفت ملی ہوئی چیز۔

غَوّاص ۔ غوطہ لگانے والا ۔ غوطہ خور۔

غَوَامِض (غامض کی جمع) ۔ باریک معانی ۔ چھپی ہوئی باتیں۔ باریکیاں ۔

غَوث ۔ اہل تصوف میں ولایت کے درجے، اس درجے پر پہنچ کر جسم کے تمام اعضا جسم سے الگ ہو کر یاد خدا میں مصروف ہو جاتے ہیں۔

غَورِی ۔ تانبے کی کنگرے والی رکابی۔

غُوطَہ ۔ ڈبکی ۔ پانی میں ڈوبنا ۔

غُول بَیَابَانی ۔ بھوت ۔ پریت۔ چھلاوہ ۔

غَیبَانِی ۔ (عو) گالی ہے ۔ حرام زادہ ۔ فساد کرنے والی عورت۔ بے شرم اور بدچلن عورت ۔

غِیبَت ۔ بدگوئی ۔کسی کے پیٹھ پیچھے بُرا کہنا۔

غَیبِی طَمانچَہ پَڑنَا ۔ قدرت کی طرف سے بدی کی سزا ملنا۔

غَیر کُفو ۔ ذات باہر ۔ غیر برادری ۔

غَیر مَنْقُولَہ ۔ جس کو منتقل نہ کیا جاسکے ۔

غَیْظ ۔ شدید غصّہ ۔ قہر۔

غَیْن ۔ (عو) تکرار کرنا ۔

غَیْں بُول جَانَا ۔ مغلوب ہو جانا ۔ بے بس ہو جانا۔

غَیْں ہُونَا ۔ (محاورہ) ۔نشے میں چور ہونا۔

ف

فَاتِر ۔ کم زور ۔ ضعیف ۔ سُست ۔

فَاخِرَہ ۔ اچھی ۔ ہر عمدہ چیز۔

فَارِغُ البَال ۔ آسودہ حال۔ خوش حال ۔

فَارِق ۔ جدائی ڈالنے والا ۔ فرق کرنے والا ۔

فَاسِخ ۔ توڑنے والا ۔ ختم کرنے والا ۔

فَاسفُورس ۔ ایک تابناک کیمیاوی مادہ جو مرکب حالت میں پایا جاتا ہے ۔

فَاش ۔ ظاہر ۔ آشکار ۔

فَاضِل ۔ زیادہ ۔ بڑھا ہوا ۔ فارغ (ق) ۔

فَاضِلِ اَجَل ۔ بہت بڑا فاضل ۔

فَاضِل یگانہ ۔ باکمال فاضل ۔

فَاقِد ۔ گم کرنے والا ۔ کھونے والا ۔ بیوہ ۔

فَاقِع ۔ گہرا رنگ ۔

فَال ۔ شگون ۔

فَالتُو ۔ ضرورت سے زائد ۔ نکما ۔ بے کار ۔

فَالِج ۔ ایک بیماری جس میں کوئی عضو بدن بے کار اور بے حس ہو جاتا ہے ۔

فَالُودَہ ۔ پکا ہوا نشاستہ جسے چھلنی میں چھان کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنا لیتے ہیں اور ان کو دودھ اور برف میں ڈال کر اور شکر ملا کر کھاتے ہیں ۔

فَالیز ۔ خربوزوں، کھیروں یا ککڑیوں کا کھیت ۔

فَانُوس ۔ ایک قسم کا شمعدان جو لٹکا دیا جاتا ہے ۔

فَائِدَہ اَنَام ۔ عوام الناس کا فائدہ ۔ مخلوقات کی بھلائی ۔

فَائِز بمَرَام ۔ مقصد پر پہنچنے والا ۔

فَائِزُ الْمَرَام ۔ بامراد ۔ کامیاب ۔ مراد پانے والا ۔

فَائِزُ الْمَرَامی ۔ کامیابی ۔ حصول مقصد ۔

فَائِق ۔ سب سے بڑھ کر ۔ اعلیٰ ۔ معزز ۔

فَتّان ۔ فتنہ انگیز ۔ فسوں ساز ۔

فُتَادگی ۔ گرا ہوا پن ۔ پڑا ہوا پن ۔ عاجزی ۔ انکسار ۔ بے بسی ۔

فِتراک ۔ شکاربند ۔ چمڑے کے وہ تسمے جو زین کے دونوں طرف شکار یا ضروری سامان باندھنے کے لیے ہوتے ہیں ۔

فُتُوَّت ۔ شجاعت ۔ بہادری ۔ سخاوت ۔ مروت ۔

فُتُوح ۔ (جمع فتح کی) کشائش ۔

فُتُور ۔ فساد شرارت ۔ کمزوری ۔ خرابی ۔

فَتِیلَہ ۔ (فلیتہ) ۔ بتی ۔ پلیتہ ۔ موٹی بتی روئی کی بٹی ہوئی ۔

فِٹَن ۔ ایک قسم کی چار پہیوں کی گاڑی جو اوپر سے کھلی ہوئی ہوتی ہے۔

فُحش ۔ تہذیب سے گری ہوئی بات، گالی ۔ قابلِ شرم بات۔

فَخر ۔ ناز ۔ گھمنڈ ۔ بزرگی۔

فَخرِیہ ۔ فخر کی صورت سے ۔ فخر سے

فَخِیم ۔ بزرگی ۔ بلند مرتبہ۔

فِدوِی ۔ جاں نثار ۔ بندہ ۔ عاجز ۔ خاکسار۔

فُرات ۔ میٹھا اور ٹھنڈا پانی ۔ عراق کا دریا۔

فَرّاٹے (فراٹا) ۔ ہوا میں کسی چیز کے اُڑنے کی آواز ۔ ہوا کا تیز جھونکا۔

فَرّاٹے باز ۔ پھرتیلا ۔ چاق چوبند ۔ تیزی سے کام کرنے والا ۔ تیز طرار (ق)۔

فَراخ ۔ وسیع ۔ کشادہ ۔ کھلا ہوا۔

فَراز رَوشَن گَر ۔ اعلیٰ روشن ضمیر (ق)۔

فَرّاش ۔ چوب دار ۔ وہ شخص جس کے ذمے فرش فروش اور روشنی اور خیموں کا انتظام ہو۔

فَرّاشی سَلام ۔ وہ سلام جو جُھک کر کیا جائے کہ سر فرش سے لگ جائے۔

فَراغَت ۔ فرصت ۔ چھٹکارا ۔ خلاصی۔

فِراق ۔ علٰحدگی ۔ جُدائی ۔ خیال ۔ دھن۔

فَراک کوٹ ۔ مردوں کا ایک خاص وضع کا مغربی طرز کا کوٹ۔

فَرامُوش ۔ لڑکیوں کا ایک کھیل۔

فِرام ۔ (انگریزی) ۔ سے ۔ طرف ۔ جانب۔

فَراواں ۔ بہت زیادہ۔

فَرتُوت ۔ بوڑھا پھونس ۔ بہت بوڑھا۔

فَرجام ۔ انجام ۔ خاتمہ ۔ اخیر۔

فَرحَت ۔ خوشی ۔ شادمانی۔

فَرخار ۔ نام شہر ترکستان میں جہاں کے آدمی نہایت حسین ہوتے ہیں۔

فَرخُندہ ۔ مبارک ۔ ہمایوں ۔ میمون۔

فَرخُندہ اَختَر ۔ اچھی قسمت والا ۔ نیک بخت۔

فَرخُندہ فال ۔ خوش نصیب ۔ نیک اختر ۔ خوش اقبال۔

فَرّخ نہاد ۔ اچھی طبیعت والا۔

نیک طبیعت۔
فرد۔ گوٹ۔
فردی بوٹی۔ چھوٹی چھوٹی بوٹیاں۔ فرد یا کسی اور کپڑے پر ایک دوسرے کے متصل بناتے ہیں۔ (کام دانی بنانے والوں کی اصطلاح)۔
فرزانہ۔ عقل مند۔ دانش ور۔
فرزیں۔ شطرنج کے کھیل میں وزیر کا مہرہ۔ شطرنج کا ایک مہرہ۔
فرس۔ گھوڑا۔ اسپ۔
فرسا۔ تباہ کرنے والا۔ گھسنے والا۔
فرسخ۔ فاصلے کا ایک ناپ جو ۱۸ ہزار فٹ ہوتا ہے۔ تین میل۔
فرسنگ۔ تین میل کے برابر فاصلہ۔
فرہنگ۔ بزرگی۔ لغات کی کتاب۔
فرشتہ خاں۔ زبردست رعب والا آدمی۔
فرط۔ زیادتی۔ بہتات۔ کثرت۔
فرع۔ وہ جس کی اصل کوئی اور چیز ہو۔
فرعون۔ مصر کے بادشاہوں کا لقب۔
فرقت۔ جدائی۔ ہجر۔ علیحدگی۔
فرقدان۔ سر۔ دو ستاروں کا نام۔
فرمائشی ڈھول لگانا۔ سخت چپت لگانا۔ بہت زور سے مارنا۔
فرمائشی قہقہہ لگانا۔ کسی کی حماقت پر زور سے ہنسنا۔ (عورتوں کی زبان)۔
فرنٹ۔ باغی۔ سرکش۔ نرف۔
فرنگن۔ انگریز عورت۔ میم۔
فروتنی۔ عاجزی۔ انکسار۔
فرودگاہ۔ اُترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔
فروع و اصول۔ شاخیں اور بنیادیں۔
فروغ۔ روشنی۔ نور۔ رونق۔
فرودکش۔ اُترنے والا۔
فرید الدہر۔ بے مثل۔ یگانۂ روزگار۔ یکتائے زمانہ۔
فریفتہ۔ عاشق۔ دل دادہ۔
فساق۔ (فاسق کی جمع)۔ بدکار مرد۔
فسحت۔ کشادگی اور فراخی۔
فسحت آباد۔ وسعت رکھنے والا۔ پھیلاؤ رکھنے والا۔ کشادہ مقام۔
فسخ۔ رائے یا ارادے کی تبدیلی۔
فسق و فجور۔ گناہ میں مبتلا۔

ہونا۔ بداعمالی۔ گناہ گاری۔ زناکاری۔

فَسِیح ۔ وسیع۔ فراخ۔ کشادہ۔

فِشش ۔ بے نتیجہ بات۔ ہُشت، ہش۔

فِشار ۔ قبر کا مردے کو بھینچنا۔ تنگی قبر۔

فِشَن (فَیشَن) ۔ وضع، قطع۔ ڈھنگ۔ طور طریقہ (عوام کی زبان)۔

فَصاحَت ۔ تیز زبانی۔ خوش گوئی۔

فُصَحا ۔ (فصیح کی جمع)۔ خوش بیان و خوش کلام لوگ۔

فَصد کھُلوانا ۔ (محاورہ)۔ رگ کھُلوانا۔ پاگل پن کا علاج کرانا۔

فَصِیح ۔ خوش بیان۔ شیریں کلام۔

فُضَلاء ۔ (فاضل کی جمع)۔ علما۔ صاحبان علم و ہنر۔

فَضِیحَت ۔ رسوائی۔ بدنامی۔ ذلت۔

فَضِیحَتی ۔ فضیحت۔ رسوائی۔

فَضِیلَت ۔ بڑائی۔ بزرگی۔ کمال۔ عمدگی۔

فَطانَت ۔ زیرکی۔ عقل مندی۔

فِطرَتی ۔ شرارتی۔ فتنہ پرداز۔

فَفِرّوا ۔ (لکھنؤ) ہوا ہونا۔ رفو چکر ہونا۔

فَق ۔ خوف یا حیرت سے چہرے کی رنگت کا سفید پڑ جانا۔

فُقدان ۔ گم گشتگی۔ کمی۔ گُم۔

فِقرَہ بازی ۔ دھوکے بازی۔ دغابازی۔

فِقہ ۔ واقفیت۔ دانائی۔ قانون شریعت کے مسائل کا علم۔

فَقِید ۔ نایاب۔ معدوم۔

فَقِیدُ المثال ۔ بے مثل۔ لاجواب۔

فَقِیرنِیں ۔ (فقیر کی جمع) (فقیر کی تانیث) بھکارن۔ منگتی۔

فَقیروالا ۔ ایک قسم کا آم۔

فُکاہت ۔ خوش طبعی۔ بذلہ سنجی۔ مزاح۔

فِکر پیدا ہونا ۔ خیال پیدا ہونا۔ فکر لاحق ہونا۔

فِکر کے گھوڑے دَوڑانا ۔ غور و خوض کرنا۔

فِگار ۔ زخمی۔ گھائل۔

فُل مَرڈَر ۔ (انگریزی) قتل عمد۔ جان بوجھ کر قتل کرنا۔

فَلالَین ۔ ایک قسم کا نرم اونی کپڑا۔

فَلائِنگ کالَم ۔ (انگریزی) فوج یا پولیس کا دستہ جو تیز

نقل و حرکت کر سکے۔
فلک رِفعت ۔ بڑے رتبے والا ۔ عروج کی منزل پر پہنچا ہوا۔
فلک سَیر ۔ بھنگ جو نشے میں آسمان کی سیر کراتی ہے۔
فلکُ الافلاک ۔ عرش اعظم۔
فُلُوس ۔ (فلس کی جمع) پیسے ۔ تانبے کے سکے۔
فِنجان ۔ چھوٹی پیالی جس میں قہوہ وغیرہ پیا جاتا ہے۔
فِنس ۔ پالکی ۔ ایک سواری۔
فُوّارہ ۔ سرجوش ۔ پچکاری۔ نہایت جوش مارنے والا ۔ پانی اوپر پھینکنے والا۔
فَواکہ ۔ (فاکہہ کی جمع) ۔ تروتازہ میوہ۔
فُوٹُوگرَاف ۔ عکسی تصویر۔ عکس۔ تصویر۔
فُوٹُوگرَافَر ۔ تصویر کھینچنے والا۔ تصویر اُتارنے والا۔
فَوجِ ظَفَر مَوج ۔ وہ فوج جس کے قدم قدم پر کامیابی ہو۔ کامیاب لشکر۔ فتح یاب لشکر۔
فَوجِ کُمَکی ۔ امدادی فوج۔
فَورک (انگریزی) وہ کانٹا جس کی مدد سے کھانا کھاتے ہیں۔
فُوطہ دَار ۔ خزانچی ۔ تحویلدار۔
فُوقُ البَھڑک ۔ چمکیلا ۔

زرق برق۔
فَوق ۔ برتری ۔ فوقیت ۔ سبقت۔
فَولاد ۔ نہایت سخت اور اعلیٰ قسم کا لوہا۔
فَہَامَت ۔ فہم ۔ دانائی ۔ فراست۔
فَہّامی ۔ بڑا سمجھ دار ۔ بہت لائق و فائق۔
فَہم ۔ عقل ۔ دانائی۔ شعور۔
فَہمائش ۔ ہدایت ۔ سمجھانا۔ آگاہ کرنا۔
فَہمیدہ ۔ ہوشیار ۔ دانا۔ سمجھ دار۔
فِی ۔ عیب ۔ کھوٹ ۔ غلطی۔
فِی البَدِیہہ ۔ فی الفور۔ برمحل کوئی شعر کہنا۔
فَیافی و جِبَال ۔ وادی اور پہاڑ ۔ فیافی جمع فیفا ۔ جنگل۔ پہاڑ ۔ جبال جمع جبل کی ۔ پہاڑ۔
فَیج ۔ قاصد ۔ پیک۔
فَیج کرنا ۔ (بٹیر بازوں کی اصطلاح) بٹیر کا لڑتے لڑتے ایک خاص آواز کے ساتھ فیچ کی تکرار کرتے ہوئے بھاگنا۔
فَیر ۔ توپ یا بندوق کو آگ دینا۔
فِیرنی (فرنی) ایک قسم کی کھیر

جو دودھ چینی اور چاولوں کے آٹے سے بنتی ہے۔
فیر وَرک (انگریزی) (فائر ورک)۔ آتش بازی۔
فیروزہ ۔ نام ایک پتھر سبز رنگ کا جو بہت مشہور ہے۔
فیروزی ۔ کامیابی۔ فتح مندی۔
فیس ۔ محنتانہ۔ اجرت۔
فیصَل ۔ تصفیہ۔ فیصلہ۔
فیصَلی ۔ (میر)۔ پنچ۔ ثالث۔ حکَم (ق)۔
فیصلہ کرنا ۔ (محاورہ) جھگڑا چکانا۔ معاملہ طے کرنا۔
فیل ۔ مکر۔ فریب۔ شرارت۔
فیلبان (فیل بان)۔ مہاوت۔ ہاتھی چلانے والا۔
فیل پا ۔ ایک قسم کا مرض جس میں ٹانگیں اور پاؤں سوج جاتے ہیں۔
فیل تن ۔ جس کا جسم ہاتھی جیسا ہو، چوڑا چکلا۔ فربہ اور دراز (مجازاً) مضبوط۔ پائدار۔
فیلسوف ۔ حکیم۔ دانش مند۔ مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔
فیلیا ۔ (عو) بدباطن۔ حیلہ گر۔ مکار۔ فریبی۔
فیہ ہونا ۔ کوئی خاص بات ہونا۔ کچھ دال میں کالا ہونا۔

ق

قاب ۔ بڑی رکابی۔ کھانے کا خوان۔
قابُوچی (قاپوچی)۔ دربان۔ سنتری۔ (مراداً) احمق۔ گیدی۔
قادر انداز ۔ نشانے باز۔ گل چلا۔
قارورہ ۔ وہ شیشی جس میں پیشاب بھر کر حکیم کو دکھاتے ہیں۔ (مجازاً) پیشاب۔
قارون کا خزانہ ۔ بہت بڑا خزانہ۔ بے انتہا دولت۔
قاش ۔ پھل وغیرہ کی پھانک۔ پھانک۔ ٹکڑا۔
قاصد ۔ نامہ بر۔ چٹھی رساں۔
قاضی ۔ جھگڑا چکانے والا۔ منصف۔ مسلمان جو قانون اسلامی کے تحت فیصلہ کرے۔

قاضی کے گھر کے چوہے بھی سیانے ہوتے ہیں ۔ (مثل) سیانے لوگوں کے چھوٹے بھی سیانے ہوتے ہیں۔ حاکم یا امیر کے گھر کا ادنیٰ آدمی بھی چالاک ہوشیار ہوتے ہیں۔

قاضی القضات ۔ سب سے بڑا قاضی۔ چیف جسٹس۔

قاطع ۔ کاٹنے والا۔ مسافر

قاعدین ۔ بیٹھنے والا۔ بیٹھا ہوا۔

قاعدین پر مجاہدین کو شرف ہے ۔ بیٹھنے والوں (یعنی نہ شریک ہونے والوں) سے مجاہدین کا مرتبہ افضل ہے (جہاد فی سبیل اللہ میں شرکت بڑی سعادت ہے)۔

قاف از قاف ۔ ساری دنیا۔ دُنیا کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔

قافیہ تنگ کرنا ۔ (محاورہ)۔ عاجز کرنا۔ دق کرنا۔ پریشان کرنا۔

قافیہ تنگ ہونا (محاورہ)۔ لاجواب ہونا۔ زچ ہونا۔ حیران ہونا۔

قاقم ۔ ایک گوشت خور جنگلی چہار پایہ قد و قامت میں بلی کی برابر جس کی پوستین نہایت نفیس اور ملائم ہوتی ہے جاڑوں میں اس کا رنگ سفید براق ہو جاتا ہے۔

قال و قیل ۔ حجت۔ بحث۔ تکرار۔

قالب ۔ لوہے کا ٹوپی نما برتن جس پر ٹوپیاں چڑھا کر بناتے اور صاف کرتے ہیں۔

قالیچہ ۔ چھوٹا قالین۔

قانع ۔ تھوڑی چیز پر صبر کرنے والا۔

قانون چھانٹنا ۔ (محاورہ)۔ (طنز و حقارت نیز غصے اور مزاح کے محل پر) بے علمی کے باوجود اپنی علمیت کا رعب جمانے کے لیے ادھر اُدھر کی اُڑانا۔ بے جا بحث۔

قانونچہ ۔ ۱۔ علم طب کی ایک کتاب کا نام ۲۔ ایک قسم کا باجا۔

قاہ قاہ ۔ ٹھٹھا مارنے یا قہقہہ لگانے کی آواز۔ قہقہہ۔

قاہرہ ۔ ملک مصر کا دارُالسلطنت۔

قائم اُٹھنا ۔ (شطرنج) بازی کا برابر اُٹھنا۔

قبا ۔ ایک لباس جو دوہرا اور چغے کی قسم کا ہوتا ہے جس میں بعض دفعہ آستینیں نہیں ہوتیں اور صرف سوراخ ہوتے ہیں۔

قباب ۔ (قبہ کی جمع)۔ کلس۔ گنبد۔ برج۔

قَباحَت - بُرائی - خرابی - نقص - عیب -
قِبچاق - تاتار میں ایک صحرا -
قَبر - وہ گڑھا جس میں مُردے کو دفن کرتے ہیں -
قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا - (محاورہ) - موت کے قریب ہونا - بہت بوڑھا ہونا -
قَبض - انتڑیوں کی گرفت جس کی وجہ سے پاخانہ نہ آنا -
قِبلَہ - حضور - جناب - حضرت -
قِبلۂ عالَم - مرجع خلائق یا بزرگانِ دین کو تعظیم سے کہتے ہیں - دُنیا کے عام بادشاہوں کے لیے بھی اس کا صرف ہے -
قَبولی - اقرار کیا -
قَبولیّت - وہ کاغذ جو پٹے کا کاشت کار کی طرف سے بحق زمیندار لکھا جاتا ہے -
قُبّہ - گنبد - گول گنبد نما عمارت -
قَبیح - بدشکل - بدصورت - قابل شرم - معیوب -
قَبیحہ - بُرائی - خرابی -
قَبیل - آدمیوں کا گروہ - قسم - نوع -
قَبیلَہ - ایک نسل کے آدمیوں کی جماعت - ایک دادا کی اولاد -

قَتلے (قَتلَہ) - قاش - پھانک - کتلا - کسی کھانے کی چیز کا گول تراشا ہوا ٹکڑا -
قُچّی - ڈاڑھی - چھدری ڈاڑھی - وہ ڈاڑھی جو گھنی نہ ہو (ق) -
قَدَح - بڑا پیالہ - بادیہ (مجازاً) شراب کا پیالہ - ساغر -
قَدَح کا قَدَح - بادیہ کا بادیہ - کثرت کا اظہار - پیالہ پر پیالہ (ق) -
قُدسی نِہاد - ولی صفت - اللہ والا - بزرگ -
قَدغَن - روک ٹوک - ممانعت - پابندی -
قَدَم بوسی - پاؤں چومنا - آداب وتسلیم - تواضع - تعظیم -
قَدَم باز - تیزرو - تیز چلنے والا -
قَدَم رَنجہ کَرنا (محاورہ) - تشریف لانا -
قُدُوم مَیمَنَت لُزُوم - ایسا آنا جس سے نحوست دُور ہو - باعث برکت آمد -
قِدوَہ - سرگروہ - پیشوا - مرشد - سردار - حاکم -
قَرابَہ - عرق رکھنے کا بڑا شیشہ - صراحی - شیشۂ شراب -

قَرَابِین ۔ ایک قسم کی چھوٹی بندوق جس کا منھ چوڑا ہوتا ہے ۔

قَرَابِینچہ ۔ چھوٹی بندوق ۔

قِرَان ۔ علم نجوم میں دو سیاروں کا ایک برج میں جمع ہونا ۔

قِرَانُ السَّعْدَین ۔ دو اچھے، نیک ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا (مجازاً) دو نیک یا بڑے آدمیوں کا اکٹھا ہونا ۔

قُرآن کی ہَوَا دینا ۔ (محاورہ) بیمار کو قرآن شریف سے پنکھے کی طرح ہوا جھلنا تاکہ شفا ہو ۔

قَرَاوَل ۔ بندوقچی ۔ فوج کے سپاہی جو خبر لانے کے لیے آگے جاتے ہیں ۔

قُرَّۃُ العَین ۔ آنکھوں کی ٹھنڈک ۔ (کنایتہً) اولاد ۔ کوئی عزیز چیز ۔ مذہب بابی کی ایک رہنما خاتون ۔

قُرص ۔ ٹکیا ۔ دوا کی ٹکیا ۔ ایک قسم کی سبز شیرینی جو ساچقوں میں آتی ہے ۔

قَرض خَوَاہ ۔ قرض دینے والا ۔

قِرطَاس ۔ کاغذ ۔

قُرعَہ ۔ قرعہ کی فال ۔

قُرق ۔ منع ۔ روک ۔ ضبطی ۔

قُرقی ۔ رکاوٹ ۔ نیلامی ۔ ضبطی ۔

قِرمِزی ۔ لال سُرخ ۔ ارغوانی رنگ ۔

قُرَّم سَاق ۔ بھڑوا ۔ پاجی ۔ ذلیل ۔

قَرن ۔ جُگ ۔ زمانہ ۔ مدت دراز ۔

قَرنَا ۔ (قرنائی) ۔ نرسنگا ۔ بانسری ۔ سینگ کا بنا ہوا بگل ۔

قَرَولی ۔ شکاری چاقو ۔ ایک قسم کی چھری جس کو کمر میں باندھتے ہیں ۔

قَرِینَہ (قرینہ) ۔ سلیقہ ۔ ترتیب ۔

قَسَاوَت ۔ سنگ دلی ۔ بے رحمی ۔

قِسطَاس ۔ بڑی ترازو ۔ تک ۔

قِسمَت ۔ کمشنری ۔ چند ضلعوں پر مشتمل علاقہ ۔ ڈویژن ۔

قِسمَت کا دَھنی ۔ اقبال یاور ۔ خوش نصیب ۔

قَش ۔ دُبلاپے کے بعد موٹا ہونا ۔

قَشقَہ ۔ ماتھے کا ٹیکا جس کو ہندو لگاتے ہیں اور تلک کہتے ہیں ۔ پیشانی پر صندل سے کھینچی ہوئی لکیر ۔

قُشُون ۔ لشکر ۔ دستۂ فوج ۔

قَصَّاب ۔ ذبح کرنے والا ۔ بوچڑ ۔ کاٹنے والا ۔

قِصَاص ۔ جان کا بدلہ جان ۔ خون کا عوض لینا ۔

قَصْد ۔ ارادہ ۔ عزم ۔ نیت ۔

قَصْر ۔ کمی ۔ تخفیف ۔ اختصار ۔

قُصُور ۔ (جمع قصر کی) کمی ۔ کوتاہی ۔

قَضَا ۔ حکم خدا ۔ خشیت الٰہی ۔ موت ۔ اجل ۔ انصاف ۔ عدل گستری ۔

قَضَاکار (قضائے کار) اتفاقاً ۔

قُضَات ۔ قاضی کے اختیارات ۔ کام ۔ عہدہ ۔

قَضَائے مُبْرَم ۔ یقینی یا نہ ٹلنے والی موت ۔

قَضِیَّہ ۔ جھگڑا ۔ بکھیڑا ۔ فساد ۔

قُطْرُب ۔ ایک قسم کا جنون ۔ مرگی کا مریض ۔

قُطَّاعُ الطَّرِیق ۔ ڈاکوؤں / رہزنوں کا گروہ ۔

قُطَّامَہ ۔ کُٹنی ۔ فاحشہ ۔ قحبہ ۔

قَطْع ۔ انداز ۔ وضع ۔ شکل ۔ صورت ۔

قَعْر ۔ گہرائی ۔ بڑا گڑھا ۔ کنویں یا دریا کی گہرائی ۔

قَفَس ۔ پنجرہ ۔ قید خانہ

قَفَسِ عُنْصُرِی ۔ قالب خاکی ۔ جسم ۔ (مجو) (اردو) قید خانہ ۔

قُفْل ۔ وہ لوہے کا آلہ جس سے دروازوں، صندوقوں کو بند کرتے ہیں جو بغیر چابی کے کھل نہیں سکتا ۔

قَلَابَازِی ۔ کرتب ۔ کھیل ۔ سر کے بل اُلٹ جانے کا کھیل ۔

قَلَابَہ ۔ آنکڑا ۔ کانٹا ۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ۔

قَلَاجَنگ ۔ (قلعہ جنگ) کُشتی کا ایک داؤ ۔ دائیں بازو کو پکڑ کر دائیں ٹانگ اُٹھا کر پھینک دیتے ہیں ۔

قَلَّاش ۔ مفلس ۔ غریب ۔

قُلْ آعُوذِیُوں (قُل آعُوذِیَہ) "قل اعوذ" پڑھنے والا، مراد کھانے یا پینے کے عوض فاتحہ اور قل پڑھنے والا ۔ خیرات پر زندگی بسر کرنے والا ۔ نیز جاہل مُلّا ۔

قَلّ و دَلّ ۔ الفاظ کے لحاظ سے تھوڑا اور معنی کے اعتبار سے زیادہ ۔ مختصر و مدلّل ۔

قُل ہُونَا ۔ کام تمام ہونا۔ بھوک سے بد حال ہونا۔ شدت کی بھوک لگنا۔

قَلْب ۔ کھوٹا۔ سکہ۔ کھوٹی چاندی یا سونا۔

قَلْب سَاز ۔ کھوٹا اور جعلی سکہ بنانے والا۔

قُلْبَہ رَانی ۔ ہل چلانا۔ کاشت کرنا۔ کھیت جوتنا۔

قُلْزُم ۔ سمندر۔ دریا۔

قِلْعَۂ مُعَلّٰی ۔ رفیع الشان قلعہ۔ شاہی دور میں دلی کے لال قلعہ کا نام۔

قَلْعِی کُھلْنَا ۔ (محاورہ)۔ ملمع اُتر جانا۔ حقیقت ظاہر ہونا۔ اصلیت ظاہر ہونا۔

قُلْفِی کَرنَا ۔ (محاورہ) پرندے کا اپنے حریف پرندے کی چونچ کے نیچے کاٹنا۔

قَلَق ۔ بے آرامی۔ خلجان۔

قُلْقُل ۔ صراحی یا بوتل وغیرہ سے شراب نکلنے کی آواز۔

قَلَمِ وَاسطی ۔ واسطی قلم مشہور ہے، تراشا ہوا یعنی بنا ہوا قلم۔ سرکنڈے کی قسم کے یک شاخہ پودے کے ڈنٹھل کی قلم ۔ یہ پودا بصرا اور بغداد کے درمیان واسط نامی مقام پر خودرو ہوتا ہے، اس کا ڈنٹھل نہایت مضبوط اور عمدہ ریشے دار ہونے کی وجہ سے قلم بنانے کے کام آتا ہے، اعلیٰ قسم کا جزو ہونے کی وجہ سے اس کا نام واسطی قلم مشہور ہوگیا ہے۔

قَلَم بَرْدَاشْتَہ ۔ بے ساختہ اور بے تکلف۔

قَلَم تُوڑ دینَا ۔ (محاورہ) ۔ ایسی نظم یا نثر لکھنا کہ مقابل میں کوئی قلم نہ اُٹھا سکے۔

قَلَم دَان ۔ قلم دوات رکھنے کا چھوٹا بکس۔ (کنایۃً) عہدہ ۔ منصب۔

قِلْمَاقَنی ۔ (بیگمات) وہ عورت جو ہتھیاروں سے مسلح شاہی محلوں میں سپاہی کی طرح پہرا دیتی ہے۔ اُردابیگنی۔

قَلْمِی آم ۔ پیوندی آم جو بڑا اور خوش ذائقہ ہوتا ہے۔

قَلَنْدَر ۔ (صفت) آزاد۔ رند۔ وہ شخص جو اس قدر روحانی ترقی کرگیا ہو کہ اپنے وجود اور تعلقات سے بے خبر ہوکر خدا کی یاد میں مشغول رہے۔

قُلَّہ کُوہ ۔ پہاڑ کی بلند چوٹی۔

قَلْیَہ ۔ شوربے دار گوشت۔

قُلی - مزدور - وہ شخص جو بوجھ اُٹھانے کی مزدوری کرے۔
قُلْیہ تَمام ہُونا - (محاورہ) کام تمام کرنا - خاتمہ ہونا۔
قَلْیان - حُقّہ - گڑگڑی - پیچوان -
قُم - جی اُٹھ - اُٹھ کھڑا ہو۔
قُم بِاِذْنِی - میرے حکم سے جی اُٹھ -
قِمار بازی - جُوا کھیلنا۔
قِمار خانہ - جُواگھر۔
قِماری - جُواری -
قِماش - (گنجفہ کی اصطلاح)۔ گنجفے کی ایک بازی کا نام جس کے پتوں کا رنگ پیلا (زرد) اور ان پر رتھ مع سواری کا چھاپا ہوتا ہے -
قَمچی - کوڑا - چابک - ہنٹر۔
قَمَر - چاند خصوصاً تیسری رات کے بعد (پہلی اور دوسری رات کا ہلال کہلاتا ہے)۔
قُمقُمے (قمقمہ) شیشے کا گول جو زیبائش کے لیے چھتوں میں لگاتے ہیں جو مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں -
قَنات - وہ کپڑے کی دیوار یا پردہ جو خیمہ کے چاروں طرف یا کسی جگہ کو صحن بنانے کے لیے چاروں طرف لگاتے ہیں - کپڑے کی اوٹ -
قَنْد - سفید شکر
قَنْد کے چاوَل - میٹھے چاول -
قِنْدِیل - ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ یا لیمپ جلاتے ہیں - کاغذ یا ابرک سے منڈھا ہوا فانوس۔
قَنْطَرہ - دریا کا بڑا پُل - جسر -
قَنَّوج - اودھ کا مشہور مردم خیز قصبہ جو ضلع ہردوئی (یوپی) میں واقع ہے، قدیم زمانے میں علماء اور فن کاروں کا مرکز تھا - یہاں کا عطر بھی بہت مشہور تھا۔
قَوارہ - ٹکڑا - پارچہ۔
قَوّال - گویا جو صوفیانہ یا حقانی چیزیں گائے۔
قِوام - چاشنی - شیرہ - گڑ یا شکر کو پانی میں گھول کر پکاتے ہیں اور جب تار اُٹھنے لگتا ہے تو اس کو قوام کہتے ہیں۔
قُوْر - فیتہ جو کپڑوں کے حاشیے پر لگاتے ہیں۔
قُورمہ - محض گوشت پکا ہوا جس میں کوئی دوسری سبزی، ترکاری نہ ڈالی گئی ہو مگر مسالے پڑے ہوئے ہوں، نان اور پلاؤ

کا لازم ہے۔

قوسِ ابرو ۔ کمان کی سی بھوئیں رکھنے والا مراد معشوق سے ہوتی ہے۔

قوسِ قزح ۔ کمان کی شکل جو آسمان پر بارش کے بعد مختلف رنگوں میں نمودار ہوتی ہے۔

قولنج ۔ پیٹ کا درد۔

قہار ۔ زوردار۔ تیز۔

قہر ۔ غضب ۔آفت ۔ مصیبت ۔ بلا۔

قہقہہ پڑنا ۔ (محاورہ) کسی بات پر چند آدمیوں کا زور سے ہنسنا۔

قیافہ شناس ۔ علم قیافہ سے واقف۔

قیامتِ کبریٰ ۔ وہ دن جس میں تمام دُنیا کا نظام تہ و بالا ہوگا۔

قیراط ۔ ایک وزن کا نام۔اونس کا چوبیسواں حصہ۔ درہم کے بارہویں حصّے کے برابر وزن۔

قیں بول جانا ۔ مغلوب ہوجانا۔ ہار جانا۔

قینچی ۔ مقراض ۔کترنی۔ کبڈی اور کشتی کا ایک داؤ۔

ک

کابک ۔ بٹیروں، کبوتروں کا ڈربا جو بانس کی کھپچیوں سے بناتے ہیں۔

کاتا (کاتنا) ۔ دھاگا۔ سوت۔

کاتا اور لے دوڑیں ۔ (کہاوت) (عو) ہمیشہ ایک مشغلہ اُٹھانے والی کی نسبت بولتی ہیں۔ کام کرتے ہی مزدوری کا تقاضا۔ پیٹ کے ہلکے اور متلون مزاج کی نسبت بولتے ہیں۔

کاٹن مِل ۔ سوتی کپڑے کا کارخانہ۔

کاٹے کا منتر نہ ہونا ۔ **(کاٹے کا منتر نہیں)** ۔ (مثل) کسی کی ایذا رسانی کا مداوا نہ ہونا۔ علاج نہ ہونا۔

بہت عیار اور چالاک ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔

کاٹھی ۔ (عو) جسم۔ قد کا ٹھ ۔ گھوڑے کے چمڑے کا زین جس کے نیچے لکڑی ہوتی ہے۔

کاٹھیاوار ۔ ہندوستان میں ایک مقام کا نام، اس جگہ کے گھوڑے مشہور ہیں۔

کاجل کی کوٹھڑی ۔ بدنامی کا گھر۔ عیب لگنے کی جگہ۔

کارچوب ۔ زردوز۔ کشیدہ کاری۔

کارچوبی ۔ سنہری کام۔ کشیدہ کار۔

کارزار ۔ جنگ۔ لڑائی۔

کارساز ۔ کام بنانے والا۔ صانع۔ قادر مطلق۔

کارستانی ۔ شرارت۔ چالاکی۔ عیاری۔

کارڈ ۔ پوسٹ کارڈ۔ وہ سرکاری کاغذ جس پر کچھ لکھ کر بذریعہ ڈاک بھیجا جا سکتا ہے۔

کارسپانڈنٹ ۔ (انگریزی) مضمون نگار۔ نامہ نگار۔

کارن ۔ باعث۔ خاطر۔ سبب۔

کاری ۔ مہلک۔ گہرا۔ سخت۔

کاسب ۔ کسب کرنے والا۔ کمانے والا۔

کاسد ۔ کھوٹا۔ ناقص۔ بے قدر۔

کاسر ۔ توڑنے والا۔

کاسر ۔ روس کے مشرقی علاقہ کی ایک قوم کا نام ہے۔ (مراداً) سپاہی۔

کاسۂ سر ۔ کھوپڑی۔

کاشانہ ۔ آشیانہ۔ جھونپڑا۔

کاغذ کی ناؤ چلانا ۔ (محاورہ) بے سود کوشش کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا۔

کاغذ کے گھوڑے دوڑانا ۔ (محاورہ)۔ خط لکھنا۔ عام چھٹیاں لکھی جانا۔

کافر راستہ ۔ مشکل راستہ۔ کٹھن منزل۔

کافور ہونا ۔ (محاورہ) بھاگ جانا۔ رفوچکر ہو جانا۔ فنا ہو جانا۔ مٹ جانا۔

کافہ ۔ کل۔ تمام۔ سب۔ ہمہ۔

کاک ٹیل ۔ کئی شرابوں سے مرکب شراب۔

کاکریزی ۔ ایک سیاہی مائل اودے رنگ کا نام۔ بینجنی رنگ۔ (کانکریزی)

کاکل ۔ مرد کے بالوں کی لٹ

کاکُن ۔ ایک قسم کا جھوٹا غلہ جو بٹیروں کو کھلاتے ہیں ۔

کاگ ۔ ڈاٹ (ہندو) کوّا ۔ زاغ ۔

کال ۔ نایابی ۔ کمی ۔ عنقا ۔

کال جُوارِی ۔ نامی قمار باز ۔ مشہور اور بدنام جواریا ۔

کالا بُھجَنگا / بُھجَنگ ۔ بہت کالا ۔ نہایت سیاہ ۔

کالا پانی ۔ (عو) شراب ۔

کالا چور ۔ جہاں نام نہ بتانا ہو وہاں کہہ دیتے ہیں ۔

کالا کلُوٹا ۔ بہت کالا ۔ سیاہ فام ۔

کالعَدَم ۔ معدوم ۔ ناپید ۔ گویا کہ ہے ہی نہیں ۔

کالبُد ۔ بدن ۔ قالب ۔ سانچہ ۔

کالر ۔ کنٹھا ۔ گلوبند ۔ حلقہ ۔ طوق ۔ گردن ۔

کالک ۔ سیاہی ۔ رسوائی ۔ عیب ۔

کالی بَلا ۔ (مراداً) افیون ۔

کالے پانی بھیجنا ۔ (کالا پانی) جزائر انڈمن جہاں عمر بھر کے قیدی بھیجے جاتے تھے ۔ عمر قید ۔

کالے کوسوں ۔ بہت دور ۔ ہزاروں کوس ۔

کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا ۔ (مثل) زبردست کے آگے کچھ پیش نہیں جاتی ۔ اعلیٰ کے آگے ادنیٰ کی نہیں چلتی ۔

کالم ۔ فوج کا ایک دستہ ۔

کام تمام ہونا (محاورہ) ۔ مار ڈالنا ۔ کام مکمل کرنا ۔ انجام کو پہنچانا ۔

کام چور نوالہ حاضر (مثل) وہ شخص جو کام کرتے وقت ٹل جائے اور کھانے کے وقت آموجود ہو ۔ وہ سست اور خود غرض آدمی جو کام تو نہ کرے مگر لینے کو موجود ہو ۔

کامدانی ۔ وہ کپڑا جس پر سونے چاندی کے تاروں سے بیل بوٹے ، بیلیں کاڑھی ہوں ۔

کام دیکھنا ۔ (محاورہ) کام کی کارگزاری کا معائنہ کرنا ۔ کام کی نگرانی کرنا ۔ کام کی جانچ پڑتال کرنا ۔

کامرُوپ (کمچھیا) ۔ آسام (ہندوستان) میں ایک مقام کا نام جہاں کا جادو بہت مؤثر بتایا جاتا ہے ۔

کامنی ۔ نہایت خوب صورت عورت ۔

کان ۔ وہ جگہ جہاں سے کھود کر معدنیات نکالتے ہیں ۔

کان پر جُوں نہ رِینگنا ۔ (محاورہ) (کنایۃً) بالکل بے خبر ہونا ۔ غافل ہونا ۔ بے پروا ہونے کی جگہ ۔

کانوں پر ہاتھ دھرنا ۔ (محاورہ) ۔ مکر جانا ۔ لاعلمی ظاہر کرنا ۔ صاف انکار کردینا ۔

کان پکنا ۔ (محاورہ) ۔ اُکتا جانا ۔ باتوں سے تنگ آجانا ۔

کان پُور کے مُنڈے ۔ کان پور کا ایک قسم کا جوتا جس کی نوک نہیں ہوتی ۔

کان کاٹنا ۔ (محاورہ) ۔ کان تراشنا ۔ مات کرنا ۔ سبقت لے جانا ۔ دھوکا دینا ۔ فریب دینا ۔

کان کھڑے ہونا ۔ (محاورہ) چوکنا ہونا ۔ ہوشیار ہونا ۔ بدکنا ۔ خبردار رہونا ۔

کان میں بھنک پڑنا ۔ (محاورہ) افواہ سُنائی دینا ۔

کانوں / کان میں تیل ڈالنا ۔ (محاورہ) اپنے آپ کو بے خبر اور بہرا بنا دینا ۔ خاموشی اختیار کرنا ۔

کان مَیلیا ۔ کان صاف کرنے والا ۔

کانڈ ۔ حصّہ ۔ ٹکڑا ۔ باب ۔ فصل ۔ ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ تک ۔

کانٹے بُونا ۔ (محاورہ) اپنے یا کسی کے حق میں بُرا کرنا ۔ برائی کرنا ۔ بدی کرنا ۔

کانٹوں میں گھسیٹنا ۔ (محاورہ) ںگار کرنا ۔ آزار دینا ۔ شرمندہ کرنا ۔

کانا پُھوسی ۔ چپکے چپکے باتیں کرنا ۔

کانا ٹُوٹ بُدھو نفر ۔ بالکل بے وقوف ۔ گدھا ۔

کانا کُھدرا ۔ ناقص چیز یا ایسا پھل جس میں سوراخ ہو گئے ہوں ۔

کانجی ہَوس (ہاؤس) ۔ سرکاری باڑا ۔ وہ سرکاری مکان جہاں لاوارث مویشی بھیجے جاتے ہیں ۔

کانسل (کونسل) ۔ صلاح ۔ مشورہ ۔

کانسٹبل ۔ پولیس کا سپاہی ۔

کانکھنا ۔ براز کے وقت یا کسی بوجھ اُٹھانے کے وقت ایک آواز کا مُنھ سے نکالنا ۔ سسکیاں ۔ آہیں بھرنا ۔

کانوں کان خبر نہ ہونا ۔ (محاورہ) مطلق خبر نہ ہونا ۔ آگاہی نہ ہونا ۔

کانوں میں تیل ڈالنا ۔ (محاورہ) ۔ اپنے آپ کو بے خبر کر لینا ۔ کچھ نہ سُننا ۔ تغافل کرنا ۔

کانیئے ۔ (کانیا) ۔ کان کن ۔ کان میں کام کرنے والا ۔

کاوا ۔ گھوڑے کو اس طرح چکر دینے کا فعل جس سے اس کے قدموں کے نشان سے زمین پر ایک دائرہ پیدا ہو جائے (کنایۃً) چکر ۔

کاوا دینا ۔ (محاورہ) ۔ گھوڑے کو چکر دینا ۔ گھوڑے کو حلقہ باندھ کر چکر دینا ۔

کاواک ۔ بیڈول چیز ۔ کھوکھلی چیز ۔ خالی ۔

کاہش ۔ اندیشہ ۔ فکر ۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔

کاہو ۔ ایک قسم کا ساگ اور اس کا بیج جو دواؤں میں کام آتا ہے ۔

کاہی ۔ ہلکا سبز رنگ جو مائل بہ سیاہی ہوتا ہے ۔

کاہیدہ ۔ گھٹا ہوا ۔

کائنات الجو ۔ وہ فاصلہ جو کرۂ زمین اور آسمان کے درمیان ہے ۔ وہ طبقۂ ہوا جو کرۂ زمین کا احاطہ کیے ہوئے ہے ۔ فضائی مخلوقات ۔

کائی ۔ وہ سبزی جو اکثر بند پانی کے اوپر یا برسات میں دیواروں پر جم جاتی ہے ۔

کائیاں ۔ دغاباز ۔ چالاک ۔

کائیاں پن ۔ دغابازی ۔ چالاکی ۔ تجربہ کاری ۔

کایا ۔ شکل ۔ روپ ۔

کایا پلٹ ۔ قالب بدلنے والا ۔ بھیس بدلنے والا ۔

کایا پلٹ ہونا ۔ (محاورہ) ۔ طبیعت ، مزاج اور ہیئت بدل جانا ۔

کایر ۔ بزدل ۔ مغلوب ۔

کَبْ راج ۔ ملک الشعرا ۔ ہندو راجا مہاراجا کے درباروں سے دیا جانے والا خطاب ۔

کباب ۔ سیخ پر چڑھا کر کوئلوں پر بُھنا ہوا قیمہ یا گوشت کے ٹکڑے ۔

کبتائی ۔ کبت بنانا ۔ شاعری ۔ نظم نگاری ۔

کبریت ۔ گندھک ۔

کبریت احمر ۔ سُرخ گندھک ۔ نایاب چیز ۔

کبڑن ۔ سبزی ترکاری بیچنے والی عورت ۔

کبڑیوں (کبڑیا) ۔ ترکاری فروش ۔ سبزی فروش ۔

کَبک ۔ چکور ۔ ایک قسم کا بڑا تیتر، جس کے سر اور پنجے سُرخ ہوتے ہیں، اس کی چال سے معشوق کی چال کو تشبیہ دی جاتی ہے۔

کَبکِ دری ۔ ایک قسم کا بڑا کبک جو پہاڑوں میں پایا جاتا ہے۔

کَبُودی ۔ نیلا ۔ آسمان۔

کبھی تولہ کبھی ماشہ ۔ (مثل) جس کی حالت بدلتی رہے اس کی نسبت کہتے ہیں۔

کبھی جڑ کبھی پُھننگی ۔ کبھی اعلیٰ کبھی اسفل ۔ کبھی بلندیوں کو چھونا اور کبھی پستی میں چلے جانا۔

کَبِیدہ ۔ رنجیدہ ۔ مغموم ۔ افسردہ ۔

کُپّی ۔ چھوٹا کپا ۔ چھوٹی سی چرمی شیشی ۔

کپتان ۔ فوج کا افسر ۔ جہاز یا پولیس کا افسر ۔

کپُوت ۔ نا فرمان بیٹا ۔ بُرا اور بد چلن لڑکا ۔

کپُوری ۔ ایک قسم کا پان ۔

کِتابیں / کِتاب چاٹنا ۔ (تحقیراً) پوری کتاب پڑھ لینا ۔ بلا سمجھے پڑھنا ۔

کِتارا ۔ ایک قسم کا پتلا گنا جس سے رس نکال کر گڑ وغیرہ بناتے ہیں ۔

کَتان ۔ ایک نازک کپڑا جو شاعروں کے نزدیک چاندنی میں پھٹ جاتا ہے۔

کتر بیونت ۔ تراش خراش ۔ قطع برید ۔ کانٹ چھانٹ ۔

کَترنی ۔ قینچی ۔ مقراض ۔

کَتھا ۔ ہندوؤں کے مذہبی پیشواؤں کے حالات جو برہمن بیان کرتے ہیں ۔ طول طویل بیان ۔

کَتھک ۔ گویوں اور ناچنے والوں کا ایک ہندو فرقہ ۔ ناچنے گانے والا لڑکا ۔

کُتّے کی چال جانا ، بلّی کی چال آنا ۔ کام بہت پھرتی سے کرنا ۔

کُتّے کی دُم بارہ برس بعد بھی ٹیڑھی نکلی ۔ (مثل) طبیعت کی کجی سعی اور تربیت سے درست نہیں ہوتی

کُتّے لوٹنا ۔ (محاورہ) ویران ہونا ۔ اُجاڑ ہونا ۔

کُتّے نے کاٹا ہے ۔ پاگل ہوا ہے ۔ کچھ نہیں سمجھتا ۔ بے عقل ۔

کٹار ۔ تیز دھار والا خنجر جو چوڑا ہوتا ہے اور جس کو کمر میں باندھتے

ہیں ۔ کٹارا ۔

کَٹَاؤ ۔ تراش خراش ، وضع ، شکل ۔

کَٹَاؤ ہُونا ۔ (محاورہ) خون خرابا ہونا قتل و غارت ہونا ۔

کَٹڑا ۔ مکانوں سے گھرا ہوا بند کوچہ ، ایسی گلی جس کے سامنے کا سرا بند ہو اور راستہ دائیں بائیں کی گلی سے نکلے ۔

کِٹکِٹانا ۔ دانتوں کو آپس میں رگڑنا ۔ دانت پیسنا ۔

کَٹلَٹ (کٹ لِس) ۔ گوشت کا بھنا ہوا یا اُبلا ہوا ٹکڑا ۔

کُٹنی ۔ عورتوں کو ورغلانے والی عورت ۔ نائکہ ۔

کَٹُورا ۔ تانبے ، پیتل یا کسی اور دھات کا پیالہ ۔

کَٹھرا ۔ (کٹہرا) ۔ درندوں کے رکھنے کا لکڑی یا لوہے کا پنجرہ ۔

کَٹھڑا ۔ بھینس کا نر بچہ ۔

کُٹھلہ (کُٹھلہ) ۔ کھتی ۔ اناج کا گودام ۔

کَٹھوتا ۔ موٹی تازی بھدی عورت ۔

کُٹی ۔ درویشوں کی جھونپڑی ۔ مڑھی ۔ سمادھ ۔ پرکٹا ہوا کبوتر جس کی دم اور پر کاٹ کر کبوتر باز اُڑاتے ہوئے کبوتروں کو دکھاتے ہیں ۔ صرف آٹا فروخت کرنے والی عورت ۔

کَٹیلی آنکھ ۔ دل میں کھب جانے والی آنکھ ۔ شوخی بھری آنکھ ۔

کَثِیرُ المَنفَعَت ۔ بہت زیادہ نفع بخش ۔ زیادہ فائدہ دینے والا ۔

کَثِیف ۔ غلیظ ۔ پلید ۔ ناپاک ۔ میلی کچیلی چیز ۔

کَجکُلَاہ ۔ بانکا ۔ البیلا ۔ ٹیڑھی ٹوپی والا ۔ بادشاہ ۔ (کنایۃً) معشوق ۔

کَج مَج زَبَان ۔ وہ شخص جس کا کلام فصیح نہ ہو ۔ وہ شخص جو صاف نہ بول سکے ۔

کَچ لُوھیَا تَلوَار ۔ کچے لوہے کی تلوار (ق) (کچ لوھیا تلوار) ۔

کُجا رَاجا بھوج کُجا گَنگوَا تیلی ۔ (مثل) باہم کوئی نسبت نہیں ۔

کُجّی پَر کُجّی اُڑَانا ۔ مُبالغے کے لیے خوب ڈٹ کر شراب پینا ۔ (ق)

کُجّی ۔ چھوٹا کوزہ ۔ چھوٹا سفالی ظرف جس میں شراب پی جاتی ہے ۔

کُجّیاں چَڑھانا ۔ سیر ہو کر شراب پینا

کچ بچ - چھوٹے چھوٹے بچے - لڑکے بالے -

کچ پیندِ بے (کچ پیندِ یا) بات کا کچا - کمزور - غیر مستقل مزاج - بودا -

کچّا چِٹّھا - صحیح صحیح حال - کل کیفیت -

کچّا ہی کھا جانا - (عو) نہایت خفگی کے موقع پر بولتی ہیں - کسی قیمت پر معاف نہ کرنا - بالکل ہڑپ کر جانا -

کچالو - ایک قسم کی ترکاری، امرود یا اُبلے ہوئے آلو یا اروی کی قاشیں جن پر نمک مرچ اور کھٹائی ڈال کر کھاتے ہیں -

کچُومر - ایک قسم کا اچار جس میں کیریاں وغیرہ کتر کر ڈالتے ہیں -

کچُومر نکال ڈالنا - (محاورہ) بہت زد و کوب کرنا - بہت مارنا پیٹنا -

کچھار - دریا کے قریب کی نشیبی زمین، ترائی جس میں اکثر شیر رہتا ہے -

کچھوا - سنگ پشت - ایک دریائی جانور

کچی دو گھڑی میں - تھوڑی دیر میں، ذرا کی ذرا میں - کچھ دیر میں -

کچی گوئیاں نہیں کھیلی ہیں - (محاورہ) (کنایۃً) دانا و بینا ہونا - تجربے کار ہونا -

کچیاں - (کچنیا) - کان کی لَو -

کُحّال - آنکھوں کا معالج - معالجِ چشم

کُحلُ الجَواہِر - جواہرات کا سُرمہ -

کَدْ (قدیم) کب - کبھی - ضد - ہٹ - اصرار -

کِدارا - کلیان کھاکھڑ کا ایک راگ جو عموماً چاندنی رات میں گایا جاتا ہے -

کَدَّر - ذلیل - کمینے لوگ -

کَدُّو - (کنایۃً) سر -

کُدُورَت - دل کا ملال - رنجش - کینہ - غبار -

کَدِیُور - کسان - گنوار - دہقان - مزارع -

کُڈھَب - بے ڈھب - بے ربط -

کِذْب - دروغ - جھوٹ -

کَرتو ڈَر نہ کَرتو ڈَر (مثل) جب کسی بے گناہ پر کوئی الزام ہو تو کہتے ہیں یعنی خدا سے ہر وقت پناہ مانگنا چاہیے -

کرُب ۔ بے چینی ۔ بے کلی
کرار ۔ دکان دار ۔ غلہ فروش ۔
خردہ فروش ۔
کرارے (کرارا) ۔ سخت ۔
کڑا ۔ زور آور ۔ کرکرا ۔
خستہ ۔
کراراپن ۔ خستگی ۔ بھربھراپن ۔
مضبوطی ۔
کرامت ۔ نوازش ۔ بزرگی ۔
کرتب ۔ کام ۔ ہنر ۔ چالاکی ۔
ہوشیاری ۔
کرتوت ۔ برے کام ۔ ناشائستہ
حرکات ۔
کُرتی ۔ آستینوں کے بغیر کرتہ جو
اونچا ہوتا ہے اور عورتیں اسے
انگیا کے اوپر پہنتی ہیں ۔
کرچ ۔ ایک قسم کی لانبی تلوار
جو اکثر فوجی افسروں کے پاس
ہوتی ہے ۔ ریزہ ۔ ٹکڑا ۔
کرسچن ۔ نصرانی ۔ حضرت عیسیٰؑ
کو ماننے والا ۔
کرسٹان ۔ عیسائی ۔
کرک ۔ برج سرطان ۔
کرکٹ ۔ گیند بلے کا کھیل
کرکری ۔ خستہ ۔ بھربھری ۔
کرکری خانہ ۔ وہ جگہ جہاں
امرا کا پرانا اسباب کاٹھ
کباڑ رہے ۔
کرکری ہونا ۔ (محاورہ) ۔
خاک ملی ہوئی چیز ۔ ہیٹی ۔ ذلت ۔
خواری ۔

کرگا چھوڑ تماشے جائے
ناحق چوٹ جولاہا / جلاہا
کھائے ۔ (مثل) یعنی اپنا
کام چھوڑ کے اوروں کی ریس
میں نقصان ہوتا ہے ۔
کرگس ۔ گدھ ۔
کرم پیلہ ۔ ریشم بنانے والا
کیڑا ۔
کرم پھوڑ ۔ بدنصیب ۔
بد اقبال ۔
کرم خوردہ ۔ کیڑا لگا ہوا ۔
بوسیدہ ، گھن لگا ہوا ۔
کرم ریکھ نا مٹے کرو کوئی
لاکھن چترائی ۔ (مثل) (ہندی)
تقدیر کا لکھا ہوا نہیں مٹتا ۔
کرمک ۔ چھوٹا کیڑا ۔
کرمک شب تاب ۔ جگنو ۔
ایک چھوٹا سا کیڑا جو برسات
کی راتوں میں چمکتا ہے ۔
کُرمی ۔ ہندوؤں کی ایک ذات ۔
پورب کے ہندو زمینداروں
کی ایک ذات ۔
کرن پھول ۔ کان کے زیور
کا نام ۔
کرُنب ۔ کرم کلا ۔ بند گوبھی ۔

کَرْ نَا و سَرْ نَا و قَرْ نَا و غَرْ نَا - بگل - نفیری۔

کُرَنْگ - سُرخ گھوڑا - سرنگ۔

کَرْنَل - رجمنٹ کا اعلیٰ افسر۔ فوج کا عہدہ دار۔

کَرُّوبِیُوں - (جمع کروبی کی)۔ فرشتہ۔ مقرب فرشتہ۔

کُرُودھ - (ہندو) غصہ۔ خفگی۔ طیش۔ عتاب۔

کَرَوندے (کَرَوندا) - ایک قسم کے کھٹے پھل اور اس کے درخت کا نام۔

کُرۂ اَرْض - تمام زمین جو گیند کی شکل کی ہے۔

کُرْیَال - پرندوں کو خوش ہو کر اپنے بازوؤں کو کھجلانے اور سہلانے کی حالت۔ امن و امان۔ بے فکری۔

کُرْیَال مَیں غُلّہ لَگْنَا - (محاورہ) عین مزے میں کھنڈت ہونا۔

کَرْیلی - چوڑیوں کی ایک قسم۔ کریلیاں۔

کَرِیمَا - مدرسوں میں پڑھائی جانے والی فارسی کی ایک منظوم کتاب جو لفظ کریما سے شروع ہوتی ہے۔

کَرِیہہ - مکرو فریب۔ قابلِ نفرت بدشکل۔

کَڑُوں (کَڑا) - چھلا سونے چاندی وغیرہ کا۔ حلقہ جو عورتیں ہاتھ پاؤں میں پہنتی ہیں۔

کَڑَک - پٹے بازی کا وہ ہاتھ جو حریف کے سیدھے پاؤں کی بائیں جانب لگے۔

کَڑکَڑا - سخت۔ کڑا۔ مضبوط۔

کَڑکَیت - شاہی سواری کے ہاتھی کے آگے ہٹو بچو اور ادب آداب سے رہو کے نعرے لگاتے ہوئے ملازم۔

کَڑوے - کڑوا۔ تلخ۔ تند۔ بدمزاج۔

کَڑوَا کَرِیلَا اَور نِیم چَڑھَا۔ (مثل) اس بدمزاج کی نسبت بولتے ہیں جو کسی وجہ سے زیادہ بدمزاج ہو جائے۔

کَڑوَا ہُونَا - (محاورہ) (کنایۃً) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔

کَڑی - سختی۔ تکلیف۔ اذیت۔

کَڑیَاں (کَڑی کی جمع) شہتیر۔ چھت کا تیر۔ پاؤں کا ایک زیور۔

کَڑیل - (صفت) طاقت ور

آدمی ۔ بلوان ۔
کَژدُم ۔ بچھو۔ عقرب ۔
کَش بَل ۔ تاب و طاقت آدمی کی ۔ دم خم ۔ طاقت ۔ قوت ۔
کس نمی پُرسد کہ بھیّا کون ہو ۔ (مثل) کوئی نہیں پوچھتا کہ آپ کون ہیں ۔
کِس برتے پَرتتّا پانی ۔ (مثل) (لفظی معنی کس بھروسے پر گرم پانی کی فرمائش) کس بات پر شیخی مارتے ہو ۔ کس بات پر یہ دعویٰ ہے ۔
کِس کھیت کی مُولی ہو ۔ (مثل) محض بے حقیقت ہے ۔ بے قدر ہے ۔
کسادِ بازاری ۔ بازار میں خرید و فروخت نہ ہونا ۔ مندا ہونا ۔
کِسانی ۔ کاشت کاری ۔ کھیتی باڑی ۔
کِسبَت ۔ چمڑے کا وہ تھیلا جس میں حجام اور جراح اپنے اوزار رکھتے ہیں ۔
کَسبی ۔ فاحشہ ۔ بازاری عورت ۔ رنڈی ۔
کَستُوری ۔ مشک نافہ ۔ وہ مشک جو مشکی ہرن کی ناف سے نکلتی ہے ۔
کَسَر ۔ کمی ۔ شکستگی ۔ ٹوٹ پھوٹ ۔
کَسرِنفسی ۔ انکسار ۔ عاجزی ۔ منکسرالمزاجی ۔
کَسرَت ۔ ورزش ۔ عشق ۔ مہارت ۔
کَسگَرن (کسگرنی) ۔ مسلمان ۔ کمہارن ۔ کمہارن ۔ مٹی کے برتن بنانے والی ۔
کَسَل ۔ سستی ۔ کاہلی ۔ تھکان ، تھکاوٹ ۔
کُسُم ۔ ایک قسم کا پھول جس سے شہاب نکلتا اور لال کپڑے رنگے جاتے ہیں ۔
کَسمَسانا ۔ ہلنا ۔ جنبش کرنا ۔ قابو سے نکلنے کی کوشش کرنا ۔
کَسَوٹی ۔ وہ پتھر جس پر سونے کو کس کر دیکھتے ہیں ۔
کسُورِ اربعہ ۔ ریاضی کا ایک مسئلہ ۔
کُسُوف ۔ سورج گہن ۔
کِسی کی زُبان چلی کِسی کا ہاتھ چلا ۔ (مثل) بدزبانی کا نتیجہ مار کھانا ہے ۔
کَسیرُو ۔ ایک خوردنی جڑ جس کا پودا تالابوں اور دریاؤں کے کنارے پیدا ہوتا ہے اور اس کی جڑ جائفل کی برابر اور سیاہ رنگ کی ہوتی ہے اور اس

پر بالوں کی مانند ریشے لگے ہوتے ہیں، اس کے اندر سے سفید اور شیریں مغز نکلتا ہے۔

کِشت ۔ شطرنج کے بادشاہ کا ایسے خانے میں ہونا کہ اگر اس کی جگہ کوئی اور مہرہ ہو تو مارا جاتا۔

کِشتِ زَعفَران ۔ زعفران کا کھیت ۔ ہنسی کا محل ۔ ہنسی کی جگہ۔

کُشتنی ۔ گردن زدنی ۔ مار ڈالنے کے لائق۔

کُشتنی سُوختنی ۔ گردن مارنے اور جلانے کے قابل ۔ گردن زدنی۔

کُشتیاں (کشتی) ۔ ناؤ ۔ بیڑی ۔ ڈونگا ۔ سفینہ۔

کُشتی گیر ۔ پہلوان ۔ کشتی لڑنے والا۔

کَشف ۔ غیب کی باتوں کا اظہار ۔ پردہ اُٹھانا ۔ افشا کرنا۔

کَشکول ۔ کاسہ ۔ کاسۂ گدائی ۔ بھیک مانگنے کا پیالہ۔

کِشمِش ۔ ایک قسم کے سوکھے ہوئے انگور۔

کَشیدہ قامَت ۔ لمبے قد کا ۔ دراز قد۔

کُفران ۔ ناشکری ۔ ناسپاسی۔

کَفِ دَست ۔ ہتھیلی۔

کِفاف ۔ روزینہ ۔ وظیفہ ۔ روزمرہ کا خرچ۔

کِفالت ۔ ضمانت ۔ بار اٹھانا ۔ ذمہ داری۔

کِفایت شِعار ۔ جزرس ۔ بے جا اور فضول خرچ نہ کرنے والا۔

کَفش ۔ جوتی ۔ پیزار ۔ پاپوش ۔ نعلین۔

کَفش خانہ ۔ انکسار کے طور پر اپنے مکان کو کہتے ہیں۔

کَفش دوز ۔ موچی ۔ جوتے بنانے والا۔

کَفش گر ۔ جوتے بنانے والا ۔ موچی۔

کَفن پھاڑ کر چیخنا / بولنا ۔ (محاورہ) دفعتہً بول اُٹھنا یا چیخ اُٹھنا ۔ نہایت مضطرب ہو کر بولنا۔

کَفِیل ۔ ذمہ دار ۔ ضامن ۔ جواب دہ۔

کُک ۔ (انگریزی) باورچی ۔ کھانا پکانے والا۔

کُکڑ (گُگڑ) لمبے پنچے کا حقّہ ۔ مٹی کا بڑا حقّہ۔

کُکڑ والا ۔ جو بازار میں بازاری لوگوں کو حقّہ پلایا کرے۔ (مجازاً)

ذلیل و خوار آدمی۔
گکڑی ۔ ایک قسم کی کھانے اور پکانے کی ترکاری جو لبی اور حلقہ دار ہوتی ہے۔
گُکڑی ۔ کچے سوت کی پھی ۔ مکئی کا بھٹا ۔ مرغی ۔ انٹی ۔
کل مُنھا ۔ کالے منھ کا ۔ بدمزاج۔ چڑچڑا ۔ کم بخت ۔ بدنصیب ۔
کلمہ مُوا چنچنی ۔ کالے مُنھ کا چیں چیں کرنے والا ۔ سیاہ فام۔
کلے ٹھلے (کلا ٹھلا) ۔ رعب داب ۔ ظاہرداری ۔ چرب زبانی ۔
کلاؤں (کلابتون) ۔ چاندی یا سونے کے تاروں کی ڈوری۔
کلابتوں ۔ چاندی یا سونے کا تار جو ریشم یا سوت کے ڈورے پر لپیٹتے ہیں۔
کلار ۔ شراب فروش ۔ کلوار۔
کُلاغ ۔ کالا کوّا۔
کُلال ۔ کوزہ گر۔
کلال ۔ ہوشیار ۔ چالاک ۔ عیار (ق)۔
کلال کار ۔ چالاک ۔ مکار۔ دغا باز ۔
کلاونت ۔ گویا جس کا خاندانی پیشہ گانے کا ہو۔
کلاہ تتری دار ۔ تاتاری ٹوپی جو امرا پہنتے ہیں۔

کلائی ۔ ساعد ۔ پونچا ۔ ہاتھ اور کہنی کا درمیانی حصّہ۔
کلب ۔ انجمن ۔ سبھا ۔ بزم۔
کلبلانا ۔ آہستگی سے ہلنا ۔ گدگدیا کرنا ۔
کُلبۂ احزاں ۔ غم کا گھر۔
کلپائے (کلپانا) ۔ تڑپانا ۔ بیقرار کرنا ۔ غمگین کرنا۔
کلپتا ۔ ایک قسم کا کنکوا۔
کلپنا ۔ زور زور سے ہنسنا۔
کل پتی ۔ ایک قسم کا پتنگ ۔
کلپوٹیا (کل پوٹیا) ۔ ایک قسم کا پتنگ ۔
کلپھ ۔ آہ وزاری کے ساتھ رنج ۔ تڑپانا ۔ کسی کے حق میں بددعا کرنا۔
کُلتھی ۔ سیاہ رنگ کا ایک اناج ۔
کلجگ ۔ بُرا زمانہ ۔ وہ زمانہ جس میں گناہ کی کثرت ہو ۔ چوتھا جگ ۔
کلجگ کے باون اوتار کی ذریات میں سے ہے۔ عجیب الخلقت ہے، انوکھی مخلوق ہے ۔ (ق)
کل جبی ۔ (کل جبھی) ۔ لفظی معنی کالی زبان کا ۔ (اصطلاح) وہ عورت جس کا کہنا جلد اثر

کرتا ہو۔
کُلچَہ - ایک قسم کی میدے کی چھوٹی خمیری روٹی جو تنور میں پکائی جاتی ہے۔
کَلَرک - محرر۔ منشی۔ اہل مد۔
کَلسا - گگرا۔ تانبے پیتل کا تنگ منھ کا گھڑا۔
کَلغی - طُرّہ۔ پرندوں کی چوٹی۔ مور یا دوسرے پرندوں کے سر کا تاج۔
کُلفت - رنج۔ تکلیف۔ کدورت۔ رنجش۔
کِلک - قلم۔ کھوکھلی نرکل۔
کِلک گوہر - موتیوں کا قلم مراد اعلیٰ تحریر۔
کَلَکٹر - ضلع دار۔ ڈپٹی کمشنر۔
کَلمہ پڑھنا - (محاورہ)۔ اللہ تعالیٰ کی توحید کا اقرار کرنا۔ کلمۂ شہادت پڑھنا۔ مسلمان ہونا۔ توتے کا حق اللہ کہنا۔ پاک ذات اللہ کہنا۔
کَلَنک - عیب۔ الزام۔ دھبا۔
کَلَنک کا ٹیکا - ذلت۔ داغ۔ رسوائی۔ بدنامی کا دھبا۔
کُلَنگ - ایک آبی پرندے کا نام۔ (کنایۃً) لمبی ٹانگوں کا آدمی۔
کَلُوا - سیاہ فام۔ کالا کلوٹا۔
کَلوار - (لکھنؤ)۔ کلال۔ مے فروش۔
کَلوارن - (کلوارنی)۔ مے فروش عورت۔
کُلُوخ - ڈھیلا مٹی کا۔
کُلُوخ اَندازی - ڈھیلا مارنا۔ پتھر پھینکنا۔
کَلّہ بہ کلّہ لڑنا - (محاورہ) برابری کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
کَلّہ دَراز (کلا) - چلا کر بولنے والا۔ زبان دراز۔ لڑاکا۔
کُلھڑ - مٹی کا بڑا آب خورہ۔ (صفت) جاہل۔ اجڈ۔ بے ڈول آدمی۔
کُلھیا - مٹی کا چھوٹا برتن۔ چھوٹی ہنڈیا۔ وہ ظرف جس میں کتھا یا چونا رکھتے ہیں۔
کُلھیا میں گڑ پھوڑنا - (محاورہ) چھپا کر کوئی کام کرنا۔ ناممکن کام کرنا۔
کَلّے پر جا ڈٹے - سر پر سوار ہوئے۔ گردن پر سوار ہوئے۔
کَلّے پر کھڑا ہونا - (محاورہ)

سر پر کھڑا ہونا۔

کلیجہ بلّیوں اُچھلنا ۔ کمال بے چینی / اضطراب ہونا۔

کلیجہ پکانا ۔ (محاورہ) سخت رنج ہونا۔ دل کو صدمہ پہنچنا ۔ کسی کی رنج دینے والی باتوں سے صدمہ پہنچنا۔

کلیجہ پیپ کرنا ۔ (محاورہ) کلیجہ پکانا۔

کلیجہ مُنہ کو آنا ۔ جی گھبرانا۔ بے چین ہونا۔ وحشت ہونا ۔ کمال تعلق اور اضطرب ہونا۔

کلیجے پر پتھّر رکھ لینا / رکھنا (محاورہ) ۔ صبر کر لینا۔ مجبوراً برداشت کر لینا۔

کلیجے پر سانپ لوٹنا ۔ رشک و حسد سے بے قرار ہونا۔

کلیرٹ ۔ لال شراب۔

کلیس (کلیش) ۔ تکلیف ۔ دُکھ ۔ درد ۔

کلیل ۔ گھوڑے کی جست و خیز ۔ چار پایہ جانوروں کا خوشی سے اُچھلنا کودنا۔ کریز۔

کلیان ۔ ۱۔ نجات ۔ مکتی ۔ ۲۔ خوش حالی ۔ خوش نصیبی ۔

کم زور مار کھانے کی نشانی (مثل) زیر دست ہمیشہ دبا رہتا ہے۔

کم کھائے غم نہ کھائے ۔ (مثل) غم انسان کو تحلیل کر دیتا ہے ۔ کم خرچ کرنا، قرض لے کر کھانے سے بہتر ہے ۔

کم ہیئر ۔ (انگریزی) ادھر آؤ ۔ یہاں آؤ ۔ بات سنو ۔

کماحقہٗ ۔ جیسا اس کا حق ہے ۔ ٹھیک ٹھیک ۔ موزوں ۔

کمانڈ ۔ حکم ۔ فرمان ۔ فوجی ڈیوٹی۔ فوج کا کسی معین زمانے میں اپنی جگہ سے باہر پھرنا۔

کمانڈر ان چیف ۔ سپہ سالار اعظم ۔ جنگی لاٹ ۔ فوج کا سب سے بڑا سردار۔

کمانچہ ۔ سارنگی جیسا ایک ساز ۔

کمانی ۔ لوہے کا خمیدہ، لچکیلا حلقہ جو بگھیوں، گھڑیوں گدیوں اور بندوق کی چاپ میں لگاتے ہیں، عام طور پر کمان کی شکل کا تار کا پیچ دار بنا ہوا ہوتا ہے ۔

کمانیر ۔ (انگریزی میں کمانڈر) فوج کا افسر۔ کمانڈر۔

کمبری ۔ وہ گھوڑا جو چڑھائی پر نہ چڑھ سکے۔

کمبل ۔ بھیڑ بکری کے بالوں کا بنا

ہوا کپڑا جو سردیوں میں جسم ڈھانپنے کے کام آتا ہے۔ کمل۔

کمپا ۔ لاسا لگی ہوئی لانبی چھڑی یا بانس جس سے پرندوں کو پکڑتے ہیں۔ (چڑی ماروں کی اصطلاح)

کمپاس ۔ قطب نما۔ قبلہ نما۔ پرکار، زمین کی پیمائش کا ایک آلہ۔

کمپارٹمنٹ ۔ کمرہ۔ درجہ۔ ڈبا۔

کمپونڈر (کمپاؤنڈر) ۔ دواساز۔

کمپو ۔ چھاؤنی۔ پڑاؤ۔

کمخواب (کمخواب) ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو زری کے تاروں کی آمیزش سے بُنا جاتا ہے۔ زربفت۔

کمپنی ۔ انگریز سوداگروں کی جماعت جس نے ملکہ ایلزبتھ سے ۱۶۰۰ء میں یہ فرمان حاصل کیا کہ اس جماعت کے سوا کوئی دوسری جماعت ہندوستان میں تجارت نہیں کر سکتی۔

کمر ۔ پہلوان کا ایک پیچ / داؤں جو کمر یا کولے کے ذریعے سے کیا جاتا ہے۔

کمر توئی ۔ کمرپٹی۔ انگرکھے کی زینت کے لیے کمر پر جو کپڑا ٹانکا جاتا ہے۔

انگرکھے کی چولی کے نیچے کے گھیر میں سلی ہوئی پٹی۔

کمر سیدھی کرنا ۔ آرام کرنا۔ لیٹنا (مجازاً) کھانا کھاکر کسی قدر سو جانا۔

کمرکھ ۔ ایک ترش پھل اور اس کے درخت کا نام۔

کمسار (کمساری) ۔ ٹکٹ کلکٹر۔ ریلوے گارڈ۔

کمسٹری ۔ کیمیا۔

کمسریٹ ۔ سپاہیوں کی رسد رسانی کا محکمہ۔ رسد رسانی کے افسر کا دفتر۔

کمشنر ۔ کسمت کا حاکم۔ کئی ضلعوں کا حاکم۔

کمک ۔ وہ فوج جو لڑائی میں مدد کے لیے بھیجی جائے۔

کمکی ۔ وہ فوج جو لڑائی میں مدد دے۔

کملا ۔ ایک قسم کی نارنگی اس معنی میں کو لا مستعمل ہے۔ ایک قسم کے زرد کیڑے کا نام جس کے بدن پر چمٹ جانے سے خارش ہوتی ہے۔ دیوانہ۔

کملا ۔ (کامل کی جمع)۔ ماہر عالم۔ ماہرفن۔ عارف۔ خدا رسیدہ۔

کملی کتھری کرنا ۔ (محاورہ)۔ کہیں اور چلے جانے کے ارادے

سے گھر کا تمام اسباب اور کپڑے باندھ لینا۔ کسی کا تمام مال و اسباب چھین لینا۔
کُمہار ۔ مٹی کے برتن اور کھلونے بنانے والا۔ کوزہ گر۔
کُمھلانا ۔ مُرجھانا۔ طراوت نہ رہنا۔
کُمیت ۔ سیاہی مائل سرخ رنگ کا گھوڑا۔ سرنگ۔ تیلیا۔
کمیٹی کی ۔ مشورہ کیا۔
کمیدان ۔ کپتان کا ماتحت۔
کمیشن ۔ حق المحنت۔ دلالی۔ عہدہ۔ تقرری۔
کمین گاہ ۔ گھات کی جگہ۔ حملہ کرنے کے لیے پوشیدہ جگہ۔
کن رس ۔ راگ رنگ سننے کا مزہ (صفت) وہ شخص جو گانا نہ جانتا ہو لیکن موسیقی کے فن سے واقف ہو۔
کنکٹا ۔ (کن کٹا)۔ جس کے کان کٹے ہوئے ہوں۔
کنارِ مادری ۔ ماں کی گود (مراداً) ماں کی محبت۔
کنارہ کش ۔ الگ۔ یکسو۔
کنایہ ۔ اشارہ۔ رمز۔ پوشیدہ بات۔ مبہم بات۔
کناری ۔ پتلا گوٹہ جو عورتیں دوپٹوں پر لگاتی ہیں۔
کنبھ ۔ گیارہواں آسمانی برج۔

کنٹر ۔ شیشہ۔ آبگینہ۔
کنٹھا ۔ ایک قسم کا طلائی زیور۔ ایک قسم کا پھولوں کا ہار جس میں کلیاں گوندھی جاتی ہیں۔ فقیروں کی تینتیس دانوں کی تسبیح۔
کُنج ۔ درختوں کا جھنڈ۔
کنجر ۔ ایک خانہ بدوش قوم جس کا پیشہ سرکیاں، چھینکے وغیرہ بنا کر بیچنے اور جنگلی جانوروں کا شکار کرنے کا ہے (کنایتہً) بد وضع۔ بدشکل۔
کُنجڑا ۔ ترکاری بیچنے والا۔ سبزی فروش۔
کنجل ۔ بڑا اور قوی جثہ ہاتھی۔
کنجوس ۔ بخیل۔ شوم۔ تنگ دل۔
کُندن ۔ خالص سونا۔ بے میل۔ (مجازاً) چمکیلا۔
کُندن قلیہ ۔ اعلیٰ درجے کا قلیہ۔
کُندن کرنا ۔ (محاورہ)۔ سونا بنانا۔ بیش قیمت بنانا۔ قیمت یا بھاؤ بڑھانا۔
کُندنی رنگ ۔ سنہری رنگ۔
کُندۂ ناتراش ۔ بیڈول لکڑی۔ ناتہذیب۔

بدتہذیب۔
کُنڈے تولنا ۔ (محاورہ)۔ پرندے کا اپنے شہ پر سمیٹ کر دونوں بازوؤں کو اُڑنے کی غرض سے جنبش دینا (مجازاً) کہیں جانے کا قصد کرنا۔
کُنڈے والی ۔ (مراداً) ذلیل، حقیر (ق)۔
کُنڈلی ۔ چھوٹا سا حلقہ۔ جنم پترا۔
کُنڈھ (کُنڈ) (ہندو) زمین کا وہ گڑھا جس میں متبرک آگ رکھیں۔ ہوم کی آگ رکھنے کا گڑھا۔ گرم چشمہ۔ تالاب۔ چشمہ۔ گڑھا۔ غار۔
کُنڈی ۔ زنجیر دروازے کی۔ حلقۂ در۔
کنڈوں (اُپلوں) کا چورا۔ چھوٹا اُپلا۔
کنعان ۔ حضرت یوسفؑ کا مقام پیدائش۔ فلسطین کا ایک شہر۔
کنکری ۔ ٹھیکری۔ ڈلی۔ ٹکڑا۔
کنکیّا ۔ ایک قسم کی پتنگ۔
کنکیّاں ۔ (کنکوا)۔ پتنگ کاغذ کا بنا ہوا۔
کنگال ۔ مفلس۔ محتاج۔ نادار۔
کنگارُو (کنگرُو)۔ آسٹریلیا کا ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں، اس کے پیٹ میں ایک تھیلی ہے جس میں اپنے بچے کو بٹھا لیتا ہے۔
کُنگرے (کُنگرہ)۔ کنگورہ۔
کِنکری ۔ چھوٹا سا ٹکڑا۔ معمولی مقدار۔
کنگنا ۔ دو ڈورا جو دولھا کی کلائی پر باندھا جاتا ہے۔
کنواری ۔ وہ عورت جس کی ابھی شادی نہ ہوئی ہو۔ بن بیاہی۔
کُنمُنانا ۔ بچے کا سوتے سوتے کروٹ لینا۔ بے چین ہونا۔ پس و پیش ہونا۔ عذر کرنا۔ منت کرنا۔
کِنواڑے (کِنواڑا)۔ کواڑا۔ دروازہ۔ کھڑکی یا روشن دان وغیرہ کو بند کرنے یا کھولنے کا پٹ۔
کنوتی ۔ گھوڑے کا کان۔
کنوتیاں بدلنا ۔ (محاورہ) گھوڑے کا دونوں کانوں کو کھڑا کرنا۔ چوکنا ہونا۔
کنول ۔ ایک ظرف جس میں موم بتی جلاتے ہیں۔ قمقمہ۔
کُنویں جھنکواتے (کنویں

جھنکوانا) ۔ (محاورہ) کنویں کا پانی یا تہ دکھانا ۔ ٹھوکا (مجازاً) حیران کرنا ۔ آوارہ پھرانا ۔ تھکا مارنا ۔

کنویں کا مینڈک ۔ علم اور تجربہ محدود مگر دعوے بلند بانگ ۔ ایک ہی حلقے تک محدود رہنے والا ۔ پرانے خیال کا ۔ تنگ نظر ۔ جسے باہر کی خبر نہ ہو ۔

کنویں کی جگت ۔ کنویں کی مینڈ ۔

کنووں میں بانس پڑنا ۔ بہت تلاش کرنا ۔ بہت جستجو کرنا ۔

کنہ ۔ حقیقت ۔ اصلیت ۔ بات کی باریکی ۔ راز ۔ گہرائی ۔

کنھیا ۔ کرشن جی کا لقب (مجازاً) خوب صورت ۔ ملیح ۔

کنے نتھ گئے ۔ کنے پھنس گئے ۔

کنے مارنا (محاورہ) پتنگ کو نیچے گرا کر اوپر اٹھانا ۔ پتنگ بازی کا ایک داؤں ۔

کنیا ۔ (ہندو) چھوٹی عمر کی لڑکی کنواری لڑکی ۔ بیٹی ۔ دلہن ۔ ایک برج سنبلہ ۔

کنیل ۔ کنیر ۔ ایک پودا جس کے پتے لمبے اور پھول سفید و سرخ ہوتے ہیں اس کی جڑ اور چھال زہریلی ہوتی ہے ۔

کوپل (کونپل) ۔ شگوفہ ۔ کلی ۔

کوتل ۔ وہ گھوڑا جس کو سجا بنا کر امرا کی سواری کے ساتھ لے جاتے ہیں ۔ جلو کا گھوڑا ۔

کوتوال ۔ پولیس کا وہ عہدہ دار جس کے ماتحت کئی تھانے ہوں ۔

کوتھی ۔ (عو) کونسی کی جگہ بولتی ہیں ۔ وہ لوہا جو تلوار یا پیش قبض وغیرہ کے میان میں بطور شام لگا ہوتا ہے ۔

کوٹ ۔ آستینوں والا فرنگی جامہ ۔ آستینوں کی کرتی ۔

کوثر ۔ بہشت کی ایک نہر ۔

کوچے (کوچ) ۔ وہ موٹا پٹھا جو آدمی کی ایڑی کے اوپر اور چوپایوں کے ٹخنوں کے نیچے ہوتا ہے ۔ دوسرے معنوں میں بیشتر جمع میں مستعمل ہے ۔

کوچ ۔ شاہی گاڑی ۔ سواری گاڑی ۔ ریل کا ڈبہ ۔

کوچ بکس ۔ کوچوان کے بیٹھنے کی جگہ جو گاڑی کے آگے حصے میں بلند بنی ہوئی ہوتی ہے ۔

کوچ بان ۔ گھوڑا گاڑی چلانے والا ۔

کُوچ مَین - کوچوان - کوچبان - گھوڑا گاڑی چلانے والا۔

کُوچے کاٹنا (کُونچیں کاٹنا)۔ (محاورہ) ایڑی کے اوپر سے پاؤں کے پٹھے کاٹنا - قدم کاٹ ڈالنا - لولا بنا دینا۔

کُوچہ گَرد - گلیوں میں پھرنے والا۔ آوارہ۔

کُودَن - احمق - کند ذہن۔

کُودُوں - ایک قسم کا سخت غلہ۔

کُودُوں دے کے پڑھے ہو (کودوں دے کے پڑھنا)

(محاورہ)۔ کم خرچ کر کے پڑھنا - ناقص تعلیم پانا۔

کُورِدِہ - کم آباد چھوٹا گاؤں جو مشہور نہ ہو (جاہلوں کی بستی)۔

کُورنمک - نمک حرام - احسان فراموش - ناشکرا۔

کُور - (عو) کنارا۔ حاشیہ۔

کُورے (کورا)۔ نیا - غیر مستعمل۔

کُورا پِنڈا - (عو)۔ اچھوتا جسم - بن بیاہی عورت - دوشیزہ۔

کُور دَبی ہے - عاجز ہونا - مغلوب ہونا۔

کُورٹ مارشل - فوجی عدالت - جنگی عدالت۔

کُورنِش - جھک کر سلام کرنا۔ بندگی۔

کُورِی - ایک ذات کا نام - نیچ ذات۔

کُوڑا - تازیانہ - چابک۔

کُوڑے (کُوڑا) - بڑی کوڑی۔

کُوڑِی - ایک بیسی - بیس - کئی - متعدد۔

کُوڑے کرنا۔ (محاورہ) کھرے کرنا - اونے پونے بیچ ڈالنا۔

کُوڑے (کُوڑا) - خس و خاشاک - خراب اور نکمی چیز۔

کُوڑھ مَغز - بے وقوف - کند ذہن - ابلہ۔

کُوڑی - وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ ڈالتے ہیں۔

کُوزے (کُوزہ)۔ مصری کے گول گول ڈلے۔

کُوس - دو میل کا فاصلہ۔

کُوکا - دودھ پلانے والی کا لڑکا۔ دودھ شریک بھائی۔

کُوکنا - بٹیر کو جگانا - مور کا جھنگارنا - گھڑی یا باجے میں کنجی دینا۔

کُوکنار - خشخاش کا ڈوڈا۔

کوکو پلاؤ ۔ وہ پلاؤ جس میں کباب یا مسلم انڈے ڈالتے ہیں۔

کوکھ مانگ سے ٹھنڈی رہو ۔ (محاورہ) (دعا)۔ اولاد اور خاوند جیتے رہیں۔ سُہاگن اور صاحب اولاد رہنا۔

کولے (کولا) ۔ گود ۔ بغل ۔ پٹھا ۔ سُرین ۔

کولے ۔ نارنگیاں ۔ سنگترے ۔

کولھو کا بیل ۔ (کنایۃً) ہر وقت کسی کام میں جُٹا رہنے والا ۔ نہایت محنتی ۔ ایک ہی جگہ چکر کھانے والا ۔

کون و فساد ۔ (مجازاً) فانی دُنیا ۔

کونبھل (کومل ۔ کونھل)۔ سینڈھ ۔ نقب ۔

کون بات ہے ۔ بات نہیں ۔ موقع نہیں ہے ۔ کوئی مشکل نہیں ہے ۔

کونچ (کوچنا) ۔ چبھونا ۔ چھری یا کانٹے کی نوک سے گودنا ۔ کچوکے دینا ۔

کونچیں کاٹنا ۔ (محاورہ) ۔ ایڑی کے اوپر سے پاؤں کے پٹھے کاٹنا ۔ قدم کاٹ ڈالنا ۔ لولا بنا دینا ۔

کونڈی ۔ ٹی کا چھوٹا کونڈا ۔ بھنگ گھوٹنے کا برتن ۔

کونین ۔ دونوں جہان ۔ دنیا اور عاقبت ۔

کونین ۔ ایک مشہور دوا جو بخار بخصوص ملیریا وغیرہ میں استعمال کی جاتی ہے ۔

کوہِ قاف ۔ بحیرۂ اسود کے شمالی حصے کا پہاڑ جسے پُرانے قصے کہانیوں میں پریوں کا مسکن بتایا جاتا ہے، یہاں کی عورتیں بہت خوب صورت ہیں ۔ (کنایۃً) ناقابل گزر مقام ۔

کوہ کن ۔ پہاڑ کھودنے والا ۔ مراد فرہاد جو شیریں پر عاشق تھا ۔

کوہِ نور ۔ ایک بہت مشہور ہیرے کا نام جو بابر کو ابراہیم لودھی سے ملا تھا اور آخر میں انگریزوں کے ہاتھ لگا ۔

کوئلوں کی دلالی میں ہاتھ کالے ۔ (مثل) ۔ بُرے کام میں پڑنے کا انجام بدنامی ہے ۔

کوئیں ۔ چھوٹا کنواں ۔

کہار ۔ ہندوؤں کی ایک قوم جس کا کام پانی بھرنا یا پالکی اُٹھا کر چلنا اور برتن مانجنا

ہے۔
کہُرا - دھند - وہ بخارات جو سردی کے موسم میں صبح اور شام کو دھند سی پیدا کردیتے ہیں۔
کہُرَام - آہ وزاری - ماتم - کئی آدمیوں کا ایک مصیبت پر رونا۔
کہَرْوَا - کہاروں کا ناچ اور گانا جو اکثر صبح کو رنڈیاں ناچا گایا کرتی ہیں۔
کہُولت - آغاز پیری - ادھیڑ عمر ہونا - بالوں کا کھچڑی ہونا۔

کہُوں تو ماں ماری جائے نہ کہُوں تو باپ لتّا کھائے۔
(مثل) (عو) دونوں طرح مشکل کی جگہ بولتی ہیں۔

کہیں کھیت کی سُنیں
کھلّیان کی - کہا کچھ جائے جواب کچھ ملے - سوال دیگر جواب دیگر (ق)۔
کھاتے - ذیل میں - ضمن میں۔ حساب میں - (ق)۔
کھاجا - ایک قسم کی مٹھائی۔
کھارُوے (کھارُوا) - ایک قسم کا سُرخ موٹا سوتی کپڑا۔
کھارِی - شور - نمکین - کڑوا۔
کھان (کان) - وہ جگہ جہاں سے معدنی اشیاء برآمد ہوتی ہیں - مصدر - خزانہ - مخزن۔
کھانچی - ٹوکری - وہ ٹوکری جس پر ڈھکن ہوتا ہے۔
کھانچیاں (کھانچیوں) - (کنایتہً) بہت کثرت سے۔
کھانڈا - ایک قسم کی سیدھی دو رخی تلوار جس کی نوک مثلث ہوتی ہے۔
کھانسی - سُرفہ - سعال - ایک مرض کا نام جو پھیپھڑوں میں بلغم وغیرہ جمع ہونے سے ہو جاتا ہے۔

کھانے کے دانت اور دکھانے کے دانت اور
(مثل) نمائشی چیزیں کام نہیں دیتیں - جس کا ظاہر باطن کے خلاف ہو اس کی نسبت بھی بولتے ہیں۔
کھاؤپیر - پیٹو - بسیار خور - بہت زیادہ کھانے والا - (مراداً) مفت خورا - (ق)۔

کھائیں کھلی بعد کریں

بھُوسَا - اچھی کوشش کا بُرا نتیجہ - اچھے کام کا بُرا انجام - نیکی کا بدلہ بُرائی (ق)۔

کھُب جانا - پسند آنا - آنکھوں کو بھانا -

کھَپانچ (کھَپاچ - کھَپچ) - بانس کا ٹکڑا۔

کھَپٹ - بوڑھا - بوڑھی۔

کھَپٹ بُڑھیا - بہت بوڑھی۔

کھَپرَیل - کھپروں سے چھائی ہوئی چھت - وہ مکان جس کو کھپروں سے پاٹا گیا ہو۔

کھَتّا - زمین دوز گڑھا جس میں اناج دبا کر رکھا جاتا ہے - ذخیرہ - انبار - خزانہ - کھتی - دولت۔

کھَٹ پَٹ - فساد - لڑائی - جھگڑا۔

کھَٹ چَالیں (کھٹ چَال) - مکر - فریب - دغا کی چال۔

کھَٹ مِیٹھی - کھٹی میٹھی - ترشی مائل میٹھا - ایک پھل جو ذائقے میں کھٹا میٹھا ہوتا ہے۔ (کھٹ مٹھا کی تانیث)۔

کھَٹراگ - ۱۔ وہ راگ جس میں سب راگوں کے سُر شامل ہوں - ۲۔ بکھیڑا - جھگڑا - ٹنٹا - جنجال ۳۔ فضول سامان۔

کھَٹائی میں پڑنا - (محاورہ) توقف میں پڑنا - جھمیلے میں پڑنا - کسی چیز کے ملنے میں دیر ہونا۔

کھٹکا - اندیشہ - گمان - شک۔

کھَٹکا - آواز کی گٹکری - سُریلی آواز کا جھٹکا - وہ بانس کا ٹونٹا جو پھل دار درخت میں جانوروں کو ڈرانے کے واسطے باندھ دیتے ہیں اور اسے ہلاتے رہتے ہیں تاکہ اس کی آواز سے کوئی پرند درخت پر بیٹھ کر پھل نہ کھائے - خلش - کھٹک - پاؤں کی آہٹ۔

کھَٹمَل - ایک سیاہی مائل سُرخ رنگ کا کاٹنے والا کیڑا جو چار پائیوں میں رہتا ہے اور انسان کا خون جو محض اس کی خوراک ہے چوستا ہے۔

کھَٹیا - (ہندو، عم) پلنگڑی - جنازہ۔

کھَٹیا مُچاتی نکلے - عورتوں کے اس کوسنے کا مفہوم یہ ہے کہ جوان موٹا تازہ ہٹا کٹا مر جائے۔ لاش اتنی بھاری ہو کہ کھاٹ (چارپائی) پر ڈال کر اُٹھائی جائے وہ بوجھ سے لچکے اور

چڑچڑائے۔ مچ مچاتی کی جگہ مچکتی بھی ہے۔

کُھٹیا ۔ ریوڑی۔

کِھچڑی ۔ چاول اور دال ملاکر پکایا ہوا کھانا۔

کِھچڑی پکنا ۔ (محاورہ)۔ خفیہ صلاح مشورہ کرنا۔ سازش کرنا۔

کِھچڑی دانتوں کے تلے دبائی۔ پھول کی پتیوں کو دانتوں میں دبانا (کنایتہً) اظہار تعجب، حیرت و استعجاب کے لیے۔ (ق)۔

کھدیڑ کھدیڑ کر۔ پیچھا کر کے۔ رگید رگید کر۔

کھدیڑو ۔ (کھدیڑ)۔ تعاقب۔ پیچھا۔

کھڈ بھیانک جانور۔ مراد اونٹ ہے۔

کُھر ۔ مویشی ہرن وغیرہ کا پاؤں جو چرا ہوا ہوتا ہے، جن جانوروں کا چرا ہوا نہیں ہوتا اسے سُم کہتے ہیں جیسے گھوڑے گدھے کا۔

کُھرپا ۔ گھاس کھودنے کا آلہ (مجازاً) اجڈ۔ گنوار۔ احمق۔

کھرل ۔ ایک قسم کا کشتی نما پتھر کا آلہ جس میں دوائیں حل کرتے ہیں۔

کھرنجے (کھرنجا) ۔ اینٹ کا فرش۔ پتھر کا فرش یا سڑک۔

کھری کہے سو بُرا ۔ صاف گو کو پسند نہیں کیا جاتا۔ لگی لپٹی نہ رکھنے والا۔ حق بات کہنے والا۔ کھری کھری کہنا۔ صاف صاف کہنا۔

کھری کھری کہنا ۔ لگی لپٹی نہ رکھنا۔ صاف صاف کہنا۔

کھری مزدوری چوکھا کام (مثل) جب مزدوری جلد جلد ملے تو کام اچھا ہوتا ہے۔

کھرّے کا کھرّا ۔ بہت طول طویل تحریر۔

کھریرا ۔ لوہے کا دندانے دار آلہ جس سے گھوڑا ملتے اور صاف کرتے ہیں۔

کھڑبڑ ۔ ٹاپ کی متواتر آواز۔ کھٹ کھٹ۔

کھڑاؤں ۔ ایک قسم کی لکڑی کی جوتی۔

کھڑکھڑانا ۔ خبر لینا۔ جھڑکنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ دھمکانا۔

کھڑگنجی ۔ (مذکر کھڑگنجا)۔ کریہہ منظر۔ سر سے گنجا۔

کھڑی ۔ ایک قسم کی شناوری (تیراکی) جس میں سیدھے کھڑے ہو کر صرف پاؤں مارے جاتے یا پانی میں سینہ اُبھارے کھڑے رہتے ہیں۔

کھڑی پگڑائے ۔ جُگالی کرنا۔

(مجازاً) مال ہضم کرنا۔

کھڑی لگانا ۔ (محاورہ) صرف پاؤں کے ذریعے سے کھڑے کھڑے پیرنا۔

کھسکنت ۔ کھسکنے کا عمل ۔ کھسک جانا۔ چلے جانا۔

کھسیا (کھسنا) ۔ گرنا۔ تباہ ہونا۔ ڈھے جانا۔

کھسیانی بلی کھمبا نوچے ۔ (مثل) جس پر غصہ آئے اس سے بس نہ چلے اور جز بز ہو کر دور ہی سے دھمکائے بکے جھکے ۔

کھکھل (کھکل) ۔ کھوکھلا۔ خالی (کنایتہً) نادار ۔ مفلس ۔

کھل بل ۔ بوکھلاہٹ ۔ فکر و تردد ۔ انتشار۔

کھل بلی ۔ ہل چل ۔ ہنگامہ ۔ شور و شر ۔ بے قراری ۔ اضطراب ۔

کھلاڑ ۔ مردوں کے ساتھ کھیلنے والی فاحشہ عورت ۔

کھل کھیلنا ۔ کسی کام کا شرم چھوڑ کر کرنا ۔ علانیہ کرنا ۔ جس کام کو پہلے چھپا کر کرتے تھے اس کام کو علانیہ اور کھلم کھلا کرنے لگنا۔

کھلائیاں (کھلائی) ۔ بچوں کو کھلانے والی عورت۔ وہ لڑکی جو کسی کی پرورش کی ہوئی ہو۔

کھلی ۔ تل یا سرسوں کا پھوک جو تیل نکالنے کے بعد بچتا ہے ۔

کھلی بازی ۔ چھیڑ خانی ۔ مذاق ۔

کھلنڈرا ۔ کھیل کا شوقین ۔ کھیل کود میں مشغول ۔ کھلاڑی ۔ (کنایتہً) بے پروا ۔

کھنڈت ۔ خلل ۔ حرج ۔

کھنڈر ۔ گرا ہوا مکان ۔ ویران۔ مکان ۔ اونچی نیچی زمین ۔

کھنڈل ۔ کھنڈر ۔ پامال۔ بحث و تکرار۔

کھنکھناہٹ ۔ پرکھتے وقت روپے اشرفی کی آواز ۔ ٹوٹے ہوئے برتن کی آواز ۔

کھنگڑ (کھنگر) جلی ہوئی اینٹ کا بڑا ٹکڑا ۔ لوہے کا میل جو پگھلنے کے بعد نکلتا ہے ۔ ایک قسم کا مسالے کا بنا ہوا پتھر جس سے چھاپے کے پتھر صاف کرتے ہیں۔

کھنجڑی (کھنجری) ۔ ایک ساز جو ہاتھ سے بجایا جاتا ہے اس میں دو لکڑیوں میں گھونگرو لگے ہوتے ہیں۔

کھنکارنا - گلا صاف کرنا۔ گلے کو صاف کرنے کے وقت آواز نکالنا۔ کھنکار کر آواز دینا۔

کھوپرا - ناریل کا مغز۔

کھوسٹ - بہت بوڑھا۔ پیر فرتوت۔ کہن سال۔ نکما۔

کھوسٹ بوبک - بہت بوڑھا۔ منحوس۔

کھونٹی - سارنگی یا ستار کے کان۔

کھونس (کھونسنا) - (لکھنؤ) کسی دراز میں کوئی چیز رکھنا یا اٹکانا۔

کھیپ - اینٹ یا مٹی وغیرہ کے بوروں کو کئی کئی چوپایوں پر بدفعات لاد کر لانے کو کھیپ کہتے ہیں۔ بھرتی۔ بوجھ۔

کھیدا - ہاتھیوں کے پکڑنے کا گڑھا جسے پتلی پتلی لکڑیوں اور گھاس پھوس سے پاٹ کر مٹی سے چھپا دیتے ہیں۔

کھیر - دودھ میں پکے ہوئے چاول۔ ایک لذیذ کھانا۔ شیر برنج۔

کھیرا (کھیرے) - ایک قسم کی چھوٹی ککڑی۔ خیار۔

کیسا - جیب۔ پاکٹ۔ تھیلا۔

کیسا کرنا (محاورہ)۔ کھیسا پھیرنا۔ بدن سے میل اُتارنا۔

کھیسیں کاڑھ دیں - کنایہ ہے اس ہنسی سے جس میں دانت نکل آئیں۔

کھیل - بھنے ہوئے چاول یا جوار یا مکئی۔ وہ بھنا ہوا اناج جو پھول گیا ہو (مجازاً) تھوڑا سا۔

کھینچ - (لکھنؤ) پتنگ لڑانے کا ایک ڈھنگ یا انداز جس میں ڈھیل دینے کی جگہ ڈور زور سے کھینچتے ہیں۔

کیا باؤلے کتے نے کاٹا ہے۔ سر نہیں پھرا ہے۔ پاگل نہیں ہے۔ جب کوئی آدمی کسی سے اس خیال سے نہ ملے کہ اگر ہم ملیں گے تو وہ ماریں گے یا بک بک کریں گے، بُرا بھلا کہیں گے تو اس کو سمجھانے کے طور پر یہ جملہ کہتے ہیں۔

کیا پدی اور کیا پدی کا شوربا - (مثل) بے حقیقت چیز کی نسبت بولتے ہیں۔

کیا شہر شملہ ہے - (عو) وہ جگہ جہاں انصاف نہ ہو۔ اندھیری نگری۔

کیا معنی - کیا سبب۔ کیوں۔ کیا غرض۔ کیا مجال۔ کیا مقدور۔

کیا ممکن ۔

کَیپ ۔ گھوڑے کی ایک قسم ۔

کَیتکی ۔ ایک مشہور خوشبودار پھول اور اس کے پودے کا نام ۔ ہندی شعرا کا خیال ہے کہ بھونرا اس پر عاشق ہے ۔

کَیتھے (کَیتھا) ۔ ایک ترش پھل اور اس کے درخت کا نام ۔

کیچڑ ۔ گارا ۔ دلدل ۔ گیلی مٹی ۔

کَیمبرک لینِٹ ۔ ایک قسم کا باریک کپڑا ۔ چکن ۔

کَید ۔ مکر ۔ فریب ۔ دھوکا ۔

کَیڈا ۔ بے ڈھب ۔ بے تکا ۔ بدقطع ۔ بدشکل ۔

کیروسین آئل ۔ مٹی کا تیل ۔

کَیری ۔ کچا آم ۔

کَیری پتّوں کی آڑ میں کب تک چھپے گی ۔ راز کب تک نہیں کھلے گا ۔ بات کب تک نہیں کھلے گی ۔ برائی چھپ نہیں سکتی ۔

کَیسری ۔ زعفرانی ۔ زعفران کے رنگ کا ۔

کے ۔ سی ۔ ایس ۔ آئی ۔ مخفف ہے نائٹ کمانڈر آف دی آرڈر آف دی اسٹار آف انڈیا کا ۔ انگریزی دور کا ایک خطاب ۔

کَیکڑے ۔ (کَیکڑا) ۔ ایک آبی کیڑے کا نام ۔ سرطان ۔

کَیل ۔ ایک زیور جو عورتیں ناک میں پہنتی ہیں جو لونگ سے مشابہ ہوتا ہے ۔

کَیلی ۔ کشتی کے ایک داؤں کا نام جو ٹانگوں میں ہاتھ ڈال کر کیا جاتا ہے ۔ لکڑی کی کھونٹی ۔

کَیلی کی تلوار اُن کے ہاتھ میں آگئی ۔ معمولی چیز کو غیر معمولی اہمیت دینا ۔ چھوٹی بات کو بڑا کرنا ۔ (ق) ۔

کَیمخت ۔ گدھے، گھوڑے یا گورخر کا چمڑا جس کو دانے دار بنا کر زنگاری رنگ لیتے ہیں اور موسم برسات میں اس کی جوتیاں پہنتے ہیں ۔

کَیمَل ۔ اونٹ ۔ شتر ۔

کیمیا گر ۔ زرساز ۔ چالاک ۔ عیار ۔ مکار ۔

کَینڈا ۔ نمونہ ۔ پیمانہ ۔ ڈول ۔ اندازہ ۔

کیوڑا ۔ ایک درخت اور اس کے پھول کا نام جس کی خوشبو نہایت عمدہ ہوتی ہے ۔

کیولری افسر ۔ گھوڑ سوار فوج کا افسر ۔

کیوٹ ۔ ماہی گیر ۔ ملاح ۔

پھیرا۔

کیوٹی ۔ ملی ہوئی دالیں۔

کیوان ۔ ستارۂ زحل جو قدیم تحقیقات میں سب سے بلند مانا جاتا ہے۔

گ

گاب ۔ گودا۔ مغز۔

گا بھنی کا بھ ڈالتی ہے۔ (محاورہ) بہت زیادہ رعب ہے ۔ کہتے ہیں رعب سے بعض دفعہ حمل ساقط ہو جاتا ہے۔

گابھی (گابی) ۔ ناؤ یا جہاز کا ایک پردہ جو بادبان کی قسم کا ہوتا ہے۔

گات ۔ (عو) ہیئت مجموعی عورت کی دونوں چھاتیوں کی ۔ معشوق کی پھبن ۔ جسم ۔ بدن ۔

گاج ۔ (گاچ) ۔ فرنگ یا چین کا بنا ہوا کپڑا۔ بجلی ۔ برق ۔ قہر ۔ غضب ۔

گاج پڑنا (محاورہ) ۔ بجلی گرنا۔ مصیبت نازل ہونا۔

گاڈ ۔ اللہ تعالیٰ ۔ خدا ۔

گارے (گارا) ۔ ۱۔ گندھی ہوئی مٹی جس سے اینٹیں بناتے بھی ہیں اور چُنتے بھی، پلستر کرتے ہیں، لیپتے ہیں، برتن بناتے ہیں ۲۔ ایک راگنی ۔ ۳۔ لمبی کہانی ۔ لمبا قصّہ بیان کرنا ۔

گارد ۔ سپاہیوں کا دستہ جو حفاظت یا پہرہ دینے کے لیے مخصوص ہو ۔ پہرے والا ۔

گارڈ ۔ ریل گاڑی کا دوران سفر ذمّہ دار افسر ۔ محافظ ۔

گاڑھا دھوتر ۔ موٹا کپڑا ۔

گاڑھا وقت ۔ مشکل و مصیبت کا زمانہ ۔

گاڑھے وقت آڑے آنا۔ (محاورہ) مصیبت کے وقت کام آنا۔

گاڑھی بوٹی ۔ گاڑھی بھنگ ۔

گاڑھی بُوٹی چڑھانا ۔ (محاورہ) ۔ زیادہ بھنگ پی جانا ۔
گاڑ بیہ لُوہار ۔ خانہ بدوش ۔
گاڑی کی چُوں چُوں ۔ ایک نشہ آور شے ۔ ایک زہریلی چیز (ق) ۔
گازر ۔ دھوبی ۔
گاس لیٹ ۔ گیس لائٹ ۔ نئی روشنی ۔
گاف ڈال ۔ بے ہودہ جھوٹی باتیں ۔ بکواس ۔ حد سے زیادہ بڑھ جانا ۔
گال ۔ گفتگو ۔ باتیں ۔ نام ایک بہت چھوٹے غلّے کا جس کو کنگنی کہتے ہیں ۔
گاچیاں (گاچی) ۔ گھوڑے کے ساز کا ایک حصہ جو لگام میں لگایا جاتا ہے ۔ گھوڑے کا ٹھنا ۔
گانٹھ لینا ۔ (محاورہ) ۔ قابو کرنا ۔ قبضہ میں کر لینا ۔ ملا لینا ۔ موافق کر لینا ۔
گانجا (گانجھا) ۔ بھنگ کے پتے ۔ ایک نشہ آور درخت کا نام جس کے بیج چلم میں رکھ کر پیتے ہیں ، اس درخت کی پتی کو بھنگ کہتے ہیں ۔
گانسے رہنا ۔ گھیرے رہنا ۔ پھانسے رہنا ۔ گانسا ، وہ حصّہ جسم انسان کا جو انگلیوں اور انگوٹھے کے درمیان ہوتا ہے ۔ گانسنا ۔ آرپار سوراخ کرنا ۔
گاؤدُم ۔ مخروطی ۔ ایک سرے پر موٹا اور دوسرے سرے پر بتدریج پتلا ۔
گاؤدی ۔ نادان ۔ احمق ۔ گھامڑ ۔
گاؤدیدہ ۔ شیرمال ۔ باقر خانی یا خمیری روٹی عام طور سے دو شکل کی گول اور لمبوتری پکانے کا اکثر چلن ہے ۔ بعض مقامات پر گول شکل کی روٹی غم اور لمبوتری شکل کی روٹی خوشی کی تقریب کے لیے مخصوص سمجھی جاتی ہے اس طرح گول روٹی کے لیے گاؤدیدہ اور لمبوتری کے لیے گاؤزبان عرف بن گئے تھے ۔ جواب متروک ہوتے جارہے ہیں ۔
گاؤزمین ۔ پرانے لوگوں کا خیال کہ زمین گائے کے سینگ پر ٹھہری ہوئی ہے جب وہ ایک سینگ سے دوسرے سینگ پر زمین کو لیتی ہے تو بھونچال آتا ہے ۔ اب یہ خیال بالکل غلط ثابت ہو چکا ہے ۔
گاؤزوریاں ۔ (گاؤزوری)

حیوان کی مانند زور ہونا ۔ کمال طاقت ۔ شہ زوری۔

گاہک ۔ خریدار۔

گبر ۔ آتش پرست ۔ پارسی ۔

گبڑ دے (گبڑانا) ۔ گڈ مڈ ہو جانا ۔ ایک دوسرے میں آمیز ہو جانا۔

گبھرو (گبرو) ۔ مرد نوجوان۔ نوخیز۔

گچھے دار ۔ جس کے اوپر بالوں یا کسی اور چیز کا گچھا ہو ۔

گت ۔ ایک قسم کا ناچ ۔ سازوں کے بجانے کا طرز۔ بول کے خلاف سرگم جس سے ناچ اور راگ کا اندازہ ہوتا ہے۔

گتھم گتھا ۔ مار دھاڑ ۔ ہاتھا پائی ۔ مار پیٹ ۔ لڑائی۔ تکرار۔

گتکہ (گتکا) ۔ پٹا کھیلنے کی لکڑی ، اس جگہ اردو گدکا مستعمل ہے ۔ مڑھا ہوا ڈنڈا ۔

گتھی ۔ الجھاؤ ۔ گرہیں جو دھاگے میں پڑ جاتی ہیں ۔ پیچ یا مشکل جو کسی معاملے میں پڑ جائے۔ پہیلی ۔

گٹ آن سر (انگریزی) ۔ چڑھنا (گھوڑے پر) ۔ تقریر کے لیے کھڑا ہونا ۔ بڑھنا ۔ ترقی کرنا ۔ کام چلانا ۔

گٹ پٹ ۔ چوں کہ انگریزی زبان میں ت کو ٹ بولتے ہیں اس لیے ہندوستانیوں نے انگریزی زبان کا نام گٹ پٹ رکھ دیا ۔ انگریزی زبان کی بول چال کی نقل۔

گٹکا ۔ چھوٹی کتاب ۔ بڑی کتاب کا خلاصہ ۔ جادو کی گولی جس کے متعلق خیال ہے کہ اگر منھ میں رکھ لی جائے تو انسان نظر سے غائب ہو جاتا ہے یا عجیب و غریب کام کر سکتا ہے ۔ پان کا ٹکڑا ۔ ایک قسم کی شیرینی ۔ کنکریاں جن سے بچے کھیلتے ہیں ۔ لقمہ ۔ گھونٹ ۔

گٹکری (گٹگری) ۔ وہ پیچیدہ آواز جو لوگوں کے گلے سے گانے کے وقت نکلتی ہے ۔ اینٹ یا کنکر کا چھوٹا ٹکڑا۔

گٹھ کٹا ۔ جیب تراش ۔ جیب کترا ۔

گجر ۔ چار ، آٹھ اور بارہ بجے دو چند گھنٹوں کا بجنا ، پہلے زمانے میں صرف صبح کے وقت گجر بجایا جاتا تھا ۔

گجر دم ۔ صبح ۔ تڑکے ۔ بہت

سویرے۔

گُجراتی ۔ ایک قسم کی چھوٹی تلوار۔ ایک مہلک ہتھیار۔

گَدّا ۔ جوار جو یا گیہوں کا خوشہ جو پک جانے کے قریب ہو۔ روئی دار بستر۔ ہاتھی کا چارجامہ۔

گُدّا ۔ درخت کی موٹی اور مضبوط شاخ۔ مُکّا۔

گَدّا دینا ۔ گرا دینا۔ پٹخنا دینا۔

گَدبَدی ۔ (گدبدا کی تانیث)۔ موٹی۔ فربہ۔

گَد پایا ۔ ڈنڈے لگایا۔

گَد پَد ۔ اوپر تلے گرنے کی آواز۔ پے در پے گرنے کی آواز۔

گَدرایا ۔ جوانی میں بھرا ہوا۔ شباب کا قریب ہونا۔ آدمی کے بدن کا فربہ ہونا۔

گُدگُدانا ۔ اُنگلیوں سے جسم کو چھو کر ہنسانا، مذاق کرنا۔ گھوڑے کے پیٹ کو پاؤں لگانا تاکہ جست و خیز میں آئے۔

گِدھ (گِدھ)۔ ایک مردار خور پرندہ جو چیل سے بڑا ہوتا ہے۔ اس کی گردن لمبی اور بغیر بالوں کے ہوتی ہے تاکہ مردار کے بدن کے اندر چونچ ڈالنے سے نہ بھیگیں۔

گِدھ کی آنکھیں ۔ دور تک دیکھنے والی آنکھ۔

گُدڑی ۔ فقیروں کا لباس جس میں طرح طرح کے پیوند لگے ہوتے ہیں اور انھیں پیوندوں کا وہ لباس بنایا جاتا ہے۔ پھٹا پُرانا کپڑا۔

گُدڑی بازار ۔ وہ بازار جس میں مختلف قسم کا اسباب اور ہر قسم کی پُرانی چیزیں بکنے کے واسطے آتی ہیں۔

گَدھے کے سَر سے سِینگ

(مثل) کسی چیز کا کوئی نشان نہ ہونا۔ بالکل نہ ہونا کی جگہ مستعمل ہے۔

گَدّی ۔ ایک قسم کے مسلمان جو گھی، دودھ، دہی بیچتے ہیں۔

گُڈّا ۔ کپڑے کا بنا ہوا آدمی جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں۔ پُتلا۔

گُڈ ایوننگ ۔ شام بخیر۔

گُڈ مارننگ سر ۔ جناب صُبح بخیر۔

گَڈّامی ۔ جاؤ تم پر لعنت۔ ملعون۔ مردود۔ لعنتی۔ پاجی۔

گَڈّا مَیڈّ ۔ مخلوط۔ پاگل۔ بے ہودہ۔ لغو۔

گُدڑی ۔ گدڑی کا میلا۔ وہ بازار جو شام کو لگتا ہے۔

گَرّاب ۔ بڑا چھرہ۔ وہ توپ

کا گولا جس میں بہت سی گولیاں رال چھرہ وغیرہ بھرا ہوتا ہے۔

گَرَاس کَٹ ۔ گھاس کاٹنے والا۔ گھسیارا۔

گَرَانڈِیل ۔ موٹا تازہ۔ بھاری بھرکم۔

گُربَہٗ مِسکِیں ۔ ایسا شخص جو دیکھنے میں غریب لیکن افعال میں شریر ہو۔

گِرجا ۔ کلیسا۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ۔

گُرجِنُوں ۔ (گُرجَن)۔ جارجیا کی رہنے والی۔

گَرد بُرد ۔ (کنایتہً) بے رونق۔ تباہ۔

گِرد آوَرِی ۔ گرد آور کا عہدہ۔ دورہ۔ گشت۔ نگرانی۔

گَردَن زَدنی ۔ مار ڈالنے کے قابل۔ واجب القتل۔

گَردَن نَاپنَا (گردن ناپا گیا) گردن پکڑ کے نکال دینا۔ مار ڈالنا۔

گَردُوں مَدَار ۔ آسمان کی منزلت والا۔

گُرگ ۔ بھیڑیا۔ ذئب۔

گُرگِ بَارَاں دِیدَہ ۔ زمانے کے نشیب و فراز دیکھے ہوئے۔ خرانٹ۔ تجربہ کار۔ آزمودہ (اس کا استعمال محل ذم میں ہوتا ہے)۔

گِردے (گِردَہ) ۔ چھوٹی روٹی جو موٹی نہ ہو۔ قرص۔ اخروٹ۔ گول چیز۔ وہ گول کپڑا جو عورتیں پاندان کی تھالی میں رکھتی ہیں۔ وہ گول کپڑا جس پر حقہ رکھتے ہیں۔

گُرسِنَہ ۔ بھوکا۔

گُرسِنَہ چَشم ۔ بخیل۔ ندیدہ۔ قحط زدہ۔ فقیر۔

گُرگا (گُرگے)۔ چھوکرا۔ چیلا۔ شاگرد (ہندو) ادنیٰ ملازم۔

گُرگابی ۔ ایک قسم کی جوتی جو صرف پنجے تک ہوتی ہے۔

گِرگِٹ ۔ ایک قسم کی بڑی چھپکلی جو آفتاب نکلنے پر طرح طرح کے رنگ بدلتی ہے، اس کو سورج کا عاشق مانا گیا ہے۔

گُرمُٹ ۔ وہ نے جس پر چانڈو پیتے ہیں۔

گَرنٹ ۔ ایک کپڑے کا نام۔

گَرمِیاں کَرنا ۔ (محاورہ)۔ شوخیاں کرنا۔ ناز و نخرے کرنا۔ تپاک ظاہر کرنا۔

گِرَو ۔ رہن۔ گروی۔

گُرو گھَنٹَال ۔ سب کا پیر و مرشد۔ بدمعاشوں کا سرغنہ۔ بڑا چالاک اور خرانٹ۔

گِرہ سے - اپنے پاس سے۔

گِرہ کٹ - جیب تراش - جیب کترا (مراداً) چور۔ دُزد۔

گِرہ میں کوڑی نہ پاس لتّا سیر کریں اَلبتّہ - (مثل) (ع) مفلس مگر فضول خرچ - پیسہ پاس نہیں چاؤ بہت کچھ۔

گِرہست - عیال داری - قبیل داری - خانہ داری - دُنیا داری۔

گِرہستن - زوجہ - بیوی - سُگھڑ۔ سلیقے والی۔

گریبان میں مُنھ ڈالنا - (محاورہ) نہایت شرمندہ ہونا۔ اپنے عیب کا معترف ہونا۔ سر جھکا کر غور کرنا۔

گرَیفِک - انگریزی کا اخبار

گوڑ (گُڑ) - گنے کا قوام کیا ہوا شیرہ (کنایتہً) (صفت) میٹھا۔ شیریں۔

گُڑ بڑانا - گھبرانا - پریشان ہونا۔

گُڑ سے جو مرے تو زہر کیوں دوں (گُڑ دیئے تو زہر کیوں دیجیے) - (مثل) جو کام آسانی سے ہوسکے اسے مشکل سے نہیں کرنا چاہیئے۔

گڑگڑی - ایک قسم کا چھوٹا حُقّہ۔

گڑہٹ - گڑ ھنے کا انداز۔ گڑھنا۔

گڑھی (گڑھ کی تصغیر) چھوٹا قلعہ۔

گڑھیّا - کوڑا کرکٹ پڑنے کی جگہ۔ وہ گڑھا جس میں برسات کا پانی جمع ہو۔

گڑھیّا میں مُنھ دُھو رکھو/ڈالو - (مثل) بے تکلفی میں مذاق سے یہ جملہ اس جگہ کہتے ہیں جہاں کسی چیز کے دینے سے انکار کرنا مقصود ہو۔

گڑیّا - ایک نیچ قوم۔

گڑے مُردے اُکھاڑنا/اُکھیڑنا - (محاورہ) پُرانے فتنے کو جگانا - دبی دبائی بات کو چھیڑنا۔

گزلک - قلم تراش - وہ چاقو جس کی نوک مُڑی ہوئی ہوتی ہے۔

گزی - ایک قسم کا موٹا سوتی کپڑا۔

گزی میں زربفت کا پیوند لگنا - بے میل جوڑ۔ غلط

پیوند کاری۔
گلخپ ۔ باہمی تکرار۔ مزے مزے کی بے سروپا گفتگو۔ خوش گپی۔ رنجش آمیز گفتگو۔ بے جا بحث و تکرار جو باہم دو شخصوں میں ہو۔
گِل حکمت ۔ پتلی مٹی سے برتن کا منھ بند کیا ہوا۔
گل اندام ۔ جس کا بدن پھولوں کی مانند ہو (کنایۃً) معشوق۔
گل بانگ ۔ خوشی کا شور و غل۔ شادی کی دھوم دھام۔ بلبل کی نغمہ سرائی۔ نعرہ جنگ۔
گلباز ۔ بڑا شاطر۔ چالاک۔ چلتا پرزہ۔
گل بدن ۔ نازک بدن (کنایۃً) معشوق۔ ایک قسم کا دھاری دار ریشمی کپڑا۔
گل برگ ۔ گلاب کی پتی۔ گلاب کی پنکھڑی (کنایۃً) نازک اندام معشوق۔
گل بکاولی (بکاؤلی) سفید رنگ کا خوشبودار پھول جس کا پودا ہلدی سے مشابہ ہوتا ہے۔
گلبن ۔ سرخ گلاب۔
گل چین ۔ پھول توڑنے والا۔ مالی۔ باغبان۔
گلچھرے ۔ عیش و عشرت۔ آرام و راحت۔

گلچھرے اڑانا ۔ (محاورہ)۔ خوب عیش کرنا۔ مزے اڑانا۔
گل چلے (گل چلا) ۔ ٹھیک نشانے پر لگانے والا۔ قادر انداز۔ جس کا نشانہ خطا نہ جاتا ہو۔
گل چنپہ (چنپا) ۔ ایک درخت اور اس کا پھول جو سفیدی مائل زرد اور نہایت سرمست خوشبودار ہوتا ہے۔
گلخن ۔ انگیٹھی۔ بھاڑ۔ بھٹی۔
گل دم ۔ بلبل۔ ایک سرخ رنگ کی چڑیا۔
گلزار ارم ۔ ایک بے نظیر باغ جو یمن کے بادشاہ شداد نے بنوایا تھا۔ بہشت شداد۔ جنت۔ بہشت۔
گلزار دبستاں ۔ فارسی زبان کی ابتدائی کتاب۔
گلزار نسیم ۔ نسیم لکھنوی کی لکھی ہوئی مثنوی جس میں گل بکاؤلی کا قصہ نظم کیا ہے، اردو کی مشہور اور مقبول مثنوی ہے۔
گل دینا ۔ پھانسی دینا۔ کوئی چیز گرم کرکے جسم پر داغ دینا۔
گل داب کرنا ۔ کسی کا مال چھین لینا۔

گلرنگ ۔ پھول جیسے رنگ والی چیز ۔ سرخ ۔ لال ۔ ارغوانی ۔ خوب صورت ۔

گلِ سرسبد ۔ ممتاز ۔ منتخب ۔ چنا ہوا پھول ۔

گلِ شبّو ۔ ایک قسم کا پھول جو رات کو کھلتا ہے ۔

گلشنِ لیٹ ۔ ایک قسم کا جالی دار کپڑا ۔

گلِ عبّاسی / عبّاس ۔ ایک پھول کا نام جو سفید ، سرخ یا زرد رنگ کا ہوتا ہے ۔

گل فام ۔ پھول جیسے رنگ والا ۔ (کنایتہً) معشوق ۔

گلقند آفتابی ۔ اعلیٰ قسم کا گلقند ، شکر اور گلاب کا مرکب ہے ۔

گل کھانا ۔ (محاورہ) حسد کرنا ۔ رشک کرنا ، عاشق ہونا ۔ معشوق کے چھلے وغیرہ کو تپاکر عشق جتانے کے لیے اپنے جسم پر داغ دینا ۔

گل کھلانا ۔ (محاورہ) ۔ فساد کرنا ۔ انوکھا کام کرنا ۔

گل کھلنا ۔ (محاورہ) پھول کا شگفتہ ہونا (کنایتہً) کوئی نئی یا انوکھی بات ظاہر ہونا ۔ کوئی عجیب کام وقوع میں آنا ۔

گل گدڑی کے پھول ۔ گنوار لوگ گل شبو کو کہتے ہیں ۔

گل گشت ۔ پھولوں کی سیر ۔ تفرج ۔ سیر و تفریح ۔

گلگوں (گل گوں) ۔ عمدہ چالاک گھوڑا ۔ گھوڑا ۔

گلگونہ ۔ سرخی جس کو عورتیں زینت کے لیے اپنے رخساروں اور لبوں پر لگاتی ہیں ۔

گل گیر ۔ شمع یا چراغ کی بتی کترنے کی قینچی ۔

گلِ لالہ ۔ حسینوں کا جمگھٹ ۔

گلِ منہدی ۔ حنا کا پھول ۔ مہندی کا پھول ۔

گلا بوشتا بو کا تماشا ۔ کاٹھ کی دو پتلیاں جن کا پتلیوں والے تماشا دکھاتے ہیں ۔

گلابی ۔ (گلابیاں) ۔ شراب کا گلاس ۔ ساغر ۔ چھوٹی رنگین بوتل جس میں شراب یا گلاب رکھتے ہیں ۔

گلاس ۔ ایک قسم کی نہایت نرم و نازک و شاداب ناشپاتی جو کشمیر میں ہوتی ہے ۔ شیشے کی ہانڈی جو شمع پر لگاتے ہیں ۔

گلتھی ۔ (گلتھی) ۔ نرم اُبلے ہوئے چاول (صفت) نرم ۔ ملائم ۔ یہ ایک خاص غذا بھی ہے ۔ چاولوں کو اُبال کر ان میں گھی ، شکر ، کھویا ، برفی اور

بالائی مِلاتے ہیں ، اسے گلتھی کہتے ہیں۔

گُلڈ انگ (گُل ڈ انگ)۔ ایک قسم کا بڑا غصیل اور بہادر کتا جس کا سر اور جبڑا سانڈ سے مشابہ ہوتا ہے۔

گُل گُلے (گُلگُلا) - ایک قسم کا میٹھا پکوان - میٹھا پکوڑا۔

گُلُو - گلا - حلق - گردن۔

گُلُوگیر - گردن پکڑنے والا - الزام لگانے والا - دامن گیر - لالچی - طامع۔

گُلُوری - پان کا بیڑا - بنا ہوا پان جو ایک خاص وضع سے لپیٹتے ہیں کہ اس کے تین کونے ہوجاتے ہیں۔

گُلُولَہ ہائے (گُلُولَہ) - رسّی وغیرہ کا گولہ - توپ کا گولہ۔ گولا - گولی - غلہ۔

گُلہری (پیار سے گُلّی) - ایک چوہے کی قسم کا جانور جس کی پیٹھ پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں جو اکثر درختوں پر رہتی ہے۔

گُلّی ڈُنڈا - لڑکوں کے ایک کھیل کا نام جو گلّی اور ڈنڈے سے کھیلا جاتا ہے۔

گلے پڑی - گلے پڑنا - (محاورہ) بے رضا و خواہش مِلنا - بے رضا اور بے خواہش کسی چیز کا کسی کے ہاتھ لگ جانا - بے رضا اور بے خواہش کوئی چیز کسی کے ذمّے پڑنا - پیچھے پڑنا۔

گلے کا ہار - ایک زیور کا نام جو گلے میں پہنا جاتا ہے (کنایتہً) وہ بچہ جو ہر وقت ماں سے چمٹا رہے (کنایتہً) ناگوار خاطر۔

گلے کا ہار ہونا - (محاورہ) - طوق گلو بن جانا - سر ہو جانا - پیچھے لگ جانا - ناگوار ہونا - اجیرن ہونا - وبال جان ہونا - درپے آزار ہونا۔

گلے میں کانٹے پڑنا - (محاورہ) حلق خشک ہوجانا۔

گلیارا - وہ چوڑا راستہ جو ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں کو جاتا ہے۔

گُماشتہ - ۱- وہ شخص جس کے سپرد کوئی کام ہو ۲- کارپرداز- نائب کارندہ - قائم مقام۔

گُمک - ڈھول ، طبلے یا باجے کی آواز - وہ گونج دار آواز جو گانے والوں کے گلے سے بھاری ہوکر نکلتی ہے اور بائیں پکھاوج کی آواز پر بھی اس کا اطلاق کرتے ہیں۔

گُن - خوبی - عمدگی - کرتوت - فعل - لچھن۔

گناہِ بے لذّت ۔ وہ گناہ جس کے کرنے میں کسی قسم کا فائدہ نہ ہو۔

گنبدِ دوّار ۔ (کنایتہً) آسمان ۔

گنٹھی ۔ پیاز کی گرہ ۔ گٹھی ۔

گنجِ شہیداں ۔ وہ مقام جس میں شہیدوں کو اوپر تلے بھر کر دفن کرتے ہیں ۔ مُردوں کا ڈھیر ۔

گنجفہ ۔ کھیلنے کا تاش ۔ ایک کھیل کا نام جو تاش کی طرح کھیلا جاتا ہے ۔

گنجیڑی (گنجڑیا) ۔ گانجا پینے والا ۔ نشے باز ۔

گُنجلک ۔ اُلجھن ۔ جھگڑا ۔ گرہ ۔ عقدہ ۔ شکن ۔ سلوٹ ۔

گنجی ۔ جس کے سر پہ بال نہ ہوں ۔

گندھک ۔ کبریت ۔ ایک معدنی آتشی مادہ کا نام ۔

گندھی ۔ عطر پھلیل بیچنے والا ۔ خوشبو ساز ۔

گنڈا ۔ وہ بڑا ڈورا جس میں منتر یا کوئی عمل پڑھ کر گرہ دیتے جاتے ہیں اور یہ بچوں کے گلے یا بازو پر بیماری دُور کرنے کے لیے باندھ دیتے ہیں ۔ حلقہ ۔ چھلا ۔ چار کوڑی ۔ چار پیسے ۔

گنڈا ڈبل ۔ تانبے کا موٹا پیسہ ۔

گُنڈا ۔ لچا ۔ شہدا ۔ بدکار ۔ اوباش ۔

گنڈیری ۔ گنے کی چھوٹی سی پوری ۔ گنے کا چھوٹا گول ٹکڑا ۔

گنگا اور مدار کا ساتھ

کیسا ۔ دو متضاد اور متباین چیزوں کے یکجا یا متحد ہونے کی نفی مراد ہے ۔

گنگا جل ۔ (ہندو) دریائے گنگا کا پانی جسے پاک سمجھا جاتا ہے ۔

گنگا جمنی ۔ مِلا جُلا ۔ دو رنگا ۔ سنہرا روپہلا (مراداً) مخلوط ۔ مشترک ۔

گنگا جمنی ۔ وہ حُقّہ جس پر طلائی اور نقرئی دونوں کام ہوں ۔

گنگا جی کا نہان ۔ گنگا میں نہانا ۔ ہردوار کا مشہور میلا جہاں ہندو دریا میں نہاتے ہیں ۔

گُنگنا ۔ (گُنگنے) ۔ ناک میں بولنے والا ۔

گنوار ۔ گاؤں کا رہنے والا ۔ اَن پڑھ ۔ جاہل ۔ غیر مہذب ۔

گنوار کا لٹھ ۔ گوکھا آدمی ۔ ناشائستہ ۔ بے تمیز ۔

گنوارن ۔ (گنوار کی تانیث) ان پڑھ ۔ نادان ۔ دیہقانی ۔

گنوردل ۔ گنواروں کا مجمع ۔

گوبر ۔ چوپایوں کا فضلا ۔ میلا ۔

گوپامئو ۔ ایک مشہور تاریخی قصبہ جہاں بڑے بڑے عالم و فاضل پیدا ہوئے ۔ یہ قصبہ ضلع ہردوئی (اتر پردیش، ہند) میں واقع ہے ۔

گوت ۔ خاندان ۔ گھرانا ۔ نسل ۔ قوم ۔ یک جدی ۔

گوجھے (گوجھا) ۔ ایک قسم کا پکوان ۔ سموسہ ۔

گودام ۔ ذخیرہ ۔ وہ مکان جس میں کسی چیز کا ذخیرہ رکھیں ۔

گوڈ میڈ دی سن .... سو برائٹ ۔ خدا نے سورج کو کیسا روشن بنایا ۔

گورخر ۔ جنگلی گدھا ۔ خرِ دشتی ۔

گورکن ۔ وہ شخص جس کا پیشہ قبر کھودنا ہو ۔ قبر کھودنے والا ۔

گورکھ دھندا (گورکھ دھندا) ۔ بکھیڑے کا کام ۔ جھگڑا بکھیڑا ۔ پیچیدہ معاملہ ۔

گورگڑھے ۔ تجہیز و تکفین ۔ کفن دفن کا سامان ۔

گورنمنٹ ۔ سرکار ۔ سلطنت ۔ حکم رانی ۔ عمل داری ۔ بادشاہی ۔

گورنمنٹ گزٹ ۔ سرکاری جریدہ ۔ سرکاری گزٹ ۔

گورے (گورا) ۔ یورپین سپاہی جو شریف خاندان سے نہ ہو ۔ فرنگی ۔ سرخ و سفید رنگ والا ۔

گوری ۔ ایک راگنی کا نام ۔

گوڑ ۔ پاؤں ۔ ٹانگ ۔ گھٹنا ۔ پنڈلی ۔ ٹخنہ ۔ برہمنوں کی ایک ذات ۔

گوڑ بھری ہنسیا ہے نہ نگلتے بنے نہ اُگلتے بنے ، کہوں ماں ماری جائے نہیں تو باپ کتّا کھائے ۔

(مثل) جب کسی کے کرنے یا نہ کرنے میں سخت دشواری ہو وہاں یہ مثل بولتے ہیں ۔ کام کرنے یا نہ کرنے دونوں میں خرابی ۔

گوڑی (گوڑا) ۔ اُڑیسہ کے ہندوؤں کی ایک ذات جو گھروں کی نجی ملازمت کرتے

اور پالکیاں وغیرہ اُٹھاتے ہیں۔

گوُڑی ۔ گوڑنا۔ زمین کھودنا۔ کھرچنا۔ کریدنا۔ فائدہ۔ نفع۔ وہ مال جو بے محنت ومشقت حاصل ہو۔

گوُڑیوُں کا دِن ۔ فائدہ یا نفع کی ساعت یا گھڑی ۔ لوٹ کا دن۔ وہ لمحہ جس میں مال بے محنت و مشقت حاصل ہو۔

گوُشہ محَل ۔ ایسا محل جو کسی عمارت کے گوشے میں واقع ہو۔

گوُشائیں ۔ (گسائیں) ۔ گایوں کا مالک ۔ سوامی۔ ایک قسم کا ہندو فقیر، سائیں ۔ بزرگ۔

گوُرمُکھی ۔ ایک زبان۔ ایک رسم الخط۔

گوُکھوُں (گوُکھا) ۔ کودن۔ بے وقوف ۔ احمق ۔ جاہل۔ بدتمیز۔

گوُکھرُو ۔ مقیش وغیرہ کا تکونٹھا موڑا ہوا گوٹا، عورتیں تارہائے زرو نقرہ خواہ گوٹے سے گوکھرو کے مانند ایک چیز بنا کر اور اس میں اُنگلیوں سے شکنیں اور پیچ ڈال کر گرد اگرد لباس کی زیبائش کے واسطے لگاتی ہیں۔ ایک قسم کا خاردار بیج۔

گوُگرُد ۔ کبریت ۔ گندھک ۔

گوُل گپّے (گوُل گپّا) ۔ موٹا تازہ ۔ ایک قسم کی مٹھائی۔ چھوٹی پھولی ہوئی پھوری جو دہی اور مسالے کے ساتھ کھائی جاتی ہے۔

گوُل گپّے وَالا ۔ چاٹ بیچنے والا۔

گوُل گوُل باتیں / بات ۔ صاف صاف نہ کہنا۔ ایسی بات کہنا جس میں کئی پہلو ہوسکیں ۔

گوُل گوُل دِیدے ۔ گول گول آنکھیں ۔

گوُلی ۔ مٹی کا ظرف جس کو پختہ کرلیتے اور اس میں غلہ یا پانی رکھتے ہیں۔ بندوق کی گولی ۔ افیون کی گولی۔

گوُمگوُ ۔ (کنایتہً) ناگفتنی ۔ پوشیدہ۔ مخفی ۔

گوُلی بھَر کے ٹپّے پر بَاغ ہے ۔ (مراداً) نزدیک۔ قریب (ق)۔

گوُل دُوپَتا (پتنگ) ۔ ایک قسم کا پتنگ ۔

گوُن ۔ طاقت ۔ قوت ۔ پسند ۔ مطلب ۔ غرض ۔ واسطہ ۔

خواہش۔

گوں کے یار ۔ مطلب کے یار۔ گوں بمعنی مطلب ۔ غرض۔ واسطہ۔

گونج ۔ وہ آواز جو گنبد یا بند مکان میں دیر تک گونجتی رہتی ہے۔ شہد کی آواز ۔ کبوتر اور قمری کی آواز۔

گوندنی ۔ ایک درخت اور اس کے پھل کا نام جو نہایت لسدار اور شیریں ہوتا ہے۔

گوں گیر ۔ خود غرض ۔ مطلبی ۔

گونہ ۔ کسی قدر ۔

گوندھ ۔ گوندھنے کا عمل (گوندھنا آٹے میں پانی ملاکر روٹی کے قابل کرنا)۔

گوندھو ۔ سر کے بالوں کو باہم بننا ۔ چوٹی کرنا۔

گوہار ۔ (گہار) ۔ تن تنہا ۔ اکیلا ۔ بغیر کسی مدد کے ۔ پٹا بازی میں جب ایک شخص کئی آدمیوں سے مقابلہ کرتا ہے اس کو بھی گہار کہتے ہیں ۔ گالی گلوچ ۔ آدمیوں کی جماعت جو لڑائی کے وقت کسی امداد کے لیے جمع ہو جائے۔

گوہر شب چراغ ۔ ایک قسم کا لعل جو رات کو روشنی دیتا ہے۔

گویندہ (گوئندہ) ۔ کہنے والا۔

گوئیاں ۔ سہیلی ۔ ہم عمر، وہ عورتیں جو آپس میں محبت رکھتی ہوں ایک دوسرے کی گوئیاں کہلاتی ہیں۔

گہرے ہیں ۔ خوش نصیب ہیں۔ مزے میں ہیں۔

گہرے ہونا ۔ (محاورہ) خوب کمانا ۔ کمال نفع اور فائدہ ہونا۔ خوب مال مارنا۔

گہن ۔ گرہن ۔ چاند یا سورج پر سایہ۔

گہنا پاتا ۔ زیور وغیرہ۔

گھات ۔ تاک ۔ موقع ۔ داؤں۔ انداز ۔ ادا۔

گھات میں ہونا ۔ (محاورہ) تاک میں ہونا۔

گھاتے (گھاتا) ۔ جو چیز مول لے لی ہو اس پر کچھ اور لے لینے کو گھاتا کہتے ہیں ۔ خرید کی ہوئی چیز سے زیادہ منافع۔

گھاٹو بندھائیے تال کھدائیے ۔ یعنی نوشہ سے خدا نے چاہا تو گھاٹ بھی بندھوائے گا اور تالاب بھی کھدوائے گا، غرض کہ فال نیک تھی نوشہ کے حق میں۔

گھاگ ۔ پُرانا تجربہ کار آدمی۔
گھاگر (گھاگھر) ۔ بٹیر کی ایک قسم ۔ بڑے قد کا پہاڑی بٹیر۔
گھامڑ ۔ کم عقل ۔ سفیہ ۔ ناتجربے کار ۔ بد سلیقہ ۔ سُست ۔
گھاس کھانا (محاورہ) ۔ بے عقل ہو جانا ۔ حماقت کی بات کرنا۔
گھانس ۔ گھاس ۔ کاہ ۔ گیاہ خشک ۔
گھائی ۔ دو انگلیوں کی بیچ کی جگہ۔ (پٹے بازوں کی اصطلاح) ایک قسم کی معین ضرب باہم مشق کرنے میں اس کا استعمال ہے ۔
گھتیلا ۔ ایک قسم کا جوتا جو آگے سے مڑا ہوتا ہے اور جس میں نعل نہیں ہوتے ۔
گھٹنا ۔ گھٹنوں تک پاجامہ جو جانگیے سے بڑا ہوتا ہے ۔ پاجامے کے نیچے پہننے کی پوشش ۔
گھور ۔ غلاظت ۔ میل ۔ چرک ۔ نظر بازی ۔ غصّے کی نظر۔
گھوم گھام کر ۔ آوارہ گردی کرکے ۔
گھونٹ کر ۔ رنج دے کر مارنا۔ جلا جلا کر مارنا ۔ اندرونی مار دینا ۔
گھونگھٹ ۔ برقع ۔ نقاب ۔ پردہ ۔ چادر کا مُنھ پر پڑا ہوا پلّا ۔ شرم ۔ حیا ۔
گھُیّاں (گھوئیاں) ۔ اردی۔ ایک قسم کی ترکاری ۔
گھٹا ٹوپ ۔ وہ اندھیرا جو بادلوں کی وجہ سے ہو ۔
گھُٹّی ۔ وہ دوا جو نوزائیدہ بچے کا پیٹ صاف کرنے کے لیے پلائی جاتی ہے ۔ عادت ۔ طبیعت۔ خصلت ۔
گھُٹّی میں پڑا ہونا / گھُٹّی میں پڑنا ۔ (محاورہ) عادی ہونا۔ فطرت میں داخل ہونا۔
گھُڑکنا ۔ جھڑکنا ۔ ڈانٹ ڈپٹ کرنا ۔ دھمکانا۔
گھسّا دینا ۔ (محاورہ) رگڑا دینا ۔ کسی کو رگڑنا زمین پر ہو یا فرش پر ۔ رگڑنا ۔
گھسیٹ ۔ (کنکوے بازوں کی اصطلاح) کھینچ ۔ رگڑ جو ایک پتنگ کی ڈور سے دوسرے پتنگ کی ڈور پر پڑتی ہے ۔ اُڑتی ہوئی پتنگ کی کھینچائی جو اُڑانے والا اپنی طرف کرے ۔
گھگیانا ۔ گھگی بندھ جانا ۔

عاجزی کرنا۔ منت سماجت کرنا۔

کھلے ۔ پھری۔ سوت اور بانس کی بنی ہوئی ڈھال جو اکثر پٹا کھیلنے والے استعمال کرتے ہیں۔ سپر۔ ڈھال۔

گھمانا ۔ سیر کرانا۔ گشت کرانا۔

گھمسان ۔ جنگ۔ لڑائی۔ رن قتل و خون۔ مقتولوں کا ڈھیر۔

گھم گھم ۔ زور سے مینھ برسنا۔ دھواں دھار بارش (ق)۔

گھمنڈ ۔ تکبر۔ غرور۔ خود بینی۔ شیخی۔

گھن گرج ۔ بجلی کی کڑک۔ زور کی کڑک۔

گھنگھور گھٹا ۔ کالی اور مہیب گھٹا۔ بہت برسنے والی گھٹا۔

گھورے (گھورا) ۔ وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ پھینکا جائے۔ کھتا۔ میلا۔

گھوڑیا ۔ (گھوڑی کی تصغیر، گھوڑا کی تانیث) ایک سواری کا چوپایہ جس کے سم ٹھوس ہوتے اور ایال لمبی ہوتی ہے، سواری اور بار برداری کے کام آتا ہے۔

گھوس ۔ ایک قسم کا بڑا چوہا۔ رشوت۔

گھوم ۔ چوری جانا۔ تلف ہونا۔

گھر بڑنا ۔ (محاورہ)۔ عورت کا کسی مرد کے نکاح میں آنا۔ گھر میں آنا۔ داخل ہونا۔

گھر پھونک تماشا دیکھا/ دیکھنا ۔ (محاورہ) نقصان کر کے تجربہ حاصل کرنا۔ گھر کی تباہی پر خوش ہونا۔ خوب روپیہ لٹانا کی جگہ۔

گھر ڈال لینا ۔ حرم میں داخل کر لینا۔ زوجہ بنا لینا۔

گھر میں ڈالنا ۔ زوجہ کی طرح رکھنا۔ مدخولہ بنانا۔ بیاہتا بیوی کے علاوہ دوسری عورت کو بیوی بنا لینا۔

گھر کا بھیدی ۔ وہ شخص جو گھر کے سارے راز جانتا ہو۔ گھر کے تمام معاملات سے آگاہ۔ رازدان۔ محرم۔

گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے۔ (مثل) رازدار کی دشمنی سخت خطرناک ہوتی ہے۔ محرم کار ہی بنا بنایا کھیل بگاڑتا ہے۔ اس محل پر بولتے ہیں جب کوئی رازدار کچھ فساد اٹھائے۔

گھر کی پھٹکی/پٹکی یا ہی ساگ ۔ (مثل۔ عو) بے جا

شیخی بگھارنے والے کی نسبت بولتی ہیں یعنی گھر میں دیکھو تو مٹی کے برتن اور باسی ساگ کے سوا کچھ بھی نہ نکلے اور باہر صرف شیخی ہی شیخی ہے۔

گھر کی مُرغی دال برابر ۔ (مثل)۔ اپنے یگانوں میں کمال کی قدر نہیں ہوتی۔ جو کچھ اپنے پاس ہے اس کی قدر نہیں ہوتی۔

گھر میں فاقہ ہونا ۔ گھر والوں کو فاقہ ہونا۔ گھر والوں کا بھوکا مرنا۔

گھرّا ۔ وہ آواز جو حالت نزع میں سانس کے رُک رُک کر نکلنے سے پیدا ہوتی ہے۔

گھُرسنا ۔ گھسیڑنا۔ کسی چیز میں اٹکا دینا۔

گھر گھوڑا نخّاس مول (مثل)۔ بے دکھائے کسی چیز کی تعریف کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

گھر گھالے (گھر گھالنا) ۔ (عو) کسی کا گھر تاراج کرنا۔ (مجازاً) فریفتہ کرنا۔

گھر میں شیر باہر بھیڑ ۔ (مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو گھر والوں پر بے جا رعب جمائے اور باہر والوں سے دب جائے۔

گھریا ۔ کٹھالی۔ کھریا مٹی کی بنی ہوئی کلھیا جس میں دھات، چاندی، سونا گلاتے ہیں۔

گھوڑ مُوہے آدمی (گھوڑ مُنہا) ۔ وہ شخص جس کا مُنھ گھوڑے کے مُنھ سے مشابہت رکھتا ہو۔ لمبے مُنھ کا آدمی۔

گھڑی بھر میں گھر جلے اور ڈھائی گھڑی کی بھدرا ۔ (مثل) ایک آفت نے تو کام تمام کر دیا اب آئندہ کی آفتوں کو کون جھیل سکے گا۔

گھڑی دو میں مُرلیا باجے گی ۔ تھوڑی دیر میں رنگ دگرگوں ہو جائے گا۔

گھڑی میں ماشہ گھڑی میں تولہ ۔ (مثل) متلون مزاج۔ غیر مستقل مزاج۔ ڈھلمل یقین۔

گھُس پیٹھ ۔ دخل۔ رسائی۔ باریابی۔

گھس کھُدا ۔ گھسیارا۔ گھاس کھودنے والا (کنایتہً) نادان۔ احمق۔ ناکارہ آدمی۔

گھسن پٹی ۔ مار کٹائی ۔ زد و کوب ۔

گھسیارہ ۔ گھاس کھودنے والا۔ گھاس بیچنے والا۔

گھسیٹنا ۔ زمین سے رگڑتے ہوئے لے جانا ۔ کھینچ کر لے جانا کسی جانب ۔

گھنٹوں ۔ دیر تک ، کئی گھنٹے تک ۔

گھن چکر ۔ گردش ۔ آوارہ گرد ۔ مورکھ ۔ بے وقوف ۔

گھنیری ۔ بہت گھنا ۔ (گھنیرا کی تانیث) ۔

گھنیری گھٹا ۔ گہرے بادل ۔

گھوٹو ۔ اچھی طرح مونڈنا ۔ مونڈ کر چکنا کرنا ۔

گھوڑے بیچ کر سونا ۔ (محاورہ) پاؤں پھیلا کر سونا ۔ بے فکری سے سونا ۔

گھوڑے کی دُم میں نمدا ۔ (مرادا) پریشانی میں مبتلا کرنا ۔ تنگی میں ڈالنا ، بے چین اور مضطرب کرنا ۔ (ق)

گھوسن ۔ مسلمان گوالن ۔ مسلمان دودھ بیچنے والی عورت ۔

گھونگھٹ کی آڑ میں شکار کھیلنا ۔ بظاہر نیک و با عصمت مگر در پردہ بدکار عورت کے متعلق کہتے ہیں ۔

گھی کے چراغ جلانا ۔ (محاورہ) (عو) کسی کی جب کوئی مراد حاصل ہوتی ہے تو چراغوں میں تیل کی جگہ گھی ڈال کر بزرگانِ دین کی درگاہوں اور مزاروں پر روشن کرتی ہیں ۔ کسی کی آرزو یا مراد پوری ہونے پر کمال خوشی منانا ۔

گئے تھے روزے بخشانے نماز گلے پڑی ۔ (مثل) ایک آفت سے بچنے کی تدبیر کی ، دوسری آفت اس سے زیادہ پڑی ، اُلٹے لینے کے دینے پڑ گئے ۔

گیا گزرا ۔ نکما ۔ بے کار ۔ ناقص ۔ خراب ۔

گیاہ ۔ خشک گھاس ۔ کاہ ۔

گیان ۔ علم معرفت ۔ علم الٰہی ۔ عرفان ۔

گیانی ۔ عالم ۔ عقل ۔

گیتا ۔ ہندوؤں کی ایک مذہبی کتاب جس میں کرشن جی کے اس وعظ کو پیش کیا گیا ہے جو انھوں نے ارجن کو سمجھانے کے لیے کیا تھا ۔ مقدس کتاب ۔

گیتی ۔ دُنیا۔ عالم۔
گیتی پنَاہ ۔(کنایتہً) بادشاہ۔
گیٹ ۔ پھاٹک ۔ بڑا دروازہ۔
گیدڑ بھبکی ۔ گیدڑ کی طرح غرّا کر حملہ کرنے کی گھڑکی (کنایتہً) غصّے کا وہ جوش جس کو مخالف لغو سمجھے۔ خالی خولی دھمکی ۔
گیدڑ کی جب شامت آتی ہے تو بستی کی طرف جاتا ہے۔ (اور جب چور کی قضا آتی ہے تو کوتوال سے مقابلہ کرتا ہے) ۔ (مثل) جب دن بُرے آتے ہیں تو بُری ہی سوجھتی ہے۔
گیدی ۔ بے عزت ۔ بے غیرت۔ لالچی۔
گیروے / گیروا ۔ گیرو کے رنگ کا ۔ جوگیا۔ وہ لباس جو گیرو میں رنگا ہو۔
گیل ۔ راستہ ۔ پگ ڈنڈی۔ کیلے کی پھلیوں ، کھجوروں کا گچھا ۔
گیندا ۔ ایک پودا جس کا پھول زرد، نارنجی اور سُرخ ہوتا ہے اس کا پھول صدبرگ کہلاتا ہے۔

گینڈا ۔ ہاتھی کے پاٹھے کے برابر ایک بڑے قوی جانور کا نام جس کی کھال سے سپر بناتے ہیں ۔ کرگدن ۔ (مجازاً) موٹا ۔ تازہ ۔ فربہ ۔
گینڈا بنَا ہوا ۔ ایسا جوان جس کے غیر معمولی ہاتھ پاؤں ہوں یعنی کافی تندرست اور موٹا تازہ (مجازاً) تنومند۔ فربہ ۔ ہٹاکٹا ۔
گیہان ۔ دُنیا ۔ جہان
گیہوں کے سَاتھ گھُن بھی پس گیا ۔ (مثل) زبردست کے ساتھ کمزور بھی مارا گیا۔

ل

لَا ۔ لت ، عادت (ق) (عوام کی زبان)
لآلی ۔ موتی ۔ گوہر۔ مروارید
لاَ اُبالی ۔ بے فکر ۔ بے پروا۔ رند مشرب ۔
لاَب ۔ سورج ، آفتاب ۔

لَابُد - بے شک - یقیناً - قطعی -

لَابُدی - ناچار - ضروری -

لَابَہ - خوشامد - چاپلوسی -

لَات - ایک بُت کا نام جو اسلام سے پہلے کعبہ کے اندر رکھا ہوا تھا - زمانۂ جاہلیت میں عربوں کا ایک دیوتا جس کی پرستش کی جاتی تھی -

لَاتُعَد - جس کا شمار نہ کیا جا سکے، بے شمار - ان گنت - لاتعداد -

لَاٹھ - (انگریزی لفظ لارڈ کا بگاڑ) گورنر - حاکم صوبہ - تھم - ستون - کھمبا -

لَاجوَرد - نیلے رنگ کا ایک قیمتی پتھر -

لَاجوَردی - نیلے رنگ والا -

لَاچَارِی دَرجہ - مجبوری کی حالت میں -

لَاحَول پڑھنَا - (محاورہ) (کنایتہً) نفرت اور کراہت ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ہے -

لَاڑھیے (لاڑھیا) - بُری چیزوں کو اچھا کر کے بیچنے والا - مکار - فریبی - دغا باز -

لَاریب - بلاشبہ - بے شک - یقیناً -

لَاطَائِل - فضول - بے فائدہ -

لَاف زَن - شیخی باز - ڈینگیا -

لَاف زَنی - شیخی بگھارنا - اترانا -

لَاف گزَاف - ہرزہ سرائی - شیخی - تعلی -

لَاگ ڈَانٹ - (کنایتہً) باطنی نزاع - ان بن - عداوت -

لَاگُو - درپے - پیچھے پڑنے والا -

لَال - گونگا -

لَال بُجھکڑ - پرلے درجے کا بے وقوف - وہ احمق جسے اپنی عقل پر بڑا گھمنڈ ہو -

لَال بھبھوکا - سُرخ - سُرخ چہرہ جو غصّے کی وجہ سے ہو -

لَال ڈِگی - بوڑھی عورتیں چھاؤنی کے اس حصّے کو کہتی تھیں جہاں گوروں کی پلٹن رہتی تھی -

لَال کُرتی - گوروں کی پلٹن جو سُرخ وردی پہنتی تھی - اس مقام کو بھی کہتے ہیں جہاں یہ پلٹن رہتی تھی -

لَال گرِنٹ - ایک کپڑے کا نام -

لَالے پڑنَا - مصیبت میں پھنسنا - دشوار ہونا - مشکل ہونا - کمال آرزو ہونا - ارمان ہونا -

لَام کَاف کرنَا - (محاورہ) -

جھوٹی۔ بے ہودہ۔ بے کار باتیں۔ گالی گلوچ کرنا۔

لام کاف نکالنا ۔ (محاورہ) واہی تباہی باتیں کرنا۔

لامِس ۔ چھونے والا۔ اُردو میں یہ لفظ شیخی بگھارنے اور ڈینگ ہانکنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

لان ٹینس ۔ ٹینس کی ایک خاص قسم جو سبزے وغیرہ کے کورٹ پر کھیلی جاتی ہے۔

لانگ ۔ دھوتی کا وہ حصہ جو آگے لٹکتا رہتا ہے جس کو پیچھے کی طرف اڑس لیتے ہیں۔

لا وَ نَعَم ۔ کلمہ نفی و ایجاب بمعنی انکار و اقرار کے۔

لاہُوت ۔ ذاتِ الٰہی جس میں سالک کو فنا فی اللہ کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔

لائِحَہ ۔ فہرست۔ پروگرام۔

لاَئسَنس (لائِسَنس) ۔ اجازت نامہ۔ پرمٹ۔

لائِف بُوٹ ۔ بچاؤ کی کشتی۔ وہ کشتی جو جہازوں میں بچاؤ کے وقت استعمال کے لیے رکھتے ہیں۔

لایَزال ۔ بے زوال۔

لَبلَبی ۔ بندوق اور پستول کا وہ پُرزہ جس کے دبانے سے گھوڑا گرتا ہے۔

لَبِیب ۔ عقل مند۔ دانا۔

لَپّا ۔ لپڑ، تھپڑ۔ چانٹا۔

لَپّا ڈُگّی ۔ نوچ کھسوٹ۔ گھونسوں اور تھپڑوں کی لڑائی۔ مار پیٹ۔ گھونسم گھانسا۔

لِپ ۔ بھراگیا۔ پُر ہوگیا۔ لتھڑ گیا۔

لَپ جھَپ ۔ تیزی۔ پھرتی۔ جلدی۔

لُپ ۔ فوراً۔ آناً فاناً۔ (ق)

لَپَّڑ ۔ تھپّڑ۔ طمانچہ۔ چانٹا۔

لِپّڑی ۔ سر کی پگڑی یا پھینٹا۔ ٹوپی۔ کپڑا جامہ۔

لَپوٹے (لپوٹا) ۔ تھپڑ۔

لَت ۔ عادت۔ خو۔ خصلت۔

لَت پَت ۔ بھرا۔ آلودہ۔ شور بور۔

لَٹ ۔ بالوں کا لڑ۔ چند بال جن کو عورتیں گوندھتی ہیں۔ جٹا۔

لَٹپَٹی پگڑی ۔ بے قرینہ بندھی ہوئی پگڑی۔ وہ دستار جو ٹیڑھی بندھی ہوا اور جس کے بیچ کے دونوں سرے کھلے ہوتے ہوں۔

لٹکا ۔ سحر۔ جادو۔ ٹوٹکا۔ افسوں۔ چلتا ہوا نسخہ۔

لَٹّو ہونا ۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ محو ہونا۔

لَٹُورِے (لٹورا) - ایک پرند کا نام جو فاختہ سے چھوٹا ہوتا ہے اور کنجشک کا شکار کرتا ہے۔

لَٹھیا - (لاٹھی کی تصغیر) - چھوٹی لاٹھی - چھڑی - ہاتھ کی لکڑی۔

لُٹیا چور - معمولی چور - چھوٹی موٹی چیزوں کی چوری کرنے والا۔ ذرا ذرا سی چیز پر نیت خراب کر لینے والا۔

لَجاج - لڑائی - ستیزہ -

لَجاجَت - گڑگڑانا - مبالغہ - لڑائی -

لُجّہ - بھنور - گرداب -

لُچّا - اوباش - بدمعاش - شریر - اُچکا -

لَچَر - لغو - مہمل - پوچ - بے ہودہ -

لَچَر پُوچ - بے تکی بات - لغو - مہمل -

لَچکا - ایک قسم کا پتلا گوٹا - نزاکت سے کمر محبوب کی جنبش - جھٹکا -

لَچّھیاں (لچّھی) - سوت / ریشم کی اَنٹی - ایک زیور جو گلے کے ساتھ چمٹا رہتا ہے - ریشم یا دھاگوں کا بنا ہوا حلقہ جو اکثر بچوں کے ہاتھ میں ڈالتے ہیں۔

لَچّھنوں (لچّھن) - کرتوت - فعل - کردار -

لَچّھے دار تقریر - پر لطف تقریر - مزے دار تقریر -

لُچّئی (لُچّھئی) - میدے کی ملائم اور پتلی چھوٹی پوری جسے گھی میں تلتے ہیں -

لِحاف - رضائی جس میں بہت روئی ہو - ایک قسم کی بڑی رضائی -

لَحم - گوشت - ماس -

لَحن - آواز - سریلی آواز - خوش آوازی - خوش خوانی -

لَحنِ داؤدی - (کنایۃً) اعلیٰ درجے کی سریلی آواز -

لَحیم و شَحیم - موٹا تازہ - فربہ اندام - توانا -

لَخلَخہ - چند خوشبودار چیزوں کا مجموعہ جو تقویت دماغ کے لیے مریض کو سنگھاتے ہیں -

لَخلَخہ سُنگھانا - (محاورہ) - چند خوشبودار چیزوں کے مجموعے کو کسی مریض کو سُنگھانا -

لَدْ جانا - گزر جانا - چلا جانا -

لَدْ پھَند - (لدا پھَندا) اچھی طرح لدا ہوا - بوجھ میں دبا ہوا - اسباب ساتھ لیے ہوئے -

لَدّو ٹٹّو - وہ حیوان جو بار برداری کے کام آئے -

لَڈّو - بیسن یا مونگ کے آٹے کی

گول مٹھائی۔
لُڑ ۔ احمق ۔ بے تمیز۔
لَڑکپن کھیل کر کھویا، جوانی نیند بھر سویا، بڑھاپا دیکھ کر رویا ۔ (مراد اً) غفلت سے وقت گزارنا۔ وقت کی ناقدری۔ (ق)۔
لَڑکوری (لڑکوڑی)۔ صاحب اولاد عورت۔ بچے والی عورت۔
لَڑکے بالے (لڑکا بالا، لڑکا بال)۔ بال بچہ۔ عیال و اطفال۔
لَڑنتیے ۔ (لڑنتیا)۔ لڑنے والا۔ پہلوان۔
لُڑھک گئے ۔ ناکام ہو گئے۔ فیل ہو گئے۔ مر گئے۔ انتقال کر گئے۔
لُڑھکنی کھانا ۔ (محاورہ)۔ قلا بازی کھانا۔ لوٹنی کھانا۔
لَڑیتے (لڑیتا)۔ پیارا۔ محبوب۔ عزیز جاں۔
لَسّان ۔ باتونی۔ چرب زبان۔ بکّی۔
لِسانُ الغَیب ۔ غیب کی زبان۔ حافظ شیرازی کا لقب۔
لَسَرکا ۔ تھوڑا سا تعلق۔ واسطہ۔ سروکار۔
لَسَن ۔ فصاحت۔ زبان آوری۔ فصیح بیانی۔
لَشکرِ جرّار ۔ بڑا لشکر۔
لَطافت ۔ عمدگی۔ خوبی۔ نزاکت۔ فصاحت۔ ذائقہ۔ لذت۔
لَطافت بار ۔ خوبی۔ عمدگی ظاہر کرنے والا۔ نزاکت و خوب صورتی برسانے والا۔
لَعِب ۔ کھیل کود۔ دل بہلاوا۔ سیر تماشا۔
لُعبَتان ۔ (لُعبَت کی جمع)۔ پتلی۔ گڑیا۔ کھلونا۔
لَعِین ۔ ملعون۔ مردود۔ لعنتی۔ بدبخت۔
لَغزِش ۔ پھسلن۔ خطا۔ سہو۔ غلطی۔ ضلالت۔
لَغو ۔ بے ہودہ۔ واہیات۔ مہمل۔ بے معنی۔
لَغوِیات ۔ (لغویت کی جمع)۔ بے کار۔ بے فائدہ۔ نامعقول۔ بکواس۔
لَفّ و نَشر ۔ لغوی معنی پیٹنا اور پھیلانا۔ علم بیان کی اصطلاح میں وہ صنعت جس میں اول چند چیزوں کا ذکر کریں پھر چند اور چیزیں بیان کریں جو پہلی چیزوں سے نسبت رکھتی ہوں مگر اس طرح کہ ہر ایک کی نسبت اپنے منسوب الیہ

سے ہو جائے۔
لَفّاظی ۔ مبالغہ آمیزی ۔ چرب زبانی ۔ خوش گوئی ۔
لَفٹنَنٹ ۔ ایک فوجی افسر ۔ کپتان کے ماتحت ۔ (طنزاً) بڑا حاکم ۔
لَفظ بہ لَفظ ۔ حرف بہ حرف ۔ ایک ایک لفظ ۔
لَق و دَق ۔ چٹیل میدان ۔ بنجر ۔ جہاں سبزہ اور گھاس اور درخت وغیرہ نہ ہوں ۔
لِقاء ۔ دیدار ۔ ملاقات ۔
لُقّا ۔ لچا ۔ شہدا ۔ اوباش ۔
لُقَندَرہ ۔ یاوہ گو ۔ لغو آدمی ۔ آوارہ پھرنے والا ۔
لَقوَہ ۔ ایک مرض جس میں منھ ٹیڑھا ہو جاتا ہے اور چہرہ پھر جاتا ہے ۔
لُکان ۔ ایک داؤں ۔ کشتی میں حریف کو لکان دے کے نیچے لانا ۔
لُکٹی (لُکھٹی) ۔ چولھے کی ادھ جلی لکڑی جس سے آگ کریدتے ہیں ۔
لِکچَر ۔ درس ۔ سبق ۔ وعظ ۔ تقریر ۔ زبانی مضمون ۔
لِکچَر دینا ۔ تقریر کرنا ۔ کسی خاص موضوع یا مضمون پر تقریر کرنا ۔

لَکڑ ہارا ۔ لکڑیاں بیچنے والا ۔ لکڑیاں چیرنے پھاڑنے والا ۔
لَکھ لُٹ ۔ بڑا فضول خرچ ۔
لِکھے مُوسیٰ پڑھیں خُود ۔ ایسی تحریر جو کسی سے پڑھی نہ جائے ۔
لِکھے نہ پَڑھے نام محمّد فاضِل ۔ (مثل) عالمانہ وضع رکھنے والا جاہل جسے لکھنا پڑھنا تو آتا نہ ہو مگر فضیلت کا دعویٰ دار ہو ۔
لِکھنا پَڑھنا ۔ تعلیم حاصل کرنا ۔
لُکھوٹ ۔ لوکاٹ ۔ ایک پھل کا نام ۔
لَکھوٹا ۔ پان کا رنگ ۔
لَکیر کا فَقیر ہُونا ۔ پرانی بات پر قائم رہنا ۔
لَگّا ۔ لانبا بانس ۔ لاگ ۔ پیار ۔ محبّت ۔ دوستی ۔ شروع کرنا ۔ ابتدا ۔
لَگان ۔ خراج زمین ۔ سرکاری محصول ۔ زرآمدنی جو زمین سے حاصل ہو ۔
لُگائی ۔ (ہندو ، عو) عورت ۔ زن ۔ بیوی ۔ زوجہ ۔ آشنا عورت ۔ مدخولہ ۔

لَگائی بُجھائی - اِدھر کی بات اُدھر کرکے دلوں میں فرق ڈال دینا۔
لَگَن - چلمچی - ہاتھ پاؤں دھونے کا طشت - تعلق - نسبت - دُھن۔ عشق - شوق۔
لگے رگڑا مٹے جھگڑا - بھنگ والوں کا تکیہ کلام۔
لگی لپٹی نہ رکھنا - رعایت نہ کرنا - طرف داری نہ کرنا - صاف صاف کہنا - گول بات نہ کہنا۔
للپتا - ایک قسم کی پتنگ۔
لل پرا - ایک قسم کا کنکوا جس کے دونوں کندے سُرخ کاغذ کے ہوتے ہیں۔
لِلت - مرغوب - پسند خاطر۔ خوب صورت حسینہ - ایک راگنی کا نام۔
للک - اُمنگ - شوق - ولولہ۔ دھن - موج - لہر۔
للکارنا - نعرہ مارنا - آواز لگانا - ہانک لگانا - کڑک کر بولنا۔
للّو پتّو - خوشامد - چاپلوسی۔ چکنی چپڑی باتیں۔
لِلتعجب - حیرت ہے - تعجب ہے۔
لَم - بہتان - الزام - اعتراض۔
لم ڈورے لڑانا - (محاورہ) پتنگوں کو خوب بڑھا کر لڑانا۔
لَمبُو - لمبا - لانبا - دراز قامت۔
لمبی تان کر سونا - اطمینان سے سونا - غفلت سے سونا۔
لمبی تاننا - (محاورہ) بے فکری سے سونا - دور کا سفر کرنا - سفر آخرت اختیار کرنا۔
لمبے ہو - چل دور ہو - ہوا کھاؤ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔
لَمپ - مغربی طرز کا چراغ جس پر شیشے کی چمنی لگی ہو۔
لَمعَہ - چمک - روشنی - نور - شعاع - کرن۔
لِمونیڈ - لمنڈ - ترنجاب - لیمو کا میٹھا پانی یا شربت۔
لَن تَرانی - تو مجھے کبھی نہیں دیکھ سکے گا - خودستائی - انانیت۔ شیخی۔
لُنجی (لنجا کی تانیث) ہاتھ پاؤں سے معذور۔
لَندن نیُوز - لندن کا ایک اخبار / جریدہ۔
لَندھن - لندن۔
لَندھور پہلوان - ایک مشہور پہلوان کا نام۔
لُنڈ جُھنڈ - عورت جو کنگھی چوٹی کی طرف سے بے پروا ہو

لَنڈُوَرا ۔ پرند جس کی دم نہ ہو (کنایتہً) بے کس ۔ بے یار و مددگار ۔
لَنگ ۔ لنگڑاپن ۔ پاؤں کا نقص ۔ لولا ۔ اپاہج ۔
لُنگ ۔ گھٹنوں تک تہ بند ۔ دھوتی ۔ لنگوٹی ۔
لَنگَر ۔ کم عمر لڑکے لکڑ پتھر یا اینٹ کا ٹکڑا ڈور میں باندھ کر آپس میں لڑاتے ہیں اور اس کو لنگڑ پیچ کہتے ہیں ۔
لَنگڑا آم ۔ ایک مشہور قسم کا آم جو بہت لذیذ اور شیریں ہوتا ہے ۔
لَنگَر (لَنگَڑ) ۔ پہلوانوں کا لنگوٹ ۔ جہاز یا قافلے کا ٹھہراؤ ۔
لَنگَر اَنداز ۔ پڑاؤ کیے ہوئے ہیں ۔ ٹھہرے ہوئے ہیں ۔
لَنگَر دار ۔ سنگین ۔ وزنی ۔
لَنگارُوں ۔ خوشامد خوروں ۔
لَنگُوٹی میں پھاگ کھیلنا ۔ (محاورہ) افلاس اور ناداری کی حالت میں عیش و عشرت کرنا اور بے فکری سے زندگی بسر کرنا ۔
لَنگُوٹیا ۔ پرانا دوست ۔ بے تکلف ساتھی ۔
لَنگُوٹیہ ۔ ایک قسم کا کنکوا ۔
لُنگی ۔ تہ بند ۔ دھوتی ۔ سر سے باندھنے کی رنگین دھاری دار پگڑی ۔
لُو ۔ وہ گرم ہوا جو موسم گرما میں چلتی ہے ۔ سموم ۔
لِوا ۔ عَلَم ۔ جھنڈا ۔ فوج کا نشان ۔ لشکر کا عَلَم ۔
لَوّا ۔ بٹیر کی قسم کا ایک چھوٹا پرندہ جو اکثر جھاڑیوں میں رہتا ہے ۔
لَوّامہ ۔ سخت ملامت کرنے والا ۔
لُوبان ۔ ایک قسم کا گوند جو آگ پر رکھنے سے خوشبو دیتا ہے ۔
لُوتھ ۔ لاش ۔ مردہ جسم ۔
لُوث ۔ آلودگی ۔ آمیزش ۔ ملاوٹ ۔
لُوٹن کبُوتر ۔ ایک قسم کا کبوتر جس کے سر پر ہاتھ لگا کر چھوڑ دیں تو وہ لوٹنیاں کھانے لگتا ہے ۔
لَوحِ دِل ۔ دل کا لوح سے استعارہ کرتے ہیں مراد دل ۔
لُودھا ۔ ہندوؤں کی ایک قوم جس کا کام کاشت کاری ہے ۔
لَوذعی ۔ بڑا زود فہم ۔ نہایت عقل مند ۔ تیز گفتار ۔

فصیح ۔

لَوز ۔ بادام ۔

لَوزات ۔ (ع و) ایک قسم کی گوٹ جو محرف تراش کر رضائی، پاجامے وغیرہ میں لگاتی ہیں ۔ ایک قسم کی شیرینی، بادام اور پستے کی جس کو محرف تراشتے ہیں ۔

لَوزِیات ۔ بادام کا حلوہ ۔

لُوف ۔ ڈبل روٹی ۔ نان پاؤ ۔

لُوکا ۔ آگ کا شعلہ ۔ لپٹ ۔ آنچ ۔

لُوکل گوَرنمنٹ ۔ مقامی حکومت ۔

لُوکھری (لوکھڑی) ۔ ایک جانور کا نام ۔ لومڑی ۔

لُولاَ ۔ لُنجا ۔ پیروں سے اپاہج ۔

لُولُو ۔ موتی ۔ گوہر ۔ مروارید ۔

لُولِی ۔ قحبہ ۔ ناچنے گانے والی عورت ۔

لُومڑ ۔ لومڑی ۔ روباہ (مجازاً) عیار ۔ مکار ۔

لُومڑ ہوگئیں ۔ (مجازاً) باخبر ۔ ہوشیار ۔

لُون ۔ نمک ۔ چہرے کی رنگت ۔

لُونبڑ ۔ احمق ۔ لمبا ۔ دراز قد ۔

لَونڈے (لَونڈا) ۔ لڑکا ۔ چھوکرا ۔ (کنایۃً) نادان اور ناتجربےکار ۔

لَونڈی ۔ غلام ۔ باندی ۔ کنیز ۔

لَونڈے لوَارے ۔ لونڈے لپاڑے ۔

لَونڈیا ۔ لڑکی ۔ چھوکری ۔ تحقیر سے دختر کو بھی کہتے ہیں ۔

لَونک ۔ چمک ۔ کوند ۔

لَونکنا ۔ کوندنا ۔ چمکنا ۔

لَونگ ۔ ناک کا ایک زیور جو لونگ کی شکل کا ہوتا ہے ۔

لَونگ چڑے ۔ ایک قسم کے کباب ۔ ایک طرح کے بیسن تلے کباب ۔ بیسن کی پھلکیاں ۔

لَوہچُون ۔ لوہ چون ۔ لوہے کا برادہ ۔ لوہے کا چورا ۔

لُوہے کے چنے چبانا ۔ (محاورہ) سخت اور مشکل کام کرنا ۔

لَہاڑا ۔ ہندو بقال ۔ لین دین کا کھوٹا ۔ لے کر نہ دینے والا ۔ نادہند ۔

لُہار (لوہار) ۔ لوہے کی چیزیں بنانے والا ۔ آہن گر ۔

لَہری ۔ ترنگی ۔ موجی، بے پروا ۔ دل جلا ۔ زندہ دل ۔

لَہاش ۔ (ع و) ۔ لاش ۔ مردہ جسم ۔

لَہبَر ۔ ایک قسم کا دراز قد توتا ۔

لَہر بَہر ۔ کنایہ ہے خوش اقبالی،

چہل پہل اور افراط ہے۔

لَہنا ۔ (عو) قسمت ۔ نصیب ۔ بخت ۔ بہرہ ۔

لَہنَہ ۔ احمق ۔ گھامڑ ۔

لَہنگا ۔ عورتوں کا ایک پاٹ کا بڑے گھیروالا پاجامہ ۔ گھگرا ۔ گھاگرا ۔

لَہنگا پہننا ۔ (محاورہ) زنانہ لباس پہننا ۔ بھیس بدلنا ۔ (کنایۃً) چوڑیاں پہننا ۔ عورت بن جانا ۔

لَہو مَل کے شہیدوں میں شامل / داخل ہونا ۔ (محاورہ) کسی کام میں تھوڑا سا شریک ہوکر اپنا نام کرنا ۔ کسی کام میں ذرا سا دخل دے کر پورا حق دار بن جانا ۔ ذرا سا کام کر کے اپنے کو بڑا کام کرنے والوں میں شمار کرنا ۔

لَہیب ۔ شعلہ ۔

لَیَاقَ ۔ قابل ۔ لائق ۔ موزوں ۔ ہنرمند ۔ ہوشیار ۔

لَئِیم ۔ کمینہ ۔ رذیل ۔ وہ کنجوس جو نہ خود کھائے اور نہ دوسروں کو کھانے دے ۔

لِے ۔ بس ۔

لِے اُڑنا ۔ لے کر بھاگ جانا ۔ نقل اُڑا لینا ۔ بات کا بتنگڑ بنا دینا ۔

لَے کار ۔ موسیقی کے اصول کے مطابق گانے والا ۔ ٹھیک کسروں کے ساتھ آواز نکالنے والا ۔

لَیبل ۔ (انگریزی) کاغذ یا دھات کا ٹکڑا جو کسی چیز پر اس کا نام، نوعیت اور مالک کا پتہ نشان وغیرہ بتانے کے لیے لگایا جاتا ہے ۔

لِیپ ڈالا ۔ بھر دیا ۔ پُر کر دیا ۔

لِیپنا ۔ سفیدی کرنا ۔ گوبری پھیرنا ۔ کہگل کرنا ۔ پلستر کرنا ۔

لَیت ۔ کاش کہ ۔ تمنا کرنا ۔

لَیث ۔ شیر ۔ اسد ۔

لَیجِس لیٹِو کونسل ۔ صوبے یا ملک کی مجلس قانون ساز جس میں خاص طبقوں کے نمائندے شامل ہوں ۔

لِے دے کرنا ۔ سرزنش کرنا ۔ لعنت ملامت کرنا ۔ ڈانٹنا ۔ مار پیٹ کرنا ۔ جد و جہد کرنا ۔

لَے داری ۔ گانے میں سُر کی پابندی کرنے کا عمل ۔

لے ڈالنا ۔ (محاورہ) ۔ آڑے ہاتھوں لینا ۔ عاجز

کر دینا۔

لیڈیاں (لیڈی کی جمع)۔ بی بی۔ بیگم۔ خاتون۔ معزز عورت۔

لیڈی لوگ ۔ لیڈی۔ بیگم۔ خاتون۔ معزز عورت۔

لیڈیز ویٹنگ روم ۔ زنانہ انتظار گاہ۔

لیس ۔ فیتہ۔ جھالر۔ گوٹا کناری۔ کیل کانٹے سے درست۔ آمادہ۔ مستعد۔

لیلۃُ البدر ۔ چاند کی چودھویں رات۔

لیلۃُ القدر ۔ شب قدر۔

لیلا وتی ۔ عیاش عورت۔ عیش و نشاط منانے والی عورت۔ کھلاڑ۔ حسین۔

لیمنڈ ۔ لمنڈ۔ لیمو کا میٹھا پانی یا شربت۔

لیمو نچوڑ ۔ (نیبو نچوڑ)۔ جھوٹی خوشامد کرنے والا۔ ہاں میں ہاں ملانے والا۔

لین ۔ قطار۔ صف۔

لین میں بگل دیا گیا ۔ پولیس لائن میں طلب کیا گیا۔

لینا ایک نہ دینا دو ۔ حاصل نہ حصول۔ فائدہ نہ غرض۔ فضول۔ کسی سے نہ ایک لیں گے نہ دو دینے پڑیں گے۔

لینت ۔ نرمی۔ ملائمت۔

لینے کے دینے پڑنا ۔ (محاورہ) فائدہ کی جگہ نقصان ہونا۔ جان کے لالے پڑنا۔ مشکل میں ہونا۔

م

ماحصل ۔ خلاصہ۔ حاصل شدہ۔ نفع۔ فائدہ۔

ماحضر ۔ تھوڑا سا بے تکلف کھانا جو موجود ہو۔ دال دلیا۔

مافوق ۔ فائق۔ بزرگ تر۔ معظم۔ بلند و بالا۔

مافی الضمیر ۔ جو کچھ دل میں ہو۔ دل کی بات۔

مالا یطاق ۔ جس چیز کی طاقت نہ ہو۔

مالا ینحل ۔ ناقابل حل۔

مامضیٰ ۔ جو گزر چکا۔

مآب ۔ لوٹنے کی جگہ۔ بازگشت۔ ٹھکانہ۔

مابہ الاحتیاج ۔ جس چیز کی

ضرورت ہو۔
مَابَقِیْ ۔ جو باقی رہ گیا ۔ جو چیز باقی رہ جائے۔
مَاتمی ۔ ماتم کرنے والا۔ سوگوار۔
مَاتھَا ۔ پیشانی ۔ جبین ۔ ناصیہ۔
مَاتھَا پھوڑنا ۔ سر پھوڑنا۔ (کنایتہً) لڑائی بھڑائی۔ سر پھٹول۔
مَاتھَا ٹھنکنا ۔ (محاورہ) کسی بات ، فعل یا کام کا بُرا انجام آثار سے معلوم ہوجانا۔ خیال بد گزرنا۔
مَاتھے جانا ۔ (محاورہ) ذمّہ پڑنا۔ سر لگنا۔ تھپنا۔
مَاثُورَہ ۔ نقل کیا ہوا۔ جڑا دیا ہوا۔ وہ جو حدیث سے معلوم ہو جیسے ادعیہ ماثورہ۔
مَاثُوم ۔ گنہگار۔ پاپی۔
مَاجِدْ ۔ بزرگ ۔ مرد بزرگوار۔
مَاجُور ۔ اجر دیا گیا ۔ نیک بدلہ دیا گیا۔
مَاجھی (مَانجھی) ۔ ملاح۔ کشتی چلانے والا۔
مَاچَاتُہ ۔ پلنگ توڑنے والا۔ (کنایتہً) کاہل۔ سست۔
مَاچی ۔ (عم) چارپائی۔ پلنگڑی۔
مَاچِین ۔ قلم روئے چین کے جنوب اور ہندوستان کے مشرق میں ایک قدیم ملک کا نام جو عام طور پر لفظ چین کے ساتھ مستعمل ہے۔
مَاخُوذ ۔ گرفتار۔ پکڑا ہوا۔
مَاڑواڑی ۔ (مارواڑی) ایک تجارت پیشہ قوم۔ ماڑواڑ کا رہنے والا۔ ماڑواڑی زبان۔
مَارچَال ۔ ہندی شاعری کی ایک صنعت کا نام ہے۔
مَار کے آگے بھُوت ناچے/بھاگے ۔ (مثل) مار کے آگے سب سرکشی اور شرارت دُور ہوجاتی ہے۔ مار کے آگے سب ہی دب جاتے ہیں۔
مَارک ۔ (انگریزی) علامت۔ نشان۔
مَارے غُصّے کے ۔ غصّے کی وجہ سے۔ غُصّے کے سبب۔ طیش کے باعث۔
مَارے غُصّے کے مُنھ تمتمانے لگنا ۔ بہت غصّہ آنا کہ مُنھ سُرخ ہوجائے۔
مَارگنجے ۔ (مارگنجا) ایک قسم کی خوشبو۔
مَارگزیدہ ۔ سانپ کا ڈسا ہوا۔

مَارُوں گھُٹنا پھُوٹے آنکھ - (مثل) بے محل اور بے جوڑ بات بول اُٹھنے کے محل پر کہتے ہیں - وہ بات جس کا کوئی سر پیر نہ ہو -

مَارُوت - ایک فرشتے کا نام -

مَاسٹر - اُستاد - معلّم - مالک - سردار -

مَاش - کھڑے مونگ ایک غلّہ مشہور ہے - اُڑد -

مَاش کے آٹے کی طَرح اَینٹھنَا - (مثل) غرور کرنا - اکڑنا - ناراض ہونا - خفا ہونا -

مَال دَار - دولت مند - روپے والا - صاحبِ دولت - توانگر -

مَالزادِی (مَال زَادِی) - زن فاحشہ - قحبہ - کُٹنی - گالی ہے جو عورتوں کو دیتے ہیں -

مَالَا - ہار - سونے / موتی کا ہار - گجرا - سُمرن -

مَالَا مَال - خوش حالی - دولت سے پُر - کثیر دولت کے مالک -

مَالدَا - ہندو پاکستان کا ایک مشہور خوشبودار اور اعلیٰ قسم کا آم -

مَالکِن - (مالک کی تانیث) مالکہ - مخدومہ -

مَالکوُس (مَالکوُنس) - بھیرویں ٹھاٹھ کا ایک راگ جو رات کو گایا جاتا ہے -

مَالُوف - جس سے محبت کی جائے - عزیز و محبوب -

مَالُوف و مَانُوس - جانا پہچانا - عزیز و محبوب -

مَالیخولِیا - ایک بے ضرر دیوانگی - خفقان - خیال خام -

مَالیدَہ - ملا ہوا -

مَامَا پُختیَاں (مَامَا پَختَریَاں) - ماما کے ہاتھ کی پکی ہوئی روٹیاں - مُفت کی روٹیاں - وہ روٹیاں جو خادمہ عورت امیروں کے گھروں سے اپنے بچوں کو بھیجتی ہیں / چرا کر لے جاتی ہیں — (مجازاً) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو آرام و آسائش کا عادی ہو اور محنت برداشت / کرنے کے قابل نہ ہو -

مَامَا پُختِیَاں اُڑَانَا - نازو نعمت میں پلنا - مُفت کا مال

اُڑانا۔

ماما چھو چھو ۔ خادمہ ۔ دائی۔ کھلائی ۔ گھر کی کھانا پکانے والی عورت۔

ماشطہ (مشاطہ) ۔ وہ عورت جو عورتوں کو بناؤ سنگار کرائے ۔ وہ عورت جو شادی کرائے۔

مامک ۔ ماں کی تصغیر جو اظہار محبت کے لیے ہے۔

مامن ۔ امن کی جگہ ۔ عافیت کا مقام۔

مامون ۔ محفوظ ۔ امن کے اندر۔

مان کرنا ۔ (محاورہ) تکریم و تعظیم کرنا ۔ آؤ بھگت کرنا ۔ تکبر کرنا ۔ مزاج کرنا ۔ اترانا۔

مان ۔ ارمان ۔ تمنا ۔ چاؤ ۔ شوق ۔ ناز ۔ نخرہ ۔ غمزہ ۔ آؤ بھگت ۔ عزت وقار ۔ مدارات ۔

ماں جائی ۔ بہن جو ماں کے پیٹ سے ہو۔

ماں ٹینی باپ کُلنگ بچے نکلے / انڈے ریچھے رنگ برنگ (مثل)

دوغلے یا نالائق خاندان کی بری اولاد کی نسبت کہتے ہیں۔

ماں کے پیٹ میں کیوں کر رہا تھا نو مہینے ۔ (مراداً) بے چین ۔ چلبلا ۔ شوخ (ق)۔

مان نہ مان میں تیرا مہمان ۔ (مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو بے بلائے کسی کے ہاں جائے یا خواہ مخواہ بغیر پوچھے کسی کو بات میں صلاح دے۔

مانجھ ۔ ایک راگنی کا نام ۔ وسط۔ درمیان ۔ بیچ ۔

مانجھے بٹھانا ۔ (محاورہ) ۔ نکاح سے چند روز پیشتر دلہن کی گھر سے باہر کی آمد و رفت موقوف کرکے گوشے میں بٹھاتی ہے اسے مانجھا بٹھانا کہتے ہیں۔ مانجھا بیٹھنے کو مائیوں بیٹھنا بھی کہتے ہیں۔

مانجھے کے کپڑے ۔ وہ زرد پوشاک جو دلہن کو مائیوں میں پہنائی جاتی ہے۔

مانجی ۔ وہ گھڑونچی کی قطع کا آلہ جو کسم کا رنگ ٹپکانے کو استعمال کیا جاتا ہے۔

مانڈے (ماندہ) ۔ بیمار۔

علیل ۔ روگی ۔ مریض ۔ تھکا ہوا۔

مَانِع ۔ منع کرنے والا۔ روکنے والا۔ روک۔ اٹکاؤ۔

مَانگ چَنْدِی چھالیا۔ سخت قسم کی چھوٹی اور لمبوتری ڈلی کی چھالیا۔

مَانگ چَنْدِی ڈَلِی ۔ ایک قسم کی سپاری۔

مَانگ چوٹی میں گرِفتار رَہنا ۔ ہر وقت بناؤ سنگار کی فکر رہنا۔

مَانگدار ۔ ایک طرح کا کنکوا۔

مَانگا تھا نیچے دِیا اُوپَر

چاہا کچھ تھا ہوا کچھ اور۔ طلب کچھ کیا تھا ملا کچھ اور سوال دیگر جواب دیگر۔

مَانگے تانگے (مَانگا تانگا) عاریتاً لیا ہوا۔ قرض لے کر۔

مَانی ۔ دایہ۔ بچے کی خادمہ۔ گھر میں جو عورت داروغہ کا کام کرتی ہے اس کو مانی یا مانی جی کہتے ہیں۔

مَاوَرَاُالنّہر ۔ وہ چیز جو دریا اور نہر کے اس طرف ہو۔ چوں کہ ملک توران، ایران سے دریائے جیحوں کے اس طرف ہے لہٰذا ملک توران کو عرب والے ایرانی ماوراالنہر کہتے ہیں۔ "النہر" سے مراد "دریائے آمو" ہے جس کا قدیم نام "جیحوں" تھا۔ یہ علاقہ تاریخ اسلام کی عہد ساز شخصیتوں کا وطن تھا۔

مَاہِ کَنعَان ۔ مصر کے شہر کنعان کا چاند مراد حضرت یوسفؑ۔

مَاہ رُو ۔ معشوق جس کا چاند کی مانند چہرہ ہو۔

مَاہوَارِی ۔ ماہانہ جو ہر مہینے کے بعد ملے۔ تنخواہ یا وظیفہ جو ہر مہینے کے بعد دیا جائے۔

مَاوَیٰ ۔ واپسی کی جگہ۔ مکان۔ ٹھکانا۔

مَاہِ نَخشَب ۔ حکیم ابن مقنع کا بنایا ہوا مصنوعی چاند۔

مَاہ وَش ۔ چاند سا حسین، خوب صورت (مجازاً) معشوق۔ محبوب۔

مَاہی ۔ وہ مچھلی جس کی نسبت ہندوؤں کا خیال ہے کہ اس کی پشت پر زمین ہے۔

مَاہیِ بے آب ۔ (کنایتہً) کمال بے تاب۔ نہایت مضطرب۔

مَاہی جَال ۔ ایک قسم کا

پتنگ ۔

مَاہیِ مَرَاتِب ۔ وہ اعزازی نشان جو بہ شکل سیارات بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے ہاتھیوں پر چلتے ہیں۔

مَائی ۔ اماں ۔ ماتا ۔ ضعیفہ ۔ بڑھیا۔

مَائی ڈِیَر ۔ عزیزمن ۔ میرے دوست ۔ پیارے ۔ عزیز ۔

مَایَا ۔ خدا کی قدرت ۔ ظہور قدرت ۔ دھوکا ۔ فریب ۔ دُنیا ۔ خلقت ۔ مخلوق ۔ موہوم شے ۔

مُبَاح ۔ جائز ۔ حلال ۔ شریعت کے موافق ۔

مَبَادَا ۔ خدا نہ کرے ۔ ایسا نہ ہو ۔ خدانخواستہ ۔ دُور پار ۔ اتفاقاً ۔ شاید ۔ خدا نہ کرے کہ یوں ہو ۔

مُبَادَرَت ۔ جھپٹنا ۔ بہادری دکھانا ۔

مُبَارِزَان (مُبَارِز) ۔ فوج میں سے بڑھ کر لڑنے والا ۔ من چلا ۔ لڑاکا ۔ لڑائی کے لیے تیار ۔

مُبَالَغَہ ۔ حد سے بڑھ کر تعریف یا بُرائی کرنا ۔

مَبْدَأ ۔ اصل ۔ بُنیاد ۔ چشمہ ۔

مُبَذِّر ۔ فضول خرچ ۔ مسرف ۔

مُبْتَذَل ۔ ذلیل ۔ حقیر ۔ رذیل ۔ بے قدر ۔ پیش پا اُفتادہ ۔

مُبْتَلَا ۔ گرفتار ۔ ماخوذ ۔ مقید ۔ پکڑا ہوا ۔ آزمایا ہوا ۔

مُبْدَءْ ۔ شروع کرنے کی جگہ ۔ ظاہر ہونے کی جگہ ۔

مُبْدَءِ فَیَّاض ۔ سرچشمہ ۔ (مجازاً) خدائے تعالیٰ ۔ پیدا کرنے والا ۔

مُبَدَّل ۔ بدلا ہوا ۔ تبدیل شدہ ۔ متغیّر ۔

مُبَرِّدَات ۔ سرد کرنے والی چیزیں ۔

مُبْرَم ۔ مضبوط ۔ پائدار ۔

مَبْرُور ۔ نیکی کیا گیا ۔ پاک ۔ مقدس ۔ گناہوں سے بری ۔

مُبَرْہَن ۔ ثابت کیا ہوا ۔ مضبوط ۔ ثابت ۔

مُبَصِّر ۔ صاحبِ نظر ۔ عقل مند ۔ پرکھنے والا ۔ صراف ۔

مُبْہِی ۔ بمعنی پیدا کنندہ، قوت باہ بڑھانے والا ۔

مَت ۔ عقل ۔ دانش ۔ ادراک ۔ دانائی ۔ عقیدہ ۔

مَت بھنگ کرنا ۔ (محاورہ) دھرم ۔ عقل سلب کر دینا۔ بے ہوش کر دینا۔

مَت بھنگ ہونا ۔ (محاورہ) ہوش گم ہونا ۔ حواس پیترا ہونا ۔ عقل زائل ہو جانا۔

مُتاخِرین ۔ پچھلے ۔ پچھلے زمانے کے لوگ ۔

مَتانَت ۔ سنجیدگی ۔ استواری۔ مضبوطی ۔

مُتاَہِل ۔ بیوی بچوں والا ۔ گھر والا ۔

مُتَبَحِّر ۔ بہت بڑا عالم۔ فاضل ۔ علم کا دریا۔

مُتَجاوِز ۔ اپنی حد سے بڑھنے والا۔

مُتَجَلّی ۔ چمک دار ۔ روشن ۔ آشکارا ۔

مُتَجَلّی ۔ روشن ہونے والا۔

مُتَحَقِّق ۔ صحیح اور درست ۔

مُتَحَلّی ۔ آراستہ ہونے والا ۔ زیور پہننے والا۔

مُتَحَمِّل ۔ بُرد بار ۔ مستقل مزاج۔ برداشت کرنے والا۔

مُتَحَیِّر ۔ حیران ۔برگشتہ ۔

مُتَخاصِم ۔ باہم دشمنی کرنا ۔ آپس میں لڑنے والے ۔ جھگڑالو ۔

مُتَخَیِّلَہ ۔ خیال میں لایا ہوا ۔ خیال کی جگہ ۔

مُتَدَیِّن ۔ دین دار ۔ دیانت دار ۔ معاملہ اور بات کا سچا اور پورا۔

مُتَرادِف ۔ ہم معنی لفظ ، آگے پیچھے سوار ہونے والا۔

مُتَرَدِّد ۔ تردد کرنے والا ۔ فکر مند ۔ پس و پیش کرنے والا ۔ پریشان ۔

مُتَرَشِّح ۔ ترشح کرنے والا ۔ ٹپکنے والا۔

مُتَرَقِّب ۔ منتظر ۔ امیدوار ۔ انتظار کرنے والا۔

مُتَشَرِّع ۔ شریعت پر عمل کرنے والا ۔

[مُتَصَ]عِد ۔ صعود کرنے والا ۔ اوپر چڑھنے والا۔

مُتَصَدّی ۔ پیش خدمت ۔ پیش کار ۔ کاتب ۔ محرر ۔ محاسب ۔ نائب گماشتہ ۔

مُتَصَرِّف ۔ قبضہ کرنے والا۔ قابض ۔

مُتَصَوِّر ۔ تصوّر باندھنے والا۔ دل میں نقشہ جمانے والا۔

مُتَعالِیَہ ۔ (مُتَعالی) ۔ برتر ۔ خدائے تعالیٰ کا نام ۔ بزرگ ۔ بلند ہونے والا ۔

مُتعَہ - کچھ مدّت کے لیے کسی عورت سے نکاح کر لینا - میعادی نکاح - یہ طریقہ شیعہ مسلک میں جائز ہے -
مُتَعَبِّد - بندگی کرنے والا -
مُتَّفِقُ الرَّائے - ہم صلاح - ہم خیال - ہم مشورہ - ہم رائے -
مُتَفَنِّی - شریر - فتنہ پرداز -
مُتَقَابِل - مقابلہ کرنے والا - حریف -
مُتَمَرِّد - سرکش - نافرمان - باغی -
مُتَّقِی - گناہوں سے بچنے والا - خلاف شرع کاموں سے پرہیز کرنے والا -
مُتَکَلِّمِین - علم کلام جاننے والے - بات کرنے والے -
مُتَمَتِّع - نفع پانے والا - فائدہ اٹھانے والا - مستفید -
مُتَمَکِّن - قرار پکڑنے والا - جاگزیں - قائم -
مُتَمَوِّل - دولت مند - امیر - دھنی -
مُتَنَازِع فِیہ - وہ جس میں نزاع ہو -
مُتَنَاقِض - برعکس - اُلٹا - خلاف -
مُتَنَبِّہ - خبردار - آگاہ - ہوشیار - چوکس -
مُتَنَبِّی - جھوٹا نبی - نبوّت کا دعویٰ کرنے والا -
مُتَنَجَّن - پُرتکلّف پکائے ہوئے میٹھے چاول جس میں خشک میوے - مثلاً بادام اور پستے کے علاوہ گوشت بھی بریاں کر کے ڈالا جاتا ہے جو اس کو زیادہ سوندھا بنا دیتا ہے - بعض لوگ بغیر گوشت کا ہی پسند کرتے ہیں - مطنجن -
مُتَنَفِّس - سانس لینے والا - جاندار - بشر - انسان -
مُتَوَازِی - ایک دوسرے سے برابر فاصلے پر آنے والا - برابر - مقابل - علمِ اقلیدس میں جو خطوط ایک سطح میں ہوں ان کو دونوں طرف خواہ کتنا ہی بڑھائیں وہ آپس میں نہ ملیں -
مُتَوَحِّش - وحشت اختیار کرنے والا - وحشت میں ڈالنے والا - نفرت کرنے والا -
مُتَوَسِّل - نزدیکی ڈھونڈنے والا - وسیلہ ڈھونڈنے والا -
مُتَّہِم - تہمت لگانے والا -

مُتھُن ۔ آسمان کا تیسرا برج جو جوزا بھی کہلاتا ہے ۔
مَتِین ۔ محکم ۔ استوار ۔ مستقل مزاج ۔ سنجیدہ ۔
مَٹَر ۔ ایک کا غلہ ۔
مَٹَرگشت ۔ آوارہ گرد ۔ کوچہ گرد ۔ ہرزہ گرد ۔
مَٹَرگشتی ۔ ہوا خوری ۔ آوارہ گردی ۔ بے فائدہ مارا مارا پھرنا ۔
مَڑ بَاں (مَڑی) ۔ چھوٹا مڑ ۔ چھوٹی کٹھری ۔
مُٹکی ۔ دہی جمانے کا برتن ۔
مَٹَن ۔ بھیڑ یا بکری کا گوشت ۔
مَٹَن چَاپ ۔ انگریزی طرز کے پسندے جو سینے کے گوشت سے تیار کیے جاتے ہیں ۔
مَٹھا ۔ دہی جو مسکا نکل جانے کے بعد بچ رہتا ہے ۔
مَٹھا ۔ سُست ۔ کاہل ۔ کند ذہن ۔ گھوڑا جو آہستہ چلے ۔
مُٹھا ۔ بنڈل ۔ گڈا ۔
مُٹھُوریں ۔ (مُٹھُور) ۔ خم دراز ۔ گولی ۔ بڑا مٹکا ۔
مُٹھیانے (مُٹھیَانا) ۔ ہاتھ میں پکڑنا ۔ بٹیر کا مونڈھ کرنا ۔ مٹھی میں لینا ۔
مُٹیَر مُٹیَر ۔ چھوٹے بچوں کے جلد جلد چلنے کے لیے مستعمل ہے ۔

مزے لے لے کر چلنا ۔ خراماں خراماں چلنا ۔ (ق)
مُٹھیَاں (مُٹھیَا) ۔ ایک قسم کا زیور جو قلم کے مثل ہوتا ہے اور اس میں تعویذ رکھ کر بازو پر باندھتی ہیں ۔
مِٹی کا تھُوہا / تھُوا ۔ مٹی کا بنا یا ہوا تودہ ۔ تحقیراً نکما آدمی ۔ کم عقل ۔ ناسمجھ ۔
مَٹیَا بُرج ۔ واجد علی شاہ کی لکھنؤ سے منتقلی پر، حکومت ہند نے کلکتے میں ان کی رہائش کا بند و بست کیا، کلکتے سے تین چار میل کی مسافت پر دریائے بھاگارتی (ہوگلی) کے کنارے "گارڈن ریچ" نام سے ایک خاموش محلہ تھا اور چوں کہ وہاں ایک مٹی کا تودہ سا تھا اس لیے عام لوگ اسے مٹیا برج کہتے تھے ۔ یہاں کئی عالی شان کوٹھیاں تھیں ۔ چنانچہ یہ کوٹھیاں واجد علی شاہ کو دے دیں ۔ بعد ازاں یہی مٹیا برج علمی، تہذیبی اور ثقافتی سرگرمیوں کا مرکز بن گیا ۔
مَثَاب ۔ لوٹنے کی جگہ ۔ ٹھکانا ۔ اکٹھا ہونے کی جگہ ۔

مِثَال - نظیر - مانند - شبیہ -
مُثبَت - ثابت کیا گیا - قائم کیا گیا - تعمیری -
مَثوبات - (جمع مثوبت کی) - نیکی کا بدلہ - عبادت کا عوض جو آخرت میں ملتا ہے -
مِثقَال - ساڑھے چار ماشہ وزن -
مُجَادَلَہ - لڑائی - پیکار - خوں ریزی - دشمنی - بحث و تکرار -
مُجَاوِر - وہ شخص جو کسی خانقاہ یا مزار، درگاہ وغیرہ میں رہے اور وہاں جھاڑو وغیرہ دے اور خدمت کرے - خادم - قریب کا - نزدیکی -
مُجَاوِرَت - پڑوسی ہونا - ہمسائیگی - قرب -
مُجتَہِدُ العَصر - مجدد - اجتہاد کرنے والا -
مَجذُوب - محبت خداوندی میں مدہوش - مست - بے ہوش فقیروں کی ایک قسم جو ننگے رہتے ہیں اور بے سروپا باتیں کرتے ہیں اور لوگ انھیں ولی سمجھتے ہیں -
مُجرَا - کورنش - آداب، تسلیمات - مجرئی - رنڈی کا رقص -

مُجرا عَرض ہے - آداب بجا لاتا ہوں - سلام عرض کرتا ہوں -
مُجرئی - سلام کرنے والا - تعظیم دینے والا -
مُجرّبات - تجربہ کی دوائیں - آزمائے ہوئے نسخے - وہ کتاب یا بیاض جس میں یہ دوائیاں اور نسخے درج ہوں جیسے مجربات بوعلی سینا -
مُجَرّد - اکیلا - بن بیاہا - تارک الدنیا - وہ شے جو مادے سے پاک ہو -
مُجرِم - خطادار - قصوروار (قانون) وہ شخص جسے جرم ثابت ہونے پر عدالت سے سزا ملے، اس سے پہلے یہ ملزم کہلاتا ہے -
مَجرُوح - زخمی - گھائل -
مَجِسٹریٹی - مجسٹریٹ کا عہدہ - اختیار حکومت -
مِجَسطی - نام ایک کتاب کا علم ریاضی میں دلائل اور اصول اشکال ہندسہ کے بیان میں مصنف اس کا حکیم بطلیموس ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ مصنف اس کا حکیم اقلیدس ہے اور یہ جو بالفعل مجسطی موجود ہے یہ ترجمہ اس کا ہے جو نصیر الدین

طوسی نے تحریر کیا ہے۔
مُجسّم - وہ چیز جس میں طول و عرض اور عمق ہو - سر سے پاؤں تک - سراپا۔
مَجلسِ شوریٰ - مشورہ کرنے والی مجلس - مجلس مشاورت۔
مُجوّف - جوف کیا گیا - اندر سے خالی - کھوکھلا - پولا - کھوکھلا۔
مَجہولُ النّسب - وہ شخص جس کی اصل و نسل کا پتہ نہ ہو۔
مَجیرا - پیتل کی بنی ہوئی وہ چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے واسطے دونوں ہاتھوں سے بجاتے ہیں۔
مچان - ٹانڈ - وہ تختہ یا لکڑیاں جو دیواروں میں اسباب وغیرہ رکھنے کے لیے اونچی جگہ لگا دیتے ہیں - درخت پر وہ جگہ جو شیر کے شکار کے لیے بناتے ہیں - باغ اور کھیت میں وہ اونچی جگہ جو پھلوں یا فصل کی حفاظت کے لیے بنائی جاتی ہے۔
مچ مچاتی کھاٹ نکلے - عورتوں کے کوسنے میں جوان ہٹا کٹا مر جائے - لاش اتنی بھاری ہو کہ جس کھاٹ (چارپائی) پر ڈال کر اٹھائی جائے وہ بوجھ سے لچکے اور چرچرائے۔
مُچھاکڑا بیگ - مچھندر - بڑی بڑی مونچھوں والا - (ق)۔
مُچھلی - مچھلی کی شکل کے چھوٹے چھوٹے چھوٹے نگ جو زیورات اور پگڑی میں لگاتے ہیں۔
مُچھلیاں - انسان کے بازو کا گوشت جو کسی قدر اُبھرا ہوتا ہے۔
مُچھندر - بڑی بڑی مونچھوں والا - مچھی۔
مُچھیاں - (مچھی) - ماہی - مچھلی - بوسہ۔
مُحاربہ - لڑائی - جنگ - معرکہ - مجادلہ۔
مُحاصرہ - گھیرا ڈالنا - راہ بندی - قلعہ بندی - چاروں طرف سے بند کر دینا۔
مُحافہ - ڈولی - وہ پردے دار سواری جس میں عورتیں بیٹھتی ہیں۔
مُحاذی - مقابل - روبرو - برابر ہونے والا۔
مُحاذات - روبرو ہونا - آمنا سامنا ہونا - مقابلہ۔
مُحال - وہ جائداد غیر منقولہ یا اراضی جس میں بہت سی پتیاں ہوں اور جس پر مال

گزاری علٰحدہ تشخیص ہو۔ محکمہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔
مَحْبَس ۔ قید خانہ ۔ جیل ۔ زنداں ۔
مَحْبُوس ۔ قیدی ۔ اسیر ۔ مقید ۔
مُحْتَالَہ ۔ حیلہ گر عورت ۔ مکار عورت ۔
مُحْتَرِز ۔ پرہیز کرنے والا ۔ اپنے تئیں بچانے والا ۔
مُحْتَسِبَہ ۔ احتساب کرنے والی قوت ۔
مُحْتَشَم اِلَیْہِم ۔ معززین و محترمین ۔
مَحْجُوب ۔ پردے میں چھپا ہوا ۔ مخفی ۔ شرمندہ ۔ منفعل ۔ وہ جو کسی کی میراث پانے سے محروم ہو ۔
مَحْذُوف ۔ حذف کیا گیا ۔ نکالا گیا ۔ (عروض) وہ رکن جس کے سبب خفیف یا دو حرف گرا دیئے جاتے ہیں ۔
مُحَرِّر ۔ کاتب ۔ منشی ۔ کلرک ۔
مُحَرِّرِی ۔ محرر کا پیشہ ۔
مُحْرَم ۔ سینہ بند ۔ انگیا جو سینہ پر پہنی جاتی ہے ۔
مَحْرُوْرُ المِزَاج ۔ گرم مزاج ۔ گرم طبیعت ۔
مَحْزُون ۔ غمگین ۔ رنجیدہ ۔

مَحْسُود ۔ جس پر حسد کیا جائے ۔ رشک کیا گیا ۔
مَحْشَر ۔ وہ جگہ جہاں لوگ جمع ہوں (مجازاً) قیامت ۔
مَحْصُور ۔ گھرا ہوا ۔ روکا ہوا ۔ مقید ۔ قلعہ بند ۔
مُحَقَّر ۔ معمولی اور حقیر چیز ۔
مِحَک ۔ کسوٹی ۔ وہ پتھر جس پر سونے کو کس کر دیکھتے ہیں ۔ پرکھ ۔ جانچ ۔
مَحَلّ ۔ رانی ۔ ملکہ ۔ بیگم ۔ بیوی ۔
مَحَل دَار ۔ شاہی زمانے کا ایک عہدہ دار جو شاہی محل کا انتظام اور حفاظت کرتا تھا ۔
مَحَل سَرَا ۔ محل ۔ حرم سرا ۔
مَحْمُول ۔ گمان کیا ہوا ۔ بوجھ لادا ہوا ۔
مِحَن ۔ (محنت کی جمع) ۔ بلائیں ۔ مصیبتیں ۔
مِحْنَتَانے (مِحْنَتَانَہ) ۔ وکیل کی فیس ۔ محنت کا صلہ ۔
مُحَوِّل ۔ پھرانے والا ۔ حوالے اور سپرد کرنے والا ۔
مَحْوِی ۔ حواس میں رہ کر ۔ حواس مجتمع کرکے ۔ بغیر جوش کے ۔

مُحِیط ۔ احاطہ کرنے والا ۔ گھیرا ۔ گولائی ۔
مُحِیطی ۔ حکیم بطلیموس کی ایک تصنیف کا نام ۔
مُخَادِین ۔ (میر مخادین) ایسا شخص جو شریف نہ ہو اور شریف بنے ۔
مُخْبِرے (مُخْبِر) ۔ خبر دینے والا ۔ جاسوس ۔ خفیہ نویس ۔
مَخْبُوط ۔ خبطی ۔ مجنون ۔ بدحواس ۔ سڑی ۔
مَخْبُوطُ الْحَوَاس ۔ دیوانہ ۔ پاگل ۔ سودائی ۔
مُخْتَار ۔ سرپرست ۔ سربراہ کار ۔ ایک قسم کا وکیل ۔
مُخْتَفِی ۔ چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ۔ خفیہ ۔
مُخْتَل ۔ خلل پایا ہوا ۔ بگڑا ہوا ۔ درہم برہم ۔
مُخَدَّرَہ ۔ پردہ نشین ۔ عورت ۔
مُخَدَّرَات ۔ (مخدرہ کی جمع) ۔ پردہ نشیں عورت ۔
مُحَقَّر ۔ حقیر شے ۔ معمولی چیز ۔
مَخْرُوطی ۔ گاجر کی شکل کا ۔ گاؤ دُم ۔
مَخْزَن ۔ ذخیرہ ۔ خزانہ ۔
مُخَضَّب ۔ خضاب کیا ہوا ۔ خضاب لگی ہوئی ڈاڑھی یا بال ۔
مُخِل ۔ خلل ڈالنے والا ۔ خلل انداز ۔ مفسد ۔ فتنہ پرداز ۔
مُخَلَّع ۔ خلعت دیا گیا ۔ خلعت پہنایا گیا ۔
مَخْمَصَہ ۔ جھمیلا ۔ بکھیڑا ۔ جھگڑا ۔
مَخْمَل ۔ ایک قسم کا کپڑا جس کی ایک طرف نہایت ملائم اور روئیں دار ہوتی ہے ۔
مَخْمُور ۔ متوالا ۔ شراب پیا ہوا ۔
مُخَنَّث ۔ زنخہ ۔ نامرد ۔ خنثیٰ ۔ ہیجڑا ۔ خواجہ سرا ۔
مُخَیَّم ۔ خیمہ لگانے کی جگہ ۔
مَدّا ۔ ارزاں ۔ سستا ۔ کم قیمت ۔
مَدَاخِل ۔ آمدنی ۔ مالیہ ۔ خراج ۔ محاصل ۔ داخل ہونے کا وقت ۔
مِدَاد ۔ لکھنے کی روشنائی ۔ دوات کی سیاہی ۔
مَدَار ۔ آک کا پودا ۔ ایک خودرو پودا جس کے پتوں سے دودھ اور ڈوڈوں سے روئی کی مانند ریشے نکلتے ہیں ۔
مَدَارِیے ۔ شاہ مدار ایک

مجذوب بزرگ گزرے ہیں، ان کے سلسلے کے درویشوں کو مداریا کہتے ہیں - ایک قسم کا حُقہ -

مَدارِی - شعبدہ باز - بازی گر - بندر، ریچھ اور سانپ کا تماشا کرنے والا -

مُدام - ہمیشہ - سدا - دائم -

مُداوَمَت - ہمیشگی - دوام - ثبات - قیام -

مُدَبِّر - تدبیر کرنے والا - عقل مند - دانش مند - صلاح کار -

مَدخُولَہ - گھر ڈالی ہوئی عورت - وہ عورت جس سے صحبت کی جائے -

مَدرِیا - مٹی کا حُقہ جس کو غربا خریدا کرتے ہیں -

مِدحَت سَرائی - تعریف گوئی - توصیف خوانی -

مُدَّعِی - دعویٰ کرنے والا - کسی بات کا دعویٰ کرنے والا اس حیثیت سے کہ میں اس کا مستحق خاص ہوں -

مُدَّعِی خِرَد - عقل کا دعوے دار - (مراداً) احمق - بے وقوف - نادان - عقل کا دشمن (ق) -

مُدَّعِیَہ - دعویٰ کرنے والی عورت - مستغیثہ -

مُدرِقَہ - کھانے سے پہلے بھوک بڑھانے والی چیز -

مُدَقِّق - باریکی جانچنے والا - باریک نکتہ پیدا کرنے والا - وہ ... جو بڑی تحقیق کے بعد ثابت ہوگئی ہو -

مَدقُوق - دق کا مریض -

مَدَک - ایک قسم کے نشے کا نام جو تمباکو کی طرح چلم میں رکھ کر پیا جاتا ہے - برگ تنبول مقراض سے کاٹتے اور افیون مقطر میں ڈال کر پکاتے اور چنے کے برابر گولیاں بنا کر خشک کر لیتے ہیں - ایک گولی چلم کے توے پر رکھتے اور جلتا ہوا انگارا اس پر ڈالتے ہیں اور حقے کے کش سے کھینچتے ہیں -

مَدَکِیے (مَدَکیا) - مدک کا نشہ پینے والا - مدک پینے والا -

مَدَک خَانَہ - نشہ گھر -

مَدُّو شَاہی پَیسَہ - ایک قسم کا موٹا پیسہ جس کا چلن اب ختم ہوگیا ہے -

مَدھ - مستی - نشہ - عنفوانِ شباب -

مَدُھر - سُریلا - شیریں - میٹھا - دھیما - نرم - معشوقانہ

رفتار۔
مُدَوَّر ۔ گول ۔ گرداگرد بھرا پھرایا ہوا۔
مَدِید ۔ دراز ۔ طویل ۔ طول ۔ لمبا۔
مُڈھ ۔ سردار ۔ سرگروہ ۔ سرغنہ۔
مُڈبھیڑ ۔ (مُٹھ بھیڑ) ۔ مقابلہ ۔ آمنا سامنا ۔ دو بدو۔
مُذَکَّر ۔ (مونث کی ضد) ۔ نر۔ مرد۔
مُذکُوری ۔ عدالت کا سپاہی۔ سمن وغیرہ تعمیل کرنے والا سپاہی۔
مَذمُوم ۔ بد، بُرا ۔ وہ امر جو بُرا مشہور ہو۔
مُذنِب ۔ گنہگار ۔ پاپی۔
مُذَہَّب ۔ سنہرا ۔ مُطلّا۔
مِراقی ۔ وہ جو مراق میں مبتلا ہو۔
مَرام ۔ مطلب ۔ مقصد ۔ مراد۔
مَرایا ۔ (جمع مرآۃ کی) ۔ آئینہ۔ شیشہ۔
مُرَبّیٰ (مُرَبّا) ۔ شکر کے قوام میں ڈالا ہوا پھل۔

مُرَبَّع نَشِینانِ چارِ بالِش
اِمارَت ۔ سرداری یا حکومت کی مسند پر آلتی پالتی (چوکڑی) مار کر بیٹھنے والے۔
مَربُھُکّل (مَربُھکّا) ۔ وہ شخص جو کھانے سے سیر نہ ہو۔ بہت زیادہ کھانے والا۔
مَرت ۔ موت ۔ ممات ۔ قضا۔
مُرتاض ۔ ریاضت کرنے والا ۔ عبادت میں مشقت کرنے والا۔
مُرتَد ۔ منحرف ۔ ملحد ۔ منکر ۔ اسلام سے پھرا ہوا۔
مُرتَسِم ۔ نقش پکڑنے والا ۔ نقش کیا ہوا ۔ چھپا ہوا ۔ نقش و نگار قبول کرنے والا۔
مُرتَشِی ۔ رشوت لینے والا ۔ رشوت خور۔
مُرتَفِع ۔ اُبھرا ہوا ۔ اونچا۔ بلند۔
مُرَجَّز ۔ نثر کی تین قسمیں (مرجز، مسجع ۔ عاری) میں سے ایک قسم یعنی ایسی نثر جس میں دو فقروں کے کلمات مقابل باہم ہم وزن ہوں۔
مُرچِڑا (مُرچڑا، مُونڈھ چِڑا) ۔ ایک قسم کے فقیر

جو اپنا سر زخمی کرکے بھیک مانگتے ہیں۔

مَرچَنگ - ایک قسم کے باجے کا نام جسے مُنھ میں پکڑ کر انگلیوں سے بجاتے ہیں۔

مرچوں کی ناس لینا - بکثرت چھینکیں آنا - پے در پے چھینکیں آنا (ق)

مرچیں لگنا - (محاورہ) - کسی بات کا نہایت ناگوار گزرنا - آگ سی لگ جانا۔

مَرحَبا - کلمۂ تعریف وتحسین - سُبحان اللہ - شاباش - خوش آمدید -

مَرحَبا مَرحَبا - خوش آمدید خوش آمدید - شاباش شاباش۔ کلمۂ تحسین وآفرین۔

مُردارِیاں (مُرداری)۔ (عو) چھپکلی - چلپاسہ۔

مَرد آدمی - شریف - اشراف - بھلا مانس - قاعدے کا آدمی۔

مَردَک - (مرد کی تصغیر) حقیر آدمی - ناکارہ۔

مَردُم آزار - لوگوں کو ستانے والا - ظالم - بے رحم۔

مَردُم دانا - صاحبِ عقل - دانش مند۔

مِردَنگ - پکھاوج کی قسم کا مگر اس سے زیادہ لمبا اور پتلا قدیم وضع کا ڈھول کی قسم کا باجا - ایک قسم کا شیشے کا فانوس جس پر شمع روشن کرکے رکھ دیتے ہیں۔

مَردُود - رد کیا ہوا - ملعون - نابکار - نالائق۔

مُردہ چاہے دوزخ میں جائے چاہے بہشت میں

(مثل) خود غرض کو اپنے کام سے کام ہے خواہ کوئی مرے یا جیے۔

مَردُوا - (مرد کی تصغیر بالتحقیر) (عو) مردک - مرد بیگانہ - غیر شخص - بہادر مرد۔

مَرز بُوم - پیدائش کی جگہ - جنم بھوم - زاد بوم۔

مِرزا پھویا / پھویا - نازک اندام - لاغر - دبلا پتلا آدمی۔

مِرزائی - بزرگی - شہزادگی - مرزا منش ہونے کی وضع۔

مَرزُوق - رزق دیا گیا۔

مَرصَاد - امید گاہ - انتظار - گھات۔

مُرصّع - جواہر جڑا ہوا - موزون الفاظ کی نظم یا نثر

جس میں الفاظ نگینے کی مانند جڑے ہوں۔
مَرغزار ۔ سبزہ زار۔ بیلا۔ ہرا بھرا جنگل۔چراگاہ۔
مُرغِ زرّیں ۔ تذرو ۔ مرغی کے برابر ایک پرندہ ہے جس کے پر چمکتے ہیں اور اس کا سبز رنگ ہوتا ہے اور سر پر کلغی ہوتی ہے۔
مُرغ کی ایک ٹانگ ۔ (مثل) وہاں بولتے ہیں جب کوئی بے جا بات پر اڑا رہے اور قائل نہ ہو۔
مُرغانِ خوش الحان ۔ وہ پرند جو انتہائی خوش آواز ہوں۔
مُرغِ خوش نوا ۔ خوش آواز پرند ۔ خوش گلو طائر۔
مَرغوب ۔ دل کش ۔ دل ربا۔ محبوب ۔ پیارا۔
مَرغولہ ۔ دھوئیں کا چھلا ۔ بالوں کا گھونگر۔
مرغولہ مُو ۔ وہ جس کے بال گھونگر والے ہوں ۔ پیچیدہ مُو ۔
مُرَفّہ ۔ آسودہ ۔ خوش معاش۔ فارغ البال ۔
مُرَفّہ حال ۔ خوش حال ۔ امیر۔

دولت مند۔
مَرقوم ۔ لکھا ہوا۔
مَرکَب ۔ سواری کی چیز۔
مَرکُوز ۔ جمایا ہوا۔ گڑا ہوا۔ ایک چیز پر نظر جمانا۔
مَرگِ مُفاجات ۔ ناگہانی موت ۔ اتفاقی موت ۔
مرگ چھالا ۔ ہرن کی بالوں سمیت کھال جس کو بچھا کر جوگی بیٹھا کرتے ہیں۔
مَرگھٹ ۔ وہ مقام جہاں ہنود کے مُردے جلائے جاتے ہیں۔
مِرگی ۔ ایک مرض جس میں آدمی اچانک زمین پر گر کر بے ہوش ہو جاتا ہے، ہاتھ پیر ٹیڑھے ہو جاتے ہیں اور مُنھ سے جھاگ نکلنا شروع ہو جاتا ہے۔
مَرنجان مَرنج (مرنج و مرنجان)۔ وہ شخص جو ہر حالت میں خوش رہے۔
مُرَنڈا ۔ چُرمُر۔ سوکھا ہوا۔
مَرواریِد ۔ موتی ۔ گوہر۔ دُر۔
مُرَوَّق ۔ صاف کی ہوئی چیز۔ خاص طور سے سیال چیزوں کے لیے استعمال ہوتا ہے جیسے پانی، شراب وغیرہ۔

مُرَوَّق ۔ مصفّا ۔ صاف کیا ہوا۔ مقطر ۔ خالص ۔

مَرْوِی ۔ روایت کیا ہوا۔

مَرہم ۔ وہ گاڑھی، نرم اور چکنی دوا جو زخم پر لگائی جاتی ہے ۔

مَرئی ۔ جو چیز دیکھنے میں آئے ۔ جس کو دیکھ سکیں ۔

مُرّی ۔ گرہ ۔ پھندا ۔ ایک قسم کا چکن کا کام ۔ دھاگے وغیرہ کے بٹنے سے جو پیچ پڑکر گرہ سی پڑجاتی ہے اس کو مُرّی کہتے ہیں ۔

مِرّی ۔ اول ۔ اول آنے والا۔ پہلے نمبر پر ۔

مِرّیخ ۔ ایک سیارے کا نام جو علم نجوم کے اعتبار سے ساتویں آسمان پر ہے، اسے منحوس سمجھا جاتا ہے ۔

مُرِید ۔ پیر کے ہاتھ پر بیعت کرنے والا ۔ معتقد ۔ چیلا ۔ کسی کی مکمل پیروی کرنے والا ۔

مَرِیَل ٹٹّو ۔ نہایت سست ۔ انتہائی کاہل ۔

مَڑَک (عو) ۔ کجی ۔ ٹیڑھ ۔ اکڑ ۔ اینٹھ ۔ ساز باز ۔ تدبیر ۔ چال ۔

مَڑُوڑِی ۔ (بٹیر بازوں کی اصطلاح) بٹیر لڑانے میں ایک بٹیر کا دوسرے بٹیر کی کھال کو پکڑ کے مروڑ دینا ۔

مِزَاج میں دَخَل ہُونَا ۔ مزاج میں رسائی ہونا ۔ مزاج میں دخیل ہونا ۔

مِزَاج میں رَعُونَت ہُونَا ۔ غرور ہونا ۔ تمکنت ہونا ۔

مِزَاح سَمَات ۔ مزاح سے بھرپور ۔ مزاح آمیز ۔

مُزَارِع ۔ کسان ۔ کاشت کار ۔ کھیتی کرنے والا ۔

مُزَارِعِین ۔ (جمع مزارع کی) کسان ۔ کاشت کار ۔

مُزَخْرَف ۔ جھوٹی بات سچی کر دکھائی ہو ۔ بناوٹ کی بات

مُزَخْرَفَات ۔ (مُزخرف کی جمع) ۔ ملمع کی ہوئی شے ۔

مَزْدُورَا ۔ (عوام) مزدور ۔

مَزْدُورِے ۔ (عوام) مزدور ۔

مَزْرَع ۔ کھیتی ۔ کھیت ۔ کشت ۔

مُزَعْفَر ۔ کیسری بھات ۔ زعفرانی ۔ زعفران کا رنگ اور خوشبو دے کر پکائے ہوئے میٹھے چاول ۔ بعض باورچی سویّوں کو بھی مذکورہ طریق پر پکاتے اور سویّوں کا مُزعفر کہتے ہیں لیکن مزعفر سے مراد زعفرانی رنگ کے پُرتکلف پکائے ہوئے میٹھے چاول ہیں ۔

مُزْمِن - پُرانا - کہنہ - دیرینہ -
مزہ کرکرا ہونا - (محاورہ) -
بے لُطف ہونا - رنگ میں بھنگ
ہونا - مزہ کھنڈت ہونا -
مُزْوَج - شادی شدہ -
مُزَوِّر - جھوٹا - مکر و فریب
کرنے والا - کسی چیز کو ٹھیک کرنے
والا -
مُزِیل - نشان مٹانے والا -
کسی چیز کے آثار دُور کرنے
والا -
مُسَاعِد - موافق - مددگار -
مَسَاعِی - (مَسعَات کی جمع) -
کوشش -
مَسَا کر کے - انتہائی درجہ -
بہت سے بہت - حد سے حد -
وقت کے ساتھ - بمشکل -
مُسَافِرت - سفر - سیاحی -
پردیس -
مُسَبِّبُ الْاَسْبَاب - اللہ
تعالیٰ - سببوں کا سبب قائم
کرنے والا -
مُسْتَجَان - فرشتے -
مُسْتَثْنیٰ - الگ کیا گیا - چُنا
گیا - ماسوا - الا - مگر - بجز -
اصطلاح نحو میں وہ اسم جو
حرف استثنا کے بعد واقع ہو -
مُسْتَجَابُ الدَّعْوَات -
جس کی دعا قبول ہو - جس کی
دعا بارگاہِ الٰہی میں شرف
قبولیت پائے -
مُسْتَخْرَج - اپنے میں سے باہر
لایا ہو -
مُسَجَّع - قافیے دار عبارت -
وہ مضمون جس میں قافیہ کا
اہتمام ہو -
مُسَخَّر - تسخیر کیا گیا - تابع کیا
گیا - فرماں بردار -
مطیع -
مُسْتَدعِی - خواہش مند -
استدعا کرنے والا -
مُسْتَشْرِق - یورپ کا وہ
عالم جو مشرقی علوم میں مہارت
حاصل کرے -
مُسْتَطَاب - خوشگوار -
اچھا - عمدہ - خوب - مبارک -
سعید - نیک -
مُسْتَغْنِی - آزاد - بری - بے
پروا - آسودہ حال - مطمئن -
مُسْتَفِید - فائدہ چاہنے
والا - فائدہ طلب کرنے والا -
فائدہ اٹھانے والا -
مُسْتَفِیض - فیض چاہنے والا -
فیض کا خواہاں -
مُسْتَغِیث - فریادی -
استغاثہ کرنے والا -
مَسْتَک - ہاتھی کی پیشانی -
مَسْتَک گاہ - ماتھا ٹیکنے

کی جگہ ۔ (مراداً) پیشانی (ق) ۔
مُستَنَد ۔ سند پایا ہوا ۔ مصدقہ ۔ معتبر ۔
مَستُور ۔ چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ۔
مَستُول ۔ جہاز یا کشتی کا ستون ۔
مُستَولی ۔ قابو پانے والا ۔ چھانے والا ۔ غلبہ کرنے والا ۔
مُستَہلَام ۔ سرگشتہ ۔ حیران ۔ مُستہام ۔
مَسَٹ ۔ سکوت ۔ خاموشی ۔
مَسَٹ مَارنَا ۔ (محاورہ) چپ سادھنا ۔ خاموش رہنا ۔ اپنے عیب یا غلطی چھپانے کے لیے خاموش ہو کر پڑے رہنا ۔
مَسَٹَا مَارنَا ۔ (عوام) سکوت اختیار کرنا ۔
مُسَجَّع ۔ سجع کیا ہوا ۔ مقفیٰ عبارت ۔ وہ عبارت یا مضمون جس کے الفاظ آپس میں ہم قافیہ یا ہم وزن ہوں ۔ اگر نثر میں قافیے فقرے کے درمیان اور فقرے کے آخر میں ہوں تو وہ نثر مرصع ہے اور اگر صرف فقرے کے آخر میں ہوں تو وہ کلام مسجع ہے ۔
مَسخَری ۔ (مسخرہ کی تانیث) ٹھٹھے باز ۔ مذاقیہ ۔ ہنسوڑ ۔ ظریف ۔
مَسدُود ۔ بند کیا ہوا ۔ رُکا ہوا ۔ بند ۔
مِسَرجی ۔ ایک قسم کے برہمنوں کا لقب ۔
مِسرَانی ۔ مسر کی جورو ۔ مسرائن ۔
مَسرُور ۔ خوش ۔ شادماں ۔
مِسطَر ۔ سطریں کھینچنے کا آلہ ۔ پیمانہ ۔ سطریں درست کرنے کا آلہ ۔
مَسطُور ۔ لکھا ہوا ۔ مسطر بندی کیا ہوا ۔
مُسکِت چپ کرنے والا ۔
مِسکوٹ ۔ صلاح ۔ مشورہ ۔ خفیہ سازش ۔
مُسَکِّن ۔ تسکین دینے والا ۔
مُسَکِّنَات ۔ آرام دینے والا ۔
مِسکِین ۔ مفلس ۔ کنگال ۔ نادار ۔ اصطلاح فقہ میں وہ شخص جس کے پاس کوئی مال نہ ہو ۔
مِسَل ۔ مقدمے کی کارروائی کے کاغذات جو ایک جگہ منسلک

رہوں پر روداد مقدمہ۔
مُسَلّمُ الثبُوت ۔ وہ بات جو ثبوت کی محتاج نہ ہو۔
مُسَلّمات ۔ تسلیم کی ہوئی باتیں۔
مِسْمار ۔ گرایا ہوا۔ چوبا۔ کیل۔
مِسْمَریزم ۔ ایک علم جس میں تصوّر یا خیال کا اثر دوسرے کے دل پر ڈال کر پوشیدہ اور آئندہ کے حالات پوچھے جاتے ہیں۔
مُسِن ۔ بوڑھا۔ زیادہ عمر والا۔
مُسُوس ۔ مروڑ۔
مَسْمُوم ۔ زہر دیا گیا۔ وہ جس نے زہر کھا لیا ہو۔ زہریلا۔
مَسنجر ۔ (انگریزی) پیغام رساں۔ پیام بر۔ پیامی۔
مَسْنَد ۔ بیٹھنے کی جگہ۔ تکیہ گاہ۔
مَسُور ۔ ایک قسم کا غلہ جس کی دال بناتے ہیں۔
مَسہری ۔ چھپر کھٹ۔ ایک قسم کا پردہ دار پلنگ جو مکھیوں مچھروں سے محفوظ ہو کر سونے کے لیے بنایا جاتا ہے۔
مُسْہِل ۔ دست آور۔ وہ دوا جس سے دست آئیں۔ جلاب۔
مَسْئَلہ اِمتِناعِ تداخُل ۔ ایک دوسرے میں دخل اندازی کی ممانعت کا مسئلہ۔
مَسْئُول ۔ سوال کیا ہوا۔ چاہا ہوا۔ مانگا گیا۔ ذمّہ دار جواب۔
مِسّی کی دَھڑی ۔ (عو) مسی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں۔ ایک قسم کا منجن جسے عورتیں بطور سنگار استعمال کرتی ہیں اس سے دانت سیاہ اور چمک دار ہوتے ہیں۔
مَسِیْلی ۔ بانکپن۔
مَسِیں بھیگنا ۔ (محاورہ)۔ سبزہ آغاز ہونا۔ جوانی کا آغاز۔ مونچھوں کا رواں نکلنا۔
مُشارکت ۔ آپس میں شرکت کرنا۔
مَشّاطہ ۔ کنگھی کرنے والی عورت۔ زن مزین۔ نائن۔
مُشّاق ۔ کسی کام میں نہایت مشق رکھنے والا۔ ماہر۔ تجربے کار۔ خوب واقف۔
مُشّاقی ۔ مہارت۔ تجربہ۔ دست رس۔
مُشاہَدہ ۔ دید۔ معائنہ۔ دیکھنا۔ عینی۔ تجربہ۔ نظارہ۔
مَشّا فگانِ چابُک دَسْت ۔ بنانے سنوارنے والی ماہر

عورتیں۔

مُشَبَّک ۔ جالی دار چیز۔ جالی۔ وہ کھڑکی یا روشن دان جس میں باریک سوراخ ہوں یا جالی لگی ہو۔

مُشتِ اُستخواں ۔ مٹھی بھر ہڈیاں (کنایتہً) لاغر۔ بہت دُبلا پتلا۔

مُشتِ مال ۔ مالش جو پہلوان جسم کے سخت ہو جانے کے لیے کرتے ہیں اور اس مالش کو بھی کہتے ہیں جو حمامی بدن کا میل چھڑانے کے لیے کرتے ہیں۔

مُشتاق ۔ آرزومند۔ شائق۔ طالب۔ خواہش مند۔

مُشتَری ۔ خریدار۔ مول لینے والا۔

مُشتَری خِصال ۔ اچھی عادتوں والا۔ مشتری ایک مشہور ستارہ جس کے اثرات علم نجوم کے مطابق عادات و اطوار پر اچھے مرتب ہوتے ہیں۔

مُشتَہَر ۔ شہرت دیا گیا۔ مشہور کیا گیا۔

مَشرُوع ۔ ایک قسم کا کپڑا جس کے پائجامے پہنے جاتے تھے۔ حکم شریعت کے مطابق جائز۔

مَشعَلِ دَستی ۔ دستی شمع۔

مُشفِق ۔ مہربان۔ شفیق۔ دوست۔

مُشک ہے ۔ (مراداً) بیش قیمت۔ انمول۔ بے مثل۔ بے نظیر۔ لاجواب (ق)۔

مُشکبار ۔ مشک برسانے والا۔ کمال معطر۔

مُشکبُو ۔ جس میں مشک کی خوشبو ہو۔ خوشبودار۔ معطر۔ معنبر۔

مُشک بیز ۔ خوشبودار۔ مشک میں بسا ہوا۔

مُشکِل کُشا ۔ مشکل آسان کرنے والا۔ مصیبت دُور کرنے والا۔ (کنایتہً) حضرت علی (شیعوں کا خیال)۔

مُشکوئے مُعَلّیٰ ۔ بت خانہ (کنایتہً) بادشاہوں کی حرم سرا۔ امراؤ سلاطین اور رؤسا کا دولت خانہ۔

مَشکُور ۔ ممنون۔ شکر کیا ہوا۔

مُشکیزوں (مُشکیزہ) ۔ پانی کی چھوٹی مشک۔

مُشکیں کَسنا ۔ شانوں کو پشت کی جانب ملا کر جکڑنا۔

مِشَن ۔ پادریوں کے رہنے کی جگہ۔ پیغام۔ تبلیغ۔ مقصد۔

مَشِیَّتِ الٰہی ۔ تقدیر الٰہی۔ خدا کی مرضی۔
مَشِیخَت ۔ شیخی۔ ڈینگ۔
مُشَیَّد ان ۔ گچ اور چونے سے پکا کیا ہوا ۔ مضبوط ۔ استوار۔
مُشِیر ۔ صلاح کار ۔ رائے دینے والا۔ کارپرداز ۔ مصاحب ۔ تدبیر بتانے والا۔
مُشَبّن ۔ شان دار ۔ خوبصورت۔ رعب داب والا۔
مُصَاحِب ۔ ساتھی ۔ خاص دوست ۔
مُصَاحِبَت ۔ سنگت ۔ ہم جلیسی ۔ ہم نشینی ۔ ساتھ رہنا ۔
مَصَاف ۔ لڑائی کا میدان۔ لڑائی ۔ جنگ ۔
مُصَافحَہ ۔ ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانے کا عمل ۔
مَصَائِب (مصیبت کی جمع)۔ رنج ۔ دکھ ۔ تکلیف ۔
مِصبَاح ۔ چراغ ۔ صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ ۔
مُصَحِّح ۔ پروف ریڈر۔ صحیح کرنے والا۔
مُصحَف ۔ کتاب ۔ آسمانی کتاب۔ قرآن شریف کے لیے بھی مستعمل ۔
مُصحَفِ رُخ ۔ فارسیوں نے عارض، رخ ، رخسار وغیرہ کا مصحف سے استعارہ کیا ہے، کتابی چہرہ ۔
مُصِر ۔ اصرار کرنے والا ۔ کسی چیز پر اڑ جانے والا ۔
مِصر کے مِینَار ۔ ان کو اہرام کہا جاتا ہے ۔ یہ قدیم مصری بادشاہوں کے مقبرے ہیں جن کے اندر ان کی لاشیں مسالے لگا کر محفوظ رکھی گئی ہیں اور ساتھ ہی مال وزر بھی ۔ یہ بہت مضبوط پتھر کے اونچے میناروں کی شکل کے بنے ہوئے ہیں ۔
مَصرَف ۔ خرچ کرنے کی جگہ۔ خرچ کرنے کا موقع ۔ مطلب کا کام۔
مُصطَلحَات ۔ (مصطلح کی جمع) ۔ اصطلاح ۔ وہ لفظ جس کے خاص معنی مقرر ہوں ۔
مُصَفّا ۔ پاک ۔ صاف ۔ نتھرا ۔
مُصَمَّت ۔ خاموش ۔ بے ہوش ۔
مُصَمَّم ۔ مضبوط و مستحکم ارادہ کیا گیا ۔ مقصد کیا گیا ۔

مُصَنَّفَات - کتابیں - تصنیفات۔

مُصَوِّر - نقاش - آرٹسٹ - رنگ بھرنے والا - خداتعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

مُصَوَّر - باتصویر - تصویر بنایا گیا -

مَصُؤن - محفوظ - نگہبانی کیا گیا -

مَضَار - نقصان - نقصان کی جگہ -

مُضَاف - اضافہ - منسوب - متعلق - زیادہ کیا گیا۔

مُضَایَقَہ - حرج - قباحت - تنگی - دشواری -

مُضْجَعَہ - (مُضجع) خواب گاہ۔

مِضْرَاب - لوہے کا وہ تار جو تکونا ہوتا ہے جس سے ستار بجاتے ہیں -

مُضْغَہ - گوشت کا ٹکڑا - ایک نوالے کے برابر - لوتھڑا۔

مِضْمَار - وہ جگہ جہاں گھوڑے دوڑتے ہیں - میدان -

مُضْمَحِل - سست - اداس - محو ہونے والا - نابود ہونے والا -

مَضْمُوم - پیش (ُ) لگایا ہوا۔ ملایا ہوا۔

مَضٰی مَا مَضٰی - جو گزر گیا سو گزر گیا۔

مُطَالَعَہ - کسی چیز کو اس سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے دیکھنا - کتب بینی - کسی کتاب یا تحریر کو غور سے پڑھنا۔

مُطَالَعَہ کَرنَا - کتاب کو بغور پڑھنا - کتاب دیکھنا - کتاب کا بغور تمام اور اس کی عبارت کے مطالب بخوبی سمجھنا۔

مُطَایَبَہ - خوش طبعی - ظرافت - مہذب تفریح -

مَطَایَبَات - (جمع مطایبہ کی)۔ تہذیب کے ساتھ دل لگی کرنا - کسی کے ساتھ خوش طبعی اور مزاح کرنا۔

مَطْبَخ - باورچی خانہ - کھانا پکانے کی جگہ -

مَطْبُوع - پسند کی ہوئی چیز - چھاپی ہوئی چیز۔

مَطْبُوعَہ (مطبوع کی تانیث) - پسندیدہ - مرغوب -

مُطْرِب - خوش کرنے والا - گانے والا۔

مَطْرُوح - حقیر - بے وقر - ناپسندیدہ -

مَطْرُود - مردود - مردودِ بارگاہ۔ راندہ - دھتکارا ہوا - نکالا ہوا۔

مُطْلَق - آزاد - بے قید -

بالکل۔ قطعی۔

مُطلَقُ العِنَان ۔ بے لگام ۔ بے باک ۔ خود رائے۔ من موجی ۔ خود مختار۔

مَطلِعِ الفجر ۔ صبح ہونے کا وقت ۔ صبح سویرے۔

مَطعُون ۔ بدنام ۔ رسوا۔

مُطَلاَّ ۔ سونے کا کام کیا ہوا (صفت) سنہرا۔ طلائی۔ زریں۔

مُطَہَّر ۔ پاک صاف ۔ معصوم ۔ مبرا۔

مَظہَرُ العَجَائِب ۔ عجائبات کی نمائش گاہ ۔ جس سے عجیب عجیب چیزیں ظاہر ہوں۔

مَعَ الخَیر ۔ سلامتی سے ۔ بخیر و عافیت ۔

مَعاً ۔ فوراً ۔ اسی وقت ۔ فی الفور۔

مُعاف ۔ بخشا ہوا ۔ آزاد ۔ بری ۔

مُعَالِج ۔ حکیم ۔ ڈاکٹر۔

مُعَالِجَہ ۔ علاج ۔ دوا دارو۔

مُعَانَقَہ ۔ بغل گیری ۔ باہم گلے ملنا۔

مُعَانِد ۔ دشمن ۔ عناد رکھنے والا۔

مَعَانِی ۔ (معنی کی جمع) وہ علم جس سے الفاظ کا صحیح موقع استعمال اور معنوں کا درست و موزوں ہونا معلوم ہوتا ہے ۔ علو و بلندی ۔

مدعا ۔ مراد ۔ منشا ۔ سبب ۔ باعث ۔

مُعَاوَنَت ۔ مددگاری ۔ امداد۔ تائید۔

مَعبَد ۔ عبادت گاہ ۔ جائے پرستش ۔

مَعبَر ۔ گھاٹ ۔ دریا عبور کرنے کی جگہ۔

مُعتَبَر ۔ بھروسے کے قابل ۔ اعتبار کیا ہوا۔

مُعتَقِد ۔ اعتقاد رکھنے والا۔

مُعتَکِف ۔ اعتکاف کرنے والا۔ گوشہ نشین ۔

مُعتَمَد ۔ قابلِ اعتماد ۔ سیکریٹری۔ سکتر۔

مَعتُوب ۔ عتاب کیا ہوا۔

مُعجِب ۔ مغرور ۔ متکبر۔ گھمنڈی ۔

مَعدِن ۔ کان ۔ کھان ۔ چاندی اور سونے وغیرہ کی کان ۔

مَعدِنیَّات ۔ وہ چیزیں جو کان سے نکلتی ہیں۔ دھاتیں ۔

مُعَرَّا ۔ خالی ۔ برہنہ ۔ سادہ ۔

مِعرَاج ۔ درجۂ اعلیٰ ۔ بلند رتبہ ۔ وہ درجہ جس سے زیادہ تصور میں نہ آسکے ۔

مَعرِض ۔ دوران ۔

مَعْرُوض - پیش کیا ہوا۔ عرض کیا ہوا۔
مُعَزَّز - عزّت دار - باوقعت۔ بزرگ۔
مَعْزُولی - برطرفی - موقوفی - تخت یا گدی سے اتارا جانا۔
مَعْزِی اِلَیہ - جس کی طرف نسبت کی جائے۔ اس کی طرف منسوب کیا گیا۔
مَعْصِیات - گناہ - خطائیں۔ غلطیاں۔
مُعَطَّل - بے کار - نکما - سست - کاہل - کچھ دنوں کے لیے بے کار۔
مُعَظَّم - بزرگ - بڑا شریف۔ واجب التعظیم۔
مَعْقُول و مَنْقُول - عقلی اور نقلی دلائل۔
مَعْقُولات - (معقول کی جمع)۔ حکمت و فلسفہ و منطق کی کتابیں۔
مُعَلَّق - لٹکا ہوا - ادھر - آویزاں۔
مُعَلِّمی - استادی - مدرسی۔
مُعَمّا - پوشیدہ - مبہم - پہیلی - پیچیدہ بات - وہ بات جو بطور رمز بیان کی جائے۔
مِعْمار - راج - آباد کرنے والا۔ عمارت بنانے والا۔

مُعَمَّر - عمر رسیدہ - بوڑھا۔
مَعْمُورَہ - آباد - بھرا ہوا۔
مُعَنْبَر - وہ چیز جس میں عنبر ملایا گیا ہو۔ خوشبودار - سیاہ رنگ۔
مَعْنًا - معنی کے مطابق - معنی کے اعتبار سے۔
مَعْنَوِی - باطنی - اندرونی - اصلی - حقیقی۔
مَعْہُودَہ - مقررہ - معینہ۔
مَعْیُوب - خراب - عیب دار۔
مُغْبَچہ - مے فروش کا لڑکا - وہ خوب صورت لڑکا جو شراب خانے میں شراب پلاتا ہے۔
مَغَار - کھوہ - وہ غار جو پہاڑ میں ہو۔
مَغَاک - گڑھا۔
مُغَایَرت - غیریت باہمی - بیگانگی - ناموافقت۔
مُغْتَنَم - غنیمت سمجھا گیا - غنیمت۔
مُغْتَنَمات - ثقہ - معتبر - غنیمت سمجھا ہوا۔
مُغْرَق - غرق کیا ہوا - چمکیلا - گنگا جمنی۔
مَغْزن کرنا - کوشش کرنا - دماغ لڑانا - دماغ کھپانا - سر مغزنی کرنا۔
مِغْفَر - خود - لوہے کا ٹوپ جو

لڑائی میں پہنتے ہیں۔
مَغْفِرت ۔ بخشش ۔ نجات ۔
مَغْفُور ۔ جنتی ۔ بہشتی ۔
مُغَل ۔ تاتاریوں کا ایک قبیلہ ۔ نام قوم ۔
مُغلانی ۔ درزن ۔ کپڑے سینے والی۔ عورت خاص کر اس عورت کو کو کہتے ہیں جو خواتین مغلیہ کے خاص وضع اور تراش کے کپڑے سیا کرتی تھی ۔ محل سرا میں رہنے والی ملازمہ ۔
مُغَلَّظ ۔ گاڑھا ۔ موٹا ۔ گندہ ۔ ناپاک ۔
مُغْلَق ۔ دقیق ۔ مشکل کلام ۔ وہ کلام جس کے معنی مشکل سے سمجھ میں آئیں ۔
مُغْلی ۔ مغلوں سے منسوب ۔ مغلوں کی طرز کا ۔
مُغلی پراٹھے ۔ ایک خاص قسم کے پراٹھے ۔ (ق)
مُغْلِیے ۔ مغل قوم کا آدمی ۔
مَغْمُوم ۔ غمگین ۔ رنجیدہ ۔
مُغَنّی ۔ گویا ۔ ڈوم ۔ مطرب ۔ رامش گر ۔
مُفاوَضَہ ۔ خط بڑے کا چھوٹے کو ۔ مشورہ کرنا ۔ بات کہنا ۔
مُفت کا ۔ بے فائدہ ۔ بلا وجہ ۔ ناحق ۔ بے کار ۔
مَفْتُوحَہ ۔ فتح کیا گیا ۔ کھولا گیا ۔

مَفْتُون ۔ شیفتہ ۔ عاشق ۔
مَفَر ۔ بچاؤ ۔ چارۂ کار ۔ بھاگنے کی جگہ ۔
مُفَرِّح ۔ اصطلاح طب میں وہ دوا جو طبیعت کو فرحت دے ۔
مُفْسِد ۔ فساد کرنے والا ۔ جھگڑالو ۔ شریر ۔
مُفْسِدہ پَرداز ۔ فسادی ۔ فتنہ انگیز ۔ جھگڑالو ۔
مَفْقُود ۔ غائب ۔ ناپید ۔ کھویا ہوا ۔
مَفْقُودُ الْخَبَر ۔ گم شدہ ۔ لاپتہ ۔ وہ شخص جس کی کچھ خبر نہ ہو ۔
مُفْلِس ۔ غریب ۔ کنگال ۔ نادار ۔ بے زر ۔
مُفْلِس کی جَوانی جاڑے کی چاندنی ۔ دونوں صرف دیکھنے میں اچھی ، طبیعت کو مفلس کی رنج پہنچانے والی ۔
مُفْلِسی میں آٹا گیلا ۔ (مثل) مفلسی میں ایسے مصارف کا پیش آنا جن سے گریز نہ ہو ۔ تکلیف میں تکلیف ہونا ۔ مفلسی میں نقصان ہونے کے موقع پر بولتے ہیں ۔
مُقابہ (مُقابا) ۔ سنگاردان ۔ پاندان ۔

مُقارنَت ۔ اکٹھا ہونا۔
مُقاوَمَت ۔ مقابلہ ۔ برابری ۔
مِقبَض ۔ وہ رسی جس سے ہاتھ پاؤں چوپائے کے باندھیں بروقت دودھ دوہنے کے تاکہ وہ شوخی نہ کرے ۔
مَقبِض ۔ قبضہ ۔ دستہ۔
مُقبُولہ کرانا ۔ (دعو) اقرار لینا۔
مُقتَفِی ۔ پیچھے آنے والا ۔
مَقتَل ۔ قتل گاہ ۔ قتل کرنے کی جگہ ۔
مُقدّس ۔ بزرگ ۔ فرشتہ خصلت۔ آدمی ۔ متشرع ۔
مُقدّمَۃُ الجَیش ۔ ہراول فوج ۔ وہ لشکر جو آگے بھیج دیا جائے ۔ فوج کا افسر اعلیٰ ۔
مُقدّم ۔ واجب ۔ ضروری ۔ لازم۔ فرض ۔
مُقدّمہ چُکانا ۔ مقدمہ طے کرانا۔ مقدمہ نپٹانا ۔
مُقِر ۔ اقرار کرنے والا۔
مِقراض ۔ قینچی ۔ کترنی ۔
مُقرّب ۔ مصاحب ۔ خاص دوست ۔ ہم راز ۔
مَقرُوض ۔ جس پر کسی کا قرض آتا ہو ۔ مدیون ۔
مَقرُون ۔ نزدیک کیا ہوا ۔ ملایا ہوا ۔
مَقسُوم ۔ قسمت ۔ مقدر ۔

نصیب ۔
مُقشّر ۔ چھلکا اتاری ہوئی چیز۔ چھیلی ہوئی چیز۔
مُقصّر ۔ تقصیر کرنے والا ۔ کم کرنے والا ۔ قصوروار۔
مُ[illegible] ۔ گہری جگہ ۔ گہرا گڑھا۔
مُقفّیٰ ۔ قافیہ دار ۔ قافیہ کیا گیا۔
مُقفّص ۔ قفس میں قید کیا ہوا۔ قید کیا ہوا ۔
مَقناطِیس ۔ ایک قسم کا پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے ۔
مِقنَع ۔ سر سے پیر تک اوڑھنے کی باریک چادر۔
مُقیّش ۔ چاندی سونے کے تاروں کی جھاکر۔
مُقیماں ۔ فارسی کی ایک کتاب کا نام۔
مُکافات ۔ عوض ۔ بدلہ ۔ تاوان۔ سزا ۔
مُکائد وحِیَل ۔ (مکیدہ کی جمع، حیلہ کی جمع) ۔ بد اندیشی ۔ بدسگالی۔ دھوکا ۔ چھل بل ۔
مُکتَفِی ۔ کافی ۔ کفایت کرنے والا۔
مُکتی ۔ نجات ۔ بخشش ۔ مغفرت ۔
مُکدّر ۔ کدورت آمیز ۔ گدلا ۔ میلا ۔ منغض (مجازاً) رنجیدہ۔
مَکر ۔ فریب ۔ دھوکا۔
مُکلّف ۔ پُرتکلّف ۔ مزین ۔

سجا ہوا۔ بھڑکیلا۔
مُکلّل ۔ چمکتا ہوا۔ ملمع کیا ہوا۔ تاج سر پر رکھا ہوا۔
مَکنا (مَکھنا) ۔ ایک قسم کا بڑا ہاتھی جو جھوم جھوم کر چلتا ہے۔
مَکنُون ۔ پوشیدہ ۔ مخفی ۔ چھپایا ہوا۔
مَکھّی چُوس ۔ کنجوس ، ایسا کنجوس کہ اگر سالن میں مکھی گر جائے تو اسے بھی چوس کر پھینکے۔
مَکھّی نَاک پَر نہ بیٹھنے دینا ۔ (مثل) بڑے صاحبِ غیرت ہیں۔ بہت بد دماغ اور نازک مزاج ہیں۔ کسی کا احسان نہیں اٹھاتے۔
مَکھِیاں مَارْنا ۔ (محاورہ) بیکار رہنا۔ بے شغل رہنا۔
مُگدر ۔ وہ گاؤدم خرادی ہوئی لکڑیاں جنھیں ورزش کے لیے ہاتھوں میں پکڑ کر گھماتے ہیں، مگدر دو ہوتے ہیں، ان کو مگدر کی جوڑی کہتے ہیں۔
مَگر مچھ ۔ گھڑیال ۔ نہنگ۔
مَگری (مگرا کی تانیث) ۔ گھنّا ۔ وہ شخص جو غرور کے سبب کسی کی نہ سُنے۔ متکبر۔ خود پسند۔ ڈھیٹھ۔ گھنی۔
مَگھئی ۔ ایک قسم کا پان۔
مَگھئی کا مُنھ کالا ، ڈھوبا گرد

کرڈالا ۔ عمدہ پان کی تعریف میں کہا جاتا ہے کہ ہر قسم کا پان لکھنؤ کے پان کے مقابلے میں ہیچ ہے (ت)۔
مُل ۔ کلمۂ استثنا ، مگر کی جگہ۔
مَلاءِ اَعلیٰ ۔ فرشتے۔
مَلاّحی ۔ وہ گالیاں جو کسی کا بے نام لیے دی جائیں۔
مَلاّحی چیرنا ۔ پیرنے کا ایک خاص طریقہ جس میں لمبے لمبے ہاتھ مار کر دریا کا راستہ جلد طے کیا جاتا ہے۔
مُلاّ کی دوڑ مسجد تک ۔ (مثل) ہر شخص کی کوشش اس کے حوصلے اور مقدور تک ہوتی ہے، جہاں تک آدمی کی دسترس ہو اس سے آگے نہیں جاسکتا۔
مَلاحت ۔ خوب صورتی ۔ سانولا رنگ۔
مَلار ۔ وہ گیت جو برسات کے موسم میں گائے جاتے ہیں ۔ ملہار۔
مُلتَفِت ۔ توجہ کرنے والا۔ التفات کرنے والا۔
مُلتَہِب ۔ شعلہ بھڑکنے والا ۔ آگ بھڑکنے والی۔
مُلتَہَب ۔ شعلہ زن ۔ بھڑکتا ہوا۔
مُلتَمِس ۔ التماس کرنے والا۔ متوجہ ہونے والا۔
مِلح ۔ نمک ، شورہ۔
مُلحِد ۔ بے دین ۔ راہِ حق سے پھرا

ہوا۔ کافر۔ اللہ کا منکر۔
مَلَاذ ۔ پناہ کی جگہ۔
مُلحق ۔ جڑنے والا۔ ملنے والا۔
مُلَر مُلَر ۔ (عو) حسرت اور افسوس ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ہے۔
مَلَکُ الموَت ۔ موت کا فرشتہ۔ عزرائیل ۔ جان نکالنے والا۔
مَلِکُ الشُعَرَا ۔ شاعروں کا بادشاہ۔ بہت بڑا شاعر۔ راج کوی۔ وہ خطاب جو بادشاہ کی طرف سے اعلیٰ درجے کے شاعر کو دیا جائے۔
مَلَکُوتی صِفَات ۔ اچھی عادتوں والا۔ فرشتوں جیسی خصلتوں والا۔
مَلَکہ ۔ مشق۔ عبارت۔ استعداد۔ ہُنر۔
مَلگجا ۔ مٹی کے رنگ کا میلا۔ بوسیدہ۔ اور میلا۔ وہ کپڑا جس میں ملنے دلنے یا بے احتیاطی سے استعمال کرنے سے شکنیں پڑجائیں۔
مَلگجا پن ۔ مٹی کے رنگ کا۔ غبار آلود۔ کچھ میلا کچھ اُجلا۔
مَلعُون ۔ لعنت کیا ہوا۔ مردود۔
مَلُول ۔ رنجیدہ۔ اُداس۔ رنجور۔ غمگین۔
مِلی بھگت ۔ سازش۔ باہمی مشورہ۔

مِلَیٹری (مِلٹری) ۔ فوج۔
مِلٹری سیکرٹری ۔ فوجی سیکرٹری۔
مَلیح نمکین ۔ سانولی۔ سلونی رنگ
مَلیدَہ ۔ روٹی کے چھوٹے چھوٹے ریزے جو شکر اور گھی میں ملا کر حلوا بناتے ہیں (کنایتہً) ہر چیز جو ٹکڑے ٹکڑے کرکے مَل ڈالی گئی ہو۔
مُمانی (مَامی) ۔ (ماموں کی تانیث) ماں کی بہن۔
مِمبر ۔ رکن مجلس۔ کمیٹی کا رکن۔ حصہ دار۔ شریک۔
مَمدُوح ۔ جس کی تعریف کی گئی ہو۔ تعریف کیا گیا۔
مُمتَنِع ۔ روکنے والا۔ باز رکھنے والا۔
مُمزُوج ۔ ملایا ہوا۔ آمیختہ۔
مُمسِک ۔ امساک بڑھانے والا۔ کنجوس۔ بخیل۔ شوم۔
مَملُو ۔ بھرا ہوا۔ پُر۔ لبریز۔
مَن بھائے مُنڈیا ہلائے ۔ (مثل) سرہلاکر پسندیدگی کا اظہار کرنا۔
مِن و عَن ۔ لفظ بہ لفظ۔

بہ تمام۔
مُناجات ۔ وہ نظم جس میں خدا کی تعریف اور اپنی فروتنی ظاہر کر کے دعا اور التجا کی جائے۔ دعا۔ عرض۔ التجا۔
مُنادِی ۔ اعلان کرنے والا۔ ڈھنڈورچی۔ دہل کی آواز جو اس غرض سے ہو کہ لوگ آگاہ ہو جائیں۔
مَنارِ مِصر (اَہرَامِ مِصر) ۔ چار پہلو مخروطی مینار۔ مصر کے مختلف علاقوں میں پائے جاتے ہیں اور یہ قدیم فراعنہ مصر کے مقبرے ہیں جو کئی ہزار سال قبل مسیح تعمیر ہوئے ثابت ہوتے ہیں۔
مَنَازِل (منزل کی جمع)۔ اترنے کی جگہیں۔ درجے۔ مقامات۔ فرودگاہیں۔
مَنَاصِب (منصب کی جمع)۔ رتبہ۔ عہدہ۔ درجہ۔ مرتبہ۔
مُنَاظَرہ ۔ بحث کرنے کا علم۔ باہمی بحث۔ جھگڑا۔
مَنَافِذ (منفذ کی جمع)۔ جاری ہونے کی راہ۔
مَنَاقِیر (جمع منقار کی)۔ چونچ۔
مَنَال ۔ یافت کی جگہ۔ جائداد۔ دولت۔
مَنَّان ۔ بہت احسان کرنے والا۔ خدا تعالیٰ کا نام۔
مَنَاہِج ۔ (جمع منہج کی)۔ راہیں راست اور کشادہ۔
مَنَّت ۔ مانی ہوئی کوئی بات۔ کسی مراد کے واسطے نذر نیاز۔
مَنَّت مَاننا ۔ نذر ماننا۔
مُنتَرِی ۔ ہادی۔ راہبر۔ پیر۔ مرشد۔ صلاح کار۔ وزیر۔ مشیر۔ ساحر۔ فسوں ساز۔
مِنَٹ ۔ گھنٹے کی ساٹھواں حصہ۔ ساٹھ سیکنڈ کا وقفہ۔ پل۔
مُنجَذِب ۔ جذب ہونے والا۔
مَنجھدَار ۔ سمندر یا دریا کے بیچ کی دھار (کنایۃً) مصیبت۔ عین مصیبت۔
مَنجھولا ۔ وہ چیز جو میانہ اور متوسط ہو یعنی نہ بہت بڑی نہ بہت چھوٹی۔
مُنجی ۔ نجات دہندہ۔
مَنجِیرا ۔ پیتل کی دو تھالیاں جو طبلے کے ساتھ بجائی جاتی ہیں۔
مَنحُوس ۔ نا مبارک۔ بدبخت۔
مُنحَنِی ۔ دُبلا۔ لاغر۔ کمزور۔
مُندرَا ۔ جوگیوں کے کان کا کنڈل۔ کان کا ایک زیور۔
مِندِیل ۔ ایک خاص قسم کی گول ٹوپی (اردو بول چال میں

بالفتح ہے)۔

مَنْدِیل باز۔ شعبدہ باز۔ جادوگر۔

مُنْڈِے (مُنْڈا)۔ ایک قسم کا جوتا جس کی نوک نہیں ہوتی۔

مُنْڈاسا۔ پھینٹا۔ عمامہ۔ پگڑی۔ دستار۔

مُنْڈھے (مُنْڈھا)۔ وہ سائبان جو ہندوؤں میں شادی کے روز بطور رسم تانا جاتا ہے اور جس کے نیچے دُلہا دُلھن کے پھیرے ہوتے ہیں۔

مَنْڈھے کے تلے۔ وہ کپڑے کا سائبان یا شامیانہ جو ہندوؤں میں شادی کے روز بطور رسم کے اندر تانا جاتا ہے۔

مَنْڈِی۔ تجارت گاہ۔ تھوک فروشی کی جگہ۔ بڑا بازار۔

مُنْڈیر۔ دیوار کا اوپر کا حصّہ جو ڈھلوان ہوتا ہے۔

مَنْسُوخ۔ ترک کیا گیا۔ رد کیا ہوا۔

مُنُش۔ آدمی۔ مرد۔ بزرگ۔ گھروالا۔

مُنْشق۔ ٹکڑے اڑنے والا۔ پھٹنے والا۔

مَنِش۔ طبیعت۔ مزاج۔ عادت (مجازاً) دل۔

مُنْشِی۔ لکھنے والا۔ محرر۔ خوش قلم۔ خوش تحریر۔

مُنْشِی گَرِی۔ محرری۔ مضمون نگاری۔

مُنَشِّی۔ نشہ لانے والی چیز۔

مُنْصَرِم۔ منتظم۔ مہتمم۔ انصرام کرنے والا۔ پیش کار۔ ریڈر۔

مُنْصَرِمی۔ منصرم کا عہدہ۔ پیش کاری۔

مُنْصِف۔ ایک عہدہ دار۔ عادل۔ انصاف کرنے والا۔ چھوٹا جج۔

مُنْصِفی۔ منصف کا عہدہ۔

مَنْصُوب۔ قائم کیا ہوا۔ نصب کیا ہوا۔

مَنْصُور۔ ایک ولی کا نام۔ مظفر۔ فتح مند۔

مَنْطِق۔ علم معقول۔ وہ علم جو کلام کی صحت اور اس کے بطلان میں مدد بخشتا ہے۔ عقلی دلائل سے حق کو حق اور ناحق کو ناحق ثابت کر دیتا ہے۔ علم حکمت کی ایک شاخ جس سے آدمی میں معقول گفتگو کرنے کا مادہ پیدا ہو جاتا ہے۔ وہی خیالات کا تصفیہ اور ذہن کی آراستگی کرنے والا علم۔

مِنْطَقَۃُ الْبُرُوج ۔ وہ بڑا دائرہ جس پر آسمانی بارہ بُرج واقع ہیں۔

مَنْظُوری ۔ اجازت ۔ قبولیت ۔ پسند۔

مُنْعَقِد ہونا ۔ ٹھہرنا ۔ قائم ہونا۔ برپا ہونا۔

مُنْعَکِس ۔ عکس قبول کرنے والا ۔ شعاع جو لوٹ کر آئی ہو۔

مُنَغَّص ۔ مکدر ۔ رنجیدہ ۔

مُنْفَصِل ۔ جدا ۔ علٰحدہ ۔ فیصل ہونے والا۔

مُنْفَعَت ۔ فائدہ ۔ سودمندی۔

مُنْفَعِل ۔ شرمندہ ۔ اثر قبول کرنے والا۔

مُنْقَاد ۔ مطیع ۔ فرماں بردار۔

مَنْقُوش ۔ نقش کیا ہوا ۔ لکھا گیا ۔

مَنْکا ۔ تسبیح یا مالا کا دانہ ۔ گردن کا مہرہ ۔

مُنْکِر ۔ انکار کرنے والا ۔ تسلیم نہ کرنے والا۔

مُنْکَر نَکِیر ۔ دو فرشتے جو مرنے کے بعد قبر میں سوال و جواب کے لیے آتے ہیں ۔

مَنْکَنا ۔ چوکنا ہونا ۔ عذر و حجت کرنا ۔

مَنْکے تک نہیں ۔ چونکے تک نہیں، کچھ توجہ نہ کی ۔ بے اعتنائی۔

مَنْکُوحَہ ۔ نکاح کی ہوئی عورت ۔ زوجہ ۔ جورو۔

مَنْگَچِھی ۔ (منگوچی ۔ منگوچھی) مونگ کی تلی ہوئی بریاں ۔

مَنْگَری ۔ (موگری) ۔ کوٹنے کا آلہ ۔

مُنْمُنا ۔ چھوٹا ۔ پستہ قد ۔ حقیر ۔ ذلیل ۔

مُنھ آنا ۔ (محاورہ) ۔ آوازے کسنا ۔ طعنہ مارنا ۔ بُرا بھلا کہنا۔ منھ میں چھالے پڑ جانا۔

مُنھ اندھیرے ۔ سویرے سویرے ۔ تڑکے تڑکے ۔ دن نکلے ۔

مُنھ بنانا ۔ (محاورہ) ۔ خفگی کا اظہار کرنا ۔ ناراض ہونا ۔ چہرے کی بُری صورت بنانا ۔ تیوری چڑھانا ۔

مُنھ پر ہوائیاں اُڑنا / چھوٹنا ۔ (محاورہ) ۔ حواس باختہ ہونا ۔ گھبرا جانا ۔ چہرے کا رنگ اُڑ جانا ۔

مُنھ پھٹ ۔ زبان دراز ۔ بدزبان ۔ موقع بے موقع بولنے والا۔

مُنھ تاکنا / تکنا (محاورہ)۔ حیران رہ جانا ۔ حسرت یاس

کی نگاہوں سے دیکھنا۔ تعجب سے دیکھنا۔ لاجواب ہو جانا۔

مُنْھ چڑھانا ۔ (محاورہ) ۔ گستاخ کرنا۔ سرچڑھانا۔ مقرب بنانا۔ مصاحب بنانا۔ ناک چڑھانا۔ ناپسند کرنا۔

مُنْھ چڑھنا ۔ (محاورہ) ۔ مقابل ہونا۔ برابری کرنا۔ ہم سری کا دعویٰ کرنا۔

مُنْھ سے پھُول جھڑنا ۔ (محاورہ) خوش گفتار ہونا۔ شیریں کلام ہونا (طنزاً) بد زبان ہونا۔

مُنْھ سے پھُوٹے بھی (پھُوٹو) ۔ مُنھ سے پھُوٹنا۔ بولنا۔ کچھ کہنا۔ جواب دینا۔

مُنْھ کالا ۔ بدنام۔ رسوا (بددعا) خدا غارت کرے۔ خدا کھوئے۔

مُنْھ کے آگے ناک سُوجھے کیا خاک ۔ ذہن اگر غبار آلود ہو تو صحیح فیصلہ مشکل ہے۔

مُنْھ کی کھانا ۔ (محاورہ) ۔ خفت اٹھانا۔ شرمندہ ہونا۔ اپنے مُنھ سے آپ قائل ہونا۔

مُنْھ لگانا ۔ (محاورہ) ۔ ڈھیٹ بنانا۔ گستاخ بنانا۔ التفات کرنا۔

مُنْھ لگائی ڈُومنی گائے تال بے تال ۔ (مثل) ۔ ڈوم بولتے ہیں جب کوئی ذراسی مہربانی کے سبب بہت سر چڑھے۔

مُنْھ میں پانی بھر آنا ۔ (محاورہ) جی للچانا۔ نہایت خواہش ہونا۔

مُنْھ میں دانت نہ پیٹ میں آنت ۔ (مثل) اس شخص کو کہتے ہیں جو بہت بوڑھا ہو۔

مُنْھ میں گھی شکّر ۔ (تمہارے) (مثل) کوئی خوشی کی بات سنائے تو کہتے ہیں۔

مُنْھ نہ لگانا (محاورہ) ۔ قابل التفات نہ سمجھنا۔ حقیر جاننا۔ بات نہ پوچھنا۔ توجہ نہ کرنا۔

مُنْہار ۔ (مونث منہارن) ۔ کانچ کی چوڑیاں بنانے اور پہنانے والا۔ شیشہ گر۔

مُنْہَزِم ۔ شکست کھانے والا۔ پیٹھ دکھانے والا۔ لڑائی سے بھاگنے والا۔

مُنْہَل ۔ وہ جگہ جہاں پانی پینے کو ملے، وہ چشمہ جو چراگاہ اور جنگل میں ہو جس میں چوپائے اور آدمی پانی پئیں۔

مُنہِیات ۔ منع کی ہوئی چیزیں ۔ وہ افعال جن کا ذکر کرنا شرع کے حکم سے منع ہے ۔

مُنیٰ ۔ آدمی ۔ بندہ ۔

مُنی ۔ زاہد ۔ رشی ۔ مرتاض ۔

مُنِیب ۔ میرمنشی ۔ منیم ۔ رجوع کرنے والا ۔ توبہ کرنے والا ۔

مُوبَاف ۔ چوٹی کو پیٹنے کی پٹی

مُوبَمُو ۔ تمام و کمال ۔ بال بال ۔ حرف بہ حرف ۔ ذرا ذرا ۔

مُوا ۔ مرگیا ۔ فوت ہوگیا (مونث کے لیے موئی) ۔ (صفت) عورتیں جب کسی شخص یا چیز سے آزردہ ہوتی ہیں تو یہ کلمہ کم بخت، بدنصیب کی جگہ کہتی ہیں ۔

مُوا بُو تَک ۔ عورتوں کی زبان میں کم بخت ۔ بدنصیب ۔ بدقسمت ۔

مُوا ہَو لاَ خَبطَہ ۔ ہولا ۔ خبطا ۔ بدحواس ۔

مَوّاج ۔ لہریں مارنے والا ۔ بڑا موج مارنے والا ۔

مُوَاخَذَہ ۔ ٹوکنا ۔ جواب لینا ۔ جواب طلبی ۔ گرفت ۔ باز پرس ۔

مُوَاصَلَت ۔ ملاقات ۔ ملاپ ۔ میل جول ۔

مُوتِیَا ۔ بیلے کی ایک عمدہ قسم ۔ ہلکا پیلا رنگ ۔

مُوٹاپا ۔ مٹاپا ۔ فربہی ۔ دبیزپن ۔

مُوٹھ ۔ دستہ ۔ قبضہ ۔ گرفت (لکھنو) ۔ بٹیر بازوں کے بٹیر کے ہاتھ میں رکھنے کو موٹھ کہتے ہیں ، اس سے بٹیر کی وحشت جاتی رہتی ہے ۔

مُوجِد ۔ بانی ۔ ایجاد کرنے والا ۔ نئی بات نکالنے والا ۔

مُوجُود ہُونا ۔ حاضر ہونا ۔ سامنے ہونا ۔ مہیا ہونا ۔ پایا جانا ۔

مُوچی کا مُوچی ۔ ذلیل کا ذلیل ہی رہا ۔ جیسا تھا ویسا ہی رہا ۔ کنگال کا کنگال ۔

مُوچی گَری ۔ چرم دوزی ۔ موچی کا پیشہ ۔ جوتی بنانے کا ہنر یا فن ۔

مُؤَدَّب ۔ شائستہ ۔ مہذب ۔ تہذیب یافتہ ۔

مَوَدَّت ۔ محبت ۔ دوستی ۔ یگانگت ۔

مُؤَذِّن ۔ اذان دینے والا ۔

مُوذِی ۔ ایذا دینے والا ۔ تکلیف پہنچانے والا ۔ آزار دہندہ ۔ ظالم ۔ جابر ۔ شریر ۔ بدذات ۔

مُور و مَلَخ ۔ چیونٹی اور ٹیڑھی ۔ کیڑے مکوڑوں کا بکجائی کام ۔

مُورَت - صورت - بُت - پتھر یا دھات کی بنی ہوئی شبیہ۔ پُتلی -

مُورْچَہ (مورچا) - خندق - کھائی - وہ خندق جو لڑائی کے لیے کھودتے ہیں - وہ فوج جو مورچے پر لڑائی کے لیے ہو -

مُورچَھل - مور کے پروں کا چنور جس سے مگس رانی کرتے ہیں -

مُوَرِّخ - تاریخ نگار - تاریخ لکھنے والا -

مُورَکھ - (ہندو) جاہل - نادان - ناواقف (صفت)- بے وقوف -

مُورِیلُوں (مُورِیلَہ، مُرِیلاَ) مور کا بچہ

مَوزُوں طَبَع - وہ شخص جس کی طبیعت میں شعر کہنے کی صلاحیت ہو -

مُوس کے کھا جانا - (محاورہ) کسی کا مال دغا فریب سے کھا جانا - ٹھگ کر یا لوٹ کر کھا جانا -

مُوصُوف - تعریف کیا گیا - ممدوح -

مَوعِظَت - نصیحت کرنا - پند و نصیحت - اچھی باتوں کی ہدایت اور بری باتوں سے روکنا -

مَوفُور - زیادتی کیا ہوا - وافر کیا گیا - بہت - بکثرت - پورا - مکمل -

مَوقَع - جائے وقوع - کسی کام کے کرنے کی جگہ -

مَوقُوف - نوکری سے علٰحدہ کیا گیا - برخاست کیا گیا -

مَوقُوف ہُونَا - منحصر ہونا - دارو مدار ہونا - مبنی ہونا -

مُوَکِّل - امانت دار - ذمہ دار - محافظ - وہ فرشتہ جو کسی کام پر مقرر ہو -

مُوَکِّل - وہ شخص جو وکیل مقرر کرے - اپنا کام وکیل کو دینے والا -

مُوکَھا - بڑا سا سوراخ - روشن دان - بڑا روزن جو گھر کی دیوار میں اندر گھر کے عورتیں اپنے ہمسایوں کی عورتوں سے باتوں اور رسم و راہ کے لیے بنا لیتی ہیں -

مُوگَرا - بیلے کی قسم کا ایک پھول - بڑا بیلا -

مُول - قیمت، دام -

مَولَد - پیدا ہونے کی جگہ - جائے ولادت - وطن -

مَولسِری - ایک درخت اور اس کے پھل پھول کا نام، اس کے پھولوں کی بھینی بھینی مہک بڑی

خوش گوار معلوم ہوتی ہے۔

مُولوِی ۔ معلم ۔ مدرس ۔ بچوں کو دینیات اور قرآن پڑھانے والا ۔

مُولی ۔ ایک ترکاری کا نام ۔ ایک قسم کی سبزی کا نام جسے کھاتے ہیں ۔

مَوم کی ناک ۔ غیر مستقل مزاج ۔ وہ شخص جسے جس طرف چاہو کرلو ۔ وہ جو ہر ایک کے کہنے میں آجائے ۔

مُومیائی ۔ چوٹ کے لیے ایک کالی دوا ۔

مُومی چھینٹ ۔ ایک قسم کی نہایت ملائم چھینٹ ۔

مُومن ۔ شیعہ ۔ امامیہ مذہب کا آدمی ۔

مُونج (مُونجھ) ۔ سرکنڈے کی چوٹی کے ارد گرد کا چھلکا جس کو کاٹ کر رسی بناتے ہیں ۔

مُونچھ مُنڈانا / مُوچھ مُنڈوانا (محاورہ) موچھوں پر استرا پھروانا ۔ اپنی غلطی ماننا ۔ ہار تسلیم کرنا ۔

مُونچھ مُنڈوا ڈالوں ۔ اپنے دعوے کی صحت اور زور دینے کے محل پر کہتے ہیں ۔

مُونچھوں / مُوچھوں پر تاؤ دینا ۔ (محاورہ) موچھوں کے بالوں کو بل دینا ۔ اپنی بڑائی کرنا ۔ غصہ، غرور یا کسی اہم کام کا قصد ظاہر کرنے کے لیے ایسا کرتے ہیں ۔

مُونڈا (مُونڈھا) ۔ سرکنڈوں اور مونج کی بنی ہوئی کرسی ۔

مُونڈھا ۔ پٹے بازی میں ایک قسم کی ضرب جو حریف کے شانے پر مارتے ہیں ۔

مُونڈی کاٹا ۔ ایک کلمہ ہے جو عورتوں کے محاورے میں جس وقت کوئی ان کے خلاف بات کہتا ہے یا کسی سے بے زاری ظاہر کرتی ہیں تو یہ کلمہ اس کے حق میں زبان پر لاتی ہیں ۔

مُونِس ۔ آرام دینے والا ۔ ساتھی ۔ دوست ۔

مُونگریاں / مُونگری ۔ ایک قسم کا کھانا جو مونگ سے بنایا جاتا ہے ۔ مونگ کی بڑی ۔

مَوہبَت ۔ بخشش ۔ عطا ۔ پیش کش ۔

مَوہن بھوگ ۔ ایک قسم کی مٹھائی ۔ ایک قسم کا حلوہ ۔

مَوہنا ۔ فریفتہ کرنا ۔ عاشق بنانا ۔

تسخیر کرنا۔ جادو کرنا۔
مَوْہنی ۔ دلربائی۔ دلبری۔ دلفریبی۔
مَوہُوم ۔ وہمی۔ قیاسی۔ فرضی۔
مُوئی نکھٹّی ۔ موئی۔ کم بخت۔ نگوڑی۔ بدنصیب۔ اجڑی۔ خانہ خراب۔ (مراداً) بلی۔
مُوئے (مُوا کی جمع) اب متروک ہے۔ مرگیا۔ فوت ہوگیا۔
مُوئے پَر سَو دُرّے ۔ مرنے کے بعد بھی دو در سزا ہے۔ آفت پر آفت آئی۔ مصیبت زدہ پر مستزاد مصیبت۔
مُوئے مَیاں (موئے کمر)۔ پتلی کمر۔
مَہ پارَہ ۔ چاند کا ٹکڑا۔ خوبصورت۔ معشوق۔
مَہ جَبِیں (ماہ جبیں) ۔ چاند کی ایسی پیشانی رکھنے والا۔ (مجازاً) حسین۔ خوب صورت۔ معشوق۔
مَہاجَن ۔ دولت مند۔ غنی۔ سوداگر۔ بیوپاری۔
مَہراج (مَہاراج) ۔ بڑا راجا۔ بادشاہ۔ برہمنوں اور ہندوؤں کے اونچے خاندان کا خطاب۔ مہاراجا۔
مَہاوَت ۔ فیل بان۔
مَہْبِط ۔ اترنے کی جگہ۔

مَہْتابی ۔ سیرِ مہتاب کے لیے وہ کھلی ہوئی جگہ جو مکان کی بالائی چھت پر ہوتی ہے۔ ایک قسم کی آتش بازی جس کے روشن کرنے سے چاندنی سی چھٹک جاتی ہے۔
مَہتابیوں (مہتابی) ۔ ایک قسم کا پھل۔ (ق)
مَہْتارِی ۔ (ہندو) ماں۔ والدہ۔
مِہْتَر ۔ خاک روب۔ بھنگی۔ حلال خور۔
مِہْترانی ۔ (مہتر کی تانیث) ۔ بھنگن۔
مُہْتَمِم ۔ منتظم۔ سربراہ کار۔ اہتمام کرنے والا۔
مِہْرْبان ۔ محبت کرنے والا۔ شفیق۔ دوست۔ یار۔
مِہرِ عالَم تاب ۔ سورج۔ آفتاب۔
مِہْرارُو ۔ (ہندو، عو) استری۔ جورو۔
مُہْرَہ ۔ شطرنج کا مہرہ۔ گوٹ۔
مَہْزُول ۔ لاغر۔ دبلا پتلا۔
مَہْزُوم ۔ شکست کھایا ہوا۔
مَہَک ۔ خوشبو۔ پھولوں کی تیز بو۔ بھینی بھینی خوشبو۔
مَہکا ۔ مجھ کو۔ مجھے (ق) ۔ (عوام کی زبان)۔
مَہکوَارَہ ۔ عطر (ق)
مَہکنا ۔ معطر ہونا۔ خوشبو پھیلنا۔

مَہمیز ۔ لوہے کا کانٹا جو سواروں کی ایڑی پر لگا ہوتا ہے اور اس سے گھوڑے کو ایڑ دیتے ہیں ۔

مَہنا مَتھ ۔ (مانا مت، مانمت)۔ غل شور مچانا کے ساتھ ۔

مَہنا مَت مچانا ۔ رونا ۔ پیٹنا ۔ چیخنا چلانا ۔ بلبلانا ۔

مَہنال ۔ وہ پیتل، چاندی خواہ جست کی نلی جو حقے کی نے کے آگے لگاتے ہیں ۔

مَہنت ۔ جوگی ۔ تکیہ دار ۔ فقیروں کا سردار ۔ گسائیں ۔

مَہری ۔ کہاری ۔ خادمہ ۔

مُہلِک ۔ مار ڈالنے والا ۔ قاتل ۔ ضرر رساں ۔

مَہمانی ۔ دعوت ۔ تواضع ۔ مہمان داری ۔

مَہمُوم ۔ مغموم ۔ غمگین ۔

مَہُوبا ۔ ہندوستان میں ایک مقام کا نام جہاں کے پان مشہور ہیں ۔

مَہیلا ۔ گھوڑوں کے لیے ابلے ہوئے موٹھ کے دانے جس میں گڑ وغیرہ بھی ڈالتے ہیں، تشبیہاً نہایت بے مزہ کھانا ۔

مَہین ۔ باریک ۔ پتلا ۔ نازپروردہ ۔ کومل (صفت) ضعیف ۔ لاغر ۔

مِیاں ٹِیاں ۔ شور و غوغا ۔

دخل در معقولات (ق) ۔

مِیاں بِیوی راضی تو کیا کرے گا قاضی ۔ (مثل) ۔ جب آپس میں اتفاق ہو تو دوسرا کس طرح دخل در معقولات کر سکتا ہے ۔

مِیاں کُودوں دے کے پڑھے ہو ۔ ناقص تعلیم پانا ۔ کم خرچ کر کے پڑھنا ۔

مِیاں کی جُوتی مِیاں کا سَر ۔ (مثل) اپنے ہاتھوں لاچار ہوگیا ۔ آدمی اپنے ہاتھوں کیے پر مجبور ہے ۔

مِیاں مِٹھو ۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا ۔ پیار سے طوطے کو کہتے ہیں ۔ اپنی تعریف آپ کرنے والا ۔

مَیانہ ۔ (میانے) ایک قسم کی پالکی ۔

مَیبذی ۔ عربی میں علم فلسفہ و ہیئت کی مشہور کتاب جو عربی مدارس کے نصاب میں داخل ہے ۔

مِیٹھا مِیٹھا ہپ کڑوا کڑوا تُھو ۔ (مثل) اچھی اچھی چیز لے لینا ۔ بُری چیز سے پرہیز کرنا ۔

میٹھی پوئی ۔ گھوڑے کی چال جو خوش خرامی اور اعتدال کے ساتھ ہو۔
میٹھی نیند ۔ خواب راحت ۔ سُکھ کی نیند۔
میٹھی وَضع ۔ دل لبھانے والا انداز ۔ خوش اندازی ۔ دل پسند وضع (ق)۔
میٹھے ۔ ایک قسم کا شیریں لیمو ۔
میٹھے ٹکڑے ۔ گڑ یا شکر میں پکے ہوئے روٹی، خمیری روٹی یا شیرمال کے ٹکڑے ۔
میجر ۔ ایک فوجی عہدہ جو کپتان سے اوپر اور لفٹیننٹ کرنل سے نیچے ہوتا ہے۔
مَیڈیکل آفسر ۔ معالج ۔ طبیب ۔ ڈاکٹر۔
میر بخشی ۔ زمانۂ شاہی میں تنخواہ تقسیم کرنے والا ۔ خزانچی ۔
میر شکار ۔ وہ ملازم شاہی جس کے متعلق شکاری جانوروں کی نگرانی ہو ۔
میر فیصل ۔ سرپنچ ۔ قاضی ۔ لڑائی جھگڑے کا فیصلہ کرانے والا۔
میرزا منش ۔ نازک دماغ ۔ شاہانہ دماغ کا آدمی ۔
میری اُلٹی کی سُننے والے ۔ دعائیہ کلمات ۔ اللہ ہر طرح کی دعا قبول کرتا ہے ۔
میز ۔ کھانا کھانے یا کتابیں وغیرہ رکھنے کا تختہ ۔ ٹیبل (مراداً) دسترخوان ۔
میزان پٹنا ۔ موافقت ہونا۔ سودا ہونا ۔ رائے ملنا۔ تعلقات استوار رہنا۔
مَیسرہ ۔ فوج کا بایاں حصّہ ۔
میکے (میکا) ۔ عورت کے والدین کا گھر۔
میکھ ۔ مینڈھا۔ بھیڑا۔ آسمان کے اول برج کا نام جو مینڈھے کی صورت سے مشابہ ہے ۔
میگ ڈنبر (میگ ڈمبر)۔ وہ لکڑی کا مکان جس میں شاہان اودھ سفر کیا کرتے تھے، اس مکان میں قلابے لگے ہوتے تھے، یہ مکان ہاتھی لے کر چلتے تھے اور اس غرض سے کہ حرکت نہ ہو سیکڑوں کہار یہ مکان نیچے سے اُٹھائے رہتے تھے، پینس کی طرح اس میں ڈنڈے لگے ہوتے تھے۔
میگزین ۔ بارود خانہ ۔
مَے گسار ۔ شرابی ۔ شراب پینے والا۔
مَیل ۔ ایک کلمہ ہے جس سے فیل بان ہاتھی چلاتے ہیں، جس طرح ہاتھی کو اُٹھانے کو دھت دھت کہتے ہیں اسی طرح ہاتھی کے چلانے

کو میل میل کہتے ہیں۔
مِیلاَ ٹھیلا ۔ سیر و تماشا ۔ بھیڑ بھاڑ ۔
مَیلاَ کُچیلاَ ۔ خاک دھول میں بھرا ہوا ۔
مَیم ۔ بیگم ۔ خاتون ۔ خانم ۔ لیڈی ۔ میڈم کی بگڑی ہوئی شکل ۔
مَیمَنت ۔ برکت کی جگہ ۔ سعادت ۔ برکت ۔
مَیمنَہ ۔ فوج کا دایاں حصّہ ۔
مَیمُون ۔ مبارک ۔ مسعود ۔ خجستہ ۔ نیک بخت ۔ اقبال مند ۔
مَیں خُوش مَیرا خُدا خُوش ۔ بطبیب خاطر کسی بات کو منظور کرنے پر یہ فقرہ کہا جاتا ہے ۔ میں راضی ہوں، میری مین خوشی ہے ۔
مِین مِیکھ ۔ قباحت ۔ عیب ۔
مِین مِیکھ نکالنا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔ عیب نکالنا ۔ خواہ مخواہ اعتراض کرنا ۔
مِینا بازار ۔ ایک کتاب کا نام ۔
مَینڈک (مینڈکی تانیث) ۔ ایک قسم کا آبی جانور جو برسات میں پیدا ہو کر تالابوں اور جوہڑوں کے کنارے ٹرٹراتا ہے ۔
مَینڈکی بھی چلی مَدارُوں کو ۔ (مثل) کمینے یا نکمّے آدمی نے بھی بڑا حوصلہ کیا ۔
مَینڈھا اُچھلنا ۔ (کنایتہً) ہوا کی شدت سے دریا میں موجیں اٹھنا ۔
مَینڈِھیاں ۔ لڑکیوں کے چھوٹے چھوٹے بال جن کو اس لیے گوندھتے ہیں کہ وہ چہرے پر نہ بکھرے رہیں ۔
مِینُو اَمِین ۔ جنّت نظیر ۔ خوبصورت ۔
مِینُو سَواد ۔ زیبا ۔ خوبصورت ۔
مَیوَۂ تر ۔ تازہ میوے مراد امرود ۔ سیب ۔ ناشپاتی وغیرہ ۔
مِیوَہ فَروش ۔ پھل بیچنے والا ۔ پھل پھلاری بیچنے والا ۔

ن

نابائستہ ۔ ناشائستہ ۔ نازیبا۔ نامناسب ۔ نالائق ۔

نابر ۔ (عو) عذر کرنے والا ۔ انکار کرنے والا ۔

نابکار ۔ ایک دشنام (صفت) بدکردار ۔ بدذات ۔ شریر ۔

نابلد ۔ پردیسی ۔ انجان ۔

ناتجربہ کار ۔ ناواقف ۔ اناڑی ۔ نوآموز ۔

ناتجربہ کاری ۔ اناڑی پن ۔ تجربہ کار نہ ہونا ۔ ناآزمودہ کار ہونا ۔

ناچاقی ۔ بدمزگی ۔ ان بن ۔ رنجش ۔ بگاڑ ۔

ناخدا ۔ ملاح ۔ کشتی بان ۔ کشتی کا مالک ۔

ناحق بن ناحق ۔ خواہ مخواہ ۔ بلا وجہ ۔ بلا سبب ۔ بلا جواز ۔

ناخریدہ غلام ۔ بغیر پیسے کوڑی کا غلام ۔ بندۂ احسان ۔

ناخلف ۔ نالائق ۔ نااہل ۔ جو باپ کے موافق نہ ہو ۔ یہ لفظ اولاد کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

ناساز ۔ ناموافق ۔ مخالف ۔ برعکس ۔ ناراست ۔ ناسازگار ۔

ناسفتہ ۔ بغیر بیدھا ہوا ۔ بغیر پرویا ہوا موتی ۔

ناشکیب ۔ بے صبر ۔

ناصواب ۔ غلط ۔ نادرست ۔ بری بات ۔

ناعاقبت اندیش ۔ بات کا انجام نہ سوچنے والا ۔ کوتہ اندیش ۔

ناکتخدا ۔ بن بیاہا ۔ بے شادی شدہ ۔ کنوارا ۔ کنواری ۔

ناکند ۔ وہ بچھڑا جس کے ابھی تک دودھ کے دانت ہوں ۔ ایک برس کی عمر تک کا گھوڑا ۔

ناگفتہ بہ ۔ خراب ۔ جس کا نہ کہنا اچھا ہو ۔

نامحرم ۔ ناواقف ۔ ناآشنا ۔ انجان ۔ غیر ۔

نامساعد ۔ ناموافق ۔ برخلاف ۔

نامساعدت ۔ ناموافقت ۔

ناتا جوڑنا ۔ رشتہ جوڑنا ۔ قرابت قائم کرنا ۔ تعلق پیدا کرنا ۔

ناپی بوٹی ناپا شروا ۔ کنجوسی اور خست کے محل پر ۔

ناتھ - بیلوں کی ناک کی رسی۔
ناثر - نثرنگار - مضمون وغیرہ لکھنے والا۔
ناجی - نجات پانے والا - تکلیف سے رہائی پانے والا مرد۔
ناچ دکھانا / دیکھنا - (محاورہ) کسی کے آگے ناچنا - رقص دکھانا۔ تھرکنا۔ رقص کرنا۔
ناچ کھلاڑی دِھنگ دِھنّا بندر نچانے والے کے بول۔
ناچ نچانا - (محاورہ) حیران و پریشان کرنا - دق کرنا - بہت زیادہ عاجز کرنا۔
ناخن بازی - ستار یا سارنگی۔ ایک تارہ اور طنبورہ کے تاروں کو ناخن سے چھیڑنا۔
نادباری - ایک نیچ ذات۔
نادرہ کار - ایسا کام جو دوسرا نہ کرسکتا ہو۔
نادری چڑھانا - (گنجفہ بازوں کی اصطلاح) - گنجفہ بازی میں اکے کو نادری کہتے ہیں جب کسی فریق مقابل کے پاس پتا نہیں رہتا اس وقت مذاق سے کہتے ہیں کہ پتے برابر میانی کترالو۔

نادری حکم - نادرشاہ کا سا حکم۔ سخت اور جابرانہ حکم جس کی تعمیل میں چون و چرا کی گنجائش نہ ہو۔
نار - (ناری کا مخفف) عورت۔ بیوی۔
نارپستاں - وہ لڑکی جس کی چھاتیاں تنگی نہ ہوں۔
نارمل - وہ مدرسہ جس میں ابتدائی مدرسین کو اصول تدریس کی تعلیم دی جائے۔
نارنج - سنترہ - چکوترہ - سنترے کی قسم کا کوئی ترش پھل۔ نارنگی۔
نارنگی - چھوٹا نارنگ۔
ناری - عورت - زن - بیوی - استری - زوجہ۔
ناریل - حقہ جو ناریل میں سوراخ کرکے گودا نکال کر بناتے ہیں۔
نارائن - (ہندو) خدائے تعالیٰ - ایشور۔
ناڑا - کمربند۔
ناز و انداز - ادا و ناز - ادائے معشوقانہ۔
ناز بالش - پہلو کا تکیہ - نرم تکیہ۔
نازاں - ناز کرنے والا۔

فخر کرنے والا۔ اترانے والا۔ مغرور ہونے والا۔

نازک اندام ۔ نازک جسم والا۔ چھریرے بدن کا دبلا پتلا (مجازاً) معشوق ۔

نازک خرام ۔ ادا و ناز کے ساتھ آہستہ آہستہ قدم رکھنے والا معشوق ۔

نازل ہونا ۔ وارد ہونا ۔ آسمان سے اترنا ۔ نیچے آنا ۔

ناس ۔ ہلاس ۔ نسوار پر پسا ہوا تمباکو ۔

ناسوت ۔ دنیا ۔ عالم اجسام ۔

ناسور ۔ وہ زخم جو ہمیشہ رستا رہے۔ پرانا زخم ۔

ناشپاتی ۔ ایک پھل دار درخت جو بیج سے پیدا نہیں ہوتا ، اس کی جڑوں سے پودے پھوٹتے ہیں اور ان پر پیوند کیا جاتا ہے، پہاڑی درخت کا پھل نہایت لذیذ ہوتا ہے ۔

ناصر ۔ مدد کرنے والا ۔ مددگار ۔ معاون ۔

ناصیہ ۔ ماتھا ۔ پیشانی ۔ جبین ۔

ناظر ۔ ہیڈ محرر ۔ افسر منشیوں کا جو دفتر میں مقرر ہو ۔ وہ عہدے دار جو ماتحت ملازموں کے کام کا نگراں رہے ۔

ناظم ۔ انتظام کرنے والا ۔ سربراہ کار ۔ منتظم ۔

ناظورہ ۔ محبوبہ ۔ معشوقہ ۔ منظور نظر ۔

ناف ۔ ٹنڈی (کنایتہً) وسط ۔ درمیان ۔

نافہ ۔ ایک تھیلی جو ایک خاص قسم کے ہرن کے پیٹ پر ہوتی ہے اس میں خون جم جاتا ہے جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے اور اسے مشک کہتے ہیں ۔

نافرجام ۔ بدانجام ۔ بداصل ۔

ناقص العقل ۔ کم عقل ۔ بے وقوف (کنایتہً) عورت ۔

ناقل ۔ نقل کرنے والا ۔ بیان کرنے والا ۔ راوی ۔

ناقور ۔ قرنا ۔ باجا ۔ سنکھ ۔

ناقوس ۔ سنکھ ۔ عبادت کا گھنٹہ جو صبح کو بجایا جاتا ہے ۔

ناک بھوں چڑھانا ۔ (محاورہ) تیوری چڑھانا ۔ ناراض ہونا ۔ رنجیدہ ہونا ۔ خفا ہونا ۔

ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا

(محاورہ) کسی کا ذرا احسان نہ اٹھانا ۔ کسی کا شرمندۂ احسان نہ ہونا ۔ غیرت کو داغ نہ لگنے دینا ۔

نَاک چُوٹی مَیں گرفتا رہُونَا

(محاورہ) - از حد نازک مزاج اور دماغ دار ہونا - بناؤ سنگار میں لگے رہنا۔

نَاک کٹنَا - (محاورہ) - بد نامی - بے عزتی - رسوائی۔

نَاک مَیں دَم آنَا - (محاورہ) تنگ ہونا - پریشان ہونا۔

نَاک مَیں دَم کَرنَا - (محاورہ)۔ ستانا - دق کرنا - حیران کرنا۔

نَاک نکچھنکنی کی جھاڑی ہُوگئی۔

متواتر بہت سی چھینکیں آگئیں۔

نَاکا - ایک دریائی جانور کا نام - مگرمچھ - گھڑیال۔

نَاکے کے بَاہَر - سڑک کا اخیر - راستے کی حد۔

نَاگ - سانپ - پھن دار سیاہ سانپ - ایک قوم ہندوؤں کی - ہندو چوہڑوں کی ایک ذات۔

نَاگَرمَوتھَا - ایک خوشبودار جڑ۔

نَاگری - ہندی زبان کا ایک رسم الخط جو آج کل عام طور پر استعمال ہوتا ہے اسے دیوناگری بھی کہتے ہیں۔

نَاگن - (ناگ کی مادہ) - سانپن - ناگ قوم کی عورت۔

نَالِش دَاغنَا - (محاورہ) نالش کرنا - عدالت میں دعویٰ پیش کرنا - دعویٰ دائر کرنا۔

نَالکِی - ایک قسم کی کھلی پالکی / تام جھام جو امیر عورتیں استعمال کرتی تھیں۔

نَالَہ و شِیوَن - آہ و فریاد - فریاد و فغاں - آہ و زاری۔

نَالَہ و فُغَاں - آہ و بکاہ - فریاد۔

نَام بَڑے دَرشَن چھوٹے

(مثل) - اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جس کا نام کسی کام اور صفت میں بہت مشہور ہو اور جانچ یا تجربے کے بعد غلط ثابت ہو۔

نَام رَکھنَا (محاورہ) - طعن دینا - نکتہ چینی کرنا - نقص نکالنا۔

نَام لے کَر کَان پکڑنا (محاورہ) کسی سے مرعوب ہونا - لوہا ماننا۔

نَان بَائی - روٹی پکانے کا پیشہ کرنے والا - روٹی بیچنے والا۔ خبّاز۔

نَان بَائی گَری - نان بائی کا

پیشہ - روٹی پکانے کا
کام -
نَان پَاؤ - ایک طرح کی خمیری
روٹی - نان فارسی اور پاؤ
پرتگالی لفظ ہے، دونوں ہم
معنی لفظ ہیں، اردو میں ایک
لفظ بن گیا ہے جو مغربی طرز کی
بھٹی میں پکائی ہوئی خمیری روٹی
کے لیے بولا جاتا ہے - دکن میں
ڈبل روٹی کے نام سے معروف
ہے جو اہلِ یورپ کے باورچیوں
کا ایجاد کردہ نام ہے -
نَان پَز - روٹی پکانے والا - نان
بائی - بھٹیارا -
نَانِ نعمت - بڑی لذیذ
نعمت -
نَاندے (ناندا ، ناند) -
گملا - بہت بڑا کونڈہ -
نَانگھنا - پھاندنا - اس چیز سے
گزر جانا جو راہ گزر میں حائل
ہو -
نَانی مرنا - ڈرنا - رنج ہونا -
نَاوَک - چھوٹا تیر - خدنگ -
نَاوِل - وہ قصہ نثر میں لکھا
ہوا جس میں واقعات خلاف
قیاس نہ ہوں - وہ مکمل قصہ
جس میں زندگی کے تمام پہلو پیش
کیے جائیں -
نَاوِلِسٹ - ناول نگار -
ناول نویس -
نَاہِج - راہ چلنے والا - کشادہ راہ
پیدا کرنے والا -
نَاہَنجَار - بدذات - بے طریقہ -
غیر عادی -
نَاہِید - زہرہ ستارے کا دوسرا
نام - یہ ستارہ حسن و جمال سے
منسوب ہے -
نَائِرَہ - آگ - شعلہ - دشمنی -
نَائِرہ حَسَد - حسد کی آگ -
حسد کا شعلہ -
نَاؤ کھٹا کرُ - حجام - نائی -
خلیفہ -
نَاؤ نوش - عیش و عشرت -
نغمہ سننا اور شراب پینا (مجازاً)
عیش و طرب - رنگ
رلیاں -
نَایک - ماہرِ موسیقی / بڑا
گویا / رقاص / گویوں کا سردار/
اُستاد -
نَبَات - مصری - قند - شیرینی -
روئیدگی -
نَبَرد - لڑائی - جنگ -
نَبَرد آزما - جنگی آدمی -
جنگ آزمودہ - دلاور - شجاع -
نَبض - کلائی کی وہ رگ جو حرکت
کرتی رہتی ہے، طبیب اس پر انگلی
یا انگلیاں رکھ کر تشخیص کرتے
ہیں -

نَبض چھُٹنا ۔ نبض کی حرکت کا رک جانا ۔ نبض چلنا بند ہو جانا، جو موت کی علامت ہے ۔

نَبیل ۔ خوب صورت ۔ بزرگ ۔ عقل مند ۔

نت نیا ۔ تازہ بہ تازہ ۔ وہ بات جو ہمیشہ نئی ہو ۔

نَتیجُول ۔ مشکلات ۔ مصائب ۔

نَٹ (تِنیتا مِیتا) ۔ بازی گر ۔ قلا باز ۔ وہ لوگ جو ڈھول بجا کر بانس اور رسی پر چڑھ کر تماشا دکھاتے ہیں ۔

نَٹ کھَٹ ۔ شریر ۔ شرارتی ۔

نَٹنی ۔ نٹ کی بیوی ۔ نٹ قوم کی عورت ۔

نَثّاری ۔ نثر نگاری ۔ ایک خاص قسم کی تحریر جس میں عبارت مسجع مقفیٰ ہوتی ہے ۔

نِجْ ۔ ذاتی ۔ خاص ۔ خانگی ۔ پرائیویٹ ۔

نَجابَت ۔ شرافت ۔ اصالت ۔ عالی خاندانی ۔

نَجّار ۔ بڑھئی ۔ مستری ۔

نُجَباء ۔ (نجیب کی جمع) ۔ شریف لوگ ۔

نَجَف ۔ عراق کا ایک مشہور شہر جہاں حضرت علی کا مزار ہے جسے تعظیماً نجف اشرف کہتے ہیں ۔

نُجُومی ۔ علم نجوم کا ماہر ۔

نَجھُول ۔ ہاتھی کی نستعلیق چال ۔ وہ چال جس میں سوار کو دھکا نہ محسوس ہو ۔

نَجِیبُ الطَّرفَین ۔ وہ جو ماں اور باپ دونوں کی طرف سے صحیح النسب ہو ۔

نَچوڑ ۔ کسی کام کی انتہا ۔ اخیر ۔ انجام کار ۔

نِچھاور ۔ وہ روپیہ یا نقدی جو بطور تصدق کے کسی کے اوپر بکھیری جائے ۔

نَچھتّر (نکشتر) ۔ منزل قمر ۔ اجرام سماوی کا کوئی ایک منطقہ ۔ فضائے بسیط کے تمام ستاروں کے جھرمٹ ستائیس منطقوں میں تقسیم کیے گئے ہیں جن کا تعلق علوم ہیئت و نجوم سے ہے ۔

نَحس ۔ منحوس ۔ نامبارک ۔ بدشگون ۔

نَحو ۔ وہ علم جس سے کلموں کی ترکیب، اجزائے کلام کو ٹھیک ٹھیک جوڑنا، کھولنا، ان کا باہمی تعلق یا لگاؤ معلوم ہو ۔

نُحُوسَت ۔ بدشگونی ۔ بدطالعی ۔ نامبارکی ۔

نَخچیر ۔ شکارگاہ ۔ صید ۔ شکار ۔

نَخل ۔ درخت ۔ پیڑ ۔

نَخْوَت - غرور - گھمنڈ - خود بینی -
نُخُود - چنا -
نُخُودی کے لَڈّو - بیسن کے لڈو -
نِرے (نِرا) - خالص - محض - صرف - بالکل -
نِرے چُوچ (نِرا چُوچ) - نرا احمق - بڑا بے وقوف - بڑا احمق -
نَدارَد - جواب نہ ملنے یا خط کا جواب نہ آنے کے معنوں میں -
نُدْرَت - انوکھاپن - نادرپن - عمدگی - خوبی -
نَدِیدے (نَدِیدَہ) - لالچی - وہ شخص جس نے عمدہ کھانا یا کوئی چیز نہ کھائی ہو اور کھاتے دیکھ کر گھورے - (اردو) کمال خواہش مند -
نَذْر - مَنّت - چڑھاوا - نیاز - فاتحہ - چراغی - تحفہ - خدا کے نام پر کوئی چیز دینا، جیسے صدقہ، قربانی -
نِرت - بھاؤ - انداز -
نَرْد - چوسر کی گوٹ - ایک بازی کا نام جسے تختۂ نرد بھی کہتے ہیں -
نَرْدبان - زینہ - سیڑھی -
نَرْسَنْگا - ایک قسم کے بجانے کا سینگ - بگل - ترئی -

نَرغہ (نَرغا) - آدمیوں کا حلقہ جو ایک جگہ جہاں شکاری بیٹھا ہو گھیر کر لانے کے لیے بنا یا جائے -
نَرکچُور - ایک نبات کی جڑ ہے جو کسی قدر ہلدی سے مشابہ ہوتی ہے اس کی دو اقسام ہیں -
نِرمَل - صاف - بے میل - خالص -
نَرکُل - ایک قسم کا پودا جس کے درمیان میں سرکنڈے کی شکل کی مگر بیچ میں سے خالی اور سخت شاخ نکلتی ہے اس سے حقوں کے نیچے اور پتوں سے چٹائیاں بنتی ہیں -
نَرگِسِ شَہلا - سیاہی مائل پھول والی نرگس -
نَرگِسی کَباب - بیضۂ مرغ کا پوست دور کر کے قیمہ کے ساتھ لپیٹ کر جو کباب پکائے جاتے ہیں ان کو نرگسی کباب کہتے ہیں -
نَرم چارَہ - (مجازاً) آسانی سے قابو میں آنے والا -
نَرما - غریب، مسکین - بے سہارا - لاچار -
نَری - بکری یا بھیڑ کا رنگا ہوا چمڑا - جس سے جوتیاں بناتے ہیں - (قصبات کی زبان ہے) -
نِزاع - جھگڑا - فساد - تکرار -

نَزْع - جاں کندنی - جاں کنی - جان نکلنا -
نُزْہَت - پاکیزگی - بے عیبی - خوبی - فرحت - انبساط - عیش و نشاط -
نُزْہَت اَفْزا - خوشبو زیادہ کرنے والا - شاداب کرنے والا - فرحت بخش -
نُزْہَت آگیں - پاک صاف - ستھرا -
نُزْہَت کدہ - پاکیزہ مقام - تروتازہ سبز جگہ - سیرگاہ -
نَسْتَرَن - ایک قسم کا پودا جس کے پھول نہایت خوشبودار اور سفید ہوتے ہیں، یہ گلاب کی ایک قسم ہے - سیوتی -
نَسْتَعْلِیق - مہذب، شائستہ - متین - سنجیدہ - سلجھا ہوا -
نُسْخَہ لِکھنا - پرچۂ ادویات مع ترکیب تحریر کرنا - کسی ڈاکٹر یا حکیم کا مریض کے لیے دوائیں تجویز کرکے نسخہ تحریر کرنا -
نَسْرِین - ایک قسم کا سفید گلاب کا پودا - نسترن -
نَسْطُور - آتش پرستوں کا رہنما - پارسیوں کا رہبر -
نَسیمِ عَنْبَر شَمِیم - عنبر کی مہک لیے ہوئے صبح کی ہوا -
نَسیمِ مُشْکبار - خوشبو پھیلاتی بکھیرتی ہوئی ہوا -
نِسْوان - عورتیں - زنان - مستورات -
نَسْیاً مَنْسِیا - بھولا بسرا - فراموش -
نِشان - علم - جھنڈا -
نِشان کا ہاتھی - علم / جھنڈا بردار ہاتھی - وہ ہاتھی جو کسی جلوس میں آگے آگے چلتا ہے اور اس پر ایک آدمی نشان لے کر بیٹھتا ہے -
نِشانِ خاطر (نشاخاطر) نشاط خاطر - دلجمعی - اطمینان - دل کی تسلی -
نِشْتَر - پھوڑوں وغیرہ کو چیرنے کا خم دار تیز دھار کا چاقو -
نَشْر - مُردوں کو زندہ کرنا - (مجازاً) زندگی -
نَشْو و نُما - اُگنا اور بڑھنا - پرورش پانا - سرسبزی - شادابی -
نَشہ ہِرَن ہونا (محاورہ) - نشہ کا اُتر جانا - ہوش آ جانا - غفلت دُور ہو جانا -
نَشیب و فَراز - اونچ نیچ - اتار چڑھاؤ - فائدہ نقصان - ترقی تنزل -
نَصْب - قائم کرنا - لگانا - گاڑنا - کھڑا کرنا -

نِصفِ مُلاقات - آدھی ملاقات - مراد خط آنا۔

نِصفی - آدھوں آدھ - پچاس فی صد پر - نصف پر -

نَصَفَت - انصاف - داد - عدل -

نَصیبِ اَعدا - (کلمۂ دعا) - دشمنوں کو نصیب ہو - جب کسی عزیز کی بیماری یا کسی مصیبت کا ذکر کرتے ہیں تو کہتے ہیں یعنی دشمن کو میسر ہو -

نَصیبوں جَلی - بدقسمت - بد نصیب - بدبخت -

نَصیبِ دُشمَناں - نصیبِ اعدا -

نَصیحَت - اچھی صلاح - پند - نیک مشورہ -

نَضارَت - تازگی - سرسبزی -

نَظَرِ غَلَط اَنداز - چرائی ہوئی نگاہ - معشوق کی وہ نظر جو عاشقوں کو دھوکا دے یعنی ہر ایک عاشق یہی خیال کرے مجھی کو دیکھ رہا ہے -

نَظَروں سے گِرنا - کنایہ ہے پایۂ اعتبار سے ساقط ہو جانے سے -

نَظیر - مثل - مانند - مثال - نمونہ -

نَظیر نہ مِلنا - (محاورہ) - ثانی نہ ملنا - ویسا ہی دستیاب نہ ہونا - جواب نہ ملنا -

نَعش - لاش - میت - تابوت

نَعل دَر آتش - بے قرار - مضطرب - گھبرایا ہوا -

نِعمَتِ غیر مُتَرَقّبہ - وہ نعمت جس کے ملنے کا سان / گمان نہ ہو -

نَعیم - بہشت - جنت -

نَغز - انوکھا - نادر - اعلیٰ - افضل - چیستاں -

نَغز گُفتار - نغزگو - خوش بیان - فصیح -

نَغمہ خیز - اچھی آواز نکالنے والا - چہچہانے والا -

نَفاذ - جاری ہونا - صدور - لاگو ہونا - عائد ہونا -

نَفاسَت - لطافت - عمدگی - پاکیزگی -

نِفاق - پھوٹ - ظاہر میں دوستی باطن میں دشمنی -

نَفخ - پھونکنا - ہوا بھرنا -

نَفَرا - نہایت ذلیل نوکر - ادنیٰ آدمی -

نَفسانیّت - خودغرضی - غرور - نخوت -

نَفسِ اَمّارہ - خواہشِ طبیعت انسان کی لذات دنیا اور بُرے

کاموں کی۔
نفسِ لوّامہ ۔ نفس جو ہر بری بات کے بعد پچھتاتا ہے۔
نفسِ مُطْمَئِنَّہ ۔ نفس جو بری باتوں سے پاک ہے۔
نُفُور ۔ بھاگنا۔ نفرت کرنا۔
نُفُوسِ قُدْسِیَہ ۔ پاک روحیں۔ نیک لوگ ۔ بزرگانِ دین۔
نَفِیر ۔ متنفر۔ فریاد۔ چیخ، پکار ۔ داویلا ۔ نالہ۔
نَقّاد ۔ پرکھنے والا۔ کھوٹا کھرا دیکھنے والا ۔ تنقید اور تبصرہ کرنے والا۔
نَقّار خانے میں طُوطی کی کی آواز کون سُنتا ہے ۔ (مثل) بڑے لوگوں کی رائے میں چھوٹے آدمی دخل نہیں دے سکتے ۔ بہت شور و غل میں خوش الحانی بھی نہیں سُنی جاتی ۔
نَقّارَہ ۔ نوبت ۔ طبل ۔
نَقاہَت ۔ ضعف ۔ ناتوانی۔ کمزوری ۔
نَقّال ۔ بھانڈ ۔ مسخرا ۔ بہروپیا۔
نُقْرَہ ۔ سفید رنگ کا گھوڑا۔
نُقْرَہ خِنگ ۔ گھوڑے کی ایک اعلیٰ قسم ۔ سفید گھوڑا۔
نُقْرَئی ۔ ہر وہ چیز جو سفید ہو۔ چاندی کی چیز۔
نَقْش بَرآب ۔ فانی ۔ بے ثبات ۔ باطل ۔ جلد مٹ جانے والا۔
نَقْشِ قَدَم ۔ نقشِ پا ۔ قدم کا نشان ۔ مراداً حقیر، گمنام
نَقْش کا لْحَجَر ۔ پتھر کے نشان کی مانند ۔ نہ مٹنے والا ۔ مستقل ۔
نُقْل ۔ ایک قسم کی شیرینی ۔ شراب کے اوپر کھانے کی چیز مثل کباب، میوہ وغیرہ۔
نُقْلِ مَحْفِل ۔ مسخرہ جس کی ذات سے محفل کی تفریح ہو ۔
نَقِیب ۔ ہرکارہ ۔ چوب دار۔ ملاقات کرانے والا ملازم۔
نَقِیض ۔ مخالف ۔ اُلٹا ۔ برعکس۔ ضد ۔
نَقِی ۔ پاک ۔ خالص ۔ بارہ اماموں میں سے دسویں امام کا نام۔
نَقِیہ ۔ کمزوری۔ ناطاقتی ۔
نَکْشُو ڑے تُوڑ نا ۔ ناز و نخرہ معشوق ۔ وہ طنز آمیز بات جو ناک چڑھا کر کہی جائے۔
نَک چھِدا ۔ جس کی ناک چھیدی گئی ہو (مراداً) : مطیع ۔

فرماں بردار۔

نک چھکنی ۔ ایک بوٹی کا نام جس کے سونگھنے سے بکثرت چھینکیں آتی ہیں۔

نک سک ۔ سراپا۔ حلیہ۔ جملہ اعضا کے معنی میں مستعمل ہے۔

نکتہ چینی ۔ عیب گیری ۔ عیب جوئی۔

نکتہ داں ۔ دقیقہ رس ۔ سخن فہم ۔ باریک بات جاننے والا (مجازاً) شاعر۔ ادیب۔ مقرر۔

نکتہ رس ۔ تیز فہم ۔ زیرک ۔ ذکی۔

نکتہ رانی ۔ سخن فہمی و سخن شناسی۔ دقیقہ رسی۔

نکتہ سنج ۔ خوش گفتار ۔ سخن شناس۔

نکٹا ۔ (کنایتہً) بے غیرت ۔ بے حیا ۔ کٹی ہوئی ناک والا۔ بدنام۔

نکٹا ۔ ایک قسم کی چلتی لے کا گیت۔ ایک قسم کا گانا۔

نکٹا جئے بُرے احوال ۔ (مثل) (عو) بدنام اور رسوا شخص کی زندگی ذلت سے بسر ہوتی ہے۔

نکٹی ۔ بلی ۔ عورتیں بلی کو نکٹی کہتی ہیں۔

نکٹی ہینگ ہینگ چھری

چھری ۔ بلی موجود ہے چھری لاؤ۔

نکست (نکسنا) ۔ نکلنا۔

نکسیر تک نہ پھوٹی ۔ ذرا سی تکلیف بھی نہیں ہوئی۔

نکہت ۔ خوشبو ۔ مہک ۔

نکل پڑنا ۔ ظاہر ہو جانا ۔ کسی پوشیدہ مقام سے دفعتاً نمایاں ہونا۔

نکلا جانا ۔ الزام سے بچنے کی کوشش کرنا ۔ الزام سے جان بچانے کی کوشش کرنا۔

نکو ۔ (کنایتہً) بدنام ۔ رسوا۔ مطعون۔

نکو بنانا ۔ (محاورہ) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

نکو بننا ۔ (محاورہ) رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔

نکھٹو ۔ وہ شخص جو کچھ نہ کمائے نکما ۔ احدی ۔ تنگ دست ۔

نکیرین ۔ منکر نکیر دو فرشتوں کے نام ہیں جو مرنے والے سے قبر میں سوالات کرتے ہیں اور جواب مانگتے ہیں۔

نکیلی (نکیلا کی تانیث) بانکا۔ طرح دار ۔ خوش وضع۔

نگاڑا - ایک قسم کا باجا - بڑا ڈھول -
نِگار خانۂ - تصویر خانہ - تصویروں کا مکان -
نِگالی - حقّے کے نے کا وہ سرا جس میں منہال لگاتے ہیں
نِگاہِ غلط انداز - اچٹتی ہوئی نگاہ - وہ نظر جو بے ارادہ پڑ جائے -
نِگوڑے نَٹھے (نگوڑا ناٹھا) - لاوارث - بے اولاد -
نِگوڑا - (تانیث نگوڑی) - (کنایتہً) نکما - ناکارہ - یہ کلمہ عورتیں کسی مصیبت زدہ یا خلاف طبع آدمی کی نسبت کہتی ہیں -
نِگچِائے (نِگچ) - نزدیک - قریب - پاس - (ق)
نِلوَہ - کسی خطرے یا نرغے میں گھر کر بال بیکا ہوئے بغیر نکل آنا -
نمازِ خُفتَن - عشا کی نماز - رات کی نماز -
نَمِش - دودھ کا جھاگ جو سردی کے موسم میں دودھ کو تھوڑی مصری کے ساتھ خوب گاڑھا پکا کر اور رات کے وقت اوس میں ٹھنڈا کر کے صبح سویرے اُچھال کر بنایا جاتا ہے - پھیری والے سودا فروش "چاٹ دولت کی" آواز لگا کر بیچتے ہیں -
نَمَط - روش - طریقہ -
نمک مرچ لگانا - (محاورہ) - مسالے دار بنانا - خوش ذائقہ بنانا - مبالغہ کرنا - بات بڑھا کر بیان کرنا -
نِمکوڑی (نِب کو لی، نِمکولی) نیم کے درخت کا پھل -
نَمکین - ملیح - سانولا - گندمی رنگ -
نَمگیرا - شبنمی - اوس میں تانے کا کپڑا -
نِمِلی - نیم کے درخت کا پھل -
نَمیم - چغل خور -
نَمیقۂ انیقہ - عمدہ تحریر -
نَمیقہ - تحریر - خط - نوشتہ -
نَن - راہبہ - وہ عورت جو اپنی زندگی عبادت و ریاضت کے لیے وقف کر دیتی ہے -
نَنھے (ننھا، ننّا) - بچّہ - ناسمجھ - معصوم -
ننھی سی - چھوٹی سی - بہت چھوٹی - ادنیٰ - ذرا سی -
نَنَد - خاوند کی بہن -
نِندِیا - (نیند کی تصغیر) بچوں کی نیند کے واسطے مستعمل ہے -

نَوَابْ زَادَہ ۔ نواب کا لڑکا ۔ نواب کی اولاد۔

نِوَاڑ ۔ وہ موٹا اور چوڑا فیتہ جس سے پلنگ بُنا جاتا ہے۔

نِوَاڑِی ۔ ایک قسم کی چنبیلی ۔ چھوٹا بجرا۔

نَوَازِش ۔ مہربانی ۔ عنایت ۔ کرم۔

نَوَالَہ ۔ لقمہ ۔ تھوڑی سی چیز۔

نَوبَت ۔ امیروں اور بادشاہوں کی ڈیوڑھی پر مقررہ اوقات میں بجانے کے باجوں کا مجموعی نام جو نقارہ، طبل اور نفیری پر مشتمل ہوتا ہے ۔ باری ۔ دفعہ ۔

نَوبَت کا دُھونسا ۔ (مجازاً) بہت موٹا آدمی ۔ نوبت بجانے کا بڑا نقارہ ۔

نَوبَتِی ۔ نوبت کا ۔ نقارچی ۔ نقارہ نواز ۔ پہرے دار۔ سنتری ۔ دربان شاہی۔

نُوٹ بُک ۔ وہ چھوٹی کتاب جس میں یادداشت لکھیں۔

نُوٹِس ۔ عدالت کی طرف سے جاری شدہ اطلاع نامہ۔ یادداشت۔

نَوَج ۔ (نعوذ باللہ کا بگڑا ہوا) (عو) خدا نہ کرے ۔ ایسا نہ ہو ۔ مبادا ۔ خدانخواستہ ۔

نُوچَنْدِی ۔ ہر چاند کی پہلی جمعرات ۔ اس رات کو لکھنؤ میں کچھ لوگ شاہ مینا کی درگاہ اور کچھ لوگ کربلا جاتے ہیں، دونوں جگہ حسینوں کا مجمع ہوتا ہے۔

نُوچِہ (نوچا) وہ نا بالغ لڑکی جو اس غرض سے پالی جائے کہ بالغ ہونے پر اس کو پیشہ ور بنائیں گے ۔ بصورت تذکیر نوچا بھی کہتے ہیں۔

نُوچِی ۔ بازاری عورتوں کی لونڈی یا بیٹی جس سے وہ کسب کمواکر کھاتی ہیں۔

نَوخیز ۔ نوجوان ۔ نوعمر۔

نَوَد ۔ نوّے ۔ دس کم سو۔

نَودَمِیدَہ ۔ تازہ اگا ہوا۔

نَو دِن چلے اَڑھائی / ڈھائی کوس ۔ بہت آہستہ آہستہ چلنا ۔ بڑا سُست ۔ کاہل ۔

نَورَتَن چٹنی ۔ امچور کی پُر تکلف چٹنی جس میں نمک مرچ اور دوسرے مسالوں کے ساتھ کشمش، چھوارے اور ادرک کا اضافہ کرکے قند اور سرکے کی چاشنی میں رچاتے ہیں چوں کہ یہ چٹنی

دوسری ہونے کی وجہ سے بہت خوش ذائقہ اور عام پسند ہوتی ہے اس لیے اس کا نام شہری زبان میں نورتن اور دیہاتی بولی میں دیوانی ہنڈیا رکھ لیا گیا ہے۔

نَورَتن ۔ نوجواہر۔ لعل۔ موتی۔ پکھراج۔ زمرد، مونگا، لاجورد۔ نیلم، یاقوت۔ فیروزہ۔ ایک قسم کا زیور جس میں نو نگ ہوتے ہیں۔

نُور بَرسنا ۔ روشنی کا نمایاں ہونا۔ درخشاں ہونا۔

نُور کا بُکّا ۔ (کنایتہً) نہایت حسین۔ بہت خوب صورت۔

نُور کا گلا ۔ نہایت رسیلی اور سریلی آواز۔

نُور کی آواز ۔ (کنایتہً) کمال دل پسند سُریلی آواز۔ خوش آوازی۔

نُورِ بَصَر ۔ آنکھوں کی روشنی ۔ (کنایتہً) بیٹا۔

نُوسِکھے (نوسِکھ، نوسِکھیا)۔ نوآموز۔

نُوشِ جَان ۔ کھانا۔ پینا۔ وہ چیز جو رغبت سے کھائی پی جائے اور جس میں مضرت کا احتمال نہ ہو۔

نُوش خَند ۔ خندہ شیریں ۔ زہر خند کا مقابل۔

نَوِشت و خَوانْد ۔ لکھنا پڑھنا۔ لکھائی پڑھائی۔

نُوشدارُو ۔ نام معجون ۔ تریاق۔

نَوشہ ۔ دولھا۔ بنا۔

نُوشیں ۔ خوش مزہ اور خوش گوار۔

نَوعُروس ۔ نوبیاہتا۔ نئی دُلہن۔

نَوعُروسانِ چَمَن ۔ (کنایتہً) تازہ کلیاں۔ تازہ پھول۔

نوکِ زُباں کرنا ۔ (محاورہ) حفظ کرنا۔ ازبر کرنا۔

نوکِ دُم بھاگنا ۔ (محاورہ) دُم دبا کر بھاگنا۔ بے تحاشا بھاگنا۔

نوک کی بات کرنا ۔ آن بان قائم رکھنا۔ شایان شان بات کرنا۔

نوکر کے نوکر اور مالک کے مالک (مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جسے ملازم رکھنے کی مقدرت نہ ہو لیکن رئیس بنے۔

نوکری ۔ نوکر کا کام۔ خدمت گاری۔ چاکری۔

نَوم ۔ خواب۔ نیند۔

نونقد نہ تیرہ اُدھار۔ (مثل) بہت ملنے کی اُمید سے سردست تھوڑا مل جانا ہی بہتر ہے۔

نونگے (نونگا)۔ عورتوں کے بازوؤں کے ایک زیور کا نام جس میں نو نگینے ہوتے ہیں۔

نون۔ نمک۔ کھار۔

نون نہ پھٹکری رنگ چوکھا آئے (ہرا لگے نہ پھٹکری رنگ چوکھا آئے) (مثل)۔ بے خرچ کیے نمود حاصل ہو۔

نہ خان میں نہ خان کے اونٹوں میں۔ کوئی حقیقت نہیں۔ کسی شمار قطار میں نہیں۔

نہ لینا ایک نہ دینا دو۔ کچھ حاصل نہ حصول۔ کوئی واسطہ غرض نہیں۔ بے کار کا جھگڑا۔

نہ لینے میں نہ دینے میں۔ نہ بھلے میں نہ بُرے میں۔ بالکل بے غرض، بے تعلق۔ جو کسی سے کوئی تعلق نہ رکھے اور اپنے کام سے کام رکھے۔

نہاری۔ گوشت کا ایک قسم کا شوربے دار سالن جو رات بھر پکتا اور صبح کو کھایا جاتا ہے۔

نہال۔ مالا مال۔ خوش حال۔

نہان۔ غسل۔ اشنان۔

نہنگ۔ گھڑیال۔ مگرمچھ۔

نُہُفتہ زار۔ حد سے زیادہ کم زور۔ نحیف و نزار۔

نہلسٹ۔ وہ فرقہ جو کسی بے قانون سلطنت کو نیست و نابود کرنا چاہے۔

نہوڑا (نہورا)۔ منت۔ سماجت۔ خوشامد۔

نئی پودھ (پود)۔ نئی وضع اختیار کرنے والا نوجوان طبقہ۔ نئی نسل۔

نئی روشنی۔ نئی تہذیب۔ زمانۂ حال کی شائستگی یا علوم و فنون جدیدہ۔

نئی سُنانا۔ عجیب و غریب اور انوکھی بات سُنانا۔ نئی بات سنانا۔

نے غم دُزد نے غم کالا (مثل) نہ چور کا ڈر نہ سامان کا غم۔ کسی بات کی پروا نہ ہونا۔

نیا شگوفہ چھوڑنا ۔ (محاورہ) کوئی ایسی بات کرنا جس میں کوئی فساد یا شرارت کا پہلو پوشیدہ ہو۔

نیا گل کھلنا ۔ (محاورہ) عجیب و غریب امر کا ظاہر ہونا ۔ کوئی انوکھی بات پیدا کرنا۔

نیارِیا ۔ (کنایتہً) چالاک ۔ وہ شخص جو بے انتہا جزرس ہو، یا جزوی امور میں بھی اپنے فائدے پر نگاہ رکھے ۔

نیاز حاصل نہ ہونا ۔ ملاقات نہ ہونا۔

نیام ۔ تلوار، خنجر وغیرہ کا میان ۔

نیبو نچوڑ (لیمو نچوڑ) ۔ جھوٹی خوشامد کرنے والا ۔ ہاں میں ہاں ملانے والا ۔ خوشامدی ۔ چاپلوس ۔

نیت شب بخیر ۔ رات کے ارادے کی کچھ سند نہیں ۔

نیٹو ۔ دیسی ۔ ملکی ۔ ملک کا باشندہ ۔

نیٹو کرسچین ۔ دیسی یا ملکی عیسائی ۔

نیچر ۔ فطرت ۔ قدرت ۔

نیچریہ ۔ فطرت پرستی ۔

نیچری ۔ قانون قدرت کو ماننے والا ۔ مگر خدا کا منکر ۔

نیچریت ۔ مذہب میں آزادی پسندی ۔ مذہب کے بارے میں آزاد خیال ۔

نیچہ ۔ حُقّے کی نَے ۔ حُقّے کی نلیاں ۔

نیرنجات ۔ (جمع نیرنج) ۔ مکر ۔ فریب ۔ شعبدہ ۔ جادو ۔

نیرنگ باز ۔ مکار ۔ فریبی ۔ جادوگر ۔

نیرنگی ۔ چال ۔ جادو ۔

نیرو ۔ طاقت ۔ کس بل ۔ قوت ۔ توانائی ۔

نیستاں ۔ بانسوں کا جنگل ۔ سرکنڈوں کا کھیت ۔

نیش کے بعد نوش ۔ ہر خوشی کے بعد رنج لگا ہوا ہے ۔

نیشکر ۔ گنا ۔ اوکھ ۔ ایکھ ۔

نیفہ ۔ حاشیہ جو کپڑے کو دوہرا کرکے سی دیتے ہیں ۔

نیکی اور پوچھ پوچھ ۔ (مثل) نیک کام میں مشورے کی ضرورت نہیں ۔ کار خیر میں صلاح لینے کی کیا حاجت ۔

نیگ ۔ وہ حق جو رشتہ داروں یا خدمتی لوگوں کو تقریبات میں دینے

کا دستور ہے۔
نیگ اُوٹینگ ۔ بندر کی ایک قسم۔
نیل ڈھلکنا ۔ (محاورہ) مرتے وقت آنکھوں سے آنسو نکلنا ۔ موت کے آثار۔
نیل کا ماٹھ / ماٹ بگڑنا (محاورہ) (کنایۃً) کسی جھوٹی خبر کا مشہور ہونا ۔ کہتے ہیں جب نیل خراب ہوجاتا ہے اور رنگ اچھا نہیں آتا تو رنگریز کوئی غلط خبر مشہور کرتے ہیں، ان کے عقیدے میں غلط خبر مشہور کرنے سے خراب شدہ نیل کی اصلاح ہوجاتی ہے ۔ جھوٹی اور بے اصل شہرت پر کہتے ہیں۔
نیلگوں (نیل گوں) ۔ نیلے رنگ کا ۔ آسمانی رنگ کا۔
نیلے پیلے ہونا (نیلا پیلا ہونا) ۔ غصے ہونا ۔ خفا ہونا ۔ قہر و غضب سے رنگ کا متغیر ہونا۔
نیم تُر ۔ حرف شناس ۔ کچھ تھوڑا سا پڑھا ہوا ۔ جس کی پوری تعلیم نہ ہوئی ہو۔
نیمچہ ۔ چھوٹی تلوار ۔ خنجر ۔ دشنہ ۔
نیم حکیم ۔ ناتجربہ کار حکیم ۔ ان پڑھ اور عطائی حکیم ۔
نیم رُوز ۔ دوپہر۔
نیمہ جامہ ۔ زنانہ استعمال کا اندرونی لباس ۔ محرم ۔ ایک قسم کی اونچی پوشاک ۔
نیم شبی ۔ نیم شب کا ۔ آدھی رات ۔
نیم مُلّا ۔ جو پورا ملا نہ ہو ۔ کچا ملا ۔ ناقص العلم (مجازاً) ناتجربہ کار ۔ اناڑی ۔
نین سُکھ ۔ ایک قسم کا کپڑا ۔
نیوتا ۔ شادی بیاہ میں نقدی وغیرہ دینے لینے کی رسم ۔
نیوتَر ۔ کان میں ڈالی ہوئی بات ۔
نیوفونڈ لینڈ ۔ نئی دریافت ۔
نیہر ۔ پیہر ۔ میکا ۔ بیوی کا خاندان ۔

و

واپس آنا ۔ پلٹ آنا ۔ لوٹنا ۔ پھر کے آنا۔
وارُستگی ۔ فارغ البالی ۔ آزادی ۔

وَارُفتگی ۔ پشیمانی ۔ بے خبری
وَارَفتہ ۔ آپے سے باہر ۔ شیفتہ و
والا (کنایتہً) عاشق ۔
وَارَفتہ مزاج ۔ ازخود رفتہ ۔
بے خود ۔
وَاسُوخت ۔ وہ نظم جس میں
محبوب سے اظہار بیزاری ہو ۔
وَاسُوختہ ۔ بیزار ۔ کڑھتا ہوا ۔
وَاثِق ۔ مضبوط ۔ پکا ۔
وَاجِبُ الِانقِیَاد ۔ جس کی
اطاعت ضروری ہو ۔
وَاجِبُ الوُجُود ۔ جس کا وجود
لازمی ہو یعنی اللہ تعالیٰ ۔
وَاجِبی ۔ یوں ہی سا ۔ معمولی ۔ بہت
کم ۔ کسی قدر ۔
وَاحِدُ العَین ۔ یک چشم ۔ کانا ۔
وَار بَیٹھنا ۔ ضرب لگنا ۔
وَار پَار ۔ ادھر سے اُدھر تک ۔
آر پار ۔
وَارَا نیَارَا ۔ گہرا فائدہ ۔ بے حد
فائدہ ۔ بیڑا پار ۔
وَارے نیَارے ہُونَا ۔ بڑا نفع ۔
بہت فائدہ کی جگہ ۔
وَارِد ۔ آنے والا ۔ موجود ۔
وَارِدَات (وارد کی جمع) ۔
سانحہ ۔ حادثہ ۔ وقوعہ ۔ لڑائی
جھگڑا (اردو میں واحد مستعمل
ہے) ۔
وَارَنٹ ۔ کسی کو گرفتار کرنے کا
تحریری حکم نامہ جو کسی افسر مجاز
کی طرف سے ہو ۔
وَارنِش ۔ رال ملا ہوا گاڑھا
سیال مادہ جسے فرنیچر وغیرہ
چمکانے کے لیے استعمال کرتے
ہیں ۔
وَاژگُون ۔ اوندھا ۔ نگوں
سار ۔
وَاژُون ۔ اوندھا ۔ اُلٹا ۔
نامبارک ۔
وَاسطی قلم ۔ ایک قسم کا عمدہ
قلم جو شہر واسط سے آتا اور
وہیں کے جنگل میں پیدا ہوتا ہے ۔
وَاسطے ۔ خاطر ۔ لیے ۔ برائے ۔
وَاعیِہ ۔ نگہبانی کرنے والی ۔
حفاظت کرنے والی ۔
وَاقعی ۔ فی الحقیقت ۔ دراصل ۔
سچ مچ ۔
وَاقف کار ۔ تجربے کار ۔
کام جاننے والا ۔ آزمودہ
کار ۔
وَالاتبَار ۔ عالی خاندان ۔
بلند شان والا ۔
وَالِد ۔ باپ ۔ پدر ۔ ابا ۔
وَالَنٹیِر ۔ رضاکار ۔ وہ شخص
جو اپنی خوشی یا رضا سے بلا تنخواہ
کوئی خدمت انجام دینے کا ذمہ
لے ۔
وَامِق ۔ دوست رکھنے والا ۔

پیار کرنے والا۔

وَاہ پیر علیا پکائی تھی کھیر ہُوگیا دَلیا ۔ کیا تھا کیا اور ہوا گیا ۔ بنا بنایا کام بگڑ گیا ۔ اچھے کام کا بُرا نتیجہ نکلا ۔

وَاہ بھئی وَاہ ۔ خوب ۔ کیا کہنا ۔ اظہارِ تعجب و حیرت اور تاسف کے لیے بھی ۔

وَاہ جی وَاہ ۔ سبحان اللہ ۔ ماشاءاللہ ۔ کلمۂ تحسین و آفرین ۔

وَاہ رِی ۔ واہ کیا کہنا ۔

وَاہ رَے ہَم ۔ اپنے کسی فعل کے لیے فخر و ناز کے لیے مستعمل ہے ۔ اپنے منہ میاں مٹھو بننے کے لیے مستعمل ہے ۔ اپنی تعریف میں نخوت سے کہتے ہیں ۔

وَاہ رِی قِسمَت ۔ بدقسمتی کے اظہار کے لیے افسوس کے وقت بولتے ہیں ۔

وَاہِمَہ ۔ وہم کرنے کی قوت ۔

وَاہِمَہ خَلّاق ہے ۔ سچی جھوٹی دیکھی اَن دیکھی اور سب طرح کے نقوش لاکر سامنے کھڑے کر دینا ۔

وَاہی تَباہی ۔ فضول ۔ لغو ۔ بے ہودہ ۔

وَاہی تَباہی بَکنا ۔ بے ہودہ باتیں کرنا ۔ ژٹل ہانکنا ۔ لغو باتیں کرنا ۔

وَاہِیَات ۔ (واہی کی جمع) ۔ مہمل ۔ فضول ۔ بے مغز ۔

وَائی ٹَل ۔ حیاتی ۔ جو قوتِ حیات کا مرکز ہو ۔ مرکزی ۔ نہایت اہم ۔ ناگزیر ۔

وُثُوق ۔ مضبوطی ۔ بھروسا ۔ اعتماد ۔

وَثِیقَہ ۔ عہد ۔ پیمان ۔ دستاویز ۔

وَثِیقَہ دَار ۔ مالک وثیقہ ۔ پرولوٹ کا مالک ۔

وَجَاہَت ۔ عزت ۔ خوبصورتی ۔ چہرے کی رونق ۔

وَجد ۔ شیفتگی ۔ حالات ذوق و شوق کی بے خودی ۔

وُجُودِ حَقِیقی ۔ اصلی وجود ۔ حقیقی وجود ۔

وَجِیہ ۔ خوش نما ۔ خوبصورت ۔ صاحب جاہ ۔ بارعب ۔

وَحدَانِیَّت ۔ احدیت ۔ واحد ہونا ۔ خدا کی یکتائی ۔

وَحدَتِ وُجُود ۔ (صوفیائے کرام کی اصطلاح) اصطلاح میں تمام موجودات کو خدائے تعالیٰ کا وجود ماننا اور موجود ماسوا کو محض اعتباری خیال کرنا ۔ ہرایک وجود مخلوق کو خالق کا

وجود تصوّر کرنا۔
وَحْشَت ۔ گھبراہٹ ۔ خوف ۔ ڈر ۔ سودا ۔ جنون ۔
وَحْشی ۔ غیر مانوس ۔ صحرائی ۔ جنگلی ۔ غیر مہذب ۔ ناتراشیدہ ۔
وُحُوش ۔ (جمع ہے وحش کی اور وحش جمع ہے وحشی کی)۔ جنگلی جانور ۔
وِدَاد ۔ دوستی ۔ اُلفت ۔ چاہت ۔
وِرْد ۔ وہ کام جو روز بلا ناغہ کیا جائے ۔ معمول ۔ وظیفہ ۔
وَرْدِی ۔ فوجی لباس ۔ یونیفارم ۔
وَرْزِش ۔ کسرت ۔ ریاضت ۔
وَرْطَہ ۔ (مجازاً) پانی کا چکر ۔ بھنور ۔ گرداب ۔
وَرَع ۔ پرہیزگاری ۔
وَرْغَلَان دِیَا ۔ کسی کو کسی کام پر اُکسانا ۔ بھڑکانا ۔ اغوا کرنا ۔
وَرَق (گنجفہ کی اصطلاح) ۔ تاش کا پتا ۔ چاندی یا سونے کا باریک کوٹا ہوا ٹکڑا ۔
وَرَقِ نُقْرَہ ۔ چاندی کا باریک کٹا ہوا ٹکڑا ۔
وَزْن ۔ علم عروض میں شعر کی بحر ۔
وَزْن کَش ۔ مزدور ۔ بوجھ اٹھانے والا ۔
وَزِیر ۔ شطرنج کا ایک مہرہ ۔
وَزِیر پَسَنْد ۔ ایک عمدہ قسم کا آم ۔
وَسْمَہ ۔ نیل کی پتی ۔ نیل کے پتے جن سے خضاب کیا جاتا ہے ۔
وَسِیم ۔ خوب صورت ۔ خوش وضع ۔
وَش ۔ مانند ۔ مثل ۔ نظیر ۔
وِصَال ۔ موت ۔ انتقال ۔ وفات ۔ (اصطلاح تصوف)۔ وحدت میں فنا ہونا ۔
وِصَال نصیب ہونا ۔ ملاقات ہونا ۔ ملنا ۔
وَصْلِی ۔ کاغذ وغیرہ کے مسالے لگے ہوئے دو تختے جن پر لکھنے کی مشق کی جاتی ہے ۔ خوش نویسوں کے مشق کرنے کا دوہرا کاغذ ۔
وَضْع ۔ طور طریق ۔ رنگ ڈھنگ ۔ طرز ۔ چلن ۔
وَضْعَت ۔ روش ۔ دستور ۔ فیشن ۔ حال چال ۔
وَضْعِ حَمْل ۔ بچہ پیدا ہونا ۔ پیدائش ہونا ۔
وَضْع دَار ۔ اپنے طور طریق پر قائم رہنے والا ۔ پابندِ وضع ۔

طرح دار۔
وَضع قَطع ۔ انداز ۔ صورت شکل۔ چال ڈھال ۔
وَضع کے خِلاف ہونا ۔ دیرینہ روش اور دستور کے خلاف ہونا ۔
وُضُوح ۔ روشن ۔ آشکارا ۔ شہادت ۔ ثبوت ۔
وَغا ۔ جنگ ۔ لڑائی ۔ شور غوغا ۔
وَغا پَسند ۔ جنگ جُو (مراداً) گھوڑا ۔
وُفور ۔ زیادتی ۔ بہتات ۔ کثرت ۔
وَقاحَت ۔ بے حیائی ۔ بے ادبی ۔
وَقّاد ۔ بڑا چمک دار ۔ بہت بھڑک دار ۔
وَقائع نِگار ۔ اخبار نویس ۔ نامہ نگار ۔
وَقتِ نَزع ۔ وقتِ آخر ۔ وقت مرگ ۔
وَقف ۔ خدا کے نام پر چھوڑی ہوئی چیز جس کا کوئی مالک نہ بنایا گیا ہو ۔ رفاہِ عام کی چیز جسے ہر شخص استعمال کرسکتا ہو ۔
وَکالَت ۔ ترجمانی ۔ قائم مقامی۔ کسی کی طرف سے پیروی کرنا ۔ کسی کی حمایت کرنا۔

وِکٹوریا کراس ۔ برطانوی عہد کا سب سے بڑا فوجی اعزاز/ تمغہ ۔
وَکیل ۔ قائم مقام ۔ نائب ۔ سند یافتہ قانون داں جو عدالت میں کسی فریق کی طرف سے مقدمے کی پیروی کرے اور جس کا یہ پیشہ ہو ۔
وَل (انگریزی) کلمہ کیا کی جگہ ۔ بے شک ۔
وِلادَت ۔ بچہ پیدا ہونا ۔ جنم ۔ پیدائش ۔
وِلاَتیاں ۔ (جمع وِلاَیتی کی) شمشیر ۔ تلوار ۔
وَلی کھَنگَر (کھنگڑ) (کنایتہً) حمایت کرنے والا ۔ بناوٹی فقیر ۔
وَلَندیزی اُردُو ۔ مضحکہ خیز اُردو ۔ (ق)
وَلَندیزی گَپ ۔ شیخی بگھارنا۔ ڈینگ کی گفتگو ۔
وَینڈِ یگَر ۔ ایک شراب کا نام ۔
وَن سَانٹِ ۔ ایک شراب کا نام ۔
وَہّاج ۔ روشن ۔ چمکیلا ۔ بھڑکیلا ۔
وَہَب ۔ بخشش ۔ دین ۔ عطا ۔

وَہبی ۔ قدرت کی طرف سے دیا گیا ۔ بخشی ہوئی چیز ۔
وِہسکی ۔ اناج یا شکر وغیرہ کی شراب ۔
وَہم کی دَوا لُقمان کے پاس بھی نہیں ۔ (مثل) وہم کی دوا لقمان جیسا حکیم بھی نہیں کرسکتا ۔ وہم کا کچھ علاج نہیں ۔
وِیٹِنگ رُوم ۔ انتظارگاہ ۔
وَیْرَاگی ۔ گوشہ نشین ۔ تارک الدنیا ۔ سنیاسی ۔
وِیس کوٹ (ویسٹ کوٹ) ۔ کمرکوٹ ۔ چھوٹا کوٹ ۔ صدری ۔
وَیکسینیشَن بِل ۔ ٹیکہ لگانے کا مسودہ ۔
وَیلا ۔ گھوڑا ۔
وَیلَر ۔ ایک قسم کا قدآور گھوڑا جو آسٹریلیا سے آتا ہے ۔

ہ

ہَاتِف ۔ آواز دینے والا فرشتہ ۔ سروش ۔

ہَاتھ بَاندھنَا ۔ (محاورہ) ہاتھ جوڑنا ۔ منت خوشامد کرنا ۔
ہَاتھ پَاؤں پھُولنَا ۔ (محاورہ) چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہنا ۔ سٹ پٹا جانا ۔ حواس باختہ ہوجانا ۔
ہَاتھ تُلے ہُونَا ۔ ہاتھ جچا ہونا ۔ کمی بیشی نہ ہونا ۔ ہاتھ سے ٹھیک اندازہ ہونا ۔
ہَاتھ ٹُوٹیں ۔ (بددعا) کسی کام کے کرنے کے قابل نہ رہیں ۔
ہَاتھ چھُوڑنَا ۔ (محاورہ) ۔ ہاتھ مارنا ۔ ضرب لگانا ۔ حربہ کرنا ۔
ہَاتھ دَرد کَرنَا ۔ ہاتھ میں درد ہونا ۔ ہاتھ میں تکلیف محسوس کرنا ۔
ہَاتھ دِکھانَا ۔ (محاورہ) کسی کو اپنی دلاوری اور بہادری یا فنونِ سپہ گری دکھانا ۔
ہَاتھ دَھونَا ۔ (محاورہ) مایوس ہونا ۔ ناامید ہونا ۔ آس توڑنا ۔
ہَاتھ دَینَا ۔ ہاتھ مارنا ۔ ہاتھ سے مارنا ۔ ہاتھ لگانا ۔

ہَاتھ دَیتے ہی پہنچا پکڑ لیا ۔

ذرا سی رعایت سے ناجائز فائدہ اٹھانا۔ ذرا سا موقع پاتے ہی پورا قبضہ کر لینا۔

ہاتھ صَاف کرنا ۔ (محاورہ) ہاتھ رواں کرنا۔ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا۔ مال مارنا۔

ہاتھ قلم کرنا (محاورہ)۔ ہاتھ کاٹ ڈالنا / کاٹنا۔

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے

(مثل) جو چیز عیاں ہے اس کے بیان کرنے کی ضرورت نہیں۔ جو چیز آنکھوں کے سامنے ہو اس کے دریافت کرنے کی ضرورت ہی کیا۔

ہاتھ کھجلانا (محاورہ) کسی کو مار بیٹھنے کی خواہش ہونا۔ مار کھانے کی باتیں کرنا۔ کچھ ملنے کی امید ہونا۔

ہاتھ گرمانا ۔ ہاتھ میں تیزی آنا۔ ہاتھ میں پھرتی آنا۔

ہاتھ گھمانا ۔ ہاتھ کو چکر دینا۔ ہاتھ کو گردش دینا۔

ہاتھ مِلانا ۔ (محاورہ) ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ مس کرنا۔ مصافحہ کرنا۔

ہاتھ مَلنا (محاورہ) رشک و حسد سے افسوس کرنا۔

ہاتھوں کے طوطے اُڑنا

(محاورہ)۔ حواس باختہ ہوجانا۔ بے خبر ہو جانا۔

ہاتھا پائی ۔ مارکٹائی۔ دھول دھپا۔ مارپیٹ۔ دست درازی۔

ہاتھی کے منہ میں زیرا۔

(مثل)۔ بہت کم مقدار کے لیے۔

ہاتھی ہاتھی گنّا دے۔

جب لڑکے ہاتھی کو دیکھتے ہیں تو یہ فقرہ پکار پکار کر کہتے ہیں، اگر ہاتھی اپنا چارہ یا گنے لیے ہوئے آتا ہے تو کھینچ کر ان کی طرف پھینک بھی دیتا ہے۔

ہاتھی کے ہودے میں گھُٹے

۔ زبردست سے زور آزمائی (ق)

ہاتھی سے گنّے کھانا ۔(محاورہ)

زبردست سے مقابلہ کرنا۔ اپنے سے زیادہ حیثیت والے سے معاملت کرنا۔

ہاتھی لُٹے گا تو کہاں تک

ہاتھی لاکھ لٹے پھر بھی سوا لاکھ کا۔ (مثل) امیر آدمی کیسا ہی غریب ہو جائے پھر بھی اس کی قدر باقی رہتی ہے۔ کسی مال دار کے مفلس ہو جانے کے محل پر بولتے ہیں۔

ہاتھی چھوٹے گھوڑا چھوٹے نہ معلوم کیا بجوگ پڑے۔ آفت کا سامنا ہو۔

ہادِم ۔ ڈھانے والا۔ اجاڑنے والا۔

ہادِی ۔ ہدایت کرنے والا۔ رہنما۔ پیشوا۔

ہارسنگار ۔ زیب و زینت ۔ ایک درخت اور اس کے پھول کی ڈنڈیوں سے زرد اور سنہرا رنگ نکالتے ہیں۔

ہارمونیم ۔ ایک قسم کا انگریزی باجا جو ہاتھوں سے بجایا جاتا ہے۔

ہارِی بُولنا ۔ شکست کا اعتراف کرنا۔ ہار مان لینا۔

ہارِی مانتا ہے نہ جیتی ۔ کسی طرح قائل نہ ہونا۔

ہاف بُوٹ ۔ گرگابی ۔ مکیشن۔

ہاک ۔ ایک قسم کی شراب ۔

ہالِک ۔ قتل کرنے والا۔ ہلاک کرنے والا۔

ہالَہ ۔ دائرہ ۔ چاند کے گرد روشنی کا دائرہ۔

ہالا ڈُولا ۔ (عم، عو) ۔ بھونچال۔ زلزلہ۔

ہامُون ۔ میدان ۔ بیابان ۔ جنگل ۔

ہانڈِی ۔ شیشے کی ہانڈی جس میں روشنی رکھتے ہیں۔ لمپ کا گلوب۔ پکانے کا مٹی کا برتن۔

ہانک ۔ چلاہٹ ۔ للکار ۔ شکاری جانوروں کے ہانکنے کا فعل ۔

ہانک لگانا ۔ بلند آواز سے کہنا۔ زور سے پکارنا۔

ہاٹل ۔ ہولناک ۔ مہیب ۔ بھیانک۔ ڈراؤنا۔

ہائیں ہائیں ۔ (بہ تکرار) کلمہ تنبیہ و تہدید زور دینے کے محل پر۔

ہُبُوب ۔ ہوا چلنا ۔ نسیم ۔

ہتھ پلٹی (ہتھ پلٹی) ۔ ایک داؤں ۔ ہوشیاری سے ہاتھ چلانے کا ایک داؤں ۔

ہتھ پھیر ۔ ہاتھ کی چالاکی۔

ہت چھٹ (ہتھ چھٹ) وہ جو ذرا سی بات پر مار بیٹھے ۔

ہنتک ۔ رُسوائی ۔ بے حرمتی ۔ بے عزتی ۔

ہتیائی ۔ بربادی ۔ تباہی (ہتیا کا اسم کیفیت) ۔

ہتھکٹی کا ہاتھ ۔ وہ ضرب جو پھکیت حریف کے ہاتھ پر مارتا ہے تاکہ اس کا ہاتھ بے کار ہو جائے ۔

ہتھکنڈا چھوڑنا ۔ داؤں پیچ کرنا ۔ مکاری کرنا ۔ عیاری سے کام لینا ۔

ہتھکنڈے / کھنڈا ۔ ہاتھ کا کرتب ، چالاکی ۔ ہوشیاری ۔

ہتھکھنڈے سیکھنا ۔ چالاکی سیکھنا ۔

ہتھا / ہتا صاف کرنا ۔ ہتا پھرنا ۔ وہ کام جس کی مشق ہو ۔ ہاتھ صاف کرنا ۔

ہتھے سے اُکھڑنا ۔ (کنایتہً) ابتدا ہی میں قابو سے باہر ہو جانا ۔

ہتھیانا ۔ چھین لینا ۔ کسی کے مال پر فریب سے / بالجبر قبضہ کر لینا ۔

ہتھے چڑھنا ۔ ہاتھ لگنا ۔ داؤں پر چڑھنا ۔ کسی کے قابو میں آجانا ۔

ہتیلی / ہتھیلی پر سرسوں جمانا (محاورہ) کوئی کام بہت جلد کرنا ۔ مشکل کام کا بہت پھرتی سے کرنا ۔

ہٹّی کٹّی (ہٹا کٹا کی تانیث) ۔ موٹی تازی ۔ فربہ ۔ تندرست ۔

ہٹیج ۔ خراب ۔ بگاڑ (ق)

ہجر ۔ جدائی ۔ مفارقت ۔

ہجو ۔ بُرا کہنا ۔ نظم میں کسی کی بُرائی کرنا ۔

ہجّے کرنا ۔ حرفوں کو جوڑنا ۔ اعراب سے لفظ ادا کرنا ۔

ہچکی لینا ۔ روتے روتے سانس رُک رُک کر نکالنا ۔

ہچکولا ۔ دھچکا ۔ دھکا ۔ دھمکا ۔ جنبش ۔

ہُد ہُد ۔ کھٹ بڑھئی ۔ مرغ سلیمان ۔ نام ایک پرند مشہور کا ۔

ہدیہ ۔ تحفہ ۔ نذرانہ ۔ انعام ۔

ہڈّے لوتھڑے نکل آنا ۔ گھوڑے کے پچھلے پاؤں میں ہڈے اور غدود کا نکل آنا ۔ (کنایتہً) کمال لاغر ہو جانا ۔

ہڈّیاں چلچلاتی ہیں ۔ مار کھانے کو دل چاہتا ہے ۔

شامت آئی ہے - غصے کا اظہار۔

ہَذَیان - بیمار کی بے ہوشی کی بڑ -

ہَر - خدا - بھگوان - پرمیشور -

ہَر کا بھَجَن کِیَا - بھگوان کی عبادت کی -

ہَر آئینہ - بے شک - ضرور - البتہ - ہر حال میں -

ہُر - منتشر ہونا - غائب ہونا -

ہُر ہُو جانا - تلف ہو جانا - خرچ ہو جانا - منتشر ہو جانا - فوج یا کسی جماعت کا تتر بتر ہو جانا -

ہَرا ہُو جانا - (محاورہ) - تنومند ہو جانا - چہرے پر رونق آنا -

ہِراس - خوف - ڈر - ہول -

ہَراوَل - فوج کا وہ ٹکڑا جو آگے چلے -

ہَربُونگ - کھلبلی - بدنظمی - اندھیر -

ہَرج مَرج - نقصان - مصیبتیں - گڑبڑ -

ہَرجائی - ہرزہ گرد - بے وفا - آوارہ -

ہَرداہنگی زاردا بیگنی،
ہَڑدنگا بیگی) - وہ ترکنی جو مردانہ لباس پہنے محلات شاہی میں اہتمام کرتی، حکم پہنچاتی اور پہرا چوکی کرتی ہے -

ہَر رِیجھی چِھچِا - اوباش - ہر عورت پر ریجھنے والا - رکابی مذہب -

ہَڑدَنگی (ہَڑنگی) - آوارہ - بے ہودہ - پھوہڑ -

ہَرزہ گو - بکواس کرنے والا - بے ہودہ بکنے والا -

ہَرش - ہوش -

ہَرکارہ - چٹھی رساں - قاصد - ڈاکیا - نامہ بر -

ہَر لگے نہ پھٹکری رنگ بھی چوکھا آئے - (مثل) - بے خرچ کیے نمود حاصل ہو - مفت کی شہرت -

ہِرمِزی - (معماروں کی اصطلاح) ایک قسم سرخ مٹی جس میں تارپن ملاکے دروازے رنگے جاتے ہیں -

ہَرن کی ایسی آنکھ - خوب صورت آنکھ - دل لبھانے والی آنکھ -

ہَڑو ۔ سناٹا ۔ رفو چکر ۔ غائب ۔

ہَڑوتی ۔ ایک قسم کی بانس کی لکڑی جو نہایت وزنی ۔ عمدہ اور ٹھوس ہوتی ہے ۔

ہَرے ہَرے بِروے کے چکنے پات (ہونہار بِروا کے چکنے چکنے پات) (مثل)

ہونہار شے کے آثار پہلے ہی سے اچھے دکھائی دیتے ہیں ۔

ہَرِیل ۔ ایک قسم کا پرند جو جنگلی کبوتر کے برابر ہوتا ہے اور رنگ سبز رکھتا ہے ۔

ہَڑپ کِیا ۔ بغیر چبائے نگل جانا ۔ ایک ہی دفعہ میں نوالہ اتار دینا ۔

ہُڑک ۔ اُمنگ ۔ ولولہ ۔ ایک قسم کا باجا ۔

ہَڑدُنگی ۔ جھگڑالو ۔ فسادی ۔ شور و غل کرنے والا ۔

ہَزار ۔ بُلبُل ۔ ہزار داستان ۔

ہَزار باتوں / بات کی ایک بات ۔ مختصر اور عمدہ بات ۔

ہَزار جان سے عاشق ہونا ۔ کسی کو حد سے زیادہ چاہنے لگنا ۔

ہَزار داستان ۔ بلبل ۔ عندلیب ۔

ہَزاروں پلٹانا ۔ بکثرت ضائع کرنا (عم) الٹ دینا ۔

ہَزارے (ہَزارا) ۔ ایک قسم کا بڑا گیندا ۔ ایک طرح کا فوارہ ۔

ہِزبَر ۔ ملک عرب اور براعظم افریقہ کا ایال دار شیر ببر ۔

ہَزلِیات (ہَزل کی جمع) ۔ بے ہودہ باتیں ۔ فحش باتیں ۔ مذاق ۔ تمسخر ۔ وہ نظم جس میں مسخرے پن کی باتیں اور مضامین ہوں ۔

ہَزِیمت ۔ شکست ۔ ہار ۔ بھاگڑ ۔

ہَشاش بَشاش ۔ بہت خوش ۔ خوش اور ہنستا ہوا ۔

ہَشت ۔ آٹھ (۸) ۔

ہَشت مُشت ۔ مارکٹائی ۔ دھینگا مشتی ۔ جوتی پیزار ۔

ہُشو ۔ وحشی ۔ جنگلی ۔

ہَضم ۔ معدہ میں کھانے کا گلنا ۔ کھانے کا جزو بدن بننے کا عمل ۔

ہَفت آرائش ۔ سات سنگار ۔ تفصیل یہ ہے :

۱۔ مہندی لگانا ۲۔ سرمہ لگانا۔ ۳۔ پان کھانا ۴۔ مسّی لگانا ۵۔ سر گوندھنا ۶۔ افشاں چننا ۷۔ چوڑیاں پہننا۔

ہَفت اِقلیم ۔ سات ولایتیں۔ پرانے زمانے میں دنیا کی سات حصّوں میں جغرافیائی تقسیم کی گئی تھی۔ عرب، ایران، توران، ہند، چین، مصر، یونان مُراد کُل دُنیا۔

ہَفت قَلَم ۔ سات مشہور خط۔ ثلث، توقیع، رقاع، ریحان، نستعلیق، نسخ، محقق۔

ہَفتخواں (ہَفت خُواں) ۔ کیکاؤس ماژندران میں قید تھا، رستم اس کی رہائی کے واسطے سات دن میں ماژندران پہنچا اور کیکاؤس کو رہائی دلوائی۔ اب اس راستے کو ہفت خواں کہتے ہیں۔ (کنایتہً) نہایت دشوار اور مشکل کام۔

ہَفتَا دُپُشت ۔ ستّر پشتوں سے۔

ہَفتے گانٹھنا ۔ (پہلوانوں کی اصطلاح) حریف کی دونوں بغلوں میں سے اپنے ہاتھ نکال کر اس کی گردن دونوں ہاتھوں سے جکڑ لینا۔

ہَکّا بَکّا ۔ گھبرایا ہوا۔ حواس باختہ۔ سراسیمہ۔

ہَلاہِل ۔ زہر قاتل۔ قاتل زہر، جس کا علاج نہ ہو سکے۔

ہِلْ ۔ مانوس۔ خوگر۔

ہَلدی کی گِرہ لے کر پَنسَاری بَنْنَا ۔ (محاورہ) (کنایتہً)۔ تھوڑی سی پونجی پر نازاں ہونا۔ اس محل پر بولتے ہیں جب کوئی ناقص اپنے آپ کو علم و فن میں کامل جانے۔

ہُلّڑ ۔ شور و غل۔ غل غپاڑا۔ ہنگامہ۔

ہُلّڑ مَچانا ۔ شور و غل کرنا۔ ہنگامہ کرنا۔

ہُلّڑی ۔ فسادی۔ جھگڑالو۔

ہَلکان ۔ چور چور۔ نہایت تھکا ہوا۔ حواس باختہ۔

ہُما ۔ ایک مشہور خیالی پرند جس کی نسبت کہا جاتا ہے کہ جس کے سر پر سے گزرنے وہ بادشاہ بن جاتا ہے۔

ہُمایُوں ۔ مبارک۔ مسعود۔ خوش قسمت۔ بلند اقبال۔

ہُماسُنا ۔ کسی وزنی چیز کو اس لیے اُٹھانا کہ اس کے نیچے کوئی چیز رکھیں۔

ہَم جُولی ۔ کم عمری میں ساتھ کھیلا ہوا۔ لنگوٹیا۔ ہم سن۔

ہم چَشم ۔ برابر والا ۔ ہم مرتبہ ۔ مقابل ۔
ہمخوابہ ۔ جو ساتھ سوئے ۔ جورو ۔ بیوی ۔
ہمدم ۔ رفیق ۔ ساتھی ۔ دوست ۔
ہم زاد ۔ جو ساتھ پیدا ہوا ہو ۔ وہ روایتی جن یا فرشتہ جو ہر انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے اور ہمیشہ ساتھ رہتا ہے اور انسان کا یہ سایہ اس کے سفلی عمل سے تابع ہو کر کام دے سکتا ہے ۔
ہم زُلف ۔ ساڑھو ۔ سالی کا خاوند ۔
ہم ساز ۔ ہم دم ۔ سازگار ۔ موافق ۔
ہم سَنگ ۔ ہم پلّہ ۔
ہم صَفِیر ۔ وہ پرند جو ایک قسم کی بولی بولتے ہیں (مجازاً) ہم دم ۔ ہم رنگ ۔ ساتھی ۔
ہم عَصر ۔ ہم عہد ۔ ہم زمانہ ۔ ایک وقت کا ۔
ہم مکتب ۔ ایک ہی مکتب کا پڑھا ہوا ۔ ایک مکتب میں پڑھنے والا ۔
ہم سے اُڑتے ہو ۔ ہم سے چالیں چلتے ہو ۔ ہم کو فریب دیتے ہو ۔

ہم سے سیانا سو دِوانا ۔ ہم سے زیادہ کوئی دانش مند نہیں ۔
ہم ہی ہم ہیں ۔ ہم ہر ایک کی توجہ کا مرکز ہیں ۔
ہمارا لہو پیے ۔ ایک قسم کی سخت قسم جو دوسرے کو دی جاتی ہے ۔
ہموارہ ۔ برابر ۔
ہمارے ہوتے ساتھے ۔ ہماری موجودگی میں ۔
ہمہ شما ۔ ادنیٰ اور اعلیٰ ۔ سب ۔ عوام ۔ ایرے غیرے ۔
ہمہ تن گوش ۔ کمال توجہ ۔
ہمہ دانی ۔ ہر بات کی واقفیت ۔
ہمس ۔ نرم آواز ۔ ہلکی آواز ۔
ہُمسے (ہُمسنا) ۔ کسی چیز کا جگہ چھوڑنا ۔ ذرا سا حرکت کرنا ۔
ہمسایہ گھر کا جایا (مثل) ۔ ہمسایوں سے مثل اپنوں کے رسم و راہ رکھنا چاہیے ۔
ہِمَم (جمع ہمت کی) ۔ ارادے ۔
ہمیانی ۔ نقدی کی تھیلی ۔
ہُن ۔ دکن کے ایک طلائی سکے کا نام ۔ ریزۂ زر ۔
ہُن برسنا ۔ (محاورہ) ۔

دولت برسنا ۔ دولت کی
فراوانی ۔ آمدنی ہونا ۔
ہُنٹر ۔ چابک ۔ کوڑا ۔
ہِندنی ۔ ہندو عورت ۔
ہِندی کی چِندی ۔ تفصیل
سے تشریح کرنا ۔ نکتہ چینی ۔
چھان بین ۔
ہَنڈے (ہَنڈا) ۔ روشنی کا
بڑا لمپ ۔ مٹی کا بڑا برتن ۔
مٹکا ۔ خم ۔
ہُنڈِیوں (ہُنڈی) ۔
روپیہ کا رقعہ ۔ چک ۔
ہُنڈانا (ہندوعو) ۔ شہر
بدر کرنا ۔ نکالنا ۔ گشت
کرانا ۔ پھرانا ۔
ہُنڈوانا ۔ تشہیر کروانا ۔ رسوا
کرنا ۔
ہَنڈ کُلیا ۔ بچیاں جو کھانا پکانے
کا کھیل کھیلتی بالفاظ دیگر
کھانا پکانا سیکھنے کی مشق کرتی
ہیں اس کو اصطلاحًا ہنڈ کلیا
اور ہنڈ کلیا کرنا یا پکانا کہا
جاتا ہے ۔
ہِنڈولا ۔ پالنا ۔ گہوارہ ۔
جھولا ۔
ہَنڈیا اَندر ہی اَندر پکنا ۔
(محاورہ) کسی معاملے پر چپکے
چپکے گفتگو ہونا ۔ اندر ہی اندر
آپس میں منصوبہ بنانا ۔

ہَنڈیا چڑھنا ۔ (محاورہ)
ہنڈیا چولھے پر رکھنا دال
ترکاری ساگ وغیرہ پکانے
کے لیے ۔
**ہَنڈیاں پکنے لگیں (ہنڈیا
پکنا)** (محاورہ) چرچا ہونا ۔
سالن تیار ہونا ۔
ہَنستی پیشانی ۔ خندہ پیشانی ۔
ہنس مُکھ ۔ خندہ روئی ۔
ہَنستے ہی گھر بستے ہیں ۔ (مثل)
ہنسی ہنسی میں کام بن جاتے ہیں ۔
باتوں باتوں میں مطلب نکل
آیا کرتا ہے ۔ اس مقام پر بولتے
ہیں کہ کوئی کسی پر ازراہِ طنز
خندہ زنی کر رہا ہے ۔
ہنس مُکھ ۔ شگفتہ رو ۔
ہَنسلی بڑھانا ۔ منت پوری ہونا ۔
مراد بر آنا ۔
ہَنسوڑ ۔ خوش طبع ۔ خوش
مزاج ۔
ہَنسی ہَنسی میں ہنسوا ہُونا ۔
مذاق مذاق میں مصیبت
پیش آنا ۔
ہُنکاری ۔ حمایت ۔ طرف داری ۔
ہوں ۔ ہاں ۔
ہِنہِنانا ۔ گھوڑے کا بولنا ۔
ہُوحق ۔ وجد یا مستی میں مُنھ
سے نکلنے والا نعرہ ۔
ہُوَالشَّافِی ۔ (کلمۂ دعا) ۔

خدا تعالیٰ شفا دینے والا ہے
(طبیب نسخے کے شروع میں
لکھتے ہیں)۔

ہوا خواہ ۔ خیر خواہ ۔ بھلائی
چاہنے والا۔

ہوا باندھنا ۔ (محاورہ) ۔
رعب جمانا ۔ ڈینگ مارنا۔
سماں باندھنا۔

ہوا کھانا ۔ (محاورہ) ۔کھلی جگہ
سیر کرنا ۔ رخصت ہونا ۔ چلے
جانا۔

ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا ۔ (محاورہ) نہایت تیز و
تند اور چست و چالاک ہونا۔
جلد باز ہونا۔

ہوا دار ۔ ایک سواری ۔
ڈولی کی طرح ایک سواری
جس کو کہار اٹھاتے ہیں۔

ہوا لگنا ۔ (محاورہ) پَر پُرزے
نکلنا ۔ صحبت کا اثر ہونا ۔مطلق
اثر ہونا۔

ہوائی روٹی ۔ (ہوا کی روٹی)
ایک قسم کی نہایت پتلی چپاتی۔
نان ہوا۔

ہوائیاں اُڑنا ۔ (محاورہ) منھ
فق ہونا ۔ چہرے کا رنگ متغیر
ہونا۔

ہوائیاں چھوٹنا / چھٹنا ۔
(محاورہ) بدحواس ہونا ۔
خوف یا شرمندگی سے چہرے
کا رنگ اڑنا۔

ہوتے سانتے ۔ ایک کلمہ ہے
کہ کسی چیز کے موجود ہونے پر اس
کا اطلاق ہوتا ہے۔

ہو رہنا ۔ آناً فاناً کسی محفوظ مقام
پر پہنچ جانا ۔کہیں رہ پڑنا ۔
کسی کا ہو جانا ۔ کسی قابل ہو جانا۔

ہوتے سوتوں ۔ (ہوتا سوتا)۔
مرتا ۔ جیتا ۔ حمایتی ۔ عزیز ۔
رشتہ دار۔

ہوٹل ۔ کھانا یا چائے یا کافی
وغیرہ کی دکان ۔ وہ جگہ
جہاں کھانا اور سکونت کا انتظام
ہو ۔ مسافرخانہ۔

ہودج ۔ کجاوہ ۔ محمل۔

ہودا ۔ محمل ۔ ہودج ۔ عماری۔
جو ہاتھی کی پیٹھ پر بیٹھنے کے لیے
رکھتے ہیں۔

ہوّا ۔ بچوں کو ڈرانے کی فرضی
شکل۔

ہوسکی (ہوسک) ۔
عورتوں کا ایک مرض جس
میں سب آثار حمل کے ہوتے
ہیں لیکن واقعی حمل نہیں
ہوتا۔

ہُوش اُڑنا ۔ (محاورہ) ۔ گھبرا دینا ۔ حواس باختہ کر دینا ۔ بے اوسان کر دینا ۔ متحیّر کر دینا ۔

ہُوش پَیترا ہُونا ۔ (محاورہ) ہوش اڑنا ۔ حواس باختہ ہونا ۔ گھبرانا ۔

ہُوش رُبا ۔ ہوش لے جانے والا ۔

ہُوک ۔ وہ درد جو دل یا سینے میں ٹھہر ٹھہر کر یا یکایک اُٹھے ۔

ہَوکا ۔ کسی چیز کے کھانے کی بے انتہا حرص ۔ کسی چیز کی بے انتہا خواہش ۔ مطلق حرص ۔

ہُو کَم دِیَر (انگریزی) ۔ ادھر کون آتا ہے ۔

ہَول ۔ خوف ۔ ڈر ۔ خطرہ ۔

ہُولڈ آن ۔ (انگریزی) گرفت مضبوط رکھنا ۔ قابو میں رکھنا ۔ پکڑے رہنا ۔

ہَولا خَبطَا ۔ بدحواس ۔

ہَولے ہَولے ۔ آہستہ آہستہ ۔ ٹھہر ٹھہر کر ۔ سہج سہج ۔

ہُولی ۔ ہندوؤں کا ایک تہوار جس میں ایک دوسرے پر رنگ ڈالتے ہیں ۔ ایک قسم کے گیت جو ہولی کے موسم میں گاتے ہیں ۔

ہَونَق ۔ احمق ۔ جانگلو ۔ وحشی ۔

ہَونہار بِروا کے چِکنے چِکنے پات ۔ (مثل) ۔ ہونہار بچے کے آثار پہلے ہی نظر آنے لگتے ہیں ۔

ہَیبَت ۔ دہشت ۔ رعب ۔ ڈر ۔

ہَیٹ ۔ انگریزی طرز کی ٹوپی ۔

ہیٹی ۔ ذلت ۔ سُبکی ۔ بدنامی ۔

ہِیچ مَدان ۔ نادان ۔ ناچیز ۔ ناواقف ۔

ہیچ مَدانی ۔ نادانی ۔ لاعلمی ۔ کچھ نہ جاننا ۔

ہیچ کارہ ۔ نالائق ۔ ناکارہ ۔

ہیچ مِیرز ۔ ناچیز ۔ بے قیمت ۔ جس کی کوئی قیمت نہ ہو ۔

ہَیڈ ماسٹر ۔ صدر مدرس ۔ مدرسے کا افسر اعلیٰ ۔

ہِیرا ۔ الماس ۔ ایک بیش قیمت سخت پتھر ۔

ہِیرو ۔ مرکزی کردار ۔ وہ شخص جس پر قصّے کا مدار ہو ۔ بہادر ۔ شجاع ۔ سورما ۔

ہیرے کی کَنی کھانا ۔ (محاورہ) ریزۂ الماس کھانا ۔ خودکشی کر لینا ۔

ہِیزَم ۔ خشک لکڑی ۔

ہَیضہ ۔ ایک مہلک اور متعدی بیماری جس میں قے اور دست

آتے ہیں۔

ہیکڑی ۔ سرکشی ۔ شیخی ۔ زبردستی ۔

ہیکڑی لینا / کرنا ۔ (محاورہ) زور دکھانا ۔ زبردستی کرنا ۔ اینٹھنا ۔

ہیکڑی کی لینا ۔ (محاورہ) ۔ شیخی جتانا ۔ ڈینگ مارنا ۔ رعب جمانا ۔ دون کی لینا ۔

ہیکل ۔ طوق ۔ ہار ۔ تعویذ ۔

ہیلو ۔ متوجہ کرنے کا کلمہ ۔

ہیلو ڈیر ۔ پیارے توجہ کرو ۔ عزیز من متوجہ ہو ۔

ہیلو گڈ ایوننگ ۔ شام بخیر ۔

ہیو ڈو یو ڈو سر ۔ (انگریزی) جناب آپ کا مزاج کیسا ہے ۔ آپ بخیریت ہیں جناب ۔

ہیولا ۔ ہر چیز کا مادہ ۔ ماہیت ۔ اصل ۔

ہیہات ۔ کلمہ حیرت و افسوس ۔

ہیہات ہیہات ۔ غضب ہوا ۔ افسوس افسوس ۔ ہے ہے ۔ حیف صد حیف ۔

ہیئت ۔ صورت ۔ شکل ۔ اجرام فلکی کا علم ۔

ہیہات داں ۔ (ہیئت دان) علم ہیئت جاننے والا ۔ وہ علم جس میں اجرام فلکی ، زمین کی گردش اور کشش وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے ۔

ی

یابس ۔ روکھا سوکھا ۔ خشک ۔

یابو ۔ ٹٹو ۔ چھوٹے قد کا گھوڑا ۔

یاجوج ماجوج ۔ ایک مفسد قوم جس کا ذکر انجیل اور قرآن میں ہے ۔

یاد آجانا ۔ گزری ہوئی بات کا ذہن میں آجانا ۔

یاد اللہ ہے ۔ جان پہچان ہے ۔ واقفیت ہے ۔

یار باش ۔ خوش طبع ۔ وہ شخص جو ہر ایک سے دوستی رکھے ۔

یاران سرپل ۔ بے تکلف دوست ۔ یار غار ۔

یاران (یار کی جمع) ۔ بہت سے دوست ۔ بہت سے احباب ۔

یار جانی ۔ وہ محبوب جن کو

جان سے زیادہ عزیز رکھتے ہوں۔

یارچے (یارچہ) - دوست کو بے تکلفی سے یارچہ کہتے ہیں۔

یارو - دوستو - لوگو۔

یارِ وفادار - وہ دوست جو کبھی بے وفائی نہ کرے، ہمیشہ وفا ہی کرتا رہے۔

یاس ہونا - مایوسی ہونا - نا امیدی ہونا۔

یاسمن - چنبیلی - ایک سفید رنگ کا خوشبودار پھول والا پودا۔

یٰسین - قرآن شریف کی ایک سورہ کا نام جس کے بے شمار فضائل ہیں - عام طور پر حالت نزع میں یہ سُنائی جاتی ہے، اس کے پڑھنے سے جان کنی کی تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔

یاقسمت - جس وقت تقدیر کی شکایت کرتے ہیں تو اس وقت بھی مخاطب بنا کر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں جس سے یہ غرض ہوتی ہے کہ اے تقدیر تجھے ہمارے ساتھ یہی سلوک کرنا تھا۔

یاقوت - جواہرات کی ایک قسم - ایک قسم کا سُرخ قیمتی پتھر۔

یاقوتی - ایک قسم کی مقوی معجون جس میں یاقوت ڈالا جاتا ہے۔

یلان - (جمع یَل کی) - بہادر - پہلوان۔

یاوہ گو - بے ہودہ بکنے والا - بکواس کرنے والا۔

یبوست - خشکی - سوکھاپن۔

یتیم - وہ بچہ جس کی ماں یا باپ دونوں مر گئے ہوں - قیمتی جواہر - بے نظیر موتی۔

یجروید - ہندو مذہب کی چار مشہور کتابوں میں سے تیسری کتاب کا نام ہے۔

یخ - سخت برف - وہ برف جو آسمان سے پہاڑوں پر پڑ کر جم جاتی ہے (صفت) نہایت / سخت سرد۔

یخنی - گوشت کا پانی جو گوشت کو اُبال کر تیار کیا جاتا ہے اور بیماروں کو پلاتے ہیں، اس میں پلاؤ پکاتے ہیں - انگریزی میں سُوپ کہتے ہیں جو کھانے سے پہلے پیا جاتا ہے۔

یدِ بیضا - چمکتا ہوا ہاتھ - روشن ہاتھ - حضرت موسیٰؑ کے معجزہ کی طرف اشارہ مقصود ہے جس کو وہ بغل میں ڈال کر نکالتے تھے تو وہ روشن ہو جاتا

تھا ۔ خوب صورتی اور خوب صورت چیزوں سے تشبیہ کے لیے مستعمل ہے ۔
یَدِ طُولیٰ ۔ مہارت ۔ کمال ۔
یَرْغَا ۔ تیز رو گھوڑا ۔ گھوڑے کی ایک تیز چال ۔
یَرَاق ۔ سامان ۔ ہتھیار ۔
یَرْقَان ۔ ایک بیماری جس میں تمام بدن زرد پڑ جاتا ہے ، یہ جگر کی خرابی کی وجہ سے ہوتی ہے ۔
یَرْقَانی ۔ وہ شخص جو یرقان میں مبتلا ہو ۔ زرد ۔ خزاں رسیدہ ۔
یَزِید کے ساتھ حشر ہو ۔ خدا تمہارا بہت برا نتیجہ کرے ۔ جہنم واصل ہو ۔
یَسَار ۔ بائیں سمت ۔ بایاں ۔
یَسَاوُل ۔ چوب دار ۔ پہرہ دار ۔
یَشْب ۔ سبز رنگ کا قیمتی پتھر ۔
یَکَلُّو (اِکلُّو) ۔ گنجفے کی کسی بازی کے مسلسل حکم پتے کو کہتے ہیں ۔ عام اس سے کہ سلسلہ وار تقسیم میں آ جائیں یا کھیل میں سر کرنے کے بعد اکلو ہو جائیں ۔ مثلاً میر وزیر دونوں اکلو ہوں اور وزیر اور دہلا دونوں ہوں تو وزیر اکلو ہے اور اسی طرح دہلے سے پنجے تک سب پتے ہوں تو چھکے تک سب اکلو ہو جائیں گے ۔ رسید ہو جانے کے بعد جتنے پتے اکلو ہوں سب کو اکبارگی کھیل جانا پڑتا ہے اگر سہواً نہ کھیلے جائیں تو سب اکلو سوختہ بیجنی ہے کار ہو جائیں گے ۔
یَکَّہ (اِکَّہ) ۔ ایک زیور یا تعویذ کا نام جو بازو پر باندھتے ہیں یکہ ایک سواری کا نام ۔
یَکَّہ تَاز ۔ وہ جو تنہا حریف پر حملہ کرے اور منتظر کسی کی مدد کا نہ ہو ۔ (کنایتہً) بہادر ۔ جری ۔
یَکے بَعْد دِیگَرے ۔ ایک کے بعد دوسرا ۔ پے در پے ۔ مسلسل ۔
یَل ۔ پہلوان ۔ بہادر ۔
یَلْدَا ۔ وہ اندھیری رات جو سب سے بڑی ہوتی ہے ۔ یہ سردیوں کے موسم میں ۲۳ر دسمبر کو ہوتی ہے ۔
یَلْغَارُوں ۔ ڈھیروں ۔ کثیر مقدار میں ۔ بڑی تعداد میں ۔
یَلْمَعی ۔ ذہین اور طباع آدمی ۔
یُمْن ۔ برکت ۔ مبارکی ۔

یُمنِ بَد - نا مبارکی - بے برکتی -

یَمین و یَسار - دائیں بائیں۔

یَنگ اَنیک (انگریزی) - بے مثل - یکتا - لاثانی -

یُودھا - شجاع - بہادر - جنگ جو۔

یُو ڈیمڈ - (انگریزی) - لعنت بھیجو - دفع کرو -

یُورِش - دھاوا - چڑھائی - حملہ -

یُورپین (یوروپین) - یورپ کا رہنے والا - یورپ والوں کی نسل سے -

یُوز باشی - سو سپاہیوں کا سردار۔ (یہ ترکی فوج کا عہدہ ہے)۔

یُوگ - عبادت - پرستش - نفس کشی - ریاضت - عرفانِ الٰہی - رہبانیت -

یُو فُول - (انگریزی) - احمق آدمی - گدھا -

یَومُ الحِسَاب - قیامت کا دن۔

یُونائیٹڈ اِسٹیٹس - ریاست ہائے متحدہ (امریکہ)۔

یُونان - قدیم حکما کا مولد۔

یُونانی اَطِبّا - دیسی طبیب (ق) دیسی جڑی بوٹیوں سے علاج کرنے والے -

یَواقِیت - (جمع یاقوت کی)، ایک قیمتی پتھر۔

یہ بات وُہ بات ٹکالا / دھر مرے ہاتھ (مثل) - اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو ادھر اُدھر کی باتوں سے کام نکالنا چاہیے -

یہ مُنھ اور چولائی / (یہ مُنھ کھائے چولائی) - ایسی خواہش یا آرزو جو کسی کی حیثیت سے بالا ہو۔

یہ جا وُہ جا - فوراً بھاگ جانے کے عمل پر بولتے ہیں -

یُوں جانا - بے کار جانا۔ کسی کام کا انجام نہ پانا -

یہیں - اسی جگہ - اسی مقام پر -

فارسی امثال، مصرعے اور مقولے

آبیکہ از سر گذشت چہ یک نیزہ وچہ یک دست۔
(مثل) (جب پانی سرسے اونچا ہوگیا تو چاہے ہاتھ بھر اونچا ہو جائے چاہے بانس بھر) ۔ جب مصیبت یا بد نامی حد سے بڑھ گئی تو اس کا اب اتنا ہی ہونا یا اس سے بڑھ جانا دونوں برابر ہیں۔

آزردنِ دلِ دوستاں جہل است۔ دوستوں کا دل دکھانا بُرا ہے۔ دوستوں کو تکلیف پہنچانا معیوب بات ہے۔

ع آفریں باد بریں ہمّتِ مردانہ تو۔ تیری ہمت اور جواں مردی پر آفریں ہو۔ (یا مردی اور عالی حوصلگی کی تعریف کے موقعے پر مستعمل)

ع آں قدح بشکست و آں ساقی نماند (مثل)۔ وہ پیالہ ٹوٹ گیا اور پلانے والا نہ رہا۔ وہ زمانہ گزر گیا، وہ بات ہی ختم ہوگئی۔

آنچہ مرضیٔ اُوست ہمہ نیکوست۔ جو اس کی مرضی ہے وہ سب سے بہتر ہے۔

آہن باآہن تواں کرد نرم۔ لوہے کو لوہے ہی سے نرم کیا جا سکتا ہے یعنی لوہے کو لوہا ہی کاٹتا ہے۔

آبلہ را ستائش پسند می آید۔ بے وقوف کو اپنی تعریف پسند آتی ہے۔

اختیار بدست مختار۔ ہمیں جو کچھ سمجھانا تھا سمجھا چکے اب عمل کرنے یا نہ کرنے کا تمہیں اختیار ہے، اس سے زیادہ ہمارے اختیار میں نہیں (عموماً آئندہ کے لیے مستعمل)۔

از خرس موئے بس است۔ (مثل)۔ ریچھ سے بال مل جانا بھی بہت ہے۔ کنجوس سے تھوڑی سی چیز بھی مل جائے تو کافی ہے۔ نالائق سے تھوڑی بھلائی بھی بہت ہے۔

از خورداں خطا و بزرگاں عطا۔ چھوٹوں کی خطا بزرگ معاف ہی کر دیتے ہیں۔

از دست اجل بسے جگر ہا خوں شد۔ اجل کے ہاتھوں بہت جگر خون ہوگئے ہیں۔

از ماست کہ بر ماست۔ ہمارے اوپر جو مصیبت ہے وہ ہمارے ہی ہاتھوں ہے۔ یہ سب اپنے ہی فعلوں کا نتیجہ ہے۔ (اپنے کیے پر پچھتانے کے موقع پر مستعمل)۔

ع **از نزاع کفر و دیں وارستہ۔** کفر اور اسلام کے جھگڑے سے بے نیاز ہوں۔

الخاموشی نیم رضا۔ سُن کر خاموش ہو جانا بڑی حد تک اس کی تصدیق و توثیق یا تسلیم کرنے کے برابر ہے۔

اصل بد از خطا خطا نہ کند۔ بد اصل سے بدی ضرور ہوتی ہے۔

ع **افسوس کہ از میانہ برخاست۔** افسوس کہ وہ ہمارے درمیان سے اُٹھ گیا۔

اگر ہوس است ہمیں قدر بس است۔ اگر ہوس ہے (تو خیر) ورنہ تمہارے لیے اتنا ہی کافی

ہے۔

اُنچہ اَز دُزد بَاقی رَمّال بُرد۔ جو چور سے بچا تھا وہ نجومی کی نذر ہوگیا۔

ع اُنچہ بَرخُود مپسندی بَہ دِیگرے ہَم پَسند۔ جو تو اپنے لیے پسند نہیں کرتا، دوسروں کے لیے بھی پسند نہ کر۔

ع اِیں خَانہ تمَام آفتاب اَست۔ یہاں گھر کے سب رہنے والے یا ایک گروہ کے سب افراد ایک خوبی یا عیب رکھتے ہیں۔

ع اِیں خیَال اَست و مُحَال اَست و جُنُوں۔ یہ تمہاری خام خیالی ہے اور ناممکن ہے۔

ع اِیں دُعَا اَز مَن واَز جُملَہ جہَاں آمِین بَاد۔ میری دُعا ہے اور تمام دنیا اس پر آمین کہے۔

ع اِیں کَار اَز تُو آید و مَردَاں چُنِیں کُنَند۔ یہ کام تم ہی کر سکتے تھے دوسرے کے بس کی بات نہیں۔

اِیں گُل دِیگر شگُفت۔ کوئی تعجب خیز بات ہوتے ہی دوسری عجیب یا خلافِ توقع بات ہونے کے محل پر مستعمل (اکثر طنزیہ)۔

ع اِیں مَاتم سَخت اَست کہ گویند جوَاں مُرد۔ یہ نہایت افسوس کا مقام ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ ہائے جواں موت واقع ہوئی۔

ع اِیں ہَم اَندر عَاشقی بَالَائے غَم ہَائے دِگر۔ مصیبت پر مصیبت۔ مشکل پر مشکل۔ خرچ پر خرچ۔ جہاں اور دشواریاں وہاں یہ بھی سہی۔

اِیں ہَم بچّہ شُتر اَست۔ یہ بھی انھیں مجرموں میں شامل ہے (ناکردہ گناہ کے زد میں آجانے کے موقع پر مستعمل)۔

اَوّل خویش بعدہٗ دَرویش۔ (مقولہ) پہلے اپنے پھر غیر۔

ع اُو خویشتن گم اَست کرا رَہبری کُنَد۔ وہ تو خود گم راہ ہے کسی کی کیا رہنمائی کرے گا۔

اَیاز قدرِ خُود بشناس۔ ایسے شخص کی نسبت بولتے ہیں جو اپنی بساط اور حالت سے بڑھ کر بڑا بول بولے یا اترا کر ایسا کام کرے جو اس کی ذات اور حیثیت سے زیادہ ہو۔

اِیلچی رَا چہ زَوال (کہاوت) ایلچی کو زوال نہیں۔ پیام کے نفع و ضرر سے پیام رساں محفوظ رہتا ہے۔

ع اے بادِ صَبا اِیں ہمہ آوردۂ تُست۔ اب پتا چلا کہ یہ سارا فساد تمہارا ہی (یا ان کا ہی) اٹھایا ہوا ہے۔ یہ سب حضور ہی کی عنایت کا نتیجہ ہے۔

ع اے روشنیٔ طبع تو بَرمَن بلا شُدی۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب اپنا ہی قول یا عمل وغیرہ اپنی زحمت کا باعث بن جائے۔

اَے زَر تو خُدا نہ وَلیکن بخدا۔ سَتّارِ عیُوب و قاضیُ الحاجاتی۔ روپے کی تعریف میں مبالغے سے کہتے ہیں یعنی ہر عیب اس سے چھپ جاتا ہے اور تمام حاجتیں رفع ہو جاتی ہیں۔

ع اے گُل بتُو خُرسندم تُو بُوئے کسے دَاری۔ اے پھول میں تجھ سے خوش ہوں کہ تجھ میں کسی کی خوشبو ہے۔

اَے وَقت تُو خُوش کہ وَقتِ مَا خُوش کردِی۔ اے شخص تو خوش رہے تو نے مجھے خوش کیا، خوش خبری سنانے والے کو بطور دُعا کہا جاتا ہے۔

ع بہ خانہ آمدنت عِید عِشرت افروز است۔

تیرا گھر میں آنا خوشیوں میں اضافے کا باعث ہے۔

بہ شرحِ صدر ۔ اوپر لکھے ہوئے (الفاظ یا مفہوم) کے مطابق ۔ جو مضمون اوپر ہے وہی یہاں بھی ۔

برگِ سبز است تحفۂ درویش ۔ یہ فقیر کا ناچیز تحفہ ہے قبول فرمائیے (کوئی تحفہ پیش کرنے کے موقع پر انکسارًا مستعمل)۔

ع **بر کریماں کارہا دشوار نیست** ۔ کریم کے لیے کوئی کام مشکل نہیں ۔

ع **برعکس نہند نام زنگی کافور** ۔ کوئی خاصیت نہ ہو اور اس کے خلاف مشہور ہو۔ ناموزوں نام ۔

ع **بہر کجا رسیدیم آسماں پیدا ست** ۔ جہاں جائے بھوکا وہاں پڑے سوکھا ۔

ع **بہ بیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بہ کجا** ۔ دیکھ کر راستے کا فرق کہاں سے کہاں تک ہے یعنی بے انتہا فرق ہے۔

ع **بترس اے مدعی از من کہ آتش در دہن دارم۔** اے میرے حریف مجھ سے ڈر کہ میں اپنے منھ میں آگ رکھتا ہوں

بایں ریش و فش ۔ یہ معقول صورت اور ایسی بے ہودہ حرکات ۔

بایں شورا شوری و بایں بے نمکی ۔ (کہاوت) یا تو وہ جوش خروش تھا یا اب بالکل ٹھنڈے پڑ گئے ۔

بازی بازی باریش بابا ہم بازی ۔ جب کوئی چھوٹا اپنے بڑے سے اُلجھے تو اس چھوٹے کی نسبت بولتے ہیں۔

براتِ عاشقاں برشاخِ آہو ۔ (کہاوت) جھوٹا وعدہ۔ بے اعتبار بات ۔

بر سرِ اولادِ آدم ہر چہ آید بگذرد ۔ آدمی پر جیسی پڑتی ہے چارو ناچار جھیلتا ہے ۔ انسان کڑی سے کڑی مصیبت

جھیل جاتا ہے۔

بریں عقل و دانش بباید گریست ۔ ایسی عقل اور دُور اندیشی قابلِ افسوس ہے (طنزاً جہالت)۔

بسیار سفر باید تا پختہ شود خامے ۔ (مقولہ) سفر کرنے سے تجربہ ہوتا ہے، تجربے سے آدمی ہوشیار ہوتا ہے۔

بعد از خرابیٔ بصرہ ۔ بڑی مشکل سے ۔ بڑی دقت سے ۔ بڑے نقصان کے بعد۔

بہ یک بینی و دو گوش ۔ بغیر کسی ساز و سامان کے ۔ تن تنہا ۔ خالی ہاتھ ۔ بالکل نادار۔ کلیتہً محروم کرنا ۔ پورے طور پر بے دخل کر دینا۔

بہ یک کرشمہ دو کار ۔ ایک تدبیر یا اقدام سے دو مقصدوں کا حصول۔

بے رضائے تو یکے برگ نہ جنبد ز درخت ۔ تیرے حکم کے بغیر ایک پتا بھی درخت سے نہیں ہلتا ہے۔

بیدل نیم ہنوز بہ بینم چہ می شود ۔ بیدل میں دل برداشتہ نہیں ہوں ۔ دیکھتا ہوں کہ ابھی کیا ہوتا ہے۔

پا بدست دگرے دست بدست دگرے ۔ (لفظاً) پاؤں ایک کے ہاتھ میں ہاتھ دوسرے کے ہاتھ (مجازاً) کشاں کشاں ۔ بالجبر۔

ع **پدر نتواند پسر تمام کند** ۔ طنزیہ کلام ۔ باپ نے جو کام نہ کیا وہ بیٹے نے پورا کر دیا۔

پدرم سلطان بود ۔ (لفظاً) میرا باپ بادشاہ تھا۔ ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص خود تو کسی خاص حیثیت کا مالک نہ ہو اور اپنے باپ دادا کی بڑائی بیان کرے۔

پیر شو بیاموز ۔ (مثل) اصلاح اور ترقی ہمیشہ ہوسکتی ہے۔

پیر ما خس اَست اِعتقادِ ما بَس اَست - پیر تو کچھ ہوتا نہیں، اصل چیز مریدوں کی عقیدت مندی ہے۔

پَرستندۂ آفرینندہ باش - اپنے خالق کا پرستار بن۔ پیدا کرنے والے کا پجاری بن۔

ع **پیری و صد عیب چنیں گفتہ اَند** - بڑھاپا سو بیماریوں کے برابر ہے۔

پیش اَز مرگ واویلا - (مقولہ) وقوع سے پہلے شور و غل - ضرر - نقصان یا مصیبت سے پہلے چیخ پکار - وہم اور وسوسے میں کسی بات کی فکر۔

تا سال دِگر می خورد زِندہ کہ ماند - کل کون زندہ رہے گا جو شراب پیے گا۔

تنہا پیش قاضی رَوی راضی شَوی / آئی - تنہائی میں قاضی کے سامنے جو چاہو سو بیان دے دو اور جس طرح چاہو اسے مطمئن کردو - ایسے موقع پر بولتے ہیں جب معاملہ یک طرفہ پیش ہو اور فریق ثانی کو جواب دہی یا صفائی کا موقع نہ ہو۔

ع **تو برون در چہ کردی کہ درون خانہ آئی** - کہ تو نے گھر کے باہر کیا کام کیا ہے کہ تو گھر کے اندر آنا چاہتا ہے۔

ثانیُ الحال سَند نبا شَد - بے مثل - لاجواب - لاثانی۔

جائے تنگ اَست و مَرد مان بسیار - جب مانگ زیادہ ہو اور رسد کم - چیز تھوڑی اور چاہنے والے بہت۔ جگہ کم اور بھیڑ زیادہ۔

جائے ماندن نہ پائے رفتن / نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن - سخت مجبوری نہ جا سکتے ہیں نہ ٹھہر ہی سکتے ہیں۔

جنگ دُو سر دارد - لڑنے میں کامیابی یقینی نہیں ہے۔ جنگ میں فتح یا شکست ہوتی

ہے ۔ دوستی یا دشمنی ۔ صلح وصفائی اور لڑائی اور جھگڑا ۔

ع جہاں دیدہ بسیار گوید دروغ ۔ سیاح اور مسافر جھوٹ زیادہ بولتے ہیں خاص کر حالات سفر کے متعلق کیونکہ کوئی تصدیق کنندہ نہیں ہوتا ۔

جو فروش گندم نما ۔ لفظی معنی گیہوں دکھا کر جو بیچنے والا (مجازاً) دغا باز ۔ بے ایمان ۔ فریبی ۔

ع چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی ۔ عقل مند کو ایسا کام نہیں کرنا چاہیے جس کا نتیجہ ندامت ہو ۔

چشم ما روشن دل ما شاد ۔ آنکھ ہماری روشن دل ہمارا شاد ۔ بسر وچشم ۔ ہمیں ہر طرح منظور ہے ۔ عین راحت کی بات ہے ۔

ع چوں گوش روزہ دار بر اللہ اکبر است ۔ روزہ دار کا کان اذان پر لگا رہتا ہے ۔ ضرورت مند حاجت روائی کی فکر میں رہتا ہے ۔

ع چہ خوش بود کہ بر آید بیک کرشمہ دو کار ۔ کیا ہی اچھا ہو کہ ایک کام کرنے سے دو کام ہو جائیں ۔ کیا خوب ایک بات سے دو کام ہو جائیں ۔ ایک پنتھ دو کاج ۔

چہ خوش چرا نباشد ۔ (فقرہ) (طنزاً) کیا خوب ۔ کیا کہنا ہے ۔ بے شک اس قابل ہو (مذمت یا ہجو کے موقع پر مستعمل) ۔

ع چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد ۔ وہ چور کتنا دلیر ہے جو ہاتھ میں چراغ لیے ہو ۔ دیدہ دلیری دکھانے کے موقعے پر کہتے ہیں ۔

ع چہ نسبت خاک را با عالم پاک ۔ ادنیٰ کو اعلیٰ سے کیا نسبت ۔ اچھے اور برے کا کیا مقابلہ ۔

ع چیزے بدہ درویش را چیزے مگو درویش را۔ فقیر کو کچھ دے دے ادھر اُدھر کی بات مت کر۔

حسابِ دوستاں در دل۔ (مثل) دوستوں کے سلوک کا حساب کتاب نہیں رکھا جاتا، ایک دوسرے کا دِل جانتا ہے۔

حبسِ دوام بعبور دریائے شور۔ برطانوی ہند میں سنگین جُرم کے مُجرم کو کالے پانی (جزائر انڈمان) بھیجے جانے کی سزا کے الفاظ (یہ جزیرے اس وقت غیر آباد تھے اور وہاں بطور سزا مُجرم کو آباد کر دیا جاتا تھا)۔

حکمِ حاکم مرگِ مفاجات (مثل) ناگہانی موت کی طرح حاکم کے فرمان سے بھی مفر نہیں۔ چار و ناچار حاکم کے فرمان کی اطاعت کرنی پڑتی ہے۔ طوعاً و کرہاً حاکم کا حکم ماننا پڑتا ہے۔

حلوا خوردن را روئے باید۔ عزت کے واسطے لیاقت چاہیے۔

خانۂ ملاح در چنیں اشت وکشتی در ختن / فرنگ جب کوئی تدبیر سمجھ میں آئے مگر اس پر عمل کرنا امکان میں نہ ہو تو کہتے ہیں۔

خدا ہم چنیں کرد۔ خدا نے ایسا ہی کیا۔

خس کم جہاں پاک۔ کسی ناہنجار یا ناپسندیدہ یا بے کار آدمی کا الگ ہو جانا یا مر جانا ہی بہتر ہے۔

خود را فضیحت (و) دیگراں را نصیحت۔ (مثل) اس موقعے پر بولتے ہیں جب کوئی شخص دوسروں کو کسی بات سے منع کرے اور خود اس میں ملوث یا مبتلا ہو۔

خود غلط بود آنچہ ما پنداشتیم۔ ہم جو سمجھتے

تھے وہ خود ایک غلطی تھی۔

خود کردہ را چہ علاج ۔ اپنے کیے کا کوئی علاج نہیں، صبر کرنا چاہیے ۔ اپنے کیے کا کیا مداوا۔ جو ہوا سو ہوا۔

دارم چرا نپوشم ۔ اس وقت کہتے ہیں جب کوئی شخص بے ضرورت صرف نمائش کے واسطے کوئی کپڑا پہنے۔

ع **دارم دلے اما چہ دل صد گونہ حرماں در بغل** ۔ میں دل تو رکھتا ہوں مگر کیسا دل، سیکڑوں محرومیاں پہلو میں لیے ہوئے۔

داشتہ آید بکار ۔ (مقولہ) محفوظ رکھی ہوئی چیز (جس کی فوری ضرورت نہ ہو) کبھی نہ کبھی کام آہی جاتی ہے۔

ع **درد یست اجل کہ نیست درماں اورا** ۔ موت ایک ایسا درد ہے کہ اس کا کوئی علاج نہیں ہے۔

ع **درکار خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست** ۔ اچھے کام میں دیر نہیں کرنی چاہیے۔ کار خیر میں استخارہ کی ضرورت نہیں ہے۔

ع **درمیانِ جان و جاناں ماجرائی رفت رفت** ۔ طالب و مطلوب کے درمیان جو ہونا تھا وہ ہوگیا۔

ع **در عفو لذتیست کہ در انتقام نیست** ۔ معاف کرنا انتقام لینے سے بہتر ہے۔ معاف کرنے میں جو لذت ہے وہ بدلہ لینے میں نہیں ہے۔

ع **دریں بزم رہ نیست بیگانہ را** ۔ یہ وہ محفل ہے جس میں بیگانے کا گزر نہیں۔

ع **درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست** ۔ فقیر کو جہاں کہیں بھی رات آجائے وہ اس کا گھر ہے۔

دروغ گو حافظہ نباشد ۔ جھوٹے کا حافظہ درست نہیں ہوتا، اسے یاد نہیں رہتا کہ پہلے کیا کہا ہے اور اب کیا کہہ رہا ہے۔

ع دُکان شکرّ فروش بازْ اَسْت ۔ شکر فروش کی دُکان کھلی ہوئی ہے (یعنی دعوتِ حسن ونغمہ عام ہے)۔

ع دِل مَن دَاند وَمَن دَانَم وَ دَانَد دِلِ مَن ۔ میرا دل جانتا ہے اور میں جانتا ہوں اور مرا دل جانتا ہے۔

دِلّی ہَنُوز دُور اَسْت ۔ منزل مقصود دور ہے یا حصول مقصد میں ابھی دیر ہے ۔ مقصود اصلی ابھی دسترس میں نہیں ۔

دِماغِ بیہُدَہ پُخْت وخیالِ باطِل بَسْت ۔ فضول اپنا سر کھپایا اور غلط خیال قائم کیا۔

دُنیا بَہ اُمّید قائم ۔ انسان اُمید کے سہارے زندگی بسر کرتا ہے ۔ مستقبل سے مایوس نہیں ہونا چاہیے۔

ع دَہنِ سَگ بَہ لُقمَہ دُوختَہ بہ ۔ (مثل) کتے کا مُنھ لقمے سے بند کردو۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کسی شخص کی ایذا سے بچنے کے لیے کچھ دیا جائے۔

دِیدَہ باشَد کہ شبِ حامِلَہ فَردا چِہ زَایَد ۔ دیکھا جائے گا کہ رات کل کو کیا گل کھلاتی ہے۔

دِیدَہ خواہد شُد ۔ دیکھا جائے گا۔

دِیْوار گُوش ہَم دَارَد فَہمِیدَہ لَب بَہ جُنْباں۔ دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں سوچ سمجھ کر بات کرنا یا مُنھ کھولنا۔

ع دِیوانَہ بکارِ خویش ہُوشیار ۔ دیوانہ اپنے کام کے لیے بہت ہوشیار ہوتا ہے۔ ہرشخص اپنے معاملے / مفاد میں ہوشیار ہوتا ہے خواہ بظاہر دیوانہ ہی کیوں نہ ہو۔

دِیوانَہ رَا ہُوئے بَس اَسْت ۔ دیوانے کے لیے ایک ہو کافی ہے ۔ یہ فقرہ ایسے لوگوں کے لیے استعمال کرتے ہیں جو ذرا سا چھیڑ دینے

پر بہت کچھ کہنے یا بہت کچھ کرنے پر تیار ہو جاتے ہیں۔

ذِکرِ عَیش بَہ اَز عَیش ۔ عیش کا ذکر عیش سے اچھا ہوتا ہے یعنی عیش و عشرت کی باتوں میں عیش سے زیادہ لطف ہوتا ہے۔

رَوانَہ بَاشَد ۔ رخصت ہو جانا ۔ چلا جانا ۔ یہ فقرہ اُردو میں بطور مزاح مستعمل ہے۔

رَاہِ بِرَو کاہ بِخُور ۔ اپنا راستہ لو اور گھاس کھاؤ ۔ ہمیں ہمارے حال پر چھوڑو اور اپنا راستہ لو۔

رَسِیدَہ بُود بَلاَئے وَلِے بَخَیر گُذَشت ۔ (مثل) مصیبت آئی تھی مگر خیر گزری ۔ آفت تو آئی تھی مگر خیریت سے ٹل گئی۔

ع **رَفتَم اَندَر تَہ خَاک اُنسِ بُتَا نَم بَاقِیست** ۔ گو میں مٹی ہو گیا لیکن محبوب کی یاد باقی ہے۔

زَر دَادَن وَ دَرد سَر خَرِیدَن ۔ رقم دینا اور مصیبت مول لینا۔

زَر بَرسَرِ فَولاد نِہی نَرم شَوَد ۔ (مثل) یعنی روپیہ دینے سے سنگ دل بھی مہربان ہو جاتا ہے۔

زُلَیخَا زَن بُود یا مَرد ۔ (مثل) زلیخا عورت تھی یا مرد ۔ کسی بات یا واقعہ کو شروع سے آخر تک سننا یا پڑھنا لیکن اس پر مطلق توجہ نہ دینا۔

زَنَان رَا اُمِّید ہَائے بَس غَم اَست ۔ عورتوں کے لیے سب سے بڑا غم امیدیں ہیں ۔ عورتوں کے بڑے منصوبے ان کی پریشانی کا باعث ہیں۔

زَنَان رَا کَید ہَائے بَس عَظِیم اَست ۔ عورتوں کے مکر کی کوئی انتہا نہیں ہے۔

سَعدِیا رُوزِ ازَل حُسن بہ تُرکاں دادَند۔
اے سعدی ازل ہی سے حُسن کی دولت ترکوں کو دی گئی۔

سگ زرد برادر شغال۔
(مثل) زرد کتا گیدڑ کا بھائی ہے۔ بُرے آدمی سب ایک ہی جیسے ہوتے ہیں۔

سَنگ آمد و سَخت آمد۔
(مثل) اس وقت بولتے ہیں جب کوئی کام چار و ناچار کرنا ہی پڑے۔

سَوال از آسماں جواب از رِیسماں۔ (مثل) اس وقت بولتے ہیں جب کوئی الٹا سیدھا جواب دے۔

سَوال دِیگر جَواب دِیگر۔
سوال کچھ جواب کچھ۔

شاد بَاید زِیستَن ناشاد بَاید زِیستَن۔ (مثل) زندگی اچھی ہو یا بُری گزارنی پڑتی ہے۔

ع شاہاں چہ عجب گر بنوَازند گدا را۔ کیا عجب کہ بادشاہ سلامت کسی فقیر کو نواز دیں۔

شَاہاں کہ اِلتِفات بحَالِ گدا کُنند۔ بادشاہ فقیروں کے حال پر توجہ نہیں کرتے یعنی امیروں کو غریبوں کی حالت کی خبر نہیں ہوتی۔

ع شاید کہ ہمیں بَیضَہ بر آرد پَر و بَال عَنقا گردَد۔
شاید اسی انڈے سے عنقا پیدا ہو جائے۔ (مراداً) مطلب برآری کی صورت نکل آئے۔

شُد اُنچہ شُدنی بُود۔
ہوا جو کچھ ہونا تھا۔

شَرم چہ کتی ست کہ پیشِ مَرداں بَیاید۔ (مثل)
بے غیرت کے اس فعل پر کہتے ہیں کہ جو بے حیائی سے ہو۔

شُکرِ نعمَتہائے تو چنداں کہ نعمَتہائے تو۔
خدا کی نعمتوں کا جتنا بھی شکر

ادا کیا جائے کم ہے۔

ع شِعر گُفتَن سَہل بَاشَد شَعر فہمی مُشکِل اَست۔
شعر کہنا آسان اور شعر فہمی مشکل ہے۔

شَملَہ بَہ مِقدَارِ عِلم۔
جتنا علم ہو اسی کی مناسبت سے دعویٰ زیبا ہے۔

شُنِیدَہ کے بُوَد مَانِند دِیدَہ۔ (مقولہ) سُنی ہوئی بات کی وقعت دیکھی ہوئی کے مقابلے میں نہیں ہو سکتی۔

ع شَوقہا اَفزَاید اَز پہلُوئے تُو۔ آپ کے قُرب سے محبّت / شوق میں اضافہ ہوتا ہے۔

صَبر تَلخ اَست وَلیکن بَر شِیرِیں دَارد۔ (مقولہ)
صبر ناگوار ہے لیکن اس کا نتیجہ بہت اچھا ہوتا ہے۔

صَدر ہر جا کہ نَشِیند صَدر اَست۔ میر مجلس جہاں بیٹھے وہ میر مجلس ہی ہوتا ہے۔

ع صَلاحِ مَا ہمہ آنست کاں صَلاحِ شُمَاست۔
جو آپ کی مرضی وہ ہماری مرضی۔

طَاقَتِ مہماں نَداشت خَانہ بہ مہماں گُذاشت۔
مہمان رکھنے کی طاقت نہ تھی گھر ہی مہمان پر چھوڑ دیا۔ جب کسی کے یہاں کوئی مہمان آتا ہے اور وہ مہمان داری کے موقعے سے ٹل جاتا ہے اور واپس آنے میں دیر لگاتا ہے تو یہ قول نقل کرتے ہیں۔

طَمع رَا سہ حَرف اَست وَ ہر سہ تہی۔ طمع میں تین حرف ہیں اور تینوں خالی ہیں مطلب اس قول کا یہ ہے کہ لالچ سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

طُوطی رَا بَازَاغ دَر قَفَس کَرد نَد۔ طوطی کو کوے کے کے ساتھ پنجرے میں بند کر دیا یعنی بے جوڑ تعلق۔ صحبت ناجنس۔

عُروج بَرفلک سَروری بَدشوَاریست۔ عزت/سرداری کے آسمان پر چڑھنا بہت مشکل ہے۔

عُذرِگُناہ بَدتَر ازگُناہ۔ بے ہودہ عذر کی نسبت بولتے ہیں۔

عِصمَت بی بی از بے چادری۔ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص نیک کام مجبوری سے کرے۔

عَطائے تُو بلقائے تُو (بَخشِیدَم)۔ آپ کی نوازش آپ کے لیے (بندہ اس قابل نہیں)۔

ع **عِلاجِ موت نہ کَردَند رُوسیاہ شُدَند۔** موت کا علاج تو نہ کیا البتہ رُسوا ہو گئے۔

ع **عِلاجِ وَاقعہ قَبل اَز وَقوع بایَدکَرد** (مثل) حادثہ پیش آنے سے پہلے اس کے روکنے کا بند و بست کرنا چاہیے۔

عِلم بہ اَزجہل شئے (عِلم شئے بہ ازجہلِ شئے)۔ (مقولہ) کسی چیز کا عِلم ہونا بہتر ہے عِلم نہ ہونے سے۔

عِلم دَرسِینَہ کہ دَرسَفِینَہ (عِلم دَرسِینَہ بَایَد نہ دَر سَفِینَہ)۔ عِلم سینے میں ہونا چاہیے نہ کہ کتابوں میں یعنی پڑھا لکھا یاد ہونا چاہیے۔

عُمرَت دَراز بَادکہ ایں ہَم غنیمَت اَست۔ تیری عمر دراز ہو کہ یہ بھی بہت غنیمت ہے۔

عِندُ الحَاجَت بکار نَیَایَد۔ ضرورت کے وقت کام نہ آئے۔

غَم نَدارِی بُز بخَر۔ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص خواہ مخواہ ایسا کام کرے جس میں فکر و تردد کرنا پڑے۔

ع فدائے جُنبشِ دستِ حِنائیٔ۔ محبوب کے مہندی لگے ہاتھوں کی جنبش پر ہم قربان ہیں۔

ع فکرِ ہر کس بہ قدرِ ہمّتِ اُوست۔ ہر شخص کا خیال اس کے حوصلے اور ہمت کے مطابق ہوتا ہے۔

فہمیدہ خواہد شُد۔ سمجھا جائے گا۔ دیکھا جائے گا۔

قَبل از مرگ واویلا۔ (مثل) مصیبت آنے سے پہلے فریاد کرنے کے لیے مستعمل ہے۔

قَدرِ گوہر شاہ داند یا بداند جوہری۔ موتی کی قدر بادشاہ جانتا ہے یا جوہری جانتا ہے یعنی کسی چیز کی قدر وہی کرسکتا ہے جو اس کی خوبیوں سے واقف ہو۔

قولِ مرداں جان دارد۔ شریفوں کی بات پتھر کی لکیر ہوتی ہے۔ قول جان کے ساتھ ہے۔

قدمِ دَرویش / درویشاں رَدِّ بلا۔ نیک آدمی کے آنے سے بلا دور ہو جاتی ہے۔

قہرِ درویش بَر جانِ درویش۔ (مثل) غریب آدمی غصہ کرے گا تو کسی کا کیا لے گا اپنی جان کھوئے گا، مصیبت برداشت کرنے کی جگہ مستعمل ہے۔

کارِ امروز بفردا مگذار۔ آج کا کام کل پر نہ چھوڑو۔

کارِ بوزنہ نیست نجّاری۔ بندر کا کام نقش گری/ باریک بینی نہیں۔

کارے کہ خدا کُند فلک راچہ مجال۔ جو کام خدا کرتا ہے دشمن کی (دست برد) کیا مجال کہ وہ کام نہ ہو۔

ع کاندریں راہ فلاں ابنِ فلاں چیزے نیست۔ اس راستے (عشق) میں حسب نسب کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔

ع کَردَم زِ شَرابِ ناب تَوبَہ ۔ میں نے خالص شراب سے توبہ کرلی۔

کَردَنی خویش آمَدَنی پیش۔ (مثل) جیسی کرنی ویسی بھرنی۔ جیسا کیا تھا ویسا پایا۔ بُرے کام کا نتیجہ بُرا۔

کَرَمہائے تُو مارا کَرد گُستاخ تیری نوازشوں نے ہمیں مزید مانگنا / ہاتھ پھیلانا سکھا دیا۔

کَس نمی پُرسَد کہ بھیّا کُون ہُو۔ وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی کسی کی بات نہ پوچھے۔

کَس شَنوَد یا نَشَوَد مَن گُفتگُوئے مِیکُنَم۔ کوئی سُنے یا نہ سُنے میں تو اپنی کروں گا۔

کُلوخ اَنداز را پاداشِ سَنگ اَست۔ (مقولہ) خواہ مخواہ چھیڑ کرنے والے کو سخت سزا ملنا چاہیے۔

ع کہ پَروانگی دادِ پَروانہ را۔ پروانے کی جاں نثاری اس کی عطا ہے۔ پروانے کو مرمٹنے کا وصف اسی کی دین ہے۔

ع کہ تعجیل کارِ شَیاطین بُوَد۔ عجلت پسندی شیطانوں کا کام ہے۔ جلد بازی شیطان کا کام ہے۔ عجلت شیطانی فعل ہے۔

کے آمَدی وکے پیر شُدی۔ (کب آئے اور کب بڈھے ہوئے)۔ جب کوئی جانے کے لیے جلدی کرے تو کہتے ہیں۔ ابھی ناتجربے کار ہو۔

گاہے بَہ سَلام بَرنجَند وَگاہے بہ دُشنام خلعَت دہند۔ کبھی تو کسی کے سلام پر رنجیدہ ہو جاتے ہیں اور کبھی کسی کو گالی پر جوڑا / خلعت عنایت کر دیتے ہیں۔

گُذَشتہ را صلوٰۃ آیَندہ را اِحتیاط۔ اس جگہ مستعمل ہے جہاں یہ کہنا ہو کہ گزری باتوں کا خیال نہ کرو، آئندہ کے لیے احتیاط رکھو۔

گَر بدولت برسی مست نہ کردی گردی۔ دولت مند ہونے کے باوصف مغرور نہ ہونے کو بڑا ظرف درکار ہے۔

گربہ کشتن روزِ اوّل۔

رُعب پہلے ہی دن خوب بیٹھتا ہے۔

ع **گر قبول افتد زہے عزّ و شرف۔** نذر یا تحفہ پیش کرتے وقت کہتے ہیں کہ اگر قبول ہو تو کیا ہی عزت و شرف ہے۔

گذشتنی و گذاشتنی۔ جو گزرنے والی ہے اور جس کو چھوڑ کے جانا بھی ہے۔

گذشت آنچہ گذشت۔

جو کچھ ہونا تھا ہوگیا، آئندہ احتیاط رکھنا۔ بڑا صدمہ ہوا جو ناقابلِ بیان ہے۔

گفتہ گفتہ اثرے دارد۔

کہنے سُننے سے بات بن جاتی ہے۔

گوسالۂ ما پیر شد و گاؤ نہ شد۔ بڈھے ہو گئے مگر بچپن نہ گیا۔ بچھڑا بوڑھا ہوگیا لیکن بیل نہ بن سکا۔

گوشِ خر و دندانِ سگ۔

جب دو بُرے شخص آپس میں لڑیں تو کہتے ہیں۔ جب کوئی بُری چیز کسی لالچی آدمی کو مِل جائے تو کہتے ہیں۔

لُنگیا فرستاد و دھوتی رسید۔

بھیجی لُنگیا اور پہنچی دھوتی۔ مانگا تھا کچھ اور مِلا کچھ۔

مَا بخیر و شما سلامت۔

اس محل پر مستعمل ہے جب یہ کہنا ہو کہ تم سے ہم سے کسی امر میں شرکت نہیں، ہم الگ تم الگ۔

مارا چہ ازیں قصّہ کہ گاؤ آمد و خر رفت۔ کسی کے آنے جانے پر بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے۔

مالِ حرام بُود بجائے

حرام رفت ۔ (مثل) اس وقت بولتے ہیں جب حرام کا کمایا ہوا مال ضائع ہو جائے۔

مالِ عَرَبْ پیشِ عَرَب ۔ اپنا مال اپنی ہی آنکھوں کے سامنے اچھا ہے۔

مالِ مُفْت دلِ بے رَحم ۔ (مثل) اس محل پر بولتے ہیں جب پرایا مال بے دریغ صرف کیا جائے۔

ع **مَرا گَدا اے تُو بُودَن زِ سَلْطَنَت بِہتر** ۔ میرے لیے آپ کے دروازے کا فقیر بننا دُنیا کی بادشاہت سے بہتر ہے۔

ع **مَرْدِ آخِر بِیں مُبارَک بَنْدَہ اِیسْت** ۔ عاقبت اندیش آدمی بہتر ہے۔

مُرْدَہ بہ دَسْتِ زِنْدَہ ۔ جب آدمی مرجاتا ہے تو زندہ شخص جس طرح چاہیں اس کی تجہیز و تکفین کریں وہ بے اختیار ہوتا ہے، اسی طرح بے بس اور بےکس کے حق میں بھی بولتے ہیں۔ عاجز زبردست کے قابو میں آکر لاچار ہے۔

مَرگِ اَنْبوہ جَشْن دارد ۔ (مثل) عام مصیبت کا رنج نہیں ہوتا۔ انسان کی طبیعت کا خاصہ ہے کہ وہ کسی کو شریکِ مصیبت دیکھ کر کسی قدر تسلی پاتا ہے، اس موقع پر یہ مثل بولتے ہیں۔

ع **مَزَن فالِ بَدْ کار دَرْو حالِ بَد** ۔ بُری بات مت کہو اس کی بُری حالت پر۔

مُشتے کہ بَعد از جَنگ یاد آیَد بَر کَلّۂ خُود بایَد زَد ۔ (مثل) جو گھونسا جنگ کے بعد یاد آئے اسے اپنی ہی کلے پر مارنا چاہیے، وقت نکل جانے کے بعد کوئی ترکیب یاد آئی تو کیا، موقع نکل گیا ..... بےکار رہے۔ موقع نکل جانے کے بعد پچھتانا عبث ہے۔

مُشتے نمُونہ اَز خروارے۔
(مثل) ڈھیر میں سے تھوڑی سی چیز سے کل کی اصلیت معلوم ہو جاتی ہے۔

مُشک آنست کہ خُود ببُوید نہ کہ عطّار بگوید۔
(مثل) ہنر یا اچھی چیز خود ہی ظاہر ہوتی ہے تعریف کی ضرورت نہیں۔

مرضیٔ مولیٰ از ہمہ اولیٰ۔
(مقولہ) ہر ایک امر میں خدا کی رضا پر راضی رہنا چاہیے کنایہ ہے کسی معاملے میں انسان کی بے بسی سے۔

مطلب سعدی دیگر است۔
ظاہر یوں ہی ہے لیکن دلی منشا اور ہے۔ شاعر کا مطلب کچھ ہے اور لیا کچھ اور جارہا ہے۔

مغز ما خورد و حلق خود بدرید۔ ہمارا بھیجا کھایا اور اپنا گلا پھاڑا یعنی بے کار مشغلہ اختیار کیا۔

مُفت کرم داشتن۔ خواہ مخواہ احسان جتانا۔ مفت کا احسان رکھنا۔

من آنم کہ من دانم۔
(مقولہ) مدح و تعریف کے جواب میں اپنی عاجزی و خاکساری ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ہے۔

من چہ سرایم و طنبورہ من چہ می سراید۔ (مثل) یعنی ایک بیان اس شخص کا دوسرے بیان سے مخالف ہے۔

من در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال۔ میں کسی خیال میں ہوں اور فلک کسی اور خیال میں یعنی انسان سوچتا کچھ ہے اور ہوتا کچھ ہے۔

مور را شبنم طوفان۔
چیونٹی کے لیے اوس ہی طوفان ہے۔ یعنی چھوٹے کے لیے تھوڑی تکلیف بھی بہت ہوتی ہے۔

می شود اللہ نگہبان

شُماست ۔ اللہ تمہارا نگہبان ہو ۔

مَینڈکِی رَا زُکام پَیدَا شُد ۔ (مثل) مینڈکی کو زکام ہونا ۔ اپنی حد سے بڑھ کر شیخی مارنے والے کی بابت کہتے ہیں ۔

ع نَازبَرآں کُن کہ خَرِیدَارِ تُست ۔ نخرے اسے دکھاؤ جو تمہارا گاہک / قدردان ہو ۔

نَاکَسَاں پیشِ کَسَاں مِی آیَند ۔ نا اہل ، اہل کا مقابلہ کرتے ہیں ۔ چھوٹے بڑوں کے منھ آتے ہیں ۔

نَقلِ عَیش بِہ اَز عَیش ۔ عیش کا ذکر عیش سے بہتر ہے ، مراد یہ ہے کہ آرام و آسائش کے تذکرے سے بھی سکون ملتا ہے ۔

نَقلِ کُفر کُفر نَبَاشُد ۔ (مثل) کفر کا نقل کرنا خود کفر نہیں ہے ۔

نُکتَہ ہَاست بَسے مَحرَمِ اَسرَار کُجَا ۔ بہت راز ہیں مگر ان کا جاننے والا کہاں ہے ۔

نَہ جَائے مَاندَن نَہ پَائے رَفتَن ۔ نہ ٹھہرنے کی جگہ نہ چلے جانے کا موقع ۔ مجبور و بے کس ۔

ع نِیست جُز اِنسَاں دَرِیں عَالَم کہ بِسیَار ست نِیست ۔ اس دنیا میں انسان کے علاوہ کچھ نہیں ہے کہ بہت ہے لیکن حقیقت میں انسان نہیں ہیں !

نِیک اَندَر بَد و بَد اَندَر نِیک ۔ اچھا بروں میں اور برا اچھوں میں ۔

نِیکی کُن وَ بہ آب اَندَاز ۔ نیکی کرکے بھلا دینا چاہیے ۔ جس نیکی میں کچھ عوض نہ ملے یا بے فائدہ ہو اس کی نسبت بولتے ہیں ۔

نِیم حَکِیم خَطرَۂ جَان، نِیم مُلّا خَطرَۂ اِیمَان ۔ (مثل) نا تجربے کار سے کام بگڑ جانے کا اندیشہ ہے ۔

نےِ غمِ دُزد نےِ غمِ کالا۔
کوئی غم نہیں، اطمینان، فراغت۔ کسی بات کی پروا نہیں۔ کوئی کھٹکا نہیں، کیوں کہ مال اسباب پاس نہیں۔

ع وَز کَردہ ناصَواب توبہ۔
اگر تو نے غلط کام کیا ہے تو توبہ توبہ۔

وَزیرے چُنیں شہریارے چُناں۔ (مثل) جیسے افسر ویسے ہی ماتحت دونوں کا ابتر حال ہے، دونوں بُرے۔

وَقت اَز دَست رَفتہ وَتیر اَز کَماں جَستہ بَاز نیَاید۔ ہاتھ سے نکلا ہوا وقت اور کمان سے نکلا ہوا تیر واپس نہیں آتا ہے۔

وَقت دَرو ہنگام کاشت پَاس مَرایت نِگاہداشت۔ فصل کے کاٹنے اور بونے کے وقت احتیاط شرط ہے۔

وَلیکن چُوگُفتی دَلیلش بیَار۔ جب تُو نے بات کہہ دی تو اس کی دلیل بھی پیش کر۔

وَلی رَا وَلی می شَنا سَد۔
(مثل) یعنی ہر شخص اپنے سے آدمی کو خوب پہچانتا ہے اور وہ اس کی اچھائی اور بُرائی کو جلد معلوم کر لیتا ہے، جب کسی چالاک آدمی کی چالاکی کو دوسرا آدمی پہچان لے تو اس موقع پر یہ مثل بولی جاتی ہے۔

ہَرچہ اَز دِل دُور اَز دِیدہ دُور۔ آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل۔

ہَرچہ بَادا بَاد مَا کَشتی دَر آب اَنداختیم۔ (مثل) جو کچھ ہو سو ہو، ہم نے تو کشتی دریا میں ڈال دی۔

ہَرچہ مَرضئِ اُوست ہَمہ نیکُوست۔ جو کچھ اس کی مرضی وہی ٹھیک ہے۔

ہَر رُوز عِید نیست کہ حَلوہ خُورَد کَسے۔ (مثل) روز ایسا عمدہ موقع ہاتھ نہیں آتا۔

ع ہَر سُخَن جَای وہَر نُکتہ مَکَانے دَارَد (مثل) ہر بات کا کوئی نہ کوئی موقع محل ہوا کرتا ہے۔

ہَر فِرعَونے ہَر مُوسٰی (ہر فِرعَونے رَا مُوسٰی) ایک پر ایک غالب ہے۔

ہَر کَسے مَصلَحتِ خِویش نکو مِیدَانَد۔ (مقولہ) اپنی مصلحت ہر شخص خوب جانتا ہے۔

ہَر کہ ہیچ نَدَارَد زِ ہیچ غم نَدَارَد۔ جو کچھ نہیں رکھتا اسے کوئی غم بھی نہیں ہوتا۔

ہَر مُلکے وَ ہَر رَسمے۔ ہر جگہ کا چلن جدا ہوتا ہے۔

ہَم خُرمَا وَ ہَم ثَوَاب۔ وہ فعل جس میں لذت ہو اور کار خیر بھی ہو۔

ہِمّتِ مَردَاں مَددِ خُدَا۔ (مقولہ) کام میں کوشش شرط ہے خُدا تعالیٰ ضرور مدد کرتا ہے۔

ہَمچُو مَن دِیگَرے نِیسْت۔ میرے یا ہمارے مثل دوسرا نہیں ہے۔ یہ فقرہ خود ستائی کے لیے مستعمل ہے۔

ہَمہ عَالَم گوَاہِ عِصمَتِ اُوسْت تمام دنیا اس کی پاک دامنی کی گواہ ہے۔

ہِنُوز دِلّی دُور اَسْت۔ ابھی منزل بہت دُور ہے۔ ابھی مطلب پورا ہونے میں بہت دیر ہے۔

یَا بہ آں شُورَا شُوری وَ یَا بَایں بے نَمکی۔ یا تو اتنا اخلاص تھا یا اب اتنی بے اعتنائی ہے۔

یَارِ بُرو خُوردَہ پَان۔ بھائی! پان کھا کر جانا۔ ع پان رخصت کا کھاتے جائیں آپ۔

یَارَانِ چُوری نہ پیرَاں دَغَا بَازی۔ دوستوں سے کوئی بات چھپانا نہ چاہیے اور

نہ پیروں سے دغا کرنا زیبا ہے۔ اس محل پر بولتے ہیں جب کوئی شخص دغا بازی دوستوں سے کرے۔

یَارِ زِنْدَہ صُحْبَت بَاقِی ۔ اب نہیں تو پھر سہی زندگی ہے تو پھر ملاقات ہوگی۔

ع **یَارَبّ نہ دِہی دَاغِ جُدَائی مَارَا** ۔ یا اللہ ہمیں جدائی کا دکھ نہ دیجیے۔

یَک اَنَار وَ صَد بِیمَار (مثل) وہاں بولتے ہیں جہاں چیز ایک ہو اور خواہش مند سیکڑوں۔

یَک بِینِی وَ دُو گُوش ۔ پورے طور پر بے دخل کر دینا۔ کلیتہً محروم کرنا۔

یَک جَان دُو قَالِب ۔ بہت گہرے دوست۔ باوفا دوست۔ گہری دوستی، باہم انسانی محبت۔ شیر و شکر ہونا۔ انتہائی بے تکلفی۔

یَک دَر گِیر وَ مُحْکَم گِیر ۔ (مثل) ایک ہی جگہ استقلال سے کام کرنا چاہیے۔

یَک کَار اَزِیں دُو کَارِ مِی بَایَد کَرد ۔ ایک کام سے دو کام نکالنے چاہئیں۔

یَک مَن عِلْم رَا دَہ مَن عَقْل بَایَد ۔ ایک حصّہ علم کے لیے دس حصّے عقل کی ضرورت ہے۔

یَکے نُقْصَانِ مَایَہ وَ دِیگَرے شَمَاتَتِ ہَمْسَایہ ۔ (مثل) اس محل پر بولتے ہیں جب اپنا نقصان ہو جائے اور دوسرے انگشت نمائی کریں یعنی طنز کریں۔

یَک نہ شُد دُو شُد ۔ ایک بلا تو تھی ہی دوسری اور پیچھے آپڑی۔ ایک امر عجیب کے بعد دوسرے امر عجیب کے واقع ہونے پر بولتے ہیں۔

عربی اشعار، عبارات، قرآنی آیات اور اور احادیث نبوی

آلَۃٌ قَانُونِیَّۃٌ تَعْصِمُ مُرَاعَاتُہَا الذِّہْنَ مِنَ الْخَطَاءِ فِی التَّفَکُّرِ۔

یہ ایسا قانونی ہتھیار ہے جو فکری خطا سے بچاتا ہے۔

آمَنَّا وَصَدَّقْنَا ۔ (لفظاً) ہم اسے مانتے اور اس کی تصدیق کرتے ہیں (مراداً) بجا و درست۔ ایسا ہی ہے۔

آمِیْن ثُمَّ آمِیْن ۔ ایسا ہی ہو، پھر ایسا ہی ہو، کوئی دعا کرے تو اس کی تائید میں کہتے ہیں ۔ التجا میں زور پیدا کرنے کے لیے لفظ آمین مکرر بولتے ہیں ۔

اِذَا جَاءَ الْقَضَا عَمِیَ الْبَصَر ۔

جب موت آتی ہے تو آنکھ اندھی ہو جاتی ہے ۔ موت انسان کو حواس باختہ کردیتی ہے

اِحْفَظِ النَّاسَ یَحْفَظْکَ ۔

(افلاطون کا مقولہ) ۔ لوگوں کی حفاظت کرو اللہ تمہاری حفاظت کرے گا۔

اَزَادَ اللّٰہُ حَشْمَتَہَا ۔ اللہ اس کی شان بڑھائے۔

اَزْہَدْ فِی الدُّنْیَا یُحِبُّکَ اللّٰہُ وَ اَزْہَدْ فِیْمَا عِنْدَ النَّاسِ .... یُحِبُّکَ النَّاسُ ۔ دنیا سے بے رغبت ہو جا اللہ تجھ سے محبت کرے گا اور جو چیز لوگوں کے پاس ہے

اس سے بے نیا ہو جا تو لوگ تجھ سے محبت کریں گے۔

اَستَغفِرُ اللہ ۔ (لفظاً) میں خدائے تعالیٰ سے معافی مانگتا ہوں (مراداً) کسی امر قبیح سے انکار، اظہار برأت یا نفرت کے موقع پر مستعمل ۔ مترادف ۔ ایسا ممکن نہیں، یہ نہیں ہو سکتا، خدا اس سے محفوظ رکھے، بہت بُری بات ہے، لاحول ولا قوۃ، خدا نہ کرے ایسا ہو۔

اَستَغفِرُ اللہ رَبّی مِن کُلِّ ذَنبٍ وَّ اَتُوبُ اِلَیہِ ۔ میں اپنے رب سے مغفرت چاہتا ہوں اپنے ہر گناہ سے۔

اِسمِ اَعظَم ۔ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ۔ عظیم تر نام ۔ بزرگ ترین نام۔

اَضعَفُ العِبَاد ۔ نہایت حقیر بندہ ۔ حقیر ترین بندہ۔

اُطلُبُوا العِلمَ وَ لَو کَانَ بِالصِّین ۔ علم طلب کرو خواہ چین میں ہو۔

اَظہَرُ مِنَ الشَّمس ۔ سورج سے نمایاں ۔ بہت واضح ۔ صریح روشن۔

اَعدَای عَدُوِّکَ نَفسُکَ الَّتِی بَینَ جَنبَیکَ ۔ تیرا سب سے بڑا دشمن تیرا نفس ہے جو تیرے پہلو میں چھپا ہوا ہے۔

اَفضَلُ الاَعمَالِ اِصرُہَا ۔ بہتر عمل وہ ہے جس کی پابندی کی جائے۔

اَکذِبہٗ وَ اَحسَنہٗ ۔ کیا ہی جھوٹا ہے وہ اور کیا ہی خوب ہے وہ ۔ مجموعہ اضداد۔

ع **اَلَا یَا اَیُّہَا السَّاقِی اَدِر کَاسًا وَّ نَاوِلہَا** ۔ اے ساقی خبردار ہو، پیالہ گردش میں لا اور اس کو دے۔

اَلَا یَا سَاکِنَ القَصرِ المُعَلّٰی سَتُدفَنُ عَنقَرِیبٍ فِی التُّرَابِ ۔ دیکھ اے اونچے محل میں رہنے والے ۔ تو عن قریب مٹی میں دفن کر دیا جائے گا۔

اَللہُ جَمِیلٌ وَّ یُحِبُّ الجَمَالَ ۔ اللہ جمیل ہے اور جمال کو پسند کرتا ہے۔

اَللہُ بَاقٍ مِنْ کُلِّ فَانٍ ۔
(اَللہُ بَاقٍ وَ الْکُلُّ فَانٍ)۔
اللہ باقی سب فانی ۔

اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنْ کُلِّ الْبَلِیَّات۔
اے اللہ ہماری حفاظت فرما تمام بلاؤں سے ۔

اَمْسَاکُمُ اللہُ بِالْخَیْرِ۔ اللہ تعالیٰ آپ کی شام خیریت سے لائے ۔

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْءَ ۔
بھلا کون پہنچتا ہے بے بس کی فریاد کو جب اس کو پکارتا ہے اور وہ دُور کر دیتا ہے سختی ۔

اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ ۔ اللہ روز افزوں ترقی دے یا اضافہ کرے ۔

اِنْ کَانَ الْکِذْبُ یُنْجِی الصِّدْقُ اَنْجٰی ۔ اگر جھوٹ نجات کا باعث ہے تو سچائی اس سے زیادہ ۔

اَنَارَ اللہُ بُرْہَانَہٗ ۔ اللہ اس کی دلیل کو روشن کرے ۔

اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً ۔
ہم نے اُتارا آسمان سے پانی ۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُجَاہِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللہِ بِاَمْوَالِھِمْ وَ اَنْفُسِھِمْ ۔ بلاشبہ وہ لوگ اللہ کے راستے میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرتے ہیں ۔

اِنَّ اللہَ مَعَ الصَّابِرِیْنَ وَ الشَّاکِرِیْنَ ۔ بے شک اللہ صبر اور شکر کرنے والوں کے ساتھ ہے ۔

اِنَّ اللہَ یُحِبُّ الشُّجَاعَ۔
بے شک اللہ تعالیٰ بہادر شخص کو پسند کرتا ہے ۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔
بے شک ہم اللہ ہی کے لیے ہیں اور بے شک ہم اسی کی طرف واپس ہونے والے ہیں ۔

اَنَا الْبَرْق ۔ میں بجلی ہوں ۔

اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْیَا

بِزِینَتِ نِ الکَوَاکِبُ ۔ بے شک ہم نے آراستہ کیا ہے آسمان دنیا کو ستاروں سے۔

اَنتَ شَیخٌ اَوسَیِّدٌ ۔ تم شیخ ہو یا سید ہو۔

اِنَّمَا الخَمرُ وَالمَیسَرُ رِجسٌ مِن عَمَلِ الشَّیطَان ۔ یہ جو ہے شراب اور جوا اور بت اور پانسے سب گندے کام ہیں شیطان کے۔

اَلتَّاخِیرُ مِنَ الرَّحمٰنِ وَالتَّعجِیلُ مِنَ الشَّیطَان ۔ دوراندیشی اللہ کی طرف سے ہے اور جلد بازی شیطان کی جانب سے۔

اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنبِ کَمَن لَاذَنبَ لَہٗ ۔ گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہی ہے جیسے اس نے گناہ کیا ہی نہ ہو۔

اَلاَعمَالُ بِالنِّیَّات ۔ عمل کا دار و مدار نیت پر ہے۔

اَلاَمرُ فَوقُ الاَدَب ۔ حکم ادب سے بالاتر ہے۔

اَلاَمرُ کَذَالِکَ ۔ حکم اسی طرح ہے۔

اَلحَمدُ لِلّٰہِ الَّذِی ھَدَانَا سَوَاءَ الطَّرِیق ۔ تعریف اللہ کے لیے جس نے سیدھا راستہ بتایا۔

اَلحُکمُ لِلّٰہ ۔ اصل حکم اللہ تعالیٰ کا ہے باقی سب کے احکام مجازی ہیں۔

اَلغَیبُ عِندَ اللّٰہ ۔ غیب اللہ کے پاس ہے۔

اَلقَاسِمُ مَحرُوم ۔ جمع میں کوئی چیز تقسیم کرنے والا عموماً (اپنے حصے سے) محروم رہ جاتا ہے۔

اَلمَکتُوبُ نِصفُ المُلَاقَات۔

خط نصف ملاقات ہے۔

اَلاِنتِظَارُ اَشَدُّ مِنَ المَوت۔

انتظار موت سے زیادہ شدید ہے۔

اَلحَربُ خُدعَۃٌ ۔ جنگ فریب ہے یعنی جنگ میں فریب سے کام لیا جاتا ہے۔

اَلحَقُّ مُرٌّ ۔ حق کڑوا ہے۔ سچی بات بری معلوم ہوتی ہے۔

اَلدَّالُ عَلَی الخَیرِ کَفَاعِلِہٖ۔

خیر کا بتانے والا کرنے والے کی طرح ہے۔

اَلدُّنیا دَارُ الغُرُورِ وَالعُقبٰی دَارُ السُّرُورِ۔ دُنیا دھوکے کی جگہ ہے اور آخرت سکون کی جگہ ہے۔

اَلسَّعِیدُ مَن وُعِظَ بِغَیرِہٖ۔ سعادت مند وہ ہے جو غیر سے نصیحت حاصل کرتا ہے۔

اَلسَّعیُ مِنِّی وَالاِتمَامُ مِنَ اللّٰہ۔ کوشش میری جانب سے ہے اور پورا کرنا اللہ کی طرف سے ہے۔

اَلسَّیفُ وَالخَنجَرُ رَیحَانُنَا۔ اُفٍّ عَلَی النَّرجِسِ وَالآسِ۔ تلوار اور خنجر ہمارے گلے کا ہار ہے۔ تف ہے نرگس اور آس پر۔

شَرَابُنَا مِن دَمِ اَعدَائِنَا۔ وَکَأسُنَا مِن جُمجُمَۃِ الرَّاسِ ہماری شراب دشمن کا خون ہے۔ ہمارا گلاس اس کے سر کی کھوپڑی ہے۔

اَلصَّبرُ مِفتَاحُ الفَرَجِ۔ صبر کشادگی کی کنجی ہے۔

اَلصَّدقَۃُ تَرُدُّ البَلَاَ وَ تَزِیدُ فِی العُمرِ۔ صدقہ بلا کو دُور کرتا اور عمر کو بڑھاتا ہے۔

اَلصَّبرُ مِرآۃُ العِرفَان یَا لَیتَ شِعرِی حَتّٰی مَعَ اللِّقَاہ۔ صبر معرفت کا آئینہ ہے۔ کاش میں جانتا کہ کب اس سے ملاقات ہوگی۔

اَلعَادَۃُ کَالطَّبِیعَۃِ الثَّانِیَۃ عادت طبیعت ثانیہ ہے۔

اَلعَاقِلُ تَکفِیہُ الاِشَارَہ۔ عقل مند کے لیے اشارہ ہی کافی ہے۔

اَلقَاصُ لَایُحِبُّ القَاصَ۔ ایک قصہ خواں دوسرے قصہ خواں کو دوست نہیں رکھتا ہے۔

اَلقَبرُ صَندُوقُ العَمَلِ۔ قبر اعمال کا صندوق ہے جیسی کرنی ویسی بھرنی۔

اَلْمُلْکُ وَالْاِیْمَانُ تَوْاَمَان۔
حکومت اور ایمان جڑواں بھائی ہیں۔

اَلْکَرِیْمُ اِذَا وَعَدَہٗ وَفَا۔
کریم وعدہ وفا کرتا ہے۔ سخی وعدہ پورا کرتا ہے۔

اَلْمُؤْمِنُ مِرْاٰۃُ الْمُؤْمِن۔
مومن، مومن کا آئینہ ہے۔

اَلنَّادِرُ کَالْمَعْدُوْم۔
جو بات یا چیز اکا دکا یا کبھی کبھار ہو وہ نہ ہونے کے برابر ہے، کمیاب معدوم و مفقود کی مثل ہے۔

اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ۔
لوگ عموماً لباس اور نشست و برخاست وغیرہ کے آداب میں اپنے بادشاہ، امرا یا بزرگ کے طور طریقے کی پیروی کرتے ہیں۔

اَوَّلُ طَعَامٍ بَعْدَہٗ کَلَام۔
جہاں کوئی کھانا کھانے میں باتیں بہت کرتا ہے اس کو روکنے کو کہتے ہیں اور عام طور پر اس جگہ کہتے ہیں کہ کھانا اگر تیار ہو تو کھائے اس کے بعد اور کوئی کام کرے۔ کھانا سب کاموں سے مقدم ہے۔

اَوَّلُ طَعَامٍ بَعْدَہٗ کَلَام۔ رَاحَتُ الرُّوْحِ فِیْ قِلَّتِہِ الْمَنَامُ۔
پہلے کھانا بعد میں بات۔ روح کا سکون کم سونے میں ہے۔

اُوْلِیْ اَجْنِحَۃٍ۔
پروں والے (فرشتوں کی صفت)۔

اَھْلُ الْغَرَضِ مَجْنُوْن۔
غرض مند دیوانہ ہوتا ہے۔

اَیُّھَا الْمَشْغُوْلُ فِیْ فِکْرِ الْبَیَان۔
اے وہ جو مشغول ہے بیان کی سوچ میں۔

اَیُّھَا الْمَصْرُوْفُ فِیْ لَوْثِ الرِّیَا۔
اے وہ شخص جو مصروف ہے ریاکاری کے الزام میں۔

اَیُّھَا الْمَطْرُوْدُ عَنْ بَابِ الْھُدٰی۔
اے وہ جو دھتکارا

گیا ہے ہدایت کے دروازے سے۔

اَیُّ یَومَینِ مِنَ المَوتِ اَفِر
یَومَ لاَیُقدَرُ اَم یَومَ قُدِر۔
کون سے دو دن ہیں جن میں موت سے نجات حاصل ہو۔ ایک دن وہ ہے جس میں تقدیر لکھی ہوئی ہو۔
یَومَ لاَیُقدَرُ لاَ یَاتِی القَضَا
یَومَ قَد قُدِرَ لاَ یَغنِی الحَذَر
ایک دن وہ ہے جس میں قضا نہیں آتی
ایک دن وہ ہے جس میں موت سے مفر نہیں۔

بَارَکَ اللہ۔ اللہ برکت دے۔

بَجُز بَاب لاَیَنصَرِف۔

سوائے باب لاینصرف کے (غیر منصرف کے (غیر منصرف باب کے علاوہ)

بَدِیہِیُ الاِنتَاج۔ لفظی معنی جس کا نتیجہ واضح ہو۔ منطق کی پہلی شکل جس کے نتیجے نکالنے میں غور و فکر کی ضرورت نہیں ہوتی۔

بَرَجعَتِہِ القَہقَرِی۔ اُلٹے پاؤں واپس ہونا۔ سابقہ حالت کی طرف لوٹنا۔

بَرَّدَ اللہ۔ ٹھنڈا کرے اللہ۔

بَرَّدَ اللہُ مَضجَعَہٗ وَ اَنَارَ اللہُ بُرہَانَہٗ۔ اللہ تعالیٰ اس کی خواب گاہ کو ٹھنڈا رکھے اور اس کی دلیل کو روشن کردے۔

بِسَاعَتِہٖ مِنَ السَّاعَات۔ گھڑیوں سے ایک گھڑی کے ساتھ۔

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحیم ہے۔

بِعَونِہٖ تَعَالیٰ۔ اللہ کی مدد سے۔

بِفَحوَائے مَالاَ یُدرِکُ کُلُّہٗ۔ پوری چیز نہ مل سکے تو تھوڑی ہی سہی۔

بِالرَّاسِ وَالعَینِ۔
بہت ادب کے ساتھ۔ سر آنکھوں۔ بسر وچشم۔

بَلَغَ العُلاَ بِکَمَالِہٖ۔
کَشَفَ الدُّجیٰ بِجَمَالِہٖ

پہنچا بلندی کو اپنے کمال سے۔
اندھیری کو روشن کر دیا اپنے
جمال سے۔

حَسُنَتْ جَمِیعِ خِصَالِہٖ ۔ صَلُّوْ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ ۔ اس کی تمام
عادتیں اچھی ہیں۔ سلام ہو اس
پر اور اس کی آل پر۔

بِالْفِعْلِ فِیہِ رُوسِیہ شَتَّتَ شَمْلَهُمْ ۔ فی الوقت اللہ روسیہ
کے شیرازہ کو منتشر کر دے۔

بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ ۔ قسم ہے عظمت
والے اللہ کی۔

بِالْمُوَاجِہ ۔ آمنے سامنے۔ روبرو۔
دوبدو۔

بِالنُّوْنِ وَالصَّاد ۔ اللہ کی
نصرت اور صبر سے۔

بَلَغْنَا الْمُرَادَ وَزَالَ الْعِنَاد ۔
ہم اپنی مراد پا گئے اور عداوت
ختم ہو گئی۔

بَیِّنُوْا وَتُوْجَرُوْا ۔ وضاحت
کریں اور اجر پائیں۔

تَبَارَکَ اللّٰہ ۔ بڑائی اللہ
کے لیے ہے۔ مدح میں تعجب
کے موقع پر یہ فقرہ رائج ہے۔

سُبحان اللہ ۔ ما شا اللہ ۔
کیا کہنا۔

تَمَّ کَلَامُھَا ۔ یعنی ان کی بات
ختم ہوئی۔ اس کی بات پوری
ہو گئی۔

جَزَاکَ اللّٰہ ۔ خدا تجھے بدلہ
دے ۔ شاباش ۔ مرحبا۔

جَعَلَ اللّٰہُ الْجَنَّۃَ مَثْوَاہُ ۔
اس کا ٹھکانا جنت میں
بنا دیا۔

جَعَلَ اللّٰہُ الْمَقَامَۃَ فِی الْجِنَان ۔ اللہ تعالیٰ اس کا
مقام جنت میں بنائے۔

جَلَّ جَلَالُہٗ ۔ خدا کی عظمت
اور شان بڑی ہے۔

جَنّٰتٍ تَجْرِی مِنْ تَحْتِہَا الْاَنْہَار ۔
باغ ہوں گے جن کے نیچے نہریں
بہہ رہی ہوں گی۔

حَمَاکَ اللّٰہُ عَنْ شَرِّ النَّوَائِبِ ۔ جَزَاکَ اللّٰہ فِی الدَّارَیْنِ خَیْرًا ۔ اللہ
تعالیٰ تجھے مصائب سے محفوظ
رکھے۔ اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت
میں تجھے نیک بدلہ دے۔

خُذِ اللجامَ لَاتَخْشَ فِیہِ الجُنَاحِ۔ جام لے گناہ سے نہ ڈر۔

خُذْ مَا صَفَا وَدِعْ مَا کَدَرَ۔ (مقولہ) معقول بات اختیار کرو اور بُری بات چھوڑ دو۔

خَلَّدَ اللّٰہُ مُلْکَہٗ وَدَوْلَتَہٗ وَضَاعَفَ قَدْرَہٗ۔ اللہ اس کے مُلک اور دولت کو ہمیشہ رکھے اور اس کے مرتبے کو بڑھائے (دگنا چوگنا)۔

خَیْرُ الْاُمُوْرِ اَوْسَطُھَا۔ ہر کام میں اعتدال اور میانہ روی بہترین چیز ہے۔ بہتر کام یا بات وہ ہے جس میں نہ افراط ہو نہ تفریط۔

دَامَ لَعْنَتَہٗ۔ ہمیشہ اس پر لعنت رہے۔

دَامَتْ حَسَنَہٗ۔ بھلائی ہمیشہ رہے۔

رَبِّ یَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَیْرِ۔ اے میرے رب آسان کر اور پورا کر خیر کے ساتھ۔

رَجْعَتِ قَہْقَرٰی۔ اُلٹے پاؤں واپسی۔ اس طرح پر واپسی کا عمل کہ منھ تو اسی طرف رہے جدھر گئے تھے اور پیچھے سرکتے آئیں۔ الٹے قدم پھرنے کا عمل۔

رَجَعْنَا مِنَ الْجِھَادِ الْاَصْغَرِ اِلَی الْجِھَادِ الْاَکْبَرِ۔ ہم لوٹے جہادِ اصغر سے جہادِ اکبر کی طرف۔ ہم جہادِ اصغر سے جہادِ اکبر کی طرف لوٹتے ہیں۔

سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ۔ پاک ہے تو ہم کو معلوم نہیں مگر جتنا تو نے ہم کو سکھایا، بے شک تو ہی ہے اصل جاننے والا حکمت والا۔

سِرَاجًا وَّ ھَّاجًا۔ ایک چراغ چمکتا ہوا۔

سَلَّمْنَا۔ ہم نے تسلیم کیا۔ ہم نے مان لیا۔

سَلَّمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ اللہ تعالیٰ اس کو سلامت رکھے۔

سُمُوُّ الْمَکَانِ۔ مکان کی بلندی۔ رتبے کی بلندی۔

سَوَادِ الْوَجْہِ فِی الدُّنْیَا وَسَوَادِ الْقَلْبِ فِی الْعُقْبٰی۔ چہرہ کی سیاہی دنیا میں عاقبت کی سیاہی ہے۔

شَتَّتَ شَمْلَهُمْ ۔ (خدا کرے) ان کا گروہ بکھر جائے۔ تتر بتر ہو جائے۔

شَرَفُ الْاِنْسَان بِالْمَال وَ لُبُّ الْكَمَال ۔ انسان کا شرف دولت اور کمال عقل سے ہے۔

شُمُوسِ حَمِيَّتِكُمْ اِلٰى يَوْمِ التَّنَادْ ۔ تم ایسے سورج ہو کہ تمہاری حمیت قیامت تک رہے گی۔

صَاحِبُ السَّيْفِ وَ الْقَلَمِ ۔ تلوار اور قلم کا دھنی۔

ضَاعَفَ قَدْرَهٗ ۔ اس کا مرتبہ چوگنا ہو۔

طَلَبُ الْكُلِّ فَوْتُ الْكُلِّ ۔ بہت سی چیزوں کو حاصل کر لینے کی کوشش کل چیزوں کے حصول کو فنا کر دیتی ہے یعنی آدمی جب بہت سی چیزیں حاصل کرنا چاہتا ہے تو کوئی چیز بھی حاصل نہیں ہوتی۔

ظِلَالُكُمْ وَاسِعَةٌ اِلَى النُّشُوْرِ ۔ تمہارے سائے پھیلتے رہیں گے قیامت تک۔

عَزَّ اِسْمُهٗ ۔ اس کے نام کو اللہ بلند کرے۔

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْر ۔ (خدا کی تعریف) ہر شے پر قادر ہے۔

عَلٰى هٰذَا الْقِيَاس ۔ اسی طرح۔ اس قیاس پر۔

عَلَيْكَ سَلَامُ اللّٰهِ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ مِنْ اَوَّلِ اِمْسَاءٍ اِلٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ

تیرے اوپر سلام ہے ہر شب میں۔ شام کی ابتدا سے پو پھٹنے تک۔

اُبَلِّغُ عَنْ اَمْرِ الْجَلَادَةِ ظَبْيَةً اَمْ اَنْظُرُ فِيْمَا كَانَ يَا خَيْبَةَ الْاَمْرِ

میں بہادری کی خبر ہرنی کو دیتا ہوں کیا میں منتظر رہوں اس بات کا جس میں میرے لیے ناکامی ہے۔

اَتَذْكُرُنِيْ عَلَى الْمَنَابِرِ خُطْبَةً قَدْ اَيَّدَكَ الْمَوْلٰى وَ اَيَّدَكَ النَّصْرُ ۔ کیا تو مجھے یاد کرتا ہے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے۔ اللہ تیری مدد فرمائے اور پوری طرح مدد حاصل ہو۔

عَلَيْهِ التَّحِيَّةُ وَ الثَّنَا ۔ اس پر دعا اور سلام ہو۔

عِيَاذًا بِاللّٰهِ ۔ خدا کی پناہ۔

معاذ اللہ ۔ اللہ کی پناہ۔

عَمَّ نَوالُہٗ ۔ اس کی بخشش عام ہے۔

عِنْدَ اللّٰہِ مَاجُور ۔ اللہ کے یہاں اجر پائے۔

غَبَّ مَسَاقَبْلِ عِشَا ۔ شام کے بعد رات سے پہلے۔

عُلِمْتَ عِلْمْتَ فَهُوَ عِلْمَتَ ۔

تیرا جوش تیرا علم ہے بس وہی تیرا علم ہے۔

غَيْرَ ذَالِكَ ۔ اس کے سوا۔ علاوہ۔

فَاعْتَبِرُوا يَا اُولِی الْاَبْصَار ۔

سمجھ والو عبرت حاصل کرو۔ عبرت کے لیے مستعمل ہے۔

فَاقْتُلُوا فَاقْتُلُوا ۔ قتل کرو۔ قتل کرو۔

فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنَ الْخَالِقِين ۔

سو بڑی برکت اللہ کی جو سب سے بہتر بنانے والا ہے۔

فَضَّلْنَا بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْض ۔

فضیلت دی ہم نے ان میں بعض کو بعض سے یا بڑھا دیا ہم نے ایک کو ایک سے۔

فَهُوَ الْمُرَاد ۔ وہی مراد ہے ۔ وہی مقصود ہے ۔ یہی اصل مقصد ہے

تو خیر، مضائقہ نہیں کی جگہ یہ فقرہ کسی شرط کے آخر میں آتا ہے۔

فِی اَمَانِ اللّٰہ ۔ دعائے نیک جو کسی عزیز ہستی کو رخصت کرتے وقت کہتے ہیں ۔ اللہ حافظ ۔ اللہ کی حفاظت ہیں۔

قِسْ عَلٰی ہٰذَا ۔ اسی پر اور چیزوں کو قیاس کرو۔

ع کَالطَّیْرِ فِی الْحَدِیْقَةِ وَ اللَّیْثِ فِی الْاَجَمِ ۔ مثل پرند کے باغ میں اور مثل شیر کے بن میں۔

کَانَ مِنَ الْکَافِرِیْن ۔ وہ کافروں میں سے تھا۔

کَالْبَدْرِ فِی النُّجُوم ۔ جیسے چاند ستاروں میں۔ چودھویں رات کی طرح ستاروں کے درمیان۔

کَالشَّمْسِ فِی نِصْفِ النَّهَار ۔

سورج کی طرح دوپہر کے وقت۔

کُلُّ اِنَاءٍ تَرَشَّحُ بِمَا فِیْہ ۔

برتن میں جو کچھ ہے وہی چھلکے گا۔ ہر برتن سے ٹپکتا ہے جو

اس میں ہے۔

كُلُّ جَدِيدٌ لَذِيذٌ ۔ ہر نئی چیز اچھی معلوم ہوتی ہے

كُلُّ حَيَوانٍ تُحَرِّكُ فَكَّهُ الْأَسْفَلَ عِنْدَ الْمَضْغِ ۔ ہر جانور چباتے وقت اپنے نیچے کا جبڑا حرکت میں لاتا ہے۔

كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهُ ۔ ہر شے فنا ہونے والی ہے بجز اس کی ذات کے۔

كُلُّ طَوِيلٍ اَحْمَقٌ ۔ (مقولہ) ہر بڑے قد والا احمق ہوتا ہے۔

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۔ ہر چیز کو جو روئے زمین پر ہے فنا ضروری ہے۔

كَلَامُ الْمُلُوكِ مُلُوكُ الْكَلَامِ ۔ بادشاہوں کی بات بھی شاہانہ ہوتی ہے۔

كَلَامٌ مَا لَا يُدْرَكُ كُلُّهُ ۔ یہ ایسا کلام ہے کہ کل کا کل سمجھ میں نہیں آتا۔

كَمَا لَا يَخْفَىٰ عَلَى الْفَطِنِ اللَّبِيبِ ۔

وَ لَوْ فَرَضْنَا ذَالِكَ كُبْرىٰ ۔ اگر ہم اس کو بڑی بات فرض کرلیں تو یہ صاحب عقل پر مخفی نہیں ہے۔

كَمَا يَنْبَغِي ۔ جیسا مناسب ہو ۔ جیسا کہ چاہیے۔

كُوسِ لِمَنِ الْمُلْكَ ۔ آج کس کی بادشاہی ہے ۔ اپنی بڑائی یا خدائی کا نقارہ بجانا۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ ۔ کلمہ طیب ۔ اللہ کے سوا پرستش کے قابل نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے رسول ہیں ۔ یہ کلمہ مسلمانوں کے ایمان کی بنیاد ہے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ ۔ کوئی قوت اور کوئی طاقت سوائے خدائے بزرگ و برتر کے کسی کو سزاوار نہیں ہے۔

لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۔ آس مت توڑو اللہ کی مہربانی سے۔

لَا تَنَمْ قُمْ ۔ مت سو ، کھڑا ہو جا۔

لَستَ یَا خُفَّاشُ مِنَ اَھلِ الوَقَار ۔ لَا تَرَیٰ شَمسَ وَ لَا ضَوءُ النَّھَار ۔ اے چمگادڑ تو صاحبِ وقار نہیں ہے ۔ تجھے سورج اور دن کی روشنی نظر نہیں آتی ۔

لَقَدجِئتَ یَا فَندَت رَتن نَاتھ ۔ بِقِصَّۃٍ خَارِجَۃٍ مِنَ العُقُول ۔ اے پنڈت رتن ناتھ تم لائے ہو ایسا قصّہ جو عقل سے بالاتر ہے ۔

مُبَشَّرَیٰ بِقِصَّتِکُم نَاوِلکُمُ ۔ لِاَنَّا جِئنَا مُقَرِّظِینَ فَنَقُول ۔ تمہیں خوش خبری ہو تمہارے قصّے (یعنی ناول) کی، ہم تعریف کرتے ہوئے آئے ہیں تو پھر ہم کہتے ہیں ۔

لَقَد خَلَقنَا الاِنسَانَ فِی اَحسَنِ تَقوِیم ۔ ہم نے بنایا آدمی خوب سے انداز سے پر ۔

لِلّٰہِ الحَمد ۔ سب تعریف خدا کے لیے ہے ۔ خدا کا شکر ہے ۔

لَم یَلِد وَلَم یُولَد ۔ نہ کسی کو جنا نہ کسی سے جنا گیا ۔

لَوحَشَ اللّٰہ ۔ (کلمۂ تعجب وتعظیم) اللہ اس کو وحشت نہ دے ۔

لَو فَرَضنَا ۔ اگر ہم فرض کریں ۔ مان لیں ۔ تسلیم کریں ۔

لَیسَ لِلاِنسَانِ اِلَّا مَا سَعیٰ ۔ آدمی کو وہی ملتا ہے جو اس نے کمایا ۔

مَا اِسمُکَ ۔ تمہارا کیا نام ہے ۔

مَا دَامَ شُمُوسٌ ظِلَّا لُکُم لَامِعَۃً ۔ ہمیشہ رہیں تمہارے سورج کے سائے چمکتے ہوئے ۔

مَا عَبَدنَاکَ حَقَّ عِبَادَتِکَ ۔ ہم نے تیری بندگی کا حق ادا نہ کیا ۔

مَا عَرَفنَاکَ حَقَّ مَعرِفَتِکَ ۔ ہم نے نہیں پہچانا تجھ کو

تیرے حق کے مطابق۔

مُسَبِّحَانِ مَلَاءِ اَعْلیٰ۔ پاک ہیں فرشتے یعنی بالا و برتر مخلوق۔

مِصْبَاحِ مَجَالِسِ سِدَاد۔ صحیح مجالس کا چراغ۔

مَطْلَعِ الشَّمْسِ مِنْ وَجْهِهَا حَبَّتَ الدُّرِ فِيْهَا يَلْقَطُ اَلْوَرْدِ فِيْ خَدِّهَا مَغْرِسُ الْغُصْنِ فِيْ قَدِّهَا، اللَّيْلُ فِيْ شَعْرِهَا تَكَلُّوُ الْعُيُوْنَ وَالْقُلُوْبَ تَشْرِبُهَا۔ اس کا چہرہ مطلع آفتاب ہے، موتی کے دانے اس کے منھ میں، گلاب کا پھول اس کے رخسار ہیں، شاخ کا پودا اس کے قد میں ہے اور رات اس کے بالوں میں ہے، قریب ہے کہ نگاہیں اور دل اس کو پی جائیں۔

مَعَاذَ اللّٰه۔ خدا کی پناہ۔

مَنْ اَحَبَّ اللّٰهَ وَاَبْغَضَ اللّٰهَ وَاَعْطٰى اللّٰهَ مَنَعَ اللّٰهَ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ اِيْمَانَهٗ۔ جس نے اللہ کے لیے محبت کی اور اللہ کے لیے نفرت کی اور اللہ کے لیے اس نے سخاوت اور اللہ کے لیے جس نے بخل کیا تو اس نے اپنا ایمان مکمل کر لیا۔

مِنْ اَيِّ طَرِيْقٍ كَانَ هٰذَا۔ یہ کونسے طریقے سے ہے۔

مَنْ ضَحِكَ ضُحِكَ۔ جو ہنسا اس پر ہنسا گیا۔

مِنْ كُلِّ الْوُجُوْه۔ ہر لحاظ سے۔ ہر طریقے سے۔ ہر طرح سے۔

مَوْلَانَا بِالْعِلْمِ وَالْفَضْلِ اَوْلُنَا۔ ہمہ صفت موصوف۔ علم و فضل میں یکتا۔

نَسْيًا مَّنْسِيًّا۔ بھولا بسرا۔ فراموش۔ از یاد رفتہ۔

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ۔ اللہ کی طرف سے مدد اور جلد فتح پالی۔

نَعَمْ بِالرَّاسِ وَالْعَيْنِ۔

بہ سروچشم منظور ہونا (مجازاً) دل سے منظور ہونا۔

نَقْدُہٗ حُرْمَتُہٗ۔ اس کا نقد معاملہ اس کی عزت کا باعث ہے۔

نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ۔ نور ہی نور ہے۔

وَاجِبُ الْاِذْعَانِ۔ یقیناً ضروری ہے۔

وَاِثْمُهُمَا اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا۔ اور ان کا گناہ ان کے فائدوں سے کہیں بڑھا ہوا ہے۔

وَجَنّٰتٌ تَجْرِیْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ۔ باغ ہوں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔

وَجْهٌ مِّنَ الْوُجُوْهِ۔ وجوہ میں سے ایک وجہ۔

وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَہٗ۔ اللہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا۔ اور آپ کہتے رہیے کہ اے میرے پروردگار مجھے پہنچائیو پہنچانے کے وقت خوبی کے ساتھ اور مجھے نکالتے وقت خوبی سے نکالیو اور مجھے اپنے پاس سے غلبہ دیجیو (اپنی) نصرت کے ساتھ ملا ہوا۔

وَقِنَا رَبَّنَا عَذَابَ النَّارِ۔ اور ہم کو آگ کے عذاب سے بچائے رکھنا۔

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔ اللہ خوب جانتا ہے درست بات کو۔

وَاللّٰہُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ۔ اور اللہ بندوں کے حق میں بڑا شفیق ہے۔

وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ۔ اور اللہ ہی سے مدد طلب کی جاتی ہے۔

وَجَعَلَ الشَّمْسَ۔ اور آفتاب کو بنایا۔

وَجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا۔ اور ہم نے ایک روشن چراغ بنا دیا ہے۔

وَجَعَلْنَا النَّہَارَ مَعَاشًا ۔
اور بنایا دن کمائی کرنے کو ۔
وَعَلَیْکُمُ السَّلَام ۔ اور تم سب پر بھی سلام ہو ۔
وَفقًا لِمَرضَاتِہٖ ۔ اس کی خوشنودی کے موافق ۔
وَفَضَّلْنَا ھُم عَلٰی کَثِیرٍ مِّمَّن خَلَقْنَا تَفْضِیْلاً ۝ اور ہم نے اُن کو اپنی بہت سی مخلوقات پر بڑی فضیلت دی ہے ۔
وَقِس عَلٰی ہٰذَا ۔ اور اسی پر اور باتوں کو قیاس کرلو ۔
وَلَہُ الشُّکرُ ۔ اور اسی کے لیے شکر ہے ۔
وَمِنَ اللّٰہِ الاَعْلَنَۃَ وَالتَّوفِیق ۔
اور اللہ ہی کی طرف سے ہے درد اور توفیق ۔
وَھُوَ ہٰذَا ۔ اور وہ یہ ہے ۔
وَیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام ۔ اور صرف آپ کے پروردگار کی ذات عظمت و احسان والی، باقی رہ جانے والی ہے ۔

ع ہَاتَ الصَّبُوحَ حَیُّوا یَا اَیُّھَا السُّکَارَا ۔ اے ساقی شراب دے اور اے مستو آؤ ۔
ہَل مِنْ مُبَارِز ۔ کیا ہے کوئی مقابلہ کرنے والا ۔
ہُوَ السُّلطَانَ اَکْبَرُ السُّلْطَان مَالِکُ الْاَرْض وَالسَّمَاء وَ نَحْنُ عِبَادِ اَحْقَرُوْن قَابِلُوْنَ لِلْعَدَمْ وَ اُلفْنَا بِالدُّنْیَا نَشْکُرُ ۔ عِشْرِ الُوفِ اِحْسَانَہٗ بِسَاعَتِہٖ مِنَ السَّاعَات ۔
وہ بادشاہ ہے بڑا بادشاہ زمین و آسمان کا مالک ہے، ہم اس کے حقیر بندے ہیں، ہم دُنیا میں فنا اور ہلاکت کے قابل ہیں، ہم شکر کرتے ہیں، ہزاروں ہزار اس کا احسان ہے لمحات کے ایک لمحے میں ۔

یُحِبُّونَہُم کَحُبِّ اللہ وَ یُحِبُّونَہٗ وَ یُحِبُّونَہُم۔ محبّت کرتے ہیں ان سے جیسے اللہ سے محبّت کی جاتی ہے، وہ لوگ ان سے محبّت کرتے ہیں اور وہ ان سے محبّت کرتے ہیں۔

یَوْمُ التَّنَاد۔ دن فریاد کا یعنی روزِ قیامت کیوں کہ اس دن ایک دوسرے کو پُکارے گا کہ میری فریاد کو پہنچ لیکن کوئی کسی کو نہ پوچھے گا۔

اِن اشخاص کا تعارف جن کا ذِکر فسانۂ آزاد میں کیا گیا ہے

اِبْراہیمؑ ۔ (عبرانی ابراہام کی عربی صورت)۔ مشہور پیغمبر، آزر بُت پرست کے بیٹے، حضرت اسمٰعیلؑ کے والد، حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جدِ امجد، کعبۃ اللہ کے بانی اُر (اور) کے باشندے جن کو توحید کی تبلیغ کے جرم میں بابل کے مدعی الوہیت بادشاہ نمرود نے آگ میں جلاکر ہلاک کرنا چاہا، مگر بحکم خدا وہ آگ گلزار بن گئی آپ کا سال پیدائش ۲۱۶۰ ق م اور سال وفات ۱۹۸۵ء ق م ٹھہرتا ہے۔

اِبْنِ سِیْنَا ۔ پورا نام ابو علی الحسین بن عبداللہ بن سینا تھا۔ مسلمان فلسفی اور طبیب ۔ اس نے نوعمری ہی میں علوم ریاضی و ادب میں مہارت پیدا کر لی تھی۔ متعدد تصانیف اس کی یادگار ہیں، فن طب پر اس کی کتاب قانون بہت مشہور ہے۔ انتقال ۱۰۳۷ء میں کیا۔ لقب شیخ الرئیس تھا۔

اَبُوتُرَاب ۔ یہ حضرت علی کی کنیت ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تجویز کی تھی۔

اَبُوجَہْل ۔ ابوالحکم عمر بن ہشام عرب کے قبیلۂ قریش کا سردار اور اسلام کا بدترین مخالف تھا۔ جنگِ بدر میں قتل کیا گیا۔ یہ واقعہ ۲ ہجری کا ہے۔

اَبُو ظَفَر۔ کنیت آخری مغل تاج دار بہادر شاہ ظفر کی۔ متوفی ۱۸۶۲ء۔

اَبُو الفَضل۔ شہنشاہ اکبر کا وزیر اور اعلیٰ پایہ کا عالم تھا، اکبر کی گم راہی میں اس کا بڑا ہاتھ تھا، بالآخر ۱۰۱۱ھ (۱۶۰۲ء) میں لڑتا ہوا مارا گیا۔

اَخفَش۔ مشہور لغت نویس اور فن نحو کا فاضل تھا متوفی ۲۲۱ھ۔

اَسِیر۔ نواب مظفر علی خان اسیر، نواب واجد علی شاہ کے وزیر، مشہور شاعر متوفی ۱۸۸۱ء۔

اَشعَری۔ شیخ ابوالحسن بن اسمٰعیل اشعری اہل سنت کے مشہور امام، اسی نسبت سے علمائے اسلام کے ایک خاص گروہ کا نام بھی معروف ہے۔

اَفراسِیاب۔ توران کا نامی بادشاہ، جو ایران کے کیانی بادشاہوں کے ساتھ لڑتا رہا اور آخر کار کیخسرو بن سیاوش کے زمانے میں مارا گیا۔

اِلتُتمِش۔ شمس الدین التمش، تاج دارِ دہلی متوفی ۱۲۳۶ء۔

اَمَانَت۔ آغا حسن امانت، دلگیر کے شاگرد، اندر سبھا کے مصنف متوفی ۱۸۵۸ء

اَمجَد علی شاہ۔ اودھ کے بادشاہ، متوفی ۱۸۴۸ء۔

اِمرُءُ القَیس۔ امراء القیس بن حجر الکندی اہل نجد سے تعلق رکھتا تھا۔ یہ ان مشہور سات شعرا میں سے ایک ہے جو دور جاہلیت میں شعر و سخن میں ممتاز تھے، اس کا ایک قصیدہ اپنے محاسن کی وجہ سے سبع معلقہ میں شامل ہے اور اس کو خانۂ کعبہ پر آویزاں کیا گیا تھا۔ اس کا انتقال ۵۳۰ء اور ۵۴۰ء کے درمیان ہوا۔

اَمیر خُسرو۔ خواجہ ابوالحسن امیر خسرو نہایت مشہور صوفی شاعر تھے، ان کا لقب طوطیِ ہند تھا، انھیں موسیقی سے بھی بڑا شغف تھا، متعدد تصانیف ان سے یادگار ہیں۔ انتقال ۱۳۲۵ء میں ہوا اور اپنے پیر و مرشد حضرت محبوب الٰہی کے قریب دلی میں دفن ہوئے۔

اِنْشَاؔ ۔ انشا اللہ خاں اُردو کا معروف شاعر اور ماہر قواعد متوفی ۱۸۱۷ء۔

اَنْوَرِی ۔ محمد نام، اوحد الدین لقب اور انوری تخلص تھا، قصیدہ گوئی اور بذلہ سنجی میں ممتاز تھا، اس کا دیوان اب تک مقبول ہے اس کا انتقال تقریباً ۱۱۹۱ء میں ہوا۔

اَنِیْس ۔ میر ببر علی انیس اُردو مرثیہ گوئی میں ممتاز ترین شاعر متوفی ۱۸۷۴ء۔

اَیَاز ۔ سلطان محمود غزنوی کا نہایت معتمد غلام تھا۔

آغَا مِیْر ۔ اودھ کے بادشاہ غازی الدین حیدر کا وزیر اعظم، بانی سرائے آغا میر لکھنؤ۔

آصِفُ الدَّوْلَہ ۔ نواب وزیر اودھ بانی امام باڑہ آصفی متوفی ۱۷۹۵ء۔

اَرَسْطُوْ ۔ ارسطو، مدرسہ مشائیت کا بانی، افلاطون کا شاگرد رشید، سکندر اعظم کا نامور استاد ۳۸۴ ق م میں پیدا ہوا، متوفی ۳۲۲ ق م۔

اُوَیْس ۔ اویس بن عامر قرنی رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے نادیدہ عاشق تھے، آپ کا شمار تابعین میں ہے اور آپ کو خیر التابعین کا لقب بارگاہِ نبوّت سے عطا ہوا، حضرت علیؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کے درمیان جو لڑائی ہوئی تھی اس میں آپ ۳۷ ھ (۶۵۷ء) میں شہید ہوئے۔

اِلْیَاس ۔ حضرت الیاسؑ ایک مشہور اسرائیلی نبی گزرے ہیں، توریت میں ان کا نام ایلیاہ آیا ہے، وہ بادشاہ ای ب کے ہم عصر ہوئے ہیں جو شمالی مملکت کا فرماں روا تھا، اس بادشاہ کا زمانہ ۸۷۶ تا ۸۵۴ ق م ہوا ہے، توریت میں ان کے کرامات و معجزات کا ذکر ملتا ہے۔

اَیُّوْب ۔ حضرت ایوب اسرائیلی تو نہ تھے لیکن اسحاقی و ابراہیمی تھے یعنی حضرت ابراہیم سے پانچویں پشت میں، حضرت اسحاق کے بڑے صاحبزادے عیص کی اولاد میں تھے، توریت میں ہے کہ عوض کی سرزمین کے رہنے والے تھے،

علمائے یہود کا بیان ہے کہ آپ کی عمر ۲۱۰ سال کی ہوئی اور آپ فرزندانِ یعقوب کے ہم عصر ہیں پیغمبر ہونے کے ساتھ ہی آپ امیر کبیر بھی تھے اور کثیرالاولاد بھی۔

اَبُو نصرَ فارَابی ۔ فارابی کا پورا نام محمد بن محمد طرخان ابو نصر الفارابی ہے۔ فارابی دنیائے اسلام کے مشاہیر فلاسفہ میں تھا، متوفی ۹۵۰ء

اَرجُن ۔ ہندوستان کا مشہور تیر انداز سورما، راجا پانڈو کا لڑکا جس نے مہا بھارت کی جنگ میں نمایاں کردار ادا کیا۔

اَزرَق ۔ شام کا ایک پہلوان۔

اَفلاَطُون ۔ افلاطون یونان کا مشہور ترین فلسفی جو علم، حکمت اور فضل و کمال میں مشہور تھا۔ ارسطو کا استاد اور سقراط کا شاگرد تھا۔ اس کے "مکالمات" اور "ریاست" اپنی نوعیت کے بے مثل کارنامے خیال کیے جاتے ہیں متوفی ۳۴۸۔۳۴۷ ق م۔

اُقلیدس ۔ (اُقلِیدَس)۔ مصر کا مشہور ریاضی داں جس نے اسکندریہ میں درس گاہ ریاضی کی بنیاد ڈالی، اس کو علم ہندسہ کا شوق تھا اس لیے اس کا نام ہی اقلیدس ہوگیا۔

اَکبَر ۔ فرماں روایان ہند میں چغتائی (موسوم بہ مغلیہ)، خاندان کا تیسرا فرماں روا (بابر کا پوتا، ہمایوں کا بیٹا) جلال الدین محمد اکبر (۱۵۴۲ء-۱۶۰۵ء) ۔ اکبراعظم کے نام سے مشہور ہے، بہت سی چیزیں (سکے اوزان وغیرہ) اس کی نسبت سے اکبری کہلاتی ہیں، اس کے نو وزیر تھے جو نورتن کہلاتے تھے۔

اَورَنگ زیب ۔ ہندوستان کے شاہان مغلیہ میں اکبر اعظم کے پرپوتے محی الدین عالم گیر (۱۶۵۸ء-۱۷۰۷ء)۔

اِسفَندیار ۔ نام ایک بادشاہ بڑے زبردست بیٹے گستاسپ کا جس کو رستم نے تیر دو شاخہ سے اندھا کیا تھا۔

اَبُو علی مسکویہ ۔ ایک بہت بڑا ادیب، مؤرخ اور فلسفی متوفی ۱۰۳۰ء۔

اَیبَک ۔ قطب الدین ایبک

ہندوستان کا پہلا مسلمان بادشاہ تھا، یہ بڑا سخی تھا متوفی ۱۲۱۰ء۔

بابر - ظہیر الدین بابر، ہندوستان میں مغلیہ سلطنت کا بانی متوفی ۱۵۲۰ء۔

باربد - مضافات شیراز (فارس) کے ایک ماہر گویے کا لقب جو خسرو پرویز کے دربار میں حاجب کے عہدے پر مامور اور علم موسیقی اور بربط نوازی میں کامل تھا۔

بحر - شیخ امداد علی بحر، شاگرد ناسخ متوفی ۱۸۸۲ء۔

بطلیموس - دوسری صدی عیسوی میں مصر کا ایک مشہور مہندس جس نے زمین کے مرکز ہونے کا نظریہ پیش کیا اور ایک رصدگاہ بھی بنائی اور جس کا فلسفہ نظام بطلیموس کہلاتا ہے۔ مجسطی اس کی مشہور تصنیف ہے۔

بدر چاچ - سلطان محمد تغلق (۱۳۲۵ء تا ۱۳۵۱ء) کے عہد کا قصیدہ گو شاعر۔

بقراط - یونان کا مشہور عالم اور ماہر طب، عربی طب میں سب سے پہلے اسی کی کتابوں کا ترجمہ ہوا ہے، (۴۷۰ ق م)۔

بیکن - فرانسس بیکن، سائنٹفک طریق تحقیق استقرا کا بانی متصور ہوتا ہے متوفی ۱۶۲۶ء۔

بیربل - شہنشاہ اکبر کا نورتن۔ اکبر کے نورتن مشہور ہیں۔

بلعم باعور - بنی اسرائیل کا ایک بڑا عبادت گزار عالم تھا، اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے جرم میں مردود قرار دیا گیا۔

بہزاد - کمال الدین بہزاد ایران کے مشہور ترین مصوروں میں شمار کیا جاتا ہے، شاہ اسمٰعیل صفوی اس کا قدردان تھا۔

بکرماجیت - راجا بکرما جیت اجین کے حکمران ۵۷ ق م بھرتری ہری مشہور عالم اور شاعر کا بھائی تھا۔ سنہ بکرمی اسی سے منسوب ہے۔

بھوج - راجا بھوج قدیم ہندوستان کا ایک حکمران جو اپنی دولت کے سبب بہت مشہور تھا۔

بلقیس - شہر سبا کی ملکہ جو بعد میں ایمان لاکر حضرت سلیمان علیہ السلام کی زوجہ

بنیں۔

بھان متی ۔ راجا بھان کی بیٹی جس کو راکھشش اٹھا لے گئے تھے، اس کا قصہ بہت مشہور ہے۔

بگّا بیگم ۔ فن رقص کی ماہر، بادشاہ اودھ نصیرالدین حیدر کی درباری رقاصہ۔

بالمیک ۔ والمیک ورن کا بیٹا تھا۔ گو ابتدا میں رہزنی پیشہ تھا، لیکن بعد ازاں ریاضت اور عبادت نے صاحب کرامات بنا دیا، اس کی غیر فانی تصنیف رامائن ہے۔

بلیناس ۔ حکیم بلیناس تقریباً ۲۶۳ ق،م، ایک مشہور ریاضی داں اور فلکیات کا ماہر جس کی کئی کتابوں کا عربی میں ترجمہ ہو چکا ہے، یہ سکندر رومی کا جلیس و مشیر تھا۔

بیدل ۔ مرزا عبدالقادر مشہور، بلند پایہ فارسی شاعر متوفی ۱۷۲۵ء۔

بالے میاں ۔ سپہ سالار مسعود غازی کا عوامی نام جن کا مزار بہرائچ (ہندوستان) میں ہے، ان کے نام کی چھڑیاں اٹھائی جاتی ہیں۔

بیاس جی ۔ ایک مشہور مصنف اور بزرگ جسے عام طور پر ویدوں اور پرانوں کا مؤلف سمجھا جاتا ہے، ویدانت فلسفے کا بانی۔

بندہ دین اور کالکا ۔ دونوں درگا پرشاد کتھک کے بیٹے تھے، فن رقص کے جملہ اقسام میں ماہر، ان کا خاندان آج تک رقص میں ممتاز ہے۔

بیجو باولا (بیجو باورا) ۔ فن موسیقی کے کامل کا نام۔

تاناشاہ ۔ والئ گولکنڈہ ابوالحسن کا لقب جو بہت ہی نازک مزاج تھا۔

تان سین ۔ ایک مشہور استاد فن موسیقی کا نام، گویوں کو اس کے نام کی یہاں تک تعظیم منظور ہے کہ نام سننے کے ساتھ اپنا کان پکڑتے ہیں۔

تیمور لنگ ۔ مشہور فاتح، ۱۳۳۶ء میں پیدا ہوا مختلف لڑائیوں میں حصہ لینے کے بعد ۱۳۶۹ء میں تخت نشین ہوا، تیس برس تک فتوحات کا سلسلہ جاری رہا، ۱۳۹۸ء میں ہندوستان پر حملہ کیا اور دہلی کو فتح کر کے بے شمار مال و

دولت لے گیا، چین پر حملے کی تیاری میں مصروف تھا کہ ۱۴۰۵ء میں فوت ہوگیا اور سمرقند میں دفن کیا گیا۔

ٹالمی ۔ کلاڈیس ٹالمی، مشہور ماہرفلکیات، نامور ریاضی داں اور معروف جغرافیہ نویس، دوسری صدی ہجری میں ۷۸ سال کی عمر میں فوت ہوا۔

جالینوس ۔ علم طب کا ماہر مشہور یونانی فلسفی، فن تشریح میں اس کی تحقیقات قابلِ قدر ہیں۔

جُرأت ۔ شیخ قلندربخش جرأت، اردو کے مشہور شاعر متوفی ۱۲۲۵ھ۔

جانِ عالَم ۔ اودھ کے آخری بادشاہ واجد علی شاہ کا لقب

جعفر زٹلی ۔ میر جعفر زٹل، عہد عالمگیر کے دور آخر کے مشہور ہزال تھے، ان کا کلام فحش، ہجو، مسخرگی سے پُر ہے اور بقول خود کوڑہ و کرکٹ است متوفی ۱۲۲۵ھ۔

جلال لکھنوی ۔ حکیم سید ضامن علی جلال اُردو کے ادیب اور شاعر، فن قواعد و لغت نویسی میں مہارت رکھتے تھے متوفی ۱۹۰۹ء۔

جولیس سیزر ۔ رومی جنرل، سیاست داں اور مطلق العنان فرماں روا، ۴۴ ق م میں قتل ہوا۔

چنگیز خان ۔ مشہور فاتح، نہایت خوں خوار، سخت دل اور جنگ جو قوم کا فرد تھا، اس نے حکومت کے باقاعدہ قوانین مرتب کیے، جوینی کا بیان ہے کہ تاتار کا علاقہ بیابان سے ایوان مسرت بن گیا تھا ۔ متوفی ۱۲۲۷ھ۔

چھجو خاں ۔ ماہر پٹے باز۔ عہد آصف الدولہ میں اس کی بہت شہرت تھی۔

حاتم ۔ عدی بن حاتم، مشہور یمنی قبیلے طے کا سردار، سخاوت میں شہرۂ آفاق۔

حافظ ابراہیم ۔ ماہر خطاط، شاگرد حافظ نور اللہ، اودھ کے نوابی عہد میں تھے

حافظ شیرازی ۔ خواجہ شمس الدین حافظ، فارسی کے مقبول ترین غزل گو، جن کے دیوان سے فال نکالتے ہیں، لسان الغیب کہلاتے ہیں متوفی ۱۳۸۸ء۔

حافظ نورُ اللہ ۔ بہت مشہور اور ماہر خوش نویس تھے، ان کے شاگردوں کے ذریعے اس فن کو بہت ترقی ہوئی، لکھنؤ میں قیام تھا۔

حسنینؑ ۔ مراد حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین۔

حلّاج ۔ منصور حلاج فارس کے ایک قصبے میں پیدا ہوئے، انھیں حضرت ابو ایوب انصاریؓ کے خاندان سے بتایا جاتا ہے، وحدت الوجود کے قائل تھے اور انا الحق کہا کرتے تھے، اس پر اور ان کی بعض تصانیف پر علمارِ وقت نے سزائے موت کا فتویٰ دیا چنانچہ ان کو پھانسی دی گئی، وہ صاحب تصنیف صوفی تھے۔

حامد علی ۔ ماہر خوش نویس، منشی ہادی علی کے شاگرد، ترجمہ الف لیلیٰ کے مرتب، نولکشور پریس سے وابستہ رہے۔

خاقانی ۔ افضل الدین خاقانی شروانی فارسی کے بلند پایہ قصیدہ نگار، لقب حسان عجم، نعت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خاص شغف تھا متوفی ۱۱۸۶ء۔

خضر ۔ حضرت خضر کے بارے میں مختلف روایات ہیں، بعض کہتے ہیں کہ خضر نام ہے اور اکثر کا قول ہے کہ یہ لقب ہے اور پھر نام کے بارے میں بھی مختلف اقوال ہیں، اسی طرح ان کی حیات و موت کے ضمن میں بعض کا خیال ہے کہ ان کو حیاتِ ابدی حاصل ہے اور وہ اب تک زندہ ہیں اور جلیل القدر محققین فرماتے ہیں کہ ان کے لیے حیاتِ ابدی کا ثبوت نہ قرآن سے ثابت ہے نہ احادیث سے، لہٰذا وہ بھی انسانی دُنیا کی طرح اپنی طبعی موت سے وفات پاچکے۔

دبیر ۔ مرزا سلامت علی دبیر اُردو کے مشہور مرثیہ گو متوفی ۱۸۷۵ء

دارا ۔ دارا یا داراب سوم، کیانی خاندان کا نواں بادشاہ، ۳۳۱ ق،م میں سکندر اعظم سے نبرد آزما ہوا، شکست کھائی اور قتل ہوا، فارس کا بہت مشہور بادشاہ ہوا ہے۔

دجّال ۔ ایک شخص جو قیامت کے قریب خروج کرے گا اور لوگوں کو گمراہی میں ڈالے گا۔

دَرْد ۔ خواجہ میر درد مشہور صوفی، اُردو شاعر متوفی ۱۷۸۵ء۔

دَقْیَانُوس ۔ فارس اور عرب کے ایک نہایت ظالم اور کافر بادشاہ کا نام جس کے عہد میں اصحاب کہف ہوئے۔

دَوَّانی ۔ محقق دوانی، جمال الدین نام، ایران کا مشہور عالم، تاتاری حاکم ہلاکو خان کا وزیر تھا اس کی کتاب "اخلاق جلالی" بہت مشہور ہے متوفی ۹۲۸ھ

دُھنیا مہری ۔ مشہور کہارن جو اودھ کے بادشاہ نصیر الدین حیدر کی منظور نظر اور حکومت کے معاملات میں دخیل تھی، اس کی وجہ سے رسالدار فقیر محمد خاں گویا کو بادشاہ کی خفگی کے باعث مستعفی ہونا پڑا تھا۔

رَامَا بائی ۔ ایک تعلیم یافتہ، مہذب خاتون۔

رَابعہ بَصْری ۔ ایک ممتاز عابدہ و زاہدہ خاتون جن کا شمار اولیاء اللہ میں ہوتا ہے، بصرہ کی رہنے والی تھیں ۱۳۵ھ میں وفات پائی۔

رَاجہ جھَرا ۔ کہاروں کی برادری کا سردار، عہد آصف الدولہ میں بہت مشہور ناچنے والا ایک خاص ناچ کا موجد تھا۔

رُسْتَم ۔ ایران کا مشہور پہلوان تھا، شاہنامۂ فردوسی اس کے کارناموں سے بھرا پڑا ہے، رستم، بہمن کے مقابلے میں جو کیانی خاندان کا ساتواں بادشاہ تھا لڑا اور مارا گیا، زال بن سام بن نریمان کا بیٹا، سہراب کا باپ، شجاعت میں ضرب المثل تھا۔

رُکمنی بائی ۔ راجہ بھیم کی دختر۔

رِنْد ۔ سید محمد خان رند، نواب غیاث محمد خان کے بیٹے تھے، ۱۲۴۰ھ میں فیض آباد سے لکھنؤ آگئے اور خواجہ حیدر علی آتش کے شاگرد ہوئے۔ متوفی ۱۸۵۷ء۔

رُوْدَکی ۔ ابو عبداللہ نام فارسی زبان کا مشہور و ممتاز شاعر جو فارسی شاعری کا باوا آدم کہلاتا ہے۔ متوفی ۳۲۹ھ۔

زَال ۔ سام کا بیٹا اور مشہور عالم پہلوان رستم کا باپ تھا۔ زال بوڑھی عورت کو بھی کہتے ہیں۔

زَرتُشت ۔ ایک ایرانی مذہبی رہنما جس نے آتش پرستی

کی بنیاد ڈالی، پارسی مذہب کا پیغمبر مانا جاتا ہے، زرتشت کا سال وفات تقریباً ۵۵۰ ق م سے لے کر ۵۸۳ ق م تک ہونا چاہیے۔

زُلالی ۔ حکیم زلالی خوانساری، فارسی کا مثنوی گو شاعر متوفی ۱۰۲۴ھ۔

زُلیخا ۔ عزیز مصر کی بیوی کا نام توریت میں تو نہیں، البتہ روایات یہود میں زلیخا آیا ہے وہیں سے مسلمانوں میں چل پڑا، ان کے لیے عام طور پر مشہور ہے کہ بعد کو حضرت یوسفؑ کے عقد نکاح میں آگئی تھیں لیکن اس کی سند نہ قرآن سے ملتی ہے نہ حدیث صحیح سے نہ توریت سے۔

سَامی ۔ حضرت نوح علیہ السّلام کا بڑا بیٹا جس کی اولاد سے عرب اور شمالی افریقہ کے لوگ خیال کیے جاتے ہیں۔

سَامِری ۔ حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے زمانے کا ایک جا گر جس نے حضرت جبریلؑ کے قدم کی مٹی حاصل کرکے اپنے سونے چاندی کے گوسالے میں جان ڈال دی اور بنی اسرائیل سے اس کی پرستش کرائی۔

تھی۔

سُحبَان ۔ سحبان باہلہ قبیلے کا فرد تھا، عرب، فصاحت میں اس کا نام ضرب المثل کے طور پر استعمال کرتے ہیں، اسلام سے قبل گزرا ہے۔

سَرَب سُکھ رَائے ۔ ایک باکمال خطاط تھا، حافظ نور اللہ کا شاگرد تھا۔

سُرُور ۔ مرزا رجب علی بیگ سرور، مصنف فسانۂ عجائب متوفی ۱۸۶۷ء۔

سِری کِشن ۔ (شری کرشن)۔ ہندوؤں میں خاصی تعداد ایسے لوگوں کی ہے جو کرشن کو خدا کا اوتار مانتے ہیں، مہا بھارت کی لڑائی میں انہوں نے جو مذہبی تعلیم ارجن کو دی وہ آج "بھگوت گیتا" کی شکلیں موجود ہے۔

سُقرَاط ۔ یونان کا مشہور فلسفی، دانائی میں یگانۂ روزگار تھا، ایتھنز کے قدامت پسندوں نے اسے اپنے لیے خطرہ محسوس کیا اور زہر کا پیالہ پینے کی سزا دی۔ متوفی ۳۹۹ ق م۔

سَعَادت عَلی خاں ۔ اودھ کے حکمران متوفی ۱۸۱۴ء۔

سَعْدِی ۔ شرف الدین نام، لقب مصلح اور سعدی تخلص، وطن شیراز تھا۔ سعدی فارسی غزل کے پیغمبر مانے جاتے ہیں، ان کی فصاحت و بلاغت کا شہرہ ان کی زندگی ہی میں ممالک دور دراز میں پھیل گیا تھا، ان کی گلستاں اور بوستاں کو بڑا قبول عام حاصل ہوا۔ متوفی ۱۲۹۱ء۔

سِکَنْدَر ۔ سکندر ۳۵۶ ق م میں پیدا ہوا، حکیم ارسطو سے تعلیم و تربیت حاصل کی، ۳۳۶ ق م میں اس نے ہندوستان کا رخ کیا، اس کی فتوحات کا سلسلہ اس قدر بڑھ گیا تھا کہ اس نے دنیا کا بہت سا حصّہ فتح کر لیا تھا، اس کا شمار دنیا کے مشہور فاتحین میں ہوتا ہے۔

سَلْمان سَاوُجی ۔ فارسی کے بلند پایہ شاعر متوفی ۷۷۸ھ۔

سَنْجَر ۔ سلطان سنجر ملک شاہ سلجوقی کا تیسرا لڑکا تھا۔ سلطان سنجر سلجوقی خاندان کی عظمت و ناموس کا محافظ تھا، تمام خاندان اس کو اپنا سرپرست اور مربی مانتا تھا۔ سلطان سنجر کی شان و شوکت اور عظمت و سطوت اس کے عہد میں ضرب المثل تھی متوفی ۱۱۵۷ء۔

سُنْدَر رُبَان ۔ عہد آصف الدولہ کی ماہر گانے والی۔

سَوْدَا ۔ مرزا محمد رفیع، اردو کا بلند پایہ قصیدہ نگار متوفی ۱۷۸۱ء۔

سُہْرَاب ۔ نام رستم کے بیٹے کا جو رستم کے ہاتھ سے دھوکے میں مارا گیا۔

سِیتَاجی ۔ متھلا کے راجہ جنک کی دختر، سری رام چندر جی کی زوجہ، محترمہ (جانکی) کا اسم گرامی۔

شَاہ مِیْنَا ۔ ایک بزرگ اور عالم جن کا مزار لکھنؤ میں مرجع خاص و عام ہے، ان کے مزار پر نوچندی جمعرات کو میلہ لگتا ہے۔

شُجَاعُ الدَّولَہ ۔ اودھ کے دوسرے نواب وزیر و حکمران متوفی ۱۷۷۴ء۔

شَدَّاد ۔ ایک مشہور کافر بادشاہ جو خدائی کا دعویٰ بھی کرتا تھا، اس نے ایک باغ بہشت کی جگہ تعمیر کیا تھا اور اس کو ہر طرح آراستہ و پیراستہ کیا تھا یہ گویا اس کی جنّت ارضی تھی، جس وقت

باغ تیار ہوا اور شداد اس کو دیکھنے کے لیے گیا تو خدا کے حکم سے گھوڑے کی رکاب میں سے پیر اُتارنے بھی نہ پایا تھا کہ روح قبض ہوگئی۔ اور سارا دعوئ خدائی رکھا ہی رہا۔

شمس الدین ۔ اعجاز رقم خطاب تھا، فن نستعلیق کے ماہر، ایک بلند پایہ خوش نویس، شاگرد ہادی علی اشک، مطبع نولکشور سے وابستہ رہے۔

شمر ۔ یزید کی فوج کا ایک عہدہ دار جس نے حضرت امام حسین کو کربلا میں شہید کیا تھا۔

شنکر آچاریہ ۔ شنکر اوبشنوی فرقے کا بانی اور ویدانت کا گرو تھا، اس کی متعدد تصانیف ہیں، اس نے بھگوت گیتا اور مہا بھارت پر حاشیہ لکھا تھا، میکڈونل کے نزدیک اس نے ۸۲۰ء میں انتقال کیا۔

شوری ۔ بادشاہ نصیر الدین حیدر کے عہد کا گانے والا، جو ٹپہ گانے میں بہت ماہر تھا۔

شہیدی ۔ کرامت علی شہیدی خوش گو شاعر، نعت گوئی میں مشہور، شاگرد مصحفی متوفی ۱۲۵۶ھ

شیخ سدّو ۔ ایک بزرگ شخصیت جو بہت مشہور ہیں۔ امروہہ ضلع مراد آباد (ہند) میں ان کا مزار ہے جس پر لوگ عقیدت مندی کے ساتھ حاضر ہوتے ہیں، منتیں مانتے ہیں، ان کے نام کا بکرا ذبح کرتے ہیں، عورتیں زیادہ عقیدت مند ہیں، مگر ان کے متعلق کوئی مستند بات معلوم نہیں۔

شیر افگن ۔ بادشاہ جہانگیر کی بیگم ملکہ نور جہاں کے پہلے شوہر کا نام جو بہت بہادر تھا اور اس نے مقابلے پر ایک شیر کو مار ڈالا تھا۔

شیریں ۔ خسرو پرویز بادشاہ فارس کی کنیز تھی۔ فرہاد اس پر فریفتہ تھا، خسرو نے اس کو دے دینے کا وعدہ اس شرط پر کیا کہ وہ کوہ بے ستون کو تراش کر اس میں میں سے ایک چشمہ نکال دے چنانچہ وہ اپنی محبوبہ کے لیے حکم کی تعمیل کرتا رہا، اپنے مقصد کے قریب ہی پہنچا تھا کہ خسرو پرویز نے اس خوف

سے کہ مبادا فرہاد کامیاب ہو جائے، ایک بڑھیا کے ذریعے سے اس تک یہ خبر پہنچائی کہ شیریں کا انتقال ہوگیا، اس خبر کو سُن کر فرہاد نے جان دے دی۔

شِیوَاجی ۔ (سیواجی)۔ ایک مرہٹہ سردار، حکومت مغلیہ کا بدترین دشمن، حکومت کی مزاحمت میں ۱۶۸۰ء میں فوت ہوا۔

صَبا ۔ میر وزیر علی صبا اردو کا صاحبِ دیوان شاعر متوفی ۱۲۷۱ھ۔

طَالِبؔ آملی ۔ محمد طالب نام، ایران کے شہر آمل کا باشندہ، فارسی کا بلند پایہ شاعر تھا۔ جہانگیر بادشاہ کے عہد میں دربار سے ملک الشعرا کا خطاب پایا متوفی ۱۶۲۷ء۔

طَاہِر وَحید ۔ ایرانی شاعر اور تاریخ نویس متوفی ۱۶۹۹ء۔

طُوطَا رَام شَایَان ۔ فارسی اور اُردو زبانوں کا ماہر تھا، اس نے منشی نولکشور کی فرمائش پر الف لیلیٰ کو نظم کیا تھا جو شائع ہو چکی ہے۔

طُوسی ۔ نصیر الدین طوسی کو مختلف علوم و فنون میں مہارت تامہ حاصل تھی خاص کر ہئیت اور فلسفہ میں ید طولیٰ رکھتے تھے، انھوں نے عربی کی ایک کتاب کا ترجمہ فارسی میں کیا جو اخلاق ناصری کے نام سے اب تک مشہور ہے متوفی ۱۲۷۴ء۔

ظَہُورِی ۔ ملا نور الدین ظہوری فارسی کے باکمال شاعر اور نثر نگار دکن کے رہنے والے تھے، سہ نثر انشا اور نورس فن موسیقی میں ان کی مشہور تصانیف ہیں۔ متوفی ۱۰۲۵ء۔

ظہیر فَارْیابی ۔ ابوالفضل طاہر بن محمد ظہیر الدین فاریابی شعر و ادب اور تحصیل علم کا شائق تھا، اس نے علم نجوم میں بڑی مہارت پیدا کی۔ اس کے قصائد استادانہ ہیں لیکن وہ انوری اور خاقانی کے ہم پلہ نہیں، وہ صاحبِ دیوان شاعر تھا متوفی ۱۵۹۸ء۔

عَاشُورَن ۔ نصیر الدین حیدر بادشاہ اودھ

کے عہد کی ایک ماہر ناچنے والی تھی۔

عَبّاس - آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا اور حضرت علی کے ایک بیٹے کا نام بھی ہے جو حضرت امام حسین کے ساتھ کربلا میں شہید ہوئے تھے۔

عِراقی - پورا نام شیخ فخرالدین ابراہیم ہے، ان کا شمار فارسی کے مشہور شعراء میں ہے، سالِ وفات ۱۲۸۹ء۔

عُرفی - جمال الدین نام، عرفی تخلص، فارسی کا مشہور شاعر تھا، اس کی چند تصانیف ہیں مگر قصائد اور دیوان بہت مشہور ہیں متوفی ۱۵۹۱ء۔

عَسجدی - محمود غزنوی کا درباری شاعر، بلند پایہ فارسی شعرا میں شمار کیا جاتا ہے، فردوسی کا ہم عصر تھا متوفی ۴۳۲ھ۔

عطّار - اصلی نام محمدؐ، لقب فریدالدین اور عطار تخلص تھا، آپ کا شمار اکابر صوفیہ میں ہے، شاعر بھی اعلیٰ پایہ کے تھے، نیشاپور کے قتلِ عام میں جو چنگیز خاں کے حکم سے ہوا تھا ۱۲۳۰ء میں شہید ہوئے۔

عُمر خیّام - عمر نام خیام تخلص باکمال فلسفی، ماہر نجوم، ممتاز رباعی گو شاعر متوفی ۵۱۷ھ۔

عَمرو عیّار - طلسم ہوش رُبا کا مشہور کردار جس کی عیاری کے قصّے زبان زدِ عوام و خواص ہیں، اس کی زنبیل میں دنیا جہان کی چیزیں آجاتی تھیں۔

عَیشی - اُردو کے خوش گو شاعر متوفی ۱۲۴۰ھ۔

غازی الدّین حَیدر - اودھ کے پہلے بادشاہ جنہوں نے دہلی کی مرکزی حکومت کی قیادت ترک کر کے خودمختار بادشاہی کا اعلان کیا، انھوں نے ۱۸۲۷ء میں وفات پائی۔

غالِب - مرزا اسداللہ خان غالبؔ فارسی اُردو کے باکمال شاعر متوفی ۱۸۶۹ء۔

غَنی - مرزا محمّد طاہر نام، غنی تخلص تھا، غنی نے "مثالیہ نگاری" کو ایک خاص فن بنا دیا، غنی کی شہرت ان کے فارسی دیوان

سے ہے متوفی ۱۶۶۸ء۔

فِردَوسِی ۔ فردوسی کا پورا نام ابوالقاسم حسن بن اسحاق بن اسحاق بن شرف تھا، وہ دورِ غزنویہ کا سب سے بلند پایہ شاعر تھا، وہ اپنے زندہ جاوید شاہنامہ کی وجہ سے غیر معمولی شہرت کا مالک ہے متوفی ۱۰۲۵ء۔

فِرعَون ۔ قدیم مصری بادشاہ جن کے اٹھارہ خاندان مصر پر حکمران رہے فراعنہ کہلاتے تھے، حضرت موسیٰؑ کے عہد میں بھی مصر پر ایک فرعون ہی کی حکومت تھی، بعض فراعنہ بڑے جلیل القدر اور بعض بڑے ظالم گزرے ہیں، اہرام مصر انھیں فراعنہ کی یادگار ہیں۔

فَرہاد ۔ شیریں پر فریفتہ تھا، اپنی محبوبہ کے حصول میں ناکامی پر جان دے دی۔

فَریدُون ۔ اہلِ ایران درفش کاویانی کے متعلق یہ روایت بیان کرتے ہیں کہ جس وقت دنیا میں ضحاک کی ظالمانہ حکومت کے ہزار برس گزر گئے تو ایک آہن گر نے جس کا نام کاوہ تھا اپنے چمڑے کا پیش بند ایک نیزے کے سر پر باندھا اور اس جھنڈے کے ساتھ بغاوت کا اعلان کیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ظالم بادشاہ ضحاک کو شکست ہوئی اور نوجوان شہزادہ فریدون جو قدیم شاہی خاندان سے تھا تخت نشین ہوا۔

فِری مِیسَن ۔ قدیم زمانے میں انگلستان کا ایک پراسرار گروہ جس کا الگ ایک مذہب و مسلک تھا جو کسی پر ظاہر نہیں کرتے تھے صرف اس گروہ کے افراد ہی ایک دوسرے سے واقف ہوتے تھے۔

فَغفُورِ چین ۔ چین کے ایک مشہور بادشاہ کا نام جس کے ماں باپ نے اس کو بت کے نذر کر دیا تھا اس کے بعد ہر بادشاہ چین کا یہی لقب ہوگیا۔

فَقیر مُحَمَّد خَان گُویا ۔ گویا تخلص تھا، اودھ میں رسالدار تھے، اُردو کے اچھے شاعر تھے، ان کی کتاب بستان الحکمت اردو نثر کی مشہور کتاب ہے متوفی ۱۸۵۰ء۔

فَیثَا غورَث ۔ یونان کا مشہور عالم اور فلسفی، کہا جاتا ہے کہ اس نے سب سے پہلے ہیرا کی کا

فن سیکھا۔

فَیضِی ۔ فیضی کا پورا نام ابوالفیض تھا، غزالی مشہدی کے انتقال کے بعد اکبر کے دربار میں ملک الشعرا کے عہدے پر فائز ہوا، تاریخ، فلسفہ، طب اور انشاء پردازی میں کمال رکھتا تھا، سنسکرت زبان کا بھی جید عالم تھا، فارسی کا بلند پایہ شاعر تھا، عربی زبان میں بھی کامل دست گاہ رکھتا تھا اس کی تصانیف کی تعداد خاصی ہے متوفی ۱۵۹۵ء۔

قَابِیل ۔ حضرت آدم کا بیٹا جس نے اپنے بڑے بھائی کو اپنی بہن کے حسد میں مار ڈالا تھا، سب سے پہلا قاتل ۔

قَارُون ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کا بہت مال دار اور بخیل شخص جس نے زکوٰۃ دینے سے انکار کردیا تھا اور آخرکار حضرت موسیٰؑ کی بددعا سے اپنے تمام مال سمیت زمین میں دھنس گیا۔

قَائِم عَلی خَان ۔ لکھنؤ کا مشہور بھانڈ (نقال) تھا۔

قَاضِی نِعمَتُ اللّٰہ ۔ باکمال خوش نویس جو مشہور اُستاد خطاطی عبدالرشید دیلمی کے شاگرد رشید تھے۔

قَدرؔ بِلگرامی ۔ غلام حسین نام وطن بلگرام اردو کے اچھے ادیب و صحافی، خوش گو شاعر اور مرزا غالب کے شاگرد تھے، اودھ اخبار کے اڈیٹر رہے ۱۸۸۴ء میں وفات پائی۔

قُدسِی ۔ جان محمد قدسی، فارسی کا شاعر، اس نے شاہ جہاں کی مدح میں ایک قصیدہ لکھا اور انعام پایا ۔ متوفی ۱۶۴۶ء۔

قِزِل اَرسَلَان ۔ نام ایک بادشاہ خاندان سلجوق کا جو ممدوح ظہیر فاریابی کا تھا، شاہ مذکور کے بانی سرخ تھے اس لیے اس کا یہ نام رکھا گیا۔

کَالکَا بَائی ۔ کالی دیوی، درگا۔

کَالی دَاس ۔ سنسکرت کا مشہور شاعر، راجا بکرماجیت کا ہم عصر تھا، شکنتلا، اس کا لکھا ہوا بہترین ناٹک ہے جس کو بڑی شہرت حاصل ہے۔

کَرِیلا ۔ عرف کریلا بھانڈ۔ عام طور پر کریلا بھانڈ کے نام سے مشہور تھا، وہ اودھ کے نواب سعادت علی خان کے عہد سے نصیرالدین حیدر کے زمانے

تک موجود تھا، اس کا کمال یہ تھا کہ مسلسل سات گھنٹے تک منھ بناتا تھا، محرم میں شربت کی سبیل لگاتا تھا، ایک بار بادشاہ نصیر الدین حیدر معہ اپنی بیگم کے اس کی سبیل پر آئے تو اس نے برجستہ کہا خدا حضور کو سلامت اور بیگم صاحبہ کو قائم رکھے اس فقرہ پر بادشاہ اور مصاحبین پھڑک اٹھے اور اس کو انعام سے نوازا۔

کمال خجند - کمال الدین مسعود خجندی، فارسی کا معروف شاعر متوفی ۱۴۰۰ء۔

کلوپٹرا - مصر کی شہرۂ آفاق ملکہ متوفیہ ۳۰ ق م۔

گندھاری - مہاراجہ دھرتراشت کی بیوی۔

گنیش جی - شوجی اور پاربتی کا بیٹا جسے ہندو دانائی کا دیوتا اور مشکل کشا مانتے ہیں۔

گیو - ایک حکیم، دانش ور، پہلوان۔

لقمان - لقمان ثانی کا نام لقمان حکیم بھی مشہور ہے، یہ ایک آزاد شدہ غلام اور حضرت داؤد علیہ السّلام کے ہم عصر تھے اور باشندہ حبشہ یا سوڈان کے تھے۔

لونا چماری - بنگالے کی ایک مشہور و معروف جادوگرنی کا نام۔

مانی - ایران کا باکمال مصوّر اور نقاش، اس کی کتاب ارژنگ یا ارتنگ بہت مشہور ہے، بہرام اول بادشاہ ایران نے اس کو پیغمبری کا دعویٰ کرنے کی پاداش میں قتل کرا دیا تھا۔

مجنوں - مجنوں کا اصلی نام قیس تھا مگر عشق کی دیوانگی کے سبب اس کو مجنوں کہا کرتے تھے۔ قیس نے اپنے بچپن میں لیلیٰ کو دیکھا تھا اسی دن سے اس پر عاشق ہوگیا تھا۔ اس کے والدین چاہتے تھے کہ اس کی شادی لیلیٰ سے ہو جائے مگر ہر طرح کی کوشش کے باوجود ناکام رہے، ادھر قیس نے عشق کے ہاتھوں مجبور ہو کر صحرا نوردی اختیار کی اور اسی میں جان دے دی۔ قیس صاحبِ دیوان شاعر تھا، اس کے عربی دیوان سے اس کے عشق کی داستان مرتب کی جاسکتی ہے۔ قیس کا زمانہ ہشام بن عبدالملک (۷۴۴ء) کا عہد تھا۔

محسن قاآنی - ایرانی دانش ور۔

مُحَمَّد عَلی شَاہ ۔ اودھ کے بادشاہ جنھوں نے حسین آباد لکھنؤ میں خوب صورت امام باڑا تعمیر کرایا تھا، متوفی ۱۸۴۲ء۔

مَحمُود غَزنَوی ۔ محمود غزنوی ایک مجاہد کی حیثیت سے ہندوستان آیا اور سترہ حملے کیے ان میں سومنات کا حملہ سب سے زیادہ مشہور ہے، اس کے عہد میں علم و ہنر کو بڑا فروغ ہوا ۔ محمود نہایت شائستہ، زندہ دل، سادہ مزاج اور خلیق تھا، اس نے ۱۰۳۰ء میں وفات پائی۔

مِرزا عَلی ۔ نصیر الدین حیدر کے عہد میں شاہی طبیب تھے۔

مَریَم ۔ حضرت مریم حضرت عمران کی صاحب زادی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ تھیں، ان کی والدہ نے ان کا نام مریم رکھا تھا، سریانی میں اس کے معنی "خادم" کے ہیں، قرآن میں حضرت مریم کا ذکر کئی جگہ اختصار کے ساتھ آیا ہے، انتقال ۶۳ء میں ہوا۔

مُصحَفی ۔ غلام ہمدانی مصحفی اردو کے باکمال صاحبِ دیوان شاعر متوفی ۱۲۴۰ھ۔

مُمتَاز مَحَل ۔ شاہ جہاں بادشاہ کی محبوب ملکہ جس کی یادگار میں اس نے تاج محل بنوایا تھا، ممتاز محل نے ۱۶۳۱ء میں وفات پائی۔

مَنُوجی ۔ منوسمرتی کا مصنف، ہندوؤں میں ایک بہت بڑے فاضل کا نام جس نے دھرم شاستر بنایا جو منو کا دھرم کہلاتا ہے۔

مُنِیر ۔ اسمٰعیل حسین منیر مشہور شاعر اور ادیب جن کو ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی میں شرکت کے جرم میں جزائر انڈمان میں قید کر دیا گیا تھا ۱۸۸۱ء میں وفات پائی۔

مُنِیژَہ ۔ دخترِ افراسیاب۔

مُوسیٰ عَلَیہِ السّلَام ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام جلیل القدر پیغمبر سلسلۂ اسرائیل کے مشہور ترین پیغمبر ولادت ۱۵۲۰ ق م اور وفات ۱۴۰۰ ق م۔

مُومِن ۔ حکیم مومن خاں دہلوی باکمال غزل گو شاعر غالب اور ذوق کے ہم عصر، متوفی ۱۸۵۱ء۔

مِیر ۔ میر تقی میر اردو کے مسلم الثبوت غزل گو شاعر، تذکرہ نگار بھی تھے، ان کے متعدد دیوان

یادگار ہیں ۱۸۱۰ء میں وفات
پائی۔
میر حسن ۔ اردو کے ممتاز ترین
مثنوی نگار، ان کی سحر البیان
نہایت مشہور مثنوی ہے متوفی
۱۷۸۶ء۔
میر سوز ۔ اردو کے مشہور شاعر
غزل گوئی میں ممتاز، متوفی
۱۷۹۸ء۔
میر ضمیر ۔ مظفر حسین ضمیر لکھنؤ کے
ممتاز مرثیہ گو شاعر، مرزا دبیر
کے استاد تھے۔
میر مونس ۔ میر انیس کے چھوٹے
بھائی، مرثیہ گوئی میں ماہر تھے۔
متوفی ۱۲۹۲ھ۔
مینڈو خان ۔ اودھ کی
فوج میں رسالدار تھے، لکھنؤ
میں ان کی بنوائی خوب صورت
سرائے مشہور تھی، جو اب مسمار
ہو چکی ہے۔
نادر شاہ ۔ نادر قلی نام تھا،
دلی کا قتل عام اسی کے ہاتھوں
ہوا، مسلسل اور پیہم فتوحات
نے اس کے مزاج میں ظلم و تکبر
کو جگہ دی اور اسی ظلم و تکبر سے
نادری دربار کے اراکین بددل
ہوئے اور اس کے خلاف
سازش کر کے اسے ۱۰ مئی ۱۷۴۷ء
کو قتل کر دیا، نادری حکومت
۲۰ سال رہی۔
ناسخ ۔ شیخ امام بخش نام، باکمال
اردو شاعر جنہوں نے زبان کی
اصلاح کے لیے مفید کام کیا
۱۸۳۸ء میں لکھنؤ میں وفات
پائی۔
نپولین ۔ نپولین بوناپارٹ مشہور
جنرل، فرانس کا حکمران، متوفی
۱۸۲۱ء۔
نسیم ۔ دیا شنکر نسیم، شاگرد
آتش، نہایت خوش گو شاعر اور
ٹکسالی زبان کے ماہر، مصنف
مثنوی گلزار نسیم متوفی ۱۸۴۴ء۔
نصیر الدین حیدر ۔ اودھ
کے دوسرے حکمران متوفی
۱۸۲۲ء۔
نظامی گنجوی ۔ نظام الدین
نام نظامی تخلص شہر گنجہ کے
رہنے والے تھے، فارسی شاعری
کے مسلم الثبوت استاد مانے
جاتے ہیں، ان کی کتاب سکندر
نامہ بہت مشہور و مقبول
ہے خمسۂ نظامی یعنی پانچ کتابوں
کا مجموعہ فارسی میں بہت وقعت
کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے،
متوفی ۱۱۹۹ء۔
نگیسا (نکیسا) ۔ خسرو پرویز
کا مشہور درباری گویا۔
نل دمن ۔ طالب و مطلوب

راجا نل جس نے چوسر ایجاد کی دمن کا عاشق تھا۔

نمرود ۔ عراق کا ایک ظالم حکمران جو خدائی کا دعویٰ کرتا تھا، اسی نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈلوایا تھا مگر وہ محفوظ رہے تھے۔

نوبت رائے نظر ۔ ممتاز صحافی، خوش گو شاعر، "خدنگ نظر" کے اڈیٹر، لکھنؤ کے ایک معزز کایستھ خاندان کے فرد تھے، نولکشور پریس سے بھی وابستہ رہے انتقال ۱۹۲۲ء میں کیا۔

نواب مرزا شوق ۔ حکیم تصدق حسین خاں عرف مرزا شوق مصنف مثنویات زہرِ عشق، بہارِ عشق، فریبِ عشق۔

نورجہاں ۔ بادشاہ جہانگیر کی ملکہ متوفیہ ۱۰۵۵ھ ۔ نورجہاں اپنے حسن ذوق و جمال کے لیے مشہور ہے اصلی نام مہرالنساء تھا اور پھر نور محل ہو کے نورجہاں ہوگیا۔

نوشابہ ۔ ایک ملکہ کا نام جس کے پاس سکندر ایلچی بن کر گیا تھا۔

نیوٹن ۔ سر آئزک نیوٹن کشش ثقل کا قانون دریافت کرنے والا متوفی ۱۷۲۶ء۔

وامق ۔ عذرا کے مشہور عاشق کا نام جس کے عشق کی پُر زور مثنوی عنصری اور فصیحی نے لکھی۔

وزیر ۔ خواجہ وزیر علی، شاگرد ناسخ، لکھنؤ کے خوش گو شاعر تھے متوفی ۱۸۵۲ء۔

وطواط ۔ رشید الدین وطواط، ایرانی شاعر متوفی ۱۱۸۳ء۔

ہابیل ۔ حضرت آدم کے فرزند جو قابیل کے ہاتھوں قتل ہوئے۔

ہاروت ۔ ایک فرشتے کا نام جو انسانی شکل میں اپنے دوسرے ساتھی ماروت کے ساتھ خدا کے حکم سے دنیا میں آزمائش کے لیے آئے تھے کہ دنیا کی رنگینی کس طرح انسان کو گمراہ کرتی ہے مگر وہ خود گناہ کے مرتکب ہوئے اور سزا ملی۔

ہلاکو ۔ ہلاکو قاآن بھی کہلاتا ہے، اس نے لاکھوں انسانوں کو تہ تیغ کیا، بغداد کا کتب خانہ جلا دیا اور مسجدوں کی بے حرمتی کی، یہی تاتاری خاندان آگے چل کر مشرف بہ اسلام ہوتا ہے اور اسلام کا پاسبان بنتا ہے۔ متوفی ۱۲۸۵ء۔

ہیم رَاج - ایک مشہور ہندوستانی پہلوان کا نام۔

یاقُوت رَقَم خَان - ایک مشہور خوش نویس، ایک ماہر خطاط کا لقب۔

یَزِید - یزید حضرت امیر معاویہ کا لڑکا اور بنی امیہ کا دوسرا خلیفہ تھا۔ اس کی بیعت کے سلسلے میں صحابۂ کبار میں شدید اختلاف تھا اور بعض صحابہ اس کو خلافت کا اہل نہیں سمجھتے تھے بالآخر یزید تخت نشین ہوگیا' کربلا کا سانحۂ جاں گداز اسی کے زمانے میں ہوا۔ یزید اپنی علمی قابلیت اور عربی ادب میں دستگاہ رکھنے کی وجہ سے خاصی شہرت رکھتا ہے۔

متوفی ۶۸۳ء۔

یَعْقُوبؑ - حضرت یعقوب علیہ السّلام مشہور اسرائیلی پیغمبر زمانہ تخمیناً ۲۰۰۰ تا ۱۸۵۳ ق،م عمر حسب روایت توریت ۱۴۷ سال کی پائی۔

یُوسُفؑ - حضرت یوسف علیہ السّلام، حضرت یعقوبؑ کے صاحب زادے، حسن و جمال میں شہرہ آفاق؛ عمر بہ قول اغلب از ۱۹۱۰ تا ۱۸۰۰ ق،م۔

یُونسؑ - حضرت یونس علیہ السّلام ایک یہودی پیغمبر جنھیں بابل جاکر لوگوں کو نصیحت کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ آپ کا زمانہ تخمینی طور پر آٹھویں صدی قبل مسیح کے وسط کا سمجھا جاتا ہے۔

لکھنؤ کی عمارات اور محلّے

(جن کا ذکر فسانۂ آزاد میں آیا ہے)

اِمَام بَاڑَا آصَفی - یہ عظیم الشان عمارات قحط سالی کے زمانے میں نواب آصف الدولہ نے تعمیر کرائی تھی، اس کا وسیع ہال چھوٹی اینٹوں اور چُونے کی ڈاٹ پر قائم ہے جس میں کوئی ستون نہیں ہے، اس کی تعمیر ۱۷۸۴ء میں کفایت اللہ نامی ماہر معمار کی نگرانی میں ہوئی، نقشہ بھی اسی کا بنایا ہوا تھا، اس میں لکڑی کا استعمال بالکل نہیں کیا گیا ہے اس کی تعمیر پر ایک خطیر رقم ۲۲ لاکھ کی صرف ہوئی، اس کی چھت پر ایسے پرپیچ حجرہ نما در بنائے گئے ہیں کہ اس میں داخل ہونے والا کچھ دُور جانے کے بعد راستہ بھول جاتا ہے اور بہت مشکل کے بعد راستہ تلاش کرنے میں کامیاب ہوتا ہے یوں اس کی واپسی ایک معمّا بن جاتی ہے، اسی لیے بھول بُھلیاں کے نام سے مشہور ہے۔

اَمِین آبَاد - یہ محلہ اور بازار امجد علی شاہ کے زمانے میں ان کے وزیر امین الدولہ نے آباد کیا تھا، اس بازار کے وسط میں دو بازار ہیں ایک کا نام امین الدولہ اور دوسرے کا امین آباد پارک ہے۔

بَادْشَاہ بَاغ - یہ باغ بادشاہ

نصیر الدین حیدر نے دریائے گومتی کے کنارے محلہ حسن گنج میں تعمیر کرایا تھا، یہ کام راجا بختاور سنگھ کی نگرانی میں مکمل ہوا تھا اس پر ۳۵ لاکھ روپیہ صرف ہوا۔ باغ کے وسط میں سنگِ مرمر کی خوبصورت بارہ دری تھی جس میں سنگ مرمر کے خوشنما ستون تھے۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگاموں کے بعد والئی کپور تھلہ نے یہ باغ خرید لیا تھا ۱۹۰۵ء میں والئی کپور تھلہ نے کیننگ کالج کی عمارت کے لیے بطور عطیہ دے دیا تھا۔ اب یہاں لکھنؤ یونیورسٹی کی عمارات ہیں۔

بیلی گارڈ ۔ یہ لکھنؤ کی ریزیڈنسی کا دوسرا نام ہے، یہ شان دار عمارت نواب سعادت علی خان نے ۱۸۰۰ء میں انگریز ریزیڈنٹ کے لیے تعمیر کرائی تھی تحریک جنگ آزادی ۱۸۵۷ء میں انگریزوں نے اس کے قرب وجوار کی عمارتوں کو ملا کر قلعہ بندی کر لی تھی، یہاں مجاہدین تحریکِ آزادی اور انگریزی فوجوں میں گھمسان کا رن پڑا تھا، اس کا صدر دروازہ بیلی گارد کے نام سے مشہور تھا کیوں کہ اس کی حفاظت کرنل بیلی کے سپرد تھی، اب پوری عمارت اسی نام سے مشہور ہے۔

تارا والی کوٹھی ۔ یہ عمارت نصیر الدین حیدر نے اپنے دربار کے انگریز نجومی کے مشورہ پر تعمیر کرائی تھی، اس کو رصدگاہ کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا، نجوم سے متعلق بہت سے آلات اس میں نصب تھے اور ایک قیمتی دوربین بھی لگائی گئی تھی، ۱۸۵۰ء تک یہ کوٹھی ٹھیک حالت میں تھی اس کے بعد مسمار ہو گئی۔

تالاب ٹکیت رائے ۔ یہ تالاب راجا ٹکیت رائے وزیر مقدمات دیوانی نے آصف الدولہ کے عہد میں تعمیر کرایا تھا، آٹھوں کا مشہور میلہ اس تالاب کے کنارے ہوتا ہے، اسی نام سے اس نے ایک محلہ بھی بسایا تھا جو اب بھی موجود ہے۔

تحسین کی مسجد ۔ یہ بڑی اور خوب صورت مسجد محلہ چوک

میں اکبری دروازے کے قریب واقع ہے اور شیعہ فرقے کے لیے مخصوص ہے، اس کا بانی تحسین علی خان تھا۔

چَوکھی ۔ اس نام سے عظیم اللہ خان حجام نے ایک وسیع اور خوب صورت عمارت بنوائی تھی، اس کے مکمّل ہونے کے بعد واجد علی شاہ اودھ کے آخری حکمران نے چار لاکھ روپیہ دے کر خرید لی، اس وقت سے چوکھی کے نام سے مشہور ہوئی، اس میں بادشاہ کی بیگمات رہتی تھیں، اب اس عمارت کا زیادہ حصّہ مسمار ہو چکا ہے اور نئی عمارات وجود میں آچکی ہیں۔

چھتر منزل ۔ یہ مشہور عمارت نصیر الدین حیدر نے اپنی بیگمات کے لیے تعمیر کرائی تھی، اسی کے متصل فرح بخش کے نام سے جنرل مارٹن نے ایک کوٹھی خریدی تھی جس کے اوپر طلائی چتر لگا تھا، یہ عمارت دریا گومتی کے کنارے واقع ہے اور اب بھی اچھی حالت میں ہے، اب اس میں حکومت ہند کا ڈرگ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ہے۔

اَکبَری دَرْوَازَہ ۔ یہ بلند اور شان دار دروازہ بادشاہ اکبر کے عہد میں تعمیر ہوا تھا، یہ لکھنؤ کے چوک بازار کے شمالی سمت آخری سرے پر واقع ہے۔

بھُولَا نَاتھ کا کُنْوَاں ۔ نواب وزیر سعادت علی خان کے عہد میں بھولا ناتھ راجا بخشی کے عہدہ پر فائز تھا، اس کا شمار اودھ کے معززین میں تھا، آصف الدولہ اس کے گھر جایا کرتے تھے، اس نے یہ بڑا کنواں رفاہ عام کے لیے بنوایا تھا جو اب تک موجود ہے۔

تَال کٹُورَا ۔ لکھنؤ میں تعزیے دفن کرنے کا مقام جو وہاں کا ایک محلہ ہے۔

حَضْرَت گَنْج ۔ یہ محلہ امجد علی علی شاہ نے تعمیر کرایا تھا، اس کے قریب ایک امام باڑا بھی بنوایا تھا، اسی میں وہ مدفون ہیں، یہ محلہ اور اس کے قرب وجوار کا علاقہ اب لکھنؤ کا سب سے زیادہ خوب صورت اور بارونق بازار ہے، یہاں بڑی بڑی عالی شان نئے طرز کی عمارتیں بن گئی ہیں اسی کے

قریب مبارک منزل تھی جس میں نول کشور پریس قائم تھا۔

حُسَینؔ آبَادؔ کَا اِمَام بَاڑا۔ یہ خوب صورت امام باڑا، محلہ حسین آباد میں امجد علی شاہؒ نے تعمیر کرایا تھا، یہ آصف الدولہ کے امام باڑے سے تھوڑے فاصلے پر واقع ہے اور اس سے متصل ایک خوب صورت مسجد بھی ہے۔

دَارُالشِّفَا۔ یہ شاہی اسپتال نصیر الدین حیدر نے بنوایا تھا اس کی شان دار عمارت حضرت گنج کے قریب واقع تھی اس میں عوام کے علاج کا معقول انتظام تھا۔

دَرگَاہ حَضرت عَبَّاسؔ۔ یہ لکھنؤ میں شیعہ فرقے کی بہت مشہور عبادت گاہ ہے جس کا ذکر نواب مرزا شوق نے اپنی مثنویات میں بھی کیا ہے اس درگاہ کا بانی مرزا قیصر بیگ تھا۔ کہا جاتا ہے کہ حضرت عباس کا اصلی علم کوئی بزرگ ملک شام سے لکھنؤ لائے تھے اور اس کو ایک مقام پر زمین میں دفن کر دیا تھا، وہاں ایک غریب آدمی اقامت گزیں ہوا، اس نے خواب میں دیکھا کہ یہاں حضرت عباس کا عَلَم دفن ہے، اس نے کھود کر نکال لیا، مرزا قیصر بیگ نے یہ عَلَم محلہ رستم نگر کے ایک مقام پر نصب کر دیا جب اس کی شہرت ہوئی تو لوگ جوق درجوق زیارت کے لیے آنے لگے، نواب سعادت علی خان نے اس پر طلائی گنبد تعمیر کرادیا، غازی الدین حیدر کے عہد میں نقارہ بجانے کا انتظام ہوا اور عمارت کو وسعت دی گئی اب لوگ یہاں عَلَم لاکر چڑھانے لگے جس کا سلسلہ اب تک جاری ہے، ہر نوچندی جمعرات کو یہاں زائرین کا ہجوم ہوتا ہے، لوگ حصول مقاصد کے لیے منتیں مانگتے ہیں۔

دِل کُشَا بَاغ۔ نواب سعادت علی خان نے شہر سے متصل ایک شکارگاہ بنوائی تھی جس میں ہر قسم کے جانور چھوڑے گئے تھے اور بالکل اصلی جنگل کا ماحول تھا اسی شکارگاہ کے قریب ایک محل اور باغ تعمیر کرایا تھا جو اب بھی موجود ہے۔

رُومی دَروَازَہ۔ یہ نہایت بلند اور خوب صورت دروازہ

امام باڑا آصف الدولہ کے قریب نواب مذکور نے تعمیر کرایا تھا، اس کو ماہر معمار کفایت اللہ نے اپنے بنائے ہوئے نقشے کے مطابق بنوایا تھا۔ یہ اب بھی اچھی حالت میں موجود ہے۔

سرائے مینڈو خان - امجد علی شاہ کے عہد میں شاہی فوج کے رسال دار مینڈو خان نے تعمیر کرائی تھی، اب مسمار ہو چکی ہے - یہ حضرت گنج سے قریب دار الشفا کے متصل واقع تھی۔

سکندر باغ - یہ خوب صورت اور کشادہ باغ واجد علی شاہ نے اپنی بیگم سکندر محل کے لیے تعمیر کرایا تھا اسی سے متصل وہ مقام تھا جس کو قدم رسولؐ کہا جاتا ہے۔ سکندر باغ کو ۱۸۵۷ء کے ہنگاموں میں نقصان پہنچا مگر زیادہ حصہ محفوظ رہا اور یہ باغ اب تک موجود ہے اور اب حکومت ہند نے اس کو بوٹانیکل گارڈن قرار دے کر اپنی نگرانی میں لے لیا ہے۔

سوداگر کا امام باڑا - یہ مشہور امام باڑا میر باقر نامی تاجر جواہرات نے تعمیر کرایا تھا، غازی الدین حیدر کے زمانے میں۔ اب تک اچھی حالت میں موجود ہے۔

شاہ نجف - اودھ کے بادشاہ غازی الدین حیدر نے دریا گومتی کے کنارے یہ مقبرہ تعمیر کرایا تھا تاکہ مرنے کے بعد اسی میں دفن کیے جائیں، یہ عمارت حضرت علی کے مزار مبارک واقع نجف اشرف (عراق) کی نقل ہے ۱۸۲۷ء میں تعمیر ہوئی تھی، بادشاہ مذکور اسی مقبرہ میں دفن کیے گئے یہ لکھنؤ کی خوب صورت عمارتوں میں شمار ہوتی ہے۔

قدم رسولؐ - غازی الدین حیدر نے ایک بہت بلند چبوترہ تعمیر کرایا تھا اور اس پر ایک حاجی کا لایا ہوا وہ متبرک پتھر نصب کرایا جس پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدم مبارک کا نشان بتایا جاتا تھا، اب یہ مقام ختم ہو چکا ہے، یہ سکندر باغ کے قریب واقع تھا۔

قیصر باغ - یہ عظیم الشان وسیع عمارت اودھ کے آخری تاج دار واجد علی شاہ نے تعمیر کرائی تھی، اس کی تعمیر پر اسی لاکھ روپیہ صرف ہوا تھا، اس میں بادشاہ کی بیگمات رہتی تھیں، ۱۸۵۷ء

کے ہنگامے میں اس کو بہت نقصان پہنچا تاہم اب بھی یہ عمارت معمولی تغیرات کے ساتھ موجود ہے۔

کاظمین ۔ یہ خوب صورت عمارت حضرت موسیٰ کاظم رضا کے مقبرہ کی نقل ہے جس کو ایک ہندو نے تعمیر کرایا تھا جس نے بعد میں اسلام قبول کرلیا تھا، یہ امجد علی شاہ کے عہد حکومت میں تعمیر ہوا، اس کے گنبد پر سونے کے پتر چڑھائے گئے تھے۔

کربلا دیانت الدولہ ۔ یہ بہت خوب صورت عمارت حضرت امام حسین کے مقبرے کے طرز پر نواب دیانت الدولہ نے تعمیر کرائی تھی اور اب تک اچھی حالت میں موجود ہے۔

کمپنی باغ ۔ انگریزوں نے ۱۸۵۷ء کے بعد اپنا تسلط قائم کر کے گول دروازہ اور امام باڑا حسین آباد کے درمیان میں واقع گھنی آبادی کو ختم کر کے اس وسیع رقبے میں ایک باغ اور تفریح گاہ بنوائی اس کا نام ایسٹ انڈیا کمپنی کے نام پر رکھا اس میں مختلف اوقات میں تعمیرات کا سلسلہ جاری رہا، اب اس کے کچھ حصے پر عمارتیں بن گئی ہیں اور نئے طرز کا پارک بھی وجود میں آگیا ہے۔

کوٹھی روشن الدولہ ۔ یہ عالی شان عمارت نواب غازی الدین حیدر کے زمانے میں نواب روشن الدولہ نے تعمیر کرائی تھی اس عمارت میں دو مسجدیں ہیں ایک قبلہ رُخ اور دوسری اس کے برعکس محض عمارت کی خوب صورتی بڑھانے کے لیے بنائی گئی تھی، یہ عمارت اب تک موجود ہے اور اس میں سرکاری دفاتر ہیں۔

مارٹن کی کوٹھی ۔ یہ ایک انگریز جنرل مارٹن نے تعمیر کرائی تھی جو نواب آصف الدولہ کے عہد میں مکمل ہوئی، مارٹن کی وفات کے بعد اس کو اسی میں دفن کیا گیا تھا۔ ۱۸۵۷ء میں مجاہدین آزادی نے اس کی قبر کھود ڈالی تھی اب اس عمارت میں کالج ہے جو انگریزوں نے اپنے بچوں اور ہندوستانی رئیسوں کے بچوں کی تعلیم کے لیے قائم کیا تھا۔

مشک گنج ۔ شہر لکھنؤ کے مرکزی حصے میں ایک محلہ کا نام ہے، جہاں نوابی عہد میں سقّے زیادہ آباد تھے۔

ملکۂ زمانیہ کا امام باڑا۔

یہ وسیع اور شاندار امام باڑا ملکہ زمانیہ نے تعمیر کرایا تھا جو محلہ گولا گنج میں واقع ہے اور اب اس کا بیشتر حصہ مسمار ہو چکا ہے اس سے متصل ایک مسجد بھی تھی جو خستہ حالت میں موجود ہے۔

موتی محل - یہ مشہور اور خوب صورت عمارت دریا گومتی کے عین ساحل پر نواب سعادت علی خان نے تعمیر کرائی تھی، اس کے قریب جو پل ہے وہ اس کی نسبت سے موتی محل کا پل کہلاتا ہے، غازی الدین حیدر بادشاہ کی زندگی کے آخری لمحات اسی عمارت میں گزرے، اب یہاں لائبریری اور حکومت کے چند دفاتر ہیں۔

وزیر باغ - یہ باغ لکھنؤ کے مغربی حصے میں وزیر اودھ نواب آغا میر نے تیار کرایا تھا، جب اس کی وزارت کا دور ختم ہوا تو نواب وزیر نے یہ اپنی ملکہ کو بخش دیا، اس باغ کی کمرکھ بہت مشہور تھی، یہ باغ اور اس سے ملحق آبادی اسی نام سے مشہور ہے، باغ اپنی اصلی حالت میں نہیں رہا کچھ متفرق درخت بطور یادگار اب بھی باقی ہیں۔

تمت بالخیر

ضمیمہ

(وہ الفاظ و محاورات جو متن میں شامل ہونے سے رہ گئے)

اَپنے کان پکڑنا۔ توبہ کرنا؛ کسی امر سے باز رہنے کا تہیّہ کرنا۔

بَرسرِ غلط۔ غلطی پر ہونا۔

بھڑ بھڑانا۔ کسی وجہ سے غل اور ہنگامہ ہونا۔

پاؤں میں چکّی باندھ کر ہرن کودا۔ ایسی بات کہنا جو مہمل اور ناقابلِ اعتبار ہو۔

خُوشامَد خورا۔ بہت زیادہ خوشامدی؛ چاپلوسی کرنے والا۔

ڈِگّا۔ دبلا اور لمبی ٹانگوں والا؛ وہ گھوڑا جو لمبے لمبے قدم بھرے۔

ڈورا ڈالنا۔ (محاورہ) ۱۔ محبت میں پھنسانا؛ رجھانا؛ دام محبت میں پھنسانا؛ مائل کرنا۔ ۲۔ دھاگا پرونا۔

سَر گھڑی کا کھٹکا بنا ہوا ہے۔ بوڑھی عورتوں کے سر ہلنے کی پھبتی۔

شِپّا لڑانا / لگانا۔ (محاورہ) ٹپس جمانا؛ مقصد برآری کا ڈھنگ ڈالنا؛ ڈھب لگانا۔

کَریا اَچھَر بھینس برابر۔ (کہاوت)۔ اَن پڑھ، بے تمیز اور جاہل آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔

کوئی پاؤں سے آتا ہے وہ سر کے بھل آئے۔ عجز و انکسار کے اظہار کے لیے بولتے ہیں۔

گُجراتی الاچی۔ عمدہ قسم کی چھوٹی الاچی۔

نور کے تڑکے۔ بہت سویرے؛ علی الصباح

یہ مُنہ اور مَلیدہ۔ ایسی خواہش یا آرزو جو کسی کی حیثیت سے بالا ہو۔